


وهو حسبی ونعم الوکیل ونعم المولی ونعم النصیر

کتاب مستطاب

مشکوة المصابیح مع ترجمه هندی

مع تحشیه

ومشارق الانوار شرح آن بز[illegible]

بصحت تمام

در مطبع اسلامیه محمدیه بقالب طبع در آمد

۱۲۷۳

صفحہ

فہرست مشکوٰۃ المصابیح مع ترجمہ ہندی

مشکوۃ شریف

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا من يهده الله فلا

سب تعریف اللہ کو ہی ہم حمد کرتے ہیں اسکی اور مدد چاہتے ہیں ہم اس سے اور معافی چاہتے ہیں اس سے اور پناہ ڈھونڈتے ہیں اللہ کے پاس برائیوں سے اپنے نفسوں کی اور برائیوں سے اپنے عملوں کی جسکو ہدایت کرے اللہ پھر کوئی نہیں

مضل له ومن يضلله فلا هادي له واشهد ان لا اله الا الله شهادة تكون للنجاة وسيلة ولرفع الدرجات كفيلة

بہکانے والا اسکو اور جسکو بہکاتا ہے وہ پھر کوئی نہیں راہ بتانے والا اسکو اور گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ ایسی گواہی کہ وہ نجات کے لئے وسیلہ اور مرتبوں کی بلندی کے واسطے ضامن

واشهد ان محمدا عبده ورسوله الذي بعثه وطرق الايمان قد عفت اثارها وخبت انوارها ووهنت اركانها وجهل

اور گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق محمد بندے اسکے اور رسول اسکے ہیں ایسے کہ بھیجا انکو اس حالت میں کہ راہیں ایمان کی مٹ گئی تھیں نشانیاں انکی اور بجھ گئی تھیں روشنیاں انکی اور سست ہو گئے تھے رکن انکے اور

مكانها فشيد صلوات الله وسلامه عليه من معالمها ما عفى وشفى من العليل في تائيد كلمة التوحيد من كان

مکان انکے پھر خوب مضبوط کیا حضرت نے رحمت اللہ کی اور سلام اسکا ان پر نشان انکے جو مٹ گئے تھے اور صحت دی بیمار کو قوت دینے میں کلمہ توحید کے جو تھا ہلاکت کے

على شفا واوضح سبيل الهداية لمن اراد ان يسلكها واظهر كنوز السعادة لمن قصد ان يملكها اما بعد فان التمسك

کنارے پر اور روشن کی ہدایت کی راہ اسکے لئے جس نے ارادہ کیا کہ اس پر چلے اور ظاہر کئے گنج نیک بختی کے اسکے لئے جسنے قصد کیا کہ اسکا مالک ہو بعد حمد و نعت کے تحقیق اعتماد کرنا

بهديه لا يستتب الا بالاقتفاء لما صدر من مشكوته والاعتصام بحبل الله لا يتم الا ببيان كشفه وكان كتاب

بطریق کے طریق پر درست نہیں ہوتا مگر پیروی کرنے سے اس چیز کے جو نکلا حضرت کے سینے سے اور چنگل مارنا رسی میں اللہ کی فی تمام نہیں ہوتا مگر ساتھ بیان کرنے حضرت کے اور تھی کتاب

المصابيح الذي صنفه الامام محيي السنة قامع البدعة ابو محمد الحسين بن مسعود الفراء البغوي رفع الله درجته

مصابیح جسکو تصنیف کیا امام محی السنہ نے دور کرنے والے بدعت کے کنیت ابو محمد نام حسین بیٹے مسعود کے پوستین بیچنے والے رہنے والے بغشور کے بلند کرے اللہ درجہ انکا

اجمع كتاب صنف في بابه واضبط لشوارد الاحاديث واوابدها ولما سلك رضي الله عنه طريق الاختصار وحذف

جامع تر کل کتابوں کی تصنیف ہوئی حدیث کے باب میں اور خوب اکٹھی کرنے والی منتشر اور متفرق حدیثوں کی اور جب اختیار کی رضی اللہ عنہ نے اختصار کی راہ اور چھوڑ دین

الاسانيد تكلم فيه بعض النقاد وان كان نقله وانه من الثقات كالاسناد لكن ليس ما فيه اعلام كالاغفال فاستخرت الله تعالى

سندیں گفتگو کی اس میں بعضے جانچنے والوں نے اگرچہ نقل کرنا شیخ کا کہ وہ معتبر عالموں میں ہیں مانند سند کے ہی لیکن نہیں ہی وہ راہ جسمیں نشانے ہیں مانند بے نشانے کے پھر نیکی چاہی میں نے اللہ تعالی

واستوفقت منه فاعلمت ما اغفله كما رواه الائمة المتقنون والثقات الراسخون مثل ابي عبد الله محمد بن اسمعيل البخاري وابي

اور مدد چاہی اس سے پھر نشان کر دیا میں نے جسے بے نشان کیا تھا انہوں نے جس طرح روایا کیا ہے پختہ امام اور عالمین اعتماد والے مضبوطوں نے مانند ابو عبد اللہ محمد بیٹے اسمعیل بخاری کے اور ابو

الحسين مسلم بن الحجاج القشيري وابي عبد الله مالك بن انس الاصبحي وابي عبد الله محمد بن ادريس الشافعي وابي عبد الله احمد بن

حسین مسلم بیٹے حجاج قشیری کے اور ابو عبد اللہ مالک بیٹے انس اصبحی کے اور ابو عبد اللہ محمد بیٹے ادریس شافعی کے اور ابو عبد اللہ احمد بیٹے

مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ الشَّيْبَانِيِّ وَأَبِي عِيسَى مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى التِّرْمِذِيِّ وَأَبِي دَاوُدَ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَشْعَثِ السِّجِسْتَانِيِّ وَأَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَحْمَدَ بْنِ شُعَيْبٍ

حنبل شیبانی کے اور ابو عیسی محمد بیٹے عیسے ترمذی کے اور ابو داؤد سلیمان بیٹے اشعث سجستانی کے اور ابو عبد الرحمن احمد بیٹے شعیب

النَّسَائِيِّ وَأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مَاجَهْ الْقَزْوِينِيِّ وَأَبِي مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيِّ وَأَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ الدَّارَ

نسائی کے اور ابو عبد اللہ محمد بیٹے یزید ابن ماجہ قزوینی کے اور ابو محمد عبد اللہ بیٹے عبد الرحمن دارمی کے اور ابو الحسن علی بیٹے عمر دار

قُطْنِيِّ وَأَبِي بَكْرٍ أَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ الْبَيْهَقِيِّ وَأَبِي الْحَسَنِ رَزِينِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعَبْدَرِيِّ وَغَيْرِهِمْ وَقَلِيلٌ مَا هُوَ وَإِنِّي إِذَا نَسَبْتُ الْحَدِيثَ

قطنی کے اور ابو بکر احمد بیٹے حسین بیہقی کے اور ابو الحسن رزین بیٹے معاویہ عبدری کے اور سوائے اُن کے اور تھوڑے ہیں وے اور تحقیق جب نسبت دی میں نے حدیث

إِلَيْهِمْ كَأَنِّي أَسْنَدْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَنَّهُمْ قَدْ فَرَغُوا مِنْهُ وَأَغْنَوْنَا عَنْهُ وَسَرَدْتُ الْكُتُبَ وَالْأَبْوَابَ كَمَا سَرَدَهَا

اُنکی طرف گویا کہ سند پہنچا دی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک کیونکہ انہوں نے فراغت پائی سند سے اور بے پروا کر دیا ہمکو اُس سے اور بیان کیا میں نے کتابوں کو اور بابوں کو جیسا بیان کیا اُنہوں نے اُن کو

وَاقْتَفَيْتُ أَثَرَهُ فِيهَا وَقَسَّمْتُ كُلَّ بَابٍ غَالِبًا عَلَى فُصُولٍ ثَلَاثَةٍ أَوَّلُهَا مَا أَخْرَجَهُ الشَّيْخَانِ أَوْ أَحَدُهُمَا وَاكْتَفَيْتُ بِهِمَا وَإِنِ اشْتَرَكَ فِيهِ

اور پیروی کی میں نے اُن کے قدم کی اُن میں اور تقسیم کیا میں نے ہر باب کو اکثر تین فصلوں پر پہلی وہ ہے جسکو نکالا دو شیخ نے یا ایک نے اُن میں سے اور کفایت کیا میں نے اُن پر اگرچہ شریک ہے اُس میں

الْغَيْرُ لِعُلُوِّ دَرَجَتِهِمَا فِي الرِّوَايَةِ وَثَانِيهَا مَا أَوْرَدَهُ غَيْرُهُمَا مِنَ الْأَئِمَّةِ الْمَذْكُورِينَ وَثَالِثُهَا مَا اشْتَمَلَ عَلَى مَعْنَى الْبَابِ مِنْ مُلْحَقَاتٍ مُنَاسِبَةٍ

دوسرا اُن کے درجے کی بڑائی کے سبب سے بیچ روایت کے اور دوسری فصل وہ کہ روایت کی اُسکو اُن کے سوا دوسرے اماموں نے جنکا ذکر پہلے آچکا اور تیسری فصل وہ کہ مشتمل ہے باب کے معنے پر ملحقات مناسبہ سے

مَعَ مُحَافَظَةٍ عَلَى الشَّرِيطَةِ وَإِنْ كَانَ مَأْثُورًا عَنِ السَّلَفِ وَالْخَلَفِ ثُمَّ إِنَّكَ إِنْ فَقَدْتَ حَدِيثًا فِي بَابٍ فَذٰلِكَ عَنْ تَكْرِيرٍ أُسْقِطُهُ

ساتھ نگاہ رکھنے شرط کے وے اگرچہ منقول ہو اگلوں اور پچھلوں سے پھر تحقیق اگر نہ پاوے تو کوئی حدیث ایک باب میں تو یہہ تکرار کے سبب ہوگا کہ میں نے چھوڑا

وَإِنْ وَجَدْتَ آخَرَ بَعْضُهُ مَتْرُوكًا عَلَى اخْتِصَارِهِ أَوْ مَضْمُومًا إِلَيْهِ تَمَامُهُ فَعَنْ دَاعِي اهْتِمَامٍ أَتْرُكُهُ وَأُلْحِقُهُ وَإِنْ عَثَرْتَ عَلَى اخْتِلَافٍ

اور اگر پاوے تو دوسری حدیث کہ تھوڑا اُسکا چھوڑا ہوا ہی مختصر کرنے کے لئے یا ملایا ہے اسکی طرف اُسکے باقی کو سو اہتمام کے سبب چھوڑا ہے اُسکو اور ملایا اُسکو اور اگر مطلع ہو تو اختلاف

فِي الْفَصْلَيْنِ مِنْ ذِكْرِ غَيْرِ الشَّيْخَيْنِ فِي الْأَوَّلِ وَذِكْرِهِمَا فِي الثَّانِي فَاعْلَمْ أَنِّي بَعْدَ تَتَبُّعِي كِتَابَيِ الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّحِيحَيْنِ لِلْحُمَيْدِيِّ وَ

دو فصل کے درمیان ذکر کرنے سے سوائے شیخین کے اول میں اور ذکر کرنے سے اُن کے ثانی میں تو جان کہ یہہ بات ہے تلاش کرنے کے بعد ہے دو کتابوں میں جمع بین الصحیحین حمیدی اور

جَامِعِ الْأُصُولِ اعْتَمَدْتُ عَلَى صَحِيحَيِ الشَّيْخَيْنِ وَمَتْنَيْهِمَا وَإِنْ رَأَيْتَ اخْتِلَافًا فِي نَفْسِ الْحَدِيثِ فَذٰلِكَ مِنْ تَشَعُّبِ

جامع الاصول کے اعتماد کیا میں نے دونو شیخ کی صحیح کتابوں اور اُن کے متن پر اور اگر دیکھے تو اختلاف اصل حدیث میں تو وہ مختلف ہونے سے

طُرُقِ الْأَحَادِيثِ وَلَعَلِّي مَا اطَّلَعْتُ عَلَى تِلْكَ الرِّوَايَةِ الَّتِي سَلَكَهَا الشَّيْخُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَلِيلًا مَا تَجِدُ أَقُولُ مَا وَجَدْتُ هٰذِهِ

حدیث کی سندوں کے ہے اور شاید کہ میں خبردار نہوا اُس روایت پر جسے بیان کیا ہے شیخ نے راضی ہو اللہ اُس سے اور ایسا کم دیکھیگا تو یعنے کہ کہا ہو میں نے کہ نہیں پایا میں نے

الرِّوَايَةَ فِي كُتُبِ الْأُصُولِ أَوْ وَجَدْتُ خِلَافَهَا فِيهَا فَإِذَا وَقَفْتَ عَلَيْهِ فَانْسُبِ الْقُصُورَ إِلَيَّ لِقِلَّةِ الدِّرَايَةِ لَا إِلَى جَنَابِ

روایت اصول کی کتابوں میں یا پایا میں نے خلاف اسکا اس روایت میں پھر جب مطلع ہو تو اُس پر تو نسبت کر قصور کو میری طرف کم فہمی کے سبب نہ جناب

الشَّيْخِ رَفَعَ اللّٰهُ قَدْرَهُ فِي الدَّارَيْنِ حَاشَا لِلّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ إِذَا وَقَفَ عَلَى ذٰلِكَ نَبَّهَنَا عَلَيْهِ وَأَرْشَدَنَا طَرِيقَ الصَّوَابِ

شیخ کی طرف بلند کرے اللہ تعالی اُسکی قدر دونو جہان میں پاک ہے وہ اللہ کے سبب اس سے رحمت کرے اللہ اُس شخص پر کہ جب واقف ہو اسپر خبردار کرے مجھے اُسپر اور بتاوے مجھے راہ اچھی

وَلَمْ آلُ جُهْدًا فِي التَّنْقِيرِ وَالتَّفْتِيشِ بِقَدْرِ الْوُسْعِ وَالطَّاقَةِ وَنَقَلْتُ ذٰلِكَ الِاخْتِلَافَ كَمَا وَجَدْتُ وَمَا أَشَارَ إِلَيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور قصور کیا میں نے سعی کی رو سے تحقیق کرنے اور ڈھونڈھنے میں موافق مقدور اور طاقت کے اور نقل کیا میں نے یہہ اختلاف جیسا پایا میں نے اور جو چیز کہ اشارت کی اسکی طرف رضی اللہ عنہ نے

مِنْ غَرِیْبٍ وَضَعِیْفٍ وَغَیْرِهِمَا بَیَّنْتُ وَجْهَهٗ غَالِبًا وَمَا لَمْ یُشِرْ اِلَیْهِ مِمَّا فِی الْاُصُوْلِ فَقَدْ قَفَّیْتُهٗ فِیْ تَرْکِهٖ اِلَّا فِیْ مَوَاضِعَ لِغَرَضٍ وَرُبَّمَا تَجِدُ

غریب ہے یا ضعیف ہے یا سوا اُن کے۔ بیان کی مین نے وجہہ اسکی اکثر اور وہ چیز کہ اشارت نکی اسکی طرف انہون نے جو اصول میں ہے سو تحقیق پیروی کی مین نے شیخ کی اسکے چھوڑنے مین مگر کئی جگہہ واسطے مطلب کے اور کہین پائیگا تو

مَوَاضِعَ مُهْمَلَةً وَذٰلِكَ حَیْثُ لَمْ اَطَّلِعْ عَلٰی رَاوِیْهِ فَتَرَکْتُ الْبَیَاضَ فَاِنْ عَثَرْتَ عَلَیْهِ فَاَلْحِقْهُ بِهٖ اَحْسَنَ اللّٰهُ جَزَاءَكَ وَسَمَّیْتُ الْکِتَابَ

بعضا مقام راوی کے ذکر سے خالی اور یہہ وہان ہی کہ مین مطلع نہوا اُس راوی پر سو چھوڑی مین نے سفیدی پھر اگر مطلع ہو تو اُسپر تو ملا دے اُسے اُسکے ساتھ نیک بدلا دے اللہ تجھے۔ اور نام رکھا مین نے اس کتاب کا

بِمِشْکٰوۃِ الْمَصَابِیْحِ وَاَسْئَلُ اللّٰهَ التَّوْفِیْقَ وَالْاِعَانَةَ وَالْهِدَایَةَ وَالصِّیَانَةَ وَتَیْسِیْرَ مَا اَقْصِدُهٗ وَاَنْ یَّنْفَعَنِیْ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ

مشکوۃ المصابیح اور مانگتا ہون مین اللہ سے توفیق اور مدد اور ہدایت اور حفاظت اور آسان کرنا اسکا جسپر ارادہ کرتا ہون مین اور یہہ کہ فایدہ دے مجھے زندگی مین اور بعد مرنے کے

وَجَمِیْعَ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور سب مسلمان مردون اور مسلمان عورتون کو بس ہے مجھے اللہ اور وہ اچھا کارساز ہے اور نہین ہے پھرنا گناہون سے اور قوت عبادت کی مگر اللہ کے سبب سے کہ زبردست اور حکمت والا ہے روایت ہے عمر ابن خطاب سے راضی ہو اللہ ان سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوٰی فَمَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَی اللّٰهِ وَاِلٰی رَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمل نیتون ہی کے ساتھ ہوتے ہین اور مرد ہی پاتا ہے جو نیت کرے سو جسکا نکلنا گھر سے اللہ اور اسکے رسول کیطرف ہے سو نکلنا اُسکا

اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰی دُنْیَا یُصِیْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ یَّتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰی مَا هَاجَرَ اِلَیْهِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ کِتَابُ الْاِیْمَانِ

اللہ اور اسکے رسول کیطرف ہے اور جسکا نکلنا دنیا کیطرف ہے کہ پاوے وہ اسکو یا کسی عورت کے واسطے ہے کہ نکاح کرے اسے سو نکلنا اُسکا اسی کیطرف ہے جدھر وہ نکلا۔ ق ٭ کتاب ایمان کی

الفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ اِذْ طَلَعَ عَلَیْنَا

پہلی فصل۔ عمر ابن خطاب سے راضی ہو اللہ اُن سے کہا انھون نے اسوقت کہ ہم نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک دن کہ یکایک ظاہر ہوا ہمارے

رَجُلٌ شَدِیْدُ بَیَاضِ الثِّیَابِ شَدِیْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ لَا یُرٰی عَلَیْهِ اَثَرُ السَّفَرِ وَلَا یَعْرِفُهٗ مِنَّا اَحَدٌ حَتّٰی جَلَسَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

ایک شخص جسکے بہت سفید کپڑے سخت سیاہ بال دکھائی نہین دیتا تھا اُسپر نشان سفر کا اور نہ پہچانتا تھا اسکو ہم مین سے کوئی یہانتک کہ بیٹھا وہ نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

فَاَسْنَدَ رُکْبَتَیْهِ اِلٰی رُکْبَتَیْهِ وَوَضَعَ کَفَّیْهِ عَلٰی فَخِذَیْهِ وَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِسْلَامِ قَالَ الْاِسْلَامُ اَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

پھر لگا دئے اپنے زانوون کو حضرت کے زانوون سے اور رکھے اپنے ہاتھ اپنے زانوون پر یا حضرت کے زانوون پر اور کہا اے محمد بتلاؤ مجھکو اسلام کی حقیقت فرمایا اسلام یہی ہے کہ گواہی دے تو اسپر کہ نہین کوئی معبود حق مگر اللہ

وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَتُقِیْمَ الصَّلٰوۃَ وَتُؤْتِیَ الزَّکٰوۃَ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الْبَیْتَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا قَالَ صَدَقْتَ

اور محمد بھیجے اللہ کے ہین۔ اور ٹھیک پڑھے تو نماز اور دے زکوۃ اور روزے رکھے رمضان کے اور حج کرے اللہ کے گھر کا اگر مقدور ہو تجھکو راہ کا ف۔ کہا۔ سچ فرمایا تم نے

فَعَجِبْنَا لَهٗ یَسْئَلُهٗ وَیُصَدِّقُهٗ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِیْمَانِ قَالَ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ

پھر تعجب کیا ہمنے اُس سے کہ پوچھتا ہی حضرت کو اور مان لیتا ہی اُسے پوچھا اُسنے بتلاؤ مجھے ایمان کی حقیقت فرمایا یہہ کہ یقین کرے تو اللہ پر اور اُسکے فرشتون اور کتابون اور رسولون پر اور پچھلے دن پر اور یقین کرے تقدیر پر

خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِحْسَانِ قَالَ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ کَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ یَرَاكَ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ

بھلی اور برائی کے ساتھ ف۔ کہا سچ فرمایا تم نے۔ پوچھا بتلاؤ مجھکو احسان کی حقیقت فرمایا یہہ کہ بندگی کرے تو اللہ کی اسطرح کہ دیکھتا ہی تو اسے سو اگر ایسا نہین کہ تو دیکھتا ہی اسے تو وہ تو دیکھتا ہی

عَنِ السَّاعَةِ قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنْ اَمَارَاتِهَا قَالَ اَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ

قیامت کی فرمایا جس سے پوچھتے ہین وہ زیادہ جاننے والا نہین پوچھنے والے سے پوچھا بتلاؤ تم مجھے قیامت کی نشانیان فرمایا کہ جنیگی لونڈی

رَبَّتَهَا وَاَنْ تَرَی الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ یَتَطَاوَلُوْنَ فِی الْبُنْیَانِ ف قَالَ ثُمَّ انْطَلَقَ فَلَبِثْتُ

اپنے مالک کو ف۔ اور دیکھیگا تو ننگے پانون والون مفلسون بکری چرانے والون کو بڑائی کرتے آپس مین عمارت کے بنانے مین۔ کہا راوی نے پھر چلا گیا وہ اور ٹھہر رہا مین

ف یعنی ... سے جو اولاد ہوگی باپ کی نسبت کے سبب وہ اپنی ماں پر حکم مالک کا رکھیگا۔

مليا ثم قال لي يا عمر أتدري من السائل قلت الله ورسوله أعلم قال فإنه جبريل أتاكم يعلمكم
دیر تک پھر فرمایا مجھے اے عمر کیا جانتا ہے تو کون تھا یہہ سائل کہا میں نے اللہ و رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا وہ جبریل تھا آیا تمہارے پاس کہ سکھلاوے تمہیں

دينكم رواه مسلم ورواه أبو هريرة مع اختلاف وفيه وإذا رأيت الحفاة العراة الصم البكم ملوك
تمہارا دین روایت کی اسکو مسلم نے اور روایت کی اسے ابوہریرہ نے اختلاف کے ساتھ اور اسمیں یوں ہے اور جب دیکھے تو ننگے پاؤں والے ننگے بدن والے بہروں کو گونگوں کو مالک

الأرض في خمس لا يعلمهن إلا الله ثم قرأ إن الله عنده علم الساعة وينزل الغيث الآية متفق عليه وعن ابن
زمین کے (قیامت کا علم انہی) ان پانچ چیزوں میں کہ نہیں جانتا ان کو کوئی مگر اللہ پھر پڑھا بیشک اللہ اسکے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ آخر آیت تک * ق * اور ابن

عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بني الإسلام على خمس شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدا عبده ورسوله وإقام
عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنا کیا گیا اسلام پانچ چیزوں پر گواہی دینی اسکی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور محمد بندے اور بھیجے اسکے اور ٹھیک ادا کرنی

الصلوة وإيتاء الزكوة والحج وصوم رمضان متفق عليه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الإيمان
نماز اور دینی زکوٰۃ اور حج اور روزے رمضان کے * ق * اور ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایمان کی

بضع وسبعون شعبة فأفضلها قول لا إله إلا الله وأدناها إماطة الأذى عن الطريق والحياء شعبة من الإيمان متفق
ستر اور کئی شاخیں ہیں سو بہتر انکا کہنا کلمہ لا الہ الا اللہ کا اور ادنا انکا دور کرنی تکلیف کی چیز راہ سے اور شرم کرنا ایک شاخ ہے ایمان کی * ق

عليه وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده
* اور عبد اللہ عمرو کے بیٹے رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے وہ مسلمان ہے کہ سلامت رہیں مسلمان اسکی زبان اور ہاتھ سے

والمهاجر من هجر ما نهى الله عنه هذا لفظ البخاري ولمسلم قال إن رجلا سأل النبي صلى الله عليه وسلم أي المسلمين
اور مہاجر وہ ہے جسنے چھوڑی وہ چیز کہ منع کیا اس سے اللہ نے یہہ لفظ ہیں بخاری کے اور مسلم نے کہا ایک شخص نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون ہے مسلمانوں میں

خير قال من سلم المسلمون من لسانه ويده وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يؤمن أحدكم
نیک فرمایا وہ شخص کہ بچے رہیں مسلمان اسکی زبان اور ہاتھ سے * اور انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مومن نہیں ہوتا تم میں کا کوئی

حتى أكون أحب إليه من والده وولده والناس أجمعين متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه
جب تک نہو جاؤں میں زیادہ دوست اسکے نزدیک اسکے باپ سے اور اسکے بیٹے سے اور سب لوگوں سے * ق * اور انہیں سے کہا فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم ثلث من كن فيه وجد بهن حلاوة الإيمان من كان الله ورسوله أحب إليه مما سواهما ومن أحب عبدا لا يحبه إلا لله
وسلم نے تین خصلتیں ہیں جسمیں وے ہوں پاوے وہ انسے حلاوت ایمان کی جو کہ ہووے اللہ اور رسول اسکا زیادہ دوست اسکے نزدیک ان چیزوں سے جو انکے سوا ہے اور جو چاہا کسی بندے کو نہیں چاہتا اسکو مگر اللہ کے

ومن يكره أن يعود في الكفر بعد أن أنقذه الله منه كما يكره أن يلقى في النار متفق عليه وعن العباس بن عبد المطلب
اور جو برا جانتا ہے پھرنے کو کفر کی طرف بعد اسکے کہ نکالا اسے اللہ نے اس سے ایسا کہ برا جانتا ہے آگ میں ڈالے جانے کو * ق * اور عباس رض عبد المطلب کے بیٹے سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذاق طعم الإيمان من رضي بالله ربا وبالإسلام دينا وبمحمد رسولا رواه مسلم
کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چکھا مزہ ایمان کا جو راضی ہوا اللہ تعالیٰ کے رب جان کر اور اسلام کے دین سمجھ کر اور محمد کے رسول جان کر روایت کی اسے مسلم نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفس محمد بيده لا يسمع بي أحد من هذه الأمة يهودي
اور ابوہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم ہے اسکی کہ محمد کی جان جسکے ہاتھ میں ہے نہ سنے میری خبر کوئی اس امت میں سے یہودی ہو وہ

وَلَا نَصْرَانِيٌّ ثُمَّ يَمُوتُ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِالَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَّا كَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

یا نصرانی پھر مرے اِس حالت میں کہ ایمان نہ لایا اُس پر جسکے ساتھ بھیجا گیا ہوں مگر ہو وہ دوزخ والوں سے روایت کی اسے مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو موسیٰ اشعری رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَهُمْ أَجْرَانِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ وَآمَنَ بِمُحَمَّدٍ وَالْعَبْدُ الْمَمْلُوكُ إِذَا أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ اُن کے لئے دوہری مزدوری ہے ایک شخص اہل کتاب سے کہ ایمان لایا وہ اپنے نبی پر اور ایمان لایا محمد پر اور بندہ جو ملک ہے کسی کی جب ادا کیا اسنے حق اللہ کا اور حق اپنے مالکوں کا

وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ أَمَةٌ يَطَؤُهَا فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِيبَهَا وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا ثُمَّ أَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ وَعَنِ ابْنِ

اور وہ شخص کہ تھی اسکے پاس ایک باندی صحبت کرتا تھا وہ اس سے پھر ادب سکھایا اسے پھر بخوبی ادب سکھایا اور تعلیم کی اسے پھر اچھی کی اسکی تعلیم بعد اسکے آزاد کیا اسے پھر جورو بنایا اسے واسطے اسکے دوہری مزدوری ہے۔ اور

عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ وَيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ

عمر رض سے ہے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم ہوا مجھکو کہ لڑائی کروں آدمیوں سے جب تک گواہی دیں وے کہ نہیں کوئی معبود بجز اللہ اور بیشک محمد بھیجے اللہ کے ہیں اور قائم کریں نماز

وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ فَإِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّ الْإِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ إِلَّا أَنَّ

اور دیں زکوٰۃ پھر جب عمل کیا انھوں نے یہہ بچائے مجھ سے اپنے خون اور اپنے مال مگر حق پر اسلام کے اور حساب اُنکا اللہ کے ذمے ہے ✻ق✻ مگر

مُسْلِمًا لَمْ يَذْكُرْ إِلَّا بِحَقِّ الْإِسْلَامِ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا

مسلم نے ذکر نہیں کیا یہہ لفظ الا بحق الاسلام۔ اور انس رض سے ہے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس نے پڑھی ہماری نماز اور منہہ کیا ہمارے قبلہ کی طرف

وَأَكَلَ ذَبِيحَتَنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِي لَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ فَلَا تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِي ذِمَّتِهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

اور کھایا ہمارے ذبح کئے جانور کو وہ مسلمان ہے اُسکے لئے ہے عہد اللہ کا اور عہد اُسکے رسول کا سو عہد شکنی نکرو اللہ کی اسکے ذمے میں ہو کر روایت کی اِسے بخاری نے۔ اور ابوہریرہ رض سے ہے کہ کہا

أَتٰى أَعْرَابِيٌّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِي عَلٰى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ قَالَ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَتُقِيمُ الصَّلٰوةَ

آیا ایک گنوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سو کہا اُسنے بتاؤ مجھے ایک کام جب اسے کروں داخل ہو جاؤں بہشت میں فرمایا بندگی کرے اللہ کی اور نہ ساجھی بناوے اسکا کسی چیز کو اور پڑھے نماز

الْمَكْتُوبَةَ وَتُؤَدِّي الزَّكٰوةَ الْمَفْرُوضَةَ وَتَصُومُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا أَزِيدُ عَلٰى هٰذَا شَيْئًا وَلَا أَنْقُصُ مِنْهُ فَلَمَّا

فرض اور دیوے زکوٰۃ فرض اور روزے رکھے رمضان کے کہا اسنے قسم ہے مجھکو اسکی کہ میری جان ہے جسکے ہاتھ میں زیادہ نکروں گا اس پر کچھ اور نہ کم کروں گا اس سے پھر جب

وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ

پیٹھ پھیری فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسکو اچھا لگے دیکھنا ایک شخص کا بہشتیوں میں سے سو چاہیے کہ دیکھے وہ اسکی طرف ✻ ق ✻ اور سفیان بن

عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْ لِي فِي الْإِسْلَامِ قَوْلًا لَا أَسْأَلُ عَنْهُ أَحَدًا بَعْدَكَ وَفِي رِوَايَةٍ غَيْرَكَ قَالَ قُلْ آمَنْتُ

عبد اللہ ثقفی سے ہے کہ کہا پوچھا میں نے یا رسول اللہ بتا دو مجھکو اسلام کے مقدمے میں ایک بات کہ نہ پوچھوں میں اس سے کسی کو بعد تمہارے اور ایک روایت میں سوا تمہارے ہے فرمایا کہہ ایمان لایا

بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرُ

میں اللہ پر پھر اس پر قایم رہ روایت کیا اسے مسلم نے۔ اور طلحہ ابن عبید اللہ سے کہا آیا ایک شخص نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نجد کے رہنے والوں سے بکھرے

الرَّأْسِ نَسْمَعُ دَوِيَّ صَوْتِهِ وَلَا نَفْقَهُ مَا يَقُولُ حَتّٰى دَنَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُ عَنِ الْإِسْلَامِ فَقَالَ

سر کے بال سنتے تھے ہم بھنبھناہٹ اسکی آواز کا اور نہ سمجھتے تھے ہم کہ کیا کہتا ہے یہاں تک کہ نزدیک ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر وہ ناگہاں سوال کیا اسنے اسلام سے سو فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَقَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُنَّ فَقَالَ لَا إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ نمازیں بیچ دن اور رات میں پھر پوچھا اسنے کیا مجھ پر کچھ ان کے سوا فرمایا نہیں مگر نفل پڑھے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم وصيام شهر رمضان قال هل علي غيره قال لا الا ان تطوع قال وذكر له رسول الله صلى الله عليه وسلم الزكوة فقال

علیہ وآلہ وسلم نے اور روزے رمضان کے مہینے کے۔ پوچھا۔ کیا ہی مجھ پر اسکے سوا۔ فرمایا نہیں مگر نفل رکھنا۔ کہا راوی نے۔ اور فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زکوۃ کی بات۔ پھر پوچھا

هل علي غيرها فقال لا الا ان تطوع قال فادبر الرجل وهو يقول والله لا ازيد على هذا ولا انقص منه فقال رسول الله صلى الله عليه

کیا ہی مجھ پر اسکے سوا۔ فرمایا نہیں۔ مگر صدقہ دینا۔ کہا راوی نے۔ پھر پیٹھ پھیری اس شخص نے اور وہ کہتا تھا قسم خدا کی نہ بڑھاؤنگا میں اسپر اور نہ گھٹاؤنگا اس سے۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم افلح الرجل ان صدق متفق عليه وعن ابن عباس قال ان وفد عبد القيس لما اتوا النبي صلى الله عليه وسلم قال رسول الله

وسلم نے نجات پائی اس مرد نے اگر اس نے سچ کہا ٭ ق ٭ اور عباس کے بیٹے سے کہا قاصد عبد القیس کے جب آئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پوچھا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من القوم او من الوفد قالوا ربيعة قال مرحبا بالقوم او بالوفد غير خزايا ولا ندامى قالوا يا رسول الله صلى الله

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کون قوم ہیں یا کون جماعت ہیں کہا لوگوں نے یہہ قوم ربیعہ ہی فرمایا واہ وا اچھی قوم ہی یا اچھی جماعت نہ رسوا ہو اور نہ پچھتاؤ گے کہا انھوں نے یا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم انا لا نستطيع ان ناتيك الا في الشهر الحرام وبيننا وبينك هذا الحي من كفار مضر فمرنا بامر فصل نخبر به من

علیہ وآلہ وسلم ہم نہیں آسکتے ہیں تمہارے پاس مگر محرم کے مہینے میں اور درمیان ہمارے اور تمہارے یہہ قوم ہی کفار مضر سے سو فرمادو ہمکو ایک حکم فیصلے کا کہ خبر کردیں ہم اس سے

وراءنا وندخل به الجنة وسالوه عن الاشربة فامرهم باربع ونهاهم عن اربع امرهم بالايمان بالله وحده قال اتدرون ما الايمان

اپنے پچھلوں کو اور داخل ہوں ہم اسکے سبب جنت میں اور پوچھا انھوں نے پینے کے باسنوں سے سو حکم دیا ان کو چار چیز کا اور منع کیا انکو چار چیز سے حکم کیا ان کو ایمان لانے پر اللہ ساتھ کہ ایک ہی وہ فرمایا کیا جانتے ہو تم کہ ایمان کیا ہی

بالله وحده قالوا الله ورسوله اعلم قال شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله واقام الصلوة وايتاء الزكوة وصيام رمضان

اللہ پر ایک جان کر۔ کہا انھوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہی فرمایا گواہی دینی یہہ کہ نہیں کوئی معبود حق مگر اللہ اور تحقیق محمد بھیجے ہوئے ہیں اللہ کے اور ٹھیک پڑھنی نماز اور ادا کرنی زکوۃ اور روزے رکھنے رمضان کے

وان تعطوا من المغنم الخمس ونهاهم عن اربع عن الحنتم والدباء والنقير والمزفت وقال احفظوهن واخبروا بهن من وراءكم متفق

اور یہہ دو تم لوٹ کے مال سے پانچواں حصہ اور منع کیا ان کو چار باسنوں سے سبز لاکھی اور کدو کے تونبے اور درخت کی جڑ کے اور رال لگائے فرمایا یاد رکھو انکو اور خبر دو انکی اپنے پچھلوں کو ٭ ق

عليه ولفظه للبخاري وعن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وحوله عصابة من اصحابه بايعوني على

اور لفظ اس حدیث کے بخاری کے ہیں۔ اور روایت ہی عبادہ صامت کے بیٹے سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حالت میں کہ گرد ان کے ایک جماعت بیٹھی تھی انکے اصحاب سے بیعت کرو تم مجھ سے

ان لا تشركوا بالله شيئا ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا اولادكم ولا تاتوا ببهتان تفترونه بين ايديكم وارجلكم ولا تعصوا في

کہ شریک نہ کرو اللہ کے ساتھ کسی کو اور نہ چوری کرو اور نہ زنا کرو اور نہ قتل کرو اپنی اولاد کو اور نہ لگاؤ تہمت جسے تم بناتے ہو اپنے ہاتھ پاؤں کے سامنے سے اور نافرمانی نکرو

معروف فمن وفى منكم فاجره على الله ومن اصاب من ذلك شيئا فعوقب به في الدنيا فهو كفارة له ومن اصاب من ذلك

شرع کے کام میں سو جو کوئی وفا کرے تم میں سے اس بیعت کو تو مزدوری اسکی اللہ پر ہی اور جسنے کر لی انمیں سے کوئی چیز تو عذاب کیا گیا وہ اسکے سبب دنیا میں سو وہ اتارا ہی اسکا اور جسنے کر لی اس سے

شيئا ثم ستره الله فهو الى الله ان شاء عفا عنه وان شاء عاقبه فبايعناه على ذلك متفق عليه وعن ابي سعيد الخدري

کوئی چیز پھر چھپا دیا اسے اللہ نے سو وہ اللہ کے اختیار ہی اگر چاہے معاف کرے اس سے اور اگر چاہے سزا دے اسکو سو بیعت کی ہمنے حضرت سے اس طور پر ٭ ق ٭ اور ابو سعید خدری سے ہی

قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في اضحى او فطر الى المصلى فمر على النساء فقال يا معشر النساء تصدقن فاني

کہ کہا نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عید اضحی یا عید فطر میں عیدگاہ کی طرف پھر گذرے عورتوں کے پاس تو فرمایا ای جماعت عورتوں کی صدقہ دو کہ تحقیق

اريتكن اكثر اهل النار فقلن وبم يا رسول الله قال تكثرن اللعن وتكفرن العشير ما رايت من ناقصات عقل ودين

مطلع کیا گیا ہوں میں کہ ہو گی تم اکثر دوزخی پھر پوچھا انھوں نے کیوں یا رسول اللہ فرمایا بہت کرتی ہو تم لعنت اور کفران نعمت کرتی ہو تم شوہروں کی نہیں دیکھا میں نے کسی کم عقل اور کم دین کو

ذهب للب الرجل الحازم من احداكن قلن وما نقصان ديننا وعقلنا يا رسول الله قال اليس شهادة المرأة مثل

زیادہ ہو عقل کو ہوشیار مرد کی تم سے ف پوچھا انھوں نے اور کیا نقصان ہے ہمارے دین اور عقل کا یا رسول اللہ فرمایا کیا نہیں ہے گواہی عورت کی

نصف شهادة الرجل قلن بلى قال فذلك من نقصان عقلها قال اليس اذا حاضت لم تصل ولم تصم قلن بلى قال فذلك من

مرد کی آدھی گواہی کے برابر کہا انھوں نے ہاں فرمایا سو یہہ ہے انکی عقل کا نقصان فرمایا کیا ایسا نہیں کہ جب حایض ہوتی ہے عورت نہ نماز پڑھتی ہے اور روزہ رکھتی کہا ہاں فرمایا پس یہہ ہے

نقصان دينها متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالى كذبني ابن ادم ولم يكن له ذلك

نقصان انکے دین کا * ق * اور ابو ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے جھٹلایا مجھکو آدم کے بیٹے نے اور نہ تھا یہہ اسکو

وشتمني ولم يكن له ذلك فاما تكذيبه اياى فقوله لن يعيدني كما بدأني وليس اول الخلق باهون علي من اعادته واما شتمه

اور برا کہا مجھکو اور لایق نہ تھا اسکو یہہ سو جھٹلانا اسکا مجھکو تو یہہ کلام اسکا کہ ہرگز نہ پھیر لاویگا وہ مجھکو جیسا پیدا کیا مجھکو پہلے حالانکہ نہیں پہلا پیدا کرنا آسان زیادہ مجھپر اسکے پھر پیدا کرنے سے اور برا کہنا اسکا

اياى فقوله اتخذ الله ولدا وانا الاحد الصمد الذي لم الد ولم اولد ولم يكن لي كفوا احد وفي رواية ابن عباس واما

مجھکو سو کلام اسکا کہ اختیار کیا اللہ نے بیٹا اور میں اکیلا ہوں بے لاگ ایسا کہ نہ میں نے جنا اور نہ میں جنا گیا اور نہیں میرے جوڑ کا کوئی اور روایت میں ابن عباس کی لیکن

شتمه اياى فقوله لي ولد وسبحاني ان اتخذ صاحبة او ولدا رواه البخاري وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

برا کہنا اسکا مجھکو سو کہنا اسکا یہہ کہ میرے لئے لڑکا ہے اور پاک ہوں میں ٹھہرا لینے سے کسیکو جورو یا لڑکا روایت کی اسے بخاری نے۔ اور ابو ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قال الله تعالى يؤذيني ابن ادم يسب الدهر وانا الدهر بيدي الامر اقلب الليل والنهار متفق عليه وعن ابي موسى الاشعري

فرمایا اللہ تعالی نے دکھ دیتا ہے مجھکو فرزند آدم کا بد کہتا ہے زمانے کو حالانکہ میں ہوں زمانہ میرے ہاتھ میں ہے حکم۔ میں پھراتا ہوں رات کو اور دن کو * ق * اور روایت ہے ابو موسی اشعری رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما احد اصبر على اذى يسمعه من الله يدعون له الولد ثم يعافيهم ويرزقهم متفق عليه وعن

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کوئی زیادہ صابر دکھ پر کہ سنتا ہو اسکو اللہ سے ثابت کرتے ہیں اسکے واسطے بیٹا پھر تندرست رکھتا ہے انکو اور روزی دیتا ہے انکو * ق * اور

معاذ قال كنت ردف النبي صلى الله عليه وسلم على حمار ليس بيني وبينه الا مؤخرة الرحل فقال يا معاذ هل تدري ما حق الله على

معاذ رض سے ہے کہا تھا میں پیچھے بیٹھا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گدھے پر نہ تھی درمیان میرے اور انکے مگر پچھلی لکڑی زین کی سو فرمایا حضرت نے ای معاذ بھلا جانتا ہے تو کیا ہے حق اللہ کا

عباده وما حق العباد على الله قلت الله ورسوله اعلم قال فان حق الله على العباد ان يعبدوه ولا يشركوا به شيئا وحق العباد على الله

اسکے بندوں پر اور کیا ہے حق بندوں کا اللہ پر کہا میں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا بیشک حق اللہ کا بندوں پر یہہ ہے کہ پوجیں اسکو اور نہ ساجھی بناویں اسکے ساتھ کسی کو اور حق بندوں کا اللہ پر

ان لا يعذب من لا يشرك به شيئا فقلت يا رسول الله افلا ابشر به الناس قال لا تبشرهم فيتكلوا متفق عليه وعن انس ان النبي صلى الله عليه

یہہ ہے کہ نہ عذاب کرے اسکو جو ساجھی نہ بناوے اسکے ساتھ کسی کو پھر پوچھا میں نے یا رسول اللہ کیا خوشخبری نہ پہنچاؤں میں اسکی لوگوں کو فرمایا خوشخبری نہ پہنچا انکو پھر بھروسا کر رہینگے * ق * اور انس رض سے تحقیق نبی

وسلم ومعاذ رديفه على الرحل قال يا معاذ قال لبيك يا رسول الله وسعديك قال يا معاذ قال لبيك يا رسول الله وسعديك قال يا

وآلہ وسلم جس حال میں معاذ بیٹھے تھے انکے پیچھے سواری پر فرمایا ای معاذ عرض کیا حاضر ہوں یا رسول اللہ اور موجود ہوں تمہاری خدمت کو فرمایا ای معاذ عرض کیا حاضر ہوں یا رسول اللہ اور موجود ہوں خدمت کو فرمایا ای

معاذ قال لبيك يا رسول الله وسعديك ثلاثا قال ما من احد يشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله صدقا من قلبه الا حرمه الله

معاذ عرض کیا حاضر ہوں یا رسول اللہ اور موجود ہوں خدمت کو تین مرتبہ فرمایا نہیں کوئی شخص کہ وہ گواہی دے کہ نہیں کوئی معبود حق مگر اللہ اور بیشک محمد بھیجے ہوئے ہیں اللہ کے اپنے دل کی سچائی سے مگر حرام کرتا ہے اسکو اللہ

على النار قال يا رسول الله افلا اخبر به الناس فيستبشروا قال اذا يتكلوا فاخبر بها معاذ عند موته تأثما متفق عليه وعن ابي ذر قال اتيت

آگ پر کہا یا رسول اللہ کیا خبر نہ پہنچاؤں میں اسکی لوگوں کو کہ خوش ہو جاویں فرمایا اسوقت بھروسا کر بیٹھینگے پھر خبر دی اسکی معاذ نے اپنے مرنے کے قریب گناہ سے بچنے کو * ق * اور ابوذر رض سے کہا آیا میں

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِ ثَوْبٌ اَبْیَضُ وَهُوَ نَائِمٌ ثُمَّ اَتَیْتُهُ وَقَدِ اسْتَیْقَظَ فَقَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰی ذٰلِكَ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور حضرت کے بدن پر کپڑا تھا سفید اور وے سوتے تھے پھر آیا میں انکے پاس اور وے جاگے ہوے تھے تب فرمایا نہیں کوئی بندہ جسنے کہا نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے پھر مرگیا وہ اس کلام پر

اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَاِنْ

مگر داخل ہوگا وہ جنت میں پوچھا میں نے اور اگر زنا کیا اسنے اور اگر چوری کی فرمایا اگرچہ زنا کیا اسنے اور چوری کی۔ پوچھا میں نے اور اگر زنا کیا اسنے اور چوری کی فرمایا اور اگرچہ زنا کیا اسنے اور چوری کی پوچھا میں نے اور

زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ عَلٰی رَغْمِ اَنْفِ اَبِیْ ذَرٍّ وَکَانَ اَبُوْ ذَرٍّ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا قَالَ وَاِنْ رَغِمَ اَنْفُ اَبِیْ ذَرٍّ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ

زنا کیا اسنے اور چوری کی فرمایا اگرچہ زنا کیا اسنے اور چوری کی خاک آلودہ ہونے پر ناک ابوذر کی ف اور تھے ابوذر جب بیان کرتے یہ بات کو کہتے اور اگرچہ خاک آلودہ ہو ناک ابوذر کی * ق * اور عبادہ

بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

صامت کے بیٹے سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے گواہی دی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ ایک ہے وہ نہیں کوئی ساجھی اسکا اور تحقیق محمد بندہ اسکے ہیں اور رسول اسکے

وَاَنَّ عِیْسٰی عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ وَابْنُ اَمَتِهٖ وَکَلِمَتُهٗ اَلْقَاهَا اِلٰی مَرْیَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ وَالْجَنَّةُ وَالنَّارُ حَقٌّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰی مَا کَانَ مِنَ الْعَمَلِ مُتَّفَقٌ

اور تحقیق عیسیٰ بندہ اللہ کا اور رسول اسکا اور بیٹا اسکی بندی کا اور کلمہ اسکا ف بھیجا اسے مریم کی طرف اور روح ہی اسکی طرف سے ف اور بہشت و دوزخ حق ہی داخل کریگا اسکو اللہ جنت میں وہ ہو کسی عمل پر

عَلَیْهِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اُبْسُطْ یَمِیْنَكَ فَلْاُبَایِعْكَ فَبَسَطَ یَمِیْنَهٗ فَقَبَضْتُ یَدِیْ

ق * اور روایت ہی عمرو ابن عاص رض سے کہا آیا میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے کھولو اپنا داہنا ہاتھ کہ بیعت کروں میں تم سے پھر کھولا حضرت نے اپنا داہنا ہاتھ کھینچ لیا میں نے اپنا ہاتھ

فَقَالَ مَا لَكَ یَا عَمْرُو قُلْتُ اَرَدْتُّ اَنْ اَشْتَرِطَ قَالَ تَشْتَرِطُ مَاذَا قُلْتُ اَنْ یُّغْفَرَ لِیْ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ یَا عَمْرُو اَنَّ الْاِسْلَامَ یَهْدِمُ مَا کَانَ

پھر پوچھا حضرت نے کیا ہوا تجھکو اے عمرو عرض کیا میں نے ارادہ کرتا ہوں میں کہ شرط کروں فرمایا کیا شرط کرتا ہے کہا میں نے کہ بخشے جاویں میرے گناہ فرمایا کیا نہیں جانتا تو اے عمرو کہ تحقیق مسلمان ہونا کھو دیتا ہے گناہوں کو جو تھے

قَبْلَهٗ وَاَنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا کَانَ قَبْلَهَا وَاَنَّ الْحَجَّ یَهْدِمُ مَا کَانَ قَبْلَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْحَدِیْثَانِ الْمَرْوِیَّانِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَنَا

پہلے اسکے اور بیشک ہجرت کرنی کھو دیتی ہے گناہ کو جو تھے قبل اسکے اور تحقیق حج کھو دیتا ہے گناہ جو تھے پہلے اسکے روایت کیا اسے مسلم نے اور دو حدیثیں ہیں کہ روایت کی گئی ہیں ابوہریرہ سے پہلی کا سرا فرمایا اللہ تعالیٰ نے انا

اَغْنَی الشُّرَکَاءِ عَنِ الشِّرْكِ وَالْاُخْرٰی اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ سَنَذْکُرُهُمَا فِیْ بَابَیِ الرِّیَاءِ وَالْکِبْرِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

اغنی الشرکاء عن الشرک اور دوسری کا سرا الکبریاء ردائی۔ اب ذکر کرونگا میں انکو باب میں ریا کے اور کبر کے اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے * دوسری فصل

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ یُّدْخِلُنِی الْجَنَّةَ وَیُبَاعِدُنِیْ مِنَ النَّارِ قَالَ لَقَدْ سَاَلْتَ عَنْ عَظِیْمٍ وَاِنَّهٗ لَیَسِیْرٌ

معاذ ابن جبل رض سے کہا عرض کیا میں نے یا رسول اللہ بتلاؤ مجھکو ایک کام کہ داخل کرے وہ مجھے بہشت میں اور دور رکھے مجھکو دوزخ سے فرمایا تحقیق سوال کیا تونے بڑی بات کا اور بیشک یہ کام آسان ہے

عَلٰی مَنْ یَّسَّرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا وَتُقِیْمُ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِی الزَّکٰوةَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَیْتَ ثُمَّ

جسپر آسان کردے اسے اللہ تعالیٰ وہ یہ ہی پوجھ تو اللہ کو اور شریک مت کر اسکے ساتھ کسی کو اور پڑھ نماز اور دے زکوۃ اور روزے رکھ رمضان کے اور حج کر گھر کا یعنی کعبے کا پھر

قَالَ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰی اَبْوَابِ الْخَیْرِ اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ وَّالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِیْئَةَ کَمَا یُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ وَصَلٰوةُ الرَّجُلِ فِیْ جَوْفِ

فرمایا بتلاؤں میں تجھے دروازے نیکی کے روزہ رکھنا ڈھال ہے اور صدقہ دینا سرد کرتا ہے گناہ کی گرمی کو جیسا سرد کرتا ہے پانی آگ کو اور نماز پڑھنا آدمی کا بیچ

اللَّیْلِ ثُمَّ تَلَا تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا حَتّٰی بَلَغَ یَعْمَلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَلَا اَدُلُّكَ بِرَاْسِ الْاَمْرِ وَعَمُوْدِهٖ

رات کے پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت الگ ہوتی ہیں کروٹیں انکی بچھونوں سے پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈر اور طمع سے یہاں تک کہ پہنچے لفظ یعملون تک پھر فرمایا کیا نہ بتاؤں تجھکو سر کام کا اور اسکے ستون

وَذِرْوَةِ سَنَامِهٖ قُلْتُ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَاْسُ الْاَمْرِ الْاِسْلَامُ وَعَمُوْدُهُ الصَّلٰوةُ وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ الْجِهَادُ ثُمَّ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكَ

اور اسکے ذیل کی بلندی ف * کہا میں نے ہاں یا رسول اللہ فرمایا سر کام کا اسلام ہے اور ستون اسکا نماز اور بلندی اسکے ذیل کی جہاد پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤں میں تمہیں

بملاک ذلک کلہ قلت بلی یا نبی اللہ فاخذ بلسانہ وقال کف علیک ھذا فقلت یا نبی اللہ وانا لمؤاخذون بما نتکلم بہ قال ثکلتک

دوست رکھنے والی کو ان سب کی کہ میں نے ہاں یا نبی اللہ پھر پکڑی حضرت نے اپنی زبان اور فرمایا تھام رکھ اپنے اوپر اسکو پھر پوچھا میں نے یا نبی اللہ کیا پکڑے جاوینگے ہم اس چیز سے کہ باتیں کرتے ہیں ہم جس سے فرمایا روئے

امک یا معاذ وھل یکب الناس فی النار علی وجوھھم او علی مناخرھم الا حصائد السنتھم رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ وعن ابی

تیری ماں اے معاذ اور کیا نہیں گرا دینگے آدمیوں کو آگ میں ان کے منہ کے بل یا فرمایا انکی ناکوں پر مگر کھیت کے کاٹے ہوئے انکی زبانوں کے روایت کیا اسے احمد نے اور ترمذی اور ابن ماجہ نے * اور ابو

امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احب للہ وابغض للہ واعطی للہ ومنع للہ فقد استکمل الایمان رواہ ابوداؤد ورواہ

امامہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے دوست رکھا اللہ کے واسطے اور دشمن جانا اللہ کے واسطے اور دیا اللہ کے واسطے اور نہ دیا اللہ کے واسطے سو تحقیق کامل کیا اسنے ایمان کو روایت کیا ابوداؤد نے اور روایت کیا

الترمذی عن معاذ بن انس مع تقدیم وتاخیر وفیہ فقد استکمل ایمانہ وعن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل الاعمال الحب

ترمذی نے معاذ ابن انس سے آگے پیچھے کرنے کے ساتھ اور اسمیں یہ ہے پس تحقیق کامل کیا اسنے اپنے ایمان کو * اور روایت ہے ابوذر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اچھے کاموں میں دوستی

فی اللہ والبغض فی اللہ رواہ ابوداؤد وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ والمؤمن

اللہ کے واسطے اور دشمنی کرنی اللہ کے واسطے ہے روایت کی ابوداؤد نے * اور ابوہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمان وہ ہے کہ سلامت رہیں مسلمان اسکی زبان سے اور اسکے ہاتھ سے اور مومن

من امنہ الناس علی دمائھم واموالھم رواہ الترمذی والنسائی وزاد البیھقی فی شعب الایمان بروایۃ فضالۃ والمجاھد من جاھد

وہ کہ امین کریں اسکو لوگ اپنے لہو اور اپنے مال پر - روایت کی اسے ترمذی نے اور نسائی نے اور بڑھایا بیہقی نے شعب الایمان میں فضالہ کی روایت سے اور مجاہد حقیقی وہ کہ جسنے دکھ دیا

نفسہ فی طاعۃ اللہ والمھاجر من ھجر الخطایا والذنوب وعن انس قال قلما خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا قال لا ایمان لمن لا

اپنی جان کو اللہ کی فرمانبرداری میں اور مہاجر حقیقی وہ کہ چھوڑ دے برائیوں کو اور گناہوں کو * اور انس سے ہی کہا کم خطبہ پڑھا ہمارے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مگر یوں فرمایا نہیں ایمان اسکا جسکے لئے

امانۃ لہ ولا دین لمن لا عھد لہ رواہ البیھقی فی شعب الایمان

امانت نہیں اور نہیں دین اسکا جسکے لئے عہد نہیں روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں *

الفصل الثالث

تیسری فصل

عن عبادۃ ابن الصامت قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

روایت ہے عبادہ ابن صامت رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

یقول من شھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ حرم اللہ علیہ النار رواہ مسلم وعن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

کہ فرماتے تھے جسنے گواہی دی کہ نہیں ہے کوئی معبود برحق مگر اللہ اور بیشک محمد رسول ہیں اللہ کے حرام کیا اللہ نے اس پر آگ کو روایت کیا اسے مسلم نے * اور روایت ہے عثمان ابن عفان راضی ہو اللہ ان سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم من مات وھو یعلم انہ لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ رواہ مسلم وعن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثنتان موجبتان قال رجل یا رسول اللہ

وسلم نے جو کوئی مر گیا اس حال میں کہ جانتا تھا وہ یہ بیشک کوئی معبود نہیں مگر اللہ داخل ہوگا وہ بہشت میں روایت کیا اسے مسلم نے * اور جابر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو چیزیں ہیں کہ باعث برتری ہیں - پوچھا ایک شخص نے یا رسول اللہ

ما الموجبتان قال من مات یشرک باللہ شیئا دخل النار ومن مات لا یشرک باللہ شیئا دخل الجنۃ رواہ مسلم وعن ابی ھریرۃ قال کنا قعودا

کیا ہیں باعث برتری کی چیزیں فرمایا جو مر گیا ساجھی بناتا اللہ کے ساتھ کسی کو داخل ہوا وہ آگ میں اور جو مر گیا ساجھی نہ بناتا اللہ کے ساتھ کسی کو داخل ہوا وہ بہشت میں روایت کیا اسے مسلم نے * اور ابوہریرہ سے کہا ہم بیٹھے ہوئے

حول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعنا ابوبکر وعمر فی نفر فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بین اظھرنا فابطاء علینا وخشینا

گرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ہمارے ساتھ تھے ابوبکر اور عمر ایک جماعت میں اٹھ کر چلے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان سے پھر دیر کی آنے میں ہمارے پاس اور ڈر گئے ہم

ان یقتطع دوننا وفزعنا فقمنا فکنت اول من فزع فخرجت ابتغی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اتیت حائطا للانصار لبنی

کہ ضرر پہنچایا جاوے ہمسے پرے اور گھبرا گئے ہم پھر اٹھ کھڑے ہوئے ہم سو تھا میں پہلا اسکا جو گھبرایا پھر نکلا میں ڈھونڈتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہاں تک کہ پہنچا میں ایک باغ میں انصار سے بنی

النجار فدرت بہ ھل اجد لہ بابا فلم اجد فاذا ربیع یدخل فی جوف حائط من بئر خارجۃ والربیع الجدول قال فاحتفزت فدخلت علی

نجار کا تھا پھر گرد پھرا میں اسکے کہ پاؤں دروازہ سو نہ پایا میں نے پھر ناگاہ ایک نالی نظر آئی کہ جاتی تھی بیچ دیوار کے باہر کے کوئیں سے اور ربیع نالی ہی کہا ابوہریرہ نے پھر سمٹ گیا میں اور پہنچ گیا میں

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أبو هريرة فقلت نعم يا رسول الله قال ما شأنك قلت كنت بين أظهرنا فقمت فأبطأت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر فرمایا حضرت نے ابوہریرہ عرض کیا میں نے ہاں یا رسول اللہ فرمایا کیا حال ہے تیرا عرض کیا میں نے آپ تھے ہم لوگوں میں پھر اٹھ گئے پھر دیر کی

علينا فخشينا أن تقتطع دوننا ففزعنا فكنت أول من فزع فأتيت هذا الحائط فاحتفزت كما يحتفز الثعلب وهؤلاء الناس ورائي

ہمارے پاس آنے میں سو ڈرے ہم کہ کہیں ایذا پہنچائے جاویں آپ ہم سے جدا ہو کر سو گھبرائے ہم پھر تھا میں پہلا جو گھبرایا پھر آیا میں اس باغ میں پھر سمٹ گیا میں جیسے سمٹ جاتی ہے لومڑی اور یہ لوگ تھے میرے پیچھے

فقال يا أبا هريرة وأعطاني نعليه فقال اذهب بنعلي هاتين فمن لقيت من وراء هذا الحائط يشهد أن لا إله إلا الله مستيقنا

پھر فرمایا اے ابوہریرہ اور عنایت کیں حضرت نے مجھے اپنی پاپوشیں پھر فرمایا لیجا میری دو جوتیاں سو جو کوئی ملے تجھے اس باغ کے پیچھے گواہی دے وہ اس پر کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ یقین کرنے والا

بها قلبه فبشره بالجنة فكان أول من لقيت عمر فقال ما هاتان النعلان يا أبا هريرة فقلت هاتان نعلا رسول الله صلى الله عليه وسلم

اس پر دل اسکا تو خوشخبری پہنچا اسے جنت کی سو پہلے جس سے میں ملا عمر تھے پوچھا عمر نے کیسی ہیں یہ دو جوتیاں اے ابوہریرہ کہا میں نے یہ دونوں جوتیاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیں

بعثني بهما من لقيت يشهد أن لا إله إلا الله مستيقنا بها قلبه بشرته بالجنة فضرب عمر بين ثديي فخررت لاستي فقال ارجع يا أبا هريرة

بھیجا مجھے انہیں لیکر جو کوئی ملے مجھکو گواہی دے کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ یقین کرنے والا ہو اس پر دل اسکا خوشخبری دوں میں اسے بہشت کی پھر مارا عمر نے میری چھاتیوں کے بیچ سو گر پڑا میں چوتڑوں کے بل کہا پھر جا اے ابوہریرہ

فرجعت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فأجهشت بالبكاء وركبني عمر وإذا هو على أثري فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما لك

سو پھر گیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پھر پناہ لی میں نے رو کر اور پیچھے لگے میرے عمر دیکھا میں نے کہ آئے میرے قدم بقدم پھر پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ہوا تجھے

يا أبا هريرة قلت لقيت عمر فأخبرته بالذي بعثتني به فضرب بين ثديي ضربة خررت لاستي فقال ارجع فقال رسول الله صلى الله

اے ابوہریرہ عرض کیا میں ملا عمر کو سو خبر دی میں نے اسکی جسکے لئے بھیجا مجھے آپ نے پھر مارا عمر نے میری چھاتیوں میں ایک دھکا گر پڑا میں اپنے چوتڑوں کے بل اور کہا جا پھر پوچھا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يا عمر ما حملك على ما فعلت فقال يا رسول الله بأبي أنت وأمي أبعثت أبا هريرة بنعليك من لقي يشهد أن لا إله إلا الله مستيقنا

علیہ وآلہ وسلم نے اے عمر کس بات نے ابھارا تجھے اس پر کہ تو نے کیا کہا یا رسول اللہ صدقے ہوں میرے ماں باپ آپ پر کیا بھیجا تھا آپ نے ابوہریرہ کو اپنی جوتیاں لیکر جو کوئی ملے گواہی دیتا کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ یقین کرنے والا

بها قلبه بشره بالجنة قال نعم قال فلا تفعل فإني أخشى أن يتكل الناس عليها فخلهم يعملون فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فخلهم رواه

اس پر دل اسکا تو خوشخبری دے اسے بہشت کی فرمایا ہاں عرض کیا ایسا نہ کیجئے کیونکہ ڈرتا ہوں میں کہ تکیہ کر بیٹھیں گے لوگ اس پر سو چھوڑ دیجئے انہیں کہ عمل کریں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اب چھوڑ دو انہیں

مسلم وعن معاذ بن جبل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مفاتيح الجنة شهادة أن لا إله إلا الله رواه أحمد وعن عثمان رضي الله عنه

مسلم نے معاذ بن جبل سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنجیاں ہیں بہشت کی گواہی دینی اس کی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ روایت کی اسے احمد نے اور روایت ہے عثمان رض سے

قال إن رجالا من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم حين توفي حزنوا عليه حتى كاد بعضهم يوسوس قال عثمان وكنت منهم فبينا أنا جالس مر

فرمایا کہ بیشک کئی شخص یاروں میں سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جب وفات پائی حضرت نے غمگین ہوئے ان کے لئے یہاں تک کہ اب بعضے ان میں سے شک میں پڑیں کہا عثمان نے اور میں ان میں سے تھا سو بیٹھا تھا

علي عمر وسلم فلم أشعر به فاشتكى عمر إلى أبي بكر ثم أقبلا حتى سلما علي جميعا فقال أبو بكر ما حملك على أن لا ترد على أخيك عمر سلامه قلت

اسی میں کہ عمر اور سلام کیا خبر نہ ہوئی مجھکو اسکی سو شکوہ کیا عمر نے ابوبکر سے تب آئے دونو یہاں تک کہ سلام کیا مجھ پر اکٹھے پھر فرمایا ابوبکر نے کیا سبب ہوا تجھے اس پر کہ جواب نہ دیا تو نے اپنے بھائی عمر کو اسکے سلام کا کہا میں نے

ما فعلت فقال عمر بلى والله لقد فعلت قال قلت والله ما شعرت أنك مررت ولا سلمت قال أبو بكر صدق عثمان قد شغلك عن

ایسا تو نہیں کیا میں نے فرمایا عمر نے ہاں قسم اللہ کی البتہ کیا تو نے فرمایا عثمان نے کہا میں نے قسم خدا کی خبر نہ ہوئی مجھکو کہ تم آئے اور نہ خبر کہ سلام تم نے کہا فرمایا ابوبکر نے سچ کہا عثمان نے البتہ غافل کیا تجھے

ذلك أمر فقلت أجل قال ما هو قلت توفى الله تعالى نبيه صلى الله عليه وسلم قبل أن نسأله عن نجاة هذا الأمر قال أبو بكر قد

اس سے کسی بڑے کام نے پھر کہا میں نے ہاں کہا ابوبکر نے وہ کیا تھا کہا میں نے وفات دی اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہلے اسکے کہ پوچھیں ہم آپ سے کہ بچاؤ اس کام سے فرمایا ابوبکر نے بیشک

سألته عن ذلك فقمت إليه وقلت له بأبي أنت وأمي أنت أحق بها قال أبو بكر قلت يا رسول الله ما نجاة هذا الأمر فقال رسول الله صلى الله

پوچھا میں نے حضرت کو اس سے پھر میں کھڑا ہوا طرف ابو بکر کے اور کہا میں نے اسکو صدقے ہوویں میرے ماں باپ تم پر تم زیادہ لائق ہو پوچھنے کے فرمایا ابو بکر نے پوچھا میں نے یا رسول اللہ کس طرح ہوگی نجات اس کام کی تب فرمایا صلی اللہ

عليه وسلم من قبل مني الكلمة التي عرضت على عمي فردها فهي له نجاة رواه أحمد وعن المقداد أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم

علیہ وسلم نے جسنے قبول کیا مجھ سے کلمہ کو جسے ظاہر کیا میں نے اپنے چچا پر تھا اسنے اسے سو وہی کلمہ اسکے لئے نجات ہے روایت کیا اسے احمد نے ۔ اور روایت ہے مقداد سے کہ بیشک سنا انہوں نے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

يقول لا يبقى على ظهر الأرض بيت مدر ولا وبر إلا أدخله الله كلمة الإسلام بعز عزيز وذل ذليل إما يعزهم الله فيجعلهم من أهلها

کہ فرماتے تھے باقی نہ رہیگا زمین کی پیٹھ پر کوئی گھر مٹی کا اور نہ پشمین ف مگر پہنچا دیگا اسمیں اللہ کلمہ اسلام کا عزیز کے عزت دینے کو اور ذلیل کے ذلیل کرنے کو یا عزت دیگا ان گھروالوں کو اللہ پھر کریگا انکو اس کلمے کا اہل

أو يذلهم فيدينون لها قلت فيكون الدين كله لله رواه أحمد وعن وهب بن منبه قيل له أليس لا إله إلا الله مفتاح الجنة

یا ذلیل کریگا انھیں پھر تابعدار ہو وے اس کلمے کے ف ۔ کہا میں نے تب ہو جاویگا دین سب اللہ کا ف ۔ روایت کی احمد نے ۔ اور وہب ابن منبہ سے پوچھا گیا انسے کیا نہیں ہے کلمہ لا الہ الا اللہ کنجی بہشت کی

قال بلى ولكن ليس مفتاح إلا وله أسنان فإن جئت بمفتاح له أسنان فتح لك وإلا لم يفتح لك رواه البخاري في ترجمة باب وعن أبي هريرة

کہا ہاں لیکن نہیں ہوتی کوئی کنجی مگر اسکے لئے ہوتے ہیں دانت سو اگر لاوے تو ایسی کنجی کہ اسکے دانت ہیں کھولا جاتا تیرے لئے اور اگر نہیں تو نہ کھولا جائیگا تیرے لئے روایت کیا اسے بخاری نے ترجمہ باب میں ف ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أحسن أحدكم إسلامه فكل حسنة يعملها تكتب بعشر أمثالها إلى سبعمائة ضعف

کہا فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب نیک کرے کوئی تم میں کا اپنے اسلام کو پھر جو نیکی کرتا ہے وہ لکھی جاتی ہے اسکے دس برابر سات سو تک بلکہ زیادہ

وكل سيئة يعملها تكتب بمثلها حتى لقي الله متفق عليه وعن أبي أمامة أن رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم ما الإيمان

اور جو برائی کرتا ہے لکھی جاتی ہے مانند اسکے یہاں تک کہ ملاقات کرے اللہ سے ف ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابو امامہ سے ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا ہے ایمان

قال إذا سرتك حسنتك وساءتك سيئتك فأنت مؤمن قال يا رسول الله فما الإثم قال إذا حاك في نفسك شيء فدعه

فرمایا جس وقت کہ خوش کرے تجھکو نیکی تیری اور ناخوش کرے تجھکو برائی تیری تب تو مومن ہے کہا اسنے یا رسول اللہ پھر کونسی چیز گناہ ہے فرمایا حضرت نے جب خلش دے تیرے دل میں کوئی شے تب چھوڑ دے اسے

رواه أحمد وعن عمرو بن عبسة قال أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله من معك على هذا الأمر قال حر وعبد

روایت کیا اسے احمد نے ۔ اور عمرو ابن عبسہ سے بھی روایت ہے کہا آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے یا رسول اللہ کون ہے ساتھ تمہارے موافق اس کام پر ف فرمایا آزاد اور غلام

قلت ما الإسلام قال طيب الكلام وإطعام الطعام قلت ما الإيمان قال الصبر والسماحة قال قلت أي الإسلام أفضل قال من سلم

پوچھا میں نے کیا ہے اسلام فرمایا نرمی سے کلام کرنا اور کھانا کھلانا کہا میں نے کیا ہے ایمان فرمایا صبر کرنا ف ۔ اور جوانمردی کہا پوچھا میں نے کونسا اسلام افضل ہے فرمایا وہ شخص کہ بچے رہیں

المسلمون من لسانه ويده قال قلت أي الإيمان أفضل قال خلق حسن قال قلت أي الصلاة أفضل قال طول القنوت قال قلت أي

مسلمان اسکی زبان سے اور اسکے ہاتھ سے کہا پوچھا میں نے کونسا ایمان بہتر ہے فرمایا خصلت اچھی کہا پوچھا میں نے کونسی نماز بہت اچھی ہے فرمایا دیر تک کھڑے رہنا کہا پوچھا میں نے کونسی

الهجرة أفضل قال أن تهجر ما كره ربك قال قلت فأي الجهاد أفضل قال من عقر جواده وأهريق دمه قال قلت أي الساعات

ہجرت افضل ہے فرمایا چھوڑ دے تو اس چیز کو جسے برا جانا تیرے رب نے کہا پوچھا میں نے کونسا جہاد بہتر ہے فرمایا وہ شخص کہ کاٹا گیا جسکے گھوڑے اور بہایا گیا لہو اسکا ف کہا پوچھا میں نے کونسی گھڑی

أفضل قال جوف الليل الآخر رواه أحمد وعن معاذ بن جبل قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من لقي الله

بہت اچھی ہے فرمایا درمیان پچھلی رات کا روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے جو جا ملا اللہ کو

لا يشرك به شيئا ويصلي الخمس ويصوم رمضان غفر له قلت أفلا أبشرهم يا رسول الله قال دعهم يعملوا رواه أحمد

اس حال میں کہ ساجھی نہیں کرتا اسکا کسیکو اور نماز پڑھتا ہے پنجگانہ اور روزے رکھتا ہے رمضان کے بخشے جاینگے گناہ اسکے پوچھا میں نے کیا خوشخبری نہ دوں میں لوگوں کو یا رسول اللہ فرمایا چھوڑ دے انھیں کہ عمل کریں روایت کیا اسے احمد نے

گناہوں سے بچنے میں تکلیف برداشت کرنے اور خوشی ہو جانا کہ دینا ف مسلمانوں میں کون افضل ہے ف یعنے سوار و گھوڑا دونوں کام آیا

قالوا نتوضأ للصلوة ونغتسل من الجنابة ونستنجي بالماء قال فهو ذلك فعليكموه رواه ابن ماجة وعن سلمان قال قال بعض

عرض کیا کہ وضو کرتے ہیں ہم نماز کے واسطے اور غسل کرتے ہیں جنابت سے اور استنجا کرتے ہیں پانی سے فرمایا پھر وہ یہی ہے لازم پکڑو اسکو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے سلمان سے کہا کہ کہا بعض

المشركين وهو يستهزئ اني لارى صاحبكم يعلمكم حتى الخراءة قلت اجل امرنا ان لا نستقبل القبلة ولا نستنجي

مشرکوں نے اور وہ ہنسی کرتا تھا کہ بیشک میں دیکھتا ہوں تمہارے صاحب کو تعلیم کرتا ہے تمکو یہاں تک کہ پاخانہ پھرنا کہا میں نے ہاں حکم کیا ہمکو کہ نہ منہ کریں ہم قبلہ کی طرف اور نہ استنجا کریں

بِأَيْمَانِنَا وَلَا نَكْتَفِيَ بِدُونِ ثَلٰثَةِ أَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهَا رَجِيعٌ وَلَا عَظْمٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ

اپنے داہنے ہاتھ سے اور نہ کفایت کریں کم تین پتھروں سے کہ نہووے اسمیں گوبر اور نہ ہڈی روایت کیا اسکو مسلم اور احمد نے اور لفظ اسی کا ہے ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن ابن

حَسَنَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ الدَّرَقَةُ فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَلَسَ فَبَالَ إِلَيْهَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ

حسنہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے ہاتھ میں چمڑے کی ڈھال تھی پھر رکھا اسکو اور بیٹھے پھر پیشاب کیا اسکی طرف تب کہا بعضے منافقوں

انْظُرُوا إِلَيْهِ يَبُولُ كَمَا تَبُولُ الْمَرْأَةُ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَيْحَكَ أَمَا عَلِمْتَ مَا أَصَابَ صَاحِبَ بَنِي إِسْرَائِيلَ

دیکھو انکی طرف پیشاب کرتے ہیں جیسے پیشاب کرتی ہے عورت پھر سنا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تب فرمایا وائے تجھکو کیا نہیں جانتا تو نے اس چیز کو کہ پہنچی بنی اسرائیل والے کو

كَانُوا إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَوْلُ قَرَضُوهُ بِالْمَقَارِيضِ فَنَهَاهُمْ فَعُذِّبَ فِي قَبْرِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ

تھے وے جب پہنچتا ان کو پیشاب کاٹ ڈالتے اسکو قینچی سے پھر منع کیا اسنے اُن کو سو عذاب کیا گیا اپنی قبر میں ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو نسائی نے

عَنْهُ عَنْ أَبِي مُوسَى وَعَنْ مَرْوَانَ الْأَصْفَرِ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ ثُمَّ جَلَسَ يَبُولُ إِلَيْهَا فَقُلْتُ

ابا عبد الرحمن سے اُسنے ابی موسیٰ سے ۔ اور روایت ہے مروان اصفر سے کہا کہ دیکھا میں نے ابن عمر کو کہ بٹھایا اونٹ اپنا سامھنے قبلہ کے پھر بیٹھے پیشاب کرنے کو اسی طرف تب کہا میں نے

يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَلَيْسَ قَدْ نُهِيَ عَنْ هٰذَا قَالَ بَلْ إِنَّمَا نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ فِي الْفَضَاءِ فَإِذَا كَانَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ شَيْءٌ يَسْتُرُكَ

اے ابا عبد الرحمن کیا نہیں منع کیا گیا ہے اس سے کہا بلکہ سوائے اسکے نہیں کہ منع کیا گیا ہے اس سے میدان میں پھر جب ہو درمیان تیرے اور درمیان قبلے کے کوئی چیز کہ پردہ کرے تجھکو

فَلَا بَأْسَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰى

پھر کچھ مضایقہ نہیں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے پاخانے سے کہتے سب تعریف اللہ کو ہے جسنے دور کیا مجھ سے ایذا کو

وَعَافَانِي رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ وَفْدُ الْجِنِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ انْهَ أُمَّتَكَ أَنْ يَسْتَنْجُوا

اور صحت دیا مجھکو ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا جب آئے ایلچی جنوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عرض کی یا رسول اللہ منع کرو اپنی امت کو اس سے کہ استنجا کریں

بِعَظْمٍ أَوْ رَوْثَةٍ أَوْ حُمَمَةٍ فَإِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ لَنَا فِيهَا رِزْقًا فَنَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

ہڈی یا گوبر یا کوئلے سے پھر بیشک اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہمارے واسطے اسمیں روزی تب منع کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔

بَابُ السِّوَاكِ

یہہ باب ہے مسواک کا

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِتَأْخِيرِ الْعِشَاءِ وَبِالسِّوَاكِ عِنْدَ

فصل پہلی ۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہ مشکل جانتا میں اپنی امت پر بیشک حکم کرتا میں انکو تاخیر کرنے عشا کا اور مسواک کا

كُلِّ صَلٰوةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يَبْدَأُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ

ہر نماز کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے شریح بن ہانی سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے کہ کس کام کو شروع کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لاتے

بَيْتَهُ قَالَتْ بِالسِّوَاكِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ لِلتَّهَجُّدِ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ

اپنے گھر میں کہا مسواک سے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تہجد کے واسطے رات کو ملتے منہہ اپنا مسواک سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ

ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس خصلت ہیں دین کی کم کرنا لبوں کا اور بڑھا دینا داڑھی کا اور مسواک کرنا

وَاسْتِنْشَاقُ الْمَاءِ وَقَصُّ الْأَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الْإِبِطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ يَعْنِي الْاِسْتِنْجَاءَ قَالَ الرَّاوِي وَنَسِيتُ الْعَاشِرَةَ

اور ناک میں پانی دینا اور ترشوانا ناخنوں کا اور دھونا انگلیوں کے گوڑے کا اور دور کرنا بغل کے بالوں کا اور مونڈنا ناف کے تلے کے بالوں کا اور کم کرنا پانی کا یعنی استنجا کہا راوی نے اور بھول گیا میں دسویں چیز

اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ الْمَضْمَضَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَلْخِتَانُ بَدَلَ اِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ لَمْ اَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ

مگر یہہ کہ ہو وہ کلی روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں ختنہ کرنا ہی بدلے داڑھی بڑھانے کے نہ پایا میں نے یہہ روایت صحیحین میں اور نہ کتاب میں حمیدی کی

وَلٰكِنْ ذَكَرَهَا صَاحِبُ الْجَامِعِ وَكَذَا الْخَطَّابِيُّ فِيْ مَعَالِمِ السُّنَنِ عَنْ اَبِيْ دَاوٗدَ بِرِوَايَةِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ **اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ** عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

ولیکن ذکر کیا اسکو صاحب جامع اصول نے اور ایسے ہی خطابی نے معالم سنن میں ابو داؤد سے عمار ابن یاسر کی روایت سے × فصل دوسری × روایت ہی حضرت عائشہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسواک پاک کرنے والی منہہ کی ہی اور خوش کرنے والی رب کی روایت کیا اسکو شافعی اور احمد اور دارمی اور نسائی نے اور روایت کیا بخاری نے اپنی صحیح میں

بِلَا اِسْنَادٍ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ مِّنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ اَلْحَيَاءُ وَيُرْوٰى اَلْخِتَانُ وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَ

بغیر اسناد کے × اور روایت ہی ابی ایوب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار خصلت ہیں طریق رسولوں میں حیا کرنا اور روایت کیا جاتا ہی بجائے حیا کے ختنا کرنا اور خوشبو لگانا اور مسواک کرنا اور

اَلنِّكَاحُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْقُدُ مِنْ لَّيْلٍ وَّلَا نَهَارٍ فَيَسْتَيْقِظُ اِلَّا يَتَسَوَّكُ قَبْلَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ

نکاح کرنا روایت کیا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہی حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ سوتے رات کو اور نہ دن کو پھر جاگتے مگر مسواک کرتے وضو کے پہلے ۔

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَيُعْطِيْنِي السِّوَاكَ لِاَغْسِلَهٗ فَاَبْدَاُ بِهٖ فَاَسْتَاكُ ثُمَّ

روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے × اور روایت ہی انھیں سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے پھر دیتے مجھکو مسواک تاکہ دھووں میں اسکو پھر شروع کرتی میں اس سے کہ پہلے مسواک کرتی تب

اَغْسِلُهٗ وَاَدْفَعُهٗ اِلَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرَانِيْ فِي الْمَنَامِ

دھوتی اسکو اور دیتی اسکو حضرت کو × روایت کیا ابو داؤد نے × فصل تیسری × روایت ہی ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھا میں نے اپنے تئیں خواب میں

اَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِيْ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْاٰخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْاَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيْلَ لِيْ كَبِّرْ فَدَفَعْتُهٗ اِلَى الْاَكْبَرِ مِنْهُمَا

کہ مسواک کرتا ہوں ایک مسواک سے پھر آئے میرے پاس دو مرد کہ ایک اُن دونوں میں کا بڑا تھا دوسرے سے پھر دیا میں نے مسواک چھوٹے کو اُن دونوں میں تب کہا گیا مجھکو بڑے کو دے پھر دیا میں نے اسکو بڑے کو اُن دونوں میں سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا جَاءَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَطُّ اِلَّا اَمَرَنِيْ بِالسِّوَاكِ لَقَدْ خَشِيْتُ

× ق × اور روایت ہی ابی امامہ سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ آئے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام کبھی مگر حکم کیا مجھکو مسواک کا تحقیق ڈرا میں

اَنْ اُحْفِيَ مُقَدَّمَ فِيَّ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

اس سے کہ چھیل ڈالوں میں ساتھ اسکے اپنے منہہ کا اگلا حصہ روایت کیا اسکو احمد نے × اور روایت ہی انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہت بیان کیا میں نے تم پر مسواک کے مقدمہ میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہی

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَنُّ وَعِنْدَهٗ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْاٰخَرِ فَاُوْحِيَ اِلَيْهِ فِيْ فَضْلِ السِّوَاكِ اَنْ كَبِّرْ

حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے اور نزدیک اُن کے دو شخص تھے ایک اُن دونوں میں کا بڑا تھا دوسرے سے پھر وحی کی گئی انکی طرف بزرگی میں مسواک کی یہہ کہ

اَعْطِ السِّوَاكَ اَكْبَرَهُمَا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفْضُلُ الصَّلٰوةُ الَّتِيْ يُسْتَاكُ لَهَا عَلَى الصَّلٰوةِ

دے تو مسواک دونوں میں سے بڑے کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے × اور روایت ہی انھیں سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بزرگی رکھتی ہی وہ نماز کہ جسکے واسطے مسواک کی جاتی ہی اس نماز پر

الَّتِيْ لَا يُسْتَاكُ لَهَا سَبْعِيْنَ ضِعْفًا رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

کہ نہیں مسواک کی جاتی اسکے لئے ستر گونا روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں × اور روایت ہی ابی سلمہ سے اسنے روایت کیا زید ابن خالد جہنی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّلَاَخَّرْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ قَالَ فَكَانَ

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے اگر نہ مشکل جانتا میں اپنی امت پر بیشک حکم کرتا ان کو مسواک کرنے کا نزدیک ہر نماز کے اور بیشک تاخیر کرتا میں عشا کی نماز کی تہائی رات تک کہا ابو سلمہ نے پھر تھے

زيد بن خالد يشهد الصلوات في المسجد وسواكه على أذنه موضع القلم من أذن الكاتب لا يقوم إلى الصلوة إلا استن ثم رده

زید ابن خالد حاضر ہوتے نمازوں کو مسجد میں اور مسواک انکی اُن کے کان پر ہوتی جگہ قلم کے لکھنے والے کے کان پر نہ کھڑے ہوتے نماز کے واسطے مگر مسواک کرتے پھر رکھ دیتے

إلى موضعه رواه الترمذي وأبو داود إلا أنه لم يذكر ولأخرت صلوة العشاء إلى ثلث الليل وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح

اسکی جگہہ پر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے مگر ابوداؤد نے نہ ذکر کیا ولاخرت صلوة العشا الی ثلث اللیل اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے۔

باب سنن الوضوء

الفصل الأول

عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استيقظ أحدكم من نومه فلا يغمسن يده في الإناء حتى يغسلها ثلثا فإنه لا يدري أين باتت يده متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استيقظ

یہہ باب ہے بیان میں سنتیں وضو کے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت جاگے کوی تم میں کا اپنی نیند سے پھر نہ ڈبوئے اپنا ہاتھ باسن میں یہاں تک کہ دھو اسکو تین بار پھر تحقیق وہ نہیں جانتا ہے کہاں رات گذاری اسکے ہاتھ نے۔ ق۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت

أحدكم من منامه فتوضأ فليستنثر ثلثا فإن الشيطان يبيت على خيشومه متفق عليه وقيل لعبد الله بن زيد بن عاصم كيف كان

کوی تم میں کا اپنی نیند سے پھر وضو کرے تو چاہئے کہ ناک جھاڑے تین بار پھر تحقیق شیطان رات گذارتا ہے اسکے ناک کے بانسے پر۔ ق۔ اور کہا گیا عبداللہ ابن زید ابن عاصم سے کیونکر تھے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ فدعا بوضوء فأفرغ على يديه فغسل يديه مرتين مرتين ثم مضمض واستنثر ثلثا ثم غسل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تب منگوایا پانی وضو کا پھر ڈالا اپنے دونوں ہاتھوں پر اور دھویا اپنے دونوں ہاتھ دو دوبار پھر کلی کیا اور ناک جھاڑی تین بار پھر دھویا

وجهه ثلثا ثم غسل يديه مرتين مرتين إلى المرفقين ثم مسح رأسه بيديه فأقبل بهما وأدبر بدأ بمقدم رأسه ثم ذهب

اپنا منہہ تین بار پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ دو دو بار کہنیوں تک پھر مسح کیا اپنے سر کو اپنے دونوں ہاتھ سے پھر آگے سے پیچھے کو لے گئے دونوں ہاتھوں کو اور پیچھے سے آگے کو لائے شروع کیا منہہ سے

بهما إلى قفاه ثم ردهما حتى رجع إلى المكان الذي بدأ منه ثم غسل رجليه رواه مالك والنسائي ولأبي داود نحوه ذكره صاحب

دونوں ہاتھوں کو گدی تک پھر پھیر لائے دونوں ہاتھوں کو یہاں تک کہ پھر آئے اس جگہہ تک شروع کیا تھا وہاں سے پھر دھویا دونوں پاؤں۔ روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے اور ابوداؤد کی روایت اسی طرح ہے ذکر کیا اسکو صاحب

الجامع وفي المتفق عليه قيل لعبد الله بن زيد بن عاصم توضأ لنا وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم فدعا بإناء فأكفأ

جامع الاصول نے اور بخاری مسلم کی روایت میں یوں ہے کہ کہا گیا عبداللہ ابن زید ابن عاصم سے وضو کرو ہمارے واسطے۔ وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر منگوایا باسن پانی کا پھر ڈالا

منه على يديه فغسلهما ثلثا ثم أدخل يده فاستخرجها فمضمض واستنشق من كف واحدة ففعل ذلك ثلثا ثم أدخل

اس سے پانی اپنے دونوں ہاتھوں پر اور دھویا انکو تین بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ۔ ف۔ پھر نکالا اسکو اور کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک ہی چلو سے پھر کیا یہہ تین بار پھر ڈالا

يده فاستخرجها فغسل وجهه ثلثا ثم أدخل يده فاستخرجها فغسل يديه إلى المرفقين مرتين مرتين ثم أدخل يده فاستخرجها

اپنا ہاتھ پھر نکالا اسکو اور دھویا اپنا منہہ تین بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ اور نکالا اسکو پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دو دو بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ اور نکالا اسکو

فمسح برأسه فأقبل بيديه وأدبر ثم غسل رجليه إلى الكعبين ثم قال هكذا كان وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي رواية

پھر مسح کیا اپنے سر کا آگے سے پیچھے کو لے گئے دونوں ہاتھ اپنے اور پیچھے سے آگے لائے پھر دھویا دونوں پاؤں ٹخنوں تک بعد اسکے کہا اسیطرح تھا وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ایک روایت

فأقبل بهما وأدبر بدأ بمقدم رأسه ثم ذهب بهما إلى قفاه ثم ردهما حتى رجع إلى المكان الذي بدأ منه ثم غسل رجليه وفي

میں یوں ہے کہ آگے سے پیچھے لے گئے دونوں ہاتھ اور پیچھے سے آگے لائے شروع کیا سامنے سے اپنے سر کے پھر لے گئے دونوں ہاتھ گدی تک پھر پھیر لائے انکو یہاں تک کہ پھر آئے اس مکان تک کہ جہاں سے شروع کیا پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں اور ایک

رواية فمضمض واستنشق واستنثر ثلثا بثلث غرفات من ماء وفي أخرى فمضمض واستنشق من كفة واحدة ففعل

روایت میں یوں ہے پھر کلی کیا اور ناک میں پانی دیا اور ناک جھاڑی تین بار تین چلو پانی سے اور دوسری روایت میں پھر کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک ہی چلو پانی سے پھر کیا

ذٰلِكَ ثَلٰثًا وَفِي رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهٗ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ مَرَّةً ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ وَفِي أُخْرٰى لَهٗ فَمَضْمَضَ

یہہ تین بار اور ایک روایت میں بخاری کی پھر مسح کیا اپنے سر کا اور آگے سے پیچھے لے گئے دونو ہاتھ اور پیچھے سے آگے لائے ایک بار پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک اور بخاری کی دوسری روایت

وَاسْتَنْثَرَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مِّنْ غَرْفَةٍ وَّاحِدَةٍ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ تَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور ناک جھاڑی تین بار ایک چلو پانی سے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے رضی اللہ عنہما سے کہا کہ وضو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَرَّةً مَّرَّةً لَّمْ يَزِدْ عَلٰى هٰذَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

وسلم نے ایک ایک بار نہ زیادہ کیا اسپر روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا دو دو بار روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْ عُثْمَانَ أَنَّهٗ تَوَضَّأَ بِالْمَقَاعِدِ فَقَالَ أَلَا أُرِيْكُمْ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ ثَلٰثًا ثَلٰثًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

اور روایت ہے حضرت عثمان سے تحقیق انھوں نے وضو کیا مقاعد میں اور کہا کہ کیا نہ دکھلاؤں میں تمکو وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر وضو کیا تین تین بار مقاعد ایک مسجد ہے روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَجَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَّكَّةَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِمَاءٍ فِي الطَّرِيْقِ تَعَجَّلَ قَوْمٌ عِنْدَ

عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ پھرے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے سے مدینے کی طرف یہانتک کہ جب پہنچے ہم پانی پر جو راہ پر تھا جلدی کی ایک گروہ نے نزدیک

الْعَصْرِ فَتَوَضَّئُوْا وَهُمْ عُجَّالٌ فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِمْ وَأَعْقَابُهُمْ تَلُوْحُ لَمْ يَمَسَّهَا الْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِّلْأَعْقَابِ

عصر کے پھر وضو کیا اور وہ لوگ جلدی کرنے والے تھے پھر پہنچے ہم اُنکے پاس اور ایڑیاں انکی چمکتی تھیں نہ پہنچا تھا انکو پانی تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب ہے ان ایڑیوں کے لیے

مِنَ النَّارِ أَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ فَمَسَحَ بِنَاصِيَتِهٖ وَعَلَى

آگ سے پورا کرو وضو کو ٭ روایت کی اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے مغیرہ ابن شعبہ سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر مسح کیا اپنی پیشانی اور

الْعِمَامَةِ وَعَلَى الْخُفَّيْنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِي شَأْنِهٖ كُلِّهٖ فِي

پگڑی پر اور موزوں پر روایت کی اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے داہنے طرف سے شروع کرنا جسقدر سکتے اپنے سب کاموں میں

طُهُوْرِهٖ وَتَرَجُّلِهٖ وَتَنَعُّلِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا

اپنی طہارت میں اور کنگھی کرنے میں اور اپنے جوتا پہننے میں ٭ ق ٭ فصل دوسری ٭ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

لَبِسْتُمْ وَإِذَا تَوَضَّأْتُمْ فَابْدَءُوْا بِأَيَامِنِكُمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا

پہنو تم ٭ ق ٭ اور جب وضو کرو تم تو شروع کرو اپنے داہنی طرف سے ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے سعید ابن زید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں

وُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ

وضو اس شخص کے واسطے کہ نہ نام لیا اللہ کا اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ابو ہریرہ سے اور دارمی نے ابو سعید خدری سے انھوں نے

عَنْ أَبِيْهِ وَزَادُوْا فِيْ أَوَّلِهٖ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهٗ وَعَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ

اپنے باپ سے اور زیادہ کیا سب نے ٭ ت ٭ اس حدیث کے اول میں نہیں ہے نماز اس شخص کے واسطے کہ جسکو وضو نہیں ٭ اور روایت ہے لقیط ابن صبرہ سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ خبر دو مجھکو وضو کی

قَالَ أَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَخَلِّلْ بَيْنَ الْأَصَابِعِ وَبَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوٰى

فرمایا پورا کرو وضو کو اور خلال کر انگلیوں کے درمیان اور خوب پہنچا ناک میں پانی مگر یہہ کہ ہو تو روزہ دار ٭ ت ٭ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا

ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ إِلٰى قَوْلِهٖ بَيْنَ الْأَصَابِعِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأْتَ فَخَلِّلْ أَصَابِعَ يَدَيْكَ

ابن ماجہ اور دارمی نے قول بین الاصابع تک ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وضو کرے تو تو خلال کر انگلیوں میں اپنے دونوں

وبين حليتك رواه الترمذي وروى ابن ماجه نحوه وقال الترمذي هذا حديث غريب • وعن المستورد بن شداد قال رأيت رسول الله

اور پاؤں کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے ایسا ہی اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے • اور روایت ہے مستورد ابن شداد سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إذا توضأ يدلك أصابع رجليه بخنصره رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه • وعن أنس قال كان رسول الله صلى

صلی اللہ علیہ وسلم کو جس وقت کہ وضو کرتے ملتے انگلیاں اپنے دونوں پاؤں کی اپنی چنگلیے سے روایت کی اسکو ترمذی نے اور ابوداؤد اور ابن ماجہ • اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم إذا توضأ أخذ كفا من ماء فأدخله تحت حنكه فخلل به لحيته وقال هكذا أمرني ربي رواه أبو داود • وعن عثمان

اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے لیتے ایک چلو پانی پھر ڈالتے اسکو اپنی ٹھوڑی کے نیچے پھر خلال کرتے اسی سے اپنی داڑھی کو اور فرمایا اسی طرح حکم کیا مجھکو میرے رب نے • روایت کی اسکو ابوداؤد نے

أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يخلل لحيته رواه الترمذي والدارمي • وعن أبي حية قال رأيت عليا توضأ فغسل كفيه حتى

تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے خلال کرتے اپنی داڑھی کا روایت کی اسکو ترمذی اور دارمی نے • اور روایت ہے ابی حیہ سے کہا کہ دیکھا میں نے حضرت علی کو وضو کیا پھر دھویا اپنی دونوں ہتھیلیاں یہاں تک

أنقاهما ثم مضمض ثلاثا واستنشق ثلاثا وغسل وجهه ثلاثا وذراعيه ثلاثا ومسح برأسه مرة ثم غسل قدميه إلى الكعبين ثم

پاک کیا دونوں کو پھر کلی کی تین بار اور ناک میں پانی دیا تین بار اور دھویا اپنا منہہ تین بار اور اپنے دونوں ہاتھ تین بار اور مسح کیا اپنے سر کا ایک بار پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک پھر

قام فأخذ فضل طهوره فشربه وهو قائم ثم قال أحببت أن أريكم كيف كان طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه الترمذي

کھڑے ہوئے لیا بچا پانی اپنے وضو کا پھر پیا اسکو کھڑے ہوکے پھر فرمایا کہ دوست رکھا میں نے یہہ کہ دکھلاؤں تمکو کس طرح تھا وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا روایت کیا اسکو ترمذی

والنسائي • وعن عبد خير قال نحن جلوس ننظر إلى علي حين توضأ فأدخل يده اليمنى فملأ فمه فمضمض واستنشق ونثر

اور نسائی نے • اور روایت ہے عبد خیر سے کہا کہ ہم تھے بیٹھے ہوئے دیکھتے حضرت علی کی طرف جس وقت کہ وضو کرتے تھے پھر ڈالا اپنا داہنا ہاتھ ... پھر بھرا اپنا منہہ اور کلی کیا اور ناک میں پانی دیا اور جھاڑا

بيده اليسرى فعل هذا ثلاث مرات ثم قال من سره أن ينظر إلى طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم فهذا طهوره رواه

اپنے بائیں ہاتھ سے کیا یہہ تین بار پھر کہا جو شخص کہ خوش کرے اسکو دیکھنا طرف وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس تو یہہ ہی وضو حضرت کا روایت کیا اسکو

الدارمي • وعن عبد الله بن زيد قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم مضمض واستنشق من كف واحد فعل ذلك

دارمی نے • اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے کہ کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک چلو سے کیا یہہ

ثلاثا رواه أبو داود والترمذي • وعن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم مسح برأسه وأذنيه باطنهما بالسباحتين وظاهرهما

تین بار روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے • اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا اپنے سر کا اور اپنے دونوں کانوں کا اندر انکے دونوں کلمے کی انگلیوں سے

بإبهاميه رواه النسائي • وعن الربيع بنت معوذ أنها رأت النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ قالت فمسح رأسه ما أقبل

اپنے دونوں انگوٹھوں سے روایت کیا اسکو نسائی نے • اور روایت ہے ربیع بنت معوذ سے کہ اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے تھے اسنے کہا پھر مسح کیا اپنے سر کا جو کچھ کہ سامنے

منه وما أدبر وصدغيه وأذنيه مرة واحدة وفي رواية أنه توضأ فأدخل إصبعيه في جحري أذنيه رواه أبو داود

تھے اور جو پیچھے اور اپنی دونوں کنپٹی اور اپنے دونوں کانوں کو ایک بار اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت نے وضو کیا پھر ڈالا اپنی دونوں انگلیاں دونوں سوراخ میں اپنے دونوں کانوں کے روایت کیا

وروى الترمذي الرواية الأولى وأحمد وابن ماجه الثانية • وعن عبد الله بن زيد أنه رأى النبي صلى الله عليه وسلم توضأ

روایت کیا ترمذی نے روایت پہلی اور احمد اور ابن ماجہ نے دوسری • اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے بیشک اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وضو کیا

وأنه مسح رأسه بماء غير فضل يديه رواه الترمذي ورواه مسلم مع زوائد • وعن أبي أمامة ذكر وضوء رسول الله

اور بیشک حضرت نے مسح کیا اپنے سر کو پانی سے جو نتھا بچاہوا انکے دونوں ہاتھ کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو مسلم نے ساتھ زیادتی کے • اور روایت ہے ابی امامہ سے ذکر کیا وضو رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال وكان يمسح الماقين وقال الاذنان من الراس رواه ابن ماجه وابو داؤد والترمذي وذكرا قال حماد
صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا اور تھے حضرت مسح کرتے آنکھوں کے کونوں کو اور فرمایا دونوں کان بھی سر میں داخل ہیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ابو داؤد اور ترمذی نے اور دونوں نے کیا ہے کہ کہا حماد نے

لا ادري الاذنان من الراس من قول ابي امامة ام من قول رسول الله صلى الله عليه وسلم وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده
نہیں جانتا ہوں الاذنان من الراس قول ابی امامہ کا ہے یا فرمایا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے × اور روایت ہے عمرو ابن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اسنے دادا سے

قال جاء اعرابي الى النبي صلى الله عليه وسلم يساله عن الوضوء فاراه ثلثا ثلثا ثم قال هكذا الوضوء فمن زاد على هذا فقد اساء
کہا کہ آیا ایک گنوار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پوچھتا تھا حضرت سے وضو کا حال تب دکھلایا اسکو تین تین بار × پھر بعد اسکے فرمایا اسیطرح ہے وضو پھر جس شخص نے زیادہ کیا

وتعدى وظلم رواه النسائي وابن ماجه وروى ابو داؤد معناه وعن عبد الله بن المغفل انه سمع ابنه يقول اللهم اني اسالك
اور حد سے گذرا اور ظلم کیا روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابو داؤد نے معنے اسکے × اور روایت ہے عبد اللہ ابن مغفل سے کہ بیشک اُسنے سنا اپنے بیٹے کو وہ کہتا تھا یا الٰہی تحقیق

القصر الابيض عن يمين الجنة قال اي بني سل الله الجنة وتعوذ به من النار فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انه
محل سفید داہنی طرف بہشت کے کہا اے میرے بچے مانگ اللہ سے بہشت اور پناہ پکڑ ساتھ اسکے دوزخ سے پھر بیشک میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق

سيكون في هذه الامة قوم يعتدون في الطهور والدعاء رواه احمد وابو داؤد وابن ماجه وعن ابي بن كعب عن النبي
قریب ہے کہ ہوویگے اس امت میں ایک قوم کہ حد سے گذر جاوینگے طہارت اور دعا مانگنے میں × روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے × اور روایت ہے ابی ابن کعب سے اسنے نقل کیا نبی

صلى الله عليه وسلم قال ان للوضوء شيطانا يقال له الولهان فاتقوا وسواس الماء رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا
صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بیشک وضو کے واسطے ایک شیطان ہے کہ کہا جاتا ہے اسکو ولہان × پھر بچو تم پانی کے وسوسوں سے × روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ

حديث غريب وليس اسناده بالقوي عند اهل الحديث لانا لا نعلم احدا اسنده غير خارجة وهو ليس بالقوي عند اصحابنا
حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکی قوی نزدیک اہل حدیث کے اسواسطے کہ ہم نہیں جانتے کسی کو کہ بیان کی ہو اس حدیث کی سند سوائے خارجہ کے اور وہ نہیں ہے قوی ہمارے محدثوں کے نزدیک

وعن معاذ بن جبل قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضا مسح وجهه بطرف ثوبه رواه الترمذي وعن عائشة
اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب وضو کرتے پونچھتے اپنا منہہ اپنے کپڑے کے کونے سے × روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے

قالت كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم خرقة ينشف بها اعضاءه بعد الوضوء رواه الترمذي وقال هذا حديث ليس
کہا کہ تھا واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک کپڑا کہ پونچھتے تھے اُس سے عضو اپنے بعد وضو کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں ہے

بالقائم وابو معاذ الراوي ضعيف عند اهل الحديث

الفصل الثالث

عن ثابت بن ابي صفية قال قلت لابي جعفر
قوی اور ابو معاذ راوی اس حدیث کا ضعیف ہے نزدیک اہل حدیث کے × فصل تیسری × روایت ہے ثابت ابن صفیہ سے کہا کہ کہا میں نے ابی جعفر کو

هو محمد الباقر حدثك جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم توضا مرة مرة ومرتين مرتين وثلثا ثلثا قال نعم رواه الترمذي وابن ماجه
جو امام محمد باقر ہیں کیا خبر دیا ہے تم کو جابر نے یہہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا ایک ایک بار اور دو دو بار اور تین تین بار فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وعن عبد الله بن زيد قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم توضا مرتين مرتين وقال هو نور على نور وعن عثمان رضي الله
اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا دو دو بار اور فرمایا وہ نور پر نور ہے × ف × اور روایت ہے عثمان رضی اللہ

عنه قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم توضا ثلثا ثلثا وقال هذا وضوئي ووضوء الانبياء قبلي ووضوء ابراهيم عليه السلام
عنہ سے کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تین تین بار اور فرمایا یہہ وضو میرا ہے اور وضو نبیوں کا جو مجھ سے پہلے تھے اور وضو ابراہیم علیہ السلام کا

رواهما رزين والنووي ضعّف الثاني في شرح مسلم ۞ وعن أنس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ لكل صلوة وكان أحدنا

روایت کیا دونوں حدیثوں کو رزین نے اور نووی نے ضعیف کہا دوسری حدیث کو شرح مسلم میں ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ہر نماز کے واسطے اور تھا کوئی ہم

يكفيه الوضوء ما لم يحدث رواه الدارمي ۞ وعن محمد بن يحيى بن حبان قال قلت لعبيد الله بن عبد الله بن عمر أرأيت وضوء

کو کفایت کرتا تھا اسکو وضو جب تک کہ حدث کرتا ۔ روایت کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے محمد ابن یحیی ابن حبان سے کہا کہ کہا میں نے عبید اللہ بیٹے عبد اللہ ابن عمر کو خبر دے مجھکو وضو

عبد الله بن عمر لكل صلوة طاهرا كان أو غير طاهر عمّن أخذه فقال حدثته أسماء بنت زيد بن الخطاب أن عبد الله بن حنظلة بن

عبد اللہ ابن عمر کی ۔ ہر نماز کے واسطے ۔ باوضو ہوتے یا بے وضو کس سے لیا ہے اسکو تب کہا خبر دیا ابن عمر کو اسماء بنت زید ابن خطاب نے ۔ کہ عبد اللہ ابن حنظلہ ابن

أبي عامر الغسيل حدثها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان أمر بالوضوء لكل صلوة طاهرا كان أو غير طاهر فلما شق

ابی عامر غسیل نے خبر دیا اسماء کو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے حکم کئے گئے ساتھ وضو کے واسطے ہر نماز کے باوضو ہوتے یا بے وضو پھر جب مشکل ہوا

ذلك على رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر بالسواك عند كل صلوة ووضع عنه الوضوء إلا من حدث قال فكان عبد الله

یہہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حکم کئے گئے مسواک کرنیکا نزدیک ہر نماز کے اور موقوف کیا گیا انسے وضو کرنا ۔ مگر وضو ٹوٹنے سے ۔ کہا پھر عبد اللہ نے

يرى أن به قوة على ذلك ففعله حتى مات رواه أحمد ۞ وعن عبد الله بن عمرو بن العاص أن النبي صلى الله عليه وسلم

اعتقاد کرتے کہ مجھکو بھی قوت اس پر ہے ۔ پھر کیا اسکو یہاں تک کہ وفات کی ۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

مرّ بسعد وهو يتوضأ فقال ما هذا السرف يا سعد قال أفي الوضوء سرف قال نعم وإن كنت على نهر جار رواه أحمد

گذرے سعد پاس اور وہ وضو کرتے تھے ۔ تب فرمایا کیا ہے یہہ اسراف کرنا اے سعد عرض کیا کیا وضو میں بھی اسراف ہے فرمایا ہاں اگرچہ ہو تو بہتی ندی پر ۔ روایت کیا اسکو احمد

وابن ماجه ۞ وعن أبي هريرة وابن مسعود وابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من توضأ وذكر اسم الله فإنه

اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن مسعود اور ابن عمر سے انہوں نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جس نے وضو کیا اور یاد کیا نام اللہ کا پھر تحقیق

يطهر جسده كله ومن توضأ ولم يذكر اسم الله لم يطهر إلا موضع الوضوء ۞ وعن أبي رافع قال كان رسول الله صلى

پاک کرتا ہے اپنے تمام بدن کو اور جسنے وضو کیا اور نہ یاد کیا نام اللہ کا اسنے نہ پاک کیا مگر وضو کے بدن کو ۔ اور روایت ہے ابو رافع سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم إذا توضأ وضوء الصلوة حرّك خاتمه في إصبعه رواهما الدارقطني وروى ابن ماجه الأخير

اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے وضو نماز کا ہلاتے انگوٹھی اپنی انگلیوں میں ۔ روایت کیا دونوں حدیث کو دارقطنی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اخیر کو ۔

باب الغسل — الفصل الأول

یہہ باب ہے غسل کے ۔ فصل پہلی

عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جلس أحدكم بين شعبها الأربع ثم جهدها فقد وجب الغسل

روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بیٹھا کوئی تم میں کا عورت کی چار شاخوں کے بیچ میں پھر محنت کی تو تحقیق واجب ہوا غسل

وإن لم ينزل متفق عليه ۞ وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنما الماء من الماء رواه مسلم قال الشيخ الإمام

اگرچہ منی نہ نکلی ہو ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں واجب ہوتا پانی مگر پانی سے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے کہا شیخ امام

محيي السنة رحمه الله هذا منسوخ وقال ابن عباس إنما الماء من الماء في الاحتلام رواه الترمذي ولم أجده في الصحيحين ۞ وعن

محی السنہ رحمہ اللہ نے یہہ منسوخ ہے کہا ابن عباس نے کہ انما الماء من الماء بیان میں احتلام کے ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نہیں پایا میں نے صحیحین میں ۔ اور روایت

أم سلمة قالت قالت أم سليم يا رسول الله إن الله لا يستحيي من الحق فهل على المرأة من غسل إذا احتلمت قال نعم إذا رأت الماء

ام سلمہ سے کہا کہ کہا ام سلیم نے یا رسول اللہ تحقیق اللہ نہیں شرماتا حق سے پھر بھلا ہے عورت پر غسل جب کہ خواب دیکھے ۔ فرمایا ہاں جب دیکھے پانی ۔

فغطت ام سلمة وجهها وقالت يا رسول الله او تحتلم المرأة قال نعم تربت يمينك فبم يشبهها ولدها متفق عليه وزاد

پھر ڈھانک لیا ام سلمہ نے اپنا منہ اور کہا یا رسول اللہ کیا خواب دیکھتی ہے عورت بھی فرمایا ہاں خاک آلودہ ہو تیرا داہنا ہاتھ پھر کس سبب سے مشابہ ہوتا ہے بچہ اسکا ف ق اور زیادہ کیا

مسلم برواية ام سليم ان ماء الرجل غليظ ابيض وماء المرأة رقيق اصفر فمن ايهما علا او سبق يكون منه الشبه

مسلم نے ام سلیم کی روایت سے یہ کہ تحقیق منی مرد کی گاڑھی ہوتی ہے سفید اور منی عورت کی پتلی ہوتی ہے زرد پھر جو ان دونوں پانی سے اوپر پڑے یا پہلے رحم میں پڑے ہوتا ہے بچہ اسی کے

وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اغتسل من الجنابة بدأ فغسل يديه ثم يتوضأ كما يتوضأ للصلوة

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل کرتے جنابت کا شروع کرتے پھر دھوتے اپنے دونوں ہاتھ اور وضو کرتے جیسے وضو کرتے تھے نماز کے لئے

ثم يدخل اصابعه في الماء فيخلل بها اصول شعره ثم يصب على رأسه ثلث غرفات بيديه ثم يفيض الماء على جلده

پھر ڈالتے اپنی انگلیاں پانی میں اور خلال کرتے ان سے اپنے بالوں کی جڑوں کو پھر ڈالتے اپنے سر میں تین چلو اپنے دونوں ہاتھ سے پھر جاری کرتے پانی اپنے تمام بدن پر

كله متفق عليه وفي رواية لمسلم يبدأ فيغسل يديه قبل ان يدخلهما الاناء ثم يفرغ بيمينه على شماله فيغسل فرجه ثم

ق اور ایک روایت میں مسلم کی شروع کرتے پھر دھوتے اپنے دونوں ہاتھ پہلے اس سے کہ ڈالیں انکو باسن میں پھر ڈالتے اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر اور دھوتے اپنی شرمگاہ کو پھر

يتوضأ وعن ابن عباس قال قالت ميمونة وضعت للنبي صلى الله عليه وسلم غسلا فسترته بثوب وصب على يديه

وضو کرتے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ کہا حضرت میمونہ نے رکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے پانی غسل کا پھر پردہ کیا میں نے انکا ایک کپڑے سے اور پانی ڈالا اپنے دونوں ہاتھ پر

فغسلهما ثم صب بيمينه على شماله فغسل فرجه فضرب بيده الارض فمسحها ثم غسلها فمضمض

اور دھویا ان کو پھر پانی ڈالا اپنے دونوں ہاتھ پر اور دھویا انکو پھر پانی ڈالا اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر اور دھویا اپنی شرمگاہ کو پھر مارا اپنا ہاتھ زمین پر اور ملا اسکو پھر دھویا اسکو پھر کلی کی

واستنشق وغسل وجهه وذراعيه ثم صب على رأسه وافاض على جسده ثم تنحى فغسل قدميه فناولته ثوبا فلم يأخذه فانطلق

اور ناک میں پانی دیا اور دھویا اپنا منہ اور دونوں ہاتھ اپنے پھر پانی ڈالا اپنے سر پر اور بہایا پانی اپنے بدن پر پھر کنارے ہوئے اور دھویا دونوں پاؤں پھر دیا میں نے انکو کپڑا اپس نہ لیا اسکو اور چلے

وهو ينفض يديه متفق عليه ولفظه للبخاري وعن عائشة قالت ان امرأة من الانصار سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن غسلها

حضرت جھاڑتے ہوئے دونوں ہاتھ اپنے ق اور لفظ اسکا بخاری کا ہے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق ایک عورت نے انصار میں سے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طرح غسل کرنے اپنے کی

من الحيض فامرها كيف تغتسل ثم قال خذي فرصة من مسك فتطهري بها قالت كيف اتطهر بها فقال تطهري بها قالت كيف

حیض سے پھر حکم کیا اسکو کہ کسطرح غسل کرے پھر فرمایا لے تو ایک ٹکڑا مشک سے پھر پاک ہو تو ساتھ اسکے کہا کسطرح پاک ہوؤں میں ساتھ اسکے پھر فرمایا پاک ہو تو ساتھ اسکے کہا کسطرح

اتطهر بها قال سبحان الله تطهري بها فاجتبذتها الى فقلت تتبعي بها اثر الدم متفق عليه وعن ام سلمة قالت قلت يا

پاک ہوں میں ساتھ اسکے فرمایا سبحان اللہ پاک ہو تو ساتھ اسکے پھر کھینچ لیا میں نے اسکو اپنی طرف اور کہا میں نے پونچھ تو ساتھ اسکے نشان خون کا ق اور روایت ہے حضرت ام سلمہ سے کہا کہا میں نے یا

رسول الله اني امرأة اشد ضفر رأسي افانقضه لغسل الجنابة فقال لا انما يكفيك ان تحثي على رأسك ثلث حثيات

رسول اللہ تحقیق میں ایک عورت ہوں کہ مضبوط باندھتی ہوں چوٹیاں اپنے سر کی کیا کھولوں میں انکو غسل جنابت کے لئے فرمایا نہیں سوا اسکے نہیں کہ کفایت کرتا ہے تجھکو یہ کہ ڈالے پانی تو اپنے سر پر تین لپیں

ثم تفيضين عليك الماء فتطهرين رواه مسلم وعن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ بالمد ويغتسل بالصاع الى

پھر بہادے تو اپنے اوپر پانی اور پاک ہو تو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ایک مد پانی سے اور غسل کرتے ایک صاع پانی سے

خمسة امداد متفق عليه وعن معاذة قالت قالت عائشة كنت اغتسل انا ورسول الله من اناء واحد بيني وبينه فيبادرني

پانچ مد تک ق اور روایت ہے معاذہ سے کہا کہ کہا حضرت عائشہ نے تھی میں غسل کرتی اور رسول اللہ ایک ہی باسن سے کہ میرے اور حضرت کے درمیان ہوتا پھر جلدی کرتے مجھ سے

حتى أقول دع لي دع لي قالت وهما جنبان متفق عليه ❊ الفصل الثاني ❊ عن عائشة قالت سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن

یہاں تک کہتی میں چھوڑ دیجئے میرے واسطے چھوڑ دیجئے میرے واسطے کہا عائشہ نے اور دونوں جنبی تھے ❊ فصل دوسری ❊ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حال سے

الرجل يجد البلل ولا يذكر احتلاما قال يغتسل وعن الرجل الذي يرى أنه قد احتلم ولا يجد بللا قال لا غسل عليه فقالت أم سليم هل

ایک شخص کے کہ پاوے تری اور نہ یاد رکھتا ہو خواب فرمایا غسل کرے اور حال اس شخص کے کہ جانتا ہے کہ تحقیق اسنے خواب دیکھا اور نہیں پاتا تری فرمایا نہیں غسل اوپر اسکے کہا ام سلیم نے کیا

على المرأة ترى ذلك غسل قال نعم إن النساء شقائق الرجال رواه الترمذي وأبو داود وروى الدارمي وابن ماجة إلى قوله لا غسل

عورت پر بھی غسل ہے کہ دیکھے اس طرح فرمایا ہاں تحقیق عورتیں بھی مانند مردوں کے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا دارمی اور ابن ماجہ نے لا غسل

عليه وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جاوز الختان الختان وجب الغسل فعلته أنا ورسول الله صلى الله عليه

علیہ تک ❊ اور روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اندر گیا ختان ختان میں واجب ہوا غسل ❊ کیا اسکو میں نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم فاغتسلنا رواه الترمذي وابن ماجة وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحت كل شعرة جنابة فاغسلوا

وسلم نے پھر ہم دونوں نہائے ❊ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ❊ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نیچے ہر بال کے جنابت ہے پھر دھوؤ تم

الشعر وأنقوا البشرة رواه أبو داود والترمذي وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث غريب والحارث بن وجيه الراوي وهو شيخ ليس بذلك

بالوں کو اور پاک کرو بدن کو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور حارث ابن وجیہ راوی اس حدیث کا وہ بڈھا ہے سبب بڈھاپے کے اسکو خوب یاد نہیں

وعن علي رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك موضع شعرة من جنابة لم يغسلها فعل بها كذا وكذا من النار قال علي فمن

اور روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے چھوڑی جگہ ایک بال کی غسل جنابت میں کہ نہ دھویا اسکو کیا جاویگا سبب اسکے ایسا اور ایسا آگ سے کہا حضرت علی نے پھر

ثم عاديت رأسي ثلاثا رواه أبو داود وأحمد والدارمي إلا أنهما لم يكررا فمن ثم عاديت رأسي وعن عائشة قالت كان النبي

اس سبب سے دشمن رکھا میں نے اپنے سر کے بال کو فرمایا اسکو تین بار روایت کیا اسکو ابو داؤد اور احمد اور دارمی نے مگر ان دونوں نے بار بار نہ روایت کیا فمن ثم عادیت راسی ❊ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی

صلى الله عليه وسلم لا يتوضأ بعد الغسل رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجة وعنها قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم نہ وضو کرتے بعد غسل کے ❊ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ❊ اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يغسل رأسه بالخطمي وهو جنب يجتزئ بذلك ولا يصب عليه الماء رواه أبو داود وعن يعلى قال إن رسول الله صلى

دھوتے سر اپنا خطمی سے اور حال یہ کہ حضرت جنب ہوتے کفایت کرتے اسی دھونے پر اور نہ ڈالتے سر پر پانی دوسرا ❊ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ❊ اور روایت ہے یعلیٰ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم رأى رجلا يغتسل بالبراز فصعد المنبر فحمد الله وأثنى عليه ثم قال إن الله حيي ستير يحب الحياء

اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو کہ غسل کرتا تھا میدان میں ❊ پھر چڑھے منبر پر پھر حمد کیا اللہ کا اور تعریف کی اسپر اور فرمایا تحقیق اللہ بہت حیا والا ہے بہت پردہ پوش ہے دوست رکھتا ہے حیا

والستر فإذا اغتسل أحدكم فليستتر رواه أبو داود والنسائي وفي روايته قال إن الله ستير فإذا أراد أحدكم أن يغتسل

اور پردے کو پھر جب غسل کرے کوئی تم میں کا پھر چاہئے کہ پردہ کرے ❊ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور ایک روایت میں نسائی کی یوں ہے کہا تحقیق اللہ بہت پردہ پوش ہے پھر جب ارادہ کرے کوئی تم میں کا غسل کا

فليتوار بشيء ❊ الفصل الثالث ❊ عن أبي بن كعب قال إنما كان الماء من الماء رخصة في أول الإسلام ثم نهي

پھر چاہئے کہ پردہ کر لے کسی چیز سے ❊ فصل تیسری ❊ روایت ہے ابی ابن کعب سے کہا کہ سوا اسکے نہیں ہے کہ تھا غسل واجب جب ہو منی نکلے رخصت اول اسلام میں تھی پھر منع کیا گیا

عنها رواه الترمذي وأبو داود والدارمي وعن علي قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إني اغتسلت

اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے ❊ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ میں نے غسل کیا

مِنَ الْجَنَابَةِ وَصَلَّيْتُ الْفَجْرَ فَرَأَيْتُ قَدْرَ مَوْضِعِ الظُّفْرِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتَ مَسَحْتَ عَلَيْهِ بِيَدِكَ

جنابت سے اور نماز پڑھی فجر کی پھر دیکھا ناخن کی جگہ برابر کہ نہیں پہنچا اسکو پانی تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا تو ملتا اسپر اپنا ہاتھ

أَجْزَأَكَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتِ الصَّلٰوةُ خَمْسِيْنَ وَالْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَغَسْلُ الْبَوْلِ مِنَ الثَّوْبِ سَبْعَ مَرَّاتٍ

کفایت کرتا تجھکو ف روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھی نماز فرض پچاس اور غسل جنابت سے سات بار اور دھونا پیشاب کا کپڑے سے سات بار

فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُ حَتّٰى جُعِلَتِ الصَّلٰوةُ خَمْسًا وَغُسْلُ الْجَنَابَةِ مَرَّةً وَغَسْلُ الثَّوْبِ مِنَ الْبَوْلِ مَرَّةً

پھر ہمیشہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوال کرتے یہانتک کہ مقرر کی گئی نماز پانچ اور غسل جنابت کا ایکبار اور دھونا کپڑے کا پیشاب لگنے سے ایک بار

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

بَابُ مُخَالَطَةِ الْجُنُبِ وَمَا يُبَاحُ لَهٗ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا

روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ یہ باب ہے بیان میں چھونے اور ملنے کے جنب کے اور وہ چیز کہ جائز ہے اسکے لئے فصل پہلی روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ ملاقات کی میری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تھا میں

جُنُبٌ فَأَخَذَ بِيَدِيْ فَمَشَيْتُ مَعَهٗ حَتّٰى قَعَدَ فَانْسَلَلْتُ فَأَتَيْتُ الرَّحْلَ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ قَاعِدٌ فَقَالَ أَيْنَ كُنْتَ يَا اَبَا هِرٍّ

جنب تھا پکڑ لیا میرا ہاتھ پھر چلا میں ان کے ساتھ یہانتک کہ بیٹھے پھر چپکے سے نکلا میں اور آیا مکان پر اور غسل کیا میں پھر آیا میں اور حضرت بیٹھے ہوئے تھے تب فرمایا کہاں تھا تو ای ابوہریرہ

فَقُلْتُ لَهٗ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ مَعْنَاهُ وَزَادَ بَعْدَ قَوْلِهٖ فَقُلْتُ لَهٗ لَقِيْتَنِيْ وَاَنَا

عرض کیا میں نے اسے اپنا حال تب فرمایا سبحان اللہ بیشک مومن نہیں ناپاک ہوتا ہے یہ لفظ بخاری کا ہے اور مسلم میں معنے اسکے ہیں اور زیادہ کیا مسلم نے بعد نقل اسکے یہ لفظ ملاقات کیا آپ نے مجھ سے اور میں

جُنُبٌ فَكَرِهْتُ اَنْ اُجَالِسَكَ حَتّٰى اَغْتَسِلَ وَكَذَا الْبُخَارِيُّ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ

جنب تھا پھر مکروہ جانا میں نے کہ بیٹھوں آپ کے پاس جب تک غسل نہ کروں اور ایسا ہی بخاری کی دوسری روایت میں زیادہ کیا ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ ذکر کیا عمر ابن خطاب نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ تُصِيْبُهُ الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ ثُمَّ نَمْ مُتَّفَقٌ

صلی اللہ علیہ وسلم سے تحقیق انکو پہنچی ہی جنابت رات کو تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کر اور دھو ڈال اپنے ذکر کو بعد اسکے سو رہ ۔ ق

عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ جُنُبًا فَاَرَادَ اَنْ يَّأْكُلَ اَوْ يَنَامَ تَوَضَّأَ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلٰوةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ہوتے جنب پھر ارادہ کرتے یہہ کہ کھاویں یا سووین وضو کرتے اپنا نماز کا سا وضو ۔ ق

وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ اَهْلَهٗ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يَّعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّأْ

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت آوے کوئی تم میں کا اپنی عورت پاس پھر ارادہ کرے پھر کرنے کا تو چاہئے

بَيْنَهُمَا وُضُوْءًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهٖ بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

دو جماع کے درمیان ایک وضو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر آتے اپنی عورتوں پر ایک ہی غسل سے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ اَحْيَانِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَحَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ سَنَذْكُرُهٗ فِيْ كِتَابِ

حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یاد کرتے اللہ کو اپنے سب وقت میں ۔ ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور حدیث ابن عباس کی ذکر کرینگے ہم کتاب

الْاَطْعِمَةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اغْتَسَلَ بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَفْنَةٍ

الاطعمہ میں ان شاء اللہ تعالی ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ غسل کیا بعضی بیبیوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک تغار میں

فَاَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَوَضَّأَ مِنْهُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ جُنُبًا فَقَالَ اِنَّ الْمَاءَ لَا يُجْنِبُ رَوَاهُ

پھر ارادہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ وضو کریں اس سے تب کہا کہ یا رسول اللہ بیشک تھی میں جنب پھر فرمایا کہ بیشک پانی نہیں جنب ہوتا روایت کیا اسکو ترمذی

وأبو داود وابن ماجه وروى الدارمي نحوه وفي شرح السنة عنه عن ميمونة بلفظ المصابيح وعن عائشة قالت كان

اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا دارمی نے اسیطرح اور شرح سنت میں ابن عباس سے روایت کیا اسنے میمونہ سے ساتھ لفظ مصابیح * اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يغتسل من الجنابة ثم يستدفئ بي قبل أن أغتسل رواه ابن ماجه وروى الترمذي نحوه وفي شرح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے جنابت سے پھر گرم کر دیا چاہتے مجھ سے قبل اسکے کہ غسل کروں میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا ترمذی نے اسی طرح اور شرح

السنة بلفظ المصابيح وعن علي قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يخرج من الخلاء فيقرئنا القرآن ويأكل معنا اللحم ولم

سنت میں ساتھ لفظ مصابیح کے * اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلتے پاخانے سے پھر پڑھاتے ہمکو قرآن اور کھاتے ہمارے ساتھ گوشت اور نہ

يكن يحجبه أو يحجزه عن القرآن شيء ليس الجنابة رواه أبو داود والنسائي وروى ابن ماجه نحوه وعن ابن عمر قال قال رسول

تھی منع کرتی انکو یا کہا باز رکھتی انکو قرآن پڑھنے سے کوئی چیز سوائے جنابت کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے مانند اسکے * اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم لا تقرأ الحائض ولا الجنب شيئا من القرآن رواه الترمذي وعن عائشة قالت قال رسول الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پڑھے حیض والی عورت اور نہ جنب کچھ قرآن میں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے * اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم وجهوا هذه البيوت عن المسجد فإني لا أحل المسجد لحائض ولا جنب رواه أبو داود وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیر دو ان گھروں کا مسجد سے پھر بیشک میں نہیں حلال کرتا مسجد کو حائض کے واسطے اور نہ جنب کے واسطے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے * اور

علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تدخل الملائكة بيتا فيه صورة ولا كلب ولا جنب رواه أبو داود

حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں آتے فرشتے اس گھر میں جس میں تصویر ہو اور نہ اس گھر میں جس میں کتا ہو اور نہ جس میں جنب ہو روایت کیا اسکو ابوداؤد

والنسائي وعن عمار بن ياسر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة لا تقربهم الملائكة جيفة الكافر والمتضمخ بالخلوق

اور نسائی نے * اور روایت ہے عمار ابن یاسر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں نزدیک ہوتے انکے فرشتے ایک مردہ کافر کا اور دوسرا وہ شخص کہ بہت

والجنب إلا أن يتوضأ رواه أبو داود وعن عبد الله بن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم أن في الكتاب الذي كتبه رسول الله

اور تیسرا جنب مگر یہ کہ وضو کرے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے * اور روایت ہے عبداللہ ابن ابی بکر ابن محمد ابن عمرو ابن حزم سے تحقیق اس خط میں جو لکھا تھا اسکو رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لعمرو بن حزم أن لا يمس القرآن إلا طاهر رواه مالك والدارقطني وعن نافع قال انطلقت مع ابن

صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو ابن حزم کے واسطے کہ نہ چھوئے قرآن کو مگر پاک شخص * روایت کیا اسکو مالک اور دارقطنی نے * اور روایت ہے نافع سے کہا کہ چلا میں ابن

عمر في حاجة فقضى ابن عمر حاجته وكان من حديثه يومئذ أن قال مر رجل في سكة من السكك فلقي رسول الله صلى

عمر کے ساتھ کسی کام کے واسطے پھر فراغت کیا ابن عمر اپنی حاجت سے اور تھی انکی حدیث سے اس دن یہ کہ گذرا ایک شخص ایک کوچہ میں کوچوں میں سے پھر ملاقات کیا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم وقد خرج من غائط أو بول فسلم عليه فلم يرد عليه حتى إذا كاد الرجل أن يتوارى في السكة ضرب رسول الله

اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق باہر آئے تھے حضرت پاخانے سے یا پیشاب کر کے پھر سلام کیا حضرت کو سو جواب نہ دیا حضرت نے اسکو یہاں تک جب قریب ہوا کہ وہ شخص چھپ جاوے کوچے میں مارا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم بيديه على الحائط ومسح بهما وجهه ثم ضرب ضربة أخرى فمسح ذراعيه ثم رد على الرجل السلام

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ دیوار پر اور مسح کیا دونوں ہاتھوں سے اپنا منہ پھر مارا دوسرا ضرب اور مسح کیا اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک پھر جواب دیا اس شخص کو سلام کا

وقال إنه لم يمنعني أن أرد عليك السلام إلا أني لم أكن على طهر رواه أبو داود وعن المهاجر بن قنفذ أنه أتى النبي

اور فرمایا کہ بیشک نہ منع کیا مجھکو جواب دینے تیرے سلام سے مگر یہ کہ نہ تھا میں طاہر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے * اور روایت ہے مہاجر ابن قنفذ سے یہ کہ وہ آیا نبی

صلی اللہ علیہ وسلم وھو یبول فسلم علیہ فلم یرد علیہ حتی توضأ ثم اعتذر الیہ وقال انی کرھت ان اذکر اللہ الا علی طھر

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور حضرت پیشاب کرتے تھے تب سلام کیا انکو پھر نہ جواب دیا حضرت نے اسکو یہاں تک کہ وضو کیا پھر بعد اسکے عذر کیا اس سے اور فرمایا کہ بیشک میں نے مکروہ رکھا ہے یاد کرنا اللہ کا مگر پاکی میں

رواہ ابو داؤد وروی النسائی الی قولہ حتی توضأ وقال فلما توضأ رد علیہ **الفصل الثالث** عن ام سلمۃ قالت کان

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا نسائی نے اس قول تک حتی توضأ اور کہا کہ پھر جب وضو کیا جواب دیا اسکے سلام کا * فصل تیسری * روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تھے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجنب ثم ینام ثم ینتبہ ثم ینام رواہ احمد وعن شعبۃ قال ان ابن عباس کان اذا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنب ہوتے پھر سوتے پھر جاگتے پھر سوتے روایت کیا اسکو احمد نے * اور روایت ہے شعبہ سے کہا کہ تحقیق ابن عباس تھے جب

اغتسل من الجنابۃ یفرغ بیدہ الیمنی علی یدہ الیسری سبع مرار ثم یغسل فرجہ فنسی مرۃ کم افرغ فسألنی فقلت لا ادری فقال لا

غسل کرتے جنابت سے ڈالتے پانی اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر سات بار پھر دھوتے اپنی شرمگاہ پھر بھول گئے ایک دفعہ کہ کتنی بار پانی ڈالا تب پوچھا مجھ سے پس کہا میں نے نہیں جانتا پھر کہا

ام لک وما یمنعک ان تدری ثم یتوضأ وضوءہ للصلوۃ ثم یفیض علی جلدہ الماء ثم یقول ھکذا کان رسول اللہ صلی اللہ

تیری ماں نہ ہو کس چیز نے منع کیا تجھکو جاننے سے پھر وضو کرتے تھے ابن عباس اپنا نماز کا سا اور بہاتے تھے اپنے بدن پر پانی بعد اسکے کہتے تھے اسیطرح تھے رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم یتطھر رواہ ابو داؤد وعن ابی رافع قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طاف ذات یوم علی نسائہ یغتسل

علیہ وسلم نہاتے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے * اور روایت ہے ابی رافع سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھیر کیا ایک روز اپنی سب بیبیوں پر غسل کرتے

عند ھذہ وعند ھذہ قال فقلت یا رسول اللہ الا تجعلہ غسلا واحدا اخرا قال ھذا ازکی واطیب واطھر رواہ احمد

اسکے پاس اور اسکے پاس کہا ابو رافع پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کیوں نہ کیا آپنے اپنے غسل کو ایک ہی غسل آخری فرمایا یہہ بہت پاکیزہ اور اچھا اور بہت پاک ہے روایت کیا اسکو احمد

وابو داؤد وعن الحکم بن عمرو قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یتوضأ الرجل بفضل طھور المرأۃ رواہ ابو داؤد

اور ابو داؤد نے * اور روایت ہے حکم ابن عمرو سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ وضو کرے مرد عورت کے وضو غسل کے بچے ہوئے پانی سے * روایت کیا اسکو ابو داؤد

وابن ماجۃ والترمذی وزاد او قال بسؤرھا وقال ھذا حدیث حسن صحیح وعن حمید الحمیری قال لقیت رجلا صحب النبی

اور ابن ماجہ اور ترمذی نے اور زیادہ کیا یہہ لفظ یا فرمایا عورت کے جوٹھے سے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے * روایت ہے حمید حمیری سے کہا کہ ملاقات کی میں نے ایک شخص سے کہ صحبت رکھتا تھا نبی

صلی اللہ علیہ وسلم اربع سنین کما صحبہ ابو ھریرۃ قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تغتسل المرأۃ بفضل الرجل او

صلی اللہ علیہ وسلم کی چار برس جیسا کہ صحبت رکھے تھے حضرت کی ابو ہریرہ کہا اس شخص نے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ غسل کرے عورت مرد کے وضو غسل کے بچے ہوئے پانی سے

یغتسل الرجل بفضل المرأۃ زاد مسدد ولیغترفا جمیعا رواہ ابو داؤد والنسائی وزاد احمد فی اولہ نھی ان یمتشط

یا غسل کرے مرد عورت کے وضو غسل کے بچے ہوئے پانی سے زیادہ کیا مسدد نے اور چاہئے کہ چلو لیں دونوں ایکساتھ * روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا احمد نے حدیث کے اول میں منع کیا

احدنا کل یوم او یبول فی مغتسلہ رواہ ابن ماجۃ عن عبد اللہ بن سرجس **باب احکام المیاہ الفصل الاول** عن

کوئی ہم میں کا ہر روز یا پیشاب کرے غسلخانے میں اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے عبداللہ ابن سرجس سے * یہہ باب ہے بیان میں احکام پانی کے * فصل پہلی * روایت ہے

ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یبولن احدکم فی الماء الدائم الذی لا یجری ثم یغتسل فیہ متفق علیہ وفی

ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ پیشاب نہ کرے کوئی تم میں کا بندھے پانی میں جو نہیں بہتا پھر غسل کرے اسمیں * متفق * اور

روایۃ لمسلم قال لا یغتسل احدکم فی الماء الدائم وھو جنب قالوا کیف یفعل یا ابا ھریرۃ قال یتناولہ تناولا وعن جابر

مسلم کی ایک روایت میں کہا کہ نہ غسل کرے کوئی تم میں کا بندھے پانی میں اس حالت میں کہ وہ جنب ہے کہا لوگوں نے کسطرح کرے اے ابو ہریرہ کہا کہ لیوے پانی اٹھا کر * اور روایت ہے جابر سے

قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يبال في الماء الراكد رواه مسلم وعن السائب بن يزيد قال ذهبت بي خالتي إلى

کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ پیشاب کیا جاوے ٹھہرے پانی میں۔ روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے سائب ابن یزید سے کہا کہ لے گئی مجھکو میری خالہ

النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله إن ابن أختي وجع فمسح رأسي ودعا لي بالبركة ثم توضأ فشربت من وضوئه ثم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ یا رسول اللہ بیشک بھتیجا میرا بیمار ہے پھر مسح کیا میرے سر کو اور دعا کی میرے واسطے برکت کی پھر وضو کیا تب پیا میں نے آپکے وضو کا پانی اور

قمت خلف ظهره فنظرت إلى خاتم النبوة بين كتفيه مثل زر الحجلة متفق عليه الفصل الثاني عن ابن عمر

کھڑا ہوا میں حضرت کی پیٹھ کے پیچھے پھر دیکھا میں نے مہر نبوت کو حضرت کے دونوں مونڈھوں کے درمیان مانند گھنڈی چھپرکھٹ کے متفق * فصل دوسری * روایت ہے ابن عمر سے

قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الماء يكون في الفلاة من الأرض وما ينوبه من الدواب والسباع فقال إذا

کہا کہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احوال سے پانی کے کہ ہوتا ہے میدان میں زمین کے اور وہ پانی کہ باری باری آتے ہیں اس پر جانور اور درندے تب فرمایا جب

كان الماء قلتين لم يحمل الخبث رواه أحمد وأبو داود والترمذي والنسائي والدارمي وابن ماجه وفي أخرى لأبي داود فإنه لا

کہ ہو پانی دو قلہ نہیں اٹھاتا ناپاکی کو * روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے اور دوسری روایت میں ابو داؤد کی یوں ہے

ينجس وعن أبي سعيد الخدري قال قيل يا رسول الله أنتوضأ من بئر بضاعة وهي بئر يلقى فيه الحيض ولحوم الكلاب

ناپاک نہیں ہوتا * اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ بھلا وضو کریں ہم بیر بضاعہ سے اور وہ ایک کنواں ہے کہ اسمیں ڈالے جاتے ہیں حیض کے کپڑے اور

والنتن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الماء طهور لا ينجسه شيء رواه أحمد والترمذي وأبو داود والنسائي

اور بدبو کی چیز تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق یہہ پانی پاک ہے نہیں ناپاک کرتی اسکو کوئی چیز * روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے *

وعن أبي هريرة قال سأل رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إنا نركب البحر ونحمل معنا القليل من الماء

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ پوچھا ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر عرض کیا یا رسول اللہ ہم سوار ہوتے ہیں سمندر میں اور اٹھاتے ہیں اپنے ساتھ تھوڑا پانی

فإن توضأنا به عطشنا أفنتوضأ بماء البحر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو الطهور ماؤه والحل ميتته رواه

سو اگر ہم وضو کریں اس سے تو پیاسے رہیں کیا وضو کریں ہم سمندر کے پانی سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سمندر پاک کرنے والا ہے پانی اسکا اور حلال ہے مردار اسکا روایت کیا

مالك والترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن أبي زيد عن عبد الله بن مسعود أن النبي صلى الله عليه

مالک اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے * اور روایت ہے ابی زید سے اسنے روایت کیا عبد اللہ ابن مسعود سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال له ليلة الجن ما في إداوتك قال قلت نبيذ قال تمرة طيبة وماء طهور رواه أبو داود وزاد أحمد والترمذي فتوضأ

وسلم نے فرمایا اسکو رات جن میں کہ کیا ہے تیرے چھاگل میں کہا کہ کہا میں نے نبیذ ہے فرمایا خرما پاک ہے اور پانی پاک ہے * روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور زیادہ کیا احمد اور ترمذی نے پھر وضو کیا

منه وقال الترمذي أبو زيد مجهول وصح عن علقمة عن عبد الله بن مسعود قال لم أكن ليلة الجن مع رسول الله صلى الله

اس سے اور کہا ترمذی نے ابو زید مجہول ہے اور صحیح ہوا ہے علقمہ سے کہ اسنے نقل کیا عبد اللہ ابن مسعود سے اسنے کہا کہ نہ تھا میں رات جن میں رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم رواه مسلم وعن كبشة بنت كعب بن مالك وكانت تحت ابن أبي قتادة أن أبا قتادة دخل عليها

علیہ وسلم کے ساتھ روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے کبشہ بیٹی کعب ابن مالک سے اور تھی وہ نکاح میں بیٹے ابی قتادہ کے کہ تحقیق ابا قتادہ آئے اسکے پاس

فسكبت له وضوءا فجاءت هرة تشرب منه فأصغى لها الإناء حتى شربت قالت كبشة فرآني أنظر إليه فقال

پھر ڈالا کبشہ نے اُن کے لئے وضو کا پانی پھر آئی بلی پینے لگی اس میں سے پھر جھکا دیا اسکے لئے برتن یہاں تک کہ پی گئی کہا کبشہ نے پھر دیکھا مجھکو کہ دیکھتی ہوں اسکو پھر فرمایا

يا ابنة اخي قالت فقلت نعم فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انها ليست بنجس انها من الطوافين عليكم او الطوافات

اے بھتیجی میری بھائی کی بیٹی کہا میں نے ہاں تب کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق بلی نہیں ہے نجس تحقیق وہ پھرنے والی ہیں تم پر یا فرمایا طوافات

رواه مالك واحمد والترمذي وابو داؤد والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن داؤد بن صالح بن دينار عن امه ان مولاتها

روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے داؤد ابن صالح ابن دینار سے اسنے روایت کی اپنی ماں سے تحقیق آزاد کرنیوالی اسکی

ارسلتها بهريسة الى عائشة قالت فوجدتها تصلي فاشارت الي ان ضعيها فجاءت هرة فاكلت منها فلما انصرفت عائشة

بھیجا اسکو ہریسہ لیکے حضرت عائشہ پاس کہا اسکی ماں نے پھر پایا میں نے عائشہ کو نماز پڑھتے تب اشارہ کیا مجھ سے کہ رکھ دے اسکو پھر آئی بلی اور کھایا اس میں سے پھر جب فراغت ہوئیں عائشہ

من صلوتها اكلت من حيث اكلت الهرة فقالت ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انها ليست بنجس انما هي من الطوافين عليكم

اپنی نماز سے کھایا ہریسہ کو جہاں سے کھایا تھا بلی نے اور کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلی نہیں ہے نجس تحقیق وہ پھرنے والی ہے تم

واني رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ بفضلها رواه ابو داؤد وعن جابر قال سئل رسول الله صلى الله

اور بیشک میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے تھے اسکے جھوٹے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ لوگوں نے پوچھا رسول اللہ صلی

عليه وسلم انتوضأ بما افضلت الحمر قال نعم وبما افضلت السباع كلها رواه في شرح السنة وعن ام هانئ

علیہ وسلم سے کہ کیا ہم وضو کریں اس پانی سے کہ جھوٹا کرے گدھوں نے فرمایا ہاں اور اس پانی سے کہ جھوٹا کریں سب درندوں نے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ام ہانی سے

قالت اغتسل رسول الله صلى الله عليه وسلم هو وميمونة في قصعة فيها اثر العجين رواه النسائي وابن ماجه الفصل

کہا کہ غسل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ اور حضرت میمونہ نے ایک لگن میں کہ اسمیں نشان گوندھے آٹے کا تھا روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے فصل

الثالث عن يحيى بن عبد الرحمن قال ان عمر خرج في ركب فيهم عمرو بن العاص حتى وردوا حوضا فقال عمرو يا صاحب

تیسری روایت ہے یحیی ابن عبد الرحمن سے کہا کہ بیشک حضرت عمر نکلے سواروں میں کہ ان میں تھے عمرو ابن عاص یہاں تک کہ آئے ایک حوض پر تب کہا عمرو ابن عاص نے اے مالک

الحوض هل ترد حوضك السباع فقال عمر بن الخطاب يا صاحب الحوض لا تخبرنا فانا نرد على السباع وترد علينا رواه مالك

حوض کے کیا آتے ہیں تیرے حوض پر درندے تب فرمایا عمر ابن خطاب نے اے مالک حوض کے نہ خبر دے تو ہمکو پس بتحقیق ہم آتے ہیں درندوں کے بعد اور درندے آتے ہیں ہمارے بعد روایت کیا اسکو مالک نے

وزاد رزين قال زاد بعض الرواة في قول عمر واني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لها ما اخذت في بطونها وما

اور زیادہ کیا رزین نے کہا کہ زیادہ کیا بعض راویوں نے حضرت عمر کے قول میں یہ اور بیشک سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے درندوں کے واسطے ہے جو اپنے پیٹ میں لیا اور جو

بقي فهو لنا طهور وشراب وعن ابي سعيد الخدري ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل عن الحياض التي بين مكة و

باقی رہا سو وہ ہمارے واسطے پاک کرنے والا اور پینا ہے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے حوضوں کے حال سے جو درمیان مکے اور

المدينة تردها السباع والكلاب والحمر عن الطهر منها فقال لها ما حملت في بطونها ولنا ما غبر طهور رواه ابن ماجه وعن

مدینے کے بیچ آتے ہیں ان پر درندے اور کتے اور گدھے طہارت کرنے سے اسکے پانی سے تب فرمایا ان کے واسطے ہے جو اٹھایا اپنے پیٹوں میں اور ہمارے لئے جو باقی رہا پاک کرنیوالا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے

عمر ابن الخطاب قال لا تغتسلوا بالماء المشمس فانه يورث البرص رواه الدارقطني باب تطهير النجاسات الفصل الاول

عمر ابن خطاب سے کہا کہ غسل نہ کرو پانی دھوپ سے گرم سے پھر تحقیق وہ دیتا ہے سفید کوڑھ روایت کیا اسکو دارقطنی نے یہ باب ہے بیان میں پاک کرنے نجاستوں کے فصل پہلی

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا شرب الكلب من اناء احدكم فليغسله سبع مرات متفق

روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پی جاوے کتا کسی کے برتن سے تم میں سے تو چاہیے کہ دھو ڈالے اسکو سات بار

عليه وفي رواية لمسلم قال طهور إناء أحدكم إذا ولغ فيه الكلب أن يغسله سبع مرات أولاهن بالتراب وعنه قال قام

اور ایک روایت میں مسلم کی فرمایا کہ پاکی تمھارے باسن کی جب پیوے اسمیں کتا یہہ کہ دھووے اسکو سات بار اُن میں کا پہلا دھونا مٹی سے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا

أعرابي فبال في المسجد فتناوله الناس فقال لهم النبي صلى الله عليه وسلم دعوه وهريقوا على بوله سجلا من ماء أو ذنوبا

ایک گنوار پھر پیشاب کیا مسجد میں پھر پکڑا اسکو لوگوں نے تب فرمایا اُنسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دو اُسکو اور ڈالو اسکے پیشاب پر ایک بڑا ڈول پانی یا فرمایا ذنوبا

من ماء فإنما بعثتم ميسرين ولم تبعثوا معسرين رواه البخاري وعن أنس قال بينما نحن في المسجد مع رسول الله

من ماء ۔ ف ۔ سو اسکے نہیں ہی کہ بھیجے گئے ہو تم آسانی کرنے والے اور نہیں بھیجے گئے تم مشکل کرنے والے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا اسنے کہ تھے ہم مسجد میں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إذ جاء أعرابي فقام يبول في المسجد فقال أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم مه مه فقال رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یکایک آیا ایک گنوار پھر کھڑا ہوا کہ پیشاب کرے مسجد میں تب کہا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بازرہ بازرہ پھر فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لا تزرموه دعوه فتركوه حتى بال ثم إن رسول الله صلى الله عليه وسلم دعاه فقال له إن هذه المساجد

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کاٹ دو پیشاب اسکا چھوڑ دو اسکو پھر چھوڑ دیا اسکو یہانتک کہ پیشاب کیا پھر بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا اسکو اور فرمایا اس سے کہ بیشک یہ مسجدیں

لا تصلح لشيء من هذا البول ولا القذر إنما هي لذكر الله والصلاة وقراءة القرآن أو كما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

نہیں لایق ہیں کسی چیز کے واسطے اس پیشاب اور گندگی سے نہیں ہیں مسجدیں مگر اللہ کے ذکر اور نماز اور قرآن پڑھنے کے واسطے یا جیسا کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۔ اور

قال وأمر رجلا من القوم فجاء بدلو من ماء فشنه عليه متفق عليه وعن أسماء بنت أبي بكر قالت سألت امرأة رسول

کہا انس نے اور حکم کیا ایک شخص کو صحابہ میں سے پھر لایا ایک ڈول پانی کا پھر ڈالا اسکو پیشاب پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسماء بنت ابی بکر صدیق سے کہا کہ پوچھا ایک عورت نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله أرأيت إحدانا إذا أصاب ثوبها الدم من الحيضة كيف تصنع فقال رسول الله صلى الله عليه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا کہ یا رسول اللہ خبر دو مجھکو کہ کوئی ہم میں سے جب پہنچے اسکے کپڑے میں خون حیض کا کیا کرے وہ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم إذا أصاب ثوب إحداكن الدم من الحيضة فلتقرصه ثم لتنضحه بماء ثم لتصل فيه متفق عليه وعن سليمان بن يسار

وسلم نے جب پہنچے تم میں سے کسی کے کپڑے میں خون حیض کا پھر چاہیے کہ چٹکیوں سے ملے اسکو پھر دھووے اسکو پانی سے پھر نماز پڑھے اسمیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے سلیمان ابن یسار سے

قال سألت عائشة عن المني يصيب الثوب فقالت كنت أغسله من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم فيخرج إلى الصلاة وأثر الغسل في

کہا کہ پوچھا میں نے عائشہ سے حال منی کا کہ پہنچے کپڑے میں تب کہا کہ تھی میں دھوتی اسکو کپڑے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر نکلتے تھے نماز کو اور نشان دھونے کا

ثوبه متفق عليه وعن الأسود وهمام عن عائشة قالت كنت أفرك المني من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه مسلم و

ان کے کپڑے میں ہوتا ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسود اور ہمام دونوں نے نقل کیا عائشہ سے کہا کہ تھی میں ملتی منی کو کپڑے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور

برواية علقمة والأسود عن عائشة نحوه وفيه ثم يصلي فيه وعن أم قيس بنت محصن أنها أتت بابن لها صغير لم يأكل الطعام

روایت میں علقمہ اور اسود کی عائشہ سے اسیطرح ہے اور اسمیں یہ بھی ہے پھر نماز پڑھتے اسمیں ۔ اور روایت ہے ام قیس بنت محصن سے تحقیق وہ لائی اپنے چھوٹے بیٹے کو کہ نہ کھایا تھا کھانا

إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فأجلسه رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجره فبال على ثوبه فدعا بماء فنضحه ولم يغسله متفق عليه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تب بٹھایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی گود میں پھر پیشاب کر دیا حضرت کے کپڑے میں تب منگوایا پانی پھر بہادیا اسکو اور نہ دھویا ۔ ق

وعن عبد الله بن عباس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا دبغ الإهاب فقد طهر رواه مسلم وعنه

اور روایت ہے عبداللہ ابن عباس سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جب کچا چمڑا رنگا جاوے تو پاک ہو جاوے تحقیق روایت کیا اسکو مسلم نے اور

قال تصدق على مولاة لميمونة بشاة فماتت فمر بها رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال هلا اخذتم اهابها فدبغتموه فانتفعتم

کہا کہ صدقہ دی گئی حضرت میمونہ کی آزاد کی لونڈی کو ایک بکری۔ پھر وہ مر گئی پھر گذرے اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب فرمایا کیوں نہ لیا تم نے چمڑا اسکا پھر سکھاتے اسکو اور نفع لیتے

به فقالوا انها ميتة فقال انما حرم اكلها متفق عليه وعن سودة زوج النبي صلى الله عليه وسلم قالت ماتت لنا شاة

اس سے تب لوگوں نے کہا کہ تحقیق وہ مری ہے پھر فرمایا کہ سوائے اسکے نہیں ہے حرام کیا گیا کھانا اسکا۔ ق۔ اور روایت ہے حضرت سودہ سے جو بی بی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہا کہ مرگئی ہماری بکری

فدبغنا مسكها ثم ما زلنا ننبذ فيه حتى صار شنا رواه البخاري

١٥٦

الفصل الثاني

عن لبابة بنت الحارث قالت

پھر سکھایا ہم نے کھال اسکی پھر ہمیشہ تھے ہم نبیذ بناتے اسمیں یہانتک کہ ہوگئی پرانی مشک۔ ف۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے لبابہ بنت حارث سے کہا

كان الحسين بن علي في حجر رسول الله صلى الله عليه وسلم فبال على ثوبه فقلت البس ثوبا واعطني ازارك حتى اغسله فقال

کہ تھے حسین ابن علی گود میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پیشاب کر دیا انکے کپڑے پر تب میں نے پہنئے کپڑا اور دیجئے اپنا تہبند تاکہ دھوؤں میں اسکو تب فرمایا

انما يغسل من بول الانثى وينضح من بول الذكر رواه احمد وابو داود وابن ماجه وفي رواية لابي داود والنسائي عن ابي السمح

سوائے اسکے نہیں ہے کہ دھویا جاتا ہے پیشاب لڑکی کا اور پانی چھڑکا جاتا ہے پیشاب لڑکے کا۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں ابی داؤد اور نسائی کی ابی سمح سے

١٥٧

قال يغسل من بول الجارية ويرش من بول الغلام وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا وطئ احدكم بنعله الاذى

روایت ہے کہا کہ دھویا جاتا ہے پیشاب لڑکی کا اور پانی چھڑکا جاتا ہے پیشاب لڑکے کا۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کچلے کوئی تم میں کا اپنی پاپوش گندگی

فان التراب له طهور رواه ابو داود ولابن ماجه معناه وعن ام سلمة قالت لها امرأة اني اطيل ذيلي وامشي في المكان القذر قالت

پھر تحقیق مٹی اسکی پاک کرنے والی ہے۔ ف۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اسکے معنی روایت کیا۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ کہا اس سے ایک عورت نے کہ میں دراز کرتی ہوں اپنا دامن اور چلتی ہوں ناپاک مکان میں تب کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يطهره ما بعده رواه مالك واحمد والترمذي وابو داود والدارمي وقالا المرأة ام ولد لابراهيم بن

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پاک کرتی ہے اسکو وہ چیز کہ بعد اسکے ہے۔ روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور ترمذی نے اور ابوداؤد اور دارمی نے اور ان دونوں نے کہا کہ وہ عورت ام ولد تھی ابراہیم ابن

١٥٨

عبد الرحمن بن عوف وعن المقدام بن معدي كرب قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن لبس جلود السباع والركوب

عبدالرحمن ابن عوف کی۔ ف۔ اور روایت ہے مقدام ابن معدیکرب سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہننے سے درندوں کے چمڑے کے اور اس پر بیٹھنے سے

عليها رواه ابو داود والنسائي وعن ابي المليح بن اسامة عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن جلود السباع رواه

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی الملیح ابن اسامہ سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ منع کیا حضرت نے درندوں کے چمڑے سے روایت کیا اسکو

١٥٩

احمد وابو داود والنسائي وزاد الترمذي والدارمي ان تفترش وعن ابي المليح انه كره ثمن جلود السباع رواه الترمذي

احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا ترمذی اور دارمی نے یہہ کہ فرش کیا جاوے۔ اور روایت ہے ابی الملیح سے کہ اسنے مکروہ رکھا قیمت درندوں کے چمڑے کی۔ روایت کیا اسکو

في كتاب اللباس من جامعه وسنده جيد وعن عبد الله بن عكيم قال اتانا كتاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لا تنتفعوا

کتاب اللباس میں اپنے جامع میں اور سند اسکی مضبوط ہے۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن عکیم سے کہا کہ آیا ہمارے پاس خط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہہ کہ نہ فائدہ لو تم

من الميتة باهاب ولا عصب رواه الترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجه وعن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه

مردار سے اسکے کچے چمڑے کے ساتھ اور نہ پٹھے کے ساتھ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم امر ان يستمتع بجلود الميتة اذا دبغت رواه مالك وابو داود وعن ميمونة قالت مر على النبي صلى الله عليه وسلم

وسلم نے حکم دیا یہہ کہ فایدہ لیویں مردار کے چمڑے سے جب سکھایا جاوے۔ روایت کیا اسکو مالک اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے میمونہ سے کہا کہ آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

رجال من قريش يجرون شاة لهم مثل الحمار فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم لو اخذتم اهابها قالوا انها

کئی شخص قریش میں سے کہ کھینچتے تھے اپنی موٹی بکری کو مانند گدھے کے تب فرمایا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کاش کہ لیا ہوتا تم نے چمڑا اسکا عرض کیا کہ بیشک وہ

ميتة فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم يطهرها الماء والقرظ رواه احمد وابو داود وعن سلمة بن المحبق قال ان رسول

مردار ہے تب فرمایا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پاک کرتا ہے اسکو پانی اور ببول کا۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت ہے سلمہ ابن محبق سے کہا کہ تحقیق رسول

الله صلى الله عليه وسلم جاء في غزوة تبوك على اهل بيت فاذا قربة معلقة فسال الماء فقالوا له يا رسول الله انها ميتة فقال

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے جنگ تبوک میں ایک شخص کے گھر میں پھر یکایک ایک مشک لٹکی ہوئی تھی تب مانگا پانی تب کہا لوگوں نے ان سے یا رسول اللہ تحقیق یہ مشک مردار ہے تب فرمایا

دباغها طهورها رواه احمد وابو داود

سمجھانا اسکا پاکی ہے اسکی۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے

الفصل الثالث

عن امراة من بني عبد الاشهل قالت قلت يا رسول الله ان لنا طريقا

فصل تیسری روایت ہے ایک عورت سے جو اولاد میں ہے عبد الاشہل کی کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہمارے واسطے ایک راہ ہے

الى المسجد منتنة فكيف نفعل اذا مطرنا قالت فقال اليس بعدها طريق هي اطيب منها قلت بلى قال فهذه بهذه رواه ابو داود وعن

مسجد کی طرف گندی پھر کیا کریں ہم جب مینہ برسا جاوے کہا اس نے فرمایا کیا نہیں ہے بعد اسکے کوئی راہ کہ وہ پاک ہے اس سے کہا میں نے ہاں ہے فرمایا پھر یہ راہ ہے اسکے بدل میں۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

عبد الله بن مسعود قال كنا نصلي مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا نتوضا من الموطئ رواه الترمذي وعن ابن عمر قال

روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور وضو نہ کرتے تھے زمین پر چلنے سے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا

كانت الكلاب تقبل وتدبر في المسجد في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يكونوا يرشون شيئا من ذلك رواه البخاري

کہ تھے کتے آتے اور جاتے مسجد میں زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر نہ تھے صحابہ پانی چھڑکتے کچھ سبب اسکے۔ روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن البراء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا باس ببول ما يؤكل لحمه وفي رواية جابر قال ما اكل لحمه فلا باس ببوله رواه

اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مضایقہ ہے ساتھ پیشاب اس جانور کے کہ کھایا جاتا ہے گوشت اسکا اور روایت میں جابر کی کہا کہ جو جانور کہ کھایا جاتا ہے گوشت اسکا نہیں ہے مضایقہ بیچ پیشاب اسکے۔ روایت کیا

احمد والدارقطني

احمد اور دارقطنی نے

باب المسح على الخفين

الفصل الاول

عن شريح بن هانئ قال سالت علي بن ابي طالب عن

یہہ باب ہے بیان میں موزوں پر مسح کرنے کی۔ فصل پہلی۔ روایت ہے شریح ابن ہانی سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت علی ابن ابی طالب سے مسئلہ

المسح على الخفين فقال جعل رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة ايام ولياليهن للمسافر ويوما وليلة للمقيم رواه مسلم وعن

موزوں پر مسح کا تب فرمایا کہ مقرر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن اور راتیں اسکی مسافر کے واسطے اور ایک دن اور ایک رات مقیم کے واسطے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت

المغيرة بن شعبة انه غزا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم غزوة تبوك قال المغيرة فتبرز رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل

مغیرہ ابن شعبہ سے کہ تحقیق اسنے جہاد کیا ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جہاد تبوک کا کہا مغیرہ نے پھر میدان میں نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الغائط فحملت معه اداوة قبل الفجر فلما رجع اخذت اهريق على يديه من الاداوة فغسل يديه ووجهه وعليه جبة من صوف

پاخانے کی طرف پھر اٹھایا میں نے ان کے ساتھ چھاگل قبل فجر کے پھر جب پھرے شروع کیا میں نے پانی ڈالنا ان کے ہاتھوں پر چھاگل سے پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ اور اپنا منہ اور ان پر تھا جبہ پشمینے کا

ذهب يحسر عن ذراعيه فضاق كم الجبة فاخرج يديه من تحت الجبة والقى الجبة على منكبيه وغسل ذراعيه ثم مسح

شروع کیا حضرت نے کھولنا اپنے دونوں ہاتھ پھر تنگ ہوئی آستین جبہ کی تب نکالا اپنے دونوں ہاتھ جبہ کے نیچے سے اور ڈال دیا جبہ کو اپنے مونڈھوں پر اور دھویا اپنے دونوں ہاتھ پھر مسح کیا

بناصيته وعلى العمامة ثم اهويت لانزع خفيه فقال دعهما فاني ادخلتهما طاهرتين فمسح عليهما ثم ركب وركبت

اپنے چوتھائی سر کا اور عمامہ پر پھر جھکا میں کہ اتاروں ان کے دونوں موزے تب فرمایا چھوڑ دے انکو پھر بیشک میں نے ڈالا تھا انہیں جب دونوں پاؤں پاک تھے پھر مسح کیا دونوں موزوں پر پھر سوار ہوئے اور سوار ہوا میں

فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَوْمِ وَقَدْ قَامُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ وَيُصَلِّيْ بِهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَقَدْ رَكَعَ بِهِمْ رَكْعَةً فَلَمَّا اَحَسَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
پھر پہنچے ہم اپنے لوگوں پاس اور تحقیق وہ لوگ کھڑے ہوئے تھے نماز کے واسطے اور نماز پڑھواتے تھے ان کو عبدالرحمن ابن عوف اور تحقیق پڑھوائی تھی انکو ایک رکعت پھر جب معلوم کیا عبدالرحمن نے نبی صلی اللہ علیہ

سَلَّمَ ذَهَبَ يَتَاَخَّرُ فَاَوْمَى اِلَيْهِ فَاَدْرَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ مَعَهُ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُمْتُ
وسلم کو ارادہ کیا کہ پیچھے ہٹے تب اشارہ کیا حضرت نے اُسے پھر پائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو نوں رکعتوں میں سے ایک اسکے ساتھ پھر جب سلام پھیر الکھڑے ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور کھڑا ہوا میں

مَعَهُ فَرَكَعْنَا الرَّكْعَةَ الَّتِيْ سُبِقْنَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اُنکے ساتھ پھر پڑھا ہمنے وہ رکعت کہ رہ گئی تھی ہمسے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ
فصل دوسری

عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ رَخَّصَ لِلْمُسَافِرِ
روایت ہے ابی بکرہ سے اُسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ بیشک حضرت نے رخصت دی مسافر کو

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ وَلِلْمُقِيْمِ يَوْمًا وَّلَيْلَةً اِذَا تَطَهَّرَ فَلَبِسَ خُفَّيْهِ اَنْ يَّمْسَحَ عَلَيْهِمَا رَوَاهُ الْاَثْرَمُ فِيْ سُنَنِهٖ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَالدَّارَ
تین دن اور راتیں اسکی اور مقیم کو ایک دن اور ایک رات جب وضو کیا ہو اور پہنا ہو اپنے موزے یہہ کہ مسح کرے دونوں پر ۔ روایت کیا اسکو اثرم نے اپنے سنن میں اور ابن خزیمہ اور دار

قُطْنِيُّ وَقَالَ الْخَطَّابِيُّ هُوَ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا
قطنی نے ۔ اور کہا خطابی نے یہہ حدیث صحیح ہے سند میں اسی طرح ہے منتقی میں ۔ اور روایت ہے صفوان ابن عسال سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے ہمکو

اِذَا كُنَّا سَفْرًا اَنْ لَّا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَّلٰكِنْ مِّنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَّنَوْمٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ
جب ہوتے ہم مسافر یہہ کہ نہ اتاریں ہم موزے اپنے تین دن اور راتیں اُسکی مگر جنابت سے ولیکن مت ۔ جا ضرور اور پیشاب اور نیند کے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے

الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ وَضَّاْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَمَسَحَ اَعْلَى الْخُفِّ وَاَسْفَلَهُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ
مغیرہ ابن شعبہ سے کہا کہ وضو کروایا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوہ تبوک میں پھر مسح کیا اوپر کی طرف موزے کے اور نیچے اسکے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ مَّعْلُوْلٌ وَّسَاَلْتُ اَبَا زُرْعَةَ وَمُحَمَّدًا يَعْنِي الْبُخَارِيَّ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَا لَيْسَ بِصَحِيْحٍ وَّكَذَا ضَعَّفَهُ
اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث معلول ہے اور پوچھا میں نے ابا زرعہ اور محمد یعنے بخاری کو حال سے اس حدیث کے تب کہا دونوں نے نہیں ہے صحیح اور اسیطرح ضعیف کہا ہے اسکو

اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْهُ اَنَّهُ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ عَلٰى ظَاهِرِهِمَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْهُ قَالَ
ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے اُسی سے تحقیق اُسنے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے تھے موزوں پر اُن دونوں کے اوپر کی جانب ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے اُسی سے کہا

تَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَهْ
کہ وضو کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مسح کیا پایتابوں پر اور پاپوشوں پر ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ
فصل تیسری

عَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ مَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَسِيْتَ قَالَ بَلْ اَنْتَ نَسِيْتَ بِهٰذَا اَمَرَنِيْ
روایت ہے مغیرہ سے کہ کہا مسح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر پھر کہا میں نے یا رسول اللہ بھول گئے آپ فرمایا بلکہ تو بھول گیا ساتھ اسی کے حکم فرمایا مجھکو

رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ قَالَ لَوْ كَانَ الدِّيْنُ بِالرَّاْيِ لَكَانَ اَسْفَلُ الْخُفِّ اَوْلٰى بِالْمَسْحِ مِنْ اَعْلَاهُ وَقَدْ
میرے رب عزت والے اور بزرگی والے نے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے حضرت علی سے تحقیق انہوں نے فرمایا کہ اگر ہوتا کام دین کا عقل کے ساتھ البتہ ہوتا نیچے کا جانب موزے کا لائق زیادہ مسح کرنے کے واسطے اسکے

رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلٰى ظَاهِرِ خُفَّيْهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَلِلدَّارِمِيِّ مَعْنَاهُ
دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے تھے اوپر کے جانب موزوں کے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور دارمی نے معنے اسکے

بَابُ التَّيَمُّمِ
یہہ باب ہے بیان میں تیمم کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ
فصل پہلی

عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُضِّلْنَا عَلَى النَّاسِ بِثَلٰثٍ جُعِلَتْ صُفُوْفُنَا كَصُفُوْفِ الْمَلٰئِكَةِ وَجُعِلَتْ
روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بزرگی دئے گئے ہم لوگوں پر ساتھ تین چیزوں کے مقرر کی گئیں صفیں ہماری مانند صفیں فرشتوں کی اور کی گئی

لنا الارض كلها مسجدا وجعلت تربتها لنا طهورا اذا لم نجد الماء رواه مسلم وعن عمران قال كنا في سفر مع النبي صلى الله

ہمارے واسطے تمام زمین مسجد اور کی گئی خاک اسکی ہمارے واسطے پاک کرنے والی جس وقت کہ نہ پاویں ہم پانی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عمران سے کہا تھے ہم سفر میں نبی صلی اللہ

عليه وسلم فصلى بالناس فلما انفتل من صلوته اذا هو برجل معتزل لم يصل مع القوم فقال ما منعك يا فلان ان تصلي مع القوم

علیہ وسلم کے ساتھ پھر نماز پڑھا لوگوں کے ساتھ پھر جب فراغت ہوئے اپنی نماز سے یکایک حضرت گذرے ایک شخص کنارے بیٹھے والے پر کہ نماز نہ پڑھا تھا قوم کے ساتھ پھر فرمایا کس چیز نے

قال اصابتني جنابة ولا ماء قال عليك بالصعيد فانه يكفيك متفق عليه وعن عمار قال جاء رجل الى عمر بن الخطاب فقال

کہا پہنچی مجھکو جنابت اور نہیں ہے پانی فرمایا لازم ہے تجھکو مٹی پھر تحقیق وہ کفایت ہے تجھکو ۔ اور روایت ہے عمار سے کہا آیا ایک شخص عمر ابن خطاب کے پاس پھر کہا

اني اجنبت فلم اصب الماء فقال عمار لعمر اما تذكر انا كنا في سفر انا وانت فاما انت فلم تصل واما انا فتمعكت فصليت

تحقیق میں جنبی ہوا اور نہ پایا میں نے پانی تب کہا عمار نے عمر کو کیا نہیں یاد ہے تجھکو تحقیق تھے ہم سفر میں ہم اور تم پھر تم نے نماز نہ پڑھی اور میں لوٹا خاک میں اور نماز پڑھی

فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال انما كان يكفيك هكذا فضرب النبي صلى الله عليه وسلم بكفيه الارض ونفخ

پھر ذکر کیا میں نے یہہ قصہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا سوا اسکے نہیں ہے کہ تھا کفایت کرتا تجھکو اس طرح اور مارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر اور پھونکا

فيهما ثم مسح بهما وجهه وكفيه رواه البخاري ولمسلم نحوه وفيه قال انما يكفيك ان تضرب بيديك الارض ثم تنفخ

اُن دونوں میں پھر مسح کیا اُن دونوں سے منہہ اپنا اور ہتھیلیاں اپنی روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی روایت مثل اسکے ہی اور اسمیں یہہ ہے کہ فرمایا سوا اسکے نہیں ہے کہ کفایت کرتا ہے تجھکو یہہ کہ مارے تو اپنے دونوں ہاتھ زمین پر پھر پھونکے

ثم تمسح بهما وجهك وكفيك وعن ابي الجهيم بن الحارث بن الصمة قال مررت على النبي صلى الله عليه وسلم وهو

اور مسح کرے تو اُن دونوں سے منہہ اپنا اور ہتھیلیاں اپنی ۔ اور روایت ہے ابی جہیم ابن حارث ابن صمہ سے کہا کہ گذرا میں حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ

يبول فسلمت عليه فلم يرد علي حتى قام الى جدار فحته بعصا كانت معه ثم وضع يديه على الجدار فمسح وجهه وذراعيه

پیشاب کرتے تھے پھر سلام کیا میں نے اُن پر پھر نہ جواب دیا مجھکو یہانتک کھڑے ہوئے ایک دیوار کی طرف پھر کھرچا اسکو لاٹھی سے کہ تھی اُنکے ساتھ پھر رکھا دونوں ہاتھ اپنے دیوار پر اور مسح کیا اپنا منہہ اور دونوں ہاتھ

ثم رد علي ولم اجد هذه الرواية في الصحيحين ولا في كتاب الحميدي ولكن ذكره في شرح السنة وقال هذا حديث حسن

پھر سلام کا جواب دیا مجھکو ۔ اور نہیں پائی میں نے یہہ روایت صحیحین میں اور نہ حمیدی کی کتاب میں ولیکن ذکر کیا اسکو شرح سنت میں اور کہا یہہ حدیث حسن ہے ۔

الفصل الثاني

عن ابي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الصعيد الطيب وضوء المسلم وان لم يجد

فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مٹی پاک وضو ہے مسلمان کا اگرچہ نہ پاوے

الماء عشر سنين فاذا وجد الماء فليمسه بشره فان ذلك خير رواه احمد والترمذي وابو داود وروى النسائي

پانی دس برس پھر جب پاوے پانی پھر لگاوے اسکو اپنے بدن پر پھر تحقیق یہہ بہتر ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود نے اور روایت کیا نسائی نے

نحوه الى قوله عشر سنين وعن جابر قال خرجنا في سفر فاصاب رجلا منا حجر فشجه في راسه فاحتلم فسال اصحابه هل

مانند اسکے قول عشر سنین تک ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ نکلے ہم سفر میں پھر پہنچا ایک شخص کو ہم میں سے پتھر اور زخم پہنچایا پتھر نے اسکو اسکے سر میں پھر حاجت نہانے کی ہوئی اسکو پھر پوچھا اپنے یاروں سے کیا

تجدون لي رخصة في التيمم قالوا ما نجد لك رخصة وانت تقدر على الماء فاغتسل فمات فلما قدمنا على النبي صلى

پاتے ہو تم میرے واسطے رخصت تیمم میں تب کہا نہیں پاتے ہیں ہم تیرے واسطے رخصت حال یہہ کہ تو قادر ہے پانی پر پھر غسل کیا اور مر گیا پھر جب آئے ہم نبی صلی

الله عليه وسلم اخبر بذلك فقال قتلوه قتلهم الله الا سألوا اذ لم يعلموا فانما شفاء العي السؤال انما كان يكفيه ان

اللہ علیہ وسلم پاس خبر دی گئی حضرت کو اس قصہ کی فرمایا مار ڈالا لوگوں نے اسکو مارے اُنکو اللہ کیوں نہ پوچھا جب کہ نہ جانا پھر سوا اسکے نہیں ہے کہ شفا بیماری نادانی کی پوچھنا ہے سوا اسکے نہیں ہے کہ کفایت کرتا اسکو یہہ کہ

يتيمم ويعصب على جرحه خرقة ثم يمسح عليها ويغسل سائر جسده رواه ابو داود ورواه ابن ماجة عن عطاء بن
تیمم کرتا اور باندھتا اپنے زخم پر ایک پٹی پھر مسح کرتا سپر اور دھوتا تمام بدن اپنا ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے عطا ابن

ابي رباح عن ابن عباس وعن ابي سعيد الخدري قال خرج رجلان في سفر فحضرت الصلوة وليس معهما ماء
ابی رباح سے اُسنے ابن عباس سے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ نکلے دو شخص سفر میں پھر حاضر ہوا وقت نماز کا اور نتھا اُن کے ساتھ پانی

فتيمما صعيدا طيبا فصليا ثم وجدا الماء في الوقت فاعاد احدهما الصلوة بوضوء ولم يعد الآخر ثم اتيا رسول الله
پھر تیمم کیا دونوں نے خاک پاک سے اور نماز پڑھی پھر پایا دونوں نے پانی وقت میں پھر پھیری ایک نے اُن دونوں میں سے نماز کو ساتھ وضو کے اور نہ پھیری دوسرے نے پھر آئے دونوں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم فذكرا ذلك فقال للذي لم يعد اصبت السنة واجزأتك صلوتك وقال للذي توضأ واعاد لك الاجر
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیا اس قصہ کا تب فرمایا اسکے واسطے جسنے نہ پھیری پہنچا تو سنت کو اور کفایت کیا تجھکو تیری نماز اور فرمایا اسکے واسطے کہ جسنے وضو کیا اور نماز پھیری اجر

مرتين رواه ابو داود والدارمي وروى النسائي نحوه وقد روى هو وابو داود ايضا عن عطاء بن يسار مرسلا الفصل
دوبار روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت کیا نسائی نے مانند اسکے اور تحقیق روایت کی اُسنے اور ابوداؤد نے بھی عطا ابن یسار سے بطریق ارسال کے فصل

الثالث عن ابي الجهيم بن الحارث بن الصمة قال اقبل النبي صلى الله عليه وسلم من نحو بئر جمل فلقيه رجل فسلم عليه فلم
تیسری ۔ روایت ہے ابی جہیم ابن حارث ابن صمہ سے کہا تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیر جمل کی طرف سے پھر ملاقات کیا آپکی ایک شخص نے اور سلام کیا

يرد النبي صلى الله عليه وسلم حتى اقبل على الجدار فمسح بوجهه ويديه ثم رد عليه السلام متفق عليه وعن عمار بن ياسر
جواب دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہانتک کہ آئے دیوار پاس پھر مسح کیا اپنے منہہ اور دونوں ہاتھ پھر جواب دیا اسکو سلام کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عمار ابن یاسر سے

انه كان يحدث انهم تمسحوا وهم مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالصعيد لصلوة الفجر فضربوا باكفهم الصعيد ثم
تحقیق وہ حدیث بیان کرتے کہ صحابہ نے مسح کیا اور حال یہ کہ تھے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مٹی سے فجر کی نماز کے واسطے پھر مارا انھوں نے اپنی ہتھیلیاں خاک پر اور

مسحوا بوجوههم مسحة واحدة ثم عادوا فضربوا باكفهم الصعيد مرة اخرى فمسحوا بايديهم كلها الى المناكب والآباط من
مسح کیا اپنے منہہ پر ایک بار پھر دہرایا اور مارا اپنا ہتھیلی سبھوں نے خاک پر دوسری بار پھر مسح کیا اپنے سارے ہاتھوں کو مونڈھوں اور بغلوں تک

بطون ايديهم رواه ابو داود

باب الغسل المسنون

الفصل الاول

عن ابن عمر رضي الله عنهما قال قال رسول الله
اندر کیطرف اپنے ہاتھوں کے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ یہ باب ہے بیان میں اُن غسل کے جو سنت ہیں ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اذا جاء احدكم الجمعة فليغتسل متفق عليه وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم غسل يوم
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے کوئی تم میں کا جمعہ کی نماز کو پھر چاہیے کہ غسل کرے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہانا

الجمعة واجب على كل محتلم متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حق على كل مسلم ان يغتسل في كل
جمعہ کے دن کا واجب ہے ہر بالغ پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے ہر مسلمان پر کہ غسل کرے ہر

سبعة ايام يوما يغسل فيه راسه وجسده متفق عليه

الفصل الثاني

عن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى
سات دن میں ایک دن کہ دھوئے اُسمیں سر اور بدن اپنا ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

الله عليه وسلم من توضأ يوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فالغسل افضل رواه احمد وابو داود والترمذي والنسائي والدارمي
علیہ وسلم نے جسشخص نے وضو کیا جمعہ کے دن پھر اختیار کیا اسکو اور خوب کیا اور جسنے غسل کیا پھر غسل افضل ہے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور دارمی نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من غسل ميتا فليغتسل رواه ابن ماجه وزاد أحمد والترمذي وأبو داود ومن حمله
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہلاوے مردے کو پھر چاہئے کہ غسل کرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے یہہ اور جو شخص کہ اٹھاوے اسکو

فليتوضأ وعن عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل من أربع من الجنابة ويوم الجمعة ومن الحجامة ومن غسل الميت رواه أبو داود
پھر چاہئے کہ وضو کرے ہ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے غسل کرتے چار چیز سے جنابت سے اور جمعہ کے دن اور سینگی کھچوانے سے اور میت کے نہلانے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن قيس بن عاصم أنه أسلم فأمره النبي صلى الله عليه وسلم أن يغتسل بماء وسدر رواه الترمذي وأبو داود والنسائي
اور روایت ہے قیس ابن عاصم سے کہ تحقیق وہ مسلمان ہوا پھر حکم کیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غسل کرے پانی اور بیری کی پتی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے ہ

الفصل الثالث
فصل تیسری

عن عكرمة قال إن ناسا من أهل العراق جاءوا فقالوا يا ابن عباس أترى الغسل يوم الجمعة واجبا قال لا ولكنه أطهر
اور روایت ہے عکرمہ سے کہا کہ تحقیق کتنے آدمی اہل عراق سے آئے اور کہا انہوں نے ای ابن عباس کیا اعتقاد رکھتے ہو غسل جمعہ کے دن کا واجب ہ کہا نہیں ولیکن وہ پاک کرنے والا زیادہ ہے اور

وخير لمن اغتسل ومن لم يغتسل فليس عليه بواجب وسأخبركم كيف بدء الغسل كان الناس مجهودين يلبسون الصوف ويعملون على
بہتر ہی اسکے واسطے کہ غسل کرے اور جو شخص کہ غسل نکرے پھر نہیں ہی اسپر واجب اور اب میں خبر دیتا ہوں تمکو کہ کسطرح تھا شروع ہونا غسل کا تھے لوگ محنتی پہنتے تھے پشمینہ اور کام کرتے تھے

ظهورهم وكان مسجدهم ضيقا مقارب السقف إنما هو عريش فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في يوم حار وعرق الناس في ذلك
اپنی پیٹھوں پر اور تھی مسجد انکی تنگ نیچی چھت کی نہ تھا مگر چھپر پھر تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گرمی کے دن میں اور تر ہو گئے تھے پسینے میں لوگ اس

الصوف حتى ثارت منهم رياح آذى بذلك بعضهم بعضا فلما وجد رسول الله صلى الله عليه وسلم تلك الريح قال يا أيها الناس إذا
پشمینہ میں یہاں تک کہ پھیلی ان سے بو ایذا دیا اس سبب سے بعضوں نے بعضوں کو پھر جب پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بوکو فرمایا ای لوگو جب

كان هذا اليوم فاغتسلوا وليمس أحدكم أفضل ما يجد من دهنه وطيبه قال ابن عباس ثم جاء الله بالخير ولبسوا غير الصوف
ہو یہہ دن تب غسل کرو اور چاہئے کہ لگاوے ایک تمہارا بہتر اس چیز کا کہ پاوے اپنے تیل سے اور اپنی خوشبو سے کہا ابن عباس نے پھر دیا اللہ نے مال بہت اور پہنا سوا پشمینے کے

وكفوا العمل ووسع مسجدهم وذهب بعض الذي كان يؤذي بعضهم بعضا من العرق رواه أبو داود

باب الحيض
الفصل الأول

اور کفایت کئے گئے محنت سے اور کشادہ کی گئی مسجد انکی اور جاتی رہی بعضی وہ بو کہ ایذا دیتے تھے بعضے انکے بعضوں کو پسینے کے سبب سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے یہہ باب ہے بیان میں حیض کے فصل پہلی

عن أنس قال إن اليهود كانوا إذا حاضت المرأة فيهم لم يؤاكلوها ولم يجامعوهن في البيوت فسأل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فأنزل
انس سے کہا کہ تحقیق تھے یہود جب حیض ہوتی عورت انکی قوم میں نہ ساتھ کھاتے اسکے اور نہ اکٹھا رکھتے اسکو گھروں میں پھر پوچھا اصحاب نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب اتارا

الله تعالى ويسألونك عن المحيض الآية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصنعوا كل شيء إلا النكاح فبلغ ذلك اليهود فقالوا ما يريد
اللہ تعالی نے یہہ آیت اور پوچھتے ہیں تجھسے حیض کے حکم سے آخر آیت تک تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کرو تم سب چیز سوا جماع کے تب پہنچی یہہ خبر یہود کو پھر کہا انہوں نے نہیں چاہتا

هذا الرجل أن يدع من أمرنا شيئا إلا خالفنا فيه فجاء أسيد بن حضير وعباد بن بشر فقالا يا رسول الله إن اليهود تقول كذا وكذا
یہہ مرد کہ چھوڑے ہمارے کاروبار سے کوئی چیز مگر مخالفت کرے ہماری اسمیں پھر آئے اسید ابن حضیر اور عباد ابن بشر اور دونوں نے کہا یا رسول اللہ بیشک یہود کہتے ہیں ایسا اور ایسا

أفلا نجامعهن فتغير وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى ظننا أن قد وجد عليهما فخرجا فاستقبلهما هدية من لبن
سو کیا نہ ساتھ سولاویں ہم انکو پھر بدل گیا چہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں تک کہ گمان کیا ہمنے کہ بیشک خفا ہوئے آپ ان دونوں پر پھر نکلے دونوں اور سامنے آیا دونوں کے ہدیہ دودھ کا

إلى النبي صلى الله عليه وسلم فأرسل في آثارهما فسقاهما فعرفا أنه لم يجد عليهما رواه مسلم وعن عائشة قالت كنت أغتسل أنا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس تب آدمی بھیجا حضرت نے دونوں کے پیچھے اور پلایا ان کو دودھ تب دونوں نے پہچانا کہ نہیں ہیں آپ خفا ان پر روایت کیا اسکو مسلم نے ہ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں غسل کرتی

والنبي صلى الله عليه وسلم من اناء واحد وكلانا جنب وكان يأمرني فاتزر فيباشرني وانا حائض وكان يخرج الي رأسه وهو

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک باسن سے اور حال یہ کہ ہم دونوں جنب ہوتے اور حضرت حکم کرتے مجھکو پھر میں تہبند باندھتی پھر چمٹاتے مجھکو اور میں حیض سے ہوتی اور نکالتے تھے حضرت میری طرف اپنا سر

معتكف فاغسله وانا حائض متفق عليه وعنها قالت كنت اشرب وانا حائض ثم اناوله النبي صلى الله عليه وسلم فيضع فاه على

اعتکاف میں تو میں دھوتی اسکو اور میں حیض سے ہوتی * ق * اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ تھی میں پانی پیتی اور حیض سے ہوتی پھر دیتی اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب رکھتے اپنا منہ

موضع في فيشرب واتعرق العرق وانا حائض ثم اناوله النبي صلى الله عليه وسلم فيضع فاه على موضع في رواه مسلم وعنها

میرے منہ کی جگہ پر اور پیتے اور دانت سے کھاتی میں گوشت ہڈی کا اور ہوتی میں حیض سے پھر دیتی میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب رکھتے اپنا منہ میری منہ کی جگہ * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت

قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يتكئ في حجري وانا حائض ثم يقرأ القرآن متفق عليه وعنها قالت قال لي النبي صلى الله عليه وسلم

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ کرتے میری گود میں اور میں حیض سے ہوتی پھر پڑھتے قرآن * ق * اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ناوليني الخمرة من المسجد فقلت اني حائض فقال ان حيضتك ليست في يدك رواه مسلم وعن ميمونة قالت كان النبي صلى الله

نے کہ مجھکو چھوٹا بوریا مسجد میں سے * ت * تب کہا میں نے کہ میں حیض سے ہوں پھر فرمایا تحقیق حیض تیرا نہیں ہے تیرے ہاتھ میں * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے میمونہ سے کہا کہ تھے

عليه وسلم يصلي في مرط بعضه علي وبعضه عليه وانا حائض متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال قال رسول الله

علیہ وسلم نماز پڑھتے کمل پر کہ تھوڑا اسکا مجھ پر ہوتا اور تھوڑا اسکا ان پر اور میں حیض سے ہوتی * ق * فصل دوسری * روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من اتى حائضا او امرأة في دبرها او كاهنا فقد كفر بما انزل على محمد رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي وفي روايتهما

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جماع کرے حیض والی عورت سے یا کسی عورت سے اسکی دبر میں یا آوے نجومی کے پاس پھر تحقیق وہ منکر ہوا اس دین کا جو اتارا گیا محمد پر * روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی اور ان دونوں کی ایک روایت میں

فصدقه بما يقول فقد كفر وقال الترمذي لا نعرف هذا الحديث الا من حكيم الاثرم عن ابي تميمة عن ابي هريرة وعن معاذ بن

یوں ہے پھر سچا جانا اسکو اس بات میں جو کہتا ہے تو بیشک کافر ہوا اور کہا ترمذی نے نہیں جانتے ہم اس حدیث کو مگر حکیم اثرم سے اسنے نقل کیا ابی تمیمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے * اور روایت ہے معاذ ابن

جبل قال قلت يا رسول الله ما يحل لي من امرأتي وهي حائض قال ما فوق الازار والتعفف عن ذلك افضل رواه رزين وقال محي السنة

جبل سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ کیا چیز حلال ہے مجھکو میری عورت سے حیض کی حالت میں فرمایا وہ چیز کہ ازار کے اوپر ہے اور بچنا اس سے افضل ہے روایت کیا اسکو رزین نے اور کہا محی السنہ

اسناده ليس بقوي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا وقع الرجل باهله وهي حائض فليتصدق بنصف دينار

اسناد اسکی نہیں ہے قوی * اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جماع کرے مرد اپنی جورو سے حیض کی حالت میں تو چاہیے کہ صدقہ دے آدھی دینار

رواه الترمذي وابو داود والنسائي والدارمي وابن ماجة وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا كان دما احمر فدينار واذا كان دما اصفر

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے * اور انہی سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب ہووے خون سرخ تب ایک دینار اور جب ہووے خون زرد

فنصف دينار رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن زيد بن اسلم قال ان رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ما يحل لي

تب آدھا دینار * روایت کیا اسکو ترمذی نے * فصل تیسری * روایت ہے زید ابن اسلم سے کہا کہ بیشک ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کیا چیز حلال ہے مجھکو

من امرأتي وهي حائض فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم تشد عليها ازارها ثم شانك باعلاها رواه مالك والدارمي مرسلا

میری عورت سے حیض کی حالت میں تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب مضبوط باندھ اسپر اسکی ازار پھر کام تیرا اسکے اوپر ہے * روایت کیا اسکو مالک اور دارمی نے مرسل

وعن عائشة قالت كنت اذا حضت نزلت عن المثال على الحصير فلم نقرب رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم ندن منه حتى نطهر

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں جب حیض سے ہوتی اتر تی بچھونے سے بوریے پر پھر نزدیک نہ ہوتی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہ قریب ہوتی ہم ان کے یہاں تک کہ پاک ہوں

رواه ابو داود

باب المستحاضة

الفصل الاول

عن عائشة قالت جاءت فاطمة بنت ابي حبيش الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا
روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ یہ باب ہے بیان میں مستحاضہ کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ آئی فاطمہ بنت ابی حبیش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ یا

رسول الله اني امرأة استحاض فلا اطهر افادع الصلوة فقال انما ذلك عرق وليس بحيض فاذا اقبلت حيضتك فدعي الصلوة واذا
رسول اللہ بیشک میں ایک عورت ہوں کہ استحاضہ کی جاتی ہوں پھر نہیں پاک ہوتی سو کیا چھوڑ دوں نماز کو فرمایا سوائے اسکے نہیں یہ ایک رگ ہے اور نہیں ہے حیض پھر جب آوے حیض تیرا تب چھوڑ دے نماز اور جب

ادبرت فاغسلي عنك الدم ثم صلي متفق عليه

الفصل الثاني

عن عروة بن الزبير عن فاطمة بنت ابي حبيش انها كانت تستحاض
جاتا رہے پھر دھو ڈال اپنے بدن سے خون کو پھر نماز پڑھ ۔ متفق ہے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے عروہ ابن زبیر سے اسنے روایت کی فاطمہ بنت ابی حبیش سے کہ بیشک وہ تھی استحاضہ کی جاتی

فقال لها النبي صلى الله عليه وسلم اذا كان دم الحيض فانه دم اسود يعرف فاذا كان ذلك فامسكي عن الصلوة فاذا كان الآخر فتوضئي
تب فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہو خون حیض کا پھر تحقیق وہ خون سیاہ ہے پہچانا جاتا ہے پس جب ہووے یہ تب بند رہ نماز سے اور جب ہووے دوسرا رنگ تب وضو کر

وصلي فانما هو عرق رواه ابو داود والنسائي وعن ام سلمة قالت ان امرأة كانت تهراق الدم على عهد رسول الله صلى الله
اور نماز پڑھ پھر سوا اسکے نہیں ہے کہ وہ رگ ہے ۔ روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تحقیق ایک عورت تھی گرائی جاتی خون وقت زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فاستفتت لها ام سلمة النبي صلى الله عليه وسلم فقال لتنظر عدد الليالي والايام التي كانت تحيضهن من الشهر
علیہ وسلم کے پھر فتوی پوچھا اسکے واسطے ام سلمہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر فرمایا چاہئے کہ دیکھے گنتی راتوں اور دنوں کی کہ تھی حیض سے ہوتی ان دنوں اور راتوں میں مہینے سے

قبل ان يصيبها الذي اصابها فلتترك الصلوة قدر ذلك من الشهر فاذا خلفت ذلك فلتغتسل ثم لتستثفر
قبل اسکے کہ پہنچے اس عورت کو وہ بیماری کہ پہنچی ہے اسکو پھر چاہئے کہ چھوڑ دے نماز کو موافق گنتی ان دنوں کے مہینے میں سے پھر جب گذر رہے یہ پھر چاہئے کہ غسل کرے اور چاہئے کہ لنگوٹ باندھے

بثوب ثم لتصل رواه مالك وابو داود والدارمي وروى النسائي معناه وعن عدي بن ثابت عن ابيه عن جده قال
کپڑے سے پھر نماز پڑھے ۔ روایت کیا اسکو مالک اور ابوداود اور دارمی نے اور روایت کیا نسائی نے معنے اسکے ۔ اور روایت ہے عدی ابن ثابت سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے عدی کے دادا سے کہا

يحيى بن معين جد عدي اسمه دينار عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال في المستحاضة تدع الصلوة ايام اقرائها التي
یحیی ابن معین نے دادا عدی کا نام اسکا دینار ہے اسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ حضرت نے فرمایا مستحاضہ کے حق میں چھوڑ دے نماز کو اپنے حیض کے دنوں میں وہ دن

كانت تحيض فيها ثم تغتسل وتتوضأ عند كل صلوة وتصوم وتصلي رواه الترمذي وابو داود وعن حمنة بنت جحش
کہ تھی حیض سے ہوتی انمیں پھر غسل کرے اور وضو کرے ہر نماز کے وقت اور روزہ رکھے اور نماز پڑھے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے ۔ اور روایت ہے حمنہ بنت جحش سے

قالت كنت استحاض حيضة كثيرة شديدة فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم استفتيه واخبره فوجدته في بيت اختي زينب
کہا کہ تھی میں استحاضہ کی جاتی استحاضہ بہت سخت پھر آئی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ پوچھوں میں انسے اور خبر دوں ان کو پھر پایا میں نے انکو گھر میں اپنی بہن زینب

بنت جحش فقلت يا رسول الله اني استحاض حيضة كثيرة شديدة فما تأمرني فيها قد منعتني الصلوة والصيام قال انعت
بنت جحش کے تب کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں استحاضہ کی جاتی ہوں استحاضہ بہت سخت سو کیا حکم کرتے ہو مجھکو اسمیں تحقیق باز رکھا ہے مجھکو نماز اور روزے سے فرمایا بیان کرتا ہوں

لك الكرسف فانه يذهب الدم قالت هو اكثر من ذلك قال فتلجمي قالت هو اكثر من ذلك قال فاتخذي ثوبا قالت هو
تیرے واسطے روئی پھر تحقیق وہ لیجاتی ہے خون کو ۔ کہا عورت نے وہ زیادہ ہے اس سے فرمایا پھر لنگوٹ باندھ ۔ کہا وہ زیادہ ہے اس سے فرمایا پھر رکھ تو کپڑا ۔ کہا وہ

اكثر من ذلك انما اثج ثجا فقال النبي صلى الله عليه وسلم سآمرك بامرين ايهما صنعت اجزأ عنك من الآخر وان قويت
زیادہ ہے اس سے سوا اسکے نہیں ہے کہ خون گراتی ہوں بہت فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اب حکم کرتا ہوں تجھکو ساتھ دو کاموں کے دونوں میں سے جو نسا کرے تو کفایت کرے تجھکو دوسرے سے اور اگر قوت رکھتی ہے

عَلَيْهِمَا فَانْتَ اَعْلَمُ قَالَ لَهَا اِنَّمَا هٰذِهٖ رَكْضَةٌ مِّنْ رَّكَضَاتِ الشَّيْطَانِ فَتَحَيَّضِيْ سِتَّةَ اَيَّامٍ اَوْ سَبْعَةَ اَيَّامٍ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى ثُمَّ

دونوں پر جو تو دانا زیادہ ہے۔ ف۔ فرمایا اس سے کہ سوا اسکے نہیں ہے کہ یہہ ایک لات مارنا ہے آثار شیطان سے ف پھر حیض ٹھہرا تو چھہ دن یا سات دن بیچ علم اللہ تعالیٰ کے ف پھر

اغْتَسِلِيْ حَتّٰى اِذَا رَاَيْتِ اَنَّكِ قَدْ طَهُرْتِ وَاسْتَنْقَاْتِ فَصَلِّيْ ثَلَاثًا وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً اَوْ اَرْبَعًا وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَاَيَّامَهَا وَصُوْمِيْ فَاِنَّ

نہا ڈال یہاں تک کہ جب دیکھے تو کہ بیشک پاک ہوئی تو اور صاف ہوئی پھر نماز پڑھ تیئس رات یا چوبیس رات اور اُن کے دن ف اور روزہ رکھ پھر

ذٰلِكِ يُجْزِئُكِ وَكَذٰلِكِ فَافْعَلِيْ كُلَّ شَهْرٍ كَمَا تَحِيْضُ النِّسَاءُ وَكَمَا يَطْهُرْنَ مِيْقَاتَ حَيْضِهِنَّ وَطُهْرِهِنَّ وَاِنْ قَوِيْتِ عَلٰى اَنْ تُؤَخِّرِيْنَ

یہہ کفایت کرتا ہے تجھکو اور اسی طرح کر ہر مہینے میں جیسا کہ حیض سے ہوتی ہیں عورتیں اور جیسا کہ پاک ہوتی ہیں بیچ حیض اور طہر کے وقت میں ف اگر قوت رکھے تو اس بات پر کہ تاخیر کرے

الظُّهْرَ وَتُعَجِّلِيْنَ الْعَصْرَ فَتَغْتَسِلِيْنَ وَتَجْمَعِيْنَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَتُؤَخِّرِيْنَ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلِيْنَ الْعِشَاءَ ثُمَّ تَغْتَسِلِيْنَ

نماز ظہر کو اور جلدی کرے نماز عصر کو پھر غسل کرے درمیان دونوں نمازوں کے جو ظہر اور عصر ہے اور تاخیر کرے مغرب کی اور جلد کرے عشا کی پھر غسل کرے تو

وَتَجْمَعِيْنَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ فَافْعَلِيْ وَتَغْتَسِلِيْنَ مَعَ الْفَجْرِ فَافْعَلِيْ وَصُوْمِيْ اِنْ قَدَرْتِ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور جمع کرے درمیان دونوں نمازوں کے پھر کر تو اور غسل کرے تو ساتھ فجر کے پھر اس طرح کر تو اور روزہ رکھ اگر طاقت رکھتی ہے اس پر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَهٰذَا اَعْجَبُ الْاَمْرَيْنِ اِلَيَّ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ قُلْتُ يَا

وسلم نے اور یہہ بہت پسند ہے دونوں حکم میں نزدیک میرے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ترمذی نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے اسماء بنت عمیس سے کہا کہ میں نے کہا یا

رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ اُسْتُحِيْضَتْ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ تُصَلِّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا مِنَ

رسول اللہ تحقیق فاطمہ بیٹی ابی حبیش کی استحاضہ کی گئی مدت اتنی اور اتنی پھر نماز نہیں پڑھا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ بیشک یہہ

الشَّيْطَانِ لِتَجْلِسْ فِيْ مِرْكَنٍ فَاِذَا رَاَتْ صُفَارَةً فَوْقَ الْمَاءِ فَلْتَغْتَسِلْ لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَغْتَسِلْ لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ غُسْلًا

شیطان سے ہے ف چاہئے کہ بیٹھے لگن میں پھر جب دیکھے زردی پانی پر پھر چاہئے کہ غسل کرے ظہر اور عصر کے واسطے ایک غسل اور غسل کرے مغرب اور عشا کے واسطے ایک غسل

وَّاحِدًا وَّتَغْتَسِلْ لِلْفَجْرِ غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَتَوَضَّاُ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَقَالَ رَوٰى مُجَاهِدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَمَّا اشْتَدَّ عَلَيْهَا الْغُسْلُ

اور غسل کرے فجر کے واسطے ایک غسل اور وضو کرے درمیان ان غسل کے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور کہا روایت کی مجاہد نے ابن عباس سے جب دشوار ہوا اس عورت پر غسل ف

اَمَرَهَا اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ

كِتَابُ الصَّلٰوةِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَوٰتُ

حکم کیا اسکو کہ اکٹھا کرے درمیان دو نماز وں کے ایک غسل سے ۔ یہہ کتاب ہے بیان میں نماز کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیں

الْخَمْسُ وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ وَرَمَضَانُ اِلٰى رَمَضَانَ مُكَفِّرَاتٌ لِّمَا بَيْنَهُنَّ اِذَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پانچ وقتی اور جمعہ جمعہ تک اور رمضان رمضان تک مٹانے والی ہیں گناہ کی جو ان کے درمیان میں ہوئی ہیں جب پرہیز کیا جاوے گناہوں کبیرہ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی

اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنَّ نَهْرًا بِبَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسًا هَلْ يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَيْءٌ قَالُوْا لَا يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَيْءٌ قَالَ فَذٰلِكَ مِثْلُ الصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ يَمْحُو اللّٰهُ بِهِنَّ

خبر دو مجھکو اگر تحقیق ایک نہر ہو دروازے پر کسی کے تم میں سے کہ غسل کرتا ہے اس میں ہر روز پانچ وقت کیا باقی رہتی ہے میل اس کی سے کچھ کہا صحابہ نے نہیں باقی رہتی میل اسکی سے کچھ فرمایا پس یہہ مثال ہے پانچ نمازوں کی مٹاتا ہے اللہ ساتھ ان کے

الْخَطَايَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا اَصَابَ مِنِ امْرَاَةٍ قُبْلَةً فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَقِمِ

صغیرہ گناہوں کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ بیشک ایک مرد نے ایک عورت سے بوسہ لیا ف پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دیا حضرت کو تب اتارا اللہ تعالیٰ نے آیت اور قائم کر

الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِيْ هٰذَا قَالَ لِجَمِيْعِ اُمَّتِيْ كُلِّهِمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمَنْ

نماز کو دونوں طرف دن کے ف اور نزدیک رات کے ف تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو تب کہا مرد نے یا رسول اللہ کیا میرے ہی واسطے ہے یہہ حکم فرمایا کہ تمام امت کے واسطے اور ایک روایت میں یوں ہے اس شخص

عمل بها من امتی متفق علیه وعن انس قال جاء رجل فقال یا رسول الله انی اصبت حدا فاقمه علی قال ولم یسأله عنه وحضرت الصلوة

عمل کیا اسکو ہر ایک نے میری امت میں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ آیا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ تحقیق پہنچا میں حد کو سو قائم کیجئے حد مجھ پر کہا انس نے اور نہ پوچھا حضرت نے

فصلی مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فلما قضی النبی صلی الله علیه وسلم الصلوة قام الرجل فقال یا رسول الله انی اصبت حدا فاقم

تب پڑھا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر جب پڑھ چکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کھڑا ہوا مرد اور کہا یا رسول اللہ بیشک میں پہنچا حد کو سو قائم کیجئے

فی کتاب الله قال الیس قد صلیت معنا قال نعم قال فان الله قد غفر لک ذنبک او حدک متفق علیه وعن ابن مسعود قال

مجھ پر حکم اللہ کا فرمایا کیا نہیں نماز پڑھی تونے ہمارے ساتھ کہا ہاں فرمایا پھر تحقیق اللہ نے بخش دی تجھ سے تیری گناہ یا فرمایا تیرا حد ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

سألت النبی صلی الله علیه وسلم ای الاعمال احب الی الله تعالی قال الصلوة لوقتها قلت ثم ای قال بر الوالدین قلت ثم ای

کہ پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کونسا کام بہت پسند ہے نزدیک اللہ تعالی کے فرمایا نماز ادا کرنا اسکے وقت میں کہا میں نے پھر کونسا فرمایا نیکی کرنا ماں باپ سے کہا

قال الجهاد فی سبیل الله قال حدثنی بهن ولو استزدته لزادنی متفق علیه وعن جابر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

فرمایا جہاد کرنا اللہ کی راہ میں کہا ابن مسعود نے خبر دی مجھکو حضرت نے ان کاموں کی اور اگر زیادہ پوچھتا میں البتہ زیادہ بتاتے مجھکو ۔ ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بین العبد وبین الکفر ترک الصلوة رواه مسلم

الفصل الثانی

عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلی الله

درمیان بندے کے اور درمیان کفر کے چھوڑ دینا نماز کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم خمس صلوات افترضهن الله تعالی من احسن وضوءهن وصلاهن لوقتهن واتم رکوعهن وخشوعهن کان له

علیہ وسلم نے پانچ نمازیں ہیں کہ فرض کیا ان کو اللہ تعالی نے جسنے اچھا کیا وضو انکا اور پڑھا ان کو ان کے وقت میں اور پورا کیا رکوع ان کا اور سجدہ ان کا ہوگا اسکے واسطے

علی الله عهد ان یغفر له ومن لم یفعل فلیس له علی الله عهد ان شاء غفر له وان شاء عذبه رواه احمد وابو داود وروی

اللہ پر وعدہ کہ بخشے اسکو اور جو شخص کہ نہ کرے پھر نہیں ہے اسکے واسطے اللہ پر وعدہ اگر چاہے بخشے اسکو اور اگر چاہے عذاب کرے اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت

مالک والنسائی نحوه وعن ابی امامة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم صلوا خمسکم وصوموا شهرکم وادوا زکوة اموالکم

مالک اور نسائی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو پانچ نمازیں اپنی اور روزہ رکھو اپنے مہینے کا اور ادا کرو زکوۃ اپنے مالوں کی

واطیعوا اذا امرکم تدخلوا جنة ربکم رواه احمد والترمذی وعن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلی

اور تابعداری کرو اپنے صاحب کے حکم کی داخل ہو بہشت میں اپنے رب کی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عمرو ابن شعیب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عمرو کے دادا سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله علیه وسلم مروا اولادکم بالصلوة وهم ابناء سبع سنین واضربوهم علیها وهم ابناء عشر سنین وفرقوا بینهم

اللہ علیہ وسلم نے حکم کرو اپنی اولاد کو نماز کا اور حالانکہ وہ لڑکے سات برس کے اور مارو ان کو نماز کے واسطے اور وہ ہوں لڑکے دس برس کے اور جدا کرو درمیان ان کے

فی المضاجع رواه ابو داود وکذا رواه فی شرح السنة عنه وفی المصابیح عن سبرة بن معبد وعن بریدة قال قال رسول

سونے کی جگہ میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور اسی طرح روایت کیا اسکو شرح سنت میں عمرو ابن شعیب سے اور مصابیح میں روایت کیا سبرہ ابن معبد سے ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلی الله علیه وسلم العهد الذی بیننا وبینهم الصلوة فمن ترکها فقد کفر رواه احمد والترمذی وابن ماجه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قول اقرار جو ہمارے اور منافقوں کے درمیان ہے سو نماز ہی ہے سو جسنے چھوڑا اسکو پھر تحقیق کافر ہوا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور

والنسائی

الفصل الثالث

عن عبد الله بن مسعود قال جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله انی عالجت

نسائی نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ یا رسول اللہ بیشک میں نے کھیلا

امرأة في أقصى المدينة وإني أصبت منها ما دون أن أمسها فأنا هذا فاقض في ما شئت فقال له عمر لقد سترك الله تعالى لو

ایک عورت کو کنارے میں مدینے کے اور تحقیق میں نے پایا اس سے جو چیز کہ سوائے جماع کے ہے پھر حاضر ہوں یہ میں سو حکم کیجئے میرے حق میں جو چاہئے تب کہا اس کو عمر نے تحقیق پردہ رکھا تیرا اللہ تعالی نے

سترت على نفسك قال ولم يرد النبي صلى الله عليه وسلم عليه شيئا فقام الرجل فانطلق فأتبعه النبي صلى الله عليه وسلم رجلا

پردہ رکھتا تو اپنے تئیں بھی تو بہتر تھا کہا اور نہ جواب دیا اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کچھ اور کھڑا ہوا وہ شخص پھر چلا گیا پھر پیچھے بھیجا اسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو

فدعاه وتلا عليه هذه الآية وأقم الصلوة طرفي النهار وزلفا من الليل إن الحسنات يذهبن السيئات ذلك ذكرى للذاكرين

پھر بلایا اسکو اور پڑھی اس پر یہ آیت اور ٹھیک ادا کر نماز کو دو کناروں میں دن کے اور تھوڑی سی رات میں تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو یہ بھی نصیحت ہے واسطے نصیحت ماننے والوں کے

فقال رجل من القوم يا نبي الله هذا له خاصة فقال بل للناس كافة رواه مسلم وعن أبي ذر أن النبي صلى الله عليه وسلم

تب کہا ایک شخص نے قوم میں سے اے نبی اللہ کے یہ اسکے واسطے خاص ہے تب فرمایا بلکہ سب لوگوں کے واسطے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خرج زمن الشتاء والورق يتهافت فأخذ بغصنين من شجرة قال فجعل ذلك الورق يتهافت قال فقال يا أبا ذر قلت

نکلے موسم میں جاڑے کے اور پتے گرتے تھے پھر لیا دو شاخوں ایک درخت سے کہا ابوذر نے پھر لگا یہ پتا جھڑنے کہا پھر فرمایا اے ابوذر کہا میں نے

لبيك يا رسول الله قال إن العبد المسلم ليصلي الصلوة يريد بها وجه الله فتهافت عنه ذنوبه كما تهافت هذا الورق عن هذه

حاضر ہوں یا رسول اللہ فرمایا بیشک بندہ مسلمان تحقیق نماز پڑھتا ہے چاہتا ہے اس سے ذات اللہ پھر گرتے ہیں اس سے گناہ اسکے جیسے گرتے ہیں یہ پتے اس

الشجرة رواه أحمد وعن زيد بن خالد الجهني قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى سجدتين لا يسهو فيهما غفر

درخت سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے زید بن خالد جہنی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے دو رکعت نہ غفلت کرے اسمیں بخشے

الله له ما تقدم من ذنبه رواه أحمد وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه ذكر الصلوة يوما

اسکے لئے جو کچھ پہلے گذرے ہیں اسکے گناہ سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ حضرت نے ذکر کیا نماز کا ایک دن

فقال من حافظ عليها كانت له نورا وبرهانا ونجاة يوم القيمة ومن لم يحافظ عليها لم تكن له نورا ولا برهانا ولا نجاة

پھر فرمایا جو کہ محافظت کرے انکی ہووے وہ نماز اسکے لئے نور اور حجت اور سبب نجات کا قیامت کے دن اور جو کہ نہ محافظت کرے انکی نہ ہوگی اسکے لئے نور اور نہ حجت اور نہ سبب نجات کا

وكان يوم القيمة مع قارون وفرعون وهامان وأبي بن خلف رواه أحمد والدارمي والبيهقي في شعب الإيمان وعن

اور ہوگا قیامت کے دن ساتھ قارون اور فرعون اور ہامان کے اور ابی ابن خلف کے روایت کیا اسکو احمد اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے

عبد الله بن شقيق قال كان أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرون شيئا من الأعمال تركه كفر غير الصلوة رواه الترمذي وعن

عبد اللہ ابن شقیق سے کہا کہ تھے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں اعتقاد کرتے کسی چیز کو عملوں میں سے چھوڑنا اسکا کفر سوائے نماز کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت

أبي الدرداء قال أوصاني خليلي أن لا تشرك بالله شيئا وإن قطعت وحرقت ولا تترك صلوة مكتوبة متعمدا فمن تركها متعمدا

ابی درداء سے کہا کہ وصیت کیا مجھکو میرے جانی دوست نے کہ شریک نہ کر تو اللہ کا کسی چیز کو اگرچہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاوے اور جلایا جاوے تو اور نہ چھوڑ تو نماز فرض کو جان بوجھکر پھر جس نے چھوڑا نماز کو جان بوجھکر

فقد برئت منه الذمة ولا تشرب الخمر فإنها مفتاح كل شر رواه ابن ماجة

بیشک نکل گیا اس سے ذمہ اور مت پی شراب پھر تحقیق وہ کنجی ہے سب برائی کی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب المواقيت

الفصل الأول

یہہ باب بیچ بیان وقتوں کے — فصل پہلی

عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وقت الظهر إذا زالت الشمس وكان ظل الرجل كطوله ما لم يحضر العصر

روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت ظہر کا جب ڈھلے آفتاب اور ہووے سایہ شخص کا مثل اسکی درازی کے جب تک آوے عصر

ووقت العصر ما لم تصفر الشمس ووقت صلوٰۃ المغرب ما لم يغب الشفق ووقت صلوٰۃ العشاء الى نصف الليل الاوسط

اور وقت عصر کا جب تک کہ زرد نہووے آفتاب اور وقت نماز مغرب کا جبتک کہ نہ غائب ہو شفق اور وقت نماز عشا کا میانی آدھی رات تک

ووقت صلوٰۃ الصبح من طلوع الفجر ما لم تطلع الشمس فاذا طلعت الشمس فامسك عن الصلوٰۃ فانها تطلع بين قرني الشيطان رواه

اور وقت نماز صبح کا نکلنے فجر سے جب تک کہ نہ نکلے آفتاب پھر جب کہ نکلے آفتاب پھر بند رہ تو نماز سے پھر بیشک وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے روایت

مسلم وعن بريدة قال ان رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن وقت الصلوٰۃ فقال له صل معنا هذين يعني اليومين فلما زالت الشمس

مسلم نے اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ تحقیق ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حال وقت نماز کا تب فرمایا اسکو نماز پڑھ ہمارے ساتھ ان دونوں میں یعنی دو دن پھر جبکہ ڈھلا آفتاب

امر بلالا فاذن ثم امره فاقام الظهر ثم امره فاقام العصر والشمس مرتفعة بيضاء نقية ثم امره فاقام المغرب حين غابت الشمس

حکم فرمایا بلال کو پھر اذان دیا پھر حکم فرمایا اسکو تب اقامت کہی ظہر کی پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی عصر کی اور آفتاب بلند تھا سفید پرچھا پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی مغرب کی جب غائب ہوا آفتاب

ثم امره فاقام العشاء حين غاب الشفق ثم امره فاقام الفجر حين طلع الفجر فلما ان كان اليوم الثاني امره فابرد بالظهر فابرد

پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی عشا کی جب غائب ہو شفق پھر فرمایا تب اقامت کہی فجر کی جسوقت نمود ہوا فجر پھر جب کہ ہوا دوسرا دن فرمایا اسکو کہ ٹھنڈا کر ظہر کو تب ٹھنڈا کی

بها فانعم ان يبرد بها وصلى العصر والشمس مرتفعة اخرها فوق الذي كان وصلى المغرب قبل ان يغيب الشفق وصلى العشاء

اسکو پھر زیادتی کی اسکے سرد کرنے میں اور نماز پڑھی عصر کی حال یہ کہ آفتاب بلند تھا دیر کی اسکی بہ زیادہ اس سے کہ تھی کل اور نماز پڑھی مغرب کی قبل غائب ہونے شفق کے اور نماز پڑھی عشا کی

بعد ما ذهب ثلث الليل وصلى الفجر فاسفر بها ثم قال اين السائل عن وقت الصلوٰۃ فقال الرجل انا يا رسول الله قال وقت صلوتكم

بعد جانے تہائی رات کے اور نماز پڑھی فجر کی اور روشن کیا اسکو بعد کے فرمایا کہاں ہے پوچھنے والا وقت نماز سے عرض کیا اس شخص نے میں ہوں یا رسول اللہ فرمایا وقت تمہاری نماز کا

بين ما رأيتم رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امني جبرئيل عند البيت مرتين

درمیان اس کے ہے جو دیکھا تم نے روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امامت کی میری جبرئیل نے نزدیک کعبہ کے دو بار

فصلى بي الظهر حين زالت الشمس وكانت قدر الشراك وصلى بي العصر حين صار ظل كل شيء مثله وصلى بي المغرب حين افطر

پھر نماز پڑھوائی مجھکو ظہر کی جس وقت ڈھلا آفتاب اور ہوا سایہ برابر تسمہ کے اور نماز پڑھوائی مجھکو عصر کی جسوقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا مانند اسکے اور نماز پڑھوائی مجھکو مغرب کی جسوقت افطار کرتا ہے

الصائم وصلى بي العشاء حين غاب الشفق وصلى بي الفجر حين حرم الطعام والشراب على الصائم فلما كان الغد صلى بي الظهر حين

روزہ دار اور نماز پڑھوائی مجھکو عشا کی جسوقت کہ غائب ہوئی شفق اور نماز پڑھوائی مجھکو فجر کی جسوقت کہ حرام ہوتا ہے کھانا اور پینا روزہ دار پر پھر جب ہوا کل نماز پڑھوائی مجھکو ظہر کی جسوقت کہ

كان ظله مثله وصلى بي العصر حين كان ظله مثليه وصلى بي المغرب حين افطر الصائم وصلى بي العشاء الى ثلث الليل وصلى بي الفجر

ہوا سایہ ہر چیز کا مانند اسکے اور نماز پڑھوائی مجھکو عصر کی جسوقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا دونا اسکا اور نماز پڑھوائی مجھکو مغرب کی جسوقت کہ افطار کرتا ہے روزہ دار اور نماز پڑھوائی مجھکو عشا کی تہائی رات تک

فاسفر ثم التفت الي فقال يا محمد هذا وقت الانبياء من قبلك والوقت ما بين هذين الوقتين رواه ابو داود والترمذي

پھر روشن کیا پھر متوجہ ہوئے میری طرف اور کہا اے محمد یہہ ہے وقت نبیوں کا جو قبل تیرے تھے اور وقت نماز کا درمیان ان دونوں وقتوں کے ہے روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے

الفصل الثالث

عن ابن شهاب ان عمر بن عبد العزيز اخر العصر شيئا فقال له عروة اما ان جبرئيل قد نزل فصلى امام رسول الله صلى الله

فصل تیسری روایت ہے ابن شہاب سے کہ تحقیق عمر ابن عبد العزیز نے تاخیر کی عصر کی تھوڑا سا تب کہا اسکو عروہ نے خبردار ہو تحقیق جبرئیل اترے پھر نماز پڑھی آگے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فقال له عمر اعلم ما تقول يا عروة فقال سمعت بشير بن ابي مسعود يقول سمعت ابا مسعود يقول سمعت رسول الله صلى

علیہ وسلم کے تب کہا اس سے عمر ابن عبد العزیز نے جان تو کیا کہتا ہے اے عروہ پس کہا عروہ نے سنا میں نے بشیر ابن ابی مسعود کو وہ کہتے تھے سنا میں نے ابو مسعود کو وہ کہتے تھے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلّم يقول نزل جبريل فامّني فصلّيت معه ثم صلّيت معه ثم صلّيت معه ثم صلّيت معه ثم صلّيت معه يحسب باصابعه خمس صلوات متفق

علیہ وسلم کو وہ فرماتے تھے اترے جبریل اور امامت کی میری تب نماز پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ شمار کرتے

عليه وعن عمر بن الخطاب انه كتب الى عماله انّ اهمّ اموركم عندي الصلوة من حفظها وحافظ عليها حفظ دينه ومن ضيّعها فهو

اور روایت ہے عمر ابن خطاب سے کہ انہوں نے لکھا اپنے عاملوں کو تحقیق بڑا ضروری تمہارے کاموں میں میرے نزدیک نماز ہے جس نے نگاہ رکھا اسکو اور محافظت کی اسکی محافظت کی اپنے دین کی اور جس نے ضائع کیا اسکو وہ

لما سواها اضيع ثم كتب ان صلّوا الظهر ان كان الفيء ذراعا الى ان يكون ظلّ احدكم مثله والعصر والشمس مرتفعة بيضاء نقيّة

واسطے اس چیز کے کہ سوا اسکے ہے ضائع کرنے والا زیادہ ہے پھر لکھا کہ پڑھو نماز ظہر کی وقت ہو سایہ ایک گز سے یہاں تک ہو سایہ ایک تمہارا مثل قد کے اور پڑھو عصر کو حال یہ کہ آفتاب بلند ہو سفید صاف

قدر ما يسير الراكب فرسخين او ثلاثة قبل مغيب الشمس والمغرب اذا غابت الشمس والعشاء اذا غاب الشفق الى ثلث الليل فمن نام فلا نامت

اس قدر کہ چلے سوار دو فرسنگ یا تین فرسنگ قبل ڈوبنے آفتاب کے اور پڑھو مغرب جس وقت غائب ہو آفتاب اور پڑھو عشا جب غائب ہو شفق تہائی رات تک پھر جو کوئی سوگیا تو نہ سوئے

عينه فمن نام فلا نامت عينه فمن نام فلا نامت عينه والصبح والنجوم بادية مشتبكة رواه مالك وعن ابن مسعود قال كان

اسکی آنکھ پھر جو کوئی سوگیا تو نہ سوئے اسکی آنکھ پھر جو کوئی سوگیا تو نہ سوئے اسکی آنکھ اور پڑھو صبح کی جس وقت تارے ظاہر ہوں گنجے ہوئے یعنے بکثرت روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

قدر صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهر في الصيف ثلاثة اقدام الى خمسة اقدام وفي الشتاء خمسة اقدام الى

اندازہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہر گرمی کے ایام میں تین قدموں سے لیکے پانچ قدموں تک اور جاڑے کے ایام میں پانچ قدموں سے لیکے

سبعة اقدام رواه ابو داود والنسائي

سات قدموں تک روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

باب تعجيل الصلوة

یہ باب ہے بیان میں جلدی پڑھنے نماز کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن سيّار بن سلامة قال دخلت انا وابي على ابي برزة الاسلمي فقال له ابي كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلّي المكتوبة فقال كان يصلّي الهجير

روایت ہے سیار ابن سلامہ سے کہا کہ آیا میں اور میرا باپ ابی برزہ اسلمی کے پاس اور کہا اسکو میرے باپ نے کس طرح تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز فرض کو تب کہا تھے پڑھتے نماز کو آدھے دن کی

التي تدعونها الاولى حين تدحض الشمس ويصلّي العصر ثم يرجع احدنا الى رحله في اقصى المدينة والشمس حيّة ونسيت ما قال في المغرب

جسکو بولتے ہو تم نماز پہلی جس وقت کہ ڈھلے آفتاب اور پڑھتے عصر پھر پھرتا ایک ہم میں کا اپنے مکان کی طرف مدینے کے پرلی طرف کنارے پر اور آفتاب بلند ہوتا اور بھولا میں جو کچھ کہا مغرب میں

وكان يستحبّ ان يؤخّر العشاء التي تدعونها العتمة وكان يكره النوم قبلها والحديث بعدها وكان ينفتل من صلوة الغداة

اور تھے مستحب رکھتے کہ تاخیر کی جاوے عشا جسکو تم بولتے ہو عتمہ اور تھے حضرت مکروہ رکھتے سونے کو قبل عشا کے اور بات کرنے کو بعد اسکے اور تھے فارغ ہوتے صبح کی نماز سے

حين يعرف الرجل جليسه ويقرأ بالستّين الى المائة وفي رواية ولا يبالي بتاخير العشاء الى ثلث الليل ولا يحبّ النوم قبلها

جس وقت کہ پہچانتا شخص اپنے ہمنشین کو اور پڑھتے تھے ساٹھ آیتوں سے لیکر سو آیت تک اور ایک روایت میں ہے نہ پروا رکھتے تاخیر عشا کی تہائی رات تک اور دوست نہیں رکھتے تھے سونے کو قبل

والحديث بعدها متفق عليه وعن محمد بن عمرو بن الحسن بن علي قال سألنا جابر بن عبد الله عن صلوة النبي صلى الله عليه وسلم

اور بات کرنے کو بعد اسکے * اور روایت ہے محمد ابن عمرو ابن حسن ابن علی سے کہا کہ پوچھا ہم نے جابر ابن عبد اللہ کو وقت نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

فقال كان يصلّي الظهر بالهاجرة والعصر والشمس حيّة والمغرب اذا وجبت والعشاء اذا كثر الناس عجّل واذا قلّوا اخّر

تب کہا تھے نماز پڑھتے ظہر کی آدھے دن میں اور عصر پڑھتے اور آفتاب زندہ یعنے روشن ہوتا اور مغرب جب آفتاب غائب ہوتا اور عشا کو جب بہت لوگ جمع ہوتے جلد پڑھتے اور جب کم ہوتے دیر کر

والصبح بغلس متفق عليه وعن انس قال كنّا اذا صلّينا خلف النبي صلى الله عليه وسلم بالظهائر سجدنا على ثيابنا اتّقاء

صبح کی نماز تاریکی میں پڑھتے * اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے ہم جب نماز پڑھتے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دھوپ کے دنوں میں سجدہ کرتے اپنے کپڑوں پر گرمی کے بچاؤ

الحر متفق علیہ ولفظہ للبخاری وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اشتد الحر فابردوا

واسطے ہے ق ۔ اور لفظ اسکا بخاری کا ہے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ سخت ہو گرمی تب ٹھنڈے وقت پڑھو

بالصلوۃ وفی روایۃ للبخاری عن ابی سعید بالظہر فان شدۃ الحر من فیح جہنم واشتکت النار الی ربہا فقالت رب اکل بعضی

نماز کو اور ایک روایت میں بخاری کی ابو سعید سے لفظ بالظہر کا ہے ف پھر تحقیق سختی گرمی کی ہی بھاپ سے دوزخ کی اور شکایت کیا آگ نے اپنے رب پاس پھر کہا کہ اے میرے رب کھایا بعض نے میرے

بعضا فاذن لہا بنفسین نفس فی الشتاء ونفس فی الصیف اشد ما تجدون من الحر واشد ما تجدون من الزمہریر متفق علیہ

دوسرے کو تب اذن دیا اسکو دو سانس لینے کا ایک سانس جاڑے میں اور ایک سانس گرمی میں بہت سخت جو پاتے ہو گرمی اور بہت سخت جو پاتے ہو سردی ۔ ف ۔ ق

وفی روایۃ للبخاری فاشد ما تجدون من الحر فمن سمومہا واشد ما تجدون من البرد فمن زمہریرہا وعن انس قال کان رسول اللہ

اور ایک روایت میں بخاری کی پھر بہت سخت جو پاتے ہو تم گرمی سو اسکی گرم دم سے ہے اور بہت سخت جو پاتے ہو سردی سو اسکی سرد دم سے ہے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول

صلی اللہ علیہ وسلم یصلی العصر والشمس مرتفعۃ حیۃ فیذہب الذاہب الی العوالی فیاتیہم والشمس مرتفعۃ وبعض العوالی من المدینۃ

صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے عصر کی اور آفتاب بلند روشن ہوتا پھر جاتا جانیوالا اوپر کی طرف دیہات کے اور آتا ان کے لوگوں پاس اور آفتاب بلند ہوتا اور بعضا اوپر کا گاؤں مدینہ کا

علی اربعۃ امیال او نحوہ متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تلک صلوۃ المنافق یجلس یرقب الشمس حتی

چار کوس پر ہے یا مانند اسکے ہے ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز منافق کی بیٹھا رہتا ہے انتظار کرتا ہے آفتاب کی یہاں تک

اذا اصفرت وکانت بین قرنی الشیطان قام فنقر اربعا لا یذکر اللہ فیہا الا قلیلا رواہ مسلم وعن ابن عمر قال قال رسول

کہ جب زرد ہوتا ہے اور ہوتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے کھڑا ہوتا ہے پھر ٹھونگ مارتا ہے چار رکعت نہیں یاد کرتا اللہ کی اسمیں مگر تھوڑا روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی تفوتہ صلوۃ العصر فکانما وتر اہلہ ومالہ متفق علیہ وعن بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص کہ فوت ہو جاوے اس سے نماز عصر کی پھر گویا کہ نقصان کیا گیا اپنے اہل اور مال میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم من ترک صلوۃ العصر فقد حبط عملہ رواہ البخاری وعن رافع بن خدیج قال کنا نصلی المغرب مع رسول اللہ

اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے چھوڑی نماز عصر کی پھر بیشک اکارت ہوا اسکا عمل روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے مغرب کی ساتھ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم فینصرف احدنا وانہ لیبصر مواقع نبلہ متفق علیہ وعن عائشۃ قالت کانوا یصلون العتمۃ فیما بین

صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پھرتا ایک ہم میں کا اور حال یہ کہ وہ دیکھتا تھا جگہ گرنے تیر اپنے کی ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نماز پڑھتے عشا کی تو درمیان

ان یغیب الشفق الی ثلث اللیل الاول متفق علیہ وعنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیصلی الصبح فتنصرف النساء

شفق غائب ہونے سے اول تہائی رات تک ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے صبح کی پھر پھرتیں عورتیں

متلفعات بمروطہن ما یعرفن من الغلس متفق علیہ وعن قتادۃ عن انس ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وزید بن ثابت تسحرا

چھپائے ہوئے اپنے چادروں کو نہیں پہچانی جاتیں اندھیرے سے ف ۔ ق ۔ اور روایت ہے قتادہ سے اس نے نقل کیا انس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور زید ابن ثابت نے سحری کھائی

فلما فرغا من سحورہما قام نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الصلوۃ فصلی قلنا لانس کم کان بین فراغہما من سحورہما ودخولہما فی الصلوۃ

پھر جب فراغت ہوئی اپنے سحر کھانے سے کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے واسطے اور نماز پڑھی کہا ہم نے انس سے کس قدر فرق تھا ان دونوں صاحبوں کے سحر کھانے سے فراغت اور نماز میں داخل ہونے میں

قال قدر ما یقرأ الرجل خمسین آیۃ رواہ البخاری وعن ابی ذر قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف انت اذا کانت

کہا اسقدر کہ پڑھے شخص پچاس آیت روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا حال ہوگا تیرا جس وقت کہ ہوں

عَلَيْكَ اُمَرَاءُ يُمِيْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اَوْ يُؤَخِّرُوْنَ عَنْ وَقْتِهَا قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِيْ قَالَ صَلِّ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا فَاِنْ اَدْرَكْتَهَا مَعَهُمْ فَصَلِّ فَاِنَّهَا

تجھپر بادشاہیں کہ ماریںگے نماز کو یا تاخیر کرینگے اسکے وقت سے عرض کیا میں نے پھر کیا فرماتے ہیں آپ مجھکو فرمایا نماز پڑھ اسکے وقت میں پھر اگر پاوے تو اسی نماز کو انکے ساتھ بھی تو پڑھ لے

لَكَ نَافِلَةٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ

تیرے لئے نفل ہوگی ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے پائی ایک رکعت صبح کی قبل نکلنے آفتاب کے پھر تحقیق

اَدْرَكَ الصُّبْحَ وَمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَ الْعَصْرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

پائی اسنے نماز صبح کی اور جسنے پائی ایک رکعت عصر کی قبل ڈوبنے آفتاب کے پھر تحقیق پائی اسنے نماز عصر کی ٭ ق ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَدْرَكَ اَحَدُكُمْ سَجْدَةً مِّنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلٰوتَهٗ وَاِذَا اَدْرَكَ سَجْدَةً مِّنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ

علیہ وسلم نے جب پاوے کوئی تم میں سے ایک رکعت عصر کی نماز سے قبل ڈوبنے آفتاب کے پھر چاہیئے کہ پوری پڑھے اپنی نماز کو اور جس وقت کہ پاوے ایک رکعت صبح کی

قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلٰوتَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِيَ صَلٰوةً اَوْ نَامَ عَنْهَا

نماز سے قبل نکلنے آفتاب کے پھر چاہیئے کہ پوری پڑھے اپنی نماز کو ٭ روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بھول جاوے کسی نماز کو یا سو جاوے اس سے

فَكَفَّارَتُهَا اَنْ يُّصَلِّيَهَا اِذَا ذَكَرَهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا كَفَّارَةَ لَهَا اِلَّا ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

پھر کفارہ اسکا یہی ہے کہ پڑھے اسکو جب یاد کرے اسکو اور ایک روایت میں ہے نہیں بدلا اسکا مگر یہی نماز ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابو قتادہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيْطُ فِي الْيَقَظَةِ فَاِذَا نَسِيَ اَحَدُكُمْ صَلٰوةً اَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى

علیہ وسلم نے نہیں ہے سو جانے میں قصور سوا اسکے نہیں کہ قصور ہی جاگنے میں پھر جب بھول جاوے کوئی تم میں کا نماز کو یا سو جاوے اس سے پھر چاہیئے کہ پڑھے اسکو جب یاد کرے اسکو پھر تحقیق اللہ تعالیٰ نے

قَالَ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَلِيُّ ثَلٰثٌ لَا تُؤَخِّرْهَا

فرمایا اور ٹھیک ادا کر نماز کو میرے یاد کرنے کے وقت ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ فصل دوسری ٭ روایت ہے حضرت علی سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اے علی تین چیزیں ہیں کہ نہ دیر کر تو ان میں

اَلصَّلٰوةُ اِذَا اَتَتْ وَالْجَنَازَةُ اِذَا حَضَرَتْ وَالْاَيِّمُ اِذَا وَجَدَتْ لَهَا كُفُوًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

نماز جب کہ آوے وقت اسکا اور جنازہ جس وقت کہ تیار ہو اور عورت بے خاوند کی جب کہ پاوے تو اسکے واسطے ہم قوم ٭ روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَقْتُ الْاَوَّلُ مِنَ الصَّلٰوةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ وَالْوَقْتُ الْاٰخِرُ عَفْوُ اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اُمِّ فَرْوَةَ قَالَتْ سُئِلَ النَّبِيُّ

اللہ علیہ وسلم نے اول وقت نماز کا سبب خوشنودی اللہ کا ہے اور آخر وقت سبب معاف کرنے اللہ کا ہے ٭ روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ام فروہ سے کہا کہ پوچھے گئے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ الصَّلٰوةُ لِاَوَّلِ وَقْتِهَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَا يُرْوَى الْحَدِيْثُ اِلَّا مِنْ

صلی اللہ علیہ وسلم کہ عملوں میں کون افضل ہے فرمایا نماز پڑھنا اسکے اول وقت میں ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے نہیں روایت کی جاتی یہ حدیث مگر

حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ وَهُوَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث عبد اللہ ابن عمر عمری سے اور وہ نہیں ہے قوی نزدیک اہل حدیث کے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نہیں نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ صَلٰوةً لِوَقْتِهَا الْاٰخِرِ مَرَّتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وسلم نے کسی نماز کو اسکے آخر وقت میں دوبار یہاں تک کہ وفات دیا انکو اللہ تعالیٰ نے ٭ روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ اُمَّتِيْ بِخَيْرٍ اَوْ قَالَ عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ اِلٰى اَنْ تَشْتَبِكَ النُّجُوْمُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ عَنِ الْعَبَّاسِ

وسلم نے ہمیشہ رہیگی امت میری ساتھ نیکی کے یا فرمایا اسلام طریقے پر جب تک نہ تاخیر کرینگے مغرب کی نماز کو تاروں کی گچھے ہونے تک ٭ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا دارمی نے

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمَّتِیْ لَاَمَرْتُهُمْ اَنْ یُّؤَخِّرُوا الْعِشَاءَ اِلٰی ثُلُثِ اللَّیْلِ اَوْ

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر سخت نہ جانتا میں اپنی امت پر بیشک حکم کرتا میں انکو یہ کہ تاخیر کریں عشا کی تہائی رات تک یا

نِصْفِهٖ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِمُوْا بِهٰذِهِ الصَّلٰوةِ فَاِنَّكُمْ قَدْ فُضِّلْتُمْ

آدھی رات تک روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ✽ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاریکی میں ادا کرو اس نماز کو عشا کی پھر تحقیق تم بزرگی دیے گئے

بِهَا عَلٰی سَائِرِ الْاُمَمِ وَلَمْ تُصَلِّهَا اُمَّةٌ قَبْلَكُمْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ

بسبب اسکے تمام امت پر اور نہیں پڑھا اس نماز کو کسی امت نے تمہارے پہلے ✽ روایت کیا اسکو ابو داود نے ✽ اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ میں خوب جانتا ہوں وقت اس نماز کا یعنے

صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِیُّ

نماز عشاء پچھلی کا ✽ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے اس نماز کو وقت ڈوبنے چاند تیسری رات کے ✽ روایت کیا اسکو ابوداود اور دارمی نے

وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ فَاِنَّهٗ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ

اور روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روشنی میں پڑھو نماز فجر کی پھر تحقیق وہ نماز بہت بڑی ہے ثواب کے واسطے ✽ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود

وَلَیْسَ عِنْدَ النَّسَائِیِّ فَاِنَّهٗ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ

اور نہیں ہے نزدیک نسائی کے یہ لفظ فانہ اعظم للاجر ✽

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّی الْعَصْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ یُنْحَرُ الْجَزُوْرُ فَیُقْسَمُ عَشَرَ قِسَمٍ ثُمَّ یُطْبَخُ فَنَاْكُلُ لَحْمًا نَضِیْجًا قَبْلَ مَغِیْبِ الشَّمْسِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ

✽ روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے عصر کی ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر ذبح کیا جاتا اونٹ اور تقسیم کیا جاتا دس حصہ پھر پکایا جاتا پھر کھاتے ہم گوشت پکا ہوا قبل غائب ہونے آفتاب کے ✽ ق ✽ اور روایت ہے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ مَكَثْنَا ذَاتَ لَیْلَةٍ نَنْتَظِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ فَخَرَجَ اِلَیْنَا حِیْنَ ذَهَبَ

عبداللہ ابن عمر سے کہا کہ دیر تک تھے ہم ایک رات کو انتظار کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی واسطے نماز عشاء پچھلی کے پھر نکلے ہماری طرف جب کہ گئی

ثُلُثُ اللَّیْلِ اَوْ بَعْدَهٗ فَلَا نَدْرِیْ اَشَیْءٌ شَغَلَهٗ فِیْ اَهْلِهٖ اَوْ غَیْرُ ذٰلِكَ فَقَالَ حِیْنَ خَرَجَ اِنَّكُمْ لَتَنْتَظِرُوْنَ صَلٰوةً مَا یَنْتَظِرُهَا اَهْلُ

تہائی رات یا بعد تہائی کے پھر نہیں جانا ہم نے کہ کس چیز نے مشغول کیا تھا انکے اہل خانہ میں یا سوا اسکے پھر فرمایا جس وقت کہ نکلے تحقیق تم لوگ انتظار کرتے ہو اس نماز کی کہ نہیں انتظار کرتا اسکی

دِیْنٍ غَیْرُكُمْ وَلَوْلَا اَنْ یَّثْقُلَ عَلٰی اُمَّتِیْ لَصَلَّیْتُ بِهِمْ هٰذِهِ السَّاعَةَ ثُمَّ اَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَصَلّٰی رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

کوئی دین والا سوا تمہارے اور اگر نہ ہوتا خوف گران ہونے کا میری امت پر تحقیق پڑھتا میں انکے ساتھ اس وقت میں پھر حکم کیا موذن کو تب اقامت کہی نماز کی اور نماز پڑھی ✽ روایت کیا اسکو مسلم نے ✽ اور

جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی الصَّلَوَاتِ نَحْوًا مِّنْ صَلٰوتِكُمْ وَكَانَ یُؤَخِّرُ الْعَتَمَةَ بَعْدَ صَلٰوتِكُمْ

جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نمازوں کو مانند نماز تمہاری کے اور تھے تاخیر کرتے عشا کو بعد وقت نماز تمہاری کے۔

شَیْئًا وَكَانَ یُخَفِّفُ الصَّلٰوةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ صَلَّیْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْعَتَمَةِ

کچھ اور تھے سبک پڑھتے نماز ✽ ف ✽ روایت کیا اسکو مسلم نے ✽ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ نماز پڑھی ہم نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز عشا کی ✽ ف ✽

فَلَمْ یَخْرُجْ حَتّٰی مَضٰی نَحْوٌ مِّنْ شَطْرِ اللَّیْلِ فَقَالَ خُذُوْا مَقَاعِدَكُمْ فَاَخَذْنَا مَقَاعِدَنَا فَقَالَ اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَاَخَذُوْا

پھر نہ تشریف لائے ✽ ف ✽ یہاں تک کہ گذری قریب آدھی رات کے فرمایا لئے رہو اپنے بیٹھنے کی جگہ پھر لئے رہے ہم اپنے اپنے بیٹھنے کی جگہ پھر فرمایا تحقیق لوگوں نے نماز پڑھ لیا اور

مَضَاجِعَهُمْ وَاِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا فِیْ صَلٰوةٍ مَّا انْتَظَرْتُمُ الصَّلٰوةَ وَلَوْلَا ضَعْفُ الضَّعِیْفِ وَسُقْمُ السَّقِیْمِ لَاَخَّرْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ اِلٰی شَطْرِ

سو رہے اور تحقیق تم ہمیشہ ہو نماز میں جب تک کہ انتظار کرتے ہو نماز کی اور اگر نہ ہوتی کم زوری ضعیف کی اور بیماری بیمار کی تحقیق دیر کرتا میں اس نماز کی آدھی

الليل رواه ابو داؤد والنسائي وعن ام سلمة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اشد تعجيلا للظهر منكم وانتم اشد تعجيلا

رات تک روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت جلدی کرتے ظہر کی تم سے اور تم بہت جلدی کرتے ہو

للعصر منه رواه احمد والترمذي وعن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان الحر ابرد بالصلوة واذا كان البرد عجل رواه النسائي

عصر کی ان سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ ہوتی گرمی ٹھنڈے میں پڑھتے نماز اور جب ہوتی سردی جلدی کرتے نماز کو روایت کیا اسکو نسائی نے

وعن عبادة بن الصامت قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم انها ستكون عليكم بعدي امراء يشغلهم اشياء عن الصلوة لوقتها حتى يذهب

اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق حال یہ ہے کہ غالب ہونگے تم پر بعد میرے سردارین باز رکھینگے انکو چیزیں نماز پڑھنے سے اسکے وقت میں یہانتک کہ جاتا رہیگا

وقتها فصلوا الصلوة لوقتها فقال رجل يا رسول الله اصلي معهم قال نعم رواه ابو داؤد وعن قبيصة بن وقاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اسکا وقت پھر پڑھو تم نماز کو اسکے وقت میں تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ نماز پڑھوں میں انکے ساتھ فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے قبیصہ ابن وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يكون عليكم امراء من بعدي يؤخرون الصلوة فهي لكم وهي عليهم فصلوا معهم ما صلوا القبلة رواه ابو داؤد وعن عبيد الله بن

غالب ہونگے تم پر سردارین بعد میرے تاخیر کرینگے نماز کو پھر ثواب اسکا تمکو ہے اور گناہ انکو ہے پھر نماز پڑھو انکے ساتھ جب تک نماز پڑھیں قبلہ کی طرف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عبید اللہ ابن

عدي بن الخيار انه دخل على عثمان وهو محصور فقال انك امام عامة ونزل بك ما ترى ويصلي لنا امام فتنة ونتحرج فقال الصلوة

عدی ابن خیار سے کہ وہ آیا حضرت عثمان کے پاس اور وہ گھیرے ہوئے تھے پھر کہا عبید اللہ نے کہ تحقیق تم امام ہو مسلمانوں کے اور اتری ہے تم پر وہ بلا کہ دیکھتے ہو اور نماز پڑھواتا ہے ہمکو سردار فتنے

احسن ما يعمل الناس فاذا احسن الناس فاحسن معهم واذا اساءوا فاجتنب اساءتهم رواه البخاري الفصل الاول وعن عمارة بن

بہتر ان کاموں کی ہے جو کرتے ہیں لوگ پھر جسوقت نیکی کریں لوگ پھر نیکی کر ان کے ساتھ اور جب برائی کریں کنارے ہو انکی برائی سے روایت کیا اسکو بخاری نے فصل پہلی روایت ہے عمارہ ابن

رويبة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لن يلج النار احد صلى قبل طلوع الشمس وقبل غروبها يعني الفجر والعصر رواه

رویبہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے ہرگز نہ پیٹھے گا آگ میں وہ شخص کہ جسنے نماز پڑھا قبل نکلنے آفتاب کے اور قبل ڈوبنے آفتاب کے یعنی نماز فجر اور عصر کی روایت کیا اسکو

مسلم وعن ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى البردين دخل الجنة متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول

مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے دو نمازیں ٹھنڈے وقت داخل ہو بہشت میں ق اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم يتعاقبون فيكم ملائكة بالليل وملائكة بالنهار ويجتمعون في صلوة الفجر وصلوة العصر ثم يعرج

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آتے ہیں پیچھے تمہارے فرشتے رات کو اور فرشتے دن کو اور اکٹھا ہوتے ہیں فجر کی نماز اور عصر کی نماز میں تب اوپر چڑھتے ہیں

الذين باتوا فيكم فيسألهم ربهم وهو اعلم بهم كيف تركتم عبادي فيقولون تركناهم وهم يصلون واتيناهم وهم يصلون

وہ فرشتے جو رات کو رہے تم میں پھر پوچھتا ہے ان سے رب انکا اور وہ خوب جانتا ہے حال انکا کیونکر چھوڑا تمنے میرے بندوں کو تب کہتے ہیں چھوڑا ہمنے انکو اور وہ نماز پڑھتے تھے اور آئے ہم انکے پاس اور وہ نماز پڑھتے تھے

متفق عليه وعن جندب القسري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى صلوة الصبح فهو في ذمة الله فلا يطلبنكم الله

ق اور روایت ہے جندب قسری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے نماز صبح کی پھر وہ اللہ کے ذمہ میں ہے پھر چاہیئے کہ نہ طلب کرے تمکو اللہ

من ذمته بشيء فانه من يطلبه من ذمته بشيء يدركه ثم يكبه على وجهه في نار جهنم رواه مسلم وفي بعض نسخ المصابيح القشيري

ذمہ اپنے سے کچھ پھر حال یہ ہے کہ جسکو طلب کریگا اللہ اپنے ذمہ سے کچھ بھی پاویگا اسکو پھر ڈالیگا اسکو منہ کے بل دوزخ کی آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور بعضے نسخے میں مصابیح کے قشیری

بدل القسري وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو يعلم الناس ما في النداء والصف الاول ثم لم يجدوا الا ان

بدلے قسری کے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جانیں آدمی اس ثواب کو جو اذان اور پہلی صف میں ہے پھر نہ پاویں مگر یہ کہ

يستهموا عليه لاستهموا ولو يعلمون ما في التهجير لاستبقوا اليه ولو يعلمون ما في العتمة والصبح لاتوهما ولو حبوا متفق عليه وعن

قرعہ ڈالیں اسپر البتہ قرعہ ڈالیں اور اگر جانیں اس ثواب کو جو سویرے جانے میں ہے تو البتہ دوڑیں اسکی طرف اور اگر جانیں اس ثواب کو جو عشاء اور صبح میں ہے تو البتہ آویں انہیں اگرچہ جانیں گھٹنوں کے بل روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے اور

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس صلوة اثقل على المنافقين من الفجر والعشاء ولو يعلمون ما فيهما لاتوهما ولو حبوا

ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی نماز بھاری زیادہ منافقوں پر فجر اور عشا سے اور اگر جانیں اس ثواب کو جو انمیں ہے تو البتہ آویں انمیں اگرچہ جانیں گھٹنوں کے بل

متفق عليه وعن عثمان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى العشاء في جماعة فكانما قام نصف الليل ومن صلى الصبح في جماعة

روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے عثمان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے نماز عشا کی جماعت میں پھر گویا کہ نماز پڑھی آدھی رات اور جو شخص کہ پڑھے نماز صبح کی جماعت میں

فكانما صلى الليل كله رواه مسلم وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يغلبنكم الاعراب على اسم صلوتكم المغرب قال

پھر گویا کہ نماز پڑھی تمام رات روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ غالب آویں تم پر گنوار تمہاری نماز کے نام پر کہ مغرب ہے فرمایا

ويقول الاعراب هي العشاء وقال لا يغلبنكم الاعراب على اسم صلوتكم العشاء فانها في كتاب الله العشاء فانها تعتم بحلاب الابل

اور کہتے ہیں گنوار وقت کہ یہ عشا ہے اور فرمایا نہ غالب آویں تم پر گنوار تمہاری نماز کے نام پر کہ عشا ہی تحقیق وہ اللہ کی کتاب میں عشا ہے پھر تحقیق وہ تاریکی میں پڑھی جاتی ہے ساتھ دوہنے اونٹنیوں کے

وعن علي ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يوم الخندق حبسونا عن صلوة الوسطى صلوة العصر ملا الله بيوتهم

اور روایت ہے حضرت علی سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خندق کی لڑائی کے دن کہ باز رکھا کافروں نے ہمکو بیچ والی نماز سے کہ نماز عصر کی ہے بھرے اللہ ان کے گھروں

وقبورهم نارا متفق عليه **الفصل الثاني** عن ابن مسعود وسمرة بن جندب قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الوسطى

اور قبروں کو آگ سے روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابن مسعود اور سمرہ ابن جندب سے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز بیچ والی

صلوة العصر رواه الترمذي وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم في قوله تعالى ان قران الفجر كان مشهودا قال تشهده

نماز عصر کی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تفسیر میں قول اللہ تعالیٰ کی تحقیق قرآن فجر کا ہے حاضر کیا گیا فرمایا حاضر ہوتے ہیں اسمیں

ملائكة الليل وملائكة النهار رواه الترمذي **الفصل الثالث** عن زيد بن ثابت وعائشة قالا الصلوة الوسطى صلوة الظهر

فرشتے رات کے اور فرشتے دن کے روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے زید ابن ثابت اور حضرت عائشہ سے دونوں نے کہا صلوۃ وسطی نماز ظہر کی ہے

رواه مالك عن زيد والترمذي عنهما تعليقا وعن زيد بن ثابت قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الظهر بالهاجرة ولم

روایت کیا اسکو مالک نے زید ابن ثابت سے اور ترمذی نے دونوں سے بغیر بیان سند کے اور روایت ہے زید ابن ثابت سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز ظہر کی سویرے اور نہ

يكن يصلي صلوة اشد على اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم منها فنزلت حافظوا على الصلوات والصلوة الوسطى وقال ان قبلها

تھے پڑھتے کوئی نماز کہ بہت سخت ہو اوپر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس نماز سے تب اتری یہ آیت محافظت کرو سب نمازوں پر اور صلوۃ وسطی پر اور فرمایا تحقیق قبل اسکے

صلوتين وبعدها صلوتين رواه احمد وابو داود وعن مالك بلغه ان علي بن ابي طالب وعبد الله بن عباس كانا يقولان الصلوة

دو نمازیں ہیں اور بعد اسکے دو نمازیں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے مالک سے کہ خبر پہنچی انکو یہ کہ تحقیق حضرت علی ابن ابی طالب اور عبد اللہ ابن عباس تھے فرماتے صلوۃ

الوسطى صلوة الصبح رواه في الموطا ورواه الترمذي عن ابن عباس وابن عمر تعليقا وعن سلمان قال سمعت رسول الله صلى

وسطی نماز صبح کی ہے روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت کیا اسکو ترمذی نے ابن عباس اور ابن عمر سے بغیر بیان سند کے اور روایت ہے سلمان فارسی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ

الله عليه وسلم يقول من غدا الى صلوة الصبح غدا براية الايمان ومن غدا الى السوق غدا براية ابليس رواه ابن ماجة **باب الاذان**

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ صبح کو جاوے طرف نماز صبح کے جاتا ہے ایمان کا نشان لیکر اور جو شخص صبح کو جاوے طرف بازار کے جاتا ہے ساتھ نشان ابلیس کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے باب اذان کے بیان میں

الفصل الاول عن انس قال ذكروا النار والناقوس فذكروا اليهود والنصارى فامر بلال ان يشفع الاذان وان يوتر الاقامة

فصل پہلی * روایت ہے انس سے کہا ذکر کیا صحابہ نے آگ اور ناقوس کا پھر ذکر کیا یہود اور نصاری کا پھر حکم کئے گئے بلال کہ دو دو بار کہیں لفظ اذان کے اور ایک بار کہیں لفظ اقامت کے

قال اسمعيل فذكرته لايوب فقال الا الاقامة متفق عليه وعن ابي محذورة قال القى علي رسول الله صلى الله عليه وسلم التاذين

کہا اسمعیل نے پھر ذکر کیا میں نے اس حدیث کو ایوب سے تب کہا مگر لفظ قد قامت الصلوة کا * ق * اور روایت ہے ابی محذورہ سے کہا کہ سکھلایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کہنا

هو بنفسه فقال قل الله اكبر الله اكبر الله اكبر الله اكبر اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله

حضرت نے خود آپ تب فرمایا کہہ الله اكبر الله اكبر الله اكبر الله اكبر اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله

اشهد ان محمدا رسول الله ثم تعود فتقول اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان

اشهد ان محمدا رسول الله پھر دوسری بار کہے تو اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان

محمدا رسول الله حي على الصلوة حي على الصلوة حي على الفلاح حي على الفلاح الله اكبر الله اكبر لا اله الا الله رواه مسلم الفصل

محمدا رسول الله حي على الصلوة حي على الصلوة حي على الفلاح حي على الفلاح الله اكبر الله اكبر لا اله الا الله روایت کیا اسکو مسلم نے * فصل

الثاني عن ابن عمر قال كان الاذان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم مرتين مرتين والاقامة مرة مرة غير انه كان يقول قد

دوسری * روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھی اذان زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو دو بار اور اقامت ایک ایک بار سوا اسکے کہ موذن کہتا تھا قد

قامت الصلوة قد قامت الصلوة رواه ابو داود والنسائي والدارمي وعن ابي محذورة ان النبي صلى الله عليه وسلم علمه الاذان تسع

قامت الصلوة قد قامت الصلوة * ف * روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے * اور روایت ہے ابی محذورہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھلائی اسکو اذان

عشرة كلمة والاقامة سبع عشرة كلمة رواه احمد والترمذي وابو داود والنسائي والدارمي وابن ماجه وعنه قال قلت

انیس لفظ اور اقامت سترہ لفظ * ۳ * روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے * اور روایت ہے اسی سے کہا کہا میں نے

يا رسول الله علمني سنة الاذان قال فمسح مقدم راسه قال تقول الله اكبر الله اكبر الله اكبر الله اكبر ترفع بها صوتك ثم

یا رسول اللہ سکھلائیے مجھکو طریقہ اذان کہنے کا کہا پھر چھوا اگلا بھاگ اپنے سر کا فرمایا کہے تو الله اكبر الله اكبر الله اكبر الله اكبر بلند کرے تو ساتھ اسکے اپنی آواز پھر

تقول اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول الله تخفض بها صوتك ثم

کہے تو اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول الله پست کرے تو ساتھ اسکے اپنی آواز کو پھر

ترفع صوتك بالشهادة اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول

بلند کرے تو اپنی آواز ساتھ شہادۃ کے * میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود حق سوائے اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد بھیجے اللہ کے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد بھیجے ہوئے

الله حي على الصلوة حي على الصلوة حي على الفلاح حي على الفلاح فان كان صلوة الصبح قلت الصلوة خير من النوم

اللہ کے ہیں آؤ نماز پڑھنے کو آؤ نماز پڑھنے کو آؤ خلاص ہونے کے کام پر آؤ خلاص ہونے کے کام پر پھر اگر ہو وقت نماز صبح کا کہہ تو نماز بہتر ہے نیند سے

الصلوة خير من النوم الله اكبر الله اكبر لا اله الا الله رواه ابو داود وعن بلال قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

نماز بہتر ہے نیند سے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے نہیں کوئی معبود حق سوا اللہ کے * روایت کیا اسکو ابوداؤد نے * اور روایت ہے بلال سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ

تثوبن في شيء من الصلوة الا في صلوة الفجر رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي ابو اسرائيل الراوي ليس هو بذاك القوي

تثویب کر کسی نماز میں سوائے فجر کی نماز کے * ف * روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے ابو اسرائیل راوی نہیں ہے قوی مضبوط

عند أهل الحديث وعن جابر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لبلال إذا أذنت فترسل وإذا أقمت فاحدر واجعل بين

نزدیک اہل حدیث کے ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلال کو جس وقت کہ اذان کہے تو ٹھہر ٹھہر کر کہہ اور جب تو اقامت کہے تو جلدی کہہ اور کر

أذانك وإقامتك قدر ما يفرغ الآكل من أكله والشارب من شربه والمعتصر إذا دخل لقضاء حاجته ولا تقوموا حتى تروني

اپنی اذان اور اقامت کے اس قدر کہ فراغت کرے کھانے والا اپنے کھانے اور پینے والا اپنے پینے سے اور فراغت کرے استنجے والا جب کہ آوے پاخانہ میں اپنی حاجت رفع کرنے اور کھڑے نہ ہو تم نماز کے واسطے جب تک کہ دیکھو مجھ کو

رواه الترمذي وقال لا نعرفه إلا من حديث عبد المنعم وإسناده مجهول وعن زياد بن الحارث الصدائي قال أمرني رسول الله

روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا نہیں پہچانتے ہم اس کو مگر حدیث عبد المنعم سے اور اسناد اس کی مجہول ہے ۔ اور روایت ہے زیاد ابن حارث صدائی سے کہا حکم کیا مجھ کو رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم أن أؤذن في صلوة الفجر فأذنت فأراد بلال أن يقيم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن أخا صداء قد أذن ومن

صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ اذان کہوں فجر کی نماز میں پھر اذان کہی میں نے تب ارادہ کیا بلال نے کہ اقامت کہے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بھائی صدائی نے اذان کہی اور جو

أذن فهو يقيم رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه **الفصل الثالث** عن ابن عمر قال كان المسلمون حين قدموا المدينة يجتمعون

اذان کہے پھر وہی اقامت کہے ۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ۔ **فصل تیسری** ۔ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ مسلمان جس وقت کہ آئے مدینے میں جمع ہوتے

فيتحينون للصلوة وليس ينادي بها أحد فتكلموا يوما في ذلك فقال بعضهم اتخذوا مثل ناقوس النصارى وقال بعضهم قرنا مثل قرن

پھر تلاش کرتے تھے وقت کی نماز کے واسطے اور نہ تھا پکارتا نماز کے واسطے کوئی پھر گفتگو کیا ایک دن اس میں کہا بعضوں نے بناؤ مانند ناقوس نصاریٰ کے اور کہا بعضوں نے بناؤ سینگ مانند سینگ

اليهود فقال عمر أولا تبعثون رجلا ينادي بالصلوة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا بلال قم فناد بالصلوة متفق عليه وعن عبد الله

یہود کے تب کہا حضرت عمر نے کیا نہیں بھیجتے تم ایک شخص کو کہ پکارے نماز کے واسطے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے بلال کھڑا ہو اور پکار نماز کے واسطے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ

بن زيد بن عبد ربه قال لما أمر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالناقوس يعمل ليضرب به للناس لجمع الصلوة طاف بي وأنا نائم رجل يحمل

ابن زید ابن عبد ربہ سے کہا کہ جب حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ناقوس کے کہ بنایا جاوے تاکہ بجاویں اس کو لوگوں کے واسطے نماز میں جمع ہونے کے لئے خواب میں دکھائی دیا مجھ کو ایک شخص اٹھائے ہوئے

ناقوسا في يده فقلت يا عبد الله أتبيع الناقوس قال وما تصنع به قلت ندعو به إلى الصلوة فقال أفلا أدلك على ما هو خير

ناقوس کو اپنے ہاتھ میں پھر کہا میں نے اے بندے اللہ کے کیا بیچتا ہے ناقوس کو کہا کیا کرےگا تو اس کو کہا میں نے بلاؤں گا اس سے نماز کی طرف کہا کیا بتلاؤں میں تجھ کو وہ چیز کہ بہتر ہے

من ذلك فقلت له بلى قال فقال تقول الله أكبر إلى آخره وكذا الإقامة فلما أصبحت أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فأخبرته

اس سے پھر کہا میں نے اس سے کہ ہاں بتلاؤ کہا پھر کہا اس نے کہے تو اللہ اکبر آخر اذان تک اور اسی طرح اقامت پھر جب صبح کیا میں نے آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی

بما رأيت فقال إنها لرؤيا حق إن شاء الله تعالى فقم مع بلال فألق عليه ما رأيت فليؤذن به فإنه أندى صوتا منك فقمت

جو کچھ دیکھا تھا میں نے تب فرمایا آنحضرت نے تحقیق یہ خواب سچ ہے اگر چاہے اللہ تعالیٰ کھڑا ہو بلال کے ساتھ اور بتلا اس کو جو دیکھا تو نے پھر چاہئے کہ اذان کہے بلال ان لفظوں سے پھر تحقیق بلال بلند تر آواز میں ہے تجھ سے پھر کھڑا ہوا میں

مع بلال فجعلت ألقيه عليه ويؤذن به قال فسمع بذلك عمر بن الخطاب وهو في بيته فخرج يجر رداءه يقول يا رسول الله

بلال کے ساتھ اور شروع کیا میں نے کہ بتلانے لگا اس کو بلال کو اور اذان کہتے تھے بلال ان لفظوں سے کہا راوی نے پھر سنا اس کو عمر ابن خطاب نے اور وہ اپنے گھر میں تھے پس نکلے کھینچتے چادر اپنی کہتے تھے یا رسول اللہ قسم

والذي بعثك بالحق لقد رأيت مثل ما أري فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فلله الحمد رواه أبو داود والدارمي وابن ماجه إلا

اس ذات کی کہ بھیجا آپ کو ساتھ حق کے تحقیق دیکھا میں نے مانند اس چیز کے کہ دکھلایا گیا عبد اللہ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر واسطے اللہ ہی کے ہے تعریف ۔ روایت کیا اس کو ابو داؤد اور دارمی اور ابن ماجہ نے مگر

أنه لم يذكر الإقامة وقال الترمذي هذا حديث صحيح لكنه لم يصرح قصة الناقوس وعن أبي بكرة قال خرجت مع النبي صلى الله

یہ کہ اس نے نہ ذکر کیا اقامت کا اور کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے لیکن ترمذی نے نہ صاف ذکر کیا قصہ ناقوس کا ۔ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ نکلا میں ساتھ نبی صلی اللہ

عليه وسلم لصلوة الصبح فكان لا يمر برجل الا ناداه بالصلوة او حركه برجله رواه ابو داود وعن مالك بلغه ان المؤذن جاء عمر يؤذنه لصلوة الصبح فوجده نائما فقال

عليہ وسلم صبح کی نماز کے واسطے پھر نہ گذرتے کسی شخص پر مگر پکارتے اسکو نماز کے واسطے یا ہلاتے اسکو اپنے پانوں سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے مالک سے پہنچی انکو یہہ حدیث کہ مؤذن آیا حضرت عمر کے پاس خبر دیتا انکو نماز کے واسطے پھر پایا انکو سوتا ہوا تب کہا

الصلوة خير من النوم فامره عمر ان يجعلها في نداء الصبح رواه الموطا وعن عبد الرحمن بن سعد بن عمار بن سعد مؤذن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال حدثني ابي عن ابيه عن جده ان

الصلوة خیر من النوم پھر حکم کیا اسکو عمر نے کہ مقرر کرے اسکو صبح کی اذان میں روایت کیا اسکو مؤطا نے اور روایت ہے عبدالرحمن ابن سعد ابن عمار ابن سعد مؤذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ خبر دی مجھکو میرے باپ نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادے سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بلالا ان يجعل اصبعيه في اذنيه وقال انه ارفع لصوتك رواه ابن ماجة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بلال کو کہ کرے اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں اور فرمایا کہ یہہ بلند کرنے والی زیادہ ہے تیری آواز کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب فضل الاذان واجابة المؤذن

یہہ باب ہے بیچ فضیلت اذان کے اور جواب دینے مؤذن کے

الفصل الاول

عن معاوية قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول المؤذنون اطول الناس اعناقا يوم القيمة رواه مسلم

فصل پہلی روایت ہے معاویہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ اذان دینے والے لمبی گردن کے ہونگے اور لوگوں سے قیامت کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا نودي للصلوة ادبر الشيطان له ضراط حتى لا يسمع التاذين فاذا قضى النداء اقبل حتى اذا ثوب بالصلوة ادبر حتى اذا قضى التثويب اقبل حتى يخطر بين المرء ونفسه يقول اذكر كذا اذكر كذا لما لم يكن يذكر حتى يظل الرجل لا يدري كم صلى متفق عليه

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اذان دی جاتی ہے نماز کے واسطے پیٹھ دیکر بھاگتا ہے شیطان گوز مارتا ہوا یہاں تک کہ نہیں سنتا اذان کو پھر جب ہو چکتی ہے اذان آتا ہے یہاں تک کہ جب اقامت کہی جاتی ہے نماز پیٹھ دیکر بھاگتا ہے یہاں تک کہ جب ہو چکتی ہے اقامت آتا ہے یہاں تک کہ خطرہ ڈالتا ہے درمیان شخص کے اور اسکے دل کے کہتا ہے یاد کر فلانی چیز یاد کر فلانی چیز اس چیز کو کہ نہ تھا یاد کرتا یہاں تک کہ ہو جاتا ہے شخص کہ نہیں جانتا کتنی نماز پڑھی ہے متفق علیہ

وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسمع مدى صوت المؤذن جن ولا انس ولا شيء الا شهد له يوم القيمة رواه البخاري

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سنتا ہے درازی آواز مؤذن کی کوئی جن اور نہ آدمی اور نہ کوئی چیز مگر گواہی دیتا ہے اسکے لئے دن قیامت کے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عبد الله بن عمرو بن العاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول ثم صلوا علي فانه من صلى علي صلوة صلى الله عليه بها عشرا ثم سلوا الله لي الوسيلة فانها منزلة في الجنة لا تنبغي الا لعبد من عباد الله وارجو ان اكون انا هو فمن سال لي الوسيلة حلت عليه الشفاعة رواه مسلم

اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو ابن عاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم مؤذن کو تب کہو تم مانند اسکے جو کہتا ہے پھر درود بھیجو مجھپر پھر تحقیق جو شخص کہ درود بھیجتا ہے مجھپر ایکبار درود بھیجتا ہے اللہ اسپر اسکے سبب سے دس بار پھر مانگو اللہ سے میرے واسطے وسیلہ پس تحقیق وہ ایک مرتبہ ہے بہشت میں نہیں لائق ہے مگر واسطے ایک بندے کے اللہ کے بندوں میں سے اور امید رکھتا ہوں کہ ہوؤں میں وہ بندہ سو جو شخص کہ مانگے میرے واسطے وسیلہ حلال ہو اسپر میری شفاعت روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قال المؤذن الله اكبر الله اكبر فقال احدكم الله اكبر الله اكبر ثم قال اشهد ان لا اله الا الله قال اشهد ان لا اله الا الله ثم قال اشهد ان محمدا رسول الله قال اشهد ان محمدا رسول الله ثم قال حي على الصلوة قال لا حول ولا قوة الا بالله ثم قال حي على الفلاح قال لا حول ولا قوة الا بالله ثم قال الله اكبر

اور روایت ہے حضرت عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہے مؤذن اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہے ایک تم میں کا اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہے مؤذن اشہد ان لا الہ الا اللہ کہے ایک تم میں کا اشہد ان لا الہ الا اللہ پھر کہے مؤذن اشہد ان محمدا رسول اللہ کہے ایک تم میں کا اشہد ان محمدا رسول اللہ پھر کہے مؤذن حی علی الصلوة کہے ایک تم میں کا لا حول ولا قوة الا باللہ پھر کہے مؤذن حی علی الفلاح کہے ایک تم میں کا لا حول ولا قوة الا باللہ پھر کہے مؤذن اللہ اکبر

الله اكبر قال الله اكبر الله اكبر ثم قال لا اله الا الله قال لا اله الا الله من قلبه دخل الجنة رواه مسلم وعن جابر قال قال

اللہ اکبر کہے ایک تم میں کا اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہے موذن لا الہ الا اللہ کہے ایک تم میں کا لا الہ الا اللہ اپنے صدق دل سے داخل ہوئے بہشت میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يسمع النداء اللهم رب هذه الدعوة التامة والصلوة القائمة ات محمدا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کہے جب سنے اذان یا الٰہی پروردگار اس پکار پوری کے اور نماز حاضر کے دے تو محمد کو

الوسيلة والفضيلة وابعثه مقاما محمودا الذي وعدته حلت له شفاعتي يوم القيمة رواه البخاري وعن انس قال

وسیلہ اور بزرگی اور اٹھا ان کو مقام محمود میں وہ مقام کہ وعدہ کیا ہے تو نے اسکا واجب ہوا اس پر میری شفاعت قیامت کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا

كان النبي صلى الله عليه وسلم يغير اذا طلع الفجر وكان يستمع الاذان فان سمع اذانا امسك والا اغار فسمع رجلا

تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوٹنے کو جاتے جس وقت کہ ظاہر ہوتا فجر اور تھے کان رکھتے اذان پر پھر اگر سنتے اذان تو باز رہتے لوٹنے سے اور نہیں تو لوٹ پھر سنا ایک شخص

يقول الله اكبر الله اكبر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم على الفطرة ثم قال اشهد ان لا اله الا الله فقال رسول الله

کہتا ہے اللہ اکبر اللہ اکبر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ شخص اسلام پر ہے پھر کہا اس نے اشہد ان لا الہ الا اللہ پھر فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم خرجت من النار فنظروا اليه فاذا هو راعي معزى رواه مسلم وعن سعد بن ابي وقاص قال قال رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نکلا تو آگ سے پھر دیکھا صحابہ نے اسکو پس ناگہاں وہ شخص چرانے والا بکریوں کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من قال حين يسمع المؤذن اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له وان محمدا عبده ورسوله رضيت بالله

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کہے جس وقت کہ سنے موذن کو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے وہ اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اسکا اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اسکے بندے اور رسول ہیں راضی ہوا میں ساتھ اللہ

ربا وبمحمد رسولا وبالاسلام دينا غفر له ذنبه رواه مسلم وعن عبد الله بن مغفل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کے رب جانکر اور ساتھ محمد کے رسول جانکر اور ساتھ اسلام دین جانکر بخشے جاتے ہیں اسکے لئے اسکے گناہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مغفل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

بين كل اذانين صلوة بين كل اذانين صلوة ثم قال في الثالثة لمن شاء متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال قال

درمیان دونوں اذانوں کے نماز ہے درمیان دونوں اذانوں کے نماز ہے پھر فرمایا تیسری بار اس شخص کے واسطے کہ چاہے ق * فصل دوسری روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم الامام ضامن والمؤذن مؤتمن اللهم ارشد الائمة واغفر للمؤذنين رواه احمد وابوداود

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ضامن ہے اور موذن امانت دار ہے یا الٰہی ہدایت کر تو اماموں کو اور بخش تو موذنوں کو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد

والترمذي والشافعي وفي اخرى له بلفظ المصابيح وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اذن سبع سنين

اور ترمذی اور شافعی نے اور ایک روایت میں شافعی کی ساتھ لفظ مصابیح کے ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ اذان کہے سات برس

محتسبا كتب له براءة من النار رواه الترمذي وابوداود وابن ماجه وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ثواب کے ارادہ پر لکھی جاتی ہے اسکے لئے چھٹی آگ سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يعجب ربك من راعي غنم في راس شظية للجبل يؤذن بالصلوة ويصلي فيقول الله عز وجل انظروا الى عبدي هذا يؤذن

خوش ہوتا ہے رب تیرا بکریوں کے چرواہے سے پہاڑ کی چوٹی پر اذان کہتا ہے نماز کے واسطے اور نماز پڑھتا ہے پھر فرماتا ہے اللہ عزت اور بزرگی والا دیکھو میرے اس بندے کی طرف اذان کہتا ہے

ويقيم الصلوة يخاف مني قد غفرت لعبدي وادخلته الجنة رواه ابوداود والنسائي وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله

اور ٹھیک کرتا ہے نماز کو ڈرتا ہے مجھ سے بیشک بخشا میں نے اپنے بندہ کو اور داخل کیا اسکو بہشت میں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَبْدٌ اَدّٰى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوْلَاهُ وَرَجُلٌ اَمَّ قَوْمًا وَهُمْ بِهٖ

علیہ وسلم نے تین شخص ہیں مشک کے ٹیلوں پر قیامت کے دن ایک غلام کہ ادا کیا حق اللہ کا اور حق اپنے میاں کا اور دوسرا وہ شخص کہ امامت کی اس نے قوم کی اور وہ

رَاضُوْنَ وَرَجُلٌ يُنَادِيْ بِالصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

راضی ہیں اور تیسرا وہ شخص کہ اذان کہتا ہے پانچوں نماز کے واسطے ہر دن رات ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهٗ مَدَى صَوْتِهٖ وَيَشْهَدُ لَهٗ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ وَشَاهِدُ الصَّلٰوةِ يُكْتَبُ لَهٗ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ صَلٰوةً

علیہ وسلم نے مؤذن بخشا جاتا ہے اسکے لئے موافق درازی اسکی آواز کے اور گواہی دیتے ہیں اسکے واسطے ہر تر اور خشک اور حاضر ہونے والا نماز میں لکھی جاتی ہے اسکے لئے پچیس نماز

وَيُكَفَّرُ عَنْهُ مَا بَيْنَهُمَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ وَقَالَ وَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ صَلّٰى وَعَنْ

اور بخشے جاتے ہیں اس سے جو گناہ کہ دو نماز بیچ میں ہیں ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا نسائی نے قول کل رطب ویابس تک اور کہا اور واسطے اسکے بھی ثواب اس شخص کے کہ نماز پڑھی

عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْنِيْ اِمَامَ قَوْمِيْ قَالَ اَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَّا يَاْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا

عثمان ابن ابی العاص سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ مقرر کرو مجھکو امام میری قوم کا فرمایا تو ہی امام انکا اور پیروی کر تو ان میں سے بہت کمزور کی ۔ ف ۔ اور مقرر کر مؤذن کہ نہ لیوے اپنی اذان پر مزدوری

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ

روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ سکھلایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہوں میں نزدیک اذان مغرب کے یا الہی

هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْ لِيْ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ

یہ وقت ہے آنے رات تیری کا اور جانے دن تیرے کا اور یہ آوازیں ہیں تیرے پکارنے والوں کی پھر بخش مجھکو ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور بیہقی نے دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے ابی امامہ

اَوْ بَعْضِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ بِلَالًا اَخَذَ فِي الْاِقَامَةِ فَلَمَّا اَنْ قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَامَهَا اللّٰهُ

یا بعضے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ تحقیق بلال نے شروع کی اقامت پھر جب کہا قد قامت الصلوة فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم رکھے اسکو اللہ

وَاَدَامَهَا وَقَالَ فِيْ سَائِرِ الْاِقَامَةِ كَنَحْوِ حَدِيْثِ عُمَرَ فِي الْاَذَانِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرَدُّ الدُّعَاءُ

اور ہمیشہ رکھے اسکو اور فرمایا باقی اقامت میں مانند حدیث عمر کے اذان میں ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں رد کی جاتی دعا

بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا

اذان اور اقامت کے بیچ میں ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے سہل ابن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دعائیں ہیں کہ نہیں رد کی جاتیں یا کم

تُرَدَّانِ الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَفِيْ رِوَايَةٍ وَتَحْتَ الْمَطَرِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالدَّارِمِيُّ اِلَّا اَنَّهٗ

رد کی جاتی ہیں ایک تو دعا وقت اذان کے اور دوسرے وقت جہاد کے جب کہ مل جاویں بعضے ان کے بعض سے اور ایک روایت میں ہے اور نیچے مینہ کے ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے مگر دارمی نے

لَمْ يَذْكُرْ وَتَحْتَ الْمَطَرِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤَذِّنِيْنَ يَفْضُلُوْنَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نہ ذکر کیا وتحت المطر ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہ کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ تحقیق اذان دینے والے زیادہ ہوتے ہیں ہم سے درجے میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قُلْ كَمَا يَقُوْلُوْنَ فَاِذَا انْتَهَيْتَ فَسَلْ تُعْطَهْ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ

کہہ تو جیسا کہ کہتے ہیں مؤذن پھر جب کہ فارغ ہو پھر مانگ اللہ سے دیا جاویگا ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت جابر سے کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

يَقُوْلُ اِنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ بِالصَّلٰوةِ ذَهَبَ حَتّٰى يَكُوْنَ مَكَانَ الرَّوْحَاءِ قَالَ الرَّاوِيْ وَالرَّوْحَاءُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى سِتَّةٍ

فرماتے تھے تحقیق شیطان جس وقت سنتا ہے نماز کی اذان کو بھاگ جاتا ہے یہاں تک کہ ہو جاتا ہے مکان روحا میں کہا راوی نے اور روحا مدینے سے چھتیس

وثلثین میلا گر وکرہ مسلم وعن علقمة بن وقاص قال انی لعند معاویة اذ اذن مؤذنه فقال معاویة کما قال مؤذنه حتی

کوس بر بھی روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے علقمہ ابن وقاص سے کہا کہ تحقیق تھا میں نزدیک معاویہ کے اتنے میں اذان دی معاویہ کے مؤذن نے تب معاویہ نے جیسا کہ کہا ان کے مؤذن نے یہاں تک

اذا قال حی علی الصلوة قال لا حول ولا قوة الا بالله فلما قال حی علی الفلاح قال لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم قال بعد ذلك ما

جب کہا حی علی الصلوة کہا لا حول ولا قوة الا باللہ پھر جب کہا حی علی الفلاح کہا لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم اور کہا بعد اسکے جو

قال المؤذن ثم قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ذلك رواه احمد وعن ابی هریرة قال کنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم

کہا مؤذن نے بعد اسکے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا اسی طرح ۔ ف روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

فقام بلال ینادی فلما سکت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قال مثل هذا یقینا دخل الجنة رواه النسائی وعن عائشة قالت

پھر کھڑے ہوئے بلال اذان کہنے لگے پھر جب چپ ہوئے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کہے مانند اسکے یقین سے داخل ہو وے بہشت میں روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا

کان النبی صلی الله علیه وسلم اذا سمع المؤذن یتشهد قال وانا وانا رواه ابوداود وعن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم

کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سنتے مؤذن کو شہادتین کہتا ہی فرماتے اور میں بھی اور میں بھی ۔ ف ۲ روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال من اذن ثنتی عشرة سنة وجبت له الجنة وکتب له بتاذینه فی کل یوم ستون حسنة ولکل اقامة ثلثون حسنة رواه

فرمایا جو شخص کہ اذان کہے بارہ برس واجب ہو واسطے اسکے بہشت اور لکھی جاوے اسکے واسطے بدلے اسکے اذان کہنے کے ہر روز ساٹھ نیکیاں اور بدلے ہر اقامت کے تیس نیکیاں روایت کیا اسکو

ابن ماجه وعنه قال کنا نؤمر بالدعاء عند اذان المغرب رواه البیهقی فی الدعوات الکبیر باب الفصل الاول عن ابن عمر

ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھے ہم حکم کئے جاتے دعا مانگنے کا وقت اذان مغرب کے ۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے دعوات کبیر میں ۔ یہہ باب ہے بیچ تاخیر اذان کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عمر سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان بلالا ینادی بلیل فکلوا واشربوا حتی ینادی ابن ام مکتوم قال وکان ابن ام مکتوم رجلا اعمی

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بلال اذان دیتا ہے رات میں پھر کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ اذان دے عبد اللہ ابن ام مکتوم کہا راوی نے اور تھے ابن ام مکتوم شخص اندھے

لا ینادی حتی یقال له اصبحت اصبحت متفق علیه وعن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یمنعنکم من سحورکم

نہ اذان دیتے جب تک کہ کہا جاتا ان کو کہ صبح ہوئی صبح ہوئی ۔ ق ۔ اور روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرے تمکو تمھارے سحر کھانے سے

اذان بلال ولا الفجر المستطیل ولکن الفجر المستطیر فی الافق رواه مسلم ولفظه للترمذی وعن مالك بن الحویرث قال اتیت

اذان بلال کی اور نہ فجر دراز ۔ ف ۳ ولیکن فجر پھیلنے والا آسمان کے کنارے میں ۔ ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور لفظ اسکا ترمذی کا ہے ۔ اور روایت ہے مالک ابن حویرث سے کہا کہ آیا میں

رسول الله صلی الله علیه وسلم انا وابن عم لی فقال اذا سافرتما فاذنا واقیما ولیؤمکما اکبرکما رواه البخاری وعنه قال قال لنا رسول الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور میرے چچا کا بیٹا تب فرمایا جب سفر کرو تم دونوں تب اذان کہو اور اقامت کہو اور چاہئے کہ امامت کرے تم میں سے تمھارا بڑا ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا ہمارے واسطے رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم صلوا کما رایتمونی اصلی واذا حضرت الصلوة فلیؤذن لکم احدکم ثم لیؤمکم اکبرکم متفق علیه وعن ابی هریرة

صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھو جس طرح دیکھا تم نے مجھکو کہ نماز پڑھتا ہوں اور جب وقت ہووے نماز کا تب چاہئے کہ اذان کہے تمھارے لئے ایک تمھارا پھر چاہئے کہ امامت کرے تمھارا بڑا تم میں کا ۔ متفق ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے

قال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم حین قفل من غزوة خیبر سار لیلة حتی اذا ادرکه الکری عرس وقال لبلال اکلا

کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ پھرے جہاد خیبر سے چلے ایک رات کو یہاں تک کہ جب لیا ان کو نیند نے اخیر رات میں اترے اور فرمایا بلال کو نگہبانی کر

لنا اللیل فصلی بلال ما قدر له ونام رسول الله صلی الله علیه وسلم واصحابه فلما تقارب

ہمارے لئے رات کی پھر نماز پڑھی بلال نے جسقدر انکی تقدیر میں تھی اور سو رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب پھر جب نزدیک ہوا

الْفَجْرِ اِسْتَنَدَ بِلَالٌ اِلٰى رَاحِلَتِهٖ مُوَجِّهَ الْفَجْرِ فَغَلَبَتْ بِلَالًا عَيْنَاهُ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ

فجر تکیہ لگایا بلال نے اپنے کجاوے سے منہہ کر کے فجر کی طرف پھر غالب ہوئین بلال پر انکی آنکھین اور تکیہ لگائے تھے

اِلٰى رَاحِلَتِهٖ فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا بِلَالٌ وَلَا اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ حَتّٰى ضَرَبَتْهُمُ الشَّمْسُ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اپنے کجاوے سے پھر نہ جاگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ بلال اور نہ کوئی اُن کے اصحاب مین سے یہانتک کہ آئی اُن پر دھوپ پھر تھے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَهُمْ اِسْتِيْقَاظًا فَفَزِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيْ بِلَالُ فَقَالَ بِلَالٌ اَخَذَ بِنَفْسِي الَّذِيْ اَخَذَ بِنَفْسِكَ قَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم پہلے اُن کے جاگنے مین تب گھبرائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا ای بلال تجھے کیا ہوا تب کہا بلال نے آئی مجھ پر وہ چیز کہ آئی آپ پر فرمایا

اِقْتَادُوْا فَاقْتَادُوْا رَوَاحِلَهُمْ شَيْئًا ثُمَّ تَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ فَصَلّٰى بِهِمُ الصُّبْحَ فَلَمَّا قَضَى

کھینچو اونٹون کو پھر کھینچا اپنی سواریان تھوڑا سا پھر وضو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکم کیا بلال کو پھر اقامت کہی نماز کی تب نماز پڑھوائی سب کو صبح کی پھر جب پڑھ چکے

الصَّلٰوةَ قَالَ مَنْ نَسِيَ الصَّلٰوةَ فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ

نماز فرمایا جو شخص بھول جاوے نماز پھر چاہیے کہ پڑھے اسکو جب یاد کرے اسکو پھر تحقیق اللہ تعالی نے فرمایا اور ٹھیک کر نماز کو میرے یاد کے واسطے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا کہ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِيْ قَدْ خَرَجْتُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اقامت کہی جاوے نماز کی تب نہ کھڑے ہو یہانتک کہ دیکھو مجھکو کہ مین نکلا ق اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا تَاْتُوْهَا تَسْعَوْنَ وَاْتُوْهَا تَمْشُوْنَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اقامت کہی جاوے نماز کی تب نہ آؤ تم نماز کو دوڑتے اور آؤ تم اسکو چلتے ہوے اور اختیار کرو اپنا آرام سے پھر جو پاؤ سو پڑھو اور جو نہ ملے تمکو

فَاَتِمُّوْا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا كَانَ يَعْمِدُ اِلَى الصَّلٰوةِ فَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الثَّانِيْ

سو پوری کرلو ق و مق اور ایک روایت مین مسلم کی پھر تحقیق ایک تمھارا جب قصد کرتا ہے نماز کا پھر وہ نماز مین ہے اور یہہ باب خالی ہے دوسری فصل سے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ عَرَّسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً بِطَرِيْقِ مَكَّةَ وَوَكَّلَ بِلَالًا اَنْ يُّوْقِظَهُمْ

فصل تیسری روایت ہے زید ابن اسلم سے کہا اخیر رات کو اترے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات مکے کی راہ مین اور تعینات کیا بلال کو کہ جگاوان کو

لِلصَّلٰوةِ فَرَقَدَ بِلَالٌ وَرَقَدُوْا حَتَّى اسْتَيْقَظُوْا وَقَدْ طَلَعَتْ عَلَيْهِمُ الشَّمْسُ فَاسْتَيْقَظَ الْقَوْمُ فَقَدْ فَزِعُوْا فَاَمَرَهُمْ

نماز کے واسطے پھر سو یا بلال اور سوگئے لوگ یہانتک کہ جاگے اور تحقیق طلوع ہوا اُن پر آفتاب پھر جاگے لوگ اور تحقیق گھبرائے تب حکم دیا اُنکو

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرْكَبُوْا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْ ذٰلِكَ الْوَادِيْ وَقَالَ اِنَّ هٰذَا وَادٍ بِهٖ الشَّيْطَانُ فَرَكِبُوْا حَتّٰى خَرَجُوْا مِنْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ سوار ہو یہانتک کہ نکلین اس جنگل سے اور فرمایا تحقیق یہہ جنگل ہے اسمین شیطان ہے پھر سوار ہوے یہانتک کہ نکلے

ذٰلِكَ الْوَادِيْ ثُمَّ اَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْزِلُوْا وَاَنْ يَّتَوَضَّئُوْا وَاَمَرَ بِلَالًا اَنْ يُّنَادِيَ لِلصَّلٰوةِ اَوْ يُقِيْمَ فَصَلّٰى

اس جنگل سے پھر حکم کیا اُن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ اتریں اور وضو کریں اور حکم کیا بلال کو کہ اذان کہے نماز کے واسطے یا اقامت کہے پھر نماز پڑھی

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ رَاٰى مِنْ فَزَعِهِمْ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ قَبَضَ اَرْوَاحَنَا وَلَوْ شَاءَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگون کے ساتھ پھر پھرے نماز سے اور تحقیق دیکھا انکی گھبراہٹ تب فرمایا اے آدمیو تحقیق اللہ نے لیا ہمارے جانون کو اور اگر چاہتا

لَرَدَّهَا اِلَيْنَا فِيْ حِيْنٍ غَيْرِ هٰذَا فَاِذَا رَقَدَ اَحَدُكُمْ عَنِ الصَّلٰوةِ اَوْ نَسِيَهَا ثُمَّ فَزِعَ اِلَيْهَا فَلْيُصَلِّهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا فِيْ وَقْتِهَا ثُمَّ الْتَفَتَ

البتہ پھیرتا اسکو ہماری طرف سوا اس وقت کے پھر جب سو جاوے کوئی تم میں کا نماز سے یا بھول جاوے اسکو پھر گھبرا کے اسکی طرف آوے تو پڑھے اسکو جیسا کہ تھا پڑھتا اسکو اپنے وقت پر پھر

رسول الله صلى الله عليه وسلم الى ابى بكر الصديق فقال ان الشيطان اتى بلالا وهو قائم يصلي فاضجعه ثم لم يزل يهدئه كما يهدأ الصبي

رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ابو بکر صدیق کی طرف اور فرمایا تحقیق شیطان آیا بلال کے پاس اور وہ کھڑا نماز پڑھتا تھا پھر سلایا اسکو پھر تپکی ویتا رہا تھا اسکو جیسا کہ لوری دیا جاتا ہے بچہ

حتى نام ثم دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم بلالا فاخبر بلال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل الذي اخبر رسول الله

یہاں تک کہ سو گیا پھر پکارا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو پھر خبر دی بلال نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مانند اس چیز کے کہ خبر دی تھی رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ابا بكر فقال ابو بكر اشهد انك رسول الله رواه مالك مرسلا وعن ابن عمر قال قال رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بکر کو پھر کہا ابو بکر نے میں گواہی دیتا ہوں تحقیق آپ اللہ کے رسول ہیں ٭ روایت کیا اسکو مالک نے مرسل ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم خصلتان معلقتان في اعناق المؤذنين للمسلمين صيامهم وصلوتهم رواه ابن ماجه باب

صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں مسلمانوں کی لٹکی ہوئی ہیں گردنوں میں موذنوں کی روزہ انکا اور نماز انکی ٭ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ یہہ باب ہے

المساجد ومواضع الصلوٰة
بیان میں مسجدوں اور جگہوں نماز کے ٭

الفصل الاول
فصل پہلی ٭

عن ابن عباس قال لما دخل النبي صلى الله عليه وسلم البيت

روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ جب داخل ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ میں

دعا في نواحيه كلها ولم يصل حتى خرج منه فلما خرج ركع ركعتين في قبل الكعبة وقال هذه القبلة رواه البخاري ورواه مسلم

دعا کی اسکے سب کونوں میں اور نماز نہ پڑھی یہاں تک کہ نکلے اس میں سے پھر جب نکلے پڑھی دو رکعت سامنے کعبہ کے اور فرمایا یہی قبلہ ہے ٭ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کیا مسلم نے

عنه وعن اسامة بن زيد وعن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دخل الكعبة هو واسامة بن زيد وعثمان بن

ابن عباس اور اسامہ ابن زید سے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے کعبے میں آپ اور اسامہ ابن زید اور عثمان ابن

طلحة الحجبي وبلال بن رباح فاغلقها عليه ومكث فيها فسألت بلالا حين خرج ماذا صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم

طلحہ حجبی اور بلال ابن رباح پھر بند کیا کعبہ کو حضرت کے واسطے اور ٹھہرے حضرت اسمیں پھر پوچھا میں نے بلال سے جب نکلے کیا کام کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فقال جعل عمودا عن يساره وعمودين عن يمينه وثلاثة اعمدة وراءه وكان البيت يومئذ على ستة اعمدة ثم صلى متفق عليه وعن ابي هريرة

پھر کہا بلال نے کہ کیا ایک ستون کو بائیں اپنے اور دو ستون کو داہنے اپنے اور تین ستونوں کو پیچھے اپنے تھا کعبہ اس دن چھ ستونوں پر پھر نماز پڑھی ق ٭ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة في مسجدي هذا خير من الف صلوة فيما سواه الا المسجد الحرام متفق عليه وعن ابي سعيد

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز میری اس مسجد میں بہتر ہے ہزار نماز سے اسکے سوا دوسری مسجد میں مگر مسجد حرام ق ٭ اور روایت ہے ابی سعید

الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تشد الرحال الا الى ثلثة مساجد مسجد الحرام والمسجد الاقصى ومسجدي هذا متفق

خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ باندھے جاویں کجاوے ٭ مگر تین مسجدوں کی طرف مسجد حرام اور مسجد اقصی اور مسجد میری یہہ ٭ ق

عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين بيتي ومنبري روضة من رياض الجنة ومنبري على حوضي متفق عليه وعن

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان میرے گھر اور میرے منبر کے ایک باغیچہ ہے بہشت کے باغیچوں میں سے اور منبر میرا میرے حوض پر ہے ق ٭ اور روایت ہے

ابن عمر قال كان النبي صلى الله عليه وسلم ياتي مسجد قباء كل سبت ماشيا وراكبا فيصلي فيه ركعتين متفق عليه وعن ابي هريرة قال

ابن عمر سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آتے مسجد قبا میں ہر ہفتے میں پیادے بھی اور سوار بھی پھر نماز پڑھتے اسمیں دو رکعت ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احب البلاد الى الله مساجدها وابغض البلاد الى الله اسواقها رواه مسلم وعن عثمان قال قال

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پیاری زیادہ زمینوں میں اللہ کے نزدیک مسجدیں ہیں اور بہت دشمن رکھی گئی زمینوں میں اللہ کے نزدیک بازار ہیں اسکی ٭ روایت کی اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے حضرت عثمان سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من بنى لله مسجدا بنى الله له بيتا في الجنة متفق عليه وعن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بناوے اللہ کے واسطے مسجد بناتا ہے اللہ اسکے واسطے گھر بہشت میں ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

من غدا الى المسجد او راح اعد الله له نزله من الجنة كلما غدا او راح متفق عليه وعن ابی موسى قال قال رسول الله صلى

جو شخص کہ جاوے صبح کو مسجد کی طرف یا شام کو تیار کرتا ہے اللہ اسکے لئے مہمانی اسکی بہشت میں جس وقت کہ جاوے صبح کو یا شام کو ق ۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم اعظم الناس اجرا في الصلوة ابعدهم فابعدهم ممشى والذي ينتظر الصلوة حتى يصليها مع الامام

اللہ علیہ وسلم نے بڑے زیادہ لوگوں میں سے ثواب میں بیچ نماز کے دور زیادہ رہنے والا انہیں پھر دور زیادہ اُن سے راہ میں اور وہ شخص کہ منتظر ہو نماز کا یہاں تک کہ پڑھے اسکو امام کے ساتھ

اعظم اجرا من الذي يصلي ثم ينام متفق عليه وعن جابر قال خلت البقاع حول المسجد فاراد بنو سلمة ان ينتقلوا

بہت بڑا ہے ثواب میں اُس شخص سے کہ نماز پڑھے پھر سو رہے ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ خالی ہوئی جگہیں مسجد کے گرد ۔ ف ۔ تب ارادہ کیا بنو سلمہ نے یہہ کہ اٹھ آویں

قرب المسجد فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم فقال لهم بلغني انكم تريدون ان تنتقلوا قرب المسجد قالوا نعم

نزدیک مسجد کے پھر پہنچی یہہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب فرمایا انکو خبر پہنچی مجھکو کہ تم ارادہ رکھتے ہو کہ اٹھ آوے نزدیک مسجد کے کہا ہاں

يا رسول الله قد اردنا ذلك فقال يا بني سلمة دياركم تكتب آثاركم دياركم تكتب آثاركم رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال

یا رسول اللہ تحقیق ارادہ کیا ہمنے یہہ تب فرمایا اے بنی سلمہ ٹھہرے رہو اپنے گھروں میں لکھے جاتے ہیں قدم تمہارے ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم سبعة يظلهم الله في ظله يوم لا ظل الا ظله امام عادل وشاب نشا في عبادة الله ورجل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات شخص ہیں کہ سایہ دیگا انکو اللہ اپنے سایہ میں اُس دن کہ نہیں ہے سایہ مگر سایہ اسکا بادشاہ عادل اور ایک جوان کہ جوانی خرچ کی عبادت میں اللہ کی ۔ اور

قلبه معلق بالمسجد اذا خرج منه حتى يعود اليه ورجلان تحابا في الله اجتمعا عليه وتفرقا عليه ورجل ذكر الله خاليا

کہ دل اسکا لگا ہوا ہے مسجد میں جس وقت کہ نکلتا اُس سے یہاں تک کہ پھر جاوے اسکی طرف اور وہ دو شخص کہ آپس میں محبت رکھتے ہیں اللہ کے واسطے اکٹھا ہوتے ہیں اسی پر اور جدا ہوتے ہیں اسی پر اور وہ شخص کہ ذکر کیا اللہ کا اکیلے

ففاضت عيناه ورجل دعته امراة ذات حسب وجمال فقال اني اخاف الله ورجل تصدق بصدقة فاخفاها

پھر آنسو بہایا اسکی آنکھوں نے اور وہ شخص کہ بلایا اسکو عورت جاہ و جمال والی نے پھر کہا کہ تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ سے اور وہ شخص کہ صدقہ دیا کوئی صدقہ پھر چھپایا اسکو یہاں تک کہ

لا تعلم شماله ما تنفق يمينه متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الرجل في الجماعة تضعف على

نہیں جانتا بایاں ہاتھ اسکا جو کچھ کہ خرچ کرتا ہے داہنا ہاتھ اسکا ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز شخص کی جماعت میں زیادہ کی جاتی ہے

صلوته في بيته وفي سوقه خمسا وعشرين ضعفا وذلك انه اذا توضأ فاحسن الوضوء ثم خرج الى المسجد لا يخرجه

اسکے گھر میں نماز پڑھنے اور بازار میں نماز پڑھنے پر پچیس گونا اور یہہ اسواسطے کہ اُسنے جب وضو کیا پھر اچھا کیا وضو کو تب باہر نکلا مسجد کی طرف نہ نکالا اسکو

الا الصلوة لم يخط خطوة الا رفعت له بها درجة وحط عنه بها خطيئة فاذا صلى لم تزل الملئكة تصلي عليه ما دام

مگر نماز نے نہیں رکھا کوئی قدم مگر بلند کیا جاتا ہے اسکے لئے سبب اُسکے درجہ اور دور کیا جاتا ہے اُس سے بسبب اُسکے گناہ پھر جب نماز پڑھتا ہے ہمیشہ رہتے ہیں فرشتے دعا کرتے اسپر جب تک کہ

في مصلاه اللهم صل عليه اللهم ارحمه ولا يزال احدكم في صلوة ما انتظر الصلوة وفي رواية قال اذا دخل المسجد كانت

وہ اپنی نماز کی جگہہ پر ہے یا الہی درود بھیج اسپر یا الہی رحم کر اسپر اور ہمیشہ رہتا ہے ایک تمہارا نماز میں جب تک کہ انتظار کرتا ہے نماز کی اور ایک روایت میں فرمایا جس وقت کہ داخل ہوے مسجد میں ہووے

الصلوة تحبسه وزاد في دعاء الملئكة اللهم اغفر له اللهم تب عليه ما لم يؤذ فيه ما لم يحدث فيه متفق عليه

نماز کہ منع کرے اُسکو نکلنے سے اور زیادہ کیا ہے فرشتوں کے دعا کرنے میں یا الہی بخش اسکے لئے یا الہی توبہ قبول کر اسکا جب تک کہ نہ ایذا دے اسمیں جب تک کہ وضو نہ جاوے اسمیں ق ۔

وعن ابى اسيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل احدكم المسجد فليقل اللهم افتح لى ابواب رحمتك واذا
اور روایت ہے ابی اسید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہوا ایک تمہارا مسجد میں پھر چاہیے کہ کہے یاالہی کھول میرے واسطے دروازے اپنی رحمت کے اور جب

خرج فليقل اللهم انى اسئلك من فضلك رواه مسلم وعن ابى قتادة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا دخل احدكم
نکلے پھر چاہیے کہ کہے یاالہی تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے فضل تیرا اور روایت کیا اسکو مسلم نے ✕ اور روایت ہے ابی قتادہ سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب داخل ہوا ایک تمہارا

المسجد فليركع ركعتين قبل ان يجلس متفق عليه وعن كعب بن مالك قال كان النبى صلى الله عليه وسلم لا يقدم من
مسجد میں پھر چاہیے کہ پڑھے دو رکعتیں قبل بیٹھنے کے ✕ ق ✕ اور روایت ہے کعب ابن مالک سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ آتے

سفر الا نهارا فى الضحى فاذا قدم بدأ بالمسجد فصلى فيه ركعتين ثم جلس فيه متفق عليه وعن ابى هريرة قال قال رسول
سفر سے مگر دن کو چاشت کے وقت پھر جب آتے پہلے آتے مسجد میں پھر نماز پڑھتے اس میں دو رکعتیں پھر بیٹھتے اسمیں ✕ ق ✕ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم من سمع رجلا ينشد ضالة فى المسجد فليقل لا ردها الله عليك فان المساجد لم تبن لهذا رواه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سنے کسیکو کہ ڈھونڈھتا ہے چیز گم ہوئی کو مسجد میں پھر چاہیے کہ کہے نہ پھیرے اسکو اللہ تیرے پاس پھر تحقیق مسجدیں نہیں بنائی گئیں اس کام کے

مسلم وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اكل من هذه الشجرة المنتنة فلا يقربن مسجدنا فان الملئكة
روایت کیا مسلم نے ✕ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کھاوے اس درخت بدبودار سے ✕ ف ✕ پھر چاہیے کہ نزدیک نہ ہو ہماری مسجد کے پھر تحقیق فرشتے

تتأذى مما يتأذى منه الانس متفق عليه وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم البزاق فى المسجد خطيئة وكفارتها
ایذا پاتے ہیں اس چیز سے کہ ایذا پاتے ہیں اس سے آدمی ✕ ق ✕ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوکنا مسجد میں گناہ ہے اور کفارہ اسکا

دفنها متفق عليه وعن ابى ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عرضت على اعمال امتى حسنها وسيئها فوجدت فى
دفن کر دینا اسکا ہے ✕ ف ✕ ق ✕ اور روایت ہے ابوذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روبرو لائے گئے میرے عمل میری امت کے نیک اسکے اور برے اسکے پھر پایا میں نے

محاسن اعمالها الاذى يماط عن الطريق ووجدت فى مساوى اعمالها النخاعة تكون فى المسجد لا تدفن رواه مسلم وعن
ان کے نیک کاموں میں ایذا دینے والی چیز ✕ ف ✕ کہ دور کی جاوے راہ سے اور پایا میں نے ان کے برے کاموں میں تھوک کہ ہووے مسجد میں نہ دفن کیا جاوے ✕ روایت کیا اسکو مسلم نے ✕ اور روایت ہے

ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قام احدكم الى الصلوة فلا يبصق امامه فانما يناجى الله ما دام فى
ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ کھڑا ہوا ایک تمہارا نماز کی طرف پھر نہ تھوک ڈالے اپنے آگے پھر سوا اسکے نہیں ہے کہ مناجات کرتا ہے اللہ سے جب تک کہ

مصلاه ولا عن يمينه فان عن يمينه ملكا وليبصق عن يساره او تحت قدمه فيدفنها وفى رواية ابى سعيد تحت
اپنی نماز گاہ میں ہے اور نہ اپنے داہنے پھر تحقیق اسکے داہنے فرشتہ ہے ✕ ف ✕ اور چاہیے کہ تھوک ڈالے اپنے بائیں یا اپنے پاؤں کے نیچے پھر دفن کرے اسکو اور روایت میں ابوسعید سے

قدمه اليسرى متفق عليه وعن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فى مرضه الذى لم يقم منه لعن الله اليهود والنصارى
اپنے بائیں پاؤں کے نیچے ✕ ق ✕ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی اس بیماری میں کہ نہ اٹھے اس سے لعنت کرے اللہ یہود اور نصاری

اتخذوا قبور انبيائهم مساجد متفق عليه وعن جندب قال سمعت النبى صلى الله عليه وسلم يقول الا وان من كان قبلكم كانوا
کہ بنایا قبروں کو اپنے نبیوں کی مسجدیں ✕ ق ✕ اور روایت ہے جندب سے کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے خبردار ہو تحقیق وہ لوگ کہ تھے پہلے تمہارے

يتخذون قبور انبيائهم وصالحيهم مساجد الا فلا تتخذوا القبور مساجد انى انهاكم عن ذلك رواه مسلم وعن
بناتے تھے قبروں کو اپنے نبیوں کی اور نیکوں کی سجدہ گاہ خبردار ہو سو نہ بناؤ تم قبروں کو سجدہ گاہ تحقیق میں منع کرتا ہوں تمکو اس سے ✕ روایت کیا اسکو مسلم نے ✕ اور روایت ہے

ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اجعلوا في بيوتكم من صلوتكم ولا تتخذوها قبورا متفق عليه الفصل الثاني

ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو اپنے گھروں میں کچھ اپنی نماز اور نہ بناؤ تم اسکو قبریں ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين المشرق والمغرب قبلة رواه الترمذي وعن طلق بن علي قال خرجنا وفدا

روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان مشرق اور مغرب کے قبلہ ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے طلق ابن علی سے کہا کہ نکلے ہم

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فبايعناه وصلينا معه واخبرناه ان بارضنا بيعة لنا فاستوهبناه من فضل طهوره فدعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر بیعت کیا ہمنے اور نماز پڑھی ہمنے اُن کے ساتھ اور خبر دی ہمنے انکو کہ تحقیق ہمارے زمین میں ہے بیعہ ہمارا پھر مانگا ہمنے اُن سے اُن کے وضو کا بچا ہوا پانی تب منگوا

بماء فتوضأ وتمضمض ثم صبه لنا في اداوة وامرنا فقال اخرجوا فاذا اتيتم ارضكم فاكسروا بيعتكم وانضحوا مكانها

پانی اور وضو کیا اور کلی کیا ۔ پھر ڈالا اسکو ہمارے لئے چھاگل میں اور حکم کیا ہمکو پھر فرمایا جاؤ اور جس وقت پہنچو اپنی زمین میں پھر توڑ ڈالو اپنا بیعہ اور چھڑکو اسکی جگہ کو

بهذا الماء واتخذوها مسجدا قلنا ان البلد بعيد والحر شديد والماء ينشف فقال مدوه من الماء فانه لا يزيده

اس پانی سے اور بناؤ اسکو مسجد کہا ہمنے تحقیق شہر دور ہے اور گرمی سخت ہے اور پانی خشک ہو جاویگا تب فرمایا مدد کرو اسکی پانی سے اور تحقیق یہہ پانی نہیں زیادہ کریگا

الا طيبا رواه النسائي وعن عائشة قالت امر رسول الله صلى الله عليه وسلم ببناء المسجد في الدور وان ينظف ويطيب

مگر پاکی ۔ روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے بنانے مسجد کے محلوں میں ۔ اور یہہ کہ پاک رکھی جاوے اور خوشبو کی جاوے مسجدیں

رواه ابوداود والترمذي وابن ماجة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما امرت بتشييد المساجد قال

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حکم کیا گیا میں واسطے زینت کرنے مسجدوں کے کہا

ابن عباس لتزخرفنها كما زخرفت اليهود والنصارى رواه ابوداود وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من اشراط

ابن عباس نے ۔ البتہ زینت کروگے اُس کی جیسا کہ زینت کیا یہود اور نصاریٰ نے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق علامات سے

الساعة ان يتباهى الناس في المساجد رواه ابوداود والنسائي والدارمي وابن ماجة وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

قیامت کی ہے یہہ کہ فخر کرینگے لوگ مسجدوں میں ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عرضت على اجور امتي حتى القذاة يخرجها الرجل من المسجد وعرضت على ذنوب امتي فلم ار ذنبا اعظم من سورة من

روبرو کئے گئے میرے ثواب میری امت کے یہاں تک کہ کوڑا اور گھاس کہ نکالے اسکو شخص مسجد سے اور روبرو کئے گئے میرے گناہ میری اُمت کے پھر نہیں دیکھا میں نے کوئی گناہ بڑا بھلا دینے سے سورت

القرآن او آية اوتيها رجل ثم نسيها رواه الترمذي وابوداود وعن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بشر

قرآن کے یا بھلا دینے سے ایک آیت کے دیا گیا ہو شخص پھر بھلا دیا ہو اسکو ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دے

المشائين في الظلم الى المساجد بالنور التام يوم القيمة رواه الترمذي وابوداود ورواه ابن ماجة عن سهل بن سعد وانس

چلنے والوں کو اندھیروں میں مسجدوں کی طرف ساتھ پورے نور کے قیامت کے دن ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے سہل ابن سعد اور انس سے

وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رأيتم الرجل يتعاهد المسجد فاشهدوا له بالايمان

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ دیکھو تم شخص کو کہ خبر گیری کرتا ہے مسجد کی پھر گواہی دو اُسکے واسطے ایمان کی

فان الله تعالى يقول انما يعمر مساجد الله من آمن بالله واليوم الآخر رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي وعن عثمان بن مظعون

پھر تحقیق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے نہیں آباد کرتا اللہ کی مسجدوں کو مگر وہ شخص کہ ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور قیامت کے دن پر ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے عثمان بن مظعون سے

قال يا رسول الله ائذن لنا في الاختصاء فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس منا من خصى ولا اختصى ان

کہ عرض کیا یا رسول اللہ اذن دو مجھ کو خصی ہونے کا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہم سے وہ شخص کہ خصی کرے اور نہ وہ شخص کہ آپ خصی ہو تحقیق

خصاء امتي الصيام فقال ائذن لنا في السياحة فقال ان سياحة امتي الجهاد في سبيل الله فقال ائذن لنا في الترهب

خصی ہونا میری امت کا روزہ رکھنا ہے پھر عرض کیا کہ اذن دو مجھ کو ملک ملک پھرنے کا تب فرمایا تحقیق ملک ملک پھرنا میری امت کا جہاد کرنا ہے اللہ کی راہ میں پھر عرض کیا اذن دو مجھ کو ترہب کا

فقال ان ترهب امتي الجلوس في المساجد انتظار الصلوة رواه في شرح السنة وعن عبد الرحمن بن عائش قال قال رسول

تب فرمایا تحقیق ترہب میری امت کا بیٹھنا ہے مسجدوں میں انتظار میں نماز کی روایت کیا اسکو شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن ابن عائش سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم رأيت ربي عز وجل في احسن صورة قال فيم يختصم الملأ الاعلى قلت انت اعلم قال فوضع كفه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے اپنے رب عزوجل کو بہت اچھی صورت میں ۔ فرمایا کس چیز میں گفتگو کرتے ہیں فرشتے نزدیکی کے کہا میں نے تو خوب جانتا ہے فرمایا پھر رکھا اپنا ہاتھ

بين كتفي فوجدت بردها بين ثديي فعلمت ما في السموات والارض وتلا وكذلك نري ابراهيم ملكوت السموات والارض

بیچ مونڈھوں کے میرے پایا میں نے ٹھنڈک اسکی سینے میں اپنے پھر جانا میں نے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں تھا اور پڑھا حضرت نے اور اسی طرح ہم دکھانے لگے ابراہیم کو سلطنت آسمانوں اور زمین کی

وليكون من الموقنين رواه الدارمي مرسلا وللترمذي نحوه عنه وعن ابن عباس ومعاذ بن جبل وزاد فيه قال

اور تاکہ ہووے ابراہیم یقین کرنے والوں سے روایت کیا اسکو دارمی نے مرسل اور ترمذی نے مانند اسکی اسی سے اور ابن عباس اور معاذ ابن جبل سے اور زیادہ کیا اسمیں فرمایا اللہ

يا محمد هل تدري فيم يختصم الملأ الاعلى قلت نعم في الكفارات والكفارات المكث في المساجد بعد الصلوات والمشي على

اے محمد بھلا جانتا ہے تو کس چیز میں گفتگو کرتے ہیں فرشتے نزدیکی کے کہا ہاں بیچ کفارات کے اور کفارات یہ ہیں بیٹھے رہنا مسجدوں میں نماز کے بعد اور چلنا

الاقدام الى الجماعات واسباغ الوضوء في المكاره ومن فعل ذلك عاش بخير ومات بخير وكان من خطيئته كيوم ولدته

پیادہ جماعت کے واسطے اور پہنچانا وضو کے پانی کا تکلیف کے وقت میں اور جس نے کیا یہ زندہ رہیگا ساتھ نیکی کے اور مریگا ساتھ نیکی کے اور پاک ہوگا اپنے گناہ سے مانند اس دن کے کہ جنا

امه وقال يا محمد اذا صليت فقل اللهم اني اسألك فعل الخيرات وترك المنكرات وحب المساكين فاذا اردت

اسکی ماں نے اور فرمایا اے محمد جب تو نماز پڑھ چکے تو کہہ یا الٰہی تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے کرنا نیکیوں کا اور چھوڑنا برائیوں کا اور دوستی مسکینوں کی اور جب ارادہ کرے

بعبادك فتنة فاقبضني اليك غير مفتون قال والدرجات افشاء السلام واطعام الطعام والصلوة بالليل والناس نيام

اپنے بندوں پر فتنے کا پھر اٹھا لے مجھ کو اپنی طرف بغیر فتنے میں پڑے ۔ فرمایا حضرت نے اور درجات یعنی ظاہر کرنا سلام کا اور کھلانا کھانے کا اور نماز پڑھنا رات کو جس وقت کہ لوگ سوتے

ولفظ هذا الحديث كما في المصابيح لم اجده عن عبد الرحمن الا في شرح السنة وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله

اور لفظ اس حدیث کا جیسا کہ مصابیح میں ہے نہ پایا میں نے اسکو عبد الرحمن سے مگر شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ثلثة كلهم ضامن على الله رجل خرج غازيا في سبيل الله فهو ضامن على الله حتى يتوفاه فيدخله الجنة او يرده بما نال

علیہ وسلم نے تین طرح کے شخص ہیں کہ سب کے ذمہ میں ہیں اللہ کے ایک شخص کہ نکلا جہاد کرتا اللہ کی راہ میں وہ ذمہ میں ہے اللہ کے یہاں تک کہ وفات دے اسکو پھر داخل کرے اسکو بہشت میں یا پھیر لاوے ساتھ اس چیز کے کہ پائی

من اجر او غنيمة ورجل راح الى المسجد فهو ضامن على الله ورجل دخل بيته بسلام فهو ضامن على الله رواه ابو داود

ثواب یا غنیمت سے اور ایک شخص کہ چلا مسجد کی طرف پھر وہ ذمہ میں ہے اللہ کے اور ایک شخص اپنے گھر میں سلام علیکم کہہ کر پھر وہ ذمہ میں ہے اللہ کے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من خرج من بيته متطهرا الى صلوة مكتوبة فاجره كاجر الحاج المحرم ومن

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نکلے اپنے گھر سے پاک ہو کر نماز کی طرف پھر ثواب اسکا مانند ثواب حج کرنے والے احرام باندھنے والے کے

خرج الى تسبيح الضحى لا ينصبه الا اياه فاجره كاجر المعتمر وصلوة على اثر صلوة لا لغو بينهما كتب في عليين رواه احمد وابو داود

نکلے نماز چاشت کی طرف نہ نکالا اسکو مگر اسی نماز نے پھر ثواب اسکا مانند ثواب عمرہ کرنے والے کے ہے اور نماز پیچھے نماز کے کہ نہو بیہودہ دونوں کے درمیان میں لکھی جاتی ہے علیین میں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا مررتم برياض الجنة فارتعوا قيل يا رسول الله وما رياض الجنة قال

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذرو تم بہشت کی باغوں میں پھر چرو پوچھا گیا اے رسول اللہ کے اور کیا ہیں باغ بہشت کے فرمایا

المساجد قيل وما الرتع يا رسول الله قال سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله

مسجدیں پوچھا گیا اور کیا ہے چرنا یا رسول اللہ فرمایا سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ واللہ اکبر روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من اتى المسجد لشيء فهو حظه رواه ابو داود وعن فاطمة بنت الحسين عن جدتها فاطمة الكبرى رضي الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ آوے مسجد کو کسی چیز کے واسطے پھر وہی حصہ اسکا ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے ٭ اور روایت ہے فاطمہ بنت امام حسین سے انہوں نے نقل کیا اپنی دادی فاطمہ کبری رضی اللہ

عنها قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا دخل المسجد صلى على محمد وسلم وقال رب اغفر لي ذنوبي وافتح لي ابواب رحمتك واذا

عنہا سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب داخل ہوتے مسجد میں درود بھیجتے محمد پر اور سلام اور کہتے اے میرے رب بخش میرے واسطے میرے گناہ اور کھول میرے لئے دروازے اپنی رحمت کے اور جب

خرج صلى على محمد وسلم وقال رب اغفر لي ذنوبي وافتح لي ابواب فضلك رواه الترمذي واحمد وابن ماجة وفي روايتهما قالت اذا

نکلتے درود بھیجتے محمد پر اور سلام اور کہتے اے رب میرے بخش میرے واسطے میرے گناہ اور کھول میرے لئے دروازے اپنے فضل کے روایت کیا اسکو ترمذی اور احمد اور ابن ماجہ نے اور ان دونوں کی روایت میں ہے کہا کہ جب

دخل المسجد وكذا اذا خرج قال بسم الله والسلام على رسول الله بدل صلى على محمد وسلم وقال الترمذي ليس اسناده بمتصل

داخل ہوتے مسجد میں اور اسیطرح جب نکلتے کہتے بسم اللہ والسلام علی رسول اللہ بدلے میں صلی علی محمد وسلم کے اور کہا ترمذی نے نہیں ہے اسناد اسکی متصل

وفاطمة بنت الحسين لم تدرك فاطمة الكبرى وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال نهى رسول الله صلى الله عليه

اور فاطمہ بنت حسین نے نہ پایا فاطمہ کبری کو ٭ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے دادا سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم عن تناشد الاشعار في المسجد وعن البيع والاشتراء فيه وان يتحلق الناس يوم الجمعة قبل الصلوة في المسجد رواه

وسلم نے پڑھنے سے بیتوں کے مسجد میں اور بیچنے اور خریدنے سے اسمیں اور یہہ کہ حلقہ باندھ کر بیٹھیں لوگ جمعہ کے دن قبل نماز کے مسجد میں روایت کیا اسکو

ابو داود والترمذي وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رايتم من يبيع او يبتاع في المسجد فقولوا لا

ابو داود اور ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھو تم کسیکو کہ بیچتا ہے یا خریدتا ہے مسجد میں تب کہو نہ

اربح الله تجارتك واذا رايتم من ينشد فيه ضالة فقولوا لا رد الله عليك رواه الترمذي والدارمي وعن حكيم بن

نفع دے اللہ تیری سوداگری میں اور جب دیکھو تم کسی شخص کو کہ ڈھونڈھتا ہے اسمیں گم ہوئی چیز کو تب کہو نہ پھیرے اسکو اللہ تیرے پاس روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے حکیم ابن

حزام قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يستقاد في المسجد وان ينشد فيه الاشعار وان تقام فيه الحدود رواه ابو داود

حزام سے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ بدلا خون کا لیا جاوے مسجد میں اور یہہ کہ پڑھی جاویں اسمیں شعریں اور یہہ کہ قائم کئے جاویں اسمیں حدیں روایت کیا اسکو ابو داود نے

في سننه وصاحب جامع الاصول فيه عن حكيم وفي المصابيح عن جابر وعن معاوية بن قرة عن ابيه ان رسول الله

اپنے سنن میں اور صاحب جامع الاصول نے جامع میں حکیم سے اور مصابیح میں جابر سے ٭ اور روایت ہے معاویہ ابن قرہ سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے کہ تحقیق رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم نهى عن هاتين الشجرتين يعني البصل والثوم وقال من اكلهما فلا يقربن مسجدنا وقال ان كنتم لا بد اكليهما

صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ان دو درختوں کے کھانے سے یعنے پیاز اور لہسن اور فرمایا جو کوئی کھاوے انکو پھر نہ نزدیک ہووے ہماری مسجد کے اور فرمایا اگر ہو تم خواہ مخواہ کھانے والے ان دونوں کو

فاميتوهما طبخا رواه ابو داؤد وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الارض كلها مسجد الا المقبرة و

تو مارو انکو پکا کے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے × اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین ساری مسجد ہے سوائے مقبرے اور

الحمام رواه ابو داؤد والترمذي والدارمي وعن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يصلى في سبعة مواطن

حمام کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور دارمی نے × اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے سے سات جگہوں میں

في المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطريق والحمام وفي معاطن الابل وفوق ظهر بيت الله رواه الترمذي وابن ماجه

گھورے پر اور جانور ذبح کرنے کی جگہ میں اور قبرگاہ میں اور چلتی راہ میں اور حمام میں اور اونٹ بٹھانے کی جگہوں میں اور اوپر چھت کعبے کے × روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوا في مرابض الغنم ولا تصلوا في اعطان الابل رواه الترمذي

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھو بیٹھنے کی جگہ میں بکریوں کے اور نہ پڑھو بیٹھنے کی جگہ اونٹوں کے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابن عباس قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم زائرات القبور والمتخذين عليها المساجد والسرج رواه ابو داؤد

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ لعنت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کی زیارت کرنے والی عورتوں کو اور قبروں پر مسجد بنانے والوں پر اور قبروں پر چراغ روشن کرنے والوں پر روایت کیا

والترمذي والنسائي وعن ابي امامة قال ان حبرا من اليهود سأل النبي صلى الله عليه وسلم اي البقاع خير فسكت عنه

ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے × اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ تحقیق ایک عالم نے یہود میں سے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کونسی جگہ بہتر ہے پھر چپ رہے حضرت اسکے جواب سے

وقال اسكت حتى يجيء جبريل عليه السلام فسكت وجاء جبريل عليه السلام فسأل فقال ما المسؤل عنها باعلم من

اور فرمایا ف چپ رہونگا میں جب تک کہ آوے جبرئیل علیہ السلام پھر چپ رہے اور آئے جبرئیل علیہ السلام پھر پوچھا حضرت نے تب کہا نہیں ہے پوچھا گیا اس سے دانا زیادہ

السائل ولكن اسأل ربي تبارك وتعالى ثم قال جبريل يا محمد اني دنوت من الله دنوا ما دنوت منه قط قال وكيف كان

پوچھنے والے سے ولیکن پوچھتا ہوں میں اپنے رب برکت والے اور برتر سے پھر کہا جبرئیل نے اے محمد تحقیق میں نزدیک ہوا اللہ سے اتنا نزدیک کہ نہ نزدیک ہوا اس سے کبھی فرمایا حضرت نے اور کس طرح تھا

يا جبريل قال كان بيني وبينه سبعون الف حجاب من نور فقال شر البقاع اسواقها وخير البقاع مساجدها رواه ابن

نزدیک ہونا اے جبرئیل کہا تھے درمیان میرے اور درمیان اسکے ستر ہزار پردے نور کے پھر فرمایا اللہ نے بدترین جگہوں کی بازاریں ہیں اور بہترین جگہوں کی مسجدیں ہیں × روایت کیا اسکو ابن

حبان في صحيحه عن ابن عمر

الفصل الثالث

عن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من جاء مسجدي

حبان نے اپنے صحیح میں ابن عمر سے × فصل تیسری × روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ آوے میری اس مسجد میں

هذا لم يأته الا لخير يتعلمه او يعلمه فهو بمنزلة المجاهد في سبيل الله ومن جاء لغير ذلك فهو بمنزلة الرجل ينظر الى متاع غيره

نہ آوے مگر نیکی کے لئے کہ سیکھے اسکو یا سکھلادے اسکو پھر وہ مانند جہاد کرنے والے کے ہے اللہ کی راہ میں اور جو شخص کہ آوے واسطے غیر اس کام کے پھر وہ مانند اس شخص کے ہے کہ دیکھتا ہے طرف اسباب غیر کے

رواه ابن ماجه والبيهقي في شعب الايمان وعن الحسن مرسلا قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي على الناس زمان

روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں × اور روایت ہے حسن بصری سے مرسل کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آویگا لوگوں پر ایک زمانہ

يكون حديثهم في مساجدهم في امر دنياهم فلا تجالسوهم فليس لله فيهم حاجة رواه البيهقي في شعب الايمان وعن

کہ ہوگی گفتگو انکی انکی مسجدوں میں انکے دنیا کے مقدمے میں پھر نہ ساتھ بیٹھو تم انکے کیونکہ نہیں ہے اللہ کو ان سے کچھ حاجت روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں × اور روایت ہے

السائب بن يزيد قال كنت نائما في المسجد فحصبني رجل فنظرت فاذا عمر بن الخطاب فقال اذهب فأتني بهذين

سائب ابن یزید سے کہا کہ تھا میں سویا مسجد میں پھر کنکری سے مارا مجھکو ایک شخص نے پھر دیکھا میں نے تو تھا عمر ابن خطاب تب فرمایا جا اور بلا لا میرے پاس ان دونوں کو

مانند نہانے جنابت کے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا احمد اور نسائی نے مانند اسکی ۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے اور تحقیق عورت جب خوشبو لگاوے

فمرت بالمجلس فهي كذا وكذا يعني زانية رواه الترمذي ولابي داؤد والنسائي نحوه وعن ابي بن كعب قال صلى بنا رسول الله صلى

پھر گذرے مجلس میں پھر وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ ہے ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ابی داؤد اور نسائی کی روایت مانند اسکے ہے ۔ اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو رسول اللہ

الله عليه وسلم يوما الصبح فلما سلم قال اشاهد فلان قالوا لا قال اشاهد فلان قالوا لا قال ان هاتين الصلوتين اثقل

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن کی صبح کی پھر جب سلام پھیرا فرمایا کیا حاضر ہے فلانا لوگوں نے کہا نہیں فرمایا کیا حاضر ہے فلانا لوگوں نے کہا نہیں فرمایا یہ دو نمازیں بہت بھاری ہیں

الصلوة على المنافقين ولو تعلمون ما فيهما لاتيتموهما ولو حبوا على الركب وان الصف الاول على مثل

نمازوں میں سے منافقوں پر اور اگر جانو تم وہ ثواب جو ان دونوں میں ہے البتہ آؤ تم ان دونوں میں اگرچہ گھٹنے چلو گھٹنوں پر اور تحقیق پہلی صف نماز کی مانند

صف الملائكة ولو علمتم ما فضيلته لابتدرتموه وان صلوة الرجل مع الرجل ازكى من صلوته وحده

صف فرشتوں کے ہے اور اگر جانتے تم کہ کیا ہے بزرگی اسکی البتہ دوڑتے تم اسکے پانے میں اور تحقیق نماز مرد کی ساتھ مرد کے بہتر زیادہ ہے اسکی نماز سے اکیلے

وصلوته مع الرجلين ازكى من صلوته مع الرجل وما كثر فهو احب الى الله تعالى رواه ابو داؤد والنسائي

اور نماز اسکی دو مردوں کے ساتھ بہتر زیادہ ہے اسکی نماز سے ساتھ ایک مرد کے اور جسقدر زیادہ ہو جماعت پھر پسند زیادہ ہے اللہ تعالی کے نزدیک ف روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وعن ابي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ثلثة في قرية ولا بدو لا تقام فيهم

اور روایت ہے ابی درداء سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہیں تین شخص کسی بستی میں یا کسی گاؤں میں کہ جماعت کے ساتھ نہ پڑھی جاوے ان میں

الصلوة الا قد استحوذ عليهم الشيطان فعليك بالجماعة فانما يأكل الذئب القاصية رواه

نماز مگر تحقیق غالب ہوتا ہے ان پر شیطان پھر لازم ہے تجھکو جماعت کرنی پھر سوا اسکے نہیں کہ کھاتا ہے بھیڑیا اس بکری کو جو دور تری ہو ریوڑ سے ف روایت کیا اسکو

احمد وابو داؤد والنسائي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سمع

احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سنے

المنادي فلم يمنعه من اتباعه عذر قالوا وما العذر قال خوف او مرض لم تقبل منه الصلوة التي صلى رواه

اذان کہنے والے کی اذان پھر نہ منع کرے اسکو پیروی کرنے سے کوئی عذر کہا صحابہ نے اور کیا ہے عذر فرمایا ڈر یا مرض نہیں قبول کی جاتی اس سے نماز جو اسنے پڑھی ہے ف روایت کیا اسکو

ابو داؤد والدارقطني وعن عبد الله بن ارقم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا اقيمت الصلوة ووجد احدكم الخلاء

ابوداؤد اور دارقطنی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن ارقم سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جب اقامت کہی جاوے نماز اور پاوے ایک تمہارا حاجت پاخانہ کی

فليبدأ بالخلاء رواه الترمذي وروى مالك وأبو داود والنسائي نحوه وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

پھر چاہیے کہ شروع کرے پاخانہ جانا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک اور ابو داؤد اور نسائی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ثلث لا يحل لأحد أن يفعلهن لا يؤم رجل قوما فيخص نفسه بالدعاء دونهم فإن فعل ذلك فقد خانهم

تین خصلتیں ہیں کہ نہیں حلال ہے کسی کو کہ کرے انکو ۔ امامت نہ کرے کوئی شخص کسی قوم کی پھر خاص کرے اپنی جان کو ساتھ دعا کے سوا انکے پھر اگر کیا یہ تو بیشک خیانت کی انکی

ولا ينظر في قعر بيت قبل أن يستأذن فإن فعل فقد خانهم ولا يصلي وهو حقن حتى يتخفف رواه أبو داود

اور نہ دیکھے اندر کسی گھر کے قبل اسکے کہ اجازت لے اندر جانے کی پھر اگر کیا تو بیشک خیانت کی انکی اور نماز نہ پڑھے جس حال میں کہ روکنے والا ہو پیشاب کو یہانتک کہ ہلکا ہو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور

الترمذي نحوه وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تؤخروا الصلوة لطعام ولا لغيره رواه في شرح

ترمذی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تاخیر کرو نماز کی کھانے کے واسطے اور نہ دوسری چیز کے واسطے روایت کیا اسکو شرح

السنة

الفصل الثالث

عن عبد الله بن مسعود قال لقد رأيتنا وما يتخلف عن الصلوة إلا منافق قد علم

سنۃ میں ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تحقیق دیکھا میں نے اپنے تئیں ف۲ کہ نہیں پیچھے رہتا نماز سے مگر منافق کہ تحقیق معلوم ہو

نفاقه أو مريض إن كان المريض ليمشي بين رجلين حتى يأتي الصلوة وقال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم

نفاق اسکا یا مریض بیشک حال یہ تھا کہ بیمار چلتا دو شخصوں کے بیچ یہانتک کہ آتا نماز میں ف۳ اور کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

علمنا سنن الهدى وإن من سنن الهدى الصلوة في المسجد الذي يؤذن فيه وفي رواية قال من سره أن يلقى الله

سکھلایا ہمکو طریقے ہدایت کے ف۴ اور تحقیق ہدایت کے طریقوں میں سے نماز پڑھنی ہے اس مسجد میں کہ اذان دی جاتی ہے بیچ اسکے اور ایک روایت میں ہے کہا جو شخص کہ خوش آوے اسکو یہ کہ ملاقات کرے

غدا مسلما فليحافظ على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن فإن الله شرع لنبيكم سنن الهدى وإنهن من سنن الهدى

کل کو مسلمان پھر چاہیے کہ محافظت کرے ان پانچوں نمازوں پر ف۵ اس جگہ کہ اذان دی جاوے انکے واسطے پھر تحقیق اللہ نے مقرر کیا تمہارے نبی کے واسطے طریقے ہدایت کے اور تحقیق یہ نمازیں طریقہ ہدایت سے ہیں

ولو أنكم صليتم في بيوتكم كما يصلي هذا المتخلف في بيته لتركتم سنة نبيكم ولو تركتم سنة نبيكم لضللتم وما من

اور اگر تحقیق تم لوگ نماز پڑھو اپنے گھروں میں جیسا کہ پڑھتا ہے یہ پیچھے رہنے والا ف۶ اپنے گھر میں تو تم نے ترک کیا سنت اپنے نبی کی اور اگر تم چھوڑ دو سنت اپنے نبی کی بیشک گمراہ ہو اور نہیں ہے

رجل يتطهر فيحسن الطهور ثم يعمد إلى مسجد من هذه المساجد إلا كتب الله له بكل خطوة يخطوها حسنة ويرفعه

کوئی شخص کہ طہارت کرے پھر اچھی کرے طہارت بعد اسکے قصد کرے کسی مسجد کی طرف ان مسجدوں میں سے مگر لکھتا ہے اللہ اسکے لئے ہر قدم کے بدلے کہ رکھتا ہے قدم ایک نیکی اور بلند کرتا ہے

بها درجة ويحط عنه بها سيئة ولقد رأيتنا وما يتخلف عنها إلا منافق معلوم النفاق ولقد كان الرجل يؤتى به

بسبب اسکے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اسکے سبب سے ایک برائی اور تحقیق جانا میں نے اپنے تئیں اور دوسروں کو ف۷ کہ خلاف نہیں کرتا تھا مگر منافق کہ معلوم ہے اسکا نفاق اور تحقیق ایک شخص لایا جاتا

يهادى بين الرجلين حتى يقام في الصف رواه مسلم وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لولا ما في البيوت

دو مردوں کے بیچ یہانتک کہ کھڑا کیا جاتا صف میں روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اگر نہ ہوتیں گھروں میں

من النساء والذرية أقمت صلوة العشاء وأمرت فتياني يحرقون ما في البيوت بالنار رواه أحمد وعنه

عورتیں اور لڑکے تو قائم کرتا میں نماز عشاء کی اور حکم کرتا اپنے خادموں کو کہ خوب جلاتے جو کچھ گھروں میں ہوتا آگ سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی

قال أمرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كنتم في المسجد فنودي بالصلوة فلا يخرج أحدكم حتى يصلي رواه أحمد

کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب ہو تم لوگ مسجد میں پھر اذان دی جاوے نماز کے واسطے تو نہ نکلے کوئی تم میں سے یہانتک کہ نماز پڑھے روایت کیا اسکو احمد نے

وَعَنْ اَبِی الشَّعْثَاءِ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ مَا اُذِّنَ فِیْهِ فَقَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصٰی اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّی

اور روایت ہے ابی الشعثاء سے کہا کہ نکلا ایک شخص مسجد سے بعد اسکے کہ اذان کہی گئی اسمیں تب کہا ابو ہریرہ نے لیکن اس شخص نے تحقیق نافرمانی کی ابو القاسم صلی

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْرَكَهُ الْاَذَانُ فِی الْمَسْجِدِ

اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے عثمان ابن عفان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے اسکو اذان مسجد میں اور

ثُمَّ خَرَجَ لَمْ یَخْرُجْ لِحَاجَةٍ وَهُوَ لَا یُرِیْدُ الرَّجْعَةَ فَهُوَ مُنَافِقٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

پھر باہر نکلے نہ نکلے ضروری کام کے واسطے اور وہ ارادہ نہیں رکھتا ہے پھر آنے کا تو وہ منافق ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

قَالَ مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ یُجِبْهُ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِیُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ قَالَ یَا رَسُوْلَ

کہ فرمایا جو شخص کہ سنے اذان پھر نہ قبول کرے اسکو ف۲ تو نہیں ہوتی اسکی نماز مگر عذر سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن ام مکتوم سے کہا کہ یا رسول

اللّٰهِ اِنَّ الْمَدِیْنَةَ كَثِیْرَةُ الْهَوَامِّ وَالسِّبَاعِ وَاَنَا ضَرِیْرُ الْبَصَرِ فَهَلْ تَجِدُ لِیْ مِنْ رُخْصَةٍ قَالَ هَلْ تَسْمَعُ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ

اللہ تحقیق مدینہ میں بہت ہیں موذی جانور ف۳ اور درندے اور میں ہوں آنکھ کا اندھا سو کیا پاتے ہیں آپ میرے لئے رخصت ف۴ فرمایا کیا سنتا ہے تو حی علی الصلوٰۃ حی

عَلَی الْفَلَاحِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَحَیَّ هَلًا وَلَمْ یُرَخِّصْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ اَبُو

علی الفلاح کہا کہ ہاں فرمایا پھر آ جماعت میں اور نہ رخصت دی روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے ام درداء سے کہا کہ آئے میرے پاس ابو

الدَّرْدَاءِ وَهُوَ مُغْضَبٌ فَقُلْتُ مَا اَغْضَبَكَ قَالَ وَاللّٰهِ مَا اَعْرِفُ مِنْ اَمْرِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَیْئًا اِلَّا اَنَّهُمْ یُصَلُّوْنَ

درداء اور وہ غصہ میں تھے پھر کہا میں نے کس چیز نے غصہ دلایا تمکو کہا قسم ہے اللہ کی نہیں پہچانتا میں کام میں امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی چیز مگر یہ تحقیق وہ نماز پڑھتے ہیں

جَمِیْعًا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِیْ حَثْمَةَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَدَ سُلَیْمَانَ بْنَ اَبِیْ حَثْمَةَ فِیْ صَلٰوةِ

جماعت کرکے ف۵ روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے ابی بکر ابن سلیمان ابن ابی حثمہ سے کہا کہ تحقیق عمر ابن خطاب نے نہ پایا سلیمان ابن ابی حثمہ کو بیچ صبح کو

الصُّبْحِ فَاِنَّ عُمَرَ غَدَا اِلَی السُّوْقِ وَمَسْكَنُ سُلَیْمَانَ بَیْنَ الْمَسْجِدِ وَالسُّوْقِ فَمَرَّ عَلَی الشِّفَاءِ اُمِّ سُلَیْمَانَ فَقَالَ لَهَا لَمْ اَرَ سُلَیْمَانَ

صبح کی نماز میں پھر تحقیق عمر صبح کو گئے بازار کو اور گھر سلیمان کا مسجد اور بازار کے بیچ میں تھا تب جا پڑے شفا کے پاس جو سلیمان کی ماں تھی اور کہا اسکو کہ نہ دیکھا میں نے

فِی الصُّبْحِ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَاتَ یُصَلِّیْ فَغَلَبَتْهُ عَیْنَاهُ فَقَالَ عُمَرُ لَاَنْ اَشْهَدَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فِیْ جَمَاعَةٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَقُوْمَ لَیْلَةً رَوَاهُ

صبح کی نماز میں تب اسنے کہا کہ تحقیق وہ رات بھر نماز پڑھتا رہا پھر غالب آئیں اس پر اسکی آنکھیں ف۶ تب فرمایا عمر نے تحقیق حاضر ہونا میرا صبح کی نماز کو جماعت میں پسند زیادہ ہے مجھکو اس سے کہ کھڑا رہوں نماز میں تمام رات روایت کیا اسکو

مَالِكٌ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ

مالک نے ٭ اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخص پھر جتنے زیادہ ہوں اس سے جماعت ہے ف۷ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے

بِلَالِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوا النِّسَاءَ حُظُوْظَهُنَّ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِذَا

بلال ابن عبد اللہ ابن عمر سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو عورتوں کو حصہ انکا مسجدوں سے ف۸ جب

اسْتَاْذَنَّكُمْ فَقَالَ بِلَالٌ وَاللّٰهِ لَنَمْنَعُهُنَّ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ اَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ اَنْتَ لَنَمْنَعُهُنَّ وَفِیْ رِوَایَةٍ

پروانگی مانگیں تم سے تب کہا بلال نے قسم اللہ کی تحقیق ہم منع کرتے ہیں انکو تب کہا اسنے عبد اللہ نے میں کہتا ہوں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تو کہتا ہے کہ تحقیق ہم منع کرتے ہیں انکو اور ایک روایت میں

سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ فَاَقْبَلَ عَلَیْهِ عَبْدُ اللّٰهِ فَسَبَّهٗ سَبًّا مَا سَمِعْتُهٗ سَبَّهٗ مِثْلَهٗ قَطُّ وَقَالَ اُخْبِرُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

سالم کی جو اسنے اپنے باپ سے نقل کیا ہے ف۹ کہا کہ پھر متوجہ ہوئے اس پر عبد اللہ اور اسکو گالی دی ایسی گالی کہ نہ سنا میں نے انکو کہ گالی دی ہو اسکو مثل اسکے کبھی اور کہا خبر دیتا ہوں تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ويقول والله لنمنعهن رواه مسلم ❊ وعن مجاهد عن عبد الله ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يمنعن

وسلم سے اور تو کہتا ہے کہ قسم اللہ کی ہم منع کرینگے ان کو یہ روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے مجاہد سے اسنے نقل کیا عبد اللہ ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جائیے کہ نہ منع کرے

رجل اهله ان ياتوا المساجد فقال ابن لعبد الله بن عمر فانا نمنعهن فقال عبد الله احدثك عن رسول الله صلى الله عليه

کوئی شخص اپنے گھر کی عورتوں کو کہ آویں مسجدوں میں تب کہا ایک بیٹے نے عبد اللہ ابن عمر کے ف ہم منع کرتے ہیں انکو تب کہا عبد اللہ نے میں خبر دیتا ہوں تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وتقول هذا قال فما كلمه عبد الله حتى مات رواه احمد ❊

باب تسوية الصفوف

الفصل الاول

وعن النعمان ابن

وسلم سے اور تو کہتا ہے یہہ بات کہا مجاہد نے پھر نہ بات کیا اس سے عبد اللہ نے یہانتک کہ مر گئے روایت کیا اسکو احمد نے ❊ یہہ باب ہے بیان میں برابر کرنے صفوں کے ❊ فصل پہلی ❊ روایت ہے نعمان ابن

بشير قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسوي صفوفنا حتى كانما يسوي بها القداح حتى راى انا قد عقلنا عنه

بشیر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برابر کرتے ہماری صفوں کو یہانتک کہ گویا برابر کرتے ساتھ ان کے تیر کی لکڑی کو ف یہانتک کہ جانا آپ نے کہ بیشک ہم نے سیکھ لیا

ثم خرج يوما فقام حتى كاد ان يكبر فراى رجلا باديا صدره من الصف فقال عباد الله لتسون صفوفكم او ليخالفن

آپ سے پھر نکلے ایک روز پس کھڑے ہوئے یہانتک کہ قریب تھا کہ تکبیر کہیں پھر دیکھا ایک شخص کو باہر نکالے سینہ اپنا صف سے تب فرمایا اے بندہ اللہ کے چاہئے کہ برابر کرو اپنی صفوں کو یا خلاف ڈالیگا

الله بين وجوهكم رواه مسلم ❊ وعن انس قال اقيمت الصلوة فاقبل علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم بوجهه فقال اقيموا

اللہ تمہارے بیچ منہ میں ❊ روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے انس سے کہا کہ اقامت کہی گئی نماز پھر متوجہ ہوئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منہ سے اور فرمایا کہ سیدھی کرو

صفوفكم وتراصوا فاني اراكم من وراء ظهري رواه البخاري وفي المتفق عليه قال اتموا الصفوف فاني اراكم من وراء

اپنی صفوں کو اور آپس میں مل کے کھڑے ہو پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنی پیٹھ کے پیچھے سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور بخاری و مسلم کی روایت میں یہہ ہے کہ فرمایا پورا کرو اپنی صفوں کو پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنی

ظهري ❊ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سووا صفوفكم فان تسوية الصفوف من اقامة الصلوة متفق

پیٹھ کے پیچھے سے ❊ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو پھر تحقیق برابر کرنی صفوں کا ٹھیک ادا کرنے نماز میں داخل ہے ف ❊ ق ❊

عليه الا عند مسلم من تمام الصلوة ❊ وعن ابي مسعود الانصاري قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح

مگر مسلم کے نزدیک ف بعد پورا کرنے نماز میں داخل ہے ❊ اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے ہاتھ

مناكبنا في الصلوة ويقول استووا ولا تختلفوا فتختلف قلوبكم ليلني منكم اولو الاحلام والنهى ثم الذين يلونهم

ہمارے مونڈھوں پر نماز میں اور فرماتے برابر ہو جاؤ اور اختلاف نکرو نہیں تو مختلف ہو جاوینگے دل تمہارے چاہئے کہ قریب ہوں نزدیک میرے تم میں سے بالغ لوگ اور عقل والے پھر وے لوگ کہ قریب ہوں انکے

ثم الذين يلونهم قال ابو مسعود فانتم اليوم اشد اختلافا رواه مسلم ❊ وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله

پھر وے لوگ کہ قریب ہوں ان کے کہا ابو مسعود نے پھر تم آج کے دن بہت اختلاف کرتے ہو روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ليلني منكم اولو الاحلام والنهى ثم الذين يلونهم ثلثا واياكم وهيشات الاسواق رواه مسلم ❊ وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ نزدیک ہوں میرے تم میں سے بالغ لوگ اور عقل والے پھر وے لوگ جو قریب ہوں ان کے تین بار فرمایا اور فرمایا بچو تم شور کرنے سے مثل بازاروں کے ف روایت کیا مسلم نے ❊ اور روایت ہے

ابي سعيد الخدري قال راى رسول الله صلى الله عليه وسلم في اصحابه تاخرا فقال لهم تقدموا واتموا بي وليأتم بكم من

ابی سعید خدری سے کہا کہ دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں پیچھے رہنا صفوں کے تب فرمایا انکو آگے آؤ اور اقتدا کرو میرا اور چاہئے کہ اقتدا کریں تمہارا اور لوگ

بعدكم لا يزال قوم يتاخرون حتى يؤخرهم الله رواه مسلم ❊ وعن جابر بن سمرة قال خرج علينا رسول الله صلى

پیچھے تمہارے ہمیشہ رہینگے قوم پیچھے رہتے یہانتک کہ پیچھے ڈالیگا ان کو اللہ ف روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فرآنا حلقا فقال مالي اراكم عزين ثم خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الا تصفون كما

علیہ وسلم پھر دیکھا ہمکو حلقہ باندھے بیٹھے ہوئے تب فرمایا کیا ہے مجھکو کہ دیکھتا ہوں تمکو حلقہ حلقہ بیٹھے پھر تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا نہیں باندھتے تم صف

تصف الملئكة عند ربها فقلنا يا رسول الله وكيف تصف الملئكة عند ربها قال يتمون الصفوف الاولى ويتراصون

صف باندھتے ہیں فرشتے نزدیک اپنے پروردگار کے پھر کہا ہمنے یا رسول اللہ اور کسطرح صف باندھتے ہیں فرشتے اپنے پروردگار کے نزدیک فرمایا پورا کرتے ہیں پہلی صفوں کو اور مل کے کھڑے ہوتے

في الصف رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير صفوف الرجال اولها وشرها

صف میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر صفیں مردوں کی پہلی صف اور بری اسکی

آخرها وخير صفوف النساء آخرها وشرها اولها رواه مسلم

پچھلی اسکی اور بہتر صفیں عورتوں کی پچھلی اسکی اور بری اسکی پہلی اسکی روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رصوا صفوفكم وقاربوا بينها وحاذوا بالاعناق فوالذي نفسي بيده اني لارى الشيطان

فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاؤ اپنی صفوں کو اور نزدیک کرو صفوں بیچ اور برابر کرو گردنوں کو پھر قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے قبضہ میں ہے تحقیق میں دیکھتا ہوں شیطان

يدخل من خلل الصف كانها الحذف رواه ابو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتموا الصف

کو داخل ہوتا بیچ شگافوں صف کے گویا کہ وہ کالا بچہ ہے بکری کا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوری کرو پہلی صف کو

المقدم ثم الذي يليه فما كان من نقص فليكن في الصف المؤخر رواه ابو داود وعن البراء بن عازب قال كان رسول

پھر اس صف کو جو اسکے پاس ہے پھر جو کچھ کمی ہو تو چاہئے کہ ہو پچھلی صف میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الله وملئكته يصلون على الذين يلون الصفوف الاولى وما من خطوة احب

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تحقیق اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان لوگوں پر جو قریب ہیں پہلی صف کے اور نہیں ہے کوئی قدم دوست زیادہ

الى الله من خطوة يمشيها يصل العبد بها صفا رواه ابو داود وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اللہ کے نزدیک اس قدم سے کہ چلے اسکو تاکہ ملے بندہ اسکے سبب صف میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان الله وملئكته يصلون على ميامن الصفوف رواه ابو داود وعن النعمان بن بشير قال كان رسول الله صلى الله

بیشک اللہ اور فرشتے اسکے رحمت بھیجتے ہیں صفوں کی داہنی طرف پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يسوي صفوفنا اذا قمنا الى الصلوة فاذا استوينا كبر رواه ابو داود وعن انس قال كان رسول الله صلى الله

علیہ وسلم برابر کرتے ہماری صفوں کو جسوقت کہ کھڑے ہوتے ہم نماز کو پھر جب برابر ہو چکتے تکبیر کہتے حضرت روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول عن يمينه اعتدلوا سووا صفوفكم وعن يساره اعتدلوا سووا صفوفكم رواه ابو داود وعن

وسلم فرماتے اپنے داہنی طرف سیدھے کھڑے ہو برابر کرو اپنی صفوں کو اور فرماتے اپنے بائیں طرف سیدھے کھڑے ہو برابر کرو اپنی صفوں کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خياركم الينكم مناكب في الصلوة رواه ابو داود

ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر تمہارے وہ ہیں جو بہت نرم مونڈھے والے ہیں نماز میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

الفصل الثالث

عن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول استووا استووا استووا فوالذي نفسي بيده اني لاراكم من خلفي كما اراكم من بين يدي

فصل تیسری روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے برابر ہو برابر ہو برابر ہو پھر قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے قبضہ میں ہے تحقیق میں دیکھتا ہوں تمکو پیچھے سے جیسا کہ دیکھتا ہوں

يديه رواه ابو داود وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله وملئكته يصلون على الصف

اپنے آگے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر

الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثاني قال ان الله وملئكته يصلون على الصف الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثاني قال ان الله و

عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا تحقیق اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا تحقیق اللہ اور

ملئكته يصلون على الصف الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثاني قال وعلى الثاني وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سووا صفوفكم

اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا اور دوسری پر بھی اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو

وحاذوا بين مناكبكم ولينوا في ايدي اخوانكم وسدوا الخلل فان الشيطان يدخل فيما بينكم بمنزلة الحذف يعني اولاد

اور برابر کرو اپنے مونڈھوں کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ہاتھوں میں اور بند کرو صف کے سوراخ کو پھر تحقیق شیطان گھستا ہے تمہارے درمیان مانند حذف کے یعنی

الضان الصغار رواه احمد وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقيموا الصفوف وحاذوا بين المناكب

بھیڑ کا چھوٹا بچہ ۔ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدھی کرو صفوں کو اور برابر کرو اپنے مونڈھوں کو

وسدوا الخلل ولينوا بايدي اخوانكم ولا تذروا فرجات الشيطان ومن وصل صفا وصله الله ومن قطعه قطعه

اور بند کرو صف کے سوراخ کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ہاتھوں میں اور مت چھوڑو سوراخیں شیطان کے اور جو شخص کہ ملاوے صف کو ملاوے اسکو اللہ اور جو شخص کہ کاٹے اسکو کاٹے

الله رواه ابو داود وروى النسائي منه قوله من وصل صفا الى اخره وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله

اللہ ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا نسائی نے قول اسکا من وصل صفا آخر تک ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم توسطوا الامام وسدوا الخلل رواه ابو داود وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

علیہ وسلم نے بیچ میں کھڑا کرو امام کو ف اور بند کرو سوراخوں کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يزال قوم يتأخرون عن الصف الاول حتى يؤخرهم الله في النار رواه ابو داود وعن وابصة بن معبد قال راى رسول الله

ہمیشہ رہینگے ایک گروہ پیچھے رہ جاتے پہلی صف سے یہاں تک کہ پیچھے ڈالیگا ان کو اللہ دوزخ میں ف ٣ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے وابصہ ابن معبد سے کہا کہ دیکھا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم رجلا يصلي خلف الصف وحده فامره ان يعيد الصلوة رواه احمد والترمذي وابو داود وقال الترمذي

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز پڑھتا تھا پیچھے صف کے اکیلا پھر حکم کیا اسکو دہراوے نماز کو ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث حسن صحيح

باب موقف الصلوة

الفصل الاول

عن عبد الله ابن عباس قال بت في بيت خالتي ميمونة فقام

یہہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ یہہ باب ہے نماز میں امام مقتدی کے کھڑے ہونے کی جگہہ کے بیان میں فصل پہلی روایت ہے عبداللہ ابن عباس سے کہا کہ رات کو رہا میں گھر میں اپنی خالہ حضرت میمونہ کے پھر کھڑے ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي فقمت عن يساره فاخذ بيدي من وراء ظهره فعدلني كذلك من وراء ظهره

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ نماز پڑھیں تب کھڑا ہوا میں بھی ان کے بائیں پھر پکڑا میرا ہاتھ اپنی پیٹھ کی پیچھے سے اور پھر لیگئے مجھکو اس طرح ف ٥ اپنی پیٹھ کے پیچھے سے

الى الشق الايمن متفق عليه وعن جابر قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلي فجئت حتى قمت عن يساره فاخذ

داہنی طرف ۔ کی ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تاکہ نماز پڑھیں پھر آیا میں یہاں تک کہ کھڑا ہوا میں ان کے بائیں پھر پکڑا

بيدي فادارني حتى اقامني عن يمينه ثم جاء جبار بن صخر فقام عن يسار رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخذ بايدينا

میرا ہاتھ اور گھمایا مجھکو یہاں تک کہ کھڑا کیا مجھکو اپنے داہنے پھر آیا جبار ابن صخر اور کھڑا ہوا بائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پکڑا ہم دونوں کا ہاتھ

جمیعاً فذہبنا حتی اقامنا خلفہ رواہ مسلم وعن انس قال صلیت انا ویتیم فی بیتنا خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم وام سلیم

اکٹھے اور ہٹایا ہم دونوں کو یہاں تک کہ کھڑا کیا ہم کو اپنے پیچھے روایت کیا اس کو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے اور ایک یتیم نے ہمارے گھر میں پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ام سلیم

خلفنا رواہ مسلم وعنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی بہ وبامہ او خالتہ قال فاقامنی عن یمینہ واقام المرأۃ خلفنا

پیچھے ہمارے تھی روایت کیا اس کو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اس کے اور اس کی ماں یا اس کی خالہ کے ساتھ کہا انس نے پھر کھڑا کیا مجھ کو اپنے داہنے اور کھڑا کیا عورت کو پیچھے

رواہ مسلم وعن ابی بکرۃ انہ انتہی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وہو راکع فرکع قبل ان یصل الی الصف ثم مشی الی الصف

روایت کیا اس کو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہ تحقیق وہ پہنچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ رکوع میں تھے پھر رکوع کیا قبل اس کے کہ ملے صف میں پھر چلا صف کی طرف

فذکر ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال زادک اللہ حرصاً ولا تعد رواہ البخاری **الفصل الثانی** عن

پھر ذکر کیا اس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا زیادہ کرے تجھ کو اللہ حرص نیکی کی اور پھر نہ کر روایت کیا اس کو بخاری نے ۔ فصل دوسری روایت ہے

سمرۃ بن جندب قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کنا ثلثۃ ان یتقدم احدنا رواہ الترمذی وعن عمار انہ ام

سمرہ ابن جندب سے کہا کہ حکم کیا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ ہوں ہم تین آدمی آگے بڑھے ہمارا کوئی ہم میں سے روایت کیا اس کو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمار سے کہ امامت کی

الناس بالمدائن وقام علی دکان یصلی والناس اسفل منہ فتقدم حذیفۃ فاخذ علی یدیہ فاتبعہ عمار حتی انزلہ

لوگوں کی مدائن میں اور کھڑے ہوئے چبوترے پر کہ نماز پڑھیں اور لوگ نیچے تھے اس سے پھر آگے گئے حذیفہ اور پکڑا دونوں ہاتھ عمار کا پھر تابعداری کی عمار نے یہاں تک کہ اتارا عمار کو

حذیفۃ فلما فرغ عمار من صلوتہ قال لہ حذیفۃ الم تسمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا ام الرجل القوم فلا یقم

حذیفہ نے پھر جب فارغ ہوئے عمار اپنی نماز سے کہا ان سے حذیفہ نے کیا نہ سنا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے جب امامت کرے مرد ایک قوم کی پس نہ کھڑا ہو

فی مقام ارفع من مقامہم او نحو ذلک فقال عمار لذلک اتبعتک حین اخذت علی یدی رواہ ابوداؤد وعن سہل

اس مقام میں جو بلند ہو ان کے مقام سے یا مانند اس کے فرمایا تب کہا عمار نے کہ اسی واسطے تابعداری کی میں نے تیری جب پکڑا تو نے ہاتھ میرا روایت کیا اس کو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے سہل

بن سعد الساعدی انہ سئل من ای شیء المنبر فقال ہو من اثل الغابۃ عملہ فلان مولی فلانۃ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ابن سعد ساعدی سے تحقیق وہ پوچھے گئے کہ کس چیز سے تھا منبر تب کہا کہ وہ غابہ کے جھاؤ سے بنایا تھا اس کو فلانے نے جو غلام آزاد کیا ہوا فلانی کا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

وقام علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین عمل ووضع فاستقبل القبلۃ وکبر وقام الناس خلفہ فقرأ ورکع ورکع

اور کھڑے ہوئے منبر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ تیار کیا گیا اور رکھا گیا پھر سامنے ہوئے قبلہ کے اور اللہ اکبر کہا اور کھڑے ہوئے لوگ پیچھے حضرت کے پھر قرأت کی اور رکوع کیا

الناس خلفہ ثم رفع راسہ ثم رجع القہقری فسجد علی الارض ثم عاد الی المنبر ثم قرأ ثم رکع ثم رفع ثم رجع القہقری

لوگوں نے پیچھے حضرت کے پھر اٹھایا سر اپنا پھر ہٹے پچھلے پاؤں اور سجدہ کیا زمین پر پھر لوٹ گئے منبر کی طرف پھر قرأت کی پھر رکوع کیا پھر اٹھایا اپنا سر پھر ہٹے پچھلے پاؤں

حتی سجد بالارض ہذا لفظ البخاری وفی المتفق علیہ نحوہ وقال فی آخرہ فلما فرغ اقبل علی الناس فقال یا ایہا الناس انما

یہاں تک کہ سجدہ کیا زمین پر یہ لفظ بخاری کا ہے اور بخاری مسلم میں مانند اس کے ہے اور کہا بخاری نے آخر میں اس حدیث کے کہ پھر جب فارغ ہوئے متوجہ ہوئے لوگوں پر اور فرمایا اے لوگو

صنعت ہذا لتأتموا بی ولتعلموا صلوتی وعن عائشۃ قالت صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حجرتہ والناس

کیا میں نے یہ مگر اس واسطے کہ پیروی کرو میری اور تاکہ جانو تم نماز میری ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرے میں اور لوگ

یأتمون بہ من وراء الحجرۃ رواہ ابوداؤد **الفصل الثالث** عن ابی مالک الاشعری قال الا احدثکم

اقتدا کرتے تھے انکی حجرے کے پیچھے سے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ کیا نہ خبر دوں میں تم کو

بصلوٰة رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فأقام الصلوٰة وصف الرجال وصف خلفهم الغلمان ثم صلى بهم فذكر

ساتھ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ قائم کی حضرت نے نماز اور صف مقرر کی مردوں کی اور صف مقرر کی پیچھے مردوں کے لڑکوں کی پھر نماز پڑھائی ان کو پھر ذکر کیا ابو

صلوٰته ثم قال هكذا صلوٰة قال عبد الأعلى لا أحسبه إلا قال أمتي رواه أبو داود وعن قيس بن عباد قال بينا

نماز حضرت کی پھر کہا حضرت نے اسی طرح ہے نماز کہا عبدالاعلی نے نہیں گمان کرتا ہوں میں مگر فرمایا حضرت نے امتی کی روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے قیس ابن عباد سے کہا کہ

أنا في المسجد في الصف المقدم فجبذني رجل من خلفي جبذة فنحاني وقام مقامي فوالله ما عقلت صلوٰتي فلما انصرف

کہ تھا میں مسجد میں پہلی صف میں پھر کھینچا مجھ کو ایک شخص نے میرے پیچھے سے سخت کھینچنا پھر کنارے کیا مجھ کو اور کھڑا ہوا میری جگہ پر قسم ہے اللہ کی نہیں سمجھا میں اپنی نماز کو پس جب پھرے

إذا هو أبي بن كعب فقال يا فتى لا يسوءك الله إن هذا عهد من النبي صلى الله عليه وسلم إلينا أن نليه ثم استقبل

یکایک ابی ابن کعب تھے پھر ابی نے کہا اے جوان نہ غم پہنچاوے تجھ کو اللہ تحقیق یہ وصیت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے واسطے یہ کہ قریب کھڑے ہوں ہم حضرت کے پھر منہ کیا ابی نے

القبلة فقال هلك أهل العقد ورب الكعبة ثلاثا ثم قال والله ما عليهم آسى ولكن آسى على من أضلوا قلت

قبلہ کی طرف اور کہا کہ ہلاک ہوئے سردار قسم ہے رب کعبہ کی کہا تین بار پھر کہا قسم ہے اللہ کی نہیں ان پر غم کرتا ہوں ولیکن غم کرتا ہوں ان شخصوں پر کہ گمراہ کیا انہوں نے

يا أبا يعقوب ما تعني بأهل العقد قال الأمراء رواه النسائي

اے ابو یعقوب کیا مراد رکھتے ہو اہل عقد سے کہا امیر روایت کیا اس کو نسائی نے

باب الإمامة

یہ باب ہے بیان میں امامت کرنے کے

الفصل الأول

فصل پہلی

عن أبي مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤم القوم أقرأهم لكتاب الله فإن كانوا في القراءة سواء فأعلمهم بالسنة

روایت ہے ابی مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ہو قوم کا خوب پڑھنے والا ان میں کتاب اللہ کو پھر اگر ہوں قرآن پڑھنے میں برابر پھر خوب جاننے والا ان میں سنت کا

فإن كانوا في السنة سواء فأقدمهم هجرة فإن كانوا في الهجرة سواء فأقدمهم سنا ولا يؤمن الرجل الرجل في

پھر اگر ہوں سنت جاننے میں برابر تو جو پہلا ان میں کا ہو ہجرت میں پھر اگر ہوں ہجرت میں برابر پھر پہلا اُن میں کا سن میں اور نہ امامت کرے کوئی مرد مرد کو

سلطانه ولا يقعد في بيته على تكرمته إلا بإذنه رواه مسلم وفي رواية له ولا يؤمن الرجل الرجل في أهله وعن أبي سعيد قال

اس کی حکومت میں اور نہ بیٹھے گھر میں اس کے مسند پر مگر اس کے حکم سے روایت کیا اس کو مسلم نے اور ایک روایت میں مسلم کی ہے اور نہ امامت کرے کوئی مرد کسی کے گھر میں اور روایت ہے ابی سعید سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كانوا ثلاثة فليؤمهم أحدهم وأحقهم بالإمامة أقرؤهم رواه مسلم وذكر حديث مالك بن

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوں تین آدمی پھر امام ہووے ایک ان میں کا اور بہت لائق امامت کے انہیں جو بہتر پڑھنے والا ہو روایت کیا اس کو مسلم نے اور ذکر کیا حدیث مالک بن

الحويرث في باب بعد باب فضل الأذان

حویرث کی ایک باب میں بعد باب فضل الاذان کے

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليؤذن لكم خياركم

روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ اذان دیں تمہارے واسطے نیک بخت

وليؤمكم قراؤكم رواه أبو داود وعن أبي عطية العقيلي قال كان مالك بن الحويرث يأتينا إلى مصلانا يتحدث فحضرت

اور چاہئے کہ امامت کریں تمہاری جو قرآن خوب پڑھیں روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی عطیہ عقیلی سے کہا کہ تھے مالک ابن حویرث آیا کرتے ہمارے پاس ہماری مسجد میں باتیں کرتے تھے پھر آیا وقت

الصلوٰة يوما قال أبو عطية فقلنا له تقدم فصله قال لنا قدموا رجلا منكم يصلي بكم وسأحدثكم لم لا أصلي بكم

نماز کا ایک دن کہا ابو عطیہ نے پھر کہا ہم نے ان سے کہ آگے ہو اور نماز پڑھو کہا کہ آگے کرو ایک مرد کو اپنے میں سے کہ نماز پڑھاوے تم کو اور اب بیان کروں گا تم سے کہ کیوں نہیں پڑھاتا ہوں

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من زار قوما فلا يؤمهم وليؤمهم رجل منهم رواه أبو داود والترمذي

سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ ملاقات کو جاوے کسی قوم کی پھر نہ امامت کرے ان کی اور چاہئے کہ امامت کرے ان کی ایک مرد انہیں میں سے روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی

والنسائي إلا أنه اقتصر على لفظ النبي صلى الله عليه وسلم وعن أنس قال استخلف رسول الله صلى الله عليه وسلم ابن أم مكتوم يؤم

اور نسائی نے مگر یہہ کہ اسنے ختم کیا اوپر لفظ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ف اور روایت ہے انس سے کہا خلیفہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ ابن ام مکتوم کو کہ امامت کرے

الناس وهو أعمى رواه أبو داود وعن أبي أمامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة لا تجاوز صلوتهم آذانهم

لوگوں کی اور وہ نابینا تھا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں فرق کرتی انکی نماز ان کے کانوں سے

العبد الآبق حتى يرجع وامرأة باتت وزوجها عليها ساخط وإمام قوم وهم له كارهون رواه الترمذي وقال هذا

ایک غلام بھاگنے والا یہانتک کہ پھر آوے اور دوسری ایک عورت کہ رات گذارے اور خاوند اسکا اس پر غصہ ہوا اور تیسرا امام قوم کا کہ وہ قوم اس سے ناخوش ہوں ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ

حديث غريب وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة لا تقبل منهم صلوتهم من تقدم قوما وهم له كارهون

حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں قبول کی جاتی ان سے انکی نماز وہ شخص کہ امام ہوا ایک قوم کا اور وہ اس سے ناخوش ہوں

ورجل أتى الصلوة دبارا والدبار أن يأتيها بعد أن تفوته ورجل اعتبد محررة رواه أبو داود وابن ماجه وعن سلامة

اور وہ شخص کہ آوے نماز کو پیچھے اور پیچھے آنے کے یہہ معنے کہ آوے نماز کو بعد گذرنے وقت کے ف اور وہ شخص کہ غلام بنایا آزاد کو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سلامہ

بنت الحر قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن من أشراط الساعة أن يتدافع أهل المسجد لا يجدون إماما

بنت حر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق نشانی قیامت سے ہے یہہ کہ ایک دوسرے پر ڈالینگے امامت کو مسجد کے لوگ ف نہ پاوینگے کوئی امام

يصلي بهم رواه أحمد وأبو داود وابن ماجه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجهاد واجب عليكم مع

کہ نماز پڑھاوے انکو روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد واجب ہے تم پر ساتھ ہو کے

كل أمير برا كان أو فاجرا وإن عمل الكبائر والصلوة واجبة عليكم خلف كل مسلم برا كان أو فاجرا وإن عمل الكبائر والصلوة

ہر سردار کے نیک ہو یا بدکار اگرچہ کرے گناہ کبیرہ اور نماز واجب ہے تم پر پیچھے ہر مسلمان کے نیک ہو یا بدکار اگرچہ کرے گناہ کبیرہ اور نماز جنازے کی

واجبة على كل مسلم برا كان أو فاجرا وإن عمل الكبائر رواه أبو داود الفصل الثالث عن عمرو بن سلمة قال كنا بماء

واجب ہے ہر مسلمان پر نیک ہو یا بدکار اگرچہ کرے گناہ کبیرہ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عمرو بن سلمہ سے کہا کہ تھے ہم پانی

ممر الناس يمر بنا الركبان نسألهم ما للناس ما للناس ما هذا الرجل فيقولون يزعم أن الله أرسله أوحى إليه أو أوحى إليه كذا فكنت

پر گذر گاہ لوگوں کی تھا گذرتے تھے ہمارے پاس سوار ہم پوچھتے تھے ان سے کیا حال ہے لوگوں کا کیا حال ہے لوگوں کا کون ہے یہہ مرد ف تو کہتے تھے گمان کرتا ہے کہ تحقیق خدا نے بھیجا اسکو وحی بھیجی اسکی طرف [illegible] پس میں

أحفظ ذلك الكلام فكأنما يغرى في صدري وكانت العرب تلوم بإسلامهم الفتح فيقولون اتركوه وقومه فإنه إن ظهر

یاد کر لیتا اس کلام کو پھر گویا کہ لپٹ جاتا تھا میرے سینے میں اور تھے عرب لوگ انتظار کرتے اپنے اسلام لانے کی فتح کا پھر کہتے تھے چھوڑ دو اسکو اور اسکی قوم کے ساتھ پھر تحقیق اگر غالب ہوا

عليهم فهو نبي صادق فلما كانت وقعة الفتح بادر كل قوم بإسلامهم وبدر أبي قومي بإسلامهم فلما قدم

ان پر تو وہ نبی ہے سچا پھر جب ہوئی حضرت کو فتح مکہ کی جلدی کی ہر قوم نے اپنے مسلمان ہونے میں اور جلدی کی میرے باپ نے میری قوم سے ساتھ مسلمان ہونے کے پھر جب پھر

قال جئتكم والله من عند النبي حقا فقال صلوا صلوة كذا في حين كذا وصلوة كذا في حين كذا فإذا حضرت الصلوة

کہا کہ آیا ہوں تمہارے پاس قسم ہے اللہ کی سچے نبی کے پاس سے پھر فرمایا نبی نے نماز پڑھو ایسی ایسے وقت میں اور نماز پڑھو ایسی ایسے وقت میں پھر جب آوے وقت نماز کا

فليؤذن أحدكم وليؤمكم أكثركم قرآنا فنظروا فلم يكن أحد أكثر قرآنا مني لما كنت أتلقى من الركبان فقدموني بين

پس چاہیے کہ اذان کہے ایک تمہارا اور امام ہو تمہارا زیادہ جاننے والا قرآن کا پھر دیکھا قوم نے تو نہ تھا کوئی بہت جاننے والا قرآن کا مجھ سے اس سبب سے کہ تھا میں سیکھتا سواروں سے پھر آگے کیا مجھکو

أيديهم وأنا ابن ست أو سبع سنين وكانت علي بردة كنت إذا سجدت تقلصت عني فقالت امرأة من الحي ألا تغطون عنا است

اپنے اور میں تھا بیٹا چھ یا سات برس کا اور تھی مجھ پر ایک چادر تھا میں جب سجدہ کرتا سمٹ جاتی تھی مجھ سے پھر کہا ایک عورت نے محلہ کی کیا نہیں چھپاتے ہو ہم سے سرین

قارئكم فاشتروا فقطعوا لي قميصا فما فرحت بشيء فرحي بذلك القميص رواه البخاري وعن ابن عمر قال لما قدم المهاجرون

اپنے قاری کا پھر خرید لیا اور قطع کیا میرے لئے کرتا پھر نہ خوش ہوا میں کسی چیز سے مثل خوش ہونے کے اس کرتے سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ جب پہلے مہاجر آئے

الأولون المدينة كان يؤمهم سالم مولى أبي حذيفة وفيهم عمر وأبو سلمة بن عبد الأسد رواه البخاري وعن ابن

مدینے میں تھے امامت کرتے انکی سالم غلام آزاد کئے ابی حذیفہ کے اور ان میں حضرت عمر اور ابو سلمہ ابن عبد الاسد تھے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن

عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة لا ترفع لهم صلوتهم فوق رؤسهم شبرا رجل أم قوما وهم له كارهون

عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں بلند کی جاتی ان کے لئے انکی نماز ان کے سر کے اوپر بالشت بھر ایک وہ شخص کہ امام ہو قوم کا اور وہ اسکو ناخوش ہوں

وامرأة باتت وزوجها عليها ساخط وأخوان متصارمان رواه ابن ماجه باب ما على الإمام الفصل الأول عن

اور ایک عورت کہ رات گذارے اور خاوند اسکا غصے ہو اس پر اور دو مسلمان بھائی کہ کاٹنے والے ہوں حق اسلام کا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ یہ باب ہے بیان میں اس چیز کے کہ امام پر لازم ہے فصل پہلی روایت ہے

أنس قال ما صليت وراء إمام قط أخف صلوة ولا أتم صلوة من النبي صلى الله عليه وسلم وإن كان ليسمع بكاء الصبي فيخفف

انس سے کہا کہ نہیں نماز پڑھی میں نے پیچھے کسی امام کے کبھی بہت ہلکی نماز اور نہ بہت پوری نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق تھے حضرت سنتے رونا لڑکے کا پھر ہلکی کرتے نماز

مخافة أن تفتتن أمه متفق عليه وعن أبي قتادة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني لأدخل في الصلوة وأنا أريد

ڈر سے اس بات کے کہ فتنے میں پڑے ماں اسکی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں داخل ہوتا ہوں نماز میں اور میں ارادہ کرتا ہوں

إطالتها فأسمع بكاء الصبي فأتجوز في صلوتي مما أعلم من شدة وجد أمه من بكائه رواه البخاري وعن أبي هريرة قال

دراز کرنے نماز کا پھر سنتا ہوں رونا لڑکے کا پھر کم کرتا ہوں اپنی نماز میں اس واسطے کہ میں جانتا ہوں سختی فکر اسکی ماں کی اسکے رونے سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا صلى أحدكم للناس فليخفف فإن فيهم السقيم والضعيف والكبير وإذا صلى أحدكم لنفسه

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز پڑھاوے ایک تمہارا لوگوں کو پس چاہئے کہ ہلکی کرے پس تحقیق انمیں بیمار ہیں اور کمزور ہیں اور بڈھے ہیں اور جب نماز پڑھے ایک تمہارا اپنے لئے

فليطول ما شاء متفق عليه وعن قيس بن أبي حازم قال أخبرني أبو مسعود أن رجلا قال والله يا رسول الله إني لأتأخر

پس چاہئے کہ طول کرے جسقدر چاہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے قیس ابن حازم سے کہا کہ خبر دی مجھ کو ابو مسعود نے کہ تحقیق ایک شخص نے کہا قسم ہے اللہ کی یا رسول اللہ تحقیق میں پیچھے رہ جاتا ہوں

عن صلوة الغداة من أجل فلان مما يطيل بنا فما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في موعظة أشد غضبا منه يومئذ

صبح کی نماز سے بسبب فلانے کے اس سبب سے کہ طول قراءت کرتا ہے ہمارے ساتھ پھر نہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی وعظ کرنے میں بہت زیادہ غصے میں ان کے اس دن کے غصہ سے

ثم قال إن منكم منفرين فأيكم ما صلى بالناس فليتجوز فإن فيهم الضعيف والكبير وذا الحاجة متفق عليه وعن

پھر فرمایا تحقیق بعضے تم میں سے بھگانے والے ہیں پس جو کوئی تم میں سے نماز پڑھاوے لوگوں کو پس چاہئے کہ ہلکی کرے پس تحقیق انمیں کمزور اور بڈھے اور حاجت والے ہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلون لكم فإن أصابوا فلكم وإن أخطأوا فلكم وعليهم رواه البخاري

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھتے ہیں امام لوگ تمہارے فائدے کو پھر اگر ٹھیک ادا کیا تو تمہارے فائدے کو ہے اور اگر ٹھیک نہ ادا کیا تو تمہارے فائدہ کو ہے اور ان پر وبال ہے

وهذا الباب خال عن الفصل الثاني الفصل الثالث عن عثمان بن أبي العاص قال آخر ما عهد إلي رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور یہ باب ہے خالی دوسری فصل سے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عثمان ابن ابی العاص سے کہا کہ جو کچھ آخر میں عہد کیا مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اذا اممت قوما فاخف بهم الصلوة رواه مسلم وفي رواية له ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال له ام قومك قال

کہ جب امامت کر تو کسی قوم کی پھر ہلکی پڑھ ان کے ساتھ نماز روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں مسلم کی ہے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسکو امامت کر اپنی قوم کی کہا

قلت يا رسول الله اني اجد في نفسي شيئا قال ادنه فاجلسني بين يديه ثم وضع كفه في صدري بين ثديي ثم قال

کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں پاتا ہوں اپنے دل میں کچھ فرمایا نزدیک آ پھر بٹھایا مجھکو اپنے آگے پھر رکھا ہاتھ اپنا میرے سینے پر دونو چھاتی کے بیچ میں پھر فرمایا

تحول فوضعها في ظهري بين كتفي ثم قال ام قومك فمن ام قوما فليخفف فان فيهم الكبير وان فيهم المريض وان

پھر پیٹھ پھر رکھا اپنا ہاتھ میری پیٹھ پر دونوں مونڈھوں کے درمیان اور فرمایا امامت کر اپنے قوم کی پھر جو شخص امامت کرے کسی قوم کی پھر چاہیے کہ ہلکی کرے اس لئے کہ ان میں بڈھے ہیں اور تحقیق انمیں بیمار ہیں اور تحقیق

فيهم الضعيف وان فيهم ذا حاجة فاذا صلى احدكم وحده فليصل كيف شاء وعن ابن عمر قال كان رسول الله صلى

ان میں کمزور ہیں اور تحقیق انمیں حاجت والے ہیں پھر جب نماز پڑھے کوئی تمہارا اکیلے پھر چاہیے کہ نماز پڑھے جس طرح چاہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلے

الله عليه وسلم يأمرنا بالتخفيف ويؤمنا بالصافات رواه النسائي **باب ما على المأموم من المتابعة وحكم المسبوق الفصل**

اللہ علیہ وسلم حکم کرتے ہم کو ہلکی نماز پڑھنے کا اور حضرت امامت کرتے ہماری صافات سے روایت کیا اسکو نسائی نے یہ بیان باب میں اس چیز کے کہ لازم ہے مقتدی پر تابعداری امام کی اور مسبوق کا حکم

الاول عن البراء بن عازب قال كنا نصلي خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فاذا قال سمع الله لمن حمده لم يحن احد منا ظهره حتى يضع

پہلی روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ نہ خم کرتا ہم میں سے کوئی اپنی پیٹھ کو یہاں تک کہ رکھتے

النبي صلى الله عليه وسلم جبهته على الارض متفق عليه وعن انس قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم فلما قضى صلوته

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پیشانی کو زمین پر ق اور روایت ہے انس سے کہا کہ نماز پڑھی ہمارے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن پھر جب پڑھ چکے اپنی نماز

اقبل علينا بوجهه فقال ايها الناس اني امامكم فلا تسبقوني بالركوع ولا بالسجود ولا بالقيام ولا بالانصراف فاني اراكم امامي

متوجہ ہوئے ہم پر اپنے منہ سے اور فرمایا اے لوگو بیشک میں ہوں امام تمہارا پھر نہ پہلے کرو رکوع اور نہ سجدہ اور نہ قیام اور نہ سلام پھرنا پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنے آگے

ومن خلفي رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تبادروا الامام اذا كبر فكبروا واذا قال ولا

اور پیچھے سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جلدی کرو امام سے جب تکبیر کہے امام پھر تکبیر کہو تم اور جب کہے ولا

الضالين فقولوا امين واذا ركع فاركعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد متفق عليه الا ان البخاري لم يذكر

الضالین تب کہو تم آمین اور جب رکوع کرے تب رکوع کرو اور جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ تب کہو تم اللہم ربنا لک الحمد ق مگر تحقیق بخاری نے نہ ذکر کیا

واذا قال ولا الضالين وعن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم ركب فرسا فصرع عنه فجحش شقه الايمن فصلى صلوة

واذا قال ولا الضالین کو اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے گھوڑے پر پھر گرائے گئے اس سے پھر چھل گیا ان کے داہنی طرف نماز پڑھی

من الصلوات وهو قاعد فصلينا وراءه قعودا فلما انصرف قال انما جعل الامام ليؤتم به فاذا صلى قائما فصلوا قياما

نمازوں میں سے ایک نماز اور تھے بیٹھے ہوئے پھر نماز پڑھی ہم لوگوں نے ان کے پیچھے بیٹھے ہوئے پھر جب فارغ ہوئے فرمایا سوا اس کے نہیں مقرر کیا گیا ہے امام اس لئے کہ تابعداری کی جاوے اسکی پھر جب نماز پڑھے کھڑے ہو کر تب نماز پڑھو کھڑے ہو کر

واذا ركع فاركعوا واذا رفع فارفعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا لك الحمد واذا سجد فاسجدوا واذا صلى جالسا

اور جب رکوع کرے تب رکوع کرو اور جب سر اٹھاوے تب سر اٹھاؤ اور جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ تب کہو تم ربنا لک الحمد اور جب سجدہ کرے تب سجدہ کرو اور جب نماز پڑھے بیٹھ کر

فصلوا جلوسا اجمعون قال الحميدي قوله اذا صلى جالسا فصلوا جلوسا هو في مرضه القديم ثم صلى بعد ذلك النبي

تب نماز پڑھو بیٹھ کر سب مقتدی کہا حمیدی نے کہ فرمانا حضرت کا یہ کہ جب نماز پڑھے بیٹھ کر تب نماز پڑھو بیٹھ کر یہ تھا بیچ بیماری پہلی میں پھر نماز پڑھی بعد اسکے نبی

صلى الله عليه وسلم جالسا والناس خلفه قياما لم يأمرهم بالقعود وانما يؤخذ بالآخر فالآخر من فعل النبي صلى الله عليه وسلم هذا

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹھ کر اور لوگ ان کے پیچھے کھڑے نہ حکم کیا ان کو بیٹھنے کا اور سوا اسکے نہیں کہ عمل کیا جاتا ہے پچھلے فعل پر پھر اس سے پچھلے فعل پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ

لفظ البخاري واتفق مسلم الى اجمعون وزاد في رواية فلا تختلفوا عليه واذا سجد فاسجدوا وعن عائشة قالت لما ثقل رسول الله

لفظ بخاری کا ہے اور موافقت کی مسلم نے بخاری کی اجمعون تک اور زیادہ کیا مسلم نے ایک روایت میں پھر نہ اختلاف کرو امام پر اور جب سجدہ کرے تو سجدہ کرو اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ جب بھاری ہو گئے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم جاء بلال يؤذنه بالصلوة فقال مروا ابا بكر ان يصلي بالناس فصلى ابو بكر تلك الايام ثم ان النبي صلى الله عليه وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم آئے بلال کہ خبر دیتے تھے انکو نماز کی تو فرمایا حکم کرو ابوبکر کو کہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پھر نماز پڑھائی ابوبکر نے ان دنوں میں پھر تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

وجد في نفسه خفة فقام يهادى بين رجلين ورجلاه تخطان في الارض حتى دخل المسجد فلما سمع ابو بكر حسه ذهب يتأخر

پائی اپنی طبیعت میں تخفیف پھر کھڑے ہوئے چلائے جاتے تھے درمیان دو مردوں کے اور دونوں پاؤں کے خط کھینچتے تھے زمین میں یہاں تک کہ داخل ہوئے مسجد میں پھر جب سنا ابوبکر نے آہٹ انکی لگے پیچھے ہٹنے

فاومى اليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لا يتأخر فجاء حتى جلس عن يسار ابي بكر فكان ابو بكر يصلي قائما وكان رسول

تو اشارہ کیا ابوبکر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ پیچھے ہٹیں پھر آئے حضرت یہاں تک کہ بیٹھے ابوبکر کے بائیں پھر تھے ابوبکر نماز پڑھتے کھڑے ہوئے اور تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يصلي قاعدا يقتدي ابو بكر بصلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم والناس يقتدون بصلوة ابي بكر

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے بیٹھے ہوئے اقتدا کرتے تھے ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی اور لوگ اقتدا کرتے تھے ابوبکر کی نماز کی ف

متفق عليه وفي رواية لهما يسمع ابو بكر الناس التكبير وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اما يخشى

ق ۔ اور ایک روایت میں بخاری مسلم کی یہ ہے کہ سناتے تھے ابوبکر لوگوں کو تکبیر ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں ڈرتا

الذي يرفع راسه قبل الامام ان يحول الله راسه راس حمار متفق عليه

وہ شخص کہ اٹھاتا ہے اپنا سر پہلے امام کے اس سے کہ بدل ڈالے اللہ اسکا سر گدھے کا ق ۔

الفصل الثاني

عن علي ومعاذ بن جبل قالا قال

فصل دوسری ۔ روایت ہے علی اور معاذ ابن جبل سے دونوں نے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اتى احدكم الصلوة والامام على حال فليصنع كما يصنع الامام رواه الترمذي وقال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے ایک تمہارا نماز کو اور امام بھی کسی حال میں ہو ف پھر چاہئے کہ کرے جیسا کہ کرتا ہے امام روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

هذا حديث غريب وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جئتم الى الصلوة ونحن سجود فاسجدوا ولا تعدوه

کہ یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آؤ تم نماز کو اور ہوں ہم سجدہ کرنے والے پھر سجدہ کرو تم اور نہ گنو

شيئا ومن ادرك ركعة فقد ادرك الصلوة رواه ابو داود وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى لله اربعين

کچھ ف اور جس شخص نے پایا رکوع پھر بیشک پایا نماز کو ف روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نماز پڑھے اللہ کے لیے چالیس

يوما في جماعة يدرك التكبيرة الاولى كتب له براءتان براءة من النار وبراءة من النفاق رواه الترمذي وعن ابي هريرة قال

دن جماعت سے اس طرح کہ پاوے پہلی تکبیر تو لکھی جاتی ہیں اسکے واسطے دو چٹھی ایک چٹھی آگ سے اور دوسری چٹھی نفاق سے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من توضأ فاحسن وضوءه ثم راح فوجد الناس قد صلوا اعطاه الله مثل اجر من

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے وضو کیا پھر اچھا کیا اپنا وضو پھر گیا مسجد کو اور پایا لوگوں کو کہ تحقیق نماز پڑھ چکے ہیں دیتا ہے اسکو اللہ ثواب

صلاها وحضرها لا ينقص ذلك من اجورهم شيئا رواه ابو داود والنسائي وعن ابي سعيد الخدري قال جاء

کہ پڑھی اس نے اور حاضر ہوا اس میں نہیں کم کرتا یہ ثواب انکے ثوابوں میں سے کچھ ف روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ آیا

رجل وقد صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الا رجل يتصدق على هذا فيصلي معه فقام رجل فصلى معه رواه الترمذي وابو داود

ایک شخص اور تحقیق نماز پڑھ چکے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب فرمایا کیا نہیں ہے کوئی شخص کہ صدقہ دے اسکو یعنی نماز پڑھے اسکے ساتھ تب کھڑا ہوا ایک شخص اور نماز پڑھی اسکے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے

الفصل الثالث

عن عبيد الله بن عبد الله قال دخلت على عائشة فقلت الا تحدثيني عن مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم

فصل تیسری روایت ہے عبید اللہ ابن عبد اللہ سے کہا گیا میں حضرت عائشہ کے پاس پھر کہا میں نے کیا خبر نہیں دیتی ہو مجھکو بیماری سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

قالت بلى ثقل النبي صلى الله عليه وسلم فقال اصلى الناس فقلنا لا يا رسول الله وهم ينتظرونك فقال ضعوا لي ماء في المخضب قالت ففعلنا

فرمایا کیوں نہیں خبر دونگی واسطے بہت بیمار ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تب فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ پھر کہا ہم نے نہیں یا رسول اللہ وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکی تب فرمایا رکھو میرے واسطے پانی لگن میں کہا عائشہ نے تب کیا ہم نے

فاغتسل فذهب لينوء فاغمي عليه ثم افاق فقال اصلى الناس قلنا لا هم ينتظرونك يا رسول الله قال ضعوا لي ماء في المخضب قالت فقعد

پھر غسل کیا پھر ارادہ کیا کہ اٹھیں پھر بیہوشی ہوئی ان پر پھر ہوش میں آئے اور فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ کہا ہم نے نہیں وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکی یا رسول اللہ فرمایا رکھو میرے واسطے پانی لگن میں کہا عائشہ نے پھر بیٹھے

فاغتسل ثم ذهب لينوء فاغمي عليه ثم افاق فقال اصلى الناس قلنا لا هم ينتظرونك يا رسول الله قال ضعوا لي ماء في المخضب قالت

اور غسل کیا پھر ارادہ کیا کہ اٹھیں پھر بیہوشی ہوئی ان پر پھر ہوش میں آئے اور فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ کہا ہم نے نہیں وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکی یا رسول اللہ فرمایا رکھو میرے واسطے پانی لگن میں کہا عائشہ نے

فقعد فاغتسل ثم ذهب لينوء فاغمي عليه ثم افاق فقال اصلى الناس قلنا لا هم ينتظرونك يا رسول الله والناس عكوف في المسجد ينتظرون

پھر بیٹھے اور غسل کیا پھر ارادہ کیا کہ اٹھیں پھر بیہوشی ہوئی ان پر پھر ہوش میں آئے اور فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ کہا ہم نے نہیں وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکی یا رسول اللہ اور لوگ ٹھہرے تھے مسجد میں انتظار کرتے تھے

النبي صلى الله عليه وسلم لصلوة العشاء الآخرة فارسل النبي صلى الله عليه وسلم الى ابي بكر بان يصلي بالناس فاتاه الرسول فقال ان

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عشا کی نماز کے واسطے تب کسی کو بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بکر کے پاس اسواسطے کہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پھر آیا ابو بکر پاس قاصد اور کہا کہ تحقیق

رسول الله صلى الله عليه وسلم يامرك ان تصلي بالناس فقال ابو بكر وكان رجلا رقيقا يا عمر صل بالناس فقال له عمر انت احق بذلك

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے ہیں تمکو کہ نماز پڑھاؤ لوگوں کو تب کہا ابو بکر نے اور وہ تھے مرد نرم دل کے اے عمر نماز پڑھاؤ لوگوں کو تب کہا انسے عمر نے کہ تم لائق زیادہ ہو اسکے

فصلى ابو بكر تلك الايام ثم ان النبي صلى الله عليه وسلم وجد في نفسه خفة وخرج بين رجلين احدهما العباس لصلوة الظهر

روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو احمد نے عبد اللہ ابن عمرو ابن العاص سے اور ایک روایت میں ہے مگر دو شخص کینہ رکھنے والا اور قتل کرنے والا جان کا * اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا كانت ليلة النصف من شعبان فقوموا ليلها وصوموا يومها فان الله تعالى ينزل فيها لغروب الشمس
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ ہوتی ہے آدھی رات شعبان کے مہینے کی پھر قیام کرو اسکی رات میں اور روزہ رکھو اسکے دن میں پھر تحقیق اللہ تعالی اترتا ہے اسمیں وقت غروب ہونے آفتاب کے

الى السماء الدنيا فيقول الا من مستغفر فاغفر له الا مسترزق فارزقه الا مبتلى فاعافيه الا كذا الا كذا
آسمان دنیا کی طرف تب فرماتا ہے کیا نہیں ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ بخشوں میں اسکو کیا نہیں ہے روزی طلب کرنے والا کہ روزی دوں میں اسکو کیا نہیں ہے بیمار کہ آرام دوں میں اسکو کیا نہیں ہے ایسا کیا نہیں ہے ایسا فرماتا ہے

حتى يطلع الفجر رواه ابن ماجه

باب صلوة الضحى

الفصل الاول

عن ام هانئ قالت ان النبي صلى الله عليه وسلم
جب تک کہ طلوع ہووے فجر روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے * یہ باب بیان میں نماز ضحی یعنی چاشت کے * فصل پہلی * روایت ہے ام ہانی سے کہا تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دخل بیتها یوم فتح مکة فاغتسل وصلی ثمانی رکعات فلم ار صلوة قط اخف منها غیر انه یتم الرکوع والسجود وقالت فی

داخل ہوئے اُن کے گھر میں مکہ کی فتح کے دن پھر غسل کیا اور نماز پڑھی آٹھ رکعتیں پھر نہ دیکھی میں نے کوئی نماز کبھی ہلکی زیادہ اُس سے مگر یہ کہ تحقیق حضرت پورا کرتے تھے رکوع اور سجود کو اور کہا

روایة اخری وذلك ضحی متفق علیه وعن معاذة قالت سألت عائشة کم کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی صلوة

ایک روایت دوسری میں اور یہ نماز چاشت تھی ق ۔ اور روایت ہے معاذہ سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے کہ کتنی رکعت تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے

الضحی قالت اربع رکعات ویزید ما شاء الله رواه مسلم وعن ابی ذر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یصبح علی کل

چاشت کی کہا چار رکعتیں اور زیادہ کرتے جس قدر چاہتا اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو ذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ صبح ہوتی ہے تمہارے ہر ایک

سلامی من احدکم صدقة فکل تسبیحة صدقة وکل تحمیدة صدقة وکل تهلیلة صدقة وکل تکبیرة صدقة وامر

ہڈی پر ایک صدقہ ف پھر ہر ایک سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک الحمد للہ کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے اور حکم

بالمعروف صدقة ونهی عن المنکر صدقة ویجزئ من ذلك رکعتان یرکعهما من الضحی رواه مسلم وعن زید بن

موافق شرع کے صدقہ ہے اور منع کرنا برے کام سے صدقہ ہے اور کفایت کرتی ہیں اس سے ف دو رکعتیں کہ پڑھے ان دونوں کو چاشت کے وقت روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے زید ابن

ارقم انه رای قوما یصلون من الضحی فقال لقد علموا ان الصلوة فی غیر هذه الساعة افضل ان رسول الله صلی الله علیه

ارقم سے تحقیق اسنے دیکھا ایک گروہ کو کہ نماز پڑھتے تھے چاشت کی تب کہا تحقیق جانا ہے لوگوں نے کہ نماز سوائے اسوقت کے افضل ہے ف بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم قال صلوة الاوابین حین ترمض الفصال رواه مسلم الفصل الثانی عن ابی الدرداء وابی ذر قالا قال

وسلم نے فرمایا کہ نماز توبہ کرنے والوں کی جس وقت کہ گرم ہوں بچے اونٹ گائے کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی درداء اور ابو ذر سے دونوں نے کہا

رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الله تبارك وتعالی انه قال یا ابن ادم ارکع لی اربع رکعات من اول النهار اکفك اخره

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نقل کرنے والے اللہ برکت والے برتر سے کہ تحقیق اللہ تعالی فرماتا ہے اے بیٹے آدم نماز پڑھ میرے واسطے چار رکعتیں اول روز میں تو کفایت کروں تجھکو اسکے آخر تک

رواه الترمذی ورواه ابو داود والدارمی عن نعیم بن همار الغطفانی واحمد عنهم وعن بریدة قال سمعت

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا ابو داؤد اور دارمی نے نعیم ابن ہمار غطفانی سے اور احمد نے تینوں سے ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ سنا میں نے

رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول فی الانسان ثلث مائة وستون مفصلا فعلیه ان یتصدق عن کل مفصل منه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ آدمی میں تین سو ساٹھ بند ہیں پھر لائق ہے اسکو کہ صدقہ کرے بدلے اپنے ہر بند کے

بصدقة قالوا ومن یطیق ذلك یا نبی الله قال النخاعة فی المسجد تدفنها والشیء تنحیه عن الطریق فان لم تجد فرکعتا

ایک صدقہ کہا صحابہ نے اور کون طاقت رکھے اسکی اے نبی اللہ کے فرمایا تھوک کھنکھار جو مسجد میں پڑا ہو اسکو دفن کرنا ف اور ایذا کی چیز دور کرنا راہ سے پھر اگر نہ پاوے تو دو رکعت

الضحی تجزئك رواه ابو داود وعن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من صلی الضحی ثنتی عشرة رکعة بنی

چاشت کی کفایت کرے تجھکو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نماز پڑھے چاشت کی بارہ رکعت بناتا ہے

الله تعالی له قصرا من ذهب فی الجنة رواه الترمذی وابن ماجة وقال الترمذی هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه

اللہ تعالی اسکے لئے محل سونے کا بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے نہیں پہنچا ہے ہم کو مگر اسی اسناد سے

وعن معاذ بن انس الجهنی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قعد فی مصلاه حین ینصرف من صلوة الصبح

اور روایت ہے معاذ ابن انس جہنی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بیٹھا رہے اپنے مصلے پر جب فارغ ہو صبح کی نماز سے

دىٰ تسبيح ركعتي الضحى لا يقول الا خيرا غفر له خطاياه وان كانت اكثر من زبد البحر رواه ابوداود

سبحان کے نہ پڑھے دو رکعت چاشت کی نہ کہے مگر نیک بات تو بخشے جاویں اسکے لئے گناہ اگرچہ ہوں زیادہ سمندر کے جھاگ سے روایت کیا اسکو ابوداود نے

الفصل الثالث

فصل تیسری

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حافظ على شفعة الضحى غفرت له ذنوبه وان كانت مثل زبد البحر رواه احمد والترمذي وابن ماجه

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص محافظت کرے دو رکعت پر چاشت کے تو بخشے جاویں اسکے گناہ اگرچہ ہوں مثل سمندر کے جھاگ کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے

وعن عائشة انها كانت تصلي الضحى ثماني ركعات ثم تقول لو نشر لي ابواي ما تركتها رواه مالك

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق وہ تھیں نماز پڑھتیں چاشت کی آٹھ رکعتیں پھر کہتیں اگر زندہ کئے جاویں میرے ماں باپ نہ چھوڑوں میں انکو روایت کیا اسکو مالک نے

وعن ابي سعيد قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الضحى حتى نقول لا يدعها ويدعها حتى نقول لا يصليها رواه الترمذي

اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے چاشت کی یہاں تک کہ کہتے ہم نہ چھوڑیں گے اسکو اور چھوڑ دیتے اسکو یہاں تک کہ کہتے ہم نہ پڑھیں گے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن مورق العجلي قال قلت لابن عمر تصلي الضحى قال لا قلت فعمر قال لا قلت فابو بكر قال لا قلت فالنبي صلى الله عليه وسلم قال لا اخاله رواه البخاري

اور روایت ہے مورق عجلی سے کہا کہ کہا میں نے ابن عمر کو تم پڑھتے ہو نماز چاشت کی کہا نہیں کہا میں نے پس عمر پڑھتے تھے کہا نہیں کہا میں نے پس ابوبکر پڑھتے تھے کہا نہیں کہا میں نے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے کہا کہ نہیں گمان کرتا ہوں میں انکو کہ پڑھتے رہے ہوں روایت کیا اسکو بخاری نے

باب التطوع

یہ باب ہے بیچ نماز نفل کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لبلال عند صلوة الفجر يا بلال حدثني بارجى عمل عملته في الاسلام فاني سمعت دف نعليك بين يدي في الجنة قال ما عملت عملا ارجى عندي اني لم اتطهر طهورا في ساعة من ليل ولا نهار الا صليت بذلك الطهور ما كتب لي ان اصلي متفق عليه

روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو فجر کی نماز کے وقت اے بلال بیان کر مجھ سے امید رکھا گیا زیادہ کام کہ کیا تو نے اسلام میں پس تحقیق سنا میں نے آواز تیرے جوتوں کی اپنے آگے بہشت میں کہا نہیں کیا میں نے کوئی کام امید رکھا گیا زیادہ نزدیک میرے اس کام سے کہ تحقیق میں نے طہارت کی کوئی طہارت کسی گھڑی بیچ رات کے اور دن کے مگر پڑھی میں نے ساتھ اس طہارت کے جتنی کہ لکھی گئی تھی میری قسمت میں کہ پڑھوں میں متفق ہیں اسکو

وعن جابر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمنا الاستخارة في الامور كما يعلمنا السورة من القرآن يقول اذا هم احدكم بالامر فليركع ركعتين من غير الفريضة ثم ليقل اللهم اني استخيرك بعلمك واستقدرك بقدرتك واسئلك من فضلك العظيم فانك تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغيوب اللهم ان كنت تعلم ان هذا الامر خير لي في ديني ومعاشي وعاقبة امري او قال في عاجل امري واجله فاقدره لي ويسره لي ثم بارك لي فيه وان كنت تعلم ان هذا الامر شر لي في ديني ومعاشي وعاقبة امري او قال في عاجل امري واجله فاصرفه عني واصرفني عنه واقدر لي الخير حيث كان ثم ارضني به قال ويسمي

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سکھلاتے ہم کو دعا استخارے کی کاموں میں جیسا کہ سکھلاتے ہم کو سورة قرآن کی فرماتے جب قصد کرے ایک تمہارا کسی کام کو پس چاہئے کہ پڑھے دو رکعتیں سوا فرض کے پھر چاہئے کہ کہے یا الہی تحقیق میں طلب خیر کی کرتا ہوں تجھ سے ساتھ بدولت علم تیرے کے اور طلب قدرت ساتھ قدرت تیری کے اور مانگتا ہوں تجھ سے تیرا فضل بزرگ پس بیشک تو قدرت رکھتا ہے اور میں نہیں قدرت رکھتا اور جانتا ہے تو اور میں نہیں جانتا اور تو ہی جاننے والا غیبوں کا یا الہی اگر تو جانتا ہے کہ یہہ کام بہتر ہے میرے واسطے میرے دین میں اور میرے دنیا کی گذران میں اور میرے کام کے آخر میں یا فرمایا بیچ جلد اس کام میرے کے اور دیر اسکی کے پس تو قدرت دے مجھکو اسکی اور آسان کر اسکو پھر برکت دے مجھکو اسمیں اور اگر تو جانتا ہے کہ یہہ کام بدی ہے میرے لئے میرے دین میں اور دنیا کی گذران میں اور میرے کام کے آخر میں یا فرمایا اس جہان اور اس جہان کے کام میں تو پھیر اسکو مجھ سے اور پھیر مجھکو اس سے اور تقدیر کر میرے لئے بھلائی جہاں کہیں کہ ہو پھر راضی کر مجھکو اسپر فرمایا اور نام لے

حاجته رواه البخاري

الفصل الثاني

عن علي قال حدثني ابو بكر وصدق ابو بكر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه
اپنی اس حاجت کا۔ نقل کیا اسکو بخاری نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ خبر دی مجھکو ابو بکر نے اور سچ کہا ابو بکر نے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم يقول ما من رجل يذنب ذنبا ثم يقوم فيتطهر ثم يصلي ثم يستغفر الله الا غفر الله له ثم قرأ والذين اذا فعلوا فاحشة
وسلم کو فرماتے تھے نہیں کوئی شخص کہ گناہ کرے کوئی گناہ پھر کھڑا ہو اور طہارت کرے اور نماز پڑھے پھر بخشش چاہے اللہ سے مگر بخشے اللہ اسکے لئے پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت جب کریں وہ کوئی بے حیائی کا کام
او ظلموا انفسهم ذكروا الله فاستغفروا لذنوبهم رواه الترمذي وابن ماجة الا ان ابن ماجة لم يذكر الآية وعن حذيفة
یا ظلم کرتے ہیں اپنی جان پر تب یاد کرتے ہیں اللہ کو اور بخشش چاہتے ہیں اپنے گناہوں کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے مگر ابن ماجہ نے نہ ذکر کیا آیت کا۔ اور روایت ہے حذیفہ سے
قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا حزبه امر صلى رواه ابو داود وعن بريدة قال اصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم
کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سخت ہوتا ان پر کوئی کام نماز پڑھتے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ صبح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فدعا بلالا فقال بما سبقتني الى الجنة ما دخلت الجنة قط الا سمعت خشخشتك امامي قال يا رسول الله ما اذنت قط
پھر بلایا بلال کو اور فرمایا ساتھ کس چیز کے میرے پہلے گیا تو بہشت میں نہ داخل ہوا میں بہشت میں کبھی مگر سنا میں نے آواز تیری جوتی کی اپنے آگے کہا یا رسول اللہ نہیں اذان دی میں نے کبھی
الا صليت ركعتين وما اصابني حدث قط الا توضأت عنده ورأيت ان لله تعالى علي ركعتين فقال رسول الله صلى الله
مگر پڑھی میں نے دو رکعت اور نہ پہنچا مجھکو حدث کبھی مگر وضو کیا میں نے اسی وقت اور جانا میں نے کہ تحقیق اللہ تعالی کا حق ہے مجھ پر دو رکعت تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
عليه وسلم بهما رواه الترمذي وعن عبد الله بن ابي اوفى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كانت له حاجة الى الله تعالى
علیہ وسلم نے بسبب انہیں دونوں کے پہونچا۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن ابی اوفی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو اسکے لئے کوئی حاجت طرف اللہ تعالی کے
او الى احد من بني آدم فليتوضأ فليحسن الوضوء ثم ليصل ركعتين ثم ليثن على الله تعالى وليصل على النبي صلى الله عليه وسلم
یا کسی بنی آدم کی طرف پس چاہئے کہ وضو کرے اور اچھا کرے وضو پھر چاہئے کہ نماز پڑھے دو رکعت پھر چاہئے کہ تعریف کرے اللہ تعالی کی اور درود بھیجے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر
ثم ليقل لا اله الا الله الحليم الكريم سبحان الله رب العرش العظيم والحمد لله رب العالمين اسألك موجبات رحمتك
پھر چاہئے کہ کہے نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے جو بردبار ہے اور بخشش کرنے والا پاک ہے اللہ پروردگار عرش بزرگ کا اور سب تعریف اللہ کو جو پروردگار سارے جہان کا مانگتا ہوں میں تجھ سے جو سبب ہیں تیری رحمت کے
وعزائم مغفرتك والغنيمة من كل بر والسلامة من كل اثم لا تدع لي ذنبا الا غفرته ولا هما الا فرجته ولا حاجة هي لك
اور جس سے ضرور حاصل ہو تیری بخشش اور مانگتا ہوں لوٹ ملنا ہر نیکی کا اور سلامت رہنا ہر گناہ سے نہ چھوڑ میرے لئے کوئی گناہ مگر بخش دے اسکو اور نہ کوئی فکر مگر کھول دے اسکو اور نہ کوئی حاجت کہ وہ تیری
رضا الا قضيتها يا ارحم الراحمين رواه الترمذي وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث غريب

صلوة التسبيح

عن ابن عباس
رضی موافق ہو مگر روا کر تو اسکو اے بڑے مہربان سب مہربانوں سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے۔ بیان صلوۃ تسبیح کا۔ روایت ہے ابن عباس سے
ان النبي صلى الله عليه وسلم قال للعباس بن عبد المطلب يا عباس يا عماه الا اعطيك الا امنحك الا اخبرك الا افعل
تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عباس ابن عبد المطلب کو کہ اے عباس اے میرے چچا کیا نہ دوں تجھکو کیا نہ بخشوں تجھکو کیا نہ خبر دوں تجھکو کیا نہ سکھلا دوں
بك عشر خصال اذا انت فعلت ذلك غفر الله لك ذنبك اوله وآخره قديمه وحديثه خطأه وعمده صغيره وكبيره
تجھکو دس خصلتیں کہ جب تو کرے اسکو بخشے اللہ تجھکو تیرے گناہ پہلے اور پچھلے پرانے اور نئے جو گناہ چوک سے کیا اور جو قصد کیا چھوٹے گناہ اور بڑے گناہ
سره وعلانيته ان تصلي اربع ركعات تقرأ في كل ركعة فاتحة الكتاب وسورة فاذا فرغت من القراءة في اول ركعة وانت
چھپے گناہ اور کھلے گناہ وہ یہ ہے کہ پڑھے تو چار رکعتیں پڑھے تو ہر رکعت میں الحمد اور ایک سورہ پھر جب فارغ ہو تو قرآن پڑھنے سے پہلی رکعت میں اور حال یہ کہ تو

قائم قلت سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر خمس عشرة مرة ثم تركع فتقولها وانت راكع عشرا ثم ترفع راسك

کھڑا ہوا کہے تو سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر پندرہ بار پھر رکوع کرے اور کہے تو ان لفظوں کو رکوع میں دس بار پھر اٹھاوے تو سر اپنا

من الركوع فتقولها عشرا ثم تهوي ساجدا فتقولها وانت ساجد عشرا ثم ترفع راسك من السجود فتقولها عشرا ثم

رکوع سے اور کہے تو ان لفظوں کو دس بار پھر جھکے تو سجدہ کرنے والا پھر کہے تو ان لفظوں کو اور تو سجدہ میں دس بار پھر اٹھاوے تو سر اپنا سجدہ سے اور کہے ان لفظوں کو دس بار پھر

تسجد فتقولها عشرا ثم ترفع راسك فتقولها عشرا فذلك خمس وسبعون في كل ركعة تفعل ذلك في اربع ركعات ان

سجدہ کرے اور کہے تو ان لفظوں کو دس بار پھر اٹھاوے تو سر اپنا اور کہے ان لفظوں کو دس بار پھر یہ سب پچھتر بار ہو ہر رکعت میں کرے تو اسکو چار رکعتوں میں اگر

استطعت ان تصليها في كل يوم مرة فافعل فان لم تفعل ففي كل جمعة مرة فان لم تفعل ففي كل شهر مرة فان لم تفعل ففي

سکے تو کہ پڑھے یہ نماز تو ہر روز ایک بار تو کر اور اگر نہ کر سکے تو ہر جمعہ میں ایک بار پھر اگر نہ کر سکے تو ہر مہینے میں ایک بار پھر اگر نہ کر سکے تو

كل سنة مرة فان لم تفعل ففي عمرك مرة رواه ابوداود وابن ماجة والبيهقي عن ابي رافع نحوه

ہر برس میں ایک بار پھر اگر نہ کر سکے تو اپنی عمر بھر میں ایک بار روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے ابی رافع سے مانند اسکے

وعن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان اول ما يحاسب به العبد يوم القيمة من عمله صلوته

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق اول وہ چیز کہ حساب کیا جاوے گا ساتھ اسکے بندہ قیامت کے دن اعمال اسکے سے اسکی نماز ہے

فان صلحت فقد افلح وانجح وان فسدت فقد خاب وخسر فان انتقص من فريضته شيء قال الرب تبارك وتعالى انظروا هل

پھر اگر درست ہوئی نماز تو تحقیق خلاص ہوا اور نجات ہوئی اور اگر نادرست ہوئی نماز تو بیشک ناامید ہوا اور ٹوٹے میں پڑا پھر اگر کم ہوگی اسکے فرض میں سے کوئی چیز تو فرماویگا پروردگار برتر دیکھو کیا ہے

لعبدي من تطوع فيكمل بها ما انتقص من الفريضة ثم يكون سائر عمله على ذلك وفي رواية ثم الزكوة مثل ذلك ثم تؤخذ الاعمال

میرے بندے کے کچھ نفلیں پھر پوری کی جاوے گی اس نفل سے جو کچھ کہ کم ہوئی فرض میں پھر ہوگا تمام عمل اسکا اسی طرح برابر اور ایک روایت میں ہے پھر زکوۃ مثل اسکے پھر لئے جاوینگے سارے اعمال

على حسب ذلك رواه احمد عن رجل وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اذن الله لعبد في شيء افضل

اسی موافق روایت کیا اسکو احمد نے ایک مرد سے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کان رکھتا اللہ تعالی اپنے بندے کی کسی چیز میں بہتر

من ركعتين يصليهما وان البر ليذر على راس العبد ما دام في صلوته وما تقرب العباد الى الله بمثل ما خرج منه يعني القران رواه

دو رکعتوں سے کہ پڑھتا ہے انکو اور تحقیق نیکی بکھیری جاتی ہے سر پر بندے کے جب تک کہ ہوتا ہے بندہ اپنی نماز میں اور نہیں نزدیکی حاصل کی بندوں نے اللہ تعالی کی طرف مثل اس چیز کے کہ نکلی ہے اس سے یعنی قرآن

احمد والترمذي

احمد اور ترمذی نے

باب صلوة السفر

الفصل الاول

عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الظهر بالمدينة اربعا وصلى

یہ باب ہے بیان میں سفر کی نماز کے فصل پہلی روایت ہے انس سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی نماز ظہر کی مدینہ میں چار رکعت اور نماز پڑھی

العصر بذي الحليفة ركعتين متفق عليه وعن حارثة بن وهب الخزاعي قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن

عصر کی ذی الحلیفہ میں دو رکعتیں ق اور روایت ہے حارثہ ابن وہب خزاعی سے کہا کہ پڑھائی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ہم لوگ

اكثر ما كنا قط وامنه بمنى ركعتين متفق عليه وعن يعلى بن امية قال قلت لعمر بن الخطاب انما قال الله تعالى ان تقصروا

زیادہ اسقدر کہ نہ تھے کبھی اور بے دہشت زیادہ منی میں دو رکعتیں ق اور روایت ہے یعلی ابن امیہ سے کہا کہ کہا میں نے عمر ابن خطاب کو سوا اسکے نہیں کہ فرمایا اللہ نے کہ قصر کرو

من الصلوة ان خفتم ان يفتنكم الذين كفروا فقد امن الناس قال عمر عجبت مما عجبت منه فسالت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ذلك

نماز کو اگر ڈرو تم کہ فتنہ میں ڈالینگے تمکو وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور تحقیق بے دہشت ہوئے لوگ کہا عمر نے تعجب کیا تھا میں نے اس چیز سے کہ تعجب کیا تو پھر پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

صدقة تصدق الله بها عليكم فاقبلوا صدقته رواه مسلم وعن انس قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم من

یہ صدقہ ہے کہ تصدق کیا اللہ نے اسکو تم پر سو قبول کرو اسکے صدقہ کو روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

المدينة الى مكة فكان يصلي ركعتين ركعتين حتى رجعنا الى المدينة قيل له اقمتم بمكة شيئا قال اقمنا بها عشرا متفق عليه وعن ابن

مدینے سے مکہ تک اور تھے حضرت نماز پڑھتے دو دو رکعتیں یہاں تک کہ پھر کے آئے ہم مدینہ کو کہا گیا انس سے کیا اقامت کی تھی تم نے مکہ میں کچھ فرمایا کہ اقامت کی ہم نے اس میں دس دن متفق ۔ اور روایت ہے ابن

عباس قال سافر النبي صلى الله عليه وسلم سفرا فاقام تسعة عشر يوما يصلي ركعتين ركعتين قال ابن عباس فنحن نصلي فيما

عباس سے کہا کہ سفر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفر پھر اقامت کی انیس دن نماز پڑھتے تھے دو دو رکعتیں کہا ابن عباس نے پھر ہم نماز پڑھتے تھے انکے بیچ

بيننا وبين مكة تسعة عشر ركعتين ركعتين فاذا اقمنا اكثر من ذلك صلينا اربعا رواه البخاري وعن حفص بن عاصم قال

درمیان ہمارے اور درمیان مکہ کے انیس دن دو دو رکعتیں پھر جب اقامت کرتے زیادہ اس سے نماز پڑھتے ہم چار رکعت روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے حفص ابن عاصم سے کہا کہ

صحبت ابن عمر في طريق مكة فصلى لنا الظهر ركعتين ثم جاء رحله وجلس فرأى ناسا قياما فقال ما يصنع هؤلاء قلت

رفاقت کی میں نے ابن عمر کی مکہ کی راہ میں پھر نماز پڑھائی ہمکو ظہر کی دو رکعتیں پھر آئے اپنے ڈیرے پر اور بیٹھے پھر دیکھا لوگوں کو کھڑے ہوئے تب کہا کیا کرتے ہیں یہ لوگ کہا میں نے

يسبحون قال لو كنت مسبحا اتممت صلوتي صحبت رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان لا يزيد في السفر على ركعتين وابا بكر و

نفلیں پڑھتے ہیں کہا اگر ہوتا میں نفل پڑھنے والا تو پوری پڑھتا اپنی نماز فرض صحبت رکھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر تھے نہ زیادہ کرتے سفر میں دو رکعت پر اور ابوبکر اور

عمر وعثمان كذلك متفق عليه وعن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يجمع بين صلوة الظهر والعصر اذا

عمر اور عثمان کو اسی طرح ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکٹھا پڑھتے نماز ظہر اور عصر کو جب

كان على ظهر سير ويجمع بين المغرب والعشاء رواه البخاري وعن ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي في السفر على راحلته حيث

ہوتے چلنے کی پیٹھ پر اور اکٹھا پڑھتے مغرب اور عشا روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے سفر میں اپنی سواری پر جدھر

توجهت به يومي ايماء صلوة الليل الا الفرائض ويوتر على راحلته متفق عليه

کہ منہ کرتی سواری اشارہ کرتے تھے نماز پڑھتے رات کی سوا فرضوں کے اور وتر پڑھتے اپنی سواری پر متفق ۔

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن عائشة قالت كل ذلك قد فعل رسول الله صلى الله عليه وسلم قصر الصلوة واتم رواه في شرح السنة وعن عمران بن حصين قال غزوت مع النبي صلى الله عليه وسلم وشهدت معه

روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ یہ سب تحقیق کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قصر کی ہے نماز کو اور پوری پڑھی ہے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں ۔ اور روایت ہے عمران ابن حصین سے کہا کہ جہاد کیا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور حاضر ہوا میں ساتھ انکے

الفتح فاقام بمكة ثماني عشرة ليلة لا يصلي الا ركعتين يقول يا اهل البلد صلوا اربعا فانا سفر رواه ابو داود وعن ابن عمر قال

فتح مکہ میں پھر اقامت کی مکہ میں اٹھارہ رات نہیں نماز پڑھتے تھے مگر دو رکعتیں کہتے تھے اے شہر والو تم نماز پڑھو چار رکعت پھر تحقیق ہم مسافر ہیں روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ

صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم الظهر في السفر ركعتين وبعدها ركعتين وفي رواية قال صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم في الحضر والسفر فصليت

نماز پڑھی میں نے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہر کی سفر میں دو رکعتیں اور بعد اسکے دو رکعتیں اور ایک روایت میں ہے کہا نماز پڑھی میں نے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حضر اور سفر میں پھر پڑھی

معه في الحضر الظهر اربعا وبعدها ركعتين وصليت معه في السفر الظهر ركعتين وبعدها ركعتين والعصر ركعتين ولم يصل بعدها شيئا و

انکے ساتھ حضر میں ظہر چار رکعت اور بعد اسکے دو رکعتیں اور پڑھی میں نے سفر میں ظہر دو رکعتیں اور بعد اسکے دو رکعتیں اور عصر دو رکعتیں اور نہ پڑھی بعد اسکے کچھ اور

المغرب في الحضر والسفر سواء ثلث ركعات ولا ينقص في حضر ولا سفر وهي وتر النهار وبعدها ركعتين رواه الترمذي

مغرب حضر اور سفر میں برابر تین رکعتیں اور نہ کم کرتے مغرب کو حضر میں اور نہ سفر میں اور نماز مغرب کی وتر ہے دن کی اور بعد اسکے دو رکعتیں ت روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن معاذ بن جبل قال كان النبي صلى الله عليه وسلم في غزوة تبوك اذا زاغت الشمس قبل ان يرتحل جمع بين الظهر و
اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک میں جب ڈھلتا آفتاب قبل اسکے کہ کوچ کریں جمع کرتے درمیان ظہر اور

العصر وان ارتحل قبل ان تزيغ الشمس اخر الظهر حتى ينزل للعصر وفي المغرب مثل ذلك اذا غابت الشمس قبل ان يرتحل جمع بين
عصر کے اور اگر کوچ کرتے قبل ڈھلنے آفتاب کے تاخیر کرتے ظہر کی یہاں تک کہ اترتے عصر کے واسطے اور مغرب میں بھی اسی طرح کرتے جب ڈوب جاتا آفتاب قبل کوچ کرنے کے جمع کرتے درمیان

المغرب والعشاء وان ارتحل قبل ان تغيب الشمس اخر المغرب حتى ينزل للعشاء ثم جمع بينهما رواه ابو داود والترمذي وعن
مغرب اور عشاء کے اور اگر کوچ کرتے قبل ڈوبنے آفتاب کے تاخیر کرتے مغرب کی یہاں تک کہ اترتے عشاء کے واسطے پھر اکٹھا پڑھتے دونوں کو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت

انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سافر واراد ان يتطوع استقبل القبلة بناقته فكبر ثم صلى حيث وجهه ركابه
انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور ارادہ کرتے کہ نفل پڑھیں سامنے کرتے قبلہ کے اپنی اونٹنی پھر اللہ اکبر کہتے پھر نماز پڑھتے جس طرف کو منہ کرتی انکی اونٹنی

رواه ابو داود وعن جابر قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم في حاجة فجئت وهو يصلي على راحلته نحو المشرق
روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے جابر سے کہا بھیجا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کام میں پھر آیا میں اور حضرت نماز پڑھتے تھے اپنی سواری پر مشرق کی طرف

ويجعل السجود اخفض من الركوع رواه ابو داود

الفصل الثالث

عن ابن عمر قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم بمنى
اور کرتے سجدہ پست بہ نسبت رکوع سے زیادہ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منی میں

ركعتين وابو بكر بعده وعمر بعد ابي بكر وعثمان صدرا من خلافته ثم ان عثمان صلى بعد اربعا فكان ابن عمر اذا صلى مع الامام صلى
دو رکعتیں اور ابوبکر نے بعد حضرت کے اور عمر نے بعد ابوبکر کے اور عثمان نے اپنی شروع خلافت میں پھر بیشک عثمان نے پڑھا بعد اسکے چار رکعت پھر ابن عمر جب پڑھتے ساتھ امام کے پڑھتے

اربعا واذا صلاها وحده صلى ركعتين متفق عليه وعن عائشة قالت فرضت الصلوة ركعتين ثم هاجر رسول الله صلى الله
چار رکعت اور جب نماز پڑھتے اکیلے نماز پڑھتے دو رکعتیں ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرض کی گئی نماز دو رکعت پھر ہجرت کی رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ففرضت اربعا وتركت صلوة السفر على الفريضة الاولى قال الزهري قلت لعروة ما بال عائشة تتم قال تاولت كما
علیہ وسلم نے تب فرض کی گئی چار رکعت اور چھوڑی گئی نماز سفر کی پہلے فرض یعنی دو رکعت پر اور کہا زہری نے کہا میں نے عروہ سے کیا حال عائشہ کا پوری پڑھتی ہیں کہا تاویل

تاول عثمان متفق عليه وعن ابن عباس قال فرض الله الصلوة على لسان نبيكم صلى الله عليه وسلم في الحضر اربعا وفي
دلیل پکڑی عثمان نے ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرض کیا اللہ نے نماز کو زبان پر تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حضر میں چار رکعت اور

السفر ركعتين وفي الخوف ركعة رواه مسلم وعن ابن عمر قال سن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة السفر ركعتين وهما
سفر میں دو رکعت اور خوف میں ایک رکعت روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ مقرر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سفر کی دو رکعتیں اور وہ دونوں

تمام غير قصر والوتر في السفر سنة رواه ابن ماجه وعن مالك بلغه ان ابن عباس كان يقصر الصلوة في مثل ما يكون بين مكة
پوری ہیں نہ کم اور وتر سفر میں سنت ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے مالک سے پہنچی انکو کہ ابن عباس قصر کرتے نماز کو مانند ایسے سفر کے کہ جتنا مکہ سے

والطائف وفي مثل ما بين مكة وعسفان وفي مثل ما بين مكة وجدة قال مالك وذلك اربعة برد رواه في الموطا وعن البراء قال صحبت رسول الله
طائف ہے اور مانند ایسے سفر کے کہ جتنا مکہ سے عسفان ہے اور مانند ایسے سفر کے کہ جتنا مکہ سے جدہ ہے کہا مالک نے اور یہ چار برد ہیں روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت ہے براء سے کہا کہ صحبت میں رہا

صلى الله عليه وسلم ثمانية عشر سفرا فما رايته ترك ركعتين اذا زاغت الشمس قبل الظهر رواه ابو داود والترمذي
صلی اللہ علیہ وسلم کی اٹھارہ برس سفر میں پھر نہ دیکھا میں نے انکو چھوڑتے دو رکعتیں جب ڈھلتا آفتاب قبل ظہر کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب ٭ وعن نافع قال ان عبد الله ابن عمر كان يرى ابنه عبيد الله يتنفل في السفر فلا ينكر عليه رواه مالك

اور کہا یہ حدیث غریب ہے ٭ اور روایت ہے نافع سے کہا کہ تحقیق عبد اللہ ابن عمر تھے دیکھتے اپنے بیٹے عبید اللہ کو نفل پڑھتے تھے سفر میں پھر نہ انکار کرتے اس پر روایت کیا اسکو مالک نے

باب الجمعة ٭ الفصل الاول

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نحن الآخرون السابقون يوم القيمة

یہ باب ہے بیان میں جمعہ کے ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پیچھے آنے والے ہیں اور پہلے ہونے والے قیامت کے دن

بيد انهم اوتوا الكتاب من قبلنا واوتيناه من بعدهم ثم هذا يومهم الذي فرض عليهم يعني يوم الجمعة فاختلفوا فيه فهدانا

سوا اسکے کہ وہ لوگ دیئے گئے ہیں کتاب ہمارے سے پہلے اور ہم دیئے گئے کتاب ان کے بعد پھر یہ دن انکا ہے ایسا کہ فرض کیا گیا ان پر یعنے جمعہ کی نماز ان پر فرض کی گئی پھر اختلاف کیا انہوں نے اس میں

الله له والناس لنا فيه تبع اليهود غدا والنصارى بعد غد متفق عليه وفي رواية لمسلم قال نحن الآخرون الاولون يوم

پھر ہدایت کی ہم کو اللہ نے اسکی اور دوسرے لوگ ہمارے پیچھے ہیں اسمیں یہود کل اور نصاری کل کے بعد ٭ ق ٭ اور ایک روایت میں مسلم کی فرمایا ہم پیچھے آنے والے ہیں دنیا میں پہلے ہونے والے ہیں

القيمة ونحن اول من يدخل الجنة بيد انهم وذكر نحوه الى اخره وفي اخرى له عنه وعن حذيفة قالا قال رسول الله صلى الله

قیامت کے دن اور ہم لوگ پہلے ان کے جو داخل ہونگے بہشت میں بید انہم سے آخر تک مانند پہلی حدیث کے ذکر کیا ٭ اور دوسری روایت میں مسلم کی ابو ہریرہ اور حذیفہ سے روایت ہے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم في اخر الحديث نحن الآخرون من اهل الدنيا والاولون يوم القيمة المقضي لهم قبل الخلائق ٭ وعن ابي هريرة قال

علیہ وسلم نے آخر میں حدیث کے یہ لفظ کہ ہم پچھلے آنے والے ہیں اہل دنیا میں اور پہلے ہونے والے ہیں قیامت کے دن ہم لوگ ایسے ہیں کہ حکم جاری ہوگا جنکے لیے قبل خلائق کے ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير يوم طلعت عليه الشمس يوم الجمعة فيه خلق آدم وفيه ادخل الجنة وفيه

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہتر دن کہ نکلا اس پر آفتاب دن جمعہ کا ہے اسی میں پیدا کئے گئے آدم اور اسی میں داخل کئے گئے بہشت میں اور اسی میں

اخرج منها ولا تقوم الساعة الا في يوم الجمعة رواه مسلم ٭ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في

نکالے گئے بہشت سے اور نہ قایم ہوگی قیامت مگر جمعہ کے دن ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق

يوم الجمعة لساعة لا يوافقها عبد مسلم يسأل الله فيها خيرا الا اعطاه اياه متفق عليه وزاد مسلم قال وهي

جمعہ کے دن میں ایک ساعت ہے نہیں پاتا اسکو کوئی بندہ مسلمان کہ سوال کرے اللہ سے اس میں بھلائی مگر دیتا ہے اسکو وہ بھلائی ٭ ق ٭ اور زیادہ کیا مسلم نے یہ لفظ کہ فرمایا حضرت نے

ساعة خفيفة وفي رواية لهما قال ان في الجمعة لساعة لا يوافقها عبد مسلم قائم يصلي يسأل الله خيرا الا

وہ ایک ساعت ہے بہت کم اور ایک روایت میں بخاری و مسلم کی یہ ہے کہ فرمایا حضرت نے تحقیق جمعہ میں ایک ساعت ہے نہیں پاتا اسکو کوئی بندہ مسلمان کہ کھڑا ہو نماز پڑھتا ہو مانگتا ہو اللہ سے بھلائی مگر

اعطاه اياه ٭ وعن ابي بردة بن ابي موسى قال سمعت ابي يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في شان ساعة

دیتا ہے اسکو اللہ وہ بھلائی ٭ اور روایت ہے ابو بردہ ابن ابی موسی سے کہا کہ سنا میں نے اپنے باپ سے وہ کہتے تھے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے بیچ حق ساعت

الجمعة وهي ما بين ان يجلس الامام الى ان تقضى الصلوة رواه مسلم

جمعہ کے وہ امام کے منبر پر بیٹھنے کے درمیان سے یہاں تک کہ ادا کی جاوے نماز ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال خرجت الى الطور فلقيت كعب الاحبار فجلست معه فحدثني عن التورية وحدثته عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان

فصل دوسری ٭ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ نکلا میں طرف کوہ طور کے پھر ملاقات کیا میں نے کعب احبار سے پھر بیٹھا میں ان کے ساتھ پھر بیان کیا مجھ سے توریت کی باتیں اور بیان کیا میں نے اس سے حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر تھی

فيما حدثته ان قلت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير يوم طلعت عليه الشمس يوم الجمعة فيه خلق آدم وفيه

اس حدیثوں میں کہ حدیث بیان کی میں نے اس سے یہ کہ کہا میں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر دن کہ طلوع ہوا اس پر آفتاب جمعہ کا دن ہے اسی میں پیدا کئے گئے آدم اور اسی میں

أُهْبِطَ وَفِيهِ تِيبَ عَلَيْهِ وَفِيهِ مَاتَ وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا وَهِيَ مُصِيخَةٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ حِينَ تُصْبِحُ حَتَّى تَطْلُعَ

اتارے گئے اور اسمیں توبہ قبول کیا گیا ان پر اور اسمیں وفات پایا اور اسمیں قائم ہوگی قیامت اور نہیں کوئی جانور مگر وہ کان لگاتا ہے جمعہ کے دن اس وقت سے کہ صبح کرتا ہے یہانتک کہ طلوع ہو

الشَّمْسُ شَفَقًا مِنَ السَّاعَةِ إِلَّا الْجِنَّ وَالْإِنْسَ وَفِيهِ سَاعَةٌ لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللّٰهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ

آفتاب بسبب ڈرنے کے قیامت سے مگر جن اور آدمی ف اور اسمیں ایک ساعت ہے کہ نہیں پاتا اسکو کوئی بندہ مسلمان اور وہ نماز پڑھتا ہو مانگے اللہ سے کوئی چیز مگر دیتا ہے اللہ اسکو

إِيَّاهُ قَالَ كَعْبٌ ذٰلِكَ فِي كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ فَقُلْتُ بَلْ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ فَقَرَأَ كَعْبٌ التَّوْرٰىةَ فَقَالَ صَدَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وہ چیز کہا کعب نے یہہ ہر سال میں ایک دن ہی ہے تب کہا میں نے نہیں بلکہ ہر جمعہ میں تب پڑھی کعب نے توریت اور کہا سچ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَقِيتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ فَحَدَّثْتُهُ بِمَجْلِسِي مَعَ كَعْبِ الْأَحْبَارِ وَمَا حَدَّثْتُهُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ لَهُ قَالَ

وسلم نے کہا ابوہریرہ نے ملاقات کی میں نے عبداللہ ابن سلام سے پھر بیان کیا ان سے اپنے بیٹھنے کا حال کعب الاحبار کے ساتھ اور جو کچھ میں نے بیان کیا تھا اس دن جمعہ کے میں نے کہا تب

كَعْبٌ ذٰلِكَ فِي كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبَ كَعْبٌ فَقُلْتُ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ كَعْبٌ التَّوْرٰىةَ فَقَالَ بَلْ هِيَ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ فَقَالَ عَبْدُ

کعب نے ہر برس میں ایک دن ہی کہا عبداللہ ابن سلام نے جھوٹھ بولا کعب پھر کہا میں نے اسے پھر پڑھی کعب نے توریت اور کہا بلکہ وہ ساعت ہر جمعہ میں ہے تب کہا عبد

اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ صَدَقَ كَعْبٌ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قَدْ عَلِمْتُ أَيَّةَ سَاعَةٍ هِيَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي بِهَا وَلَا

اللہ ابن سلام نے سچ کہا کعب نے پھر کہا عبداللہ ابن سلام نے تحقیق جانتا ہوں میں کونسی ساعت ہے وہ کہا ابوہریرہ نے تب کہا میں نے خبر دو مجھکو اسکی اور

تَضِنَّ عَلَيَّ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ هِيَ آخِرُ سَاعَةٍ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ وَكَيْفَ تَكُونُ آخِرَ سَاعَةٍ فِي يَوْمِ

بخل مت کرو مجھ سے تب کہا عبداللہ ابن سلام نے وہ آخر ساعت ہے جمعہ کے دن کہا ابوہریرہ نے تب کہا میں نے اور کیونکر ہوگی آخر ساعت

الْجُمُعَةِ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ يُصَلِّي فِيهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ أَلَمْ يَقُلْ

جمعہ کے دن اور حال یہہ کہ تحقیق فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پاتا اسکو کوئی بندہ مسلمان اور وہ نماز پڑھتا ہو اسمیں تب کہا عبداللہ ابن سلام نے کیا نہیں فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا يَنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ فَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ حَتَّى يُصَلِّيَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ بَلٰى قَالَ فَهُوَ ذٰلِكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بیٹھے ایک بیٹھنا انتظار کرے نماز کی تو وہ نماز میں ہے یہانتک کہ نماز پڑھے کہا ابوہریرہ نے تب کہا میں نے ہاں فرمایا پھر وہ یہی ہے

رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوٰى أَحْمَدُ إِلٰى قَوْلِهِ صَدَقَ كَعْبٌ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ف۳ روایت کیا اسکو مالک اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا احمد نے اسکے قول صدق کعب تک ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَمِسُوا السَّاعَةَ الَّتِي تُرْجٰى فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ بَعْدَ الْعَصْرِ إِلٰى غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ

علیہ وسلم نے ڈھونڈھو اس وقت کو جو امید رکھا جاتا ہے جمعہ کے دن بعد عصر سے آفتاب ڈوبنے تک ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے اوس ابن اوس سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِيهِ خُلِقَ آدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَفِيهِ قُبِضَ وَفِيهِ النَّفْخَةُ وَفِيهِ

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہتر تمہارے دنوں میں جمعہ کا دن ہے اسی میں پیدا کئے گئے آدم علیہ السلام اور اسمیں وفات دیے گئے اور اسمیں صور اور اسمیں

الصَّعْقَةُ فَأَكْثِرُوا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيهِ فَإِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوضَةٌ عَلَيَّ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلٰوتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ أَرِمْتَ

بیہوشی ہوگی ف پس بہت بھیجو مجھ پر درود اسمیں پھر بیشک درود تمہارا سامھنے کیا جاتا ہے میرے کہا صحابہ نے یا رسول اللہ اور کسطرح سامھنے کیا جاتا درود ہمارا آپ پر اور حال یہ کہ آپ ہڈیاں پرانی

قَالَ يَقُولُونَ بَلِيتَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ

کہا راوی نے ف کہتے تھے بوسیدہ ہو گئے ہو آپ فرمایا بیشک اللہ نے حرام کیا زمین پر بدن انبیاء کے ف روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی اور بیہقی نے

في الدعوات الكبير. وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اليوم الموعود يوم القيمة واليوم المشهود يوم
دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ دن وعدہ کیا گیا سو دن قیامت کا ہے اور دن حاضر کیا گیا دن
عرفة والشاهد يوم الجمعة وما طلعت الشمس ولا غربت على يوم افضل منه فيه ساعة لا يوافقها عبد مؤمن يدعو
عرفہ کا ہے اور حاضر ہونے والا دن جمعہ کا ہے اور نہیں طلوع کیا آفتاب نے اور نہ غروب کیا کسی دن پر کہ بہتر ہو جمعہ سے اسمیں ایک ساعت ہے نہیں پاتا اسکو کوئی بندہ مومن کہ دعا کرے
الله بخير الا استجاب الله له ولا يستعيذ من شيء الا اعاذه منه رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث غريب لا يعرف الا
اللہ سے بھلائی مگر قبول کرتا ہے اللہ اسکے لئے اور نہیں پناہ ڈھونڈھتا کسی چیز سے مگر پناہ دیتا ہے اسکو اس سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانی جاتی ہے مگر
من حديث موسى بن عبيدة وهو يضعف. **الفصل الثالث** عن ابي لبابة بن عبد المنذر قال قال رسول الله صلى
حدیث موسی ابن عبیدہ سے اور وہ ضعیف کیا جاتا ہے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابی لبابہ ابن عبد المنذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
عليه وسلم ان يوم الجمعة سيد الايام واعظمها عند الله وهو اعظم عند الله من يوم الاضحى ويوم الفطر فيه خمس
علیہ وسلم نے تحقیق دن جمعہ کا سردار ہے دنوں کا اور بہت بڑا ہے دنوں میں اللہ کے نزدیک اور وہ بہت بڑا ہے اللہ کے نزدیک عید قربانی اور عید فطر کے دن سے اسمیں پانچ
خلال خلق الله فيه آدم وأهبط الله فيه آدم إلى الأرض وفيه توفى الله آدم وفيه ساعة لا يسأل العبد
خصلتیں ہیں پیدا کیا اللہ نے اسمیں آدم علیہ السلام کو اور اتارا اللہ نے اسمیں آدم کو زمین کیطرف اور اسمیں وفات دیا اللہ نے آدم کو اور اسمیں ایک ساعت ہے نہیں مانگتا بندہ
فيها شيئا الا اعطاه ما لم يسأل حراما وفيه تقوم الساعة ما من ملك مقرب ولا سماء ولا ارض ولا رياح ولا جبال ولا بحر الا هو
اسمیں کوئی چیز مگر دیتا ہے اللہ اسکو جب تک کہ نہیں مانگتا حرام کو اور اسمیں قائم ہوگی قیامت نہیں کوئی فرشتہ نزدیکی والا اور نہ کوئی آسمان اور نہ کوئی زمین اور نہ ہوائیں اور نہ پہاڑ اور نہ دریا مگر وہ
مشفق من يوم الجمعة رواه ابن ماجه وروى احمد عن سعد بن معاذ ان رجلا من الانصار اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال اخبرنا
ڈرنے والا ہے جمعہ کے دن سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا احمد نے سعد ابن معاذ سے کہ تحقیق ایک شخص انصار سے آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا خبر دو ہمکو
عن يوم الجمعة ماذا فيه من الخير قال فيه خمس خلال وساق الى آخر الحديث وعن ابي هريرة قال قيل للنبي صلى الله عليه وسلم لاي شيء
جمعہ کے دن سے کہ کیا ہے اسمیں بھلائی فرمایا اسمیں پانچ خصلتیں ہیں اور ذکر کیا حدیث آخر تک اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ کہا گیا واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کس واسطے
سمي يوم الجمعة قال لان فيها طبعت طينة ابيك آدم عليه السلام وفيها الصعقة والبعثة وفيها البطشة وفي آخر ثلث ساعات
نام رکھا گیا دن جمعہ کا فرمایا اسواسطے کہ اسمیں خمیر کی گئی مٹی تیرے باپ آدم علیہ السلام کی اور اسمیں مرنا ہوگا اور اٹھنا ہوگا اور اسمیں سخت پکڑنا ہوگا اور آخر میں تین ساعتوں کے
منها ساعة من دعا الله فيها استجيب له رواه احمد وعن ابي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اكثروا الصلوة علي
اسی جمعہ میں سے ایک ساعت ہے جو شخص کہ دعا کرے اللہ سے اسمیں قبول کی جاتی ہے اسکے لئے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی درداء سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بھیجو درود
يوم الجمعة فانه مشهود تشهده الملئكة وان احدا لم يصل علي الا عرضت علي صلوته حتى يفرغ منها قال قلت وبعد الموت
جمعہ کے دن مجھ پر تحقیق دن جمعہ کا حاضر کیا گیا ہے حاضر ہوتے ہیں فرشتے اور تحقیق کوئی نہیں درود بھیجتا مجھ پر مگر سامنے کیا جاتا ہے مجھ پر درود اسکا یہانتک کہ فارغ ہوتا ہے اس سے کہا ابو درداء نے کہا میں نے اور بعد موت کے
قال ان الله حرم على الارض ان تأكل اجساد الانبياء فنبي الله حي يرزق رواه ابن ماجه وعن عبد الله بن عمرو قال قال
فرمایا تحقیق اللہ تعالی نے حرام کیا زمین پر یہ کہ کھاوے جسموں کو نبیوں کے سو نبی اللہ کے زندے ہیں روزی دیجاتی ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا
رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من مسلم يموت يوم الجمعة او ليلة الجمعة الا وقاه الله فتنة القبر رواه احمد والترمذي
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ مرے جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مگر بچاوے اسکو اللہ فتنہ قبر سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وليس اسناده بمتصل وعن ابن عباس انه قرأ اليوم اكملت لكم دينكم الاية وعنده يهودي فقال
اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکی متصل ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے تحقیق اسنے پڑھی یہ آیت آج کے دن پورا کیا میں نے تمہارے واسطے دین تمہارا آخر آیت تک اور انکے پاس ایک یہودی

لو نزلت هذه الاية علينا لاتخذناها عيدا فقال ابن عباس فانها نزلت في يوم عيدين في يوم الجمعة ويوم عرفة رواه
کہ اگر اترتی یہہ آیت ہم پر تو البتہ ٹھہراتے ہم اسکو عید تب کہا ابن عباس نے کہ بیشک یہہ آیت اتری ہے دو عیدوں کے دن میں جمعہ کے دن اور عرفہ کے دن روایت کیا

الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل رجب قال اللهم بارك لنا في
ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث حسن غریب ہے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آتا مہینا رجب کا کہتے یا الٰہی برکت دے ہمکو

رجب وشعبان وبلغنا رمضان قال وكان يقول ليلة الجمعة ليلة اغر ويوم الجمعة يوم ازهر رواه البيهقي في الدعوات
رجب میں اور شعبان میں اور پہنچا ہمکو رمضان میں کہا انس نے اور تھے فرماتے کہ جمعہ کی رات رات روشن ہے اور دن جمعہ کا چمکتا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے دعوات

الكبير

باب وجوبها

الفصل الاول

عن ابن عمر وابي هريرة انهما قالا سمعنا رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول
کبیر میں ۔ یہہ باب ہے بیان میں واجب ہونے جمعہ کے ۔ فصل پہلی روایت ہے ابن عمر اور ابو ہریرہ سے دونوں نے کہا کہ سنا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے

على اعواد منبره لينتهين اقوام عن ودعهم الجمعات او ليختمن الله على قلوبهم ثم ليكونن من الغافلين رواه مسلم
لکڑیوں پر اپنے منبر کی چاہیے کہ باز آویں لوگ اپنے چھوڑنے سے جمعہ کو یا تحقیق مہر کرے گا اللہ ان کے دلوں پر پھر تحقیق ہوجاوینگے غافلوں میں روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن ابي الجعد الضميري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك ثلث جمع تهاونا بها طبع الله على
فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی الجعد ضمیری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ چھوڑے تین جمعہ کو ہلکا جانکر اسکو مہر کرے اللہ

قلبه رواه ابو داود والترمذي والنسائي وابن ماجة والدارمي ورواه مالك عن صفوان بن سليم واحمد عن ابي قتادة وعن
اسکے دل پر روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت کیا اسکو مالک نے صفوان ابن سلیم سے اور احمد نے ابی قتادہ سے اور روایت ہے

سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك الجمعة من غير عذر فليتصدق بدينار فان لم يجد
سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ چھوڑے جمعہ کو بے عذر تو چاہیے کہ خیرات کرے ایک دینار پھر اگر نہ پاوے

فبنصف دينار رواه احمد وابو داود وابن ماجة وعن عبد الله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم قال
تو آدھا دینار روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور دارمی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

الجمعة على من سمع النداء رواه ابو داود وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الجمعة على من اواه الليل الى اهله
جمعہ فرض ہوتا ہے اس شخص پر کہ سنتا ہے اذان روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جمعہ فرض ہے اس شخص پر کہ جگہ دے

رواه الترمذي وقال هذا حديث اسناده ضعيف وعن طارق بن شهاب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث اسناد اسکی ضعیف ہے ۔ اور روایت ہے طارق ابن شہاب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

الجمعة حق واجب على كل مسلم في جماعة الا على اربعة عبد مملوك او امرأة او صبي او مريض رواه ابو داود وفي شرح
جمعہ حق واجب ہے ہر مسلمان پر جماعت میں مگر چار پر فرض نہیں غلام غیر کا تابعدار یا عورت یا لڑکا یا بیمار روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور شرح

السنة بلفظ المصابيح عن رجل من بني وائل

الفصل الثالث

عن ابن مسعود ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لقوم
سنت میں روایت ہے ساتھ لفظ مصابیح کے ایک شخص سے قوم بنی وائل میں سے ۔ فصل تیسری روایت ہے ابن مسعود سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک قوم کو

يتخلفون عن الجمعة لقد هممت ان آمر رجلا يصلي بالناس ثم احرق على رجال يتخلفون عن الجمعة بيوتهم رواه مسلم

جو پیچھے رہتے ہیں جمعہ سے تحقیق قصد کیا میں نے کہ حکم کروں ایک شخص کو کہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پھر جلا دوں میں ان لوگوں پر جو پیچھے رہتے ہیں جمعہ سے ان کے گھر روایت کیا اس کو مسلم نے

وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من ترك الجمعة من غير ضرورة كتب منافقا في كتاب لا يمحى ولا يبدل وفي بعض

اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ چھوڑے جمعہ کو بے ضرورت تو لکھا جاوے منافق اس کتاب میں جو نہیں مٹائی جاتی اور بدلی جاتی اور بعضی

الروايات ثلثا رواه الشافعي وعن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فعليه

روایتوں میں تین بار ہے روایت کیا اس کو شافعی نے × اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ایمان رکھتا ہے اللہ اور قیامت کے دن پر تو اس پر

الجمعة يوم الجمعة الا مريض او مسافر او امرأة او صبي او مملوك فمن استغنى بلهو او تجارة استغنى الله عنه

نماز جمعہ کی جمعہ کے دن مگر بیمار یا مسافر یا عورت یا لڑکا یا غلام پھر جو شخص کہ بے پروا ہو جمعہ سے بسبب کھیل یا سوداگری کے بے پروا ہوا اللہ اس سے اور اللہ

والله غني حميد رواه الدارقطني

باب التنظيف والتبكير

الفصل الاول

عن سلمان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

بے پروا ہے سراہا گیا روایت کیا اس کو دارقطنی نے × یہ باب ہے پاکی اور سویرے جانے کے بیان میں فصل پہلی روایت ہے سلمان فارسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لا يغتسل رجل يوم الجمعة ويتطهر ما استطاع من طهر ويدهن من دهنه او يمس من طيب بيته ثم يخرج فلا

نہیں غسل کرتا کوئی شخص جمعہ کے دن اور خوب طہارت کرتا جس قدر کہ ہو سکے طہارت کرنا اور تیل لگاتا اپنے پاس کے تیل سے یا لگاتا ہے خوشبو اپنے گھر کی خوشبو میں سے پھر نکلتا ہے مسجد کی طرف اور نہیں

يفرق بين اثنين ثم يصلي ما كتب له ثم ينصت اذا تكلم الامام الا غفر له ما بينه وبين الجمعة الاخرى رواه البخاري

فرق کرتا دو شخصوں میں پھر نماز پڑھتا ہے جس قدر کہ اس کی تقدیر میں ہے پھر چپ رہتا ہے جب خطبہ پڑھتا ہے امام مگر بخشا جاتا ہے اس کے لیے جو کچھ کہ اس کے اور دوسرے جمعہ کے درمیان ہے روایت کیا اس کو بخاری نے

وعن ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اغتسل ثم اتى الجمعة فصلى ما قدر له ثم انصت حتى يفرغ الامام

اور روایت ہے ابوہریرہ سے اس نے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ غسل کرے پھر آوے جمعہ میں پھر نماز پڑھے جس قدر اس کی تقدیر میں ہے پھر چپ رہے یہاں تک کہ فارغ ہو امام

من خطبته ثم يصلي معه غفر له ما بينه وبين الجمعة الاخرى وفضل ثلثة ايام رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله

اپنے خطبے سے پھر نماز پڑھے اس کے ساتھ بخشا جاتا ہے اس کے لیے جو گناہ کہ اس کے اور دوسرے جمعہ کے درمیان ہے اور زیادہ تین دن کا گناہ روایت کیا اس کو مسلم نے × اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من توضأ فاحسن الوضوء ثم اتى الجمعة فاستمع وانصت غفر له ما بينه وبين الجمعة الاخرى وزيادة

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ وضو کرے سو اچھا کرے وضو پھر آوے جمعہ میں اور سنے خطبہ اور چپ رہے بخشے جاتے ہیں اس کے لیے جو گناہ کہ اس کے اور دوسرے جمعہ کے درمیان ہیں اور زیادہ

ثلثة ايام ومن مس الحصى فقد لغا رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان يوم الجمعة وقفت

تین دن اور جو شخص کہ چھوئے کنکریوں کو پس تحقیق بیہودہ کیا روایت کیا اس کو مسلم نے × اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوتا ہے جمعہ کا دن کھڑے ہوتے ہیں

الملائكة على باب المسجد يكتبون الاول فالاول ومثل المهجر كمثل الذي يهدي بدنة ثم كالذي يهدي بقرة ثم كبشا

فرشتے دروازہ پر مسجد کے لکھتے ہیں پہلے آنے والے کو پھر اس کے بعد والے کو اور مثال اس شخص کی جو سویرے آتا ہے مثل اس شخص کی ہے جو قربانی کرتا ہے اونٹ پھر مثل اس کی جو قربانی کرتا ہے گائے پھر مینڈھا

ثم دجاجة ثم بيضة فاذا خرج الامام طووا صحفهم ويستمعون الذكر متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله

پھر مرغی پھر انڈا پھر جب نکلتا ہے امام خطبہ کو لپیٹ لیتے ہیں فرشتے اپنے دفتر اور سنتے ہیں خطبہ × اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

عليه وسلم اذا قلت لصاحبك يوم الجمعة انصت والامام يخطب فقد لغوت متفق عليه وعن جابر قال قال

علیہ وسلم نے جب کہے تو اپنے پاس بیٹھنے والے کو جمعہ کے دن چپ رہ اور امام خطبہ پڑھتا ہے پھر تحقیق تو نے لغو کیا ق × اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقيمن أحدكم أخاه يوم الجمعة ثم يخالف إلى مقعده فيقعد فيه ولكن يقول افسحوا رواه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اٹھاوے ایک تمہارا اپنے بھائی کو دن جمعہ کے پھر قصد کرے اسکے بیٹھنے کی جگہ پھر بیٹھے اس میں ولیکن کہے کشادہ ہو جاؤ روایت

مسلم

الفصل الثاني

عن أبي سعيد وأبي هريرة قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اغتسل يوم الجمعة ولبس من أحسن

کیا مسلم نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابی سعید اور ابوہریرہ سے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہاوے جمعہ کے دن اور پہنے اپنے اچھے

ثيابه ومس من طيب إن كان عنده ثم أتى الجمعة فلم يتخط أعناق الناس ثم صلى ما كتب الله له ثم أنصت إذا خرج إمامه

کپڑے اور لگاوے خوشبو اگر ہووے اسکے پاس پھر آوے جمعہ میں اور نہ پھلانگے گردن لوگوں کی پھر نماز پڑھے جسقدر کہ مقرر کی اللہ نے اسکے لئے پھر چپ رہے جب نکلے اسکا امام

حتى يفرغ من صلاته كانت كفارة لما بينها وبين جمعته التي قبلها رواه أبو داود وعن أوس بن أوس قال

یہاں تک کہ فارغ ہوا اپنی نماز سے ہووینگی کام اسکے لئے کفارہ اُن گناہوں کا جو درمیان اس جمعہ کے اور اس جمعہ کے جو قبل اس جمعہ کے ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے اوس ابن اوس سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من غسل يوم الجمعة واغتسل وبكر وابتكر ومشى ولم يركب ودنا من الإمام

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہلاوے دن جمعہ کے اور غسل کرے اور سویرے جاوے اور سویرے پہنچے اور پیادہ جاوے اور نہ سوار ہووے اور نزدیک ہو امام سے

واستمع ولم يلغ كان له بكل خطوة عمل سنة أجر صيامها وقيامها رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه

اور سنے خطبہ اور نہ کہے بیہودہ ہووے اسکے لئے بدلے ہر قدم کے ثواب عمل ایک برس کا ثواب ایک برس کے روزے کا اور قیام کا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وعن عبد الله بن سلام قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما على أحدكم إن وجد أن يتخذ ثوبين ليوم الجمعة

اور روایت ہے عبد اللہ ابن سلام سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قباحت ہے اوپر ایک تمہارے کے اگر مقدور رکھتا ہے کہ بنا رکھے دو کپڑے جمعہ کے دن کے

سوى ثوبي مهنته رواه ابن ماجه ورواه مالك عن يحيى بن سعيد وعن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى

سوا اپنے دو کپڑے خدمت کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو مالک نے یحیی ابن سعید سے اور روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم احضروا الذكر وادنوا من الإمام فإن الرجل لا يزال يتباعد حتى يؤخر في الجنة وإن دخلها

اللہ علیہ وسلم نے حاضر ہو تم خطبہ کے وقت اور نزدیک ہو امام سے پس تحقیق شخص دور رہتا ہے پہلی صف سے یہاں تک کہ پیچھے رہیگا بہشت میں اگرچہ داخل ہو بہشت میں

رواه أبو داود وعن معاذ بن أنس الجهني عن أبيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تخطى رقاب الناس يوم

روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے معاذ ابن انس جہنی سے اپنے باپ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پھلانگے گردن لوگوں کی دن

الجمعة اتخذ جسرا إلى جهنم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن الحبوة

جمعہ کے تو وہ بنایا جاویگا پل دوزخ کی طرف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انہی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا گوٹ مارنے سے

يوم الجمعة والإمام يخطب رواه الترمذي وأبو داود وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا نعس أحدكم

جمعہ کے دن جس وقت کہ امام خطبہ پڑھتا ہو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اونگھے ایک تمہارا

يوم الجمعة فليتحول من مجلسه ذلك رواه الترمذي

جمعہ کے دن پس چاہئے کہ اٹھ کر ہو اپنے بیٹھنے کی جگہ سے روایت کیا اسکو ترمذی نے۔

الفصل الثالث

عن نافع قال سمعت ابن عمر يقول نهى رسول الله صلى

فصل تیسری۔ روایت ہے نافع سے کہا کہ سنا میں نے ابن عمر سے وہ کہتے تھے منع فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم أن يقيم الرجل الرجل من مقعده ويجلس فيه قيل لنافع في الجمعة قال في الجمعة وغيرها متفق عليه

اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ اٹھاوے کوئی شخص کسی شخص کو اسکے بیٹھنے کی جگہ سے اور آپ بیٹھے اس میں کہا گیا نافع سے کیا یہ منع جمعہ میں ہے کہا جمعہ اور غیر جمعہ میں

وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يحضر الجمعة ثلثة نفر فرجل حضرها بلغو فذلك حظه

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضر ہوتے ہیں جمعہ میں تین طرح کے لوگ پھر ایک شخص حاضر ہوتا ہے جمعہ میں بیہودہ گوئی کرتا ہوا سو وہی اس کا

منها ورجل حضرها بدعاء فهو رجل دعا الله إن شاء أعطاه وإن شاء منعه ورجل حضرها بإنصات وسكوت ولم يتخط

حصہ ہے اور ایک شخص حاضر ہوتا ہے واسطے دعا کے سو وہ ایک شخص ہے کہ دعا کیا اللہ سے اگر چاہے دے اسکو اور اگر چاہے نہ دے اسکو اور ایک شخص حاضر ہوتا ہے جمعہ میں چپ رہنے کو اور نہیں پھاندا

رقبة مسلم ولم يؤذ أحدا فهي كفارة إلى الجمعة التي تليها وزيادة ثلثة أيام وذلك بأن الله يقول من جاء بالحسنة

گردن کسی مسلمان کی اور نہ ایذا دیا کسیکو پھر ہے یہ عمل کفارہ یہاں اس جمعہ سے اس جمعہ تک جو پاس آویگا اسکے اور زیادہ تین دن اور یہ بسبب اسکے ہے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے جو کوئی لاوے نیکی

فله عشر أمثالها رواه أبو داود وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تكلم يوم الجمعة و

تو اسکے واسطے ہیں دس برابر اسکے روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بات کرے جمعہ کے دن اور

الإمام يخطب فهو كمثل الحمار يحمل أسفارا والذي يقول له أنصت ليس له جمعة رواه أحمد وعن عبيد بن السباق

سمرہ ابن جندب سے کہا کہ نماز پڑھائی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آفتاب گہنے میں نہیں سنتے تھے ہم انکی آواز روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی

وابن ماجۃ **وعن** عکرمۃ قال قیل لابن عباس ماتت فلانۃ بعض ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فخر ساجدا فقیل

اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے عکرمہ سے کہا کہ کہا گیا ابن عباس سے مر گئیں فلانی یعنے بعضی بی بیوں میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر منہہ کے بل گرے سجدہ کرتے ہوئے تب کہا گیا

لہ لم تسجد فی ھذہ الساعۃ فقال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رایتم ایۃ فاسجدوا وای ایۃ اعظم من ذھاب

ان سے کس واسطے سجدہ کرتے ہو اس وقت میں پھر کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ دیکھو تم کوئی نشانی ف ۲ تب سجدہ کرو اور کونسی نشانی بڑی ہے بخشش بیبی جانے

ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم رواہ ابو داؤد والترمذی **الفصل الثالث** عن ابی بن کعب قال انکسفت الشمس

بی بیوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ف ۳ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے ۔ فصل تیسری روایت ہے ابی ابن کعب سے کہا کہ گہا آفتاب

علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی بھم فقرا بسورۃ من الطول ورکع خمس رکعات وسجد سجدتین ثم

زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر نماز پڑھائی صحابہ کو اور پڑھی ایک سورہ لمبی اور رکوع کئے پانچ رکوعیں اور سجدہ کیا دو سجدے پھر

قام الی الثانیۃ فقرا بسورۃ من الطول ثم رکع خمس رکعات وسجد سجدتین ثم جلس کما ھو مستقبل القبلۃ یدعو حتی

کھڑے ہو دوسری رکعت کو اور پڑھی ایک سورہ لمبی سورتوں میں سے پھر رکوع کئے پانچ رکوعیں اور سجدہ کیا دو سجدے پھر بیٹھے رہے ف ۴ جیسا کہ وہ سامنے قبلے کے تھے دعا کرتے تھے یہاں تک کہ

انجلی کسوفھا رواہ ابو داؤد **وعن** النعمان بن بشیر قال کسفت الشمس علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجعل یصلی رکعتین

کھل گیا گہن آفتاب کا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ گہا آفتاب زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر شروع کیا نماز پڑھنا دو دو

رکعتین ویسئل عنھا حتی انجلت الشمس رواہ ابو داؤد وفی روایۃ النسائی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی حین انکسفت

رکعت اور سوال کرتے تھے اسکا گہن چھوٹنا یہاں تک کہ کھل گیا آفتاب روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت میں نسائی کی کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی نماز اس وقت کہ گہا

الشمس مثل صلوتنا یرکع ویسجد ولہ فی اخری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج یوما مستعجلا الی المسجد وقد انکسفت

آفتاب مانند نماز ہماری کے ف ۵ رکوع کرتے تھے اور سجدہ کرتے تھے اور نسائی کی دوسری روایت میں ہے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک روز جلدی کرتے ہوئے مسجد کی طرف اور تحقیق گہا تھا

الشمس فصلی حتی انجلت ثم قال ان اھل الجاھلیۃ کانوا یقولون ان الشمس والقمر لا ینخسفان الا لموت عظیم من عظماء

آفتاب پھر نماز پڑھی یہاں تک کہ روشن ہوا آفتاب پھر فرمایا کہ تحقیق اہل جاہلیت تھے کہتے کہ تحقیق سورج اور چاند نہیں گہتے ہیں مگر سبب مرنے کسی بڑے سردار کے

اھل الارض وان الشمس والقمر لا ینخسفان لموت احد ولا لحیاتہ ولکنھما خلیقتان من خلقہ یحدث اللہ تعالی فی

زمین کے سرداروں میں سے اور حال یہ ہے سورج اور چاند نہیں گہتے کسی کی موت اور نہ کسی کی زندگی کے سبب پر دونوں مخلوق ہیں اللہ کے مخلوقات میں سے پیدا کرتا ہے اللہ تعالی

خلقہ ما شاء فایھما انخسف فصلوا حتی ینجلی او یحدث اللہ امرا **باب فی سجود الشکر** وھذا الباب

اپنے مخلوق میں جو چاہتا ہے سو کوئی انمیں سے گہے تو نماز پڑھو یہاں تک کہ روشن ہو یا پیدا کرے اللہ کوئی حکم ف ۶ یہہ باب ہے بیان میں سجدہ شکر کے اور یہہ باب

خال عن الفصل الاول والثالث **الفصل الثانی** عن ابی بکرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

خالی ہے پہلی فصل اور تیسری فصل سے ف فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اذا جاءه امر سرور او يسر به خر ساجدا شاكرا لله تعالى رواه ابوداود والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب

وسلم جب آتا ان کو کوئی کام خوشی کا یا خوش کئے جاتے کسی کام سے تو گر پڑتے سجدہ کرتے ہوئے شکر کرنے والے اللہ تعالیٰ کے روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے

وعن ابي جعفر ان النبي صلى الله عليه وسلم راى رجلا من النغاشين فخر ساجدا رواه الدارقطني مرسلا وفي شرح السنة

اور روایت ہے ابی جعفر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو بونوں میں سے پھر گرے سجدہ کرتے ہوئے روایت کیا اسکو دارقطنی نے مرسل اور شرح سنت میں

لفظ المصابيح وعن سعد بن ابي وقاص قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم من مكة نريد المدينة فلما كنا قريبا

لفظ مصابیح کی روایت ہے، اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ سے ارادہ رکھتے تھے مدینہ کا پھر جب ہوئے قریب

من عزوراء نزل ثم رفع يديه فدعا الله ساعة ثم خر ساجدا فمكث طويلا ثم قام فرفع يديه ساعة ثم خر

عزوراء کے اترے حضرت پھر اٹھایا اپنے دونوں ہاتھ پھر دعا کیا اللہ سے تھوڑی دیر تک پھر گرے سجدہ کرتے ہوئے اور ٹھہرے بیچ سجدہ دیر تک پھر کھڑے ہوئے اور اٹھایا دونوں ہاتھ اپنے تھوڑی دیر تک پھر گرے

ساجدا طويلا ثم قام فرفع يديه ساعة ثم خر ساجدا فمكث قال اني سالت ربي وشفعت لامتي فاعطاني ثلث

سجدہ کرتے ہوئے دیر تک پھر کھڑے ہوئے اور اٹھایا اپنے دونوں ہاتھ تھوڑی دیر تک پھر گرے سجدہ کرتے ہوئے اور ٹھہرے سجدہ میں فرمایا تحقیق میں نے سوال کیا اپنے رب سے اور شفاعت کی اپنی امت کی پھر دیا مجھکو تہائی

امتي فخررت ساجدا لربي شكرا ثم رفعت راسي فسالت ربي لامتي فاعطاني ثلث امتي فخررت ساجدا لربي

امت تب گرا میں سجدہ کرتا ہوا اپنے رب کا شکر کرکے پھر اٹھایا میں نے اپنا سر اور سوال کیا اپنے رب سے اپنی امت کے لئے پھر دیا مجھکو تہائی امت پھر گرا میں سجدہ کرتا ہوا اپنے رب کا

شكرا ثم رفعت راسي فسالت ربي لامتي فاعطاني الثلث الاخر فخررت ساجدا لربي شكرا رواه احمد وابوداود

شکر کرکے پھر اٹھایا میں نے اپنا سر پھر سوال کیا اپنے رب سے اپنی امت کے لئے پھر دیا مجھکو تہائی جو باقی تھی پھر گرا میں سجدہ کرنے والا اپنے رب کا شکر کرکے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے

باب الاستسقاء

الفصل الاول

عن عبد الله بن زيد قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم بالناس الى المصلى يستسقي

یہ باب ہے بیان استسقاء کے فصل پہلی روایت ہے عبداللہ ابن زید سے کہا کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ عیدگاہ کی طرف استسقاء کرتے ہوئے

فصلى بهم ركعتين جهر فيهما بالقراءة واستقبل القبلة يدعو ورفع يديه وحول رداءه حين استقبل القبلة متفق عليه

پھر نماز پڑھی لوگوں کے ساتھ دو رکعت پکار کر پڑھی ان میں قراءت اور سامنے ہو قبلہ کے دعا کرتے تھے اور اٹھایا دونوں ہاتھ اپنے اور پھیر دی اپنی چادر کو جس وقت منہ کیا قبلہ کے طرف متفق علیہ ق

وعن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يرفع يديه في شيء من دعائه الا في الاستسقاء فانه يرفع يديه حتى يرى

اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ کسی چیز میں اپنی دعا کے مگر استسقاء میں پس تحقیق حضرت اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک کہ دیکھی جاتی

بياض ابطيه متفق عليه وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم استسقى فاشار بظهر كفيه الى السماء رواه مسلم وعن

سفیدی انکی دونوں بغلوں کی، ق، اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے استسقاء کیا پھر اشارہ کیا اپنے دونوں ہاتھوں کی پیٹھ کو آسمان کی طرف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

عائشة قالت ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا راى المطر قال اللهم صيبا نافعا رواه البخاري وعن انس قال اصابنا

حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب دیکھتے مینہ کہتے یا الٰہی برسا تو مینہ دھڑ کے کا فائدہ دینے والا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ پہنچا ہمکو

ونحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم مطر قال فحسر رسول الله صلى الله عليه وسلم ثوبه حتى اصابه من المطر فقلنا يا

جس وقت ہم لوگ تھے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مینہ کہا انس نے پھر اتارا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کپڑے یہاں تک کہ پہنچا حضرت پر کچھ مینہ تب کہا ہم نے

رسول الله لم صنعت هذا قال لانه حديث عهد بربه رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عبد الله بن زيد

رسول اللہ کس واسطے کیا آپ نے یہہ فرمایا اس واسطے کہ وہ آیا ہوا ہے اپنے رب کے پاس سے ف روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے عبداللہ ابن زید سے

قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم الى المصلى فاستسقى وحول رداءه حين استقبل القبلة فجعل عطافه الايمن على

کہا کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ کی طرف پھر استسقا کیا اور پھیری اپنی چادر اسوقت کہ سامنے ہوئے قبلہ کے پھر کیا داہنا کونا اسکا

عاتقه الايسر وجعل عطافه الايسر على عاتقه الايمن ثم دعا الله رواه ابو داؤد وعنه قال استسقى رسول الله

بائیں مونڈھے پر اور کیا بایاں کونا اسکا داہنے مونڈھے پر پھر دعا کیا اللہ سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ استسقا کیا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم وعليه خميصة له سوداء فاراد ان ياخذ اسفلها فيجعله اعلاها فلما ثقلت قلبها على عاتقيه رواه احمد

صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ان کے اوپر خمیصہ کی چادر سیاہ تھی پھر ارادہ کیا کہ لیویں اسکے نیچے کا کونا اور کریں اسکے اوپر کی طرف پھر جب بھاری ہوا اسکا پھیرنا الٹ دی اسکو اپنے دونوں مونڈھوں پر روایت کیا

وابو داؤد وعن عمير مولى ابي اللحم انه راى النبي صلى الله عليه وسلم يستسقي عند احجار الزيت قريبا من الزوراء قائما

اور ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے عمیر سے جو آزاد کئے ابی لحم کے تھے کہ اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو استسقا کرتے تھے احجار الزیت پاس قریب زوراء کے کھڑے ہو

يدعو يستسقي رافعا يديه قبل وجهه لا يجاوز بهما راسه رواه ابو داؤد وروى الترمذي والنسائي نحوه وعن ابن عباس

دعا مانگتے تھے پانی مانگتے تھے اٹھائے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ اپنے منہ کی طرف اور نہ لیجاتے تھے دونوں ہاتھ اپنے سر سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا ترمذی اور نسائی نے مانند اسکے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے

قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم يعني في الاستسقاء متبذلا متواضعا متخشعا متضرعا رواه الترمذي وابو داؤد

کہا کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنے استسقا میں زینت ترک کرنے والے عاجزی کرنے والے دل سے عاجزی کرنے والے زاری کرنے والے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد

والنسائي وابن ماجة وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا استسقى قال اللهم اسق عبادك

اور نسائی اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے عمرو ابن شعیب سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے اسکے دادا سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پانی مانگتے کہتے یا الٰہی پانی پلا اپنے بندوں

وبهيمتك وانشر رحمتك واحي بلدك الميت رواه مالك وابو داؤد وعن جابر قال رايت رسول الله صلى الله عليه

اور اپنے چارپایوں کو اور پھیلا اپنی رحمت اور زندہ کر مری ہوئی زمین کو روایت کیا اسکو مالک اور ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يواكي فقال اللهم اسقنا غيثا مغيثا مريئا مريعا نافعا غير ضار عاجلا غير اجل قال فاطبقت عليهم السماء رواه ابو داؤد

وسلم کو اٹھاتے ہاتھوں کو اور کہتے یا الٰہی پلا ہمکو مینہ خلاصی کرنے والا رچتا ارزانی کرنے والا فائدہ کرنے والا نہ ضرر پہنچانے والا جلد آنے والا نہ دیر کرنے والا کہا جابر نے پھر چھا گیا ان پر

الفصل الثالث

عن عائشة قالت شكى الناس الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قحوط المطر فامر بمنبر فوضع له في

فصل تیسری ٭ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ گلہ کیا لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس مینہ نہ برسنے کا تب حکم کیا منبر رکھنے کا پھر رکھا گیا ان کے واسطے

المصلى ووعد الناس يوما يخرجون فيه قالت عائشة فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم حين بدا حاجب الشمس فقعد على المنبر

عیدگاہ میں اور وعدہ کیا لوگوں سے ایک دن کا کہ نکلیں اسدن کہا عائشہ نے پھر نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسوقت کہ ظاہر ہوا کنارہ آفتاب کا پھر بیٹھے منبر پر

فكبر وحمد الله ثم قال انكم شكوتم جدب دياركم واستيخار المطر عن ابان زمانه عنكم وقد امركم الله تعالى ان تدعوه

اور اللہ اکبر کہا اور تعریف کی اللہ کی فرمایا تحقیق تمنے گلہ کیا اپنے شہر کی قحط کا اور دیر لگنے مینہ کا اسکے مقرر وقت سے تم سے اور تحقیق حکم کیا اللہ تعالیٰ نے کہ اس سے دعا کرو

ووعدكم ان يستجيب لكم ثم قال الحمد لله رب العلمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين لا اله الا الله يفعل ما يريد اللهم

اور وعدہ کیا کہ قبول کرے تمہاری دعا پھر کہا سب تعریف اللہ کو جو پروردگار سارے عالم کا بڑا مہربان نہایت بخشنے والا مالک انصاف کے دن کا نہیں کوئی معبود برحق سوائے اللہ کے کرتا ہے

انت الله لا اله الا انت الغني ونحن الفقراء انزل علينا الغيث واجعل ما انزلت لنا قوة وبلاغا الى حين ثم رفع يديه فلم يترك الرفع

تو ہی معبود نہیں کوئی معبود برحق سوا تیرے تو بے پرواہ اور ہم لوگ محتاج اتار ہم پر مینہ اور کر جو مینہ اتارے تو ہمارے لئے سبب طاقت کا اور سبب مطلب ملنے کا مدت تک پھر اٹھایا اپنے دونوں ہاتھ پھر نہ چھوڑا اٹھانا

حتى يُرى بياض إبطيه ثم حوّل إلى الناس ظهره وقلب أو حوّل رداءه وهو رافع يديه ثم أقبل على الناس ونزل فصلى ركعتين

یہاں تک کہ ظاہر ہوئی سفیدی انکی بغلوں کی پھر پھیر لی لوگوں کی طرف اپنی پیٹھ اور الٹی یا کہا پھیری اپنی چادر اور وہ اٹھانے والے تھے اپنے ہاتھ پھر متوجہ ہوئے لوگوں کی طرف اور اترے پس نماز پڑھی دو رکعت

فأنشأ الله سحابة فرعدت وبرقت ثم أمطرت بإذن الله تعالى فلم يأت مسجده حتى سالت السيول فلما رأى سرعتهم إلى الكن

پھر ظاہر کیا اللہ نے بدلی پھر گرجی اور چمکی اور مینہ برسایا اللہ تعالی کے حکم سے پھر نہ آئے اپنی مسجد میں یہاں تک کہ بہنے لگے نالے پھر جب دیکھا حضرت نے جلدی لوگوں کی سایہ کی طرف

ضحك حتى بدت نواجذه فقال أشهد أن الله على كل شيء قدير وأني عبد الله ورسوله رواه أبو داود وعن

ہنسے یہاں تک کہ ظاہر ہوئیں کچلیاں آپ کی تب کہا کہ گواہی دیتا ہوں کہ تحقیق اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور تحقیق میں بندہ اللہ کا اور اس کا رسول ہوں روایت کیا اس کو ابوداود نے اور روایت ہے

أنس أن عمر بن الخطاب كان إذا قحطوا استسقى بالعباس بن عبد المطلب قال اللهم إنا كنا نتوسل إليك بنبينا فتسقينا وإنا

انس سے کہ تحقیق عمر ابن خطاب تھے جب قحط ہوتا استسقاء کرتے ساتھ وسیلہ عباس ابن عبد المطلب کے پھر کہتے تھے یا الٰہی تحقیق ہم تھے وسیلہ کرتے تیری طرف اپنے نبی کے ساتھ تو پانی دیتا تھا ہم کو اور تحقیق

نتوسل إليك بعم نبينا فاسقنا قال فيسقون رواه البخاري وعن أبي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

وسیلہ کرتے ہیں ہم تیری طرف ساتھ چچا اپنے نبی کے سو پانی دے ہم کو کہا انس نے پھر پانی دیے جاتے تھے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے

خرج نبي من الأنبياء عليهم السلام بالناس يستسقي فإذا هو بنملة رافعة بعض قوائمها إلى السماء فقال ارجعوا

کہ نکلا ایک نبی نبیوں علیہم السلام میں سے لوگوں کے ساتھ کہ پانی مانگے پھر یکایک انہوں نے دیکھا ایک چیونٹی کو اٹھانے والی ایک پاؤں اپنا آسمان کی طرف پس کہا نبی نے پھرو

فقد استجيب لكم من أجل هذه النملة رواه الدارقطني

پس تحقیق قبول کی گئی تمہاری دعا بسبب اس چیونٹی کے روایت کیا اس کو دارقطنی نے

باب الرياح

الفصل الأول

عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نصرت بالصبا وأهلكت عاد بالدبور متفق عليه وعن عائشة قالت ما

یہ باب ہے بیان میں بادوں کے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدد دیا گیا ہوں میں ساتھ باد صبا کے اور ہلاک کی گئی قوم عاد ساتھ دبور کے ق اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا نہیں

رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ضاحكا حتى أرى منه لهواته إنما كان يتبسم فكان إذا رأى غيما أو ريحا

دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہنستے ہوئے یہاں تک کہ دیکھوں میں ان سے تالو انکا نہ تھے مگر مسکراتے پھر تھے جب دیکھتے حضرت بدلی یا ہوا

عرف في وجهه متفق عليه وعنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا عصفت الريح قال اللهم إني أسألك خيرها

پہچانا جاتا ان کے چہرے میں ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سخت بہتی ہوا کہتے یا الٰہی تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اسکی

وخير ما فيها وخير ما أرسلت به وأعوذ بك من شرها وشر ما فيها وشر ما أرسلت به وإذا تخيلت

اور بھلائی اس چیز کی جو اس میں ہے اور بھلائی اس چیز کی کہ بھیجی گئی ہے ساتھ اسکے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اسکی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے اور اس چیز کی برائی سے کہ بھیجی گئی ساتھ اسکے اور جب ابر ہوتا

السماء تغير لونه وخرج ودخل وأقبل وأدبر فإذا مطرت سري عنه فعرفت ذلك عائشة فسألته

آسمان پر تو بدل جاتا انکا رنگ اور باہر نکلتے اور گھر میں جاتے اور آگے آتے اور پیچھے جاتے پھر جب مینہ برستا جاتا رہتا خوف ان سے پھر پہچانا اسکو عائشہ نے پھر پوچھا میں نے ان سے

فقال لعله يا عائشة كما قال قوم عاد فلما رأوه عارضا مستقبل أوديتهم قالوا هذا عارض ممطرنا وفي

تب فرمایا کہ شاید کہ یہ ہوا اور بدلی اے عائشہ ویسی ہو جیسے کہا قوم عاد نے جب دیکھا اس بدلی کو کہ ظاہر ہوئی سامنے ان کے جنگلوں کے کہا یہ بدلی ظاہر ہم پر پانی دے جاویگی ق

رواية ويقول إذا رأى المطر رحمة متفق عليه وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ایک روایت میں یہ ہے کہ کہتے حضرت جب دیکھتے مینہ یا الٰہی کر اسکو رحمت ق اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

مفاتيح الغيب خمس ثم قرأ ان الله عنده علم الساعة وينزل الغيث الآية رواه البخاري وعن ابي هريرة قال قال رسول

کنجیاں غیب کی پانچ ہیں ف پھر پڑھی حضرت نے یہہ آیت تحقیق اللہ اسکے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ آخر آیت تک روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا

صلى الله عليه وسلم ليست السنة بان لا تمطروا ولكن السنة ان تمطروا وتمطروا ولا تنبت الارض شيئا رواه مسلم

صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے قحط ساتھ اسکے کہ نہ مینہ دیئے جاؤ ولیکن قحط یہہ ہے کہ مینہ دیئے جاؤ اور مینہ دیئے جاؤ اور نہ اگاوے زمین کچھ روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الريح من روح الله تعالى تأتي بالرحمة

فصل دوسری روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ہوا اللہ تعالی کی رحمت سے ہے لاتی ہے رحمت کو

وبالعذاب فلا تسبوها واسألوا الله من خيرها وعوذوا به من شرها رواه الشافعي وابو داود وابن ماجه والبيهقي

اور لاتی ہے عذاب کو ف سو نہ برا کہو اسکو اور مانگو اللہ سے اسکی بھلائی اور پناہ مانگو ساتھ اللہ کے اسکی برائی سے روایت کیا اسکو شافعی اور ابوداود اور ابن ماجہ اور بیہقی نے

في الدعوات الكبير وعن ابن عباس ان رجلا لعن الريح عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تلعنوا الريح فانها مأمورة

دعوات کبیر میں × اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق ایک شخص نے لعنت کیا ہوا کو روبرو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تب فرمایا نہ لعنت کرو ہوا کو اسواسطے کہ وہ حکم کی گئی

وانه من لعن شيئا ليس له باهل رجعت اللعنة عليه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي بن كعب قال قال

ف اور حال یہہ ہے کہ جو شخص لعنت کرتا ہے کسی چیز کو جو نہیں ہے لعنت کے لائق تو پھرتی ہے لعنت اسی پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ابن کعب سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تسبوا الريح فاذا رأيتم ما تكرهون فقولوا اللهم انا نسألك من خير هذه الريح وخير

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ برا کہو ہوا کو پھر جس وقت دیکھو تم اس ہوا کو کہ ناخوش رکھتے ہو پھر کہو یا الہی تحقیق ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے بھلائی اس ہوا کی اور بھلائی

ما فيها وخير ما امرت به ونعوذ بك من شر هذه الريح وشر ما فيها وشر ما امرت به رواه الترمذي وعن

اس چیز کی جو اسمیں ہے اور بھلائی اس چیز کی کہ حکم کی گئی ہے یہہ ہوا اسکے لئے اور پناہ مانگتے ہیں ہم ساتھ تیرے برائی سے اس ہوا کے اور برائی سے اس چیز کے کہ اسمیں ہے اور برائی سے اس چیز کے کہ حکم کی گئی ہے یہ واسطے اسکے روایت

ابن عباس قال ما هبت ريح قط الا جثا النبي صلى الله عليه وسلم على ركبتيه وقال اللهم اجعلها رحمة ولا تجعلها عذابا

ابن عباس سے کہا کہ نہیں چلی باؤ کبھی مگر یہہ کہ بیٹھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دونوں زانو پر اور کہا یا الہی کر تو اسکو رحمت اور نہ کر اسکو عذاب

اللهم اجعلها رياحا ولا تجعلها ريحا قال ابن عباس في كتاب الله تعالى انا ارسلنا عليهم ريحا صرصرا وارسلنا عليهم الريح

یا الہی کر اسکو ریاح اور نہ کر اسکو ریح ف کہا ابن عباس نے اللہ تعالی کی کتاب میں آیا ہے کہ بیشک ہمنے بھیجی ان کافروں پر ہوا سخت اور بھیجی ہمنے ان کافروں پر ہوا

العقيم وارسلنا الرياح لواقح وارسلنا الرياح مبشرات رواه الشافعي والبيهقي في الدعوات الكبير وعن عائشة قالت

نہ فائدہ دینے والی اور بھیجا ہمنے بادوں بھری اور بھیجا ہمنے بادوں خوشخبری دینے والی روایت کیا اسکو شافعی اور بیہقی نے دعوات کبیر میں ف اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ

كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا ابصر ناشئا من السماء تعني السحاب ترك عمله واستقبله وقال اللهم اني اعوذ بك

تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھتے اٹھنے والی آسمان سے یعنے بدلی چھوڑ دیتے کام اپنے اور اسکی طرف منہہ کرتے اور کہتے یا الہی تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

من شر ما فيه فان كشفه الله حمد الله وان مطرت قال اللهم سقيا نافعا رواه ابو داود والنسائي وابن ماجه

بدی سے اس چیز کے جو اسمیں ہے پھر اگر کھول دیتا اسکو اللہ حمد کرتے اللہ کا اور اگر برستی کہتے یا الہی بلا ہمکو پلانا نفع دینے والا روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ

والشافعي واللفظ له وعن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا سمع صوت الرعد والصواعق قال اللهم

اور شافعی نے اور لفظ شافعی کا ہے ف اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جسوقت سنتے آواز گرجنے اور بجلی کی کہتے یا الہی

لا تقتلنا بغضبك ولا تهلكنا بعذابك وعافنا قبل ذلك رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث غريب الفصل
نہ قتل کر ہمکو اپنے غضب سے اور نہ ہلاک کر ہمکو اپنے عذاب سے اور سلامت رکھ ہمکو پہلے اس سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے فصل

الثالث عن عبد الله بن الزبير انه كان اذا سمع الرعد ترك الحديث وقال سبحان الذي يسبح الرعد بحمده والملائكة
تیسری روایت ہے عبد اللہ ابن زبیر سے کہ تحقیق تھے وہ جب سنتے آواز گرجنے کی چھوڑ دیتے بات اور کہتے پاک ہے وہ ذات کہ پاکی بولتا ہے رعد ساتھ تعریف اسکی اور فرشتے

من خيفته رواه مالك

كتاب الجنائز باب عيادة المريض وثواب المرض الفصل الاول

عن
اسکے خوف سے روایت کیا اسکو مالک نے یہہ کتاب ہے بیچ بیان جنازوں کے یہہ باب ہے بیچ بیان بیمار کے پوچھنے اور مرض کے ثواب کے فصل پہلی روایت ہے

ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطعموا الجائع وعودوا المريض وفكوا العاني رواه البخاري وعن ابي هريرة قال
ابو موسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھلاؤ بھوکے کو اور پوچھو بیمار کو اور چھڑاؤ قیدی کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حق المسلم على المسلم خمس رد السلام وعيادة المريض واتباع الجنائز واجابة الدعوة
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق مسلمان کا مسلمان پر پانچ ہیں جواب دینا سلام کا اور پوچھنا بیمار کا اور پیچھے جانا جنازے کے اور قبول کرنا دعوت

وتشميت العاطس متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حق المسلم على المسلم ست قيل ما هن يا
اور یرحمک اللہ کہنا چھینکنے والے کو متفق ہے اور روایت اسی سے ہے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق مسلمان کا مسلمان پر چھہ ہیں کہا گیا کیا ہیں حق یا

رسول الله قال اذا لقيته فسلم عليه واذا دعاك فاجبه واذا استنصحك فانصح له واذا عطس فحمد الله فشمته
رسول اللہ فرمایا جب ملاقات کرے تو اس سے سلام کر اور جب بلاوے تجھکو تو قبول کر اور جب خیر خواہی چاہے تجھ سے تو خیر خواہی کر اور جب چھینکے اور الحمد للہ کہے تو یرحمک اللہ

واذا مرض فعده واذا مات فاتبعه رواه مسلم وعن البراء بن عازب قال امرنا النبي صلى الله عليه وسلم
اور جب بیمار ہو تو پوچھنے جا اسکو اور جب مرے تو ساتھ جا اسکے جنازے کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ حکم کیا ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

بسبع ونهانا عن سبع امرنا بعيادة المريض واتباع الجنائز وتشميت العاطس ورد السلام واجابة الداعي وابرار
سات چیز کا اور منع کیا ہمکو سات چیز سے حکم کیا ہمکو بیمار کے پوچھنے کا اور جنازے کے ساتھ جانے کا اور یرحمک اللہ کہنا چھینکنے والے کو اور جواب دینا سلام کا اور قبول کرنا دعوت بلانے والے کی اور سچا کرنا

المقسم ونصر المظلوم ونهانا عن خاتم الذهب وعن الحرير والاستبرق والديباج والميثرة الحمراء والقسي وانية
قسم کھانے والے کی قسم کو اور مدد کرنی مظلوم کی اور منع کیا ہمکو پہنے سونے کی انگوٹھی اور ریشمی کپڑے اور ریشمی کپڑے مہین اور موٹے اور لال رنگ کے زین پوش اور قسی کپڑے سے اور برتن

الفضة وفي رواية وعن الشرب في الفضة فانه من شرب فيها في الدنيا لم يشرب فيها في الآخرة متفق عليه وعن
چاندی کے اور ایک روایت میں ہے پینے سے چاندی کے برتن میں اسلئے کہ جس شخص نے پیا اسمیں دنیا میں نہ پیویگا اسمیں آخرت میں متفق ہے اور روایت ہے

ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان المسلم اذا عاد اخاه المسلم لم يزل في خرفة الجنة حتى يرجع رواه
ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مسلمان جب بیماری کا حال پوچھتا ہے اپنے مسلمان بھائی کا ہمیشہ رہتا ہے بہشت کے میوے چننے میں یہانتک کہ پھرے

مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تبارك وتعالى يقول يوم القيامة يا ابن آدم مرضت
مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تبارک و تعالی فرماویگا قیامت کے دن اے بیٹے آدم کے بیمار ہوا میں

فلم تعدني قال يا رب كيف اعودك وانت رب العالمين قال اما علمت ان عبدي فلانا مرض فلم تعده اما علمت
پھر نہ پوچھا تو نے مجھکو کہیگا اے رب کس طرح پوچھتا میں تجھکو اور تو پروردگار سارے جہان کا فرماویگا کیا نہ جانا تو نے کہ تحقیق میرا بندہ فلانا بیمار ہوا پھر نہ پوچھا تو نے اسکو کیا نہ جانا تو نے

أَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي عِنْدَهُ يَا ابْنَ آدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أُطْعِمُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ

کہ تحقیق تو اگر پوچھتا اسکو البتہ پاتا مجھکو اسکے پاس اے بیٹے آدم کے کھانا مانگا میں نے تجھ سے پھر نہ کھلایا تو نے مجھکو کہیگا اے میرے رب کسطرح کھلاتا میں تجھکو اور تو پروردگار ہے سارے جہان کا

قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ أَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذَلِكَ عِنْدِي يَا ابْنَ آدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ

فرماویگا کیا نہ جانا تو نے یہہ کہ تحقیق کھانا مانگا تجھسے میرے بندے فلانے نے پھر نہ کھلایا تو نے اسکو کیا نہ جانا تو نے کہ تحقیق تو اگر کھلاتا تو اسکو البتہ پاتا تو اسکا ثواب میرے پاس اے بیٹے آدم کے پانی مانگا میں نے

فَلَمْ تَسْقِنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أَسْقِيكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ اسْتَسْقَاكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِهِ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهُ وَجَدْتَ

پھر نہ پلایا تو نے مجھکو کہیگا اے میرے رب کس طرح پلاتا میں تجھکو اور تو پروردگار ہے سارے جہان کا فرماویگا پانی مانگا تجھ سے میرے بندے فلانے نے پھر نہ پلایا تو نے اسکو کیا نہ جانا تو نے کہ تحقیق تو اگر پلاتا اسکو پاتا

ذَلِكَ عِنْدِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى أَعْرَابِيٍّ يَعُودُهُ وَكَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَى

تو اسکا ثواب میرے پاس روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے ایک اعرابی پاس اسکی بیماری کا حال پوچھنے کو اور حضرت جب تشریف لیجاتے

مَرِيضٍ يَعُودُهُ قَالَ لَهُ لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى فَقَالَ لَهُ لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى قَالَ كَلَّا بَلْ حُمَّى تَفُورُ عَلَى

بیمار کے پاس اسکے پوچھنے کو فرماتے اسکو کچھ ڈر نہیں پاک کرنے والی ہے گناہ کی اگر اللہ تعالی نے چاہا پھر فرمایا اعرابی کو کچھ ڈر نہیں پاک کرنے والی ہے اگر اللہ تعالی نے چاہا کہا اعرابی نے یوں نہیں بلکہ یہ تپ ہے کہ جوش مارتی ہے

شَيْخٍ كَبِيرٍ تُزِيرُهُ الْقُبُورَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَعَمْ إِذَنْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ

بوڑھے بڑی عمر والے پر ملاقات کرادیگی اسکو قبر کی تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر ہاں ایسا ہی ہوگا اب روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَكَى مِنَّا إِنْسَانٌ مَسَحَهُ بِيَمِينِهِ ثُمَّ قَالَ أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ

صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ بیمار ہوتا ہم میں سے کوئی آدمی پھیرتے اسپر اپنا داہنا ہاتھ پھر فرماتے دور کر بیماری کو اے رب آدمیوں کے اور شفا دے تو ہی ہے شفا دینے والا نہیں ہے شفا مگر شفا تیری

شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْهَا** قَالَتْ كَانَ إِذَا اشْتَكَى الْإِنْسَانُ الشَّيْءَ مِنْهُ أَوْ كَانَتْ بِهِ قَرْحَةٌ أَوْ جُرْحٌ قَالَ النَّبِيُّ

ایسی شفا کہ نہ چھوڑے کوئی بیماری ق × اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے جسوقت گلہ کرتا کوئی آدمی کچھ اپنی بیماری کا یا ہوتا اسکو کوئی پھوڑا یا زخم فرماتے نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِصْبَعِهِ بِسْمِ اللهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفَى سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْهَا**

صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلی رکھہ کے ساتھہ نام اللہ کے خاک ہماری زمین کی ملی ہوئی ہے ساتھہ تھوک بعضے ہمارے کے تاکہ شفا دیا جاوے بیمار ہمارا ساتھہ حکم ہمارے رب کے ق × اور روایت ہے

قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَكَى نَفَثَ عَلَى نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنْهُ بِيَدِهِ فَلَمَّا اشْتَكَى وَجَعَهُ الَّذِي تُوُفِّيَ

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوتے دم کرتے اپنے اوپر معوذات پڑھ کے اور پھیرتے اسکو پڑھ کے اپنا ہاتھ بدن پر پھر جب بیمار ہوئے اپنی اس بیماری سے کہ جس میں وفات

فِيهِ كُنْتُ أَنْفُثُ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِي كَانَ يَنْفُثُ وَأَمْسَحُ بِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [illegible] عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَ

پائی میں دم کرتی ان پر معوذات پڑھ کے جس سے کہ تھے دم کرتے اور مسح کرتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے ق × اور ایک روایت میں مسلم کی کہا عائشہ نے تھے حضرت

إِذَا مَرِضَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ نَفَثَ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ **وَعَنْ** عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَنَّهُ شَكَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جب بیمار ہوتا کوئی انکے اہل بیت میں سے دم کرتے اسپر معوذات × اور روایت ہے عثمان ابن ابی العاص سے کہ تحقیق اسنے گلہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

وَجَعًا يَجِدُهُ فِي جَسَدِهِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْ يَدَكَ عَلَى الَّذِي يَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ بِسْمِ اللهِ ثَلَاثًا وَقُلْ سَبْعَ

بیماری کا کہ پاتا تھا اسکو اپنے بدن میں تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھہ اپنا ہاتھ اس جگہہ پر کہ درد کرتی ہے تیرے بدن میں سے اور کہہ بسم اللہ تین بار اور کہہ سات

مَرَّاتٍ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ قَالَ فَفَعَلْتُ فَأَذْهَبَ اللهُ مَا كَانَ بِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْ**

بار پناہ مانگتا ہوں میں ساتھہ غلبہ اللہ کے اور ساتھہ اسکی قدرت کے بدی سے اس چیز کے کہ پاتا ہوں میں اور ڈرتا ہوں میں کہا عثمان نے پھر کیا میں نے پھر دور کیا اللہ نے جو درد تھی مجھکو روایت کیا اسکو مسلم نے ہذا وروایت ہے

أبي سعيد الخدري أن جبريل أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا محمد اشتكيت فقال نعم قال بسم الله أرقيك من كل شيء

ابی سعید خدری سے کہ تحقیق جبرئیل آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر کہا اے محمد بیمار ہوا تو تب فرمایا حضرت نے ہاں کہا ساتھ نام اللہ کے افسون پڑھتا ہوں تجھ پر ہر چیز سے جو ایذا دیوے تجھ کو

من شر كل نفس أو عين حاسد الله يشفيك بسم الله أرقيك رواه مسلم وعن ابن عباس قال كان رسول الله

بدی سے ہر شخص کے اور آنکھ سے حسد کرنے والے کی اللہ شفا دے تجھ کو ساتھ نام اللہ کے افسون پڑھتا ہوں تجھ پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يعوذ الحسن والحسين أعيذكما بكلمات الله التامة من كل شيطان وهامة ومن كل عين لامة ويقول

صلی اللہ علیہ وسلم پناہ میں کرتے حسن اور حسین کو اس دعا سے پناہ میں کرتا ہوں تم دونوں کو ساتھ کلام اللہ کے جو پورے ہیں ہر ایک شیطان اور جانور ایذا دینے والے سے اور ہر ایک آنکھ دکھ دینے والی سے اور فرماتے

إن أباكما كان يعوذ بها إسمعيل وإسحق رواه البخاري وفي أكثر نسخ المصابيح بهما على لفظ التثنية وعن

تحقیق باپ تمہارا پناہ میں کرتے تھے اسی کلام سے اسمعیل اور اسحق کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور اکثر نسخوں میں مصابیح کے بہا کی جگہ بہما ہے تثنیہ کے لفظ پر ف اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يرد الله به خيرا يصب منه رواه البخاري وعن أبي سعيد عن النبي صلى

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ارادہ کرتا ہے اللہ اسکے ساتھ نیکی کا لیا جاتا ہے اس سے دکھ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سعید سے

الله عليه وسلم قال ما يصيب المسلم من نصب ولا وصب ولا هم ولا حزن ولا أذى ولا غم حتى الشوكة يشاكها إلا كفر

اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں پہنچتا مسلمان کو کوئی رنج اور نہ کوئی بیماری اور نہ بیماری سے گلنا اور نہ غم اور نہ ایذا اور نہ غم یہاں تک کہ کانٹا کہ چبھایا جاوے آدمی اسکو مگر دور کرتا ہے

الله بها من خطاياه متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال دخلت على النبي صلى الله عليه وسلم وهو يوعك فمسسته بيدي

اللہ سبب اسکے اسکے گناہوں کو ف ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور وہ بخار میں تھے پھر چھوا میں انکو اپنے ہاتھ سے

فقلت يا رسول الله إنك لتوعك وعكا شديدا فقال النبي صلى الله عليه وسلم أجل إني أوعك كما يوعك رجلان منكم قال فقلت

اور کہا میں نے یا رسول اللہ بیشک آپ تپ دیئے جاتے ہیں بڑی سخت تپ تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں تحقیق میں تپ دیا جاتا ہوں جیسے کہ تپ دیا جاتا ہے تم سے دو شخص کہا پھر میں نے

ذلك أن لك الأجرين فقال أجل ثم قال ما من مسلم يصيبه أذى من مرض فما سواه إلا حط الله به سيئاته كما تحط الشجرة ورقها متفق

یہ ہے کہ آپ کو دوہرا ثواب ہے تب فرمایا ہاں تب فرمایا نہیں ہے کوئی مسلمان کہ پہنچے اسکو ایذا مرض سے اور وہ ایذا کہ سوا مرض کے ہے مگر گراتا ہے اللہ سبب اسکے گناہ اسکے جیسا کہ گراتا درخت اپنے پتے کو

عليه وعن عائشة قالت ما رأيت أحدا الوجع عليه أشد من رسول الله صلى الله عليه وسلم متفق عليه وعنها قالت مات النبي

ف ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو کہ درد اسپر سخت زیادہ ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ف ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ وفات پائے نبی

صلى الله عليه وسلم بين حاقنتي وذاقنتي فلا أكره شدة الموت لأحد أبدا بعد النبي صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن كعب

صلی اللہ علیہ وسلم درمیان ہنسلی اور تھوڑی میری کے پس مکروہ نہیں رکھتی ہوں سختی موت کی کسی کے واسطے کبھی بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل المؤمن كمثل الخامة من الزرع تفيئها الرياح تصرعها مرة وتعدلها أخرى حتى يأتيه

ابن مالک سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل مومن کی جیسے مثل کھیتی کی نرم شاخ کی جھکاتی ہیں اسکو ہوائیں گراتی ہیں اسکو ایک بار اور سیدھا کرتی ہیں اسکو دوسری بار یہاں تک کہ آوے

أجله ومثل المنافق كمثل الأرزة المجذية التي لا يصيبها شيء حتى يكون انجعافها مرة واحدة متفق عليه وعن أبي هريرة قال قال رسول

اسکی موت اور مثل منافق کی جیسے مثل صنوبر کی ٹھہرا رہتا ہے ایسا کہ نہیں پہنچتی اسکو کوئی چیز یہاں تک کہ ہوتا ہے گرنا اسکا ایک بارگی ف ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم مثل المؤمن كمثل الزرع لا تزال الريح تميله ولا يزال المؤمن يصيبه البلاء ومثل المنافق

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل مومن کی جیسے مثل کھیتی کی ہمیشہ ہوا جھکاتی ہے اسکو اور ہمیشہ مومن پہنچتی ہے اسکو بلا اور مثل منافق کی

كمثل شجرة الأرزة لا تهتز حتى تستحصد متفق عليه وعن جابر قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم على أم السائب

مثل صنوبر کی درخت کی کہ نہیں ہلتا یہاں تک کہ کاٹا جاوے ۔ ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ام سائب کے پاس

فقال ما لك تزفزفين قالت الحمى لا بارك الله فيها فقال لا تسبي الحمى فإنها تذهب خطايا بني آدم كما يذهب الكير خبث

پھر فرمایا کیا ہے تجھ کو کہ کپکپی ہے کہا اسنے تپ ہے نہ برکت دے اللہ اس میں تب فرمایا گالی نہ دے تپ کو اسواسطے کہ وہ دور کرتی ہے گناہ اولاد آدم کے جیسے کہ دور کرتی ہے بھٹی

الحديد رواه مسلم وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا مرض العبد أو سافر كتب له بمثل ما كان

لوہے کی زنگ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بیمار ہوتا ہے بندہ یا سفر کرتا ہے ف لکھا جاتا ہے اسکے لئے

يعمل مقيما صحيحا رواه البخاري وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الطاعون شهادة لكل مسلم متفق عليه

کرتا اپنے گھر میں اور صحت میں روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وبا سبب شہادت ہر مسلمان کا ہے ف ۔ ق ۔

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الشهداء خمسة المطعون والمبطون والغريق وصاحب

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید پانچ ہیں جو وبا سے مرا اور جو دست آنے میں مرا اور جو پانی میں ڈوب کے موا اور

الهدم والشهيد في سبيل الله متفق عليه وعن عائشة قالت سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الطاعون

جو دیوار تلے دبا اور جو شہید ہوا راہ میں خدا کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حال سے طاعون کے

فأخبرني أنه عذاب يبعثه الله على من يشاء وأن الله جعله رحمة للمؤمنين ليس من أحد يقع الطاعون فيمكث

پھر خبر دی مجھ کو تحقیق وہ ایک عذاب ہے بھیجتا ہے اسکو اللہ جس پر چاہتا ہے اور بیشک اللہ نے کیا اسکو رحمت مومنوں کے لئے نہیں کوئی شخص کہ آوے وبا پھر ٹھہرا رہے

في بلده صابرا محتسبا يعلم أنه لا يصيبه إلا ما كتب الله له إلا كان له مثل أجر شهيد رواه البخاري وعن أسامة بن

اپنے شہر میں صبر کرنے والا ثواب کی امید رکھنے والا جانتا ہے کہ نہ پہنچیگا اسکو سوا اسکے جو اللہ نے لکھا ہے مگر ہوتا ہے اسکے واسطے مثل ثواب شہید کے روایت کیا اسکو بخاری نے

زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الطاعون رجز أرسل على طائفة من بني إسرائيل أو على من كان قبلكم فإذا

زید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طاعون ایک عذاب ہے کہ بھیجا گیا ایک گروہ پر بنی اسرائیل میں سے یا کہا کہ ان لوگوں پر جو تمہارے پہلے تھے ف پھر

سمعتم به بأرض فلا تقدموا عليه وإذا وقع بأرض وأنتم بها فلا تخرجوا فرارا منه متفق عليه وعن أنس قال سمعت

سنو تم اسکو کسی زمین میں تو نہ جاؤ وہاں اور جب آوے کسی زمین میں اور تم اسمیں ہو تو نہ نکلو بھاگ کر وہاں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ سنا میں نے

النبي صلى الله عليه وسلم يقول قال الله سبحانه وتعالى إذا ابتليت عبدي بحبيبتيه ثم صبر عوضته منهما

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ فرمایا اللہ سبحانہ وتعالی نے جب آزماتا ہوں میں اپنے بندے کو ساتھ اسکی دونوں پیاریوں کے پھر وہ صبر کرتا ہے تو عوض میں دیتا

الجنة يريد عينيه رواه البخاري

بہشت ارادہ کرتا ہے اللہ دونوں پیاریوں سے آنکھیں اسکی روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني

عن علي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

فصل دوسری روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول ما من مسلم يعود مسلما غدوة إلا صلى عليه سبعون ألف ملك حتى يمسي وإن عاده عشية إلا صلى

فرماتے تھے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ بیمار پرسی کرے مسلمان کی صبح کے وقت مگر رحمت بھیجتے ہیں اسپر ستر ہزار فرشتے یہاں تک کہ شام کرے اور نہیں بیمار پرسی کرتا ہے کسی کی

عليه سبعون ألف ملك حتى يصبح وكان له خريف في الجنة رواه الترمذي وأبو داود وعن زيد بن أرقم قال

اسپر ستر ہزار فرشتے یہاں تک کہ صبح کرے اور ہوتی ہے اسکے واسطے ایک باغ بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے زید ابن ارقم سے کہا

عادني النبي صلى الله عليه وسلم من وجع كان بعيني رواه أحمد وأبو داؤد ٣ وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله

کہ بیمار پرسی کی میری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درد کی جو تھی میری دونوں آنکھوں میں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

عليه وسلم من توضأ فأحسن الوضوء وعاد أخاه المسلم محتسبا بوعد من جهنم مسيرة ستين خريفا رواه أبو داؤد

علیہ وسلم نے جو شخص کہ وضو کرے پھر اچھی کرے وضو اور بیمار پرسی کرے اپنے مسلمان بھائی کی ثواب کی امید پر دور کیا جاتا ہے جہنم سے برابر راہ چلنے ساٹھ برس کے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من مسلم يعود مسلما فيقول سبع مرات أسأل الله العظيم

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مسلمان کہ بیمار پرسی کرے مسلمان کی پھر کہے سات بار مانگتا ہوں اللہ بزرگ

رب العرش العظيم أن يشفيك إلا شفي إلا أن يكون قد حضر أجله رواه أبو داؤد والترمذي وعنه أن النبي

پروردگار عرش عظیم سے کہ شفا دے تجھکو مگر شفا دیا جاتا ہے مگر یہ کہ آئی ہو اسکی موت روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق نبی صلی

صلى الله عليه وسلم كان يعلمهم من الحمى ومن الأوجاع كلها أن يقولوا بسم الله الكبير أعوذ بالله العظيم من شر

اللہ علیہ وسلم تھے سکھلاتے اصحاب کو بخار کے واسطے اور سب بیماری کے واسطے یہ کہ کہیں ساتھ نام اللہ بڑے کے پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ بزرگ کے بدی سے

كل عرق نعار ومن شر حر النار رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من حديث إبراهيم بن إسمعيل

ہر رگ جوش مارنے والی کی اور بدی سے دوزخ کی گرمی کے سبب سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم مگر حدیث ابراہیم ابن اسمعیل سے

وهو يضعف في الحديث وعن أبي الدرداء قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اشتكى منكم

اور وہ ضعیف گنا جاتا ہے حدیث میں اور روایت ہے ابی درداء سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو شخص کہ بیمار ہو تم میں سے

شيئا أو اشتكاه أخ له فليقل ربنا الله الذي في السماء تقدس اسمك أمرك في السماء والأرض كما رحمتك في السماء

کچھ یا بیمار ہو اسی کا مسلمان بھائی پھر چاہیے کہ کہے رب ہمارا اللہ ہے جو آسمان پر ہے پاک ہے نام تیرا حکم تیرا آسمان اور زمین میں جیسا کہ رحمت تیری آسمان میں ہے

فاجعل رحمتك في الأرض اغفر لنا حوبنا وخطايانا أنت رب الطيبين أنزل رحمة من رحمتك وشفاء من شفائك

پھر کر رحمت اپنی زمین میں بخش ہمارے لئے ہمارے گناہ اور چوک ہماری تو ہی پروردگار پاکوں کا بھیج ایک رحمت اپنی رحمت میں سے اور شفا اپنی شفا میں سے

على هذا الوجع فيبرأ رواه أبو داؤد وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جاء الرجل يعود

اس بیماری پر پھر اچھا ہو جاوے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے جس وقت آوے کوئی شخص بیمار پرسی کو

مريضا فليقل اللهم اشف عبدك ينكأ لك عدوا أو يمشي لك إلى جنازة رواه أبو داؤد وعن علي بن زيد عن

مریض کی پھر چاہیے کہ کہے الٰہی شفا دے اپنے بندے کو کہ زخمی کرے تیرے واسطے دین کے دشمن کو یا چلے تیرے واسطے جنازہ کی طرف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے علی ابن زید سے

أمية أنها سألت عائشة عن قول الله عز وجل وإن تبدوا ما في أنفسكم أو تخفوه يحاسبكم به الله وعن قوله من يعمل

اسنے نقل کیا امیہ سے کہ پوچھا حضرت عائشہ سے قول اللہ عز وجل سے اور اگر ظاہر کرو تم اس چیز کو جو تمہارے دلوں میں ہے یا چھپاؤ اسکو حساب کریگا تم سے ساتھ اسکے اللہ اور اللہ کے اس قول سے جو شخص

سوءا يجز به فقالت ما سألني عنها أحد منذ سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال هذه معاتبة الله العبد

برائی بدلا دیا جاویگا اسکا تب کہا نہ پوچھا مجھکو اس سے کسی نے جب سے کہ پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا یہ عتاب دکھلانا اللہ کا ہے بندے کو

بما يصيبه من الحمى والنكبة حتى البضاعة يضعها في يد قميصه فيفقدها فيفزع لها حتى إن العبد ليخرج من

ساتھ اس چیز کے کہ پہنچے اسکو تپ اور رنج سے یہانتک کے تھوڑا سا مال کہ رکھے اسکو آستین میں اپنے گرنے کی جگہ کھو دیوے اسکو اور غم کرے اسکے لئے یہانتک کہ تحقیق بندہ نکلتا ہے

دُنُوبَهُ كَمَا يَخْرُجُ التِّبْرُ الْأَحْمَرُ مِنَ الْكِيْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُصِيبُ عَبْدًا نَكْبَةٌ

اپنے گناہوں سے جیسا کہ نکلتا ہے لال سرخ سونے کا میل آگ کی بھٹی سے روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں پہنچتی بندے کو کوئی مصیبت

فَمَا فَوْقَهَا أَوْ دُونَهَا إِلَّا بِذَنْبٍ وَمَا يَعْفُو اللهُ عَنْهُ أَكْثَرُ وَقَرَأَ وَمَا أَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو

پھر وہ جو اس سے زیادہ یا اس سے کم ہو مگر سبب گناہ کے اور جو کچھ کہ معاف کرتا ہے اس سے اللہ زیادہ ہے اور پڑھی حضرت نے یہ آیت اور جو کچھ پہنچتی ہے تم کو مصیبت سبب اسکے کہ کمائی تمہارے ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہے

عَنْ كَثِيرٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا كَانَ عَلَى طَرِيقَةٍ حَسَنَةٍ

بہت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جس وقت کہ ہوتا ہے نیک راہ پر

مِنَ الْعِبَادَةِ ثُمَّ مَرِضَ قِيلَ لِلْمَلَكِ الْمُوَكَّلِ بِهِ اكْتُبْ لَهُ مِثْلَ عَمَلِهِ إِذَا كَانَ طَلِيقًا حَتَّى أُطْلِقَهُ أَوْ أَكْفِتَهُ إِلَيَّ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ

بندگی سے پھر بیمار ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے فرشتے کو کہ مقرر ہے اسپر لکھ اسکے لئے مانند اسکے عمل کے جب تھا تندرست یہاں تک کہ تندرست کروں میں اسکو یا بلا لوں اپنی طرف اور روایت ہے انس سے تحقیق

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا ابْتَلَى الْمُسْلِمَ بِبَلَاءٍ فِي جَسَدِهِ قِيلَ لِلْمَلَكِ اكْتُبْ لَهُ صَالِحَ عَمَلِهِ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ فَإِنْ شَفَاهُ غَسَلَهُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آزمایا جاتا ہے مسلمان کسی بیماری سے اپنے بدن میں کہا جاتا ہے فرشتے کو لکھ اسکے لئے اسکا نیک عمل جو کرتا تھا پھر اگر شفا دیتا ہے اسکو تو دھو دیتا ہے

وَطَهَّرَهُ وَإِنْ قَبَضَهُ غَفَرَ لَهُ وَرَحِمَهُ رَوَاهُمَا فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور پاک کرتا ہے اسکو اور اگر وفات دیتا ہے اسکو بخشتا ہے اسکے لئے اور رحم کرتا ہے۔ روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو شرح سنہ میں۔ اور روایت ہے جابر ابن عتیک سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِي سَبِيلِ اللهِ الْمَطْعُونُ شَهِيدٌ وَالْغَرِيقُ شَهِيدٌ وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيدٌ وَالْمَبْطُونُ شَهِيدٌ

شہادت سات ہیں سوائے جہاد میں مارے جانے کے جو مرا طاعون سے شہید ہے اور جو ڈوب کر مرا شہید ہے اور جو ذات الجنب کی بیماری سے مرا شہید ہے اور جو پیٹ کی بیماری میں مرا شہید ہے

وَصَاحِبُ الْحَرِيقِ شَهِيدٌ وَالَّذِي يَمُوتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيدٌ وَالْمَرْأَةُ تَمُوتُ بِجُمْعٍ شَهِيدٌ رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

اور جو جل کر مرا شہید ہے اور جو دب کے مرے شہید ہے اور عورت جو لڑکا جنتے وقت مرے شہید ہے روایت کیا اسکو مالک نے اور ابوداؤد اور نسائی نے

وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً قَالَ الْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى حَسَبِ دِينِهِ

اور روایت ہے سعد سے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کون سے لوگ بہت آزمائے جاتے ہیں فرمایا نبی لوگ پھر بہتر لوگ پھر بہتر لوگ آزمایا جاتا ہے مرد موافق اندازے اپنے دین کے

فَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ وَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ رِقَّةٌ هُوِّنَ عَلَيْهِ فَمَا زَالَ كَذَلِكَ حَتَّى يَمْشِيَ عَلَى الْأَرْضِ مَا لَهُ ذَنْبٌ رَوَاهُ

پھر اگر ہوتا ہے اپنے دین میں مضبوط سخت ہوتی ہے آزمائش اسکی اور اگر ہوتی ہے اسکے دین میں نرمی آسان کی جاتی ہے آزمائش پھر ہمیشہ رہتا ہے اسی حال پر یہاں تک کہ چلتا ہے زمین پر نہیں ہوتا اسپر کوئی گناہ روایت کیا

التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا أَغْبِطُ أَحَدًا بِهَوْنِ مَوْتٍ بَعْدَ الَّذِي رَأَيْتُ

ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا نہیں آرزو کرتی میں کسی کی آسانی موت پر بعد اسکے کہ دیکھی میں نے

مِنْ شِدَّةِ مَوْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْهَا قَالَتْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْمَوْتِ

سختی موت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ حالت نزع میں تھے

وَعِنْدَهُ قَدَحٌ فِيهِ مَاءٌ وَهُوَ يُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْقَدَحِ ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهُ ثُمَّ يَقُولُ اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَى مُنْكَرَاتِ الْمَوْتِ أَوْ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اور آپ کے پاس پیالا تھا اسمیں پانی اور آپ ڈالتے تھے اپنا ہاتھ پیالے میں پھر پانی لگاتے اپنے منہ پر پھر فرماتے یا الہی مدد کر تو میری موت کی سختی پر یا فرمایا سکرات الموت

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ اللهُ بِعَبْدِهِ الْخَيْرَ عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب چاہتا ہے اللہ اپنے بندے سے بھلائی جلدی کرتا ہے اسکو سزا گناہ کی دنیا میں

وإذا أراد الله بعبده الشر أمسك عنه بذنبه حتى يوافيه به يوم القيامة رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى الله

اور جب چاہتا ہے اللہ اپنے بندے کی برائی بند رکھتا ہے اس سے سزا اسکے گناہ کی تاکہ پوری سزا دے اسکو بسبب گناہ کے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم إن عظم الجزاء مع عظم البلاء وإن الله عز وجل إذا أحب قوما ابتلاهم فمن رضي فله الرضاء ومن سخط فله

علیہ وسلم نے بیشک بڑی مزدوری ساتھ بڑی بلا کے ہے اور تحقیق اللہ عز وجل جب دوست رکھتا ہے کسی قوم کو آزماتا ہے اسکو سو جو شخص راضی ہوا تو واسطے اسکے خوشی ہے اور جو غصہ ہوا تو واسطے

السخط رواه الترمذي وابن ماجه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال البلاء بالمؤمن والمؤمنة في

اللہ کا غصہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتی ہے بلا پہنچتی مومن مرد پر یا مومن عورت کو

نفسه وماله وولده حتى يلقى الله وما عليه من خطيئة رواه الترمذي وروى مالك نحوه وقال الترمذي هذا حديث

اسکے جان اور مال اور اولاد میں یہاں تک کہ ملاقات کرتا ہے اللہ کی اس حال سے کہ نہیں ہوتی اسپر کوئی خطا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک نے مانند اسکے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

حسن صحيح وعن محمد بن خالد السلمي عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن العبد إذا سبقت

حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے محمد ابن خالد سلمی سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے اسکے دادا سے اسنے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جسوقت کہ مقدر ہوچکا

له من الله منزلة لم يبلغها بعمله ابتلاه الله في جسده أو في ماله أو في ولده ثم صبره على ذلك حتى يبلغه المنزلة التي

اسکے لئے اللہ سے مرتبہ نہیں پہنچتا اس مرتبے کو اپنے عمل کے سبب آزماتا ہے اسکو اللہ اسکے بدن یا مال میں یا اسکی اولاد میں پھر صبر بخشتا ہے اسکو اس بلا پر یہاں تک کہ پہنچاتا ہے اسکو اس مرتبے کو

سبقت له من الله رواه أحمد وأبو داود وعن عبد الله بن شخير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل ابن آدم

کہ مقدر ہوا ہے اسکے لئے اللہ سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن شخیر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدا کیا گیا آدمی

وإلى جنبه تسع وتسعون منية إن أخطأته المنايا وقع في الهرم حتى يموت رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن

اور اسکے پہلو میں ننانوے موت ہیں اگر چوک گئیں اس سے موت کے سبب تو پڑتا ہے بڑھاپے میں یہاں تک کہ مرتا ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يود أهل العافية يوم القيامة حين يعطى أهل البلاء الثواب لو أن جلودهم كانت

جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آرزو کرینگے آرام والے قیامت کے دن جس وقت کہ دئے جاوینگے بلا والے ثواب کاش کے چمڑے انکے

قرضت في الدنيا بالمقاريض رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن عامر الرام قال ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم الأسقام

کاٹے جاتے دنیا میں مقراضوں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے عامر ابن رامی سے کہا کہ ذکر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماریوں کا

فقال إن المؤمن إذا أصابه السقم ثم عافاه الله عز وجل منه كان كفارة لما مضى من ذنوبه وموعظة له فيما يستقبل

پھر فرمایا کہ تحقیق مومن جب پہنچتی ہے اسکو بیماری پھر آرام دیتا ہے اسکو اللہ عز وجل اس سے ہوتی ہے وہ بیماری مٹانے والی ان چیزوں کی جو گذر چکے ہیں اسکے گناہوں سے اور نصیحت ہوتی ہے اسکو ان چیزوں میں کہ آگے

وإن المنافق إذا مرض ثم أعفي كان كالبعير عقله أهله ثم أرسلوه فلم يدر لم عقلوه ولم أرسلوه فقال رجل ممن حوله يا رسول الله

اور تحقیق منافق جب بیمار ہوتا ہے پھر آرام دیا جاتا ہے تو وہ مانند اونٹ کے ہے کہ باندھا اسکو اسکے مالک نے پھر چھوڑ دیا سو نہیں جانا کس واسطے باندھا گیا اور کس واسطے چھوڑا گیا تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ

وما الأسقام والله ما مرضت قط فقال قم عنا فلست منا رواه أبو داود وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى

اور کیا ہیں بیماریاں قسم اللہ کی نہ بیمار ہوا میں کبھی تب فرمایا اٹھ جا ہمارے پاس سے پس نہیں ہے تو ہم سے روایت کیا اسکو ابو داود نے۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم إذا دخلتم على المريض فنفسوا له في أجله فإن ذلك لا يرد شيئا ويطيب بنفسه رواه الترمذي وابن ماجه

اللہ علیہ وسلم نے جس وقت آؤ تم بیمار پاس پھر اسکے غم کو دور کرو اسکی عمر کی درازی میں اسواسطے کہ یہ تسلی دینا نہیں پھیرتا کچھ تقدیر کو اور خوش ہوتی ہے اسکی جان روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن سليمان بن صرد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتله بطنه لم يعذب
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے سلیمان ابن صرد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قتل کیا اسکو اسکے پیٹ نے نہ عذاب کیا جائیگا

في قبره رواه أحمد والترمذي وقال هذا حديث غريب

الفصل الثالث

اپنی قبر میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے فصل تیسری

عن أنس قال كان غلام يهودي يخدم النبي صلى الله عليه وسلم فمرض فأتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده فقعد عند رأسه فقال له أسلم فنظر إلى أبيه وهو عنده
روایت ہے انس سے کہا کہ تھا ایک لڑکا یہودی کہ خدمت کرتا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر بیمار ہوا اور آئے اسکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکو پوچھنے لگے پھر بیٹھے اسکے سر کے پاس اور فرمایا اسکو مسلمان ہو تو دیکھا لڑکے نے اپنے باپ کو

فقال أطع أبا القاسم فأسلم فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وهو يقول الحمد لله الذي أنقذه من النار رواه البخاري
تب کہا اسنے تابعدار ہو ابو القاسم کی پھر مسلمان ہوا تب نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہوئے سب تعریف اللہ کو ہے جسنے نجات دی اسکو دوزخ سے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عاد مريضا نادى مناد من السماء طبت وطاب ممشاك وتبوأت من الجنة منزلا رواه ابن ماجة
اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بیمار کی بیمار پرسی کرے پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے خوش رہا تو اور خوش ہے چلنا تیرا اور بنایا تو نے بہشت میں ایک مقام روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن ابن عباس قال إن عليا خرج من عند النبي صلى الله عليه وسلم في وجعه الذي توفي فيه فقال الناس يا أبا الحسن كيف أصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أصبح بحمد الله بارئا رواه البخاري
اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ حضرت علی نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اس بیماری میں جس میں وفات پائی تب کہا لوگوں نے اے ابو الحسن کس طرح صبح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح کیا شکر خدا کا اچھے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عطاء ابن أبي رباح قال قال لي ابن عباس ألا أريك امرأة من أهل الجنة قلت بلى قال هذه المرأة السوداء أتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله إني أصرع وإني أتكشف فادع الله لي فقال إن شئت صبرت ولك الجنة وإن شئت دعوت الله أن يعافيك فقالت أصبر فقالت إني أتكشف فادع الله أن لا أتكشف فدعا لها متفق عليه
اور روایت ہے عطا ابن ابی رباح سے کہا کہ کہا مجھکو ابن عباس نے کیا نہ دکھلاؤں میں تجھکو ایک عورت بہشت والی کہا میں نے ہاں کہا یہ عورت کالی آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ مجھکو مرگی آتی ہے اور تحقیق میں ڈرتی ہوں کہ ننگی ہو جاتی ہوں سو دعا کیجیے اللہ سے میرے حق میں تب فرمایا اگر چاہے تو صبر کر اور تیرے لئے بہشت ہے اور اگر چاہے تو دعا کروں اللہ سے کہ آرام دیوے تجھکو تب اسنے کہا صبر کرونگی اور تحقیق میں ننگی ہو جاتی ہوں سو دعا کیجیے اللہ سے کہ ننگی نہ ہوں تب دعا کی حضرت نے اسکے لئے

وعن يحيى بن سعيد قال إن رجلا جاءه الموت في زمن رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رجل هنيئا له مات ولم يبتل بمرض فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويحك ما يدريك لو أن الله ابتلاه بمرض فكفر عنه من سيئاته رواه مالك مرسلا
اور روایت ہے یحیی ابن سعید سے کہا کہ تحقیق ایک شخص آئی اسکو موت زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر کہا ایک شخص نے کہ اچھا ہوا اسکو کہ مرا اور نہ گرفتار کیا گیا کسی مرض میں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعجب ہے تجھ سے کس چیز نے خبردار کیا تجھکو تو کیا نفع ہوتا کہ تحقیق اللہ آزماتا اسکو مرض سے پھر دور کرتا اسکے گناہوں کو روایت کیا اسکو مالک نے مرسل

وعن شداد بن أوس والصنابحي أنهما دخلا على رجل مريض يعودانه فقالا له كيف أصبحت قال أصبحت بنعمة قال شداد أبشر بكفارات السيئات وحط الخطايا فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن الله عز وجل يقول
اور روایت ہے شداد ابن اوس اور صنابحی سے کہ دونوں آئے ایک شخص بیمار پاس بیمار پرسی کرتے تھے اسکی تب دونوں نے کہا اسکو کس طرح صبح کی تو نے اسنے کہا صبح کی میں نے ساتھ نعمت کے تب کہا شداد نے خوش ہو ساتھ دور ہونے گناہوں کے اور گر جانے قصوروں کے اسواسطے کہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق اللہ عزوجل فرماتا ہے

إذا أنا ابتليت عبداً من عبادي مؤمناً فحمدني على ما ابتليته فإنه يقوم من مضجعه ذلك كيوم ولدته أمه من
جب میں آزماتا ہوں کسی بندے کو اپنے بندوں میں سے مومن کو پھر تعریف کرتا ہے میری اس چیز پر کہ آزمایا میں نے اسکو سو بیشک وہ اٹھتا ہے اپنے اس سونے کی جگہ سے مثل اس دن کے کہ جنا اسکو اسکی ماں نے

الخطايا ويقول الرب تبارك وتعالى أنا قيدت عبدي وابتليته فأجروا له ما كنتم تجرون له وهو صحيح رواه أحمد وعن
گناہوں سے اور فرماتا ہے رب برکت والا اور برتر میں نے قید کیا اپنے بندے کو اور آزمایا اسکو سو جاری رکھو اسکے لئے جو تم جاری رکھتے تھے اسکے لئے حالت تندرستی میں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے

عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كثرت ذنوب العبد ولم يكن له ما يكفرها من العمل ابتلاه الله تعالى
حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت بہت ہوتے ہیں گناہ بندے کے اور نہیں ہوتا اسکے لئے وہ عمل کہ دور کریں اسکے گناہ آزماتا ہے اسکو اللہ تعالی

بالحزن ليكفرها عنه رواه أحمد وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عاد مريضاً لم يزل يخوض الرحمة حتى
غم سے تاکہ دور کریں گناہ کو اس سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بیمار پرسی کرے مریض کی ہمیشہ تیرتا رہتا ہے رحمت میں یہانتک کہ جب

يجلس فإذا جلس اغتمس فيها رواه مالك وأحمد وعن ثوبان أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا أصاب أحدكم
بیٹھے پھر جب بیٹھتا ہے غوطہ مارتا ہے رحمت میں روایت کیا اسکو مالک اور احمد نے * اور روایت ہے ثوبان سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب پہنچے تم میں سے کسی کو

الحمى فإن الحمى قطعة من النار فليطفئها عنه بالماء فليستنقع في نهر جار وليستقبل جريته فيقول بسم الله اللهم
تپ پھر تحقیق تپ جو ہے ایک ٹکڑا ہے آگ سے پھر چاہئے کہ بجھاوے اسکو اپنے سے ساتھ پانی کے پھر چاہئے کہ بیٹھے بہتے ندی میں اور چاہئے کہ سامنے کھڑا ہووے بہاؤ کے اور کہے ساتھ نام اللہ کے یا الہی

اشف عبدك وصدق رسولك بعد صلاة الصبح قبل طلوع الشمس فلينغمس فيه ثلاث غمسات ثلاثة أيام فإن لم يبرأ
شفا دے اپنے بندے کو اور سچا کر اپنے رسول کو بیچ کرے بعد نماز صبح کے قبل نکلنے آفتاب کے اور چاہئے کہ غوطہ مارا کرے تین غوطے تین دن پھر اگر نہ اچھا ہو

في ثلاث فخمس فإن لم يبرأ في خمس فسبع فإن لم يبرأ في سبع فتسع فإنها لا تكاد تجاوز تسعاً بإذن الله عز وجل رواه الترمذي
تین دن میں تو پانچ دن پھر اگر نہ اچھا ہو پانچ دن میں تو سات دن پھر اگر نہ اچھا ہووے سات دن میں تو نو دن پھر تحقیق تپ نہیں لگتا ہے بڑھکر نو دن سے حکم اللہ عز وجل کے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وعن أبي هريرة قال ذكرت الحمى عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فسبها رجل فقال النبي صلى الله عليه
اور کہا یہ حدیث غریب ہے * اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ ذکر کی گئی تپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر گالی دی اسکو ایک شخص نے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم لا تسبها فإنها تنفي الذنوب كما تنفي النار خبث الحديد رواه ابن ماجه وعنه قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم
وسلم نے کہ گالی مت دو اسکو اسواسطے کہ وہ صاف کرتی ہے گناہوں کو جیسے صاف کرتی ہے آگ میل کو لوہے سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے * اور روایت ہے انہی سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عاد مريضاً فقال أبشر فإن الله تعالى يقول هي ناري أسلطها على عبدي المؤمن في الدنيا لتكون حظه من النار يوم القيمة
بیمار پرسی کی ایک مریض کی اور فرمایا خوش ہو اسواسطے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے تپ میری آگ ہے غالب کرتا ہوں اسکو اپنے مومن بندے پر دنیا میں تاکہ ہووے بدلا اسکا آگ سے دن قیامت کے

رواه أحمد وابن ماجه والبيهقي في شعب الإيمان وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن الرب سبحانه وتعالى
روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں * اور روایت ہے انس سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق رب سبحانہ وتعالے

يقول وعزتي وجلالي لا أخرج أحداً من الدنيا أريد أغفر له حتى أستوفي كل خطيئة في عنقه بسقم في بدنه
فرماتا ہے قسم ہے اپنی عزت اور بزرگی کی نہیں نکالتا ہوں کسیکو دنیا سے اور چاہتا ہوں کہ بخشوں اسکو یہانتک کہ پورا بدلا لیتا ہوں سب گناہ کا جو اسکی گردن پر ہیں ساتھ بیماری اسکے بدن کی

وإقتار في رزقه رواه رزين وعن شقيق قال مرض عبد الله بن مسعود فعدناه فجعل يبكي فعوتب فقال
اور ساتھ تنگی کے اسکی روزی میں روایت کیا اسکو رزین نے * اور روایت ہے شقیق سے کہا کہ بیمار ہوا عبد اللہ بن مسعود پھر بیمار پرسی کی ہم نے انکی پس شروع کیا رونا پس غصہ ہوئے لوگ اور کہا

إني لا أبكي لأجل المرض لأني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول المرض كفارة وإنما أبكي أنه أصابني على حال فترة
تحقیق میں نہیں روتا ہوں مرض کے سبب سے تحقیق میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے مرض دور کرنے والا گناہ کا ہے اور سوائے اس کے نہیں روتا ہوں میں اسلئے کہ پہنچی مجھ کو بیماری حالت

ولم يصبني في حال اجتهاد لأنه يكتب للعبد من الأجر إذا مرض ما كان يكتب له قبل أن يمرض فمنعه منه المرض
اور نہ پہنچی مجھکو حالت جوانی میں اسواسطے کہ لکھا جاتا ہے بندہ کے واسطے ثواب جس وقت کہ بیمار ہوتا ہے جسقدر کہ تھا لکھا جاتا اسکے لئے قبل بیمار ہونے کے اور باز رکھا بندے کو اس عمل سے مرض نے

رواه رزين وعن أنس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يعود مريضا إلا بعد ثلث رواه ابن ماجة والبيهقي في شعب الإيمان
روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ بیمار پرسی کرتے بیمار کی مگر تین رات کے بعد روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن عمر بن الخطاب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دخلت على مريض فمره يدعو لك فإن دعاءه كدعاء
اور روایت ہے عمر ابن خطاب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے تو بیمار پاس تو کہہ اسکو کہ دعا کرے تیرے واسطے اسواسطے کہ اسکی دعا مانند دعا

الملائكة رواه ابن ماجة وعن ابن عباس قال من السنة تخفيف الجلوس وقلة الصخب في العيادة عند المريض قال
فرشتوں کے ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا سنت ہے کم بیٹھنا اور کم شور کرنا عیادت میں مریض کے پاس کہا ابن عباس نے

وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما كثر لغطهم واختلافهم قوموا عني رواه رزين وعن أنس قال قال رسول
اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت بہت ہوئی آوازیں اور اختلاف انکا اٹھ جاؤ میرے پاس سے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم العيادة فواق ناقة وفي رواية سعيد بن المسيب مرسلا أفضل العيادة سرعة القيام رواه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیمار پرسی کرنا مقدار فواق ناقہ کے ہے اور ایک روایت میں سعید ابن مسیب سے مرسل روایت ہے کہ افضل بیمار پرسی کرنا جلد اٹھنا ہے روایت کیا اسکو

البيهقي في شعب الإيمان وعن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم عاد رجلا فقال له ما تشتهي قال أشتهي خبز بر قال النبي صلى الله
بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیمار پرسی کی ایک شخص کی اور فرمایا اسکو کیا خواہش رکھتا ہے کہا خواہش رکھتا ہوں روٹی

عليه وسلم من كان عنده خبز بر فليبعث إلى أخيه ثم قال النبي صلى الله عليه وسلم إذا اشتهى مريض أحدكم شيئا فليطعمه رواه ابن ماجة
علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہووے اسکے پاس روٹی گیہوں کی پس چاہئے کہ بھیجے اپنے بھائی پاس پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت خواہش کرے بیمار تم میں سے کسی کا کسی چیز کی پس چاہئے کہ کھلاوے اسکو روایت کیا اسکو

وعن عبد الله بن عمرو قال توفي رجل بالمدينة ممن ولد بها فصلى عليه النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا ليته مات بغير مولده
اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ مرا ایک شخص مدینہ میں ان شخصوں میں سے جو مدینے کی پیدائش تھے پھر نماز پڑھی اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کیا اچھا تھا کہ وہ مرتا سوا

قالوا ولم ذاك يا رسول الله قال إن الرجل إذا مات بغير مولده قيس له من مولده إلى منقطع أثره في الجنة رواه
عرض کیا صحابہ نے اور کسواسطے یہ آرزو ہے یا رسول اللہ فرمایا تحقیق شخص جب مرتا ہے اپنے وطن کے سوا دوسری جگہ میں اندازہ کیا جاتا ہے اسکے لئے اسکے وطن سے وہاں تک کہ اسکے پاؤں کا منقطع ہوا ہے بہشت میں

النسائي وابن ماجة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم موت غربة شهادة رواه ابن ماجة وعن
نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت مسافرت کی شہادت ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات مريضا مات شهيدا أو وقي فتنة القبر وغدي وريح عليه برزقه من
ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مرے بیمار ہو کر مرا شہید اور بچایا جاتا ہے آزمائش قبر سے اور صبح اور شام اسکو اسکی روزی

الجنة رواه ابن ماجة والبيهقي في شعب الإيمان وعن العرباض بن سارية أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يختصم
بہشت سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عرباض ابن ساریہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جھگڑینگے

الشهداء والمتوفون على فرشهم الى ربنا عز وجل في الذين يتوفون من الطاعون فيقول الشهداء اخواننا قتلوا كما قتلنا ويقول

شہید ہیں اور وہ لوگ جو مرے ہیں اپنے بچھونوں پر ہمارے پروردگار عزوجل پاس ان لوگوں کے حق میں جو مرے ہیں وبا میں تب کہینگے شہید وہ لوگ ہمارے بھائی ہیں قتل کئے گئے جیسے قتل کئے گئے ہم

المتوفون اخواننا ماتوا على فرشهم كما متنا فيقول ربنا انظروا الى جراحتهم فان اشبهت جراحهم جراح المقتولين فانهم منهم

وہ لوگ جو مرے اپنے بچھونوں پر یہ بھائی ہمارے ہیں مرے اپنے بچھونوں پر جیسے ہم مرے تب فرماویگا ہمارا رب دیکھو انکے زخم کو پھر اگر مشابہ ہے زخم انکا شہیدوں کے زخم سے تو وہ لوگ ان میں سے ہیں

ومعهم فاذا جراحهم قد اشبهت جراحهم رواه احمد والنسائي وعن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

اور ان کے ساتھ ہیں پھر دیکھینگے تو زخم انکا مشابہ ہے زخم شہیدوں کے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے جابر سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

الفار من الطاعون كالفار من الزحف والصابر فيه له اجر شهيد رواه احمد

بھاگنے والا وبا سے مانند بھاگنے والے جہاد سے ہے اور ٹھہرنے والا وبا میں اسکو ثواب ہے شہید کا روایت کیا اسکو احمد نے

باب تمني الموت وذكره الفصل الاول عن

یہ باب ہے موت کے آرزو کرنے اور اسکے یاد کرنے کے بیان میں فصل پہلی

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتمنى احدكم الموت اما محسنا فلعله ان يزداد خيرا واما مسيئا فلعله ان يستعتب

ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آرزو کرے ایک تمہارا مرنے کی وہ یا نیک ہے پھر شاید کہ وہ زیادہ کرے نیکی اور یا بد ہے پھر شاید کہ وہ خوش کرے اللہ کو

رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتمنى احدكم الموت ولا يدع به من قبل ان ياتيه انه

توبہ کرکے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آرزو کرے ایک تمہارا موت کی اور نہ دعا کرے موت کی قبل اسکے کہ آوے اسکو موت بیشک

اذا مات انقطع امله وانه لا يزيد المؤمن عمره الا خيرا رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

جسوقت کہ مرتا ہے تو توقف ہوتی ہے اسکی امید سے کہ نہیں زیادہ کرتی مومن کو عمر اسکی مگر نیکی میں روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا يتمنين احدكم الموت من ضر اصابه فان كان لا بد فاعلا فليقل اللهم احيني ما كانت الحيوة خيرا لي وتوفني اذا كانت

نہ آرزو کرے ایک تمہارا موت کی بسبب ضرر کے کہ پہنچے اسکو پھر اگر ہے ضرور کرنے والا تو چاہیے کہ کہے یا الٰہی زندہ رکھ مجھکو جب تک کہ ہو زندگی بہتر میرے واسطے اور مار ڈال مجھکو جسوقت

الوفاة خيرا لي متفق عليه وعن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احب لقاء الله احب الله لقاءه

وفات بہتر میرے لئے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دوست رکھے ملاقات اللہ کی دوست رکھے اللہ ملاقات اسکی

ومن كره لقاء الله كره الله لقاءه فقالت عائشة او بعض ازواجه انا لنكره الموت قال ليس ذلك ولكن المؤمن اذا

اور جو شخص ناخوش رکھے ملاقات اللہ کی ناخوش رکھے اللہ ملاقات اسکی تب کہا حضرت عائشہ یا اور کسی بی بی نے حضرت کی بیشک ہم ناخوش رکھتی ہیں موت کو فرمایا نہیں ہے ایسا ولیکن مومن جسوقت کہ

حضره الموت بشر برضوان الله وكرامته فليس شيء احب اليه مما امامه فاحب لقاء الله واحب الله

آتی ہے اسکی موت خوشخبری دیا جاتا ہے ساتھ خوش ہونے اللہ کے اور بزرگ رکھنے اللہ کے اسکو پھر نہیں ہے کوئی چیز پیاری زیادہ اسکے نزدیک اس چیز سے کہ اسکے آگے ہے پھر دوست رکھتا ہے ملاقات اللہ کی اور دوست رکھتا ہے اللہ

لقاءه وان الكافر اذا حضر بشر بعذاب الله وعقوبته فليس شيء اكره اليه

ملاقات اسکی اور تحقیق کافر جب لائی جاتی ہے اسکی موت خبر دیا جاتا ہے اللہ کے عذاب اور اسکے غضب کی پھر نہیں ہے کوئی چیز ناخوش زیادہ اسکے نزدیک

مما امامه فكره لقاء الله وكره الله تعالى لقاءه متفق عليه وفي رواية

اس چیز سے کہ آگے اسکے ہے یعنے موت پھر ناخوش رکھتا ہے ملاقات اللہ کی اور ناخوش رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ملاقات اسکی ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں

عائشة والموت قبل لقاء الله وعن ابي قتادة انه كان يحدث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر

عائشہ کی یہ ہے اور موت پہلے ہے اللہ کی ملاقات کے ۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ وہ خبر دیتا تھا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایا گیا

عليه بجنازة فقال مستريح او مستراح منه فقالوا يا رسول الله ما المستريح وما المستراح منه فقال العبد المؤمن

ان کے پاس جنازہ تب فرمایا یہ مردہ آرام پانے والا یا آرام دیا گیا اس سے تب عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا ہے آرام پانے والا اور کیا ہے آرام دیا گیا اس سے تب فرمایا بندہ مؤمن

يستريح من نصب الدنيا واذاها الى رحمة الله والعبد الفاجر يستريح منه العباد والبلاد والشجر والدواب متفق عليه

آرام پاتا ہے دنیا کے رنج سے اور اس کی ایذا سے اور جاتا ہے اللہ کی رحمت میں اور بندہ بدکار آرام پاتے ہیں اس سے بندے اور شہر اور درخت اور جانور ق

وعن عبد الله بن عمر قال اخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بمنكبي فقال كن في الدنيا كانك غريب او عابر سبيل وكان

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ پکڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا دونوں مونڈھا اور فرمایا رہ دنیا میں گویا کہ تو مسافر ہے یا گذرنے والا راہ کا اور تھے

ابن عمر يقول اذا امسيت فلا تنتظر الصباح واذا اصبحت فلا تنتظر المساء وخذ من صحتك لمرضك ومن حياتك

ابن عمر کہتے جب شام کرے تو تو مت انتظار کر صبح کی اور جب صبح کرے تو تو مت انتظار کر شام کی اور لے تو اپنی تندرستی سے اپنے مرض کے لئے اور لے اپنی حیات سے

لموتك رواه البخاري وعن جابر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل موته بثلاثة ايام يقول لا يموتن

اپنی موت کے لئے ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت کی وفات کے تین دن پہلے فرماتے تھے نہ مرے

احدكم الا وهو يحسن الظن بالله رواه مسلم

الفصل الثاني

عن معاذ بن جبل قال قال رسول الله صلى الله

تم میں سے کوئی مگر اس حالت سے کہ وہ نیک گمان رکھتا ہو اللہ کے ساتھ ف روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ان شئتم انبأتكم ما اول ما يقول الله للمؤمنين يوم القيمة وما اول ما يقولون له قلنا نعم يا رسول الله

علیہ وسلم نے اگر چاہو تم خبر دوں تم کو اس چیز کی کہ پہلے فرماویگا اللہ مومنوں کو قیامت کے دن اور کیا ہے پہلی چیز کہ کہینگے مومنین اللہ سے کہا ہمنے ہاں یا رسول اللہ

قال ان الله يقول للمؤمنين هل احببتم لقائي فيقولون نعم يا ربنا فيقول لم اذنتم فيقولون رجونا عفوك و

فرمایا تحقیق اللہ فرماویگا مومنوں کو کیا دوست رکھتے تھے تم میری ملاقات کو کہینگے ہاں اے رب ہمارے پھر فرماویگا سو واسطے کس کے کیا تمنے تب کہینگے امید رکھتے تھے ہم تیرے عفو کی اور

مغفرتك فيقول قد وجبت لكم مغفرتي رواه في شرح السنة وابو نعيم في الحلية وعن ابي هريرة قال قال رسول الله

تیرے بخشنے کی تب فرماویگا تحقیق واجب ہوئی تمہارے واسطے مغفرت میری روایت کیا اسکو شرح سنۃ میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اكثروا ذكر هاذم اللذات الموت رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وعن ابن مسعود ان النبي صلى الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت کرو یاد ڈھانے والی لذتوں کی جو موت ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ

عليه وسلم قال ذات يوم لاصحابه استحيوا من الله حق الحياء قالوا انا نستحيي من الله يا نبي الله والحمد لله قال ليس ذلك

علیہ وسلم نے فرمایا ایک روز اپنے اصحاب کو حیا کرو اللہ سے جیسا کہ لائق ہے حیا کا عرض کی تحقیق ہم لوگ حیا کرتے ہیں اللہ سے اے نبی اللہ اور تعریف اللہ کو ہے فرمایا نہیں یہ

ولكن من استحيى من الله حق الحياء فليحفظ الرأس وما وعى وليحفظ البطن وما حوى وليذكر الموت والبلى ومن

ولیکن جو شخص کہ حیا کرے اللہ سے جیسا کہ حق ہے حیا کا تو چاہیے کہ نگاہ رکھے سر کو اور جو کچھ کہ سر میں ہے اور نگاہ رکھے پیٹ کو اور جو کچھ کہ جمع کیا اس نے اور چاہیے کہ یاد کرے

اراد الآخرة ترك زينة الدنيا فمن فعل ذلك فقد استحيى من الله حق الحياء رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث

کہ چاہے آخرت کو چھوڑ دے دنیا کی زینت کو سو جو شخص کرے یہ پھر تحقیق اس نے حیا کیا اللہ سے جیسا کہ حق حیا کا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غريب وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحفة المؤمن الموت رواه البيهقي في شعب الايمان

غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحفہ مومن کا موت ہے ف روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المؤمن يموت بعرق الجبين رواه الترمذي والنسائي وابن ماجه وعن
اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن مرتا ہے ساتھ پسینہ پیشانی کے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے

عبد الله بن خالد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم موت الفجاءة اخذة الاسف رواه ابو داود وزاد البيهقي في شعب
عبد اللہ ابن خالد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت اچانک کی ایک پکڑ ہے غضب کا یہی ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور زیادہ کیا بیہقی نے شعب

الايمان ورزين في كتابه اخذة اسف للكافر ورحمة للمؤمن وعن انس قال دخل النبي صلى الله عليه وسلم على شاب
الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں یہہ لفظ پکڑ ہے غضب کا واسطے کافر کے اور رحمت مومن کے واسطے ہے * اور روایت ہے انس سے کہا کہ تشریف لے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک جوان کے

وهو في الموت فقال كيف تجدك قال ارجو الله يا رسول الله واني اخاف ذنوبي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اور وہ موت کی حالت میں تھا تب فرمایا کس طرح پاتا ہے تو اپنے تئیں کہا امید رکھتا ہوں اللہ سے یا رسول اللہ اور بیشک میں ڈرتا ہوں اپنے گناہوں سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لا يجتمعان في قلب عبد في مثل هذا الموطن الا اعطاه الله تعالى ما يرجو وامنه مما يخاف رواه الترمذي وابن ماجه
نہیں اکٹھے ہوتے خوف اور امید دل میں کسی بندہ کے مانند اس جگہ کے مگر دیتا ہے اسکو اللہ تعالی جس چیز کی امید رکھتا ہے اور ڈر سے جس چیز کے ڈرتا ہے امن دیتا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث غريب

الفصل الثالث

عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تمنوا الموت فان
اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے * فصل تیسری روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آرزو کرو موت کی پھر تحقیق

هول المطلع شديد وان من السعادة ان يطول عمر العبد ويرزقه الله عز وجل الانابة رواه احمد وعن ابي امامة قال
دہشت موت کی سخت ہے اور تحقیق نیکبختی میں سے ہے یہہ کہ دراز ہو عمر بندے کی اور روزی دے اسکو اللہ عزوجل توبہ کرنے کی روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ

جلسنا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرنا ورققنا فبكى سعد بن ابي وقاص فاكثر البكاء فقال يا ليتني مت فقال
بیٹھے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر نصیحت کی ہمکو حضرت نے اور نرم کر دیا ہمارے دل کو پھر روئے سعد ابن ابی وقاص اور زیادہ روئے پھر کہا اچھا ہوتا کہ میں مرجاتا تب فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يا سعد اعندي تتمنى الموت فردد ذلك ثلث مرات ثم قال يا سعد ان كنت خلقت للجنة
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے سعد کیا میرے پاس آرزو کرتا ہے موت کی پھر فرمایا اسکو تین بار بعد اسکے فرمایا اے سعد اگر ہے تو پیدا کیا گیا بہشت کے لئے

فما طال عمرك وحسن من عملك فهو خير لك رواه احمد وعن حارثة بن مضرب قال دخلت على خباب وقد
تو جسقدر دراز ہوگی عمر تیری اور نیک ہوگا عمل تیرا سو وہ بہتر ہے تیرے لئے روایت کیا اسکو احمد نے * اور روایت ہے حارثہ ابن مضرب سے کہا کہ گیا میں خباب پاس ف اور تحقیق

اكتوى سبعا فقال لولا اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يتمن احدكم الموت لتمنيته ولقد
انھوں نے داغ لیا تھا سات جگہ کہا اگر نہ ہوتی یہہ بات کہ سنا ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ نہ آرزو کرے کوئی تمہارا موت کی تو آرزو کرتا میں اسکی ف اور تحقیق

رايتني مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ما املك درهما وان في جانب بيتي الان لاربعين الف درهم قال ثم اتي بكفنه
دیکھا میں نے اپنی تئیں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ مالک تھا ایک درم کا اور بیشک بیچ گھر کے کونے میں اب چالیس ہزار درہم ہیں کہا حارث نے پھر لایا گیا کفن انکا

فلما راه بكى وقال لكن حمزة لم يوجد له كفن الا بردة ملحاء اذا جعلت على راسه قلصت عن قدميه واذا جعلت
سو جب دیکھا کفن تو روئے اور کہا لیکن حمزہ ف کو نہ ملا ان کے لئے کفن مگر ایک چادر سفید سیاہ خطی جب ڈالی جاتی سر پر کھسک جاتی ان کے قدموں سے اور جب ڈالی جاتی

على قدميه قلصت عن راسه حتى مدت على راسه وجعل على قدميه الاذخر رواه احمد والترمذي الا انه لم يذكر
ان کے قدموں پر کھسک جاتی ان کے سر سے یہاں تک کہ کھینچی گئی ان کے سر پر اور رکھی گئی ان کے قدموں پر لونگ گھاس روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے مگر تحقیق اسنے نہ ذکر کیا

ثم اتی بکفنہ الی اخرہ

باب ما یقال عند من حضرہ الموت

الفصل الاول

عن ابی سعید وابی ھریرۃ قالا

ثم اتی بکفنہ آخر تک۔ یہ باب ہے بیان میں اس چیز کے کہ کہا جاوے اسکے پاس کہ موت نزدیک ہو۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابی سعید اور ابوہریرہ سے دونوں نے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقنوا موتاکم لا الہ الا اللہ رواہ مسلم وعن ام سلمۃ قالت قال رسول اللہ صلی

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سامنے پڑھو اسکے جو مرتا ہے تم میں سے لا الہ الا اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم اذا حضرتم المریض او المیت فقولوا خیرا فان الملائکۃ یؤمنون علی ما تقولون رواہ مسلم وعنہا قالت

اللہ علیہ وسلم نے جب حاضر ہو تم بیمار کے یا مرنے والے کے تب کہو بھلی بات اسواسطے کہ فرشتے آمین کہتے ہیں اس بات پر جو تم کہتے ہو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام سلمہ سے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مسلم تصیبہ مصیبۃ فیقول ما امرہ اللہ تعالی بہ انا للہ وانا الیہ راجعون

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ پہنچے اسکو مصیبت پس کہے وہ چیز کہ حکم فرمایا اسکو اللہ تعالی نے اسکے کہنے کا بیشک ہم ہیں اللہ کے اور بیشک ہم اسی کے پاس

اللہم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منہا الا اخلف اللہ لہ خیرا منہا فلما مات ابو سلمۃ قلت ای المسلمین

یا الٰہی ثواب دے مجھکو میری مصیبت میں اور بدلا دے مجھکو بہتر مصیبت سے مگر بدلا دیتا ہے اللہ اسکو بہتر اس سے پھر جب مرے ابو سلمہ کہا میں نے کہ کون مسلمان

خیر من ابی سلمۃ اول بیت ہاجر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم انی قلتہا فاخلف اللہ لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

بہتر ہوگا ابی سلمہ سے پہلا گھر والا کہ ہجرت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تحقیق کہا میں نے اس دعا کو پھر ابو سلمہ کے بدلے میں دیا اللہ نے مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم رواہ مسلم وعنہا قالت دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ابی سلمۃ وقد شق بصرہ فاغمضہ ثم قال ان

وسلم کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابو سلمہ کے پاس اور حال یہ ہے کہ کھلی رہ گئی تھیں آنکھیں اسکی پھر بند کیا اسکو بعد فرمایا کہ

الروح اذا قبض تبعہ البصر فضج ناس من اہلہ فقال لا تدعوا علی انفسکم الا بخیر فان الملائکۃ یؤمنون علی ما تقولون ثم

روح جب قبض کی جاتی ہے پیچھے جاتی ہے اسکے نگاہ پس چلائے لوگ اسکے گھر کے تب فرمایا حضرت نے دعا کرو اپنی جانوں پر مگر بھلی پھر تحقیق فرشتے آمین کہتے ہیں اس بات پر کہ کہتے ہو تم پھر

قال اللہم اغفر لابی سلمۃ وارفع درجتہ فی المہدیین واخلفہ فی عقبہ فی الغابرین واغفر لنا ولہ یا رب العالمین وافسح

کہا حضرت نے یا الٰہی بخش ابو سلمہ کو اور بلند کر اسکا درجہ راہ پانے والوں میں اور اسکا جانشین کر اسکے پیچھے باقی ماندوں میں اور بخش ہمارے لئے اور اسکے لئے اے پروردگار عالم اور

لہ فی قبرہ ونور لہ فیہ رواہ مسلم وعن عائشۃ قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین توفی سجی ببرد حبرۃ متفق

اسکے لئے اسکی قبر میں اور روشن کر اسکے لئے قبر میں روایت کیا اسکو مسلم اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ وفات پایا ڈھانکے گئے یمن کی چادر سے

علیہ

الفصل الثانی

عن معاذ بن جبل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان آخر کلامہ لا الہ الا اللہ دخل

ق۔ فصل دوسری۔ روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہوئے آخر کلام اسکا لا الہ الا اللہ داخل ہوا

الجنۃ رواہ ابو داود وعن معقل بن یسار قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقرءوا سورۃ یس علی موتاکم رواہ احمد

بہشت میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے معقل ابن یسار سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو تم سورۃ یس اپنے مردوں پر روایت کیا اسکو احمد

وابو داود وابن ماجہ وعن عائشۃ قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل عثمان بن مظعون وہو میت وہو یبکی حتی سال

اور ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ دیا عثمان ابن مظعون کو اور وہ مرے تھے اور حضرت روتے تھے یہاں تک کہ بہا

دموع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی وجہ عثمان رواہ الترمذی وابو داود وابن ماجہ وعنہا قالت ان ابا بکر قبل النبی صلی اللہ علیہ وسلم

آنسو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ پر عثمان کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تحقیق ابوبکر نے بوسہ دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

وهو ميت رواه الترمذي وابن ماجه وعن حصين بن وحوح أن طلحة بن البراء مرض فأتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده فقال

اور وہ وفات پائے تھے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے حصین ابن وحوح سے کہ تحقیق طلحہ ابن براء بیمار ہوا پھر تشریف لائے اسکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی

إني لا أرى طلحة إلا قد حدث به الموت فآذنوني به وعجلوا فإنه لا ينبغي لجيفة مسلم أن تحبس بين ظهراني أهله رواه

تحقیق میں نہیں گمان کرتا ہوں مگر یہ کہ تحقیق آئی ہے اسکو موت سو خبر دینا مجھکو اسکے مرنے کی اور جلدی کرو دفن کفن میں تحقیق نہیں لائق ہے مسلمان مردے کے واسطے کہ روک رکھا جاوے اپنے گھر والوں میں روایت

أبو داود **الفصل الثالث** عن عبد الله بن جعفر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقنوا موتاكم لا إله إلا الله

ابوداود نے فصل تیسری روایت ہے عبد اللہ ابن جعفر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھاؤ اپنے مردوں کو کہ نہیں کوئی معبود برحق اللہ

الحليم الكريم سبحان الله رب العرش العظيم والحمد لله رب العالمين قالوا يا رسول الله كيف للأحياء

جو تحمل والا بزرگ ہے پاک ذات ہے اللہ پروردگار عرش بزرگ کا اور سب تعریف اللہ کو جو صاحب سارے جہاں کا کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کس طرح ہے انکا سکھانا زندوں کو

قال أجود وأجود رواه ابن ماجه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الميت تحضره الملائكة فإذا كان

فرمایا بہت بہت اچھا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرنے والے کے پاس حاضر ہوتے ہیں فرشتے پھر جب ہوتا ہے

الرجل صالحا قالوا اخرجي أيتها النفس الطيبة كانت في الجسد الطيب اخرجي حميدة وأبشري بروح وريحان ورب غير غضبان

شخص نیک کہتے ہیں نکل ای جان پاک جو تھی جسم پاک میں نکل سرائی گئی اور خوش ہو ساتھ خبر راحت اور رزق پاک کے اور ساتھ رب کے جو غصہ نہو

فلا تزال يقال لها ذلك حتى تخرج ثم يعرج بها إلى السماء فيفتح لها فيقال من هذا فيقولون فلان فيقال مرحبا بالنفس

پھر ہمیشہ کہا جاتا ہے اسکو یہانتک کہ نکلے پھر چڑھائے جاتے ہیں اسکو آسمان کی طرف پھر کھولا جاتا ہے اسکے واسطے دروازہ پھر کہا جاتا ہے کون ہے یہ پس کہتے ہیں فلانا تب کہا جاتا ہے کہ خوشی ہو جان

الطيبة كانت في الجسد الطيب ادخلي حميدة وأبشري بروح وريحان ورب غير غضبان فلا تزال يقال لها ذلك حتى ينتهي

پاک کے لئے جو تھی جسم پاک میں داخل ہو سرائی گئی اور خوش ہو ساتھ خبر راحت کے اور رزق پاک کے اور ساتھ رب کے جو غصہ نہو پھر ہمیشہ کہا جاتا ہے اسکے لئے یہانتک کہ پہنچتا ہے

إلى السماء التي فيها الله فإذا كان الرجل السوء قال اخرجي أيتها النفس الخبيثة كانت في الجسد الخبيث اخرجي ذميمة وأبشري بحميم

اس آسمان تک جہاں اللہ ہے پھر جب ہوتا ہے شخص بد کہتے ہیں نکل ای جان ناپاک تھی جسم ناپاک میں نکل مذمت کی گئی اور خوش ہو ساتھ پانی گرم

وغساق وآخر من شكله أزواج فلا تزال يقال لها ذلك حتى تخرج ثم يعرج بها إلى السماء فيفتح لها فيقال من هذا فيقال فلان

اور پیپ اور ساتھ عذاب دوسرے اسی شکل کے کئی قسم پھر ہمیشہ کہا جاتا ہے اسکے لئے یہانتک کہ نکلتی ہے پھر چڑھاتے ہیں اسکو آسمان کی طرف پھر کھولا جاتا ہے دروازہ اسکے لئے اور کہا جاتا ہے کون ہے یہ پس کہا جاتا ہے فلانا

فيقال لا مرحبا بالنفس الخبيثة كانت في الجسد الخبيث ارجعي ذميمة فإنها لا تفتح لك أبواب السماء فترسل من السماء

تب کہا جاتا ہے نہیں جگہ ہے جان ناپاک کو جو تھی جسم ناپاک میں پھر جا مذمت کی گئی اسواسطے کہ نہیں کھولے جاوینگے تیرے واسطے دروازے آسمان کے پھر ڈالی جاتی ہے آسمان سے

ثم تصير إلى القبر رواه ابن ماجه وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا خرجت روح المؤمن تلقاها ملكان يصعدانها

تب پھر آتی ہے قبر کے پاس روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نکلتی ہے جان مومن کی لیتے ہیں اسکو دو فرشتے اور چڑھا جاتے ہیں

قال حماد فذكر من طيب ريحها وذكر المسك قال ويقول أهل السماء روح طيبة جاءت من قبل الأرض صلى الله عليك وعلى

کہا حماد نے پھر ذکر کیا حضرت نے اس جان کی خوشبو کا اور ذکر کیا مشک کا فرمایا حضرت نے اور کہتے ہیں اہل آسمان جان پاک ہے آئی ہے زمین کی طرف سے رحمت بھیجے اللہ تجھ پر اور اس

جسد كنت تعمرينه فينطلق به إلى ربه ثم يقول انطلقوا به إلى آخر الأجل قال وإن الكافر إذا خرجت روحه قال حماد

جسم پر جسکو تو آباد کرتی تھی پھر اسکو لیجاتے ہیں اسکے رب پاس پھر فرماتا ہے لیجاؤ اسکو آخر مدت تک فرمایا اور تحقیق کافر جب نکلتی ہے اسکی جان کہا حماد نے

وَذُكِرَ مِنْ نَتْنِهَا وَذُكِرَ لَعْنًا وَيَقُولُ اَهْلُ السَّمَاءِ رُوْحٌ خَبِيْثَةٌ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ الْاَرْضِ فَيُقَالُ اِنْطَلِقُوْا بِهٖ اِلٰى اٰخِرِ الْاَجَلِ قَالَ

اور ذکر کیا حضرت نے اسکی بدبو کا اور ذکر کیا لعنت کا اور کہتے ہیں اہل آسمان جان ناپاک ہے آئی ہے زمین کی طرف سے پھر کہا جاتا ہے لیجاؤ اسکو آخر مدت تک اور کہا

اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَيْطَةً كَانَتْ عَلَيْهِ عَلٰى اَنْفِهٖ هٰكَذَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابوہریرہ نے پھر رکھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر جو ان پر تھی اپنی ناک پر اس طرح روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حُضِرَ الْمُؤْمِنُ اَتَتْ مَلٰٓئِكَةُ الرَّحْمَةِ بِحَرِيْرَةٍ بَيْضَاءَ فَيَقُوْلُوْنَ اُخْرُجِيْ رَاضِيَةً مَّرْضِيًّا عَنْكِ اِلٰى رَوْحِ اللّٰهِ وَرَيْحَانٍ

علیہ وسلم نے جب حاضر کی جاتی ہے موت مومن کو تو لاتے ہیں فرشتے رحمت کے سفید ریشم پھر کہتے ہیں نکل تو راضی اللہ سے اور اللہ راضی کیا گیا تجھ سے چل طرف رحمت اللہ کے اور روزی

وَرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَتَخْرُجُ كَاَطْيَبِ رِيْحِ الْمِسْكِ حَتّٰى اَنَّهٗ لَيُنَاوِلُهٗ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتّٰى يَاْتُوْا بِهٖ اَبْوَابَ السَّمَاءِ فَيَقُوْلُوْنَ

اور طرف رب کے جو غصہ کرنے والا نہیں پھر نکلتی ہے مانند اچھی خوشبو مشک کے یہانتک کہ حال یہہ ہے کہ لیتے ہیں اس جان کو ایک فرشتے دوسرے سے یہانتک کہ لاتے ہیں اسکو دروازے آسمان پر

مَا اَطْيَبَ هٰذِهِ الرِّيْحَ الَّتِيْ جَاءَتْكُمْ مِنَ الْاَرْضِ فَيَاْتُوْنَ بِهٖ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَهُمْ اَشَدُّ فَرَحًا بِهٖ مِنْ اَحَدِكُمْ بِغَائِبِهٖ يَقْدَمُ

کیا اچھی ہے خوشبو جو آئی ہے تمہارے پاس زمین سے پھر لاتے ہیں اسکو مومنوں کی ارواح پاس پھر تحقیق وے لوگ بہت خوش ہوتے ہیں اس سے مانند ایک تمہارے کے خوش ہوتا ہے اپنے غائب سے کہ آتا ہے

عَلَيْهِ فَيَسْاَلُوْنَهٗ مَاذَا فَعَلَ فُلَانٌ مَاذَا فَعَلَ فُلَانٌ فَيَقُوْلُوْنَ دَعُوْهُ فَاِنَّهٗ كَانَ فِيْ غَمِّ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ قَدْ مَاتَ اَمَا اَتَاكُمْ

اس کے پاس اور پوچھتے ہیں اس سے کیا کیا فلانے نے کیا کیا فلانے نے پھر کہتے ہیں چھوڑ دو اسکو اس واسطے کہ وہ تھا دنیا کے غم میں پھر وہ کہتا ہے کہ تحقیق وہ مر گیا کیا نہیں آیا تمہارے پاس

فَيَقُوْلُوْنَ قَدْ ذُهِبَ بِهٖ اِلٰى اُمِّهِ الْهَاوِيَةِ وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا احْتُضِرَ اَتَتْهُ مَلٰٓئِكَةُ الْعَذَابِ بِمِسْحٍ فَيَقُوْلُوْنَ اُخْرُجِيْ سَاخِطَةً مَّسْخُوْطًا

تب کہتے ہیں تحقیق اسکو لے گئے اسکی ماں ہاویہ پاس اور تحقیق کافر جب حاضر ہوتی ہے موت لاتے ہیں اسکے پاس فرشتے عذاب کے ٹاٹ اور کہتے ہیں نکل ناخوش اور ناخوشی کی گئی

عَلَيْكِ اِلٰى عَذَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَتَخْرُجُ كَاَنْتَنِ رِيْحِ جِيْفَةٍ حَتّٰى يَاْتُوْنَ بِهٖ اِلٰى بَابِ الْاَرْضِ فَيَقُوْلُوْنَ مَا اَنْتَنَ هٰذِهِ الرِّيْحَ حَتّٰى يَاْتُوْنَ

تجھ پر عذاب کی طرف اللہ عزوجل کے پھر نکلتی ہے روح مانند گندی بو مردار کے یہانتک کہ لاتے ہیں اسکو زمین کے دروازہ پاس پھر کہتے ہیں کیا گندی ہے یہہ بو یہانتک کہ لاتے ہیں

بِهٖ اَرْوَاحَ الْكُفَّارِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ

اسکو کافروں کی ارواح پاس روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازے میں ایک مرد انصاری کے

فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهٗ كَاَنَّ عَلٰى رُءُوْسِنَا الطَّيْرَ وَفِيْ يَدِهٖ عُوْدٌ يَنْكُتُ

پھر پہنچے ہم قبر پاس اور ابھی تک لحد میں نہ رکھا تھا پھر بیٹھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بیٹھے ہم لوگ ان کے آس پاس گویا کہ ہمارے سروں پر جڑیاں تھیں اور حضرت کے ہاتھ میں لکڑی

بِهٖ فِي الْاَرْضِ فَرَفَعَ رَاْسَهٗ فَقَالَ اسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ اِذَا كَانَ فِي انْقِطَاعٍ مِّنَ

اس سے زمین میں پھر اٹھایا اپنا سر اور فرمایا پناہ مانگو ساتھ اللہ کے عذاب قبر سے یہہ فرمایا دو بار یا تین بار پھر فرمایا تحقیق بندہ مومن جب ہوتا ہے چھوڑنے میں

الدُّنْيَا وَاِقْبَالٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ نَزَلَ اِلَيْهِ مَلٰٓئِكَةٌ مِّنَ السَّمَاءِ بِيْضُ الْوُجُوْهِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الشَّمْسُ مَعَهُمْ كَفَنٌ مِّنْ اَكْفَانِ الْجَنَّةِ وَحَنُوْطٌ

دنیا کے اور متوجہ ہونے میں آخرت کے اترتے ہیں اسکے پاس فرشتے آسمان سے سفید منہ کے گویا کہ ان کا منہ آفتاب ہے ان کے ساتھ ہوتا ہے کفن بہشت کے کفنوں میں سے اور خوشبو

مِنْ حَنُوْطِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَجْلِسُوْا مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيْءُ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتّٰى يَجْلِسَ عِنْدَ رَاْسِهٖ فَيَقُوْلُ اَيَّتُهَا النَّفْسُ

بہشت کی خوشبوؤں میں سے یہانتک کہ بیٹھے ہیں فرشتے اس میت سے دور جہانتک نظر پہنچتی ہے پھر آتا ہے ملک الموت علیہ السلام یہانتک کہ بیٹھتا ہے اسکے سر پاس کہتا ہے اے جان

الطَّيِّبَةُ اُخْرُجِيْ اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ قَالَ فَتَخْرُجُ تَسِيْلُ كَمَا تَسِيْلُ الْقَطْرَةُ مِنَ السِّقَاءِ فَيَاْخُذُهَا فَاِذَا اَخَذَهَا لَمْ

پاک نکل اللہ کی بخشش اور خوشی کی طرف فرمایا حضرت نے پھر نکلتی ہے بہتی ہوئی جیسا کہ بہتا ہے پانی کا قطرہ مشک سے پھر لیتا ہے اسکو ملک الموت پھر جس وقت کہ لیا اسکو ملک الموت نے نہیں

يَدَعُوهَا فِي يَدِهِ طَرْفَةَ عَيْنٍ حَتّٰى يَأْخُذُوهَا فَيَجْعَلُوهَا فِي ذٰلِكَ الْكَفَنِ وَفِي ذٰلِكَ الْحَنُوطِ وَيَخْرُجُ مِنْهَا كَأَطْيَبِ نَفْحَةِ

چھوڑتے ہیں اسکو ایک پل بھی ملک الموت کے ہاتھ میں یہاں تک کہ لیتے ہیں اسکو اور رکھتے ہیں اسکو اس کفن میں اور اس خوشبو میں اور نکلتی ہے اس روح سے خوشبو مانند بہت اچھی خوشبو

مِسْكٍ وُجِدَتْ عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ قَالَ فَيَصْعَدُونَ بِهَا فَلَا يَمُرُّونَ يَعْنِي بِهَا عَلٰى مَلَإٍ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ إِلَّا قَالُوا مَا هٰذَا الرُّوحُ الطَّيِّبُ

مشک کے کہ پائی جاوے روی زمین پر فرمایا حضرت نے پھر اوپر لیجاتے ہیں اسکو پھر نہیں گذرتے ہیں فرشتے یعنے اسکو لئے ہوئے کسی جماعت پر فرشتوں کی مگر کہتے ہیں کون ہے یہ روح پاک

فَيَقُولُونَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِأَحْسَنِ أَسْمَائِهِ الَّتِي كَانُوا يُسَمُّونَهُ بِهَا فِي الدُّنْيَا حَتّٰى يَنْتَهُوا بِهَا إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَسْتَفْتِحُونَ

پھر کہتے ہیں فلانا بیٹا فلانے کا بتاتے ہیں اسکے اچھے نام جس نام سے اسکو پکارتے دنیا میں یہاں تک کہ پہنچاتے ہیں اسکو دنیا کے آسمان تک پھر دروازہ کھلواتے ہیں

لَهُ فَيُفْتَحُ لَهُمْ فَيُشَيِّعُهُ مِنْ كُلِّ سَمَاءٍ مُقَرَّبُوهَا إِلَى السَّمَاءِ الَّتِي تَلِيهَا حَتّٰى يُنْتَهٰى بِهِ إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

اسکے لئے پھر کھولا جاتا ہے انکے لئے پھر ساتھ ہوتے ہیں اسکے ہر آسمان سے اللہ کے فرشتے نزدیکی اس آسمان کے اس آسمان تک جو ہے پاس پہلے آسمان کے یہاں تک کہ پہنچائی جاتی ہے ساتویں آسمان تک پھر فرماتا ہے اللہ عز وجل

اُكْتُبُوا كِتَابَ عَبْدِي فِي عِلِّيِّينَ وَأَعِيدُوهُ إِلَى الْأَرْضِ فَإِنِّي مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ وَفِيهَا أُعِيدُهُمْ وَمِنْهَا أُخْرِجُهُمْ تَارَةً أُخْرٰى قَالَ

لکھو نامہ میرے بندے کا علیین میں اور لیجاؤ اسکو زمین کی طرف اسواسطے کہ میں نے اس سے پیدا کیا ہے ان کو اور اسمیں پھر دوبارہ بھیجونگا انکو اور اسمیں سے نکالونگا انکو دوسری بار فرمایا حضرت نے

فَتُعَادُ رُوحُهُ فِي جَسَدِهِ فَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ مَنْ رَبُّكَ فَيَقُولُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا دِينُكَ

پھر ڈالی جاتی ہے اسکی روح اسکے جسم میں پھر آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے اور بٹھلاتے ہیں اسکو پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے تیرا رب تب وہ کہتا ہے رب میرا اللہ ہے پھر کہتے ہیں اسکو کیا ہے دین تیرا

فَيَقُولُ دِينِيَ الْإِسْلَامُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ فَيَقُولُ هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولَانِ لَهُ

تب وہ کہتا ہے دین میرا اسلام ہے پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے یہ شخص جو بھیجا گیا تمہارے بیچ میں تب وہ کہتا ہے وہ رسول اللہ کے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم پھر کہتے ہیں اسکو

وَمَا عِلْمُكَ فَيَقُولُ قَرَأْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَآمَنْتُ بِهِ وَصَدَّقْتُ فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَنْ صَدَقَ عَبْدِي فَأَفْرِشُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ

اور کس دلیل سے یہ جانا تیرا تب وہ کہتا ہے پڑھی میں نے کتاب اللہ کی پھر ایمان لایا میں اسپر اور سچ جانا میں نے پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ سچ کہا میرے بندے نے سو بچھاؤ اسکے لئے بہشت کا فرش

وَأَلْبِسُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى الْجَنَّةِ قَالَ فَيَأْتِيهِ مِنْ رَوْحِهَا وَطِيبِهَا وَيُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ مَدَّ بَصَرِهِ قَالَ وَيَأْتِيهِ

اور پہناؤ اسکو بہشت کا لباس اور کھول دو اسکے لئے ایک دروازہ بہشت کی طرف فرمایا حضرت نے پھر آتا ہے اسکو آرام اسکا اور خوشبو کی اور کشادہ کیا جاتا ہے اسکے لئے اسکی قبر میں جہاں تک اسکی نگاہ پہنچی اور آتا ہے اسکے پاس

رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ حَسَنُ الثِّيَابِ طَيِّبُ الرِّيحِ فَيَقُولُ أَبْشِرْ بِالَّذِي يَسُرُّكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِي كُنْتَ تُوعَدُ فَيَقُولُ لَهُ مَنْ أَنْتَ

ایک شخص خوش رو اچھے کپڑے والا خوشبو والا پھر کہتا ہے خوش ہو ساتھ اس چیز کے کہ خوش کرے تجھکو یہ دن تیرا کہ تھا تو وعدہ دیا جاتا تب وہ کہتا ہے اسکو تو کون ہے

فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ يَجِيءُ بِالْخَيْرِ فَيَقُولُ أَنَا عَمَلُكَ الصَّالِحُ فَيَقُولُ رَبِّ أَقِمِ السَّاعَةَ رَبِّ أَقِمِ السَّاعَةَ حَتّٰى أَرْجِعَ إِلٰى أَهْلِي وَمَالِي قَالَ وَإِنَّ

تیرا منہ تو ایسا منہ ہے کہ لاوے نیکی تب وہ کہتا ہے کہ میں تیرا عمل نیک ہوں پھر کہتا ہے ای پروردگار قائم کر قیامت ای پروردگار قائم کر قیامت تاکہ پھر جاؤں میں اپنے گھر والوں اور مال میں فرمایا حضرت نے اور تحقیق

الْعَبْدَ الْكَافِرَ إِذَا كَانَ فِي انْقِطَاعٍ مِنَ الدُّنْيَا وَإِقْبَالٍ مِنَ الْآخِرَةِ نَزَلَ إِلَيْهِ مِنَ السَّمَاءِ مَلٰئِكَةٌ سُودُ الْوُجُوهِ مَعَهُمُ الْمُسُوحُ

بندہ کافر جسوقت ہوتا ہے چھوڑنے میں دنیا کے اور متوجہ ہونے میں آخرت کے اترتے ہیں اسکے پاس آسمان سے فرشتے سیاہ منہ ان کے ساتھ ٹاٹ ہوتا ہے

فَيَجْلِسُونَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيءُ مَلَكُ الْمَوْتِ حَتّٰى يَجْلِسَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَيَقُولُ أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْخَبِيثَةُ اخْرُجِي إِلٰى سَخَطٍ مِنَ اللّٰهِ

پھر بیٹھتے ہیں اسکے روبرو جہاں تک نگاہ پہنچتی ہے پھر آتا ہے ملک الموت یہاں تک کہ بیٹھتا ہے اسکے سر کے پاس اور کہتا ہے ای جان گندی نکل طرف عذاب اللہ کے

قَالَ فَتُفَرَّقُ فِي جَسَدِهِ فَيَنْتَزِعُهَا كَمَا يُنْتَزَعُ السَّفُّودُ مِنَ الصُّوفِ الْمَبْلُولِ فَيَأْخُذُهَا فَإِذَا أَخَذَهَا لَمْ يَدَعُوهَا فِي يَدِهِ

فرمایا حضرت نے پھر جدا ہو جاتی ہے اپنے جسم میں پھر کھینچتا ہے ملک الموت اسکو جیسا کہ کھینچا جاتا ہے گرم سیخ بھیگے اون میں سے پھر لیتا ہے اسکو ملک الموت پھر جس وقت لیتا ہے نہیں چھوڑتے اسکو

طرفة عين حتى يجعلوها في تلك المسوح ويخرج منها كأنتن ريح جيفة وجدت على وجه الأرض فيصعدون بها فلا
ایک پل یہانتک کہ رکھتے ہیں اسکو اس ٹاٹ میں اور نکلتی ہے اس سے جیسے بدبو مردار کی کہ پائی جاتی ہے روی زمین میں پھر اوپر لے چڑھتے ہیں اسکو اور نہیں

يمرون بها على ملأ من الملائكة إلا قالوا ما هذا الروح الخبيث فيقولون فلان بن فلان بأقبح أسمائه التي كان يسمى بها
لیجاتے ہیں اسکو کسی جماعت میں فرشتوں کی مگر کہتے ہیں وہ لوگ کون ہے یہ روح گندی تب کہتے ہیں فلانا بیٹا فلانے کا بتاتے ہیں اسکے برے ناموں سے جس سے پکارا جاتا

في الدنيا حتى ينتهى به إلى السماء الدنيا فيستفتح له فلا يفتح له ثم قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تفتح
دنیا میں یہانتک کہ پہنچائی جاتی ہے پہلے آسمان میں پھر دروازہ کھلواتے ہیں اسکے لئے سو نہیں کھولا جاتا اسکے لئے پھر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھولے جاویں گے

لهم أبواب السماء ولا يدخلون الجنة حتى يلج الجمل في سم الخياط فيقول الله عز وجل اكتبوا كتابه في سجين في الأرض السفلى
ان کے لئے دروازے آسمان کے اور نہ داخل ہونگے بہشت میں یہانتک کہ داخل ہو اونٹ سوئی کے ناکے میں پھر فرماتا ہے اللہ عز وجل لکھو اسکا نامہ سجین میں جو نیچے کی زمین میں ہے

فتطرح روحه طرحا ثم قرأ ومن يشرك بالله فكأنما خر من السماء فتخطفه الطير أو تهوي به الريح في مكان سحيق
پھر پھینکی جاتی ہے روح اسکی سخت پھینکنا پھر پڑھی یہ آیت اور جو شخص کہ شرک کرے ساتھ اللہ کے پھر گویا کہ منہ کے بل گرا آسمان سے پھر اچک لیا اسکو جانوروں نے یا پھینک دیا اسکو ہوا نے دور

فتعاد روحه في جسده ويأتيه ملكان فيجلسانه فيقولان له من ربك فيقول هاه هاه لا أدري فيقولان له ما دينك
پھر دوہرا کے ڈالی جاتی ہے اسکی روح اسکے جسم میں اور آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے اور بٹھلاتے ہیں اسکو پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے رب تیرا تب کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں تب کہتے ہیں اسکو کیا دین تیرا

فيقول هاه هاه لا أدري فيقولان له ما هذا الرجل الذي بعث فيكم فيقول هاه هاه لا أدري فينادي مناد من السماء أن كذب
تب کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے یہ شخص جو بھیجا گیا تم میں پھر کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ جھوٹا ہے

فافرشوه من النار وافتحوا له بابا إلى النار فيأتيه من حرها وسمومها ويضيق عليه قبره حتى تختلف فيه أضلاعه ويأتيه
سو بچھاؤ اسکے لئے بچھونا آگ سے اور کھول دو اسکے لئے دروازہ آگ کی طرف پھر آتی ہے اسکو گرمی اسکی اور لو اسکی اور تنگ کی جاتی ہے اس پر اسکی قبر یہانتک کہ ادھر ادھر ہو جاتی ہیں اسکی پسلیاں

رجل قبيح الوجه قبيح الثياب منتن الريح فيقول أبشر بالذي يسوءك هذا يومك الذي كنت توعد فيقول من أنت
ایک شخص بدشکل برے کپڑے پہنے بدبو آتی ہو پھر کہتے ہیں خوش ہو ساتھ اس چیز کے کہ ناخوش کرے تجھکو یہ دن تیرا ہے کہ تھا تو وعدہ دیا جاتا پھر وہ کہتا ہے کہ کون ہے تو

فوجهك الوجه يجيء بالشر فيقول أنا عملك الخبيث فيقول رب لا تقم الساعة وفي رواية نحوه وزاد فيه إذا خرج
چہرہ تیرا ایسا چہرہ ہے کہ لاوے برائی تب وہ کہتا ہے کہ میں تیرا عمل بد ہوں تب وہ کہتا ہے اے رب نہ قائم کر قیامت اور ایک روایت میں مانند اسکے ہے اور زیادہ کیا اس میں جب

روحه صلى عليه كل ملك بين السماء والأرض وكل ملك في السماء وفتحت له أبواب السماء ليس من أهل باب إلا وهم
روح اسکی رحمت بھیجتے ہیں اس پر سب فرشتے آسمان زمین کے بیچ والے اور فرشتے جو آسمان میں ہیں اور کھولے جاتے ہیں دروازے آسمان کے نہیں کوئی دروازے والے مگر وے

يدعون الله أن يعرج بروحه من قبلهم وتنزع نفسه يعني الكافر مع العروق فيلعنه كل ملك بين السماء والأرض
دعا کرتے ہیں اللہ سے کہ چڑھائی جاوے روح اسکی انکی طرف سے اور نکالی جاتی ہے جان اسکی یعنے کافر کی رگوں سمیت پھر لعنت کرتے ہیں اسکو سب فرشتے آسمان زمین کے بیچ والے

وكل ملك في السماء وتغلق أبواب السماء ليس من أهل باب إلا وهم يدعون الله أن لا يعرج روحه من قبلهم
اور سب فرشتے جو آسمان میں ہیں اور بند کئے جاتے ہیں دروازے آسمان کے نہیں ہے کوئی دروازے والے مگر وہ دعا کرتے ہیں اللہ سے کہ نہ چڑھائی جاوے روح اسکی انکی طرف سے

رواه أحمد وعن عبد الرحمن بن كعب عن أبيه قال لما حضرت كعبا الوفاة أتته أم بشر بنت البراء بن معرور
روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد الرحمن ابن کعب سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے کہا عبد الرحمن نے جب پہنچا کعب کو وفات آئی انکے پاس ام بشر بیٹی براء ابن معرور کی

فقالت یا ابا عبد الرحمان ان لقیت فلانا فاقرا علیه منی السلام فقال غفر الله لك یا ام بشر نحن اشغل من ذلك

اور کہا کہ اے ابو عبد الرحمن اگر ملاقات کرے تو فلانے سے تو پڑھ اس پر میری طرف سے سلام تب کہا کعب نے بخشے تجھکو اللہ اے ام بشر کی ہم مشغول زیادہ ہیں اس سے

فقالت یا ابا عبد الرحمن اما سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان ارواح المؤمنین فی طیر خضر تعلق

تب کہا ام بشر نے اے ابو عبد الرحمن کیا نہیں سنا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تحقیق ارواح مومنوں کی رکھی جاتی ہیں جانوروں سبز میں چرتی ہیں

بشجر الجنة قال بلی قالت فهو ذلك رواه ابن ماجة والبیهقی فی کتاب البعث والنشور وعنه عن ابیه قال کان یحدث ان

بہشت کے درختوں کو کہا کعب نے ہاں کہا ام بشر نے پھر وہ یہی ہے ق روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں اور روایت ہے عبد الرحمن سے انہوں نے نقل کیا اپنے باپ سے کہا کہ

رسول الله صلی الله علیه وسلم قال انما نسمة المؤمن طیر تعلق فی شجر الجنة حتی یرجعه الله فی جسده یوم یبعثه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوا اسکے نہیں کہ روح مومن کی چڑیا ہے کہ میوہ کھاتی ہے درخت سے بہشت کے یہاں تک کہ پھیر لاوے اللہ اسکو اسکے جسم میں اس روز کہ اٹھاوے گا

رواه مالك والنسائی والبیهقی فی کتاب البعث والنشور وعن محمد بن المنكدر قال دخلت علی جابر بن عبد الله وهو

روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں۔ اور روایت ہے محمد ابن منکدر سے کہا کہ آیا میں جابر ابن عبد اللہ پاس اور وہ حالت نزع میں

یموت فقلت اقرا علی رسول الله صلی الله علیه وسلم السلام رواه ابن ماجة

مرتے تھے پھر کہا میں نے پڑھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔

باب غسل المیت وتکفینه

یہہ باب ہے مردے کے غسل اور اسکے کفن دینے کے بیان میں۔

الفصل الاول

فصل پہلی

عن ام عطیة قالت دخل علینا رسول الله صلی الله علیه وسلم ونحن نغسل ابنته فقال اغسلنها ثلثا او خمسا او

روایت ہے ام عطیہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم غسل دیتے تھے انکی بیٹی کو تب فرمایا غسل دو اسکو تین یا پانچ بار یا

اکثر من ذلك ان رایتن ذلك بماء وسدر واجعلن فی الاخرة کافورا او شیئا من کافور فاذا فرغتن فاذنني فلما فرغنا اذناه

زیادہ اس سے اگر مصلحت دیکھو تم یہہ ساتھ پانی اور بیری کی پتی کے اور ڈالو پچھلی بار میں کافور یا فرمایا ڈالو کچھ کافور پھر جب فارغ ہو تم خبر دو مجھکو پھر جب فارغ ہوے ہم خبر دیا حضرت کو

فالقی الینا حقوه فقال اشعرنها ایاه وفی روایة اغسلنها وترا ثلثا او خمسا او سبعا وابدان بمیامنها ومواضع الوضوء

تب ڈالا ہماری طرف تہبند اپنا اور فرمایا اسکے سب کپڑوں کے نیچے دو اس تہبند کو اور ایک روایت میں یوں ہے غسل دو اسکو طاق تین یا پانچ یا سات بار اور شروع کرو اسکی داہنی طرف سے

منها وقالت فضفرنا شعرها ثلثة قرون فالقیناها خلفها متفق علیه وعن عائشة قالت ان رسول الله صلی الله

اور کہا ام عطیہ نے پھر گوندھی ہمنے اسکے بال کو تین چوٹی اور ڈالا ہمنے اسکو پیچھے اسکے ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم کفن فی ثلثة اثواب یمانیة بیض سحولیة من کرسف لیس فیها قمیص ولا عمامة متفق علیه وعن جابر قال

علیہ وسلم کفن دیے گئے تین کپڑوں میں وے کپڑے یمن کے تھے سفید سحول کے روئی کے تھے نہ تھا ان میں کرتا اور عمامہ ۔ ق اور روایت ہے جابر سے کہا کہ

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کفن احدکم اخاه فلیحسن کفنه رواه مسلم وعن عبد الله بن عباس قال ان رجلا

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کفن دے کوئی تمہارا اپنے مسلمان بھائی کو پس چاہیے کہ اچھا دے کفن اسکا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے کہا کہ تحقیق

کان مع النبی صلی الله علیه وسلم فوقصته ناقته وهو محرم فمات فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اغسلوه بماء

تھا ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اسکی گردن توڑی اسکی اونٹنی نے اور وہ تھا احرام باندھے پھر مر گیا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل دو اسکو پانی

وسدر وکفنوه فی ثوبیه ولا تمسوه بطیب ولا تخمروا راسه فانه یبعث یوم القیامة ملبیا متفق علیه وسنذکر حدیث خباب

اور بیری کی پتی سے اور کفن دو اسکو اسکے دونوں کپڑوں میں اور نہ لگاؤ اسکو خوشبو اور نہ ڈھانکو سر اسکا اس واسطے کہ وہ اٹھایا جاویگا دن قیامت کے لبیک کہتا ہوا ۔ ق اور ذکر کرینگے ہم حدیث خباب کی

قُتِلَ مُصعبُ بنُ عُمیرٍ فی بابِ جامعِ المناقبِ اِن شاءَ اللهُ تعالیٰ **الفصلُ الثانی** عن ابنِ عباسٍ قال قال رسولُ اللهِ
جس میں یہ لفظ ہیں قتل مصعب ابن عمیر باب میں جامع المناقب کے انشاء اللہ تعالیٰ فصل دوسری روایت ہے ابن عباسؓ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلّی اللهُ علیهِ وسلَّمَ البَسوا من ثیابِکم البیاضَ فانّها من خیرِ ثیابِکم وکفّنوا فیها موتاکم ومِن خیرِ اکحالِکم الاثمدُ فانّه
صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنو تم اپنے سفید کپڑے اسواسطے کہ وہ بہتر ہیں تمہارے کپڑوں میں اور کفناؤ اسمیں اپنے مردوں کو اور تمہارے بہتر سرموں میں اثمد ہے

یُنبتُ الشعرَ ویجلو البصرَ رواه ابوداؤد والترمذی وروی ابنُ ماجةَ الی موتاکم **وعن** علیٍّ قال قال رسولُ اللهِ صلّی اللهُ علیهِ وسلَّمَ
جماتا ہے بروں کو اور صاف کرتا ہے نگاہ کو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے موتاکم کے لفظ تک اور روایت ہے حضرت علیؓ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا تغالوا فی الکفنِ فانّه یُسلبُ سلباً سریعاً رواه ابوداؤد **وعن** ابی سعیدٍ الخدریِّ انّه لمّا حضره الموتُ
گراں قیمت کفن مت دو اسواسطے کہ وہ چھنجاتا ہے جلدی کا چھیناجانا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی سعید خدریؓ سے کہ جب حاضر ہوئی انکی موت

دعا بثیابٍ جُدُدٍ فلبسها ثمّ قال سمعتُ رسولَ اللهِ صلّی اللهُ علیهِ وسلَّمَ یقولُ المیّتُ یُبعثُ فی ثیابِه التی یموتُ
منگوائے کپڑے نئے تب پہنا اسکو پھر کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے مردہ اٹھایا جاتا ہے اپنے اس کپڑے میں جسمیں مرتا ہے

فیها رواه ابوداؤد **وعن** عبادةَ بنِ الصامتِ عن رسولِ اللهِ صلّی اللهُ علیهِ وسلَّمَ قال خیرُ الکفنِ الحُلّةُ وخیرُ الاضحیةِ
روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبادہ ابن صامتؓ سے انہوں نے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا بہتر کفن حلہ ہے اور بہتر قربانی

الکبشُ الاقرنُ رواه ابوداؤد ورواه الترمذی وابنُ ماجةَ عن ابی امامةَ **وعن** ابنِ عباسٍ قال امر رسولُ اللهِ صلّی
دنبہ سینگھ دار ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ابی امامہ سے اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہا کہ حکم دیا رسول اللہ صلی

اللهُ علیهِ وسلَّمَ بقتلی اُحُدٍ ان یُنزعَ عنهم الحدیدُ والجلودُ وان یُدفنوا بدمائهم وثیابِهم رواه ابوداؤد
اللہ علیہ وسلم نے حق میں شہیدوں احد کے کہ اتارا جاوے ان سے لوہا اور چمڑا اور یہ کہ دفن کئے جاویں اپنے خون سمیت اور اپنے کپڑوں میں روایت کیا اسکو

وابنُ ماجةَ **الفصلُ الثالثُ** عن سعدِ بنِ ابراهیمَ عن ابیه انّ عبدَالرحمنِ بنَ عوفٍ اُتیَ بطعامٍ وکانَ صائماً فقال قُتلَ
اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے سعد ابن ابراہیم سے انہوں نے نقل کیا اپنے باپ سے کہ عبدالرحمن ابن عوف پاس کھانا لایا گیا اور وہ روزہ سے تھے کہا مارے گئے

مصعبُ بنُ عُمیرٍ وهو خیرٌ منّی کُفّنَ فی بُردةٍ انْ غُطّیَ رأسُه بدت رجلاه وان غُطّیَ رجلاه بدا رأسُه وأُراه
مصعب ابن عمیر اور وہ بہتر تھے مجھ سے کفن دئے گئے ایک چادر میں کہ اگر چھپایا جاتا انکا سر کھل جاتے انکے پاؤں اور اگر چھپائے جاتے انکے پاؤں کھل جاتا انکا سر

قال وقُتلَ حمزةُ وهو خیرٌ منّی ثمّ بُسطَ لنا من الدنیا ما بُسطَ او قال اُعطینا من الدنیا ما اُعطینا ولقد خشینا ان
کہا عبدالرحمن نے اور مارے گئے حمزہ اور وہ بہتر تھے مجھ سے پھر کشادہ کیا گیا ہمارے واسطے دنیا جسقدر کشادہ کیا گیا یا کہا دی گئی ہمکو دنیا جسقدر کہ دی گئی ہمکو اور تحقیق ڈرے ہم

وعن عمرة بنت عبد الرحمن انها قالت سمعت عائشة وذكر لها ان عبد الله بن عمر يقول ان الميت ليعذب ببكاء الحي

اور روایت ہے عمرہ بنت عبد الرحمن سے کہ تحقیق اس نے کہا سنا میں نے حضرت عائشہ سے اس حالت میں کہ ذکر کیا گیا اس سے کہ تحقیق عبد اللہ ابن عمر کہتے ہیں کہ تحقیق میت عذاب کیا جاتا ہے ساتھ رونے زندہ کے

عليه يقول يغفر الله لابي عبد الرحمن اما انه لم يكذب ولكنه نسي او اخطأ انما مر رسول الله صلى الله عليه وسلم على

اس پر فرماتی تھیں بخشے اللہ ابی عبد الرحمن کو ف خبردار ہو بیشک انہوں نے جھوٹ نہیں کہا پر وہ بھول گئے یا چوک گئے ف سوا اس کے نہیں کہ گذرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يهودية يبكى عليها فقال انهم ليبكون عليها وانها لتعذب في قبرها متفق عليه وعن عبد الله بن ابي مليكة

ایک یہودی عورت کی قبر پر رویا جاتا تھا اس پر تب فرمایا تحقیق یہ لوگ روتے ہیں اس پر اور تحقیق وہ عذاب کی جاتی ہے اپنی قبر میں ف ق اور روایت ہے عبد اللہ ابن ابی ملیکہ سے

قال توفيت بنت لعثمان بن عفان بمكة فجئنا لنشهدها وحضرها ابن عمر وابن عباس فاني لجالس بينهما فقال

کہا کہ مری بیٹی عثمان ابن عفان کی مکہ میں پھر آئے ہم تاکہ حاضر ہوں اس کے جنازے پر اور حاضر ہوا اس کے جنازے پر ابن عمر اور ابن عباس اور تحقیق میں بیٹھا ہوا تھا ان دونوں کے بیچ میں

عبد الله بن عمر لعمرو بن عثمان وهو مواجهه الا تنهى عن البكاء فان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الميت

عبد اللہ ابن عمر نے واسطے عمرو ابن عثمان کے اور وہ ان کے سامنے تھے کیا نہیں منع کرتا ہے تو ف رونے سے پھر تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق میت

ليعذب ببكاء اهله عليه فقال ابن عباس قد كان عمر يقول بعض ذلك ثم حدث فقال صدرت مع عمر من مكة

عذاب کیا جاتا ہے بسبب رونے اس کے گھر والوں کے اس پر تب کہا ابن عباس نے تحقیق تھے حضرت عمر کہتے کچھ اس میں سے ف پھر حدیث بیان کی ابن عباس نے اور کہا پھرا میں حضرت عمر کے ساتھ مکہ سے

حتى اذا كنا بالبيداء فاذا هو بركب تحت ظل سمرة فقال اذهب فانظر من هؤلاء الركب فنظرت فاذا هو

یہاں تک کہ جس وقت کہ پہنچے ہم بیدا میں ف پھر یکایک حضرت عمر کی نگاہ جا پڑی سواروں پر درخت سمرہ کے سایہ میں تب فرمایا حضرت عمر نے جا اور دیکھ کون ہیں یہ سوار پھر دیکھا میں نے تو وہ

صهيب قال فاخبرته فقال ادعه فرجعت الى صهيب فقلت ارتحل فالحق امير المؤمنين فلما ان اصيب عمر

صہیب رومی ہیں کہا ابن عباس نے پھر خبر دیا میں نے ان کو تب فرمایا بلا اس کو پھر آیا میں صہیب کے پاس اور کہا میں نے چلو اور ملو امیر المؤمنین سے پھر جب کہ زخمی کئے گئے عمر تب

دخل صهيب يبكي يقول وا اخاه وا صاحباه فقال عمر يا صهيب اتبكي علي وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

داخل ہوا صہیب روتے تھے کہتے تھے وائے میرے بھائی وائے میرے صاحب تب فرمایا عمر نے اے صہیب روتا ہے تو مجھ پر اور حال یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان الميت ليعذب ببعض بكاء اهله عليه فقال ابن عباس فلما مات عمر ذكرت ذلك لعائشة فقالت يرحم

تحقیق میت عذاب کیا جاتا ہے سبب بعضے رونے کے گھر والوں کے اس پر تب کہا ابن عباس نے پھر جب کہ مرے حضرت عمر ذکر کیا میں نے اس کا حضرت عائشہ سے تب فرمایا رحم کرے

الله تعالى عمر لا والله ما حدث رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الميت ليعذب ببكاء اهله عليه ولكن ان الله يزيد

اللہ عمر پر اب نہیں ہے قسم اللہ کی نہیں حدیث فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ میت عذاب کیا جاتا ہے ساتھ رونے اس کے گھر والوں کے اس پر ولیکن اللہ زیادہ کرتا ہے

للكافر عذابا ببكاء اهله وقالت عائشة حسبكم القرآن ولا تزر وازرة وزر اخرى قال ابن عباس عند ذلك والله

کافروں کو عذاب بسبب رونے کے اس کے گھر والوں کے اور کہا حضرت عائشہ نے کفایت ہے تم کو قرآن ف اور نہیں اٹھاتا کوئی اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا کہا ابن عباس نے اس وقت اللہ ہی

اضحك وابكى قال ابن ابي مليكة فما قال ابن عمر شيئا متفق عليه وعن عائشة قالت لما جاء النبي صلى الله عليه وسلم قتل

ہنساتا ہے اور رلاتا ہے ف کہا ابن ابی ملیکہ نے پھر نہ کہا ابن عمر نے کچھ ف ق اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا جب کہ آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر مارے جانے ابن

حارثة وجعفر وابن رواحة جلس يعرف فيه الحزن وأنا أنظر من صائر الباب تعني شق الباب فأتاه رجل فقال إن نساء

حارثہ اور جعفر اور ابن رواحہ کی بیٹھے پہچانا جاتا تھا ان میں غم اور میں دیکھتی تھی دروازے کے سوراخ سے یعنے دروازے کی درز سے پھر آیا آپ کے پاس ایک شخص اور کہا کہ تحقیق عورتیں

جعفر وذكر بكاءهن فأمره أن ينهاهن فذهب ثم أتاه الثانية لم يطعنه فقال انههن فأتاه الثالثة قال والله

جعفر کی روتی ہیں اور ذکر کیا ان کے رونے کا پس حکم کیا اس کو کہ منع کرے ان کو رونے سے پھر گیا وہ شخص پھر آیا دوسری بار کہا نہیں مانا عورتوں نے پس فرمایا منع کر ان کو پھر آیا تیسری بار کہا قسم ہے اللہ کی

غلبننا يا رسول الله فزعمت أنه قال فاحث في أفواههن التراب فقلت أرغم الله أنفك لم تفعل ما أمرك رسول الله

غالب آئیں ہم پر یا رسول اللہ پھر کہا عائشہ نے کہ حضرت نے فرمایا پھر ڈال ان کے منہوں میں خاک پھر کہا میں نے خاک آلودہ کرے اللہ تیری ناک نہ کیا تو نے جو حکم کیا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ولم تترك رسول الله صلى الله عليه وسلم من العناء متفق عليه وعن أم سلمة قالت لما مات

صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ خلاص کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنج سے ق اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ جب مر گئے

أبو سلمة قلت غريب وفي أرض غربة لأبكينه بكاء يتحدث عنه فكنت قد تهيأت للبكاء عليه إذ أقبلت امرأة تريد

ابو سلمہ کہا میں نے کہ ابو سلمہ مسافر تھے اور مسافرت کی زمین میں البتہ روؤں گی ان پر ایسا رونا کہ لوگ ذکر کریں اس کا پھر تحقیق میں نے تیاری کی ان پر رونے کی جب کہ آئی ایک عورت چاہتی تھی

أن تسعدني فاستقبلها رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أتريدين أن تدخلي الشيطان بيتا أخرجه الله منه

مدد کرے میری رونے میں پھر سامنے آئے اس عورت کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا چاہتی ہے تو کہ داخل کرے شیطان کو اس گھر میں کہ نکالا اس کو اللہ نے جس گھر سے

مرتين وكففت عن البكاء فلم أبك رواه مسلم وعن النعمان بن بشير قال أغمي على عبد الله بن رواحة فجعلت أخته

دو بار تب باز رہی میں رونے سے اور نہ روئی روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ بیہوشی طاری ہوئی عبد اللہ ابن رواحہ پر پھر شروع کیا ان کی بہن

عمرة تبكي واجبلاه واكذا واكذا تعدد عليه فقال حين أفاق ما قلت شيئا إلا قيل لي أنت كذلك وزاد في رواية فلما مات لم

عمرہ نے رونے اور یہ کہنے افسوس ای پہاڑ میرے ای ایسے اور ای ایسے شمار کرتی تھی ان پر خوبیاں کہا ابن رواحہ نے جب ہوش میں آئے نہیں کہا تو نے کچھ مگر کہا گیا مجھ کو کیا تو ایسا ہی ہے اور زیادہ کیا ایک روایت میں پس جب مر گئے نہ

تبك عليه رواه البخاري وعن أبي موسى قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما من ميت يموت فيقوم باكيهم فيقول

روئی ان پر روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نہیں ہے کوئی مردہ کہ مرے پھر کھڑا ہو رونے والا ان کا پس کہے

واجبلاه واسيداه ونحو ذلك إلا وكل الله به ملكين يلهزانه ويقولان أهكذا كنت رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

افسوس ای پہاڑ ای سردار اور مانند اس کے مگر مقرر کرتا ہے اللہ اس پر دو فرشتے کہ مارتے ہیں اس کو اور کہتے ہیں کیا ایسا ہی تھا تو روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب

حسن وعن أبي هريرة قال مات ميت من آل رسول الله صلى الله عليه وسلم فاجتمع النساء يبكين عليه فقام عمر ينهاهن

حسن ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ مر گیا ایک میت لوگوں میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جمع ہوئیں عورتیں رونے لگیں اس پر پس کھڑے ہوئے عمر منع کرنے لگے ان کو

ويطردهن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم دعهن يا عمر فإن العين دامعة والقلب مصاب والعهد قريب رواه أحمد والنسائي

اور کھدیڑنے لگے ان کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے ان کو ای عمر اس واسطے کہ آنکھ آنسو گرانے والی ہے اور دل مصیبت زدہ ہے اور وقت مصیبت کا نزدیک ہے

وعن ابن عباس قال ماتت زينب بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم فبكت النساء فجعل عمر يضربهن بسوطه فأخره

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ مر گئیں زینب بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر روئیں عورتیں تب شروع کیا عمر نے ان کو مارنا اپنے کوڑے سے پھر ہٹایا عمر کو رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم بيده وقال مهلا يا عمر ثم قال إياكن ونعيق الشيطان ثم قال إنه مهما كان من العين ومن القلب

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اور فرمایا ٹھہر جا ای عمر پھر فرمایا عورتوں کو بچاؤ اپنے تئیں شیطان کی آواز سے پھر فرمایا کہ بیشک حال یہ ہے کہ جو کچھ ہو آنکھ اور دل سے

فَمِنَ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَمِنَ الرَّحْمَۃِ وَمَا کَانَ مِنَ الْیَدِ وَمِنَ اللِّسَانِ فَمِنَ الشَّیْطَانِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَعَنِ الْبُخَارِیِّ تَعْلِیْقًا قَالَ

سو اللہ عزوجل کی طرف سے ہے اور رحمت سے ہے اور جو کچھ ہوتا تھا ہاتھ اور زبان سے سو شیطان سے ہے روایت کیا اسکو احمد نے × اور روایت ہے بخاری سے بطریق تعلیق کہا

لَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ ضَرَبَتِ امْرَأَتُہُ الْقُبَّۃَ عَلٰی قَبْرِہٖ سَنَۃً ثُمَّ رُفِعَتْ فَسَمِعَتْ صَائِحًا یَقُوْلُ اَلَا ہَلْ وَجَدُوْا

کہ جب کہ حسن مثنی بیٹے امام حسن ابن علی کے مر گیا انکی عورت نے خیمہ انکی قبر پر ایک برس تک پھر اٹھا لیا خیمہ پھر سنا اس نے ایک آواز کرنیوالے کو کہتا تھا کہ

مَا فَقَدُوْا فَاَجَابَہٗ اٰخَرُ بَلْ یَئِسُوْا فَانْقَلَبُوْا وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ وَاَبِیْ بَرْزَۃَ قَالَا خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

جسکو کھویا تھا جواب دیا اسکو دوسرے نے نہیں بلکہ نا امید ہو اور پھر چلے × اور روایت ہے عمران ابن حصین اور ابی برزہ سے دونوں نے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فِیْ جَنَازَۃٍ فَرَاٰی قَوْمًا قَدْ طَرَحُوْا اَرْدِیَتَہُمْ یَمْشُوْنَ فِیْ قُمُصٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبِفِعْلِ الْجَاہِلِیَّۃِ

وسلم کے ایک جنازے میں پھر دیکھا حضرت نے ایک گروہ کو کہ پھینک دی تھیں اپنی چادریں چلے تھے فقط پیراہن پہنے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا جاہلیت کے کام

تَاْخُذُوْنَ اَوْ بِصَنِیْعِ الْجَاہِلِیَّۃِ تَشَبَّہُوْنَ لَقَدْ ہَمَمْتُ اَنْ اَدْعُوَ عَلَیْکُمْ دَعْوَۃً تَرْجِعُوْنَ فِیْ غَیْرِ صُوَرِکُمْ قَالَ فَاَخَذُوْا

عمل کرتے ہو یا ساتھ کام جاہلیت کے مشابہت کرتے ہو تحقیق قصد کیا میں نے یہ کہ بد دعا کروں تم پر ایسی کہ ہو جاؤ تم اپنی دوسری صورت میں کہا راوی نے پھر لیں

اَرْدِیَتَہُمْ وَلَمْ یَعُوْدُوْا لِذٰلِکَ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ تُتْبَعَ جَنَازَۃٌ

اپنی چادریں اور پھر نہ کیا ایسا کام روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے × اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ ساتھ جایا جاوے جنازے کے

مَعَہَا رَانَّۃٌ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَۃَ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لَہٗ مَاتَ ابْنٌ لِّیْ فَوَجَدْتُ عَلَیْہِ ہَلْ سَمِعْتَ مِنْ خَلِیْلِکَ

جسکے ساتھ نوحہ کرنے والی ہو روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے × اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ تحقیق ایک مرد نے کہا انسے کہ مر گیا ایک بیٹا میرا سو غم کیا میں نے اس پر کیا سنا ہے تم نے اپنے دوست سے

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ شَیْئًا یُطَیِّبُ بِاَنْفُسِنَا عَنْ مَّوْتَانَا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ صِغَارُہُمْ دَعَامِیْصُ

صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ سے کوئی ایسی چیز کہ خوش کرے ہمارے دل کو ہمارے مردوں کی طرف سے کہا ہاں سنا میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا چھوٹے لڑکے مسلمانوں کے دعموص ہیں

الْجَنَّۃِ یَلْقٰی اَحَدُہُمْ اَبَاہُ فَیَاْخُذُ بِنَاحِیَۃِ ثَوْبِہٖ فَلَا یُفَارِقُہٗ حَتّٰی یُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَاَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَہٗ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ

بہشت کے یعنی ملاقات کریگا ایک انکا اپنے باپ کی اور پکڑیگا کونا اسکے کپڑے کا پھر جدا ہوگا اس سے یہاں تک کہ داخل کریگا اسکو بہشت میں روایت کیا اسکو مسلم اور احمد نے اور لفظ احمد کے ہیں اور روایت ہے ابی سعید سے

قَالَ جَاءَتِ امْرَاَۃٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ذَہَبَ الرِّجَالُ بِحَدِیْثِکَ فَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ نَّفْسِکَ یَوْمًا

کہا کہ آئی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا یا رسول اللہ حصہ لے گئے مرد ہیں آپکی حدیث سے سو مقرر کیجیے ہمارے واسطے اپنی ذات شریف سے ایک دن

نَاْتِیْکَ فِیْہِ تُعَلِّمُنَا مِمَّا عَلَّمَکَ اللّٰہُ فَقَالَ اجْتَمِعْنَ فِیْ یَوْمِ کَذَا وَکَذَا فِیْ مَکَانِ کَذَا وَکَذَا فَاجْتَمَعْنَ فَاَتَاہُنَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

کہ آویں ہم آپ پاس اسدن سکھلاؤ آپ ہمکو ان چیزوں میں سے کہ سکھلایا آپکو اللہ نے تب فرمایا جمع ہو تم فلانے فلانے دن فلانی فلانی مکان میں پھر جمع ہوئیں عورتیں تب آئے ان پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَعَلَّمَہُنَّ مِمَّا عَلَّمَہُ اللّٰہُ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْکُنَّ امْرَاَۃٌ تُقَدِّمُ بَیْنَ یَدَیْہَا مِنْ وَّلَدِہَا ثَلٰثَۃً اِلَّا کَانَ لَہَا حِجَابًا مِّنَ النَّارِ فَقَالَتِ امْرَاَۃٌ

وسلم اور سکھلایا انکو اس چیز میں سے کہ سکھلایا انکو اللہ نے پھر فرمایا نہیں تم میں سے کوئی عورت کہ بھیجے اپنے آگے اپنے فرزند تین مگر ہوگا واسطے اسکے پردہ آگ سے تب کہا ایک عورت نے

مِنْہُنَّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوِ اثْنَیْنِ فَاَعَادَتْہَا مَرَّتَیْنِ ثُمَّ قَالَ وَاثْنَیْنِ وَاثْنَیْنِ وَاثْنَیْنِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ان میں سے یا رسول اللہ یا دو بھی بھیجا ہو اور دہرا کے کہا یہہ بات دو بار تب فرمایا اور دو بھی اور دو بھی اور دو بھی روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا فرمایا رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمَیْنِ یُتَوَفّٰی لَہُمَا ثَلٰثَۃٌ اِلَّا اَدْخَلَہُمَا اللّٰہُ الْجَنَّۃَ بِفَضْلِ رَحْمَتِہٖ اِیَّاہُمَا فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہیں کوئی دو مسلمان کہ مرے دونوں کے تین لڑکے مگر داخل کریگا دونو کو اللہ بہشت میں بسبب زیادتی رحمت اپنی کے ان دونوں کو پھر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ

أو اثنان قال أو اثنان قالوا أو واحد قال أو واحد ثم قال والذي نفسي بيده إن السقط ليجر أمه بسرره إلى الجنة
یا دو مریں فرمایا یا دو بھی عرض کیا یا ایک ہی فرمایا یا ایک ہی پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے کچا بچہ البتہ کھینچیگا اپنی ماں کو اپنے نار سے

إذا احتسبته رواه أحمد وروى ابن ماجة من قوله والذي نفسي بيده وعن عبد الله بن مسعود قال قال
جنت کو جبکہ ثواب جانا ہو بیچ اسکے مرنے کے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اسکے قول والذی نفسی بیدہ سے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من قدم ثلاثة من الولد لم يبلغوا الحنث كانوا له حصنا حصينا من النار فقال أبو ذر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ آگے بھیجے تین شخص اپنے فرزندوں سے کہ نہ پہنچے ہوں گناہ کو ہوں گے اسکے لئے پناہ مضبوط آگ سے تب کہا ابوذر نے

قدمت اثنين قال واثنين قال أبي بن كعب أبو المنذر سيد القراء قدمت واحدا قال وواحدا رواه الترمذي وابن ماجة
بھیجا ہے میں نے دو فرمایا اور دو بھی کہا ابی ابن کعب ابو منذر قاریوں کے سردار نے بھیجا ہے میں نے ایک فرمایا اور ایک بھی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن قرة المزني أن رجلا كان يأتي النبي صلى الله عليه وسلم ومعه ابن له فقال له
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے قرہ مزنی سے یہ کہ ایک مرد تھا آتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور اسکے ساتھ ہوتا ایک بیٹا اسکا تب فرمایا اسکو

النبي صلى الله عليه وسلم أتحبه فقال يا رسول الله أحبك الله كما أحبه ففقده النبي صلى الله عليه وسلم فقال ما فعل ابن
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دوست رکھتا ہے تو اسکو تب کہا یا رسول اللہ دوست رکھے تمکو اللہ جیسا کہ دوست رکھتا ہوں میں اسکو تب نہ پایا اس لڑکے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تب فرمایا کیا ہوا بیٹا

فلان قالوا يا رسول الله مات فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أما تحب أن لا تأتي بابا من أبواب الجنة إلا وجدته
فلانے کا عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ مر گیا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں دوست رکھتا ہے تو کہ آوے تو کسی دروازہ پر بہشت کے دروازوں میں سے مگر پاوے تو

ينتظرك فقال رجل يا رسول الله له خاصة أم لكلنا قال بل لكلكم رواه أحمد وعن علي قال قال رسول الله
کہ انتظار کرتا ہے تیرا تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ اسی کے واسطے ہے خاص یا ہم سب کے واسطے فرمایا بلکہ تم سب کے واسطے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إن السقط ليراغم ربه إذا أدخل أبويه النار فيقال أيها السقط المراغم ربه أدخل أبويك
صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کچا حمل جو گر جاتا ہے البتہ جھگڑیگا اپنے رب سے جبکہ داخل کریگا اسکے ماں باپ کو آگ میں تب کہا جاویگا اے بچہ کچے گرے ہوئے جھگڑنے والے اپنے رب سے لے اپنے

الجنة فيجرهما بسرره حتى يدخلهما الجنة رواه ابن ماجة وعن أبي أمامة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يقول
بہشت میں تب کھینچیگا ماں باپ کو اپنے نار سے یہاں تک کہ داخل کریگا دونوں کو بہشت میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ فرماتا ہے

الله تبارك وتعالى يا ابن آدم إن صبرت واحتسبت عند الصدمة الأولى لم أرض لك ثوابا دون الجنة رواه ابن ماجة
اللہ برکت والا اور بزرگ اے بیٹے آدم کے اگر صبر کرے تو اور ثواب چاہے تو نزدیک شروع کوفت کے تو نہ راضی ہوں میں تیرے واسطے ثواب بغیر سوا بہشت کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن الحسين بن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما من مسلم ولا مسلمة يصاب بمصيبة فيذكرها
اور روایت ہے حضرت امام حسین ابن علی سے کہ نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہیں کوئی مسلمان مرد اور مسلمان عورت کہ پہنچایا جاوے مصیبت پھر یاد کرے اسکو

وإن طال عهدها فيحدث لذلك استرجاعا إلا جدد الله تبارك وتعالى له عند ذلك فأعطاه الله
اگرچہ دراز ہو زمانہ مصیبت کا پھر سرنو کہے اسکے واسطے انا للہ وانا الیہ راجعون مگر تازہ ثواب دیتا ہے اللہ برکت والا بزرگ اسکے لئے نزدیک انا للہ کہنے کے پھر دیتا ہے اسکو اللہ

مثل أجرها يوم أصيب بها رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان وعن أبي هريرة قال قال رسول الله
مانند اسکے ثواب کے کہ جب پہنچایا گیا تھا روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اذا انقطع شسع احدكم فليسترجع فانه من المصائب وعن ام الدرداء قالت سمعت

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ٹوٹ جاوے تسمہ جوتی کا کسی کے تو چاہیے کہ انا للہ وانا الیہ راجعون کہے اسواسطے کہ یہ بھی مصیبت ہے اور روایت ہے ام درداء سے کہا کہ سنا

ابا الدرداء يقول سمعت ابا القاسم صلى الله عليه وسلم يقول ان الله تبارك وتعالى قال يا عيسى اني باعث من بعدك

ابو درداء کو کہتے تھے سنا میں نے ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ برکت والے اور بزرگ نے فرمایا اے عیسیٰ بیشک میں بھیجنے والا ہوں تیرے بعد

امة اذا اصابهم ما يحبون حمدوا الله وان اصابهم ما يكرهون احتسبوا وصبروا ولا حلم ولا عقل

ایک امت کو کہ جب پہنچے ان کو وہ چیز کہ دوست رکھتے ہیں حمد کریں اللہ کا اور اگر پہنچے ان کو وہ چیز کہ ناخوش رکھتے ہیں تو ثواب کی آرزو کریں اور صبر کریں اور حال یہ کہ نہیں بردباری

فقال يا رب كيف يكون هذا لهم ولا حلم ولا عقل فقال اعطيهم من حلمي وعلمي رواهما البيهقي في شعب

تب کہا عیسیٰ نے اے پروردگار کیسطرح ہوگا یہ انکو اور حال یہ کہ نہیں ہے بردباری اور عقل تب فرمایا دونگا میں انکو اپنی بردباری اور علم میں سے روایت کیا دونوں حدیث بیہقی نے شعب

الايمان باب زيارة القبور الفصل الاول عن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

الایمان میں یہ باب ہے بیان میں زیارت قبروں کے فصل پہلی روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها ونهيتكم عن لحوم الاضاحي فوق ثلث فامسكوا ما بدا لكم

منع کیا تھا میں نے تمکو زیارت سے قبروں کی سو اب زیارت کرو انکی اور منع کیا تھا میں نے تمکو نگاہ رکھنے قربانی کے گوشت سے زیادہ تین روز سے سو اب نگاہ رکھو جسقدر کہ ظاہر ہو تمکو

ونهيتكم عن النبيذ الا في سقاء فاشربوا في الاسقية كلها ولا تشربوا مسكرا رواه مسلم

اور منع کیا تھا میں نے تمکو نبیذ پینے سے سوا مشک کے اور برتن میں سو پیو نبیذ سب برتنوں میں اور مت پیو نشہ لانے والی چیز روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابي هريرة قال زار النبي صلى الله عليه وسلم قبر امه فبكى وابكى من حوله فقال استاذنت ربي

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ زیارت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ماں کی قبر کی پھر روئے اور رلایا ان لوگوں کو جو ان کے گرد تھے پھر فرمایا کہ پروانگی مانگی میں نے اپنے رب سے

في ان استغفر لها فلم يؤذن لي واستاذنته في ان ازور قبرها فاذن لي فزوروا القبور فانها تذكر

اس بات میں کہ بخشش مانگوں اپنی ماں کے واسطے سو نہ ہوا پروانگی حق مجھکو اور پروانگی مانگی میں نے اس بات میں کہ زیارت کروں ان کی قبر کی پھر پروانگی دی گئی مجھکو سو زیارت کرو تم لوگ قبروں کی اسواسطے کہ زیارت قبروں کی یاد دلاتا ہے

الموت رواه مسلم وعن بريدة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمهم اذا خرجوا الى المقابر

موت کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سکھلاتے مسلمانوں کو جب نکلتے مقبروں کی طرف

السلام عليكم اهل الديار من المؤمنين والمسلمين وانا ان شاء الله بكم لاحقون نسأل

یہ لفظیں سلام ہے تم پر اے گھر والو مومنوں اور مسلمانوں میں سے اور ہم اگر چاہا اللہ نے تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں مانگتے ہیں ہم

الله لنا ولكم العافية رواه مسلم الفصل الثاني عن ابن عباس قال مر النبي صلى الله

اللہ سے اپنے اور تمہارے واسطے سلامتی روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ گذرے نبی صلی اللہ

عليه وسلم بقبور بالمدينة فاقبل عليهم بوجهه فقال السلام عليكم يا اهل القبور يغفر الله

علیہ وسلم قبروں کے پاس مدینہ میں پھر سامنے کیا ان پر اپنا منہ اور کہا سلام ہے تم پر اے صاحبو قبر کے بخشے اللہ

لنا ولكم انتم سلفنا ونحن بالاثر رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب الفصل الثالث

ہمارے اور تمہارے واسطے تم ہمارے پہلے گذرے اور ہم تمہارے پیچھے پیچھے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے فصل تیسری

عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم كلما كان ليلتها من رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہوتی عائشہ کی باری کی رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

يخرج من آخر الليل إلى البقيع فيقول السلام عليكم دار قوم مؤمنين وأتاكم ما توعدون غدا مؤجلون

نکلتے حضرت آخر رات کو بقیع کی طرف پھر کہتے سلام ہے تم پر اے مسلمانوں کے گھر والو اور آیا تمکو جو وعدہ دیے جاتے تھے تم کل یعنی قیامت کا مہلت دیے گئے ہو تم

وإنا إن شاء الله بكم لاحقون اللهم اغفر لأهل بقيع الغرقد رواه مسلم وعنها قالت كيف أقول

اور ہم اگر چاہا اللہ نے تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں یا الٰہی بخش لوگوں کو غرقد والی بقیع کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کس طرح کہوں میں

يا رسول الله تعني في زيارة القبور قال قولي السلام على أهل الديار من المؤمنين والمسلمين ويرحم الله

یا رسول اللہ انکی مراد تھی کہ کیا پڑھوں قبروں کی زیارت میں فرمایا کہہ سلام ہے مومنوں اور مسلمانوں کے گھر والوں پر اور رحمت کرے اللہ

المستقدمين منا والمستأخرين وإنا إن شاء الله بكم للاحقون رواه مسلم وعن محمد بن النعمان

ہم سے پہلے گذرنے والوں اور پیچھے رہنے والوں پر اور تحقیق ہم اگر چاہا اللہ نے تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے محمد ابن نعمان سے

يرفع الحديث إلى النبي صلى الله عليه وسلم قال من زار قبر أبويه أو أحدهما في كل جمعة غفر له وكتب برا رواه البيهقي

وہ پہنچاتے تھے اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک کہا فرمایا جو شخص کہ زیارت کرے اپنے ماں باپ کی دونوں میں سے ایک کی قبر کو ہر جمعہ میں بخشا جاوے اسکے لیے اور لکھا جاوے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنے والا روایت کیا بیہقی نے

في شعب الإيمان مرسلا وعن ابن مسعود أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كنت نهيتكم عن زيارة القبور

شعب الایمان میں مرسل اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منع کیا تھا میں نے تمکو قبروں کی زیارت کرنے سے

فزوروها فإنها تزهد في الدنيا وتذكر الآخرة رواه ابن ماجة وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه

سو اب زیارت کرو قبروں کی اس واسطے کہ زیارت کرنا قبروں کی بے رغبت کرتا ہے دنیا میں اور یاد دلاتا ہے آخرت کو ف روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم قال لعن زوارات القبور رواه أحمد والترمذي وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث حسن

وسلم نے فرمایا لعنت کرے اللہ قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن

صحيح وقال قد رأى بعض أهل العلم أن هذا كان قبل أن يرخص النبي صلى الله عليه وسلم في زيارة القبور

صحیح ہے اور کہا تحقیق اعتقاد کیا بعضے اہل علم نے کہ یہ حدیث تھی قبل رخصت دینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قبروں کی زیارت میں

فلما رخص دخل في رخصته الرجال والنساء وقال بعضهم إنما كره زيارة القبور للنساء لقلة صبرهن

پھر جب رخصت دی داخل ہوا ان کے رخصت دینے میں مرد اور عورتیں اور کہا بعضے اہل علم نے سوا اسکے نہیں ہے کہ مکروہ جانا قبروں کی زیارت عورتوں کے لیے بسبب کمی صبر

وكثرة جزعهن تم كلامه وعن عائشة قالت كنت أدخل بيتي الذي فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم وإني واضع ثوبي

اور زیادتی بے صبری عورتوں کے تمام ہوا کلام ترمذی کا اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں داخل ہوتی اپنے اس گھر میں جسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور میں اتارتی

وأقول إنما هو زوجي وأبي فلما دفن عمر معهم فوالله ما دخلته إلا وأنا مشدودة علي ثيابي حياء من عمر رواه أحمد

اور کہتی کہ سوا اسکے نہیں کہ دفن ہیں زوج میرے اور باپ میرے پھر جب دفن کیے گئے عمر ان کے ساتھ پھر قسم اللہ کی نہیں داخل ہوئی اس گھر میں مگر کپڑے بندھا ہوا مجھ پر حیا کر کے عمر سے روایت کیا اسکو احمد نے

بفضل الله تعالى سبحانه تم ربع الأول من مشكوة المصابيح

كِتَابُ الزَّكٰوةِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

یہہ کتاب ہی زکوٰۃ کے مسئلون کی — فصل پہلی

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اِنَّكَ تَاْتِيْ قَوْمًا اَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ
روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا معاذ کو یمن کی طرف پھر فرمایا مقرر تو جاویگا کتاب والون پاس سو بلا ان کو

اِلٰى شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوٰتٍ
گواہی کی طرف اسبات کی کہ نہین کوئی معبود سوا اللہ کے اور مقرر محمد بھیجا ہوا اللہ کا ہی پھر اگر ان لوگون نے مان لیا اسکو تو خبر دے ان کو کہ اللہ نے فرض کی ان پر پانچ نمازین

فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ
دن رات میں پھر اگر مان لیا انھون نے اسکو تو خبر دے ان کو کہ اللہ نے فرض کیا ان پر ایک صدقہ کہ لیا جاوے تونگر مسلمانون سے پھر خرچ ہو فقیرون پر

فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاِيَّاكَ وَكَرَائِمَ اَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ
پھر اگر مان لیا انھون نے اسکو تو بچا آپ کو خاصے مالون سے ان کے اور ڈر مظلوم کی دعا سے کیونکہ مظلوم کی دعا میں اور اللہ میں نہین ہی کوئی روک متفق علیہ اور روایت

اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَّلَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ
ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی مالک سونے اور روپے کا کہ نہ ادا کرے اس سے حق اسکا مگر جب ہوگا دن

الْقِيٰمَةِ صُفِّحَتْ لَهٗ صَفَائِحُ مِنْ نَّارٍ فَاُحْمِيَ عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰى بِهَا جَنْبُهٗ وَجَبِيْنُهٗ وَظَهْرُهٗ كُلَّمَا بَرَدَتْ اُعِيْدَتْ
قیامت کا طیار ہوگا اسکے لئے سونا روپا پتر آگ کے بنکر پھر دہکائی جاویگی آگ دوزخ کی پھر داغ دیا جاویگا ان سے اسکا پہلو اور پیشانی اور پیٹھ جب سرد ہو جاویگی تختے دوبارہ گرم کئے جاوینگے

لَهٗ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيُرٰى سَبِيْلُهٗ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ
اسکے لئے ایسے دن میں کہ ہی لنباؤ اسکا پچاس ہزار برس کا یہان تک کہ فیصلہ ہو بندون کا پھر دکھائی جاویگی اسکو راہ اسکی یا بہشت کی طرف اور یا دوزخ کی طرف کہا لوگون نے یا رسول

اللّٰهِ فَالْاِبِلُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ اِبِلٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا وَمِنْ حَقِّهَا حَلَبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ بُطِحَ
اللہ پھر اونٹ فرمایا اور نہین کوئی مالک اونٹ کا کہ نہ ادا کرے اس سے حق اسکا اور حقوق میں اونٹون کے دودھ دوہنا ہے جس دن پانی پلایا جاوے ان کو مگر جب ہوگا قیامت کا دن اوندھا ڈالا جاویگا

لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ اَوْفَرَ مَا كَانَتْ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا فَصِيْلًا وَّاحِدًا تَطَؤُهٗ بِاَخْفَافِهَا وَتَعَضُّهٗ بِاَفْوَاهِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ اُوْلَاهَا رُدَّ
اسکو سامھنے اونٹون کے برے چٹیل میدان میں اور وہ اونٹ خوب ہوے ناتے ہونگے نہ گم کریگا ان میں سے ایک بچہ روندا کرینگے اپنی تلیون سے اور کاٹا کرینگے اسکو منہ سے جب گذر جاویگی اسپر جماعت پہلی

عَلَيْهِ اُخْرَاهَا فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيُرٰى سَبِيْلُهٗ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ
پچھلی ان دن میں کہ لنباؤ اسکا پچاس ہزار برس کا ہی یہان تک کہ فیصلہ ہو بندون کا پھر دکھائی جاویگی اسکو راہ اسکی یا بہشت کی طرف اور یا دوزخ کی طرف

قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَالْبَقَرُ وَالْغَنَمُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ بَقَرٍ وَّلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ
عرض کیا یا رسول اللہ پھر گاے اور بکری فرمایا اور نہین کوئی گاے والا اور بکری والا کہ نہ ادا کرے ان میں سے حق ان کا مگر جب ہوگا قیامت کا دن

بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا شَيْئًا لَيْسَ فِيْهَا عَقْصَاءُ وَلَا جَلْحَاءُ وَلَا عَضْبَاءُ تَنْطِحُهٗ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهٗ بِاَظْلَافِهَا
اوندھا ڈالینگے اسکو سامھنے ان کے برے صاف میدان میں نہ گم کریگا ان میں سے کسی کو نہ ہوگی ان میں سینگ مڑی ہوئی اور بن سینگ کی اور سینگ ٹوٹی مارتی ہوگی اسکو اپنے سینگھون سے اور روندتی ہوگی کھرون سے

كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ اُوْلَاهَا رُدَّ عَلَيْهِ اُخْرَاهَا فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيُرٰى سَبِيْلُهٗ
جب چلی جاویگی اگلی جماعت پھر لاوینگے اسپر پچھلی اسدن میں کہ ہی لنباؤ اسکا پچاس ہزار برس کا یہان تک کہ فیصلہ ہو بندون کا پھر دکھائی جاویگی اسکو راہ اسکی

إِمَّا إِلَى الْجَنَّةِ وَإِمَّا إِلَى النَّارِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ فَالْخَيْلُ قَالَ الْخَيْلُ ثَلَاثَةٌ هِيَ لِرَجُلٍ وِزْرٌ وَهِيَ لِرَجُلٍ سِتْرٌ وَهِيَ لِرَجُلٍ

یا بہشت کی طرف اور یا دوزخ کی طرف عرض کیا گیا یا رسول اللہ پھر گھوڑے فرمایا گھوڑے تین طرح کے ہیں وہ ایک مرد کے حق میں گناہ ہیں اور ایک کے حق میں پردہ ہیں اور ایک مرد کے حق میں…

أَجْرٌ فَأَمَّا الَّتِي هِيَ لَهُ وِزْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا رِيَاءً وَفَخْرًا وَنِوَاءً عَلَى أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَهِيَ لَهُ وِزْرٌ وَأَمَّا الَّتِي هِيَ لَهُ سِتْرٌ

ثواب ہیں پھر وہ شخص کہ گھوڑے پالنا اسکے لئے گناہ ہیں سو وہ مرد ہے کہ باندھ رکھے دکھانے کو اور فخر کرنے کو اور عداوت کرنے کو مسلمانوں پر پھر گھوڑے پالنا اسکے لئے گناہ ہے اور جو گھوڑے اسکے لئے پردہ ہیں

فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِي سَبِيلِ اللهِ ثُمَّ لَمْ يَنْسَ حَقَّ اللهِ فِي ظُهُورِهَا وَلَا رِقَابِهَا فَهِيَ لَهُ سِتْرٌ وَأَمَّا الَّتِي هِيَ لَهُ أَجْرٌ فَرَجُلٌ

سو وہ مرد ہے کہ باندھ رکھا اللہ کی راہ میں پھر نہ بھولا اللہ کا حق انکی پیٹھوں میں اور نہ انکی گردنوں میں سو وہ گھوڑا اسکے لئے پردہ ہے اور جو گھوڑا اسکے لئے ثواب ہے سو وہ مرد ہے کہ

رَبَطَهَا فِي سَبِيلِ اللهِ لِأَهْلِ الْإِسْلَامِ فِي مَرْجٍ وَرَوْضَةٍ فَمَا أَكَلَتْ مِنْ ذَلِكَ الْمَرْجِ أَوِ الرَّوْضَةِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا كُتِبَ

کہ باندھ رکھا اللہ کی راہ میں مسلمانوں کے فائدے کو مرغزار میں اور باغ میں پھر جو کھایا گھوڑے نے اس مرغزار سے یا باغ سے کچھ مگر لکھی جاتی ہیں

لَهُ عَدَدَ مَا أَكَلَتْ حَسَنَاتٌ وَكُتِبَ لَهُ عَدَدَ أَرْوَاثِهَا وَأَبْوَالِهَا حَسَنَاتٌ وَلَا تَقْطَعُ طِوَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا

اسکے لئے گنتی میں جو کچھ کہ کھایا گھوڑے نے نیکیاں اور لکھی جاتی ہیں اسکے لئے انکی لید اور پیشاب کی نیکیاں اور نہ توڑے گی رسی پھر دوڑے ایک ٹیکرا

أَوْ شَرَفَيْنِ إِلَّا كَتَبَ اللهُ لَهُ عَدَدَ آثَارِهَا وَأَرْوَاثِهَا حَسَنَاتٍ وَلَا مَرَّ بِهَا صَاحِبُهَا عَلَى نَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَا

یا دو ٹیکرے مگر لکھتا ہے اللہ اسکے لئے شمار اسکے قدم کے اور لید کے نیکیاں اور نہ لیجاویگا ان کو مالک انکا دریا پر پھر پانی پئیں دریا سے اور نہ

يُرِيدُ أَنْ يَسْقِيَهَا إِلَّا كَتَبَ اللهُ لَهُ عَدَدَ مَا شَرِبَتْ حَسَنَاتٍ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ فَالْحُمُرُ قَالَ مَا أُنْزِلَ عَلَيَّ فِي الْحُمُرِ

ارادہ کریگا پانی پلانے کا مگر لکھیگا اللہ اسکے لئے برابر اسکے گھونٹوں کے نیکیاں عرض کیا یا رسول اللہ پھر گدھے فرمایا نہیں اتری مجھ پر گدھوں کے حق میں کوئی

إِلَّا هَذِهِ الْآيَةُ الْفَاذَّةُ الْجَامِعَةُ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

سوا اس آیت کے اکیلی جامع ہے پھر جو کوئی کرے ذرہ برابر نیکی دیکھیگا اسکو اور جو کرے ذرہ برابر بدی دیکھیگا اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ آتَاهُ اللهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو دیا اللہ نے مال پھر نہ ادا کیا اسنے زکوۃ اس کی صورت بنیگا اسکے لئے

يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ زَبِيبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِي شِدْقَيْهِ

قیامت کے دن سانپ گنجا سر پر بال نہوں اسکے دو نقطے ہوں طوق ڈالینگے اسکی گلے میں قیامت کے دن پھر پکڑیگا سانپ دونوں جبڑے…

ثُمَّ يَقُولُ أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ الْآيَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

پھر کہیگا سانپ میں مال تیرا ہوں میں خزانہ تیرا ہوں پھر پڑھی یہ آیت اور نہ خیال کریں بخیل لوگ تمام آیت تک روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

أَبِي ذَرٍّ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُونُ لَهُ إِبِلٌ أَوْ بَقَرٌ أَوْ غَنَمٌ لَا يُؤَدِّي حَقَّهَا

ابی ذر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں کوئی مرد کہ ہوں اسکے پاس اونٹ یا گائے یا بکری نہ ادا کرے حق انکا

إِلَّا أُتِيَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَا تَكُونُ وَأَسْمَنَهُ تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا كُلَّمَا جَازَتْ أُخْرَاهَا رُدَّتْ

مگر لائے جاوینگے یہ جانور قیامت کے دن بہت بڑے اور بہت موٹے روندینگے اسکو اپنے کھروں سے اور مارینگے اسکو سینگوں سے جب گذر جائیگا پچھلا…

عَلَيْهِ أُولَاهَا حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسپر پہلا یہاں تک کہ فیصلہ ہو لوگوں کا ق اور روایت ہے جریر ابن عبد اللہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِذَا اَتَاکُمُ الْمُصَدِّقُ فَلْیَصْدُرْ عَنْکُمْ وَھُوَ عَنْکُمْ رَاضٍ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رض قَالَ کَانَ النَّبِیُّ

جب آوے تمہارے پاس زکوٰۃ وصول کرنے والا تو چاہیے کہ تم سے راضی ہو کر پھرے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن ابی اوفی رض سے کہا اسنے تھا نبی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاہُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِھِمْ قَالَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ فُلَانٍ فَاَتَاہُ اَبِیْ بِصَدَقَتِہٖ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰی

صلی اللہ علیہ وسلم کا جب لاتی کوئی قوم زکوٰۃ اپنے مالوں کی فرماتے ای اللہ رحمت کر فلانے شخص کی آل پر پھر لے گیا حضرت کے پاس میرا باپ اپنی زکوٰۃ سو فرمایا ای اللہ رحمت کر آل ابی اوفی پر

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اِذَا اَتَی الرَّجُلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَتِہٖ قَالَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رض قَالَ

ق ۔ اور ایک روایت میں جب لاتا کوئی مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صدقہ فرماتے ای اللہ رحمت بھیج اس پر ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے

بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عُمَرَ عَلَی الصَّدَقَۃِ فَقِیْلَ مَنَعَ ابْنُ جَمِیْلٍ وَّخَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ وَالْعَبَّاسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر کو زکوٰۃ وصول کرنے سو کہا کسی نے زکوٰۃ نہ دی ابن جمیل اور خالد ابن ولید اور عباس نے پھر فرمایا رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا یَنْقِمُ ابْنُ جَمِیْلٍ اِلَّا اَنَّہٗ کَانَ فَقِیْرًا فَاَغْنَاہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَاَمَّا خَالِدٌ فَاِنَّکُمْ تَظْلِمُوْنَ خَالِدًا قَدِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی عیب لگاتی ہی ابن جمیل مگر یہ کہ وہ محتاج تھا سو غنی کر دیا اسکو اللہ اور رسول نے اور لیکن خالد سو تم ظلم کرتے ہو خالد پر

احْتَبَسَ اَدْرَاعَہٗ وَاَعْتُدَہٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاَمَّا الْعَبَّاسُ فَھِیَ عَلَیَّ وَمِثْلُھَا مَعَھَا ثُمَّ قَالَ یَا عُمَرُ اَمَا شَعَرْتَ اَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ

وقف کیا اسنے اپنی زرہوں کو اور اسباب کو راہ میں اللہ کی اور لیکن عباس سو زکوٰۃ انکی مجھ پر ہے اور دوسری اتنی ہی اسکے ساتھ پھر فرمایا ای عمر کیا نہیں جانتا کہ چچا

صِنْوُ اَبِیْہِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ حُمَیْدِنِ السَّاعِدِیِّ رض قَالَ اسْتَعْمَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنَ الْاَزْدِ یُقَالُ

مانند باپ کے ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی حمید ساعدی رض سے کہا کہ عامل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو ازد میں سے

لَہُ ابْنُ اللُّتْبِیَّۃِ عَلَی الصَّدَقَۃِ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ ھٰذَا لَکُمْ وَھٰذَا اُھْدِیَ لِیْ فَخَطَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَاَثْنٰی

اسکو ابن اللتبیہ کہتے تھے صدقہ لینے پر پھر جب پھر آیا کہا یہہ آپکا ہی اور یہہ ہدیہ دیا مجھکو پھر خطبہ پڑھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سو تعریف کی اللہ کی اور ثنا

عَلَیْہِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَسْتَعْمِلُ رِجَالًا مِّنْکُمْ عَلٰی اُمُوْرٍ مِّمَّا وَلَّانِیَ اللّٰہُ فَیَاْتِیْ اَحَدُھُمْ فَیَقُوْلُ ھٰذَا لَکُمْ وَھٰذَا ھَدِیَّۃٌ

پھر فرمایا بعد حمد و ثنا کے پھر میں عامل کیا کرتا ہوں کسی کو تم میں سے ان کاموں پر جنکا حاکم کیا مجھے اللہ نے سو آتا ہے کوئی انمیں سے پھر کہتا ہے یہہ تمھارا ہے اور یہہ ہدیہ ہے

اُھْدِیَتْ لِیْ فَھَلَّا جَلَسَ فِیْ بَیْتِ اَبِیْہِ اَوْ بَیْتِ اُمِّہٖ فَیَنْظُرُ اَیُھْدٰی لَہٗ اَمْ لَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یَاْخُذُ اَحَدٌ مِّنْہُ

جو مجھے دیا سو کیوں نہ بیٹھا گھر میں اپنے باپ کے یا ماں کے پھر دیکھتا کہ ہدیہ دیتے ہیں یا نہیں قسم ہے اسکی کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے نہ لیگا کوئی ان مال میں سے

شَیْئًا اِلَّا جَاءَ بِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَحْمِلُہٗ عَلٰی رَقَبَتِہٖ اِنْ کَانَ بَعِیْرًا لَّہٗ رُغَاءٌ اَوْ بَقَرًا لَّہٗ خُوَارٌ اَوْ شَاۃً تَیْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ یَدَیْہِ

کچھ مگر لاویگا اسکو قیامت کے دن اٹھایا ہوا اپنی گردن پر اگر ہو وہ لیا ہوا مال اونٹ ہوگی اسکی آواز یا گائے ہوگی اسکی آواز یا بکری ہو تو پکارتی ہوگی پھر اٹھایا ہاتھ دونوں

حَتّٰی رَاَیْنَا عُفْرَۃَ اِبْطَیْہِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ ھَلْ بَلَّغْتُ اَللّٰھُمَّ ھَلْ بَلَّغْتُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ قَالَ الْخَطَّابِیُّ وَفِیْ قَوْلِہٖ ھَلَّا

یہانتک کہ دیکھا ہم نے سفیدی دونوں بغلوں کی پھر فرمایا ای اللہ کیا پہنچا دیا میں نے ای اللہ کیا پہنچا دیا میں نے ۔ ق ۔ کہا خطابی نے اور اور فرمانے میں حضرت کے کیوں نہ

جَلَسَ فِیْ بَیْتِ اُمِّہٖ اَوْ اَبِیْہِ فَیَنْظُرُ اَیُھْدٰی اِلَیْہِ اَمْ لَا دَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّ کُلَّ اَمْرٍ یُتَذَرَّعُ بِہٖ اِلٰی مَحْظُوْرٍ فَھُوَ مَحْظُوْرٌ وَکُلُّ دَخْلٍ فِی

بیٹھا گھر میں اپنی ماں باپ کے پھر دیکھتا کہ ہدیہ دیتے ہیں اسکو یا نہیں دلیل ہے اسپر کہ جو کام وسیلہ ہوتا ہے حرام کا سو وہ حرام ہے اور جو چیز کہ داخل ہوئی ہے

الْعُقُوْدِ یُنْظَرُ ھَلْ یَکُوْنُ حُکْمُہٗ عِنْدَ الْاِنْفِرَادِ کَحُکْمِہٖ عِنْدَ الْاِقْتِرَانِ اَمْ لَا ھٰکَذَا فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَعَنْ عَدِیِّ بْنِ عُمَیْرَۃَ رض

عقد بیع اور ہبہ اور نکاح میں ہاں دیکھا جاویگا کہ حکم اس چیز کا الگ ہے ویسا ہی ہوتا ہے جیسے وقت نزدیکی کے یا نہیں ۔ ایسا ہی شرح سنت میں ہے ۔ اور روایت ہے عدی ابن عمیرہ

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من استعملناه منكم على عمل فكتمنا مخيطا فما فوقه كان غلولا يأتي به يوم القيمة

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو عامل کریں ہم تم میں سے کسی کام پر پھر چھپایا ہم سے ایک سوئی بھر یا زیادہ اسکے اپنی تو ہو گی چوری لاویگا جو اس کو قیامت

رواه مسلم **الفصل الثاني** عن ابن عباس رض قال لما نزلت هذه الاية والذين يكنزون الذهب والفضة كبر

روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل * روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے جب اتری یہ آیت اور جو لوگ گنج کر رکھتے ہیں سونے اور روپے کو بھاری ہوا اترنا

ذلك على المسلمين فقال عمر انا افرج عنكم فانطلق فقال يا نبي الله انه كبر على اصحابك هذه الاية فقال ان الله لم يفرض

اسکا مسلمانوں پر سو کہا حضرت عمر نے میں کھولتا ہوں غم تم سے پھر چلے گئے عمر رض پس کہا یا نبی اللہ بھاری ہوئی ہے اصحاب تیرے پر یہ آیت سو فرمایا حضرت نے نہیں مقرر کی اللہ نے

الزكوة الا ليطيب ما بقي من اموالكم وانما فرض المواريث وذكر كلمة لتكون لمن بعدكم فقال فكبر عمر

زکوۃ کو مگر اس لئے کہ پاک کرے جو باقی رہتے ہیں بعد زکوۃ کے مال تمہارے اور نہیں فرض کیا میراثوں کو اور ذکر کیا راوی نے ایک کلمہ کو تاکہ ہو مال تمہارا پچھلوں کو پس کہا

ثم قال له الا اخبرك بخير ما يكنز المرء المرأة الصالحة اذا نظر اليها سرته واذا امرها اطاعته واذا غاب عنها

پھر فرمایا اسکو کیا نہ خبر دوں تجھکو سب گنجوں سے بہتر چیز کی کہ مرد جمع کیا کرتا ہے وہ نیک عورت ہے جب دیکھے مرد اسکو خوش کرے اسے اور جب حکم کرے اسکو مانے اور جب سفر کو جاوے

حفظته رواه ابو داود وعن جابر بن عتيك رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سياتيكم ركيب مبغضون

حفاظت کرے اسکی روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور روایت ہے ابن عتیک رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آئینگے تم پاس سوار

فاذا جاؤكم فرحبوا بهم وخلوا بينهم وبين ما يبتغون فان عدلوا فلانفسهم وان ظلموا فعليهم وارضوهم فان

پھر جب آویں تمہارے پاس سو مرحبا کہو انکو اور مانع نہو ان میں اور انکی چاہت میں پھر اگر عدل کریں تو اپنے نفع کو کرینگے اور اگر ظلم کرینگے تو اپنے نقصان کو اور راضی کرو انکو

تمام زكوتكم رضاهم وليدعوا لكم رواه ابو داود وعن جرير بن عبد الله رض قال جاء ناس من الاعراب الى رسول الله

تمامیت تمہاری زکوۃ کی انکی خوشنودی ہے اور چاہئے کہ دعا دیں صدقہ لینے والے تمکو روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور روایت ہے جریر ابن عبد اللہ رض سے کہا اسنے آئے کئی گنوار دیہاتی

صلى الله عليه وسلم فقالوا ان ناسا من المصدقين يأتونا فيظلمونا فقال ارضوا مصدقيكم قالوا يا رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر عرض کی مقرر بعضے صدقہ لینے والے آتے ہیں ہم پاس پھر ظلم کرتے ہیں ہم پر تو فرمایا خوش کرو اپنے صدقہ لینے والوں کو کہا یا رسول اللہ کے

وان ظلمونا قال ارضوا مصدقيكم وان ظلمتم رواه ابو داود وعن بشير بن الخصاصية قال قلنا ان اهل

اگرچہ ظلم کریں ہم پر فرمایا راضی کرو صدقہ وصول کرنے والوں کو اگرچہ بے انصافی کریں تم پر روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور روایت ہے بشیر ابن خصاصیہ سے کہا ہم نے عرض کیا

الصدقة يعتدون علينا افنكتم من اموالنا بقدر ما يعتدون قال لا رواه ابو داود وعن رافع بن خديج رض

صدقہ لینے والے زیادتی کرتے ہیں ہم پر کیا چھپاویں ہم اپنے مالوں سے موافق انکی زیادتی کے فرمایا نہیں روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور روایت ہے رافع ابن خدیج رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العامل على الصدقة بالحق كالغازي في سبيل الله حتى يرجع الى بيته رواه ابو داود

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحصیلدار صدقہ کا ٹھیک ٹھیک مثل غازی کے ہے اللہ کی راہ میں یہاں تک کہ پھر آوے اپنے گھر کو روایت کیا اسکو ابو داود

والترمذي وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا جلب ولا جنب ولا توخذ صدقاتهم

اور ترمذی نے * اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے باپ سے اسکے دادا سے اسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا روا نہیں جلب اور جنب اور نہ لی جاویگی

الا في دورهم رواه ابو داود وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من استفاد مالا فلا زكوة فيه

مسلمانوں کے گھر جا کر روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پایا مال تو نہیں زکوۃ اس میں

حتى يحول عليه الحول [illegible] الترمذي وذكر جماعة انهم وقفوه على ابن عمرو وعن علي رض ان العباس سأل رسول الله

[illegible] اور ایک برس [illegible] روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نام لیا اسنا ایک جماعت کا کہ انہوں نے موقوف کہا اس حدیث کو ابن عمر پر ۔ اور روایت ہے علی رض سے کہ حضرت عباس نے پوچھا

صلى الله عليه وسلم في تعجيل صدقته قبل ان تحل فرخص له في ذلك رواه ابو داود والترمذي وابن ماجة والدارمي

صلی اللہ علیہ وسلم کو جلدی دینے میں اپنی زکوۃ کے آگے ایک سال گذرنے کے سو رخصت دی حضرت نے ان کو اسکی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم خطب الناس فقال الا من ولي يتيما له مال

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے باپ سے انکے دادا سے انکے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ سنایا لوگوں کو سو فرمایا خبردار جو شخص ولی ہو کسی مالدار یتیم کا

فليتجر فيه ولا يتركه حتى تأكله الصدقة رواه الترمذي وقال في اسناده مقال لان المثنى بن الصباح ضعيف

تو تجارت کرے اس میں اور نہ چھوڑ دے اسکو یہاں تک کہ کھا جاوے اسکو زکوۃ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا سند میں اسکی گفتگو ہے کیونکہ مثنی بیٹا صباح کا ضعیف ہے

الفصل الثالث

الفصل الثالث عن ابي هريرة رض قال لما توفي النبي صلى الله عليه وسلم واستخلف ابو بكر بعده وكفر

تیسری فصل ۔ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہے جب وفات پایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور خلافت پائی ابوبکر نے بعد حضرت کے اور مرتد ہو گئے

من كفر من العرب قال عمر بن الخطاب لابي بكر كيف تقاتل الناس وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امرت

جو لوگ کہ مرتد ہو گئے عرب کے لوگوں سے کہا عمر بن خطاب نے ابوبکر کو کیسے لڑا چاہتا ہے تو لوگوں سے اور حال یہ ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم ہوا مجھکو

ان اقاتل الناس حتى يقولوا لا اله الا الله فمن قال لا اله الا الله عصم مني ماله ونفسه الا بحقه وحسابه على

لڑائی کا لوگوں سے جب تک کہ کہیں لا الہ الا اللہ پھر جو کہے لا الہ الا اللہ بچا لیگا مجھ سے مال اپنا اور جان اپنی مگر حق پر اسلام کے اور حساب اسکا

الله فقال ابو بكر والله لاقاتلن من فرق بين الصلوة والزكوة فان الزكوة حق المال والله لو منعوني عناقا كانوا

اللہ پر ہے پھر کہا ابوبکر نے قسم اللہ کی البتہ لڑونگا میں اس سے کہ فرق کرے نماز میں اور زکوۃ میں اس لئے کہ زکوۃ حق مال کا ہے قسم اللہ کی اگر نہ دیویں مجھے ایک

يؤدونها الى رسول الله صلى الله عليه وسلم لقاتلتهم على منعها قال عمر فوالله ما هو الا رأيت ان الله شرح صدر ابي بكر

کہ دیا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تو بھی لڑونگا ان سے نہ دینے پر اسکے کہا عمر نے پھر قسم اللہ کی نہ تھا وہ ارادہ مگر دیکھا میں نے کہ مقرر اللہ نے کھولا سینہ ابوبکر کا

للقتال فعرفت انه الحق متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يكون كنز احدكم يوم القيمة شجاعا

لڑائی کے لئے پھر سمجھا میں نے کہ یہ ٹھیک ہے حق ہے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہوگا گنج ایک کا تم میں سے قیامت کے دن سانپ

اقرع يفر منه صاحبه وهو يطلبه حتى يلقمه اصابعه رواه احمد وعن ابن مسعود رض عن النبي صلى الله عليه

گنجا بھاگیگا اس سے مال والا اور وہ پیچھا کریگا اسکا یہاں تک کہ دیدے منہ میں سانپ کے اپنی انگلیاں روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال ما من رجل لا يؤدي زكوة ماله الا جعل الله يوم القيمة في عنقه شجاعا ثم قرأ علينا مصداقه من كتاب

وسلم سے کہ فرمایا نہیں کوئی مرد کہ نہ دے زکوۃ اپنے مال کی مگر ڈالیگا اللہ قیامت کے دن گردن میں اسکی سانپ پھر پڑھی حضرت نے ہم پر دلیل اسکی تصدیق کی کتاب سے

الله ولا تحسبن الذين يبخلون بما اتيهم الله من فضله الاية رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وعن عائشة

اللہ کی اور نہ خیال کرو ان کو جو بخیلی کرتے ہیں اللہ کی دی چیز میں انکو اسکے فضل سے آخر تک روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے عائشہ

رض قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما خالطت الزكوة مالا قط الا اهلكته رواه الشافعي والبخاري

رض سے کہ کہا انہے سنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہ مل گئی زکوۃ کسی مال میں کبھی مگر کھپا دیا اسکو روایت کیا اسکو شافعی نے اور بخاری نے

فی تاریخه والحمیدی وزاد قال یکون قد وجب علیك صدقة فلا تخرجها فیهلك الحرام الحلال وقد احتج به

اپنی تاریخ میں اور حمیدی نے اور زیادہ کیا حمیدی نے فرمایا حضرت نے تحقیق واجب ہوئی ہو تجھپر زکوٰۃ پھر نہ نکالے تو اسکو سو ہلاک کریگا حرام حلال کو اور تحقیق حجت پکڑا اسکے

من یری تعلق الزکوٰة بالعین هكذا فی المنتقی وروى البیهقی فی شعب الایمان عن احمد بن حنبل باسناده الی عائشة وقال

جو کوئی عقیدہ رکھتا ہے زکوٰۃ متعلق ہونیکا عین مال سے ایسا ہی ہے کتاب منتقی میں اور روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان میں احمد بن حنبل سے انکی سند کے ساتھ عائشہ سے اور کہا امام

احمد فی خالطت تفسیره ان الرجل یاخذ الزکوٰة وهو موسر او غنی وانما هی للفقراء

احمد نے قول میں حضرت کے ما خالطت الزکاة اه اسکی تفسیر یہ ہے کہ مرد آدمی لیتا ہے زکوٰۃ آسودہ ہوکر یا تونگر ہوکر اور نہیں زکوٰۃ مگر محتاجوں کا حق

باب ما یجب فیه الزکوٰة

باب بیان میں ان چیزوں کے جنمیں واجب ہے زکوٰۃ

الفصل الاول

عن ابی سعید الخدری رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس فیما دون خمسة اوسق من التمر صدقة ولیس فیما دون خمس اواق من الورق صدقة ولیس فیما دون خمس ذود من الابل صدقة متفق علیه

پہلی فصل ۔ روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پانچ وسق سے کم خرمے میں زکوٰۃ اور نہیں پانچ اوقیہ سے کم روپے میں زکوٰۃ اور نہیں پانچ عدد سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ ق

وعن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی المسلم صدقة فی عبده ولا فی فرسه وفی روایة قال لیس فی عبده صدقة الا صدقة الفطر متفق علیه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مسلمان پر زکوٰۃ غلام اور گھوڑے میں اور ایک روایت میں فرمایا نہیں غلام میں کوئی صدقہ سوائے فطرہ کے ۔ ق ۔

وعن انس ان ابا بكر رض كتب له هذا الكتاب لما وجهه الی البحرین بسم الله الرحمن الرحیم هذه فریضة الصدقة التی فرض رسول الله صلی الله علیه وسلم علی المسلمین والتی امر الله بها رسوله فمن سئلها من المسلمین علی وجهها فلیعطها ومن سئل فوقها فلا یعط فی اربع وعشرین من الابل فما دونها من الغنم من كل خمس شاة فاذا بلغت خمسا وعشرین الی خمس وثلثین ففیها بنت مخاض انثی فاذا بلغت ستا وثلثین الی خمس واربعین ففیها بنت لبون انثی فاذا بلغت ستا واربعین الی ستین ففیها حقة طروقة الجمل فاذا بلغت واحدة وستین الی خمس وسبعین ففیها جذعة فاذا بلغت ستا وسبعین الی تسعین ففیها بنتا لبون فاذا بلغت احدی وتسعین الی عشرین ومائة ففیها حقتان طروقتا الجمل فاذا زادت علی عشرین ومائة ففی كل اربعین بنت لبون وفی كل خمسین حقة ومن لم یكن معه الا اربع من الابل فلیس فیها صدقة الا ان یشاء

اور روایت ہے انس سے مقرر ابو بکر رض نے لکھا انس کو یہہ خط جب بھیجا بندر بحرین کی طرف نام سے اللہ کے جو بڑا رحم والا نہایت مہربان ہے یہہ فرض زکوٰۃ کا وہ فرض ہے جو فرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر اور وہ فرض ہے کہ حکم کیا اللہ اسکا اپنے رسول کو پھر جو مسلمان کہ مانگی جاوے زکوٰۃ اس سے اسکے طور پر سو دیوے زکوٰۃ اور جو مسلمان کہ مانگیں اس سے زکوٰۃ زیادہ اندازے سے سو نہ دے زکوٰۃ چوبیس اونٹ میں پھر کم اس سے بکری ہے ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری اور جب پہنچے گنتی اونٹ کی پچیس کو پینتیس تک سو زکوٰۃ اسمیں ایک برس کی اونٹنی ہے مادہ پھر جب پہنچے چھتیس کو پینتالیس تک سو زکوٰۃ اس میں دو برس کی مادہ ہے پھر جب پہنچے گنتی چھیالیس کو ساٹھ تک سو زکوٰۃ اسمیں ایک مادہ چار سال کی ہے اونٹ کے پھر جب پہنچے گنتی اکسٹھ کو پچھتر تک سو زکوٰۃ اس میں پانچ سال کی مادہ ہے پھر جب پہنچے گنتی چھہتر کو نوے تک سو زکوٰۃ اس میں دو مادہ دو برس کی ہیں پھر جب پہنچے گنتی اکیانوے کو ایک سو بیس تک سو زکوٰۃ اس میں دو حقہ اونٹ کے جو رشتے کے لائق ہیں پھر جب زیادہ ہوگئی ایک سو بیس سو زکوٰۃ ہر چالیس میں دو برس کی مادہ اور ہر پچاس میں ایک حقہ ہے اور جسکا پاس نہو سوائے چار اونٹ کے سو نہیں زکوٰۃ اسمیں مگر یہہ کہ چاہے

رَبُّهَا فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا فَفِيْهَا شَاةٌ وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهٗ

اونٹ والا پھر جب پہنچے گنتی پانچ کو تو اسمیں زکوۃ ایک بکری ہے اور جس شخص کے اونٹوں کی زکوۃ پہنچے جذعہ دینے تک اور نہو اسکے پاس جذعہ اور ہو اسکے پاس

حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهٗ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ

ایک حقہ سو لی جاویگی اس سے ایک حقہ اور دیگا صاحب زکوۃ اسکے ساتھ دو بکریاں اگر میسر ہوں اسکو یا بیس درہم اور جسکی زکوۃ پہنچی ہو

الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ الْحِقَّةُ وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ

حقہ دینے تک اور نہو اسکے پاس حقہ اور ہو اسکے پاس جذعہ تو لے لیگا اس سے جذعہ اور دیگا صاحب زکوۃ کو زکوۃ تحصیلنے والا بیس درہم یا دو بکریاں

وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ اِلَّا بِنْتُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَيُعْطِيْ شَاتَيْنِ

اور جسکی زکوۃ پہنچی ہو حقہ دینے تک اور نہو اسکے پاس سوائے بنت لبون کے سو قبول کی جاویگی اس سے بنت لبون اور دیگا صاحب زکوۃ دو بکریاں

اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَعِنْدَهٗ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ

یا بیس درہم اور جسکی زکوۃ پہنچی ہو بنت لبون دینے تک اور ہو اسکے پاس حقہ سو لی جاویگی اس سے حقہ اور دیگا اسکو زکوۃ تحصیلنے والا بیس

دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ

درہم یا دو بکریاں اور جسکی پہنچی ہو بنت لبون تک اور نہو اسکے پاس اور ہو اسکے پاس بنت مخاض سو لی جاویگی اس سے بنت

مَخَاضٍ وَيُعْطِيْ مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ

مخاض اور دیگا صاحب زکوۃ اسکے ساتھ بیس درہم یا دو بکریاں اور جسکی زکوۃ پہنچی ہو بنت مخاض کو اور وہ نہو اسکے پاس اور ہو اسکے پاس بنت

لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلٰى وَجْهِهَا وَعِنْدَهٗ

لبون سو لی جاویگی اس سے اور دیگا صاحب زکوۃ کو زکوۃ تحصیلنے والا بیس درہم یا دو بکریاں پھر اگر نہ موجود ہو اسکے پاس بنت مخاض قابل لینے کے اور ہو اسکے پاس

اِبْنُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهٗ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهٗ شَيْءٌ وَفِيْ صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِيْ سَائِمَتِهَا اِذَا كَانَتْ اَرْبَعِيْنَ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ شَاةٌ

ابن لبون تو لیا جاویگا وہی اس سے اور نہ اسکے ساتھ کچھ اور زکوۃ میں بکریوں کی جو چر کھانے والیوں ہیں جب ہوں چالیس ایک سو بیس تک ایک بکری ہے

فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ اِلٰى مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا شَاتَانِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى مِائَتَيْنِ اِلٰى ثَلٰثِ مِائَةٍ فَفِيْهَا ثَلٰثُ شِيَاهٍ فَاِذَا

پھر جب بڑھ جاویں ایک سو بیس پر دو سو تک تو اس میں دو بکریاں ہیں پھر جب بڑھ جاویں دو سو پر تین سو تک تو اس میں تین بکریاں ہیں پھر جب

زَادَتْ عَلٰى ثَلٰثِ مِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ فَاِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ اَرْبَعِيْنَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيْهَا

بڑھیں تین سو پر تو ہر سو بکری میں ایک بکری ہے پھر جب ہو گلہ مرد کی بکریوں کا چالیس سے ایک بکری کم سو نہیں فرض اسمیں

صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا وَلَا تُخْرَجُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَّلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَّلَا تَيْسٌ اِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ

کچھ زکوۃ مگر یہ کہ چاہے بکری والا اور نہ نکالی جاویگی زکوۃ میں بوڑھی اور نہ عیب دار اور نہ بوکو مگر جب چاہے زکوۃ تحصیلنے والا اور نہ جمع کی جاویگی جو

مُتَفَرِّقٍ وَّلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَاِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ وَفِي الرِّقَةِ

جدا ہوں اور نہ جدا کی جاویگی جو جمع ہوں ڈر کر زکوۃ دینے سے اور جو نصاب کہ ہو دو شریک میں تو دونوں آپس میں رجوع کرینگے برابری سے اور زکوۃ چاندی میں

رُبْعُ الْعُشْرِ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ اِلَّا تِسْعِيْنَ وَمِائَةً فَلَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

بیسواں حصہ ہے پھر اگر نہو روپیا سوا ایک سو نود درہم کے تو نہیں اسمیں کچھ زکوۃ مگر یہ کہ چاہے روپے والا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر رض سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال فيما سقت السماء والعيون او كان عثريا العشر وما سقي بالنضح نصف العشر
نبي صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے فرمایا جو زمین کہ پانی پاوے آسمان اور چشموں سے یا ہو عثری تو اسمیں زکوٰۃ عشر ہے اور جسمیں پانی دیویں ڈول کھینچ کر بسو حصہ
رواه البخاري وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العجماء جرحها جبار والبئر جبار والمعدن
روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوپایوں کے کسی چیز کے توڑنے میں ضامن اسکا کوئی نہیں اور کنوئیں
جبار وفي الركاز الخمس متفق عليه

الفصل الثاني

عن علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد عفوت
کوئی ضامن نہیں ہے اور دفینے میں پانچواں حصہ دینا ہے۔ دوسری فصل روایت ہے علی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق معاف کیا میں نے
عن الخيل والرقيق فهاتوا صدقة الرقة من كل اربعين درهما درهم وليس في تسعين ومائة شيء فاذا بلغت مائتين
زکوٰۃ کو گھوڑوں سے اور لونڈی غلام سے پھر دو تم زکوٰۃ روپے کی کہ ہر چالیس درہم سے ایک درہم ہے اور نہیں ایک سو نوے درہم میں کچھ زکوٰۃ پھر جب پہنچے گنتی درہم کی دو سو کو
ففيها خمسة دراهم رواه الترمذي وابو داود وفي رواية لابي داود عن الحارث الاعور عن علي قال زهير
تو اس میں پانچ درہم ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور ایک روایت میں ابوداؤد کی حارث اعور سے علی سے کہا زہیر جو راوی اس حدیث کا ہے حارث سے
احسبه عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال هاتوا ربع العشر من كل اربعين درهما درهم وليس عليكم شيء
گمان کرتا ہوں حارث کو کہ کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کر کے حضرت نے فرمایا دیا کرو چوتھا حصہ دسویں حصہ کا کہ حساب اسکا ہر چالیس درہم سے ایک درہم ہے اور نہیں تم پر کچھ
حتى تتم مائتي درهم فاذا كانت مائتي درهم ففيها خمسة دراهم فما زاد فعلى حساب ذلك وفي الغنم في كل
جب تک کہ نہ پورے ہوں یعنی دو سو درہم جب ہوویں پورے دو سو درہم تو اس میں زکوٰۃ کے پانچ درہم ہیں پھر جو زیادہ ہو تو حساب پر اسکے ہے اور زکوٰۃ بکری میں ہر
اربعين شاة شاة الى عشرين ومائة فان زادت واحدة فشاتان الى مائتين فان زادت فثلث شياه الى
چالیس بکری میں ایک بکری ہے ایک سو بیس تک پھر اگر زیادہ ہو ایک تو دو بکریاں ہیں دو سو تک پھر اگر بڑھے ایک تو تین بکریاں ہیں
ثلث مائة فاذا زادت على ثلث مائة ففي كل مائة شاة فان لم تكن الا تسع وثلثون فليس عليك فيها شيء
تین سو تک پھر اگر بڑھے گنتی سو کی تین سو پر تو زکوٰۃ ہر سو میں ایک بکری ہے پھر اگر نہ ہوں سوا انتالیس کے تو نہیں کچھ پر اس میں کچھ
وفي البقر في كل ثلثين تبيع وفي الاربعين مسنة وليس على العوامل شيء رواه ابو داود وعن معاذ رض ان
اور گائے بیل میں ہر تیس میں ایک تبیع ہے اور چالیس میں ایک مسنہ اور نہیں خدمت کرنے والوں پر اور کام والے بیل پر کچھ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے معاذ رض سے
النبي صلى الله عليه وسلم لما وجهه الى اليمن امره ان ياخذ من البقرة من كل ثلثين تبيعا او تبيعة ومن كل اربعين مسنة
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو یمن کی طرف بھیجا فرمایا ان کو کہ لیں زکوٰۃ گائے بیل سے ہر تیس سے ایک سالہ نر یا مادہ اور ہر چالیس سے ایک مسنہ
رواه ابو داود والترمذي والنسائي والدارمي وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المعتدي في الصدقة
روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حد سے بڑھنے والا زکوٰۃ میں
كمانعها رواه ابو داود والترمذي وعن ابي سعيد الخدري رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس في حب ولا تمر
مانند مانع زکوٰۃ کے ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے غلے اور خرمے میں
صدقة حتى يبلغ خمسة اوسق رواه النسائي وعن موسى ابن طلحة قال عندنا كتاب معاذ بن جبل عن النبي
زکوٰۃ جب تک کہ نہ پہنچے پانچ وسق کو روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے موسیٰ ابن طلحہ سے کہ کہا انہوں نے ہمارے پاس لکھا معاذ ابن جبل کا ہے نبی

صلی اللہ علیہ وسلم قال لہما امرہ ان یاخذ الصدقۃ من الحنطۃ والشعیر والزبیب والتمر مرسلا رواہ فی شرح السنۃ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا موسیٰ نے بس حکم کیا معاذ کو حضرت نے زکوٰۃ لینے کا گیہوں اور جو اور کشمش اور خرمے سے یہ حدیث مرسل ہے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن عتاب بن اسید رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی زکوۃ الکروم انہا تخرص کما تخرص النخل ثم تؤدی زکوتہ

اور روایت ہے عتاب ابن اسید رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انگور کی زکوٰۃ کے باب میں کہ اسکا اندازہ ہوگا جیسا ہوتا ہے خرمے کا پھر دی جائیگی اسکی زکوٰۃ

زبیبا کما تؤدی زکوۃ النخل تمرا رواہ الترمذی وابوداود وعن سہل بن ابی حثمۃ رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

جب کشمش ہو جیسا ادا کی جاتی ہے زکوٰۃ خرمے کی بعد سوکھنے کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے سہل ابن ابی حثمہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم کان یقول اذا خرصتم فخذوا ودعوا الثلث فان لم تدعوا الثلث فدعوا الربع رواہ الترمذی وابوداود و

وسلم نے فرماتے تھے جب اندازہ کرو تو لو اور چھوڑ دو تہائی پھر اگر چھوڑو نہ تہائی تو چھوڑ دو چوتھائی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور

النسائی وعن عائشۃ رض قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یبعث عبد اللہ بن رواحۃ رض الی یہود فیخرص

نسائی نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھیجتے تھے عبد اللہ ابن رواحہ رض کو یہود کی طرف سو اندازہ کرتا

النخل حین یطیب قبل ان یوکل منہ رواہ ابوداود وعن ابن عمر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی العسل

خرمے کا جب شیریں ہو آیا پہلے کھائے جانے کے اس سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ شہد میں

فی کل عشرۃ ازق زق رواہ الترمذی وقال فی اسنادہ مقال ولا یصح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ہذا الباب کثیر

ہر دس مشک میں ایک مشک ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا سند میں اسکی خلل ہے صحیح نہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شہد کی زکوٰۃ کے مسئلے میں بہت

شیء وعن زینب امراۃ عبد اللہ رض قالت خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا معشر النساء تصدقن

حدیثیں اور روایت ہے زینب بیوی عبد اللہ ابن مسعود رض کی کہا اسنے خطبہ سنایا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا اے جماعت عورتوں کی تصدق کرو

ولو من حلیکن فانکن اکثر اہل جہنم یوم القیمۃ رواہ الترمذی وعن عمرو بن شعیب رض عن ابیہ عن

اگرچہ زیور سے تمہارے ہو کیونکہ تم زیادہ سب دوزخ والوں سے ہو گی قیامت کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب رض سے باپ سے اسکے

جدہ ان امراتین اتتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی ایدیہما سواران من ذہب فقال لہما اتؤدیان زکوتہ قالتا

دادا سے اسکے کہ دو عورتیں آئیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ان کے ہاتھوں میں دو کڑے تھے سونے کے سو فرمایا انکو کیا دونوں ادا کرتی ہو زکوٰۃ اسکی کہا

لا فقال لہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتحبان ان یسورکما اللہ بسوارین من نار قالتا لا قال فادیا زکوتہ رواہ

نہیں تب فرمایا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دوست رکھتی ہو یہ کہ پہناوے تمہیں اللہ دو کڑے آگ کے کہا نہیں فرمایا تو ادا کرو زکوٰۃ اسکی روایت کیا اسکو

الترمذی وقال ہذا حدیث قد روی المثنی بن الصباح عن عمرو بن شعیب نحو ہذا والمثنی بن الصباح وابن لہیعۃ

ترمذی نے اور کہا اس حدیث کو تحقیق روایت کی مثنی بن صباح نے عمرو بن شعیب سے مانند اسکے اور مثنی ابن الصباح اور ابن لہیعہ

یضعفان فی الحدیث ولا یصح فی ہذا الباب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم شیء وعن ام سلمۃ رض قالت کنت البس

ضعیف کیے جاتے ہیں حدیث کی سند میں اور صحت کو نہیں پہنچتی زیور کی زکوٰۃ کے باب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہا اسنے میں پہنتی تھی

اوضاحا من ذہب فقلت یا رسول اللہ اکنز ہو فقال ما بلغ ان تؤدی زکوتہ فزکی فلیس بکنز رواہ مالک

ہنسلی سونے کی سو کہا میں نے یا رسول اللہ کیا کنز ہے یہ تب فرمایا جو چیز پہنچے اتنے نصاب کو کہ ادا کی جاوے اسکی زکوٰۃ پھر زکوٰۃ دیں اسکی سو کنز نہیں

وابوداؤد وعن سمرۃ بن جندب رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یامرنا ان نخرج الصدقۃ من الذی نعد
اور ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہی سمرہ ابن جندب رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے ہمکو کہ نکالیں زکوۃ اس مال سے کہ مہیا کریں

للبیع رواہ ابوداؤد وعن ربیعۃ بن ابی عبد الرحمٰن عن غیر واحد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقطع لبلال بن
بیچنے کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہی ربیعہ ابن ابی عبد الرحمٰن سے بہتیروں سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا بلال ابن

الحارث المزنی معادن القبلیۃ وھی من ناحیۃ الفرع فتلک المعادن لا تؤخذ منھا الا الزکوۃ الی الیوم رواہ
حارث مزنی کو کھان قبلیہ کے اور وہ اطراف سے فرع کے ہی سو ان کھانوں سے کچھ نہیں لیا جاتا سوا عشر کے آج تک ٭ روایت کیا اسکو

ابوداؤد **الفصل الثالث** عن علی رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس فی الخضروات صدقۃ ولا فی
ابوداؤد نے ٭ تیسری فصل ٭ روایت ہی علی رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ساگ ترکاری میں زکوۃ اور نہ

العرایا صدقۃ ولا فی اقل من خمسۃ اوسق صدقۃ ولا فی العوامل صدقۃ ولا فی الجبھۃ صدقۃ قال الصقر
عرایا میں زکوۃ اور نہیں پانچ وسق سے کم میں زکوۃ اور نہیں محنتی جانوروں میں زکوۃ اور نہیں جبہے میں زکوۃ کہا صقر راوی نے

الجبھۃ الخیل والبغال والعبید رواہ الدارقطنی وعن طاؤس ان معاذ بن جبل رض اتی بوقص البقر فقال لم
جبہے سے مراد گھوڑے اور خچر اور غلام ہیں روایت کیا اسکو دارقطنی نے ٭ اور روایت ہی طاؤس سے کہ معاذ بن جبل رض کے پاس سے لایا کسی نے تھوڑے بیل سو کہا

یامرنی منہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بشئ رواہ الدارقطنی والشافعی وقال الوقص ما لم یبلغ الفریضۃ **باب**
حکم نہ کیا مجھے اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ زکوۃ کا روایت کیا اسکو دارقطنی اور شافعی نے اور کہا شافعی نے وقص وہ ہی کہ نہ پہنچے نصاب کو ٭ باب

صدقۃ الفطر الفصل الاول عن ابن عمر رض قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوۃ الفطر صاعا من تمر
فطرے کے بیان کا ٭ پہلی فصل ٭ روایت ہی ابن عمر رض سے کہا اسنے فرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فطرے کی زکوۃ ایک صاع خرما

او صاعا من شعیر علی العبد والحر والذکر والانثی والصغیر والکبیر من المسلمین وامر بھا ان تؤدی قبل خروج
یا ایک صاع جو غلام پر اور آزاد پر اور مرد پر اور عورت پر اور لڑکے پر اور بڑے آدمی پر مسلمانوں سے اور حکم کیا فطرے کے ادا کیے جانے کا پہلے لوگوں کے نکلنے سے

الناس الی الصلوۃ متفق وعن ابی سعید الخدری رض قال کنا نخرج زکوۃ الفطر صاعا من طعام او صاعا من شعیر
نماز پڑھنے ٭ ق ٭ اور روایت ہی ابی سعید خدری رض سے کہا اسنے نکالتے تھے ہم صدقہ فطرے کا ایک صاع گیہوں یا ایک صاع جو

او صاعا من تمر او صاعا من اقط او صاعا من زبیب متفق علیہ **الفصل الثانی** عن ابن عباس رض قال فی اخر
یا ایک صاع خرما یا ایک صاع سوکھا دہی یا ایک صاع کشمش ٭ ق ٭ دوسری فصل ٭ روایت ہی ابن عباس رض سے کہا ابن عباس نے آخر

رمضان اخرجوا صدقۃ صومکم فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھذہ الصدقۃ صاعا من تمر او شعیر او نصف
مہینے میں رمضان کے نکالو صدقہ اپنے روزے کا مقرر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صدقے کو ایک صاع خرما یا جو یا آدھا

صاع من قمح علی کل حر او مملوک ذکر او انثی صغیر او کبیر رواہ ابوداؤد والنسائی وعنہ قال فرض رسول اللہ صلی
صاع گیہوں ہر شخص پر آزاد ہو یا بردہ مرد ہو یا عورت چھوٹا ہو یا بڑا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہی اسی سے کہا مقرر کیا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم زکوۃ الفطر طھرۃ للصیام من اللغو والرفث وطعمۃ للمساکین رواہ ابوداؤد **الفصل الثالث** عن
اللہ علیہ وسلم نے زکوۃ فطر کی پاک کرنے کو روزے کے بیہودہ باتوں سے اور رفث سے اور کھلانے کو مسکینوں کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ٭ تیسری فصل روایت

عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم بعث مناديا في فجاج مكة ألا إن صدقة الفطر واجبة

عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسنے اپنے باپ سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک پکارنے والا مکہ کی گلیوں میں کہ خبردار بیشک صدقہ فطر کا واجب ہے

على كل مسلم ذكر أو أنثى حر أو عبد صغير أو كبير مدان من قمح أو سواه أو صاع من طعام رواه الترمذي وعن عبد الله بن

ہر مسلمان پر مرد ہو یا عورت آزاد ہو یا بردہ چھوٹا ہو یا بڑا دو مد گیہوں کے یا سوا اسکے یا ایک صاع طعام سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن

ثعلبة بن عبد الله بن أبي صعير عن أبيه رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صاع من بر أو قمح عن كل اثنين صغير أو كبير

ثعلبہ کا وہ بیٹا عبداللہ کا وہ بیٹا صعیر کا باپ سے اسکے رض کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاع گیہوں کا … سے فطرہ ادا ہوتا ہے …

حر أو عبد ذكر أو أنثى أما غنيكم فيزكيه الله وأما فقيركم فيرد عليه أكثر مما أعطاه رواه أبو داود

آزاد ہو یا بردہ مرد ہو یا عورت لیکن جو تم میں سے غنی ہو کر فطرہ دیگا سو پاک کریگا اسکو اللہ اور جو فقیر ہو کر فطرہ دیگا تو اللہ اسکو بہت زیادہ اس سے دیگا …

باب من لا تحل له الصدقة

الفصل الأول

عن أنس رض قال مر النبي صلى الله عليه وسلم بتمرة في الطريق فقال لولا أني

باب ان کا کہ کس کے لئے نہیں حلال ہے صدقے کا کھانا فصل پہلی روایت ہے انس رض سے کہا گذر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کھجور پر کہ پڑی تھی راستے میں پھر فرمایا اگر نہ

أخاف أن تكون من الصدقة لأكلتها متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال أخذ الحسن بن علي رض تمرة من تمر الصدقة

ڈرتا میں کہ ہووے وہ صدقے کا تو کھا لیتا … اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا لیا امام حسن … نے ایک کھجور صدقے کی

فجعلها في فيه فقال النبي صلى الله عليه وسلم كخ كخ ليطرحها ثم قال أما شعرت أنا لا نأكل الصدقة متفق عليه وعن

پھر دیا اسکو منہ میں اپنے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کخ کخ تاکہ پھینک دیں اسکو پھر فرمایا کیا نہیں جانتے کہ ہم نہیں کھاتے صدقہ کو … اور روایت ہے

عبد المطلب بن ربيعة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن هذه الصدقات إنما هي أوساخ الناس وإنها لا تحل

عبدالمطلب بیٹا ربیعہ کا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک صدقے … میل ہیں لوگوں کے اور بیشک …

لمحمد ولا لآل محمد رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أتي بطعام سأل عنه

محمد کو اور محمد کی آل کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا انہوں نے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ لاتا کوئی آپ کے پاس کھانا پوچھتے

أهدية أم صدقة فإن قيل صدقة قال لأصحابه كلوا ولم يأكل وإن قيل هدية ضرب بيده فأكل معهم متفق عليه وعن

کیا ہدیہ ہے یا صدقہ پھر اگر کہا صدقہ ہے فرماتے اپنے اصحاب کو کھاؤ اور آپ نہ کھاتے اور کہا ہدیہ ہے ڈالتے دست مبارک پھر کھاتے اصحاب کے ساتھ … اور روایت

عائشة رض قالت كان في بريرة ثلاث سنن إحدى السنن أنها عتقت فخيرت في زوجها وقال رسول الله صلى الله عليه

عائشہ رض سے … بریرہ کے سبب سے تین سنتیں ایک انمیں … کہ آزاد ہوئی تو اختیار دیا اسکو خاوند چھوڑ دینے کا اور دوسرا یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الولاء لمن أعتق ودخل رسول الله صلى الله عليه وسلم والبرمة تفور بلحم فقرب إليه خبز وأدم من أدم البيت

وسلم … بریرہ کے قصے میں میراث آزاد … کی ہے … رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم … ہانڈی … گوشت … روٹی اور سالن گھر کے …

فقال ألم أر برمة فيها لحم قالوا بلى ولكن ذلك لحم تصدق به على بريرة وأنت لا تأكل الصدقة قال هو عليها

سو فرمایا کیا … ہانڈی … گوشت … صدقہ … فرمایا وہ …

صدقة ولنا هدية متفق عليه وعنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل الهدية ويثيب عليها رواه

اور ہمکو ہدیہ ہے … اور روایت ہے … قبول کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ کو اور بدلا دیتے اسپر روایت کیا اسکو

البخاري وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو دعيت الى كراع لاجبت ولو اهدي اليّ ذراع

بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر دعوت کی جائے بکری کے ایک پائے کی تو قبول کروں اور اگر ہدیہ کیا جائے

لقبلت رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس المسكين الذي يطوف على الناس ترده اللقمة و

تو قبول کروں گا روایت کیا اس کو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکین وہ شخص نہیں کہ پھرا کرے لوگوں پر لوٹا دیا جاوے ایک لقمہ اور

اللقمتان والتمرة والتمرتان ولكن المسكين الذي لا يجد غنى يغنيه ولا يفطن به فيتصدق عليه ولا يقوم فيسأل الناس

دو لقمے اور ایک اور دو خرمے لیکن مسکین اس کو کہتے ہیں کہ نہ پاوے مال جس قدر بے پروا کرے اس کو اور نہ سمجھی پہچانی جاوے اس کی کہ کوئی صدقہ دے اور نہ کھڑا رہتا ہے کہ

متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي رافع رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث رجلا من بني مخزوم على الصدقة فقال

ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابی رافع رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک مرد کو بنی مخزوم سے زکوٰۃ تحصیلنے پر پھر کہا اس نے

لابي رافع اصحبني كيما تصيب منها فقال لا حتى آتي رسول الله صلى الله عليه وسلم فاسأله فانطلق الى النبي صلى الله عليه

ابو رافع کو کہ آزاد کئے غلام تھے حضرت کے ساتھ چل میرے تاکہ فائدہ پاوے تو زکوٰۃ سے سو کہا ابو رافع نے نہ جاؤں گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں اور پوچھوں پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم فسأله فقال ان الصدقة لا تحل لنا وان موالي القوم من انفسهم رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن عبد الله

وسلم کے پاس پھر پوچھا تو فرمایا کہ صدقہ حلال نہیں ہم کو اور بیشک آزاد کئے غلام لوگوں کے انہیں میں سے ہیں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ

ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تحل الصدقة لغني ولا لذي مرة سوي رواه الترمذي وابو داود والدارمي

ابن عمر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال نہیں صدقہ لینا غنی کو اور قوت والے تندرست کو روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود اور دارمی

ورواه احمد والنسائي وابن ماجة عن ابي هريرة وعن عبيد الله بن عدي بن الخيار قال اخبرني رجلان انهما اتيا النبي

اور روایت کیا اس کو احمد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے ۔ اور روایت ہے عبید اللہ بن عدی ابن خیار سے کہا خبر دی مجھ کو دو مردوں نے کہ وہ دونوں گئے نبی

صلى الله عليه وسلم وهو في حجة الوداع وهو يقسم الصدقة فسألاه منها فرفع فينا النظر وخفضه فرآنا جلدين

صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور حضرت سفر میں حجۃ الوداع کے تھے ایسے وقت میں کہ بانٹتے تھے صدقہ پھر مانگا صدقہ میں سے سو بلند کی نظر ہمارے میں اور نیچے کی

فقال ان شئتما اعطيتكما ولا حظ فيها لغني ولا لقوي مكتسب رواه ابو داود والنسائي وعن عطاء بن يسار مرسلا

سو فرمایا اگر چاہو تو دیتا ہوں اور حصہ نہیں صدقہ میں مالدار کا اور زور آور کسب کرنے والے کا روایت کیا اس کو ابو داود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عطا ابن یسار سے مرسل

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تحل الصدقة لغني الا لخمسة لغاز في سبيل الله او لعامل عليها او لغارم او

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال صدقہ مالدار کو مگر پانچ شخصوں کو غازی کو جو جہاد کرے اللہ کی راہ میں یا اسکے تحصیلنے والے کو یا قرضدار کو یا

لرجل اشتراها بماله او لرجل كان له جار مسكين فتصدق على المسكين فاهدى المسكين للغني رواه مالك

اس مرد کے لئے کہ خرید کیا صدقہ اپنے مال سے یا اس مرد کے لئے کہ اس کا ہمسایہ محتاج ہے پھر کسی نے صدقہ دیا مسکین کو سو ہدیہ دیا مسکین نے صدقہ کو واسطے مالدار کے روایت کیا اس کو مالک

وابو داود وفي رواية لابي داود عن ابي سعيد او ابن السبيل وعن زياد بن الحارث الصدائي رض قال اتيت

اور ابو داود نے اور ایک روایت میں ابو داود کی جو ابو سعید سے ہے یوں ہے ف او ابن السبیل کا بھی ہے ۔ اور روایت ہے زیاد ابن حارث صدائی رض سے کہا آیا میں

النبي صلى الله عليه وسلم فبايعته فذكر حديثا طويلا فاتاه رجل فقال اعطني من الصدقة فقال له رسول الله

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر بیعت کی میں نے پھر ذکر کیا ایک لمبی حدیث کو بعد اسکے کہا پھر آیا حضرت کے پاس ایک مرد سو کہا دیجئے مجھے کچھ صدقہ سے سو فرمایا

رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لم یرض بحکم النبی ولا غیرہ فی الصدقات حتی حکم فیہا ہو فجزأہا ثمانیۃ اجزاء

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ پسند نہ کیا حکم کو نبی کے اور نہ کسی اور کے صدقوں کی تقسیم میں یہاں تک کہ حکم کیا اس میں آپ نے پھر ٹھہرایا آٹھ حصے

فان کنت من تلک الاجزاء اعطیتک رواہ ابو داؤد۔ الفصل الثالث عن زید بن اسلم قال شرب عمر بن

پھر اگر ہوگا تو ان آٹھ حصے والوں میں تو دونگا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے۔ تیسری فصل روایت ہے زید ابن اسلم سے کہا کہ پیا عمر ابن

الخطاب رض لبنا فاعجبہ فسأل الذی سقاہ من این ہذا اللبن فاخبرہ انہ ورد علی ماء قد سماہ فاذا نعم من

خطاب رض نے دودھ سو اچھا لگا ان کو پھر پوچھا اسکو جو دودھ پلایا ان کو کہ کہاں سے ہے یہ دودھ سو خبر دی اسنے انکو کہ میں گیا تھا ایک پانی کی جگہ [illegible]

نعم الصدقۃ وہم یسقون فحلبوا من البانہا فجعلتہ فی سقائی فہو ہذا فادخل عمر یدہ فاستقاء رواہ

جانور ہیں صدقے کے اور وے پانی پلاتے ہیں پھر دودھ دوہا انہوں نے ان جانوروں کا سو لیا میں نے دودھ اپنے برتن میں پھر یہ وہ دودھ ہے [illegible]

والبیہقی فی شعب الایمان۔

باب من لا تحل لہ المسئلۃ ومن تحل لہ

الفصل الاول

عن قبیصۃ بن مخارق رض

اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ باب اس بیان میں کہ کس کے لئے حلال نہیں سوال کرنا اور کس کے لئے حلال ہے۔ پہلی فصل روایت ہے قبیصہ سے بیٹا مخارق رض کا

قال تحملت حمالۃ فاتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسألہ فیہا فقال اقم حتی تاتینا الصدقۃ فنامر لک بہا ثم قال

کہا ضامن ہوا میں کسی کے قرض کا پھر آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سوال کرتا ہوا ضمانت کے باب میں سو فرمایا ٹھہرا رہ جب تک کہ آوے صدقہ پھر حکم کریں تیرے لئے اسکا

یا قبیصۃ ان المسئلۃ لا تحل الا لاحد ثلثۃ رجل تحمل حمالۃ فحلت لہ المسئلۃ حتی یصیبہا ثم یمسک ورجل اصابتہ

اے قبیصہ مقرر سوال حلال نہیں کسی کے لئے مگر ایک شخص کو تین شخصوں میں سے ہو ایک وہ کہ اٹھایا ضمانت کو پھر حلال سوال اسکے لئے یہاں تک کہ حاصل کرے قدر ضمانت کو پھر باز رہے اور دوسرا وہ مرد کہ پہنچے اسکو

جائحۃ اجتاحت مالہ فحلت لہ المسئلۃ حتی یصیب قواما من عیش او قال سدادا من عیش ورجل اصابتہ

ایک حادثہ جو تاراج کر دے مال اسکا پھر حلال ہوا اسکو سوال جب تک کہ حاصل کرے ضروری چیز کو زندگی کی یا کہا [illegible] اور مرد کہ پہنچے اسکو

فاقۃ حتی یقوم ثلثۃ من ذوی الحجی من قومہ لقد اصابت فلانا فاقۃ فحلت لہ المسئلۃ حتی یصیب قواما من عیش او

فاقہ یہاں تک کہ کھڑے ہو کر کہہ دیں تین شخص عقلمند اسکی قوم کے بیشک پہنچا فلانے آدمی کو فاقہ پھر حلال ہوا اسکو سوال کرنا جب تک کہ حاصل کرے ضروری چیز زندگی کی یا

قال سدادا من عیش فما سواہن من المسئلۃ یا قبیصۃ سحت یاکلہا صاحبہا سحتا رواہ مسلم۔ وعن ابی ہریرۃ رض قال

کہا بندوبست کو زندگی کے پھر سوا ان تین طور کے سوال کے اے قبیصہ حرام ہے کہ کھاتا ہے کھانے والا اسکا حرام کی راہ سے روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سأل الناس اموالہم تکثرا فانما یسأل جمرا فلیستقل او لیستکثر رواہ مسلم

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مانگے لوگوں سے مال ان کے جمع کرنے کو سو سوا اسکے نہیں کہ مانگتا ہی انگارا پھر کم مانگے یا بہت مانگے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عبد اللہ بن عمر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما یزال الرجل یسأل الناس حتی یاتی یوم القیمۃ

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ آدمی مانگا کرتا ہی لوگوں سے یہاں تک کہ آویگا قیامت کے دن

لیس فی وجہہ مزعۃ لحم متفق علیہ۔ وعن معاویۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تلحفوا فی المسئلۃ فو

ایسے حال پر کہ نہوگا منہ پر اسکے گوشت کا ٹکڑا [illegible] اور روایت ہے معاویہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چمٹ کر مانگو پھر قسم

اللہ لا یسألنی احد منکم شیئا فتخرج لہ مسئلتہ منی شیئا وانا لہ کارہ فیبارک لہ فیما اعطیتہ رواہ مسلم

اللہ کی نہوگا کہ سوال کرے گا مجھ سے کوئی تم میں کا پھر نکالے اسکے لئے اسکا سوال کچھ چیز اور میں اس کو ناخوش ہوں پھر برکت ہو [illegible]

طَعَامًا فَانْبِذْهُ إِلَى أَهْلِكَ وَاشْتَرِ بِالْآخَرِ قَدُومًا فَأْتِنِي بِهِ فَأَتَاهُ بِهِ فَشَدَّ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
کھانے کی چیزیں اور دیدے گھر والوں کو اور خرید کر دوسرے درہم سے ایک تیشہ پھر لے آ تیشہ میرے پاس سو لایا اُسکے تیشہ پھر مضبوط لگا دیا اسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عُودًا بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَاحْتَطِبْ وَبِعْ وَلَا أَرَيَنَّكَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَذَهَبَ الرَّجُلُ يَحْتَطِبُ وَيَبِيعُ فَجَاءَ
لکڑی کا دستہ دست مبارک سے پھر فرمایا چلا جا پھر لکڑی لا اور بیچ اور نہ دیکھوں میں تجھکو پندرہ دن سو جا پھر لگا وہ مرد لکڑی لانے اور بیچنے پھر آیا حضرت کے پاس

وَقَدْ أَصَابَ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَاشْتَرَى بِبَعْضِهَا ثَوْبًا وَبِبَعْضِهَا طَعَامًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ
حاصل کر کے دس درہم پھر خریدا کئی درہم سے کپڑا اور کئی درہم سے کھانا پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ بھلا ہے

لَكَ مِنْ أَنْ تَجِيءَ الْمَسْأَلَةُ نُكْتَةً فِي وَجْهِكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِنَّ الْمَسْأَلَةَ لَا تَصْلُحُ إِلَّا لِثَلٰثَةٍ لِذِي فَقْرٍ مُدْقِعٍ أَوْ لِذِي غُرْمٍ
تجھکو اس سے کہ آوے سوال کا نقطہ ہو کر تیرے منہ پر قیامت کے دن بیشک سوال درست نہیں سوا تین شخص کے یا اسکو کہ محتاجی نے خاک سے لگا دیا اسکو یا اسکو

مُفْظِعٍ أَوْ لِذِي دَمٍ مُوجِعٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ إِلٰى قَوْلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ
سوا کی ہے یا اسکو کہ فکر دیت کی ستاتی ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے قول تک حضرت کے یوم القیمۃ ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رض سے کہا کہ فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصَابَتْهُ فَاقَةٌ فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهٗ وَمَنْ أَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ أَوْشَكَ اللّٰهُ لَهٗ بِالْغِنٰى
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو پہنچے فاقہ سو خبر دے فاقے کی لوگوں کو دور نہوگا فاقہ اُسکا اور جو خبر دے فاقے کی اللہ کو جلد کرے گا اللہ اسکا غنا

إِمَّا بِمَوْتٍ عَاجِلٍ أَوْ غِنًى آجِلٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ أَنَّ الْفِرَاسِيَّ رض قَالَ لِرَسُولِ
یا موت سے جو قریب ہے یا اس تونگری سے کہ حاصل ہو نزدیک اسکے دیر سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے ٭ تیسری فصل ٭ روایت ہے ابن فراسی سے کہ فراسی نے عرض کی رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَإِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَسَلِ الصَّالِحِينَ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سوال کروں میں اے رسول اللہ کے تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مت کر اور اگر تو لاچار ہو تو سوال کر صالح لوگوں سے

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنِ ابْنِ السَّاعِدِيِّ رض قَالَ اسْتَعْمَلَنِي عُمَرُ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَأَدَّيْتُهَا
روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے ابی ساعدی رض سے کہا کہ مقرر کیا مجھے حضرت عمر نے زکوۃ تحصیلنے پر پھر جب فراغت کی میں اُس سے اور پہنچا دیا زکوۃ

إِلَيْهِ أَمَرَ لِي بِعُمَالَةٍ فَقُلْتُ إِنَّمَا عَمِلْتُ لِلّٰهِ وَأَجْرِي عَلَى اللّٰهِ قَالَ خُذْ مَا أُعْطِيتَ فَإِنِّي قَدْ عَمِلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ
عمر کے پاس فرمایا کہ دیں مجھے مزدوری کام کی تو کہا میں نے بس کام کیا میں نے اللہ کے واسطے اور مزدوری میری اللہ پر ہے کہا لے جو ملا تجھکو کیونکہ میں نے عمل کیا تھا زمانے میں رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَمَّلَنِي فَقُلْتُ مِثْلَ قَوْلِكَ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُعْطِيتَ شَيْئًا
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو حضرت نے مزدوری دی مجھے کام کی تو کہا میں نے جیسا تو نے کہا تو فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ملے تجھکو کوئی چیز

مِنْ غَيْرِ أَنْ تَسْأَلَهُ فَكُلْ وَتَصَدَّقْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَلِيٍّ رض أَنَّهٗ سَمِعَ يَوْمَ عَرَفَةَ رَجُلًا يَسْأَلُ النَّاسَ فَقَالَ
بغیر مانگنے تیرے اس چیز کو تو کھا اور خیرات کر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے علی رض سے مقرر انہوں نے سنا حج کے دن ایک مرد کو سوال کرتے لوگوں سے پھر کہا

أَفِي هٰذَا الْيَوْمِ وَفِي هٰذَا الْمَكَانِ تَسْأَلُ مِنْ غَيْرِ اللّٰهِ فَخَفَقَهٗ بِالدِّرَّةِ رَوَاهُ رَزِينٌ وَعَنْ عُمَرَ رض قَالَ تَعَلَّمُنَّ أَيُّهَا
کیا اس بزرگ دن میں اور اس مکان میں یعنے جبل عرفات پر سوال کرتا ہے تو غیر سے اللہ کے پھر مارا اسکو درّے سے روایت کیا اسکو رزین نے ٭ اور روایت ہے عمر رض سے کہا جان رکھو اے

النَّاسُ أَنَّ الطَّمَعَ فَقْرٌ وَأَنَّ الْإِيَاسَ غِنًى وَأَنَّ الْمَرْءَ إِذَا أَيِسَ عَنْ شَيْءٍ اسْتَغْنٰى عَنْهُ رَوَاهُ رَزِينٌ وَعَنْ ثَوْبَانَ رض
لوگو تحقیق طمع رکھنا لوگوں سے آدمی کو فقیر کرتا ہے اور تحقیق امید نہ رکھنا لوگوں سے آدمی کو غنی کرتا ہے اور تحقیق آدمی جب مایوس ہوتا ہے کسی چیز سے بے پروا ہوتا ہے اس سے روایت
کیا اسکو رزین نے ٭ اور روایت ہے ثوبان رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يكفل لي ان لا يسأل الناس شيئا فاتكفل له بالجنة فقال ثوبان انا فكان
کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ عہد کرے نہ مانگنے کا لوگوں سے کوئی چیز پھر ضامن ہوں میں اسکے بہشت میں جانیکا سو کہا ثوبان نے میں تھا ثوبان

لا يسأل احدا شيئا رواه ابو داود والنسائي وعن ابي ذر رض قال دعاني رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو
نہ سوال کرتا تھا ثوبان کسی سے کوئی چیز روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے * اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا بلایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يشترط علي ان لا تسأل الناس شيئا قلت نعم قال ولا سوطك ان سقط منك حتى تنزل اليه فتاخذه رواه
شرط کرتے تھے مجھ پر یہ کہ نہ مانگوں لوگوں سے کوئی چیز میں نے کہا ہاں اچھا فرمایا حضرت نے اور نہ مانگ اپنے کوڑے کو اگر گر جاوے تجھ سے یہاں تک کہ تو آپ اتر کر لے اسکو روایت کیا اسکو

احمد باب الانفاق وكراهية الامساك الفصل الاول عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو
احمد نے * باب بیان میں سخاوت کی خوبی اور بخل کی برائی کے * پہلی فصل * روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر

كان لي مثل احد ذهبا لسرني ان لا يمر علي ثلث ليال وعندي منه شيء الا شيء ارصده لدين رواه البخاري
ہووے میرے پاس برابر احد کے پہاڑ کے سونا خوش کرے مجھکو یہ کہ نہ گذریں مجھ پر تین راتیں کہ کچھ ہو میرے پاس اسمیں سے سوائے اتنی چیز کے کہ رکھ چھوڑوں میں قرض ادا کرنے کو روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من يوم يصبح العباد فيه الا ملكان ينزلان فيقول احدهما اللهم
اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی دن کہ صبح کو اٹھیں اللہ کے بندے اسمیں مگر دو فرشتے اترتے ہیں پھر کہتا ہے ایک ان میں کا اے اللہ

اعط منفقا خلفا ويقول الاخر اللهم اعط ممسكا تلفا متفق عليه وعن اسماء رض قالت قال رسول الله صلى
دے مال خرچ کرنے والے کو عوض اسکا اور کہتا ہے دوسرا اے اللہ دے بخیل کو ہلاکت مال کی * ق * اور روایت ہے اسماء رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم انفقي ولا تحصي فيحصي الله عليك ولا توعي فيوعي الله عليك ارضخي ما استطعت متفق عليه وعن
اللہ علیہ وسلم نے مال خرچ کر اور گن گن کر مت دے پھر گن گن کر دیگا اللہ تجھکو اور مال رکھ مت چھوڑ کر دینا موقوف کر اللہ تجھکو دے جس قدر کہ سکے تو * ق * اور روایت

ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالى انفق يا ابن ادم انفق عليك متفق عليه وعن ابي امامة
ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے مال خرچ کر اے بیٹے آدم کے تا کہ زیادہ دوں مال تجھکو * ق * اور روایت ہے ابی امامہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ابن ادم ان تبذل الفضل خير لك وان تمسكه شر لك ولا تلام على كفاف وابدأ بمن تعول
کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے آدم کے بیٹے اگر دے ڈالیگا تو حاجت سے زائد کو بھلا ہے تجھکو اور اگر رکھے تو اسکو برا ہے تجھکو اور ملامت نہیں تجھ پر بقدر کفاف کے اور ابتدا کر

رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل البخيل والمتصدق كمثل رجلين عليهما جنتان
روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال بخیل اور سخی کی جیسی مثال دو مرد کی کہ ان پر دو زرہ ہیں

من حديد قد اضطرت ايديهما الى ثديهما وتراقيهما فجعل المتصدق كلما تصدق بصدقة انبسطت عنه
لوہے کی کہ جکڑ گئے ہیں زرہ کی تنگی سے ہاتھ ان کے چھاتیوں تک اور گلے کی ہنسلی تک پھر لگا سخی جب صدقہ دینے لگتا کشادہ ہو گئی زرہ اس سے

وجعل البخيل كلما هم بصدقة قلصت واخذت كل حلقة بمكانها متفق عليه وعن جابر رض قال قال رسول
اور لگا بخیل جب قصد کرنے صدقہ دینے کا تنگ ہونے لگی زرہ اور ہر حلقہ پکڑنے لگا اپنی جا کو * ق * اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اتقوا الظلم فان الظلم ظلمات يوم القيمة واتقوا الشح فان الشح اهلك من كان قبلكم
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو ظلم کرنے سے اس واسطے کہ سبب ظلم کے بہت سی تکلیفیں پہنچینگی قیامت کے دن اور بچو بخل اور حرص سے اس نے ہلاک کیا تھا اگلوں کو

حملهم علی ان سفکوا دماءهم واستحلوا محارمهم رواه مسلم وعن حارثة بن وهب رض قال قال رسول الله صلی
اٹھایا یا ظلم نے ان کو آپس میں خونریزی کرنے پر اور حلال سمجھنے لگے ان چیزوں کو کہ حرام کیا اللہ نے × روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے حارثہ ابن وہب رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله علیه وسلم تصدقوا فانه یاتی علیکم زمان یمشی الرجل بصدقته فلا یجد من یقبلها یقول الرجل لو جئت بها
اللہ علیہ وسلم نے صدقہ دو کیونکہ بیشک آویگا تم پر ایک زمانہ کہ لیجاویگا مرد اپنا صدقہ یعنے لوگوں کے پاس پھرتا پھریگا اور نہ پاویگا اسکا لینے والا کہیگا جس مرد کے پاس صدقہ لیجاویگا

بالامس لقبلتها فاما الیوم فلا حاجة لی بها متفق علیه وعن ابی هریرة رض قال قال رجل یا رسول الله ای الصدقة اعظم
کل کے دن میں تو لیتا لیکن پھر بہرصورت آج کے دن تو حاجت نہیں مجھے اسکی × ق × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہا ایک مرد نے ای رسول اللہ کے کونسی خیرات بڑا

اجرا قال ان تصدق وانت صحیح شحیح تخشی الفقر وتامل الغنی ولا تمهل حتی اذا بلغت الحلقوم قلت لفلان کذا
ثواب رکھتی ہے فرمایا خیرات دینا تیرا اس حال میں کہ تو تندرست ہو بخیل ہو ڈرتا ہو محتاجی سے اور امید رکھتا ہو تونگری کی اور دیر مت کر یہانتک کہ جب پہنچے جان گلے میں تو کہے فلانے کو اتنا اور فلانے کو اتنا دینا

ولفلان کذا وقد کان لفلان متفق علیه وعن ابی ذر رض قال انتهیت الی النبی صلی الله علیه وسلم وهو جالس فی
اور فلانے کو ایسا اور اتنا دینا اور ہو گئی ملک فلانے کی × ق × اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا جا نکلا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جس حال میں کہ حضرت بیٹھے تھے

ظل الکعبة فلما رانی قال هم الاخسرون ورب الکعبة فقلت فداک ابی وامی من هم قال هم الاکثرون
سایہ میں کعبے کے پھر جب دیکھا حضرت نے مجھکو فرمایا وہی نقصان پانے والے ہیں قسم کعبے کے رب کی پھر کہا میں تصدق ہوں تم پر ماں باپ میرے کون ہیں وے لوگ فرمایا نقصان پانے والے بہت

اموالا الا من قال هکذا وهکذا وهکذا من بین یدیه ومن خلفه وعن یمینه وعن شماله وقلیل ما هم متفق علیه الفصل
مال والے ہیں مگر جسنے خرچ کیا ایسا اور ایسا اور ایسا اشارہ فرمایا روبرو اور پیچھے اور داہنے اور بائیں اور فرمایا تھوڑے ہیں ایسے سخی لوگ × ق × فصل

الثانی عن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم السخی قریب من الله قریب من الجنة قریب من الناس بعید
دوسری × روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سخی آدمی نزدیک ہے اللہ سے نزدیک ہے بہشت سے نزدیک ہے لوگوں سے دور ہے

من النار والبخیل بعید من الله بعید من الجنة بعید من الناس قریب من النار ولجاهل سخی احب الی الله من
دوزخ سے اور بخیل آدمی دور ہے اللہ سے اور دور ہے بہشت سے دور ہے لوگوں سے نزدیک ہے دوزخ سے اور بیشک بے علم سخی بہت پیارا ہے اللہ کو

عابد بخیل رواه الترمذی وعن ابی سعید رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لان یتصدق المرء فی حیاته
بخیل عابد سے × روایت کیا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہے ابو سعید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ صدقہ دینا آدمی کا جیتے جی

بدرهم خیر له من ان یتصدق بمائة عند موته رواه ابو داود وعن ابی الدرداء رض قال قال رسول الله صلی الله
ایک درہم بہتر ہے اسکے حق میں سو درہم صدقہ دینے سے مرتے دم × روایت کیا اسکو ابوداؤد نے × اور روایت ہے ابی درداء رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم مثل الذی یتصدق عند موته او یعتق کالذی یهدی اذا شبع رواه احمد والنسائی والدارمی والترمذی
علیہ وسلم نے مثال صدقہ دینے والے کی مرتے دم یا آزاد کرنے والے کی جیسی مثال ہدیہ دینے والے کی جب پیٹ بھر چکا × روایت کیا اسکو احمد اور نسائی اور دارمی اور ترمذی نے

وصححه وعن ابی سعید رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم خصلتان لا تجتمعان فی مؤمن البخل وسوء الخلق
اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں مل کر نہیں ہوتیں مرد مومن میں ایک تو بخل اور دوسری بدخلقی

رواه الترمذی وعن ابی بکر الصدیق رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یدخل الجنة خب ولا بخیل
روایت کیا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جاویگا بہشت میں دغاباز فریبی اور بخیل

ولا منّان رواه النسائي والدارمي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم شر ما في الرجل شح هالع وجبن خالع

اور احسان جتانے والا قاطع رحم روایت کیا کو نسائی نے اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بری خصلتوں سے آدمی کی دو خصلتیں ہیں

رواه ابو داؤد وسنذكر حديث ابي هريرة لا يجتمع الشح والايمان في كتاب الجهاد ان شاء الله تعالى الفصل

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ان شاء اللہ ذکر کرینگے ہم حدیث ابی ہریرہ کی جو سرا اسکا یہ ہے نہ جمع ہوگا بخل ایمان کے ساتھ کتاب الجہاد میں اگر چاہے اللہ تعالی فصل

الثالث عن عائشة رض ان بعض ازواج النبي صلى الله عليه وسلم قلن للنبي صلى الله عليه وسلم اينا اسرع بك لحوقا

تیسری روایت ہے عائشہ رض سے مقرر بعضی بیبیاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون ہم میں سے پہلے مرکے ملیگی آپ

قال اطولكن يدا فاخذوا قصبة يذرعونها وكانت سودة اطولهن يدا فعلمنا بعد انما كانت طول يدها الصدقة

فرمایا جسکا زیادہ لانبا ہو ہاتھ پھر ناپنے لگے گھر والے ایک لمبی لکڑی لیکر ہاتھ اپنے اپنے اور تھیں حضرت سودہ سب سے زیادہ لانبے ہاتھ والی سو جانا ہم نے بعد کے

وكانت اسرعنا لحوقا به زينب وكانت تحب الصدقة رواه البخاري وفي رواية مسلم قالت قال رسول الله

اور تھیں ہم سب میں جلدی ملنے والی حضرت سے زینب اور تھیں دوست رکھتی صدقہ دینے کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی روایت میں یہ ہے کہا عائشہ نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اسرعكن لحوقا بي اطولكن يدا وكانت يتطاولن ايتهن اطول يدا قالت فكانت اطولنا يدا

صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سبھوں سے جلدی ملنے والی مجھ سے وہ ہے کہ ہاتھ اسکا زیادہ لانبا ہو اور آپس میں جھگڑتی تھیں کہ کس کا ہاتھ زیادہ لانبا ہے ہم میں سے لانبے ہاتھ والی

زينب لانها كانت تعمل بيدها وتصدق وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال قال رجل

زینب کیونکہ وہ کام کرتی اپنے ہاتھ سے اور خیرات کرتی تھی، اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہا ایک مرد نے

لاتصدقن بصدقة فخرج بصدقته فوضعها في يد سارق فاصبحوا يتحدثون تصدق الليلة على سارق فقال

البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں چور کے پھر صبح کو لوگ کہنے لگے کہ صدقہ دے گیا آج کی رات میں چور کو پھر کہا اس نے

اللهم لك الحمد على سارق لاتصدقن بصدقة فخرج بصدقته فوضعها في يد زانية فاصبحوا يتحدثون تصدق

اے اللہ تیرا ہی ہے حمد چور کو صدقہ دینے پر البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں زنا کرنے والی کے پھر صبح کو لوگ آپس میں کرنے لگے صدقہ دیا گیا

الليلة على زانية فقال اللهم لك الحمد على زانية لاتصدقن بصدقة فخرج بصدقته فوضعها في يد غني فاصبحوا

آج کی رات زانیہ عورت کو تب کہا اس مرد نے الہی تیرا حمد ہے زانیہ کو صدقہ دینے پر البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں مالدار کے پھر صبح کو

يتحدثون تصدق الليلة على غني قال اللهم لك الحمد على سارق وزانية وغني فاتي فقيل له اما صدقتك على

باتیں کرنے لگے کہ تصدق کیا گیا آج کی رات کو مالدار پر کہا اس نے اے اللہ تیرا ہی حمد ہے صدقہ دینے پر چور اور زانیہ اور مالدار کو تب پھر کوئی خواب میں آکر کہا گیا کہ صدقہ تیرا

سارق فلعله ان يستعف عن سرقته واما الزانية فلعلها ان تستعف عن زناها واما الغني فلعله ان يعتبر

چور کو سو شاید وہ باز آوے چوری کرنے سے اور بہرصورت زانیہ سو شاید وہ بچے زنا سے اس دن اور بہرصورت غنی سو شاید وہ عبرت پکڑے

فينفق مما اعطاه الله متفق عليه ولفظه للبخاري وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال بينا رجل بفلاة من

پھر خرچ کرنے لگے اپنے مال سے کہ دیا اسکو اللہ نے متفق علیہ اور عبارت اس حدیث کی بخاری کی ہے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ایک وقت میں ایک مرد تھا

الارض فسمع صوتا في سحابة اسق حديقة فلان فتنحى ذلك السحاب فافرغ ماءه في حرة فاذا شرجة من تلك

زمین میں پھر سنا اس نے ایک آواز ابر میں کہ کوئی یہی کہتا ابر کو پانی برسا باغ میں فلانے شخص کے پھر وہاں سے ایک طرف چلا گیا وہ ابر اور برسا دیا پانی اپنا ایک پتھریلی زمین میں

الشِّرَاجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتْ ذٰلِكَ الْمَاءَ كُلَّهُ فَتَتَبَّعَ الْمَاءَ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِيْ حَدِيْقَتِهِ يُحَوِّلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهِ فَقَالَ لَهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ

نالیوں میں سے ایک نالی نے بالکل گھیر لیا ہے اس پانی کو تمام پھر پیچھے چلا وہ مرد اس پانی کے سو دیکھا کہ ایک مرد کھڑا ہے اپنے باغ میں پھراتا ہوا پانی کو اپنے پھاوڑے سے پھر کہا اس

مَا اسْمُكَ قَالَ فُلَانٌ لِلْاِسْمِ الَّذِيْ سَمِعَ فِي السَّحَابَةِ فَقَالَ لَهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ لِمَ تَسْأَلُنِيْ عَنِ اسْمِيْ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ صَوْتًا

کیا نام ہے تیرا کہا فلانا وہی نام کہ جو سنا تھا اس مرد نے ابر میں پھر کہا باغ والے نے اسکو اے بندے اللہ کے کیوں پوچھتا ہے مجھ سے میرا نام تب کہا اس نے میں نے سنی ایک آواز

فِي السَّحَابِ الَّذِيْ هٰذَا مَاؤُهُ يَقُوْلُ اسْقِ حَدِيْقَةَ فُلَانٍ لِاِسْمِكَ فَمَا تَصْنَعُ فِيْهَا قَالَ اَمَّا اِذْ قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى

ابر میں سے کہ یہہ پانی جس ابر سے برسا ہے کہتا ہے کہ پانی دے باغ کو فلانے کے تیرا نام لیکر سو کیا کرتا ہے تو اس باغ میں کہا باغ والے نے مجھے تو درکار نہ تھا کہ کہتا لیکن

مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهِ وَاٰكُلُ اَنَا وَعِيَالِيْ ثُلُثًا وَاَرُدُّ فِيْهَا ثُلُثَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ

محاصل پر اس باغ کے کہ کیا ہوتا ہے پھر تہائی اسکی خیرات کرتا ہوں اور کھاتا ہوں میں اور میرے بال بچے مل کر ایک تہائی اور خرچ کرتا ہوں اس باغ میں سے ایک تہائی نقل کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ انہوں نے سنا

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ ثَلٰثَةً مِّنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَبْرَصَ وَاَقْرَعَ وَاَعْمٰى فَاَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تحقیق تھے تین شخص بنی اسرائیل کی قوم سے ایک کوڑھی اور دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا پھر ارادہ کیا اللہ نے انکی آزمائش کا سو بھیجا

اِلَيْهِمْ مَلَكًا فَاَتَى الْاَبْرَصَ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّيَ الَّذِيْ

انکی طرف ایک فرشتے کو پھر آیا فرشتہ کوڑھی کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھکو کہا کوڑھی نے اچھا رنگ اور پوست اور جاتی رہے مجھ سے گھن کی چیز

قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهُ وَاُعْطِيَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا حَسَنًا قَالَ فَاَيُّ الْمَالِ

کہ گھناتے ہیں مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیر دیا اس پر سو جاتی رہی اس سے وہ گھناہٹ اور ملا اسکو رنگ اچھا اور پوست اچھا کہا فرشتے نے پھر کونسا مال

اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْاِبِلُ اَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ اِسْحٰقُ اِلَّا اَنَّ الْاَبْرَصَ وَالْاَقْرَعَ قَالَ اَحَدُهُمَا الْاِبِلُ وَقَالَ الْاٰخَرُ الْبَقَرُ فَاُعْطِيَ

زیادہ پیارا ہے تجھکو کہا اونٹ یا کہا گائے شک کیا اسحاق نے جو راوی ہیں مگر کوڑھی نے یا گنجے نے کہا ایک نے اونٹ اور دوسرے نے کہا گائے پھر دی گئی اسکو

نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا قَالَ فَاَتَى الْاَقْرَعَ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ

اونٹنی کہ اسکو دس مہینے کا حمل تھا پھر کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھکو اس میں فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ گنجے کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھکو کہا گنجے نے اچھے بال

عَنِّيْ هٰذَا الَّذِيْ قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَالَ وَاُعْطِيَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَاَيُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَيْكَ

اور جاتی رہے مجھ سے یہہ بیماری کہ گھناتے ہیں مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا فرشتے نے اسپر سو جاتی رہی وہ بیماری اس سے فرمایا حضرت نے پھر دیئے گئے اسکو بال اچھے کہا فرشتے نے پھر کونسا مال زیادہ پیارا ہے تجھکو

قَالَ الْبَقَرُ فَاُعْطِيَ بَقَرَةً حَامِلًا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا قَالَ فَاَتَى الْاَعْمٰى فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ اَنْ يَّرُدَّ

کہا اسنے گائے پھر دی گئی اسکو گائے حاملہ کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھکو اس میں فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ اندھے کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھکو کہا یہہ کہ پھیر دے

اللّٰهُ اِلَيَّ بَصَرِيْ فَاُبْصِرُ بِهِ النَّاسَ قَالَ فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَيْهِ بَصَرَهُ قَالَ فَاَيُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْغَنَمُ فَاُعْطِيَ

اللہ میری آنکھ میں بصارت کہ دیکھوں میں اس سے لوگوں کو فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا فرشتہ اسپر پھر دوبارہ دیا اللہ نے اسکو اسکی آنکھ کی روشنی کہا فرشتے نے پھر کونسا مال بہت پیارا ہے تجھکو کہا اسنے بکری پھر دی گئی اسکو

شَاةً وَالِدًا فَاُنْتِجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْاِبِلِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْبَقَرِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ

بکری قریب جننے والی پھر اولاد بڑھائی اونٹ اور گائے کی ان دونوں نے اور اولاد بڑھائی بکری کی بکری والے نے سو ہوا کوڑھی کے پاس اونٹوں کا ایک گلہ اور گنجے کے پاس گایوں کا ایک گلہ اور اندھے کے پاس ایک گلہ

الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ اِنَّهُ اَتَى الْاَبْرَصَ فِيْ صُوْرَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ قَدِ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ

بکریوں کا فرمایا حضرت نے پھر وہ فرشتہ آیا کوڑھی کے پاس اپنی اگلی صورت اور شکل میں اور کہا میں ایک مسکین مرد ہوں کہ ٹوٹ گئے ہیں میرے اسباب اور حیلے میرے سفر میں۔

فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ بِالَّذِيْ أَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِيْرًا أَتَبَلَّغُ بِهِ فِيْ

سو نہیں پہنچنے کی صورت مجھے آج کے دن مگر خدا کے فضل سے پھر تیری مدد سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اس کا واسطہ دیکر کہ دیا اس نے تجھے اچھا رنگ اور اچھی کھال اور مال ایک اونٹ کا کہ پہنچوں میں اسکے

سَفَرِيْ فَقَالَ الْحُقُوْقُ كَثِيْرَةٌ فَقَالَ لَهُ كَأَنِّيْ أَعْرِفُكَ أَلَمْ تَكُنْ أَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيْرًا فَأَعْطَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ إِنَّمَا

اپنے سفر میں مقصود کو کہا کوڑھی نے حقدار بہت ہیں تب فرشتے نے کہا گویا میں پہچانتا ہوں تجھکو کیا نہ تھا تو کوڑھی کہ گھناتے تھے تجھ سے لوگ اور فقیر پھر دیا تجھے اللہ نے مال پھر کہا کوڑھی نے

وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ إِلٰى مَا كُنْتَ قَالَ وَأَتَى الْأَقْرَعَ فِيْ صُوْرَتِهِ

وارث ہوا ہوں میں اس مال کا اپنے باپ دادے سے پھر کہا فرشتے نے اگر ہو تو جھوٹا کر دیوے تجھے اللہ جیسا تھا تو اور آیا فرشتہ گنجے کے پاس اپنی اگلی صورت میں

فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلٰى هٰذَا فَقَالَ إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ إِلٰى مَا كُنْتَ قَالَ وَأَتَى

پھر کہا گنجے کو جیسا کہا تھا کوڑھی کو اور بد دعا دی گنجے کو جیسی بد دعا دی کوڑھی کو پھر کہا فرشتے نے اگر جھوٹا ہو تو پھر کر دے اللہ تجھکو جیسا تھا تو اور آیا فرشتہ

الْأَعْمٰى فِيْ صُوْرَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ وَابْنُ سَبِيْلٍ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ فَلَا بَلَاغَ لِيَ

اندھے کے پاس اگلی شکل و صورت میں پھر کہا میں ایک مسکین مرد ہوں اور مسافر ہوں ٹوٹ گئے میرے سب حیلے اور اسباب میرے سفر میں پھر نہیں پہنچنے کی تدبیر مجھکو

الْيَوْمَ ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ بِالَّذِيْ رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً أَتَبَلَّغُ بِهَا فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ قَدْ كُنْتُ أَعْمٰى فَرَدَّ اللّٰهُ

آج کے دن مگر اللہ کے فضل سے پھر تیری مدد سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اس اللہ کا واسطہ دیکر کہ پھیر دی تیری آنکھوں کی روشنی ایک بکری کا کہ پہنچوں میں اس سے اپنے سفر میں مقصود کو تب کہا اندھے نے تھا میں اندھا پھر دے دیا اللہ نے

إِلَيَّ بَصَرِيْ فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَا أَجْهَدُكَ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ أَخَذْتَهُ لِلّٰهِ فَقَالَ أَمْسِكْ مَالَكَ

میری آنکھوں میں روشنی سو لے جا جو چاہے اور چھوڑ دے جتنا چاہے تو پھر قسم اللہ کی نہ منع کروں گا میں تجھکو آج کے دن اس چیز سے کہ لیوے تو واسطے اللہ کے پھر کہا فرشتے نے رکھ چھوڑ مال اپنا

فَإِنَّمَا ابْتُلِيْتُمْ فَقَدْ رَضِيَ عَنْكَ وَسَخِطَ عَلٰى صَاحِبَيْكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أُمِّ بُجَيْدٍ رض قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

پھر بس آزمائے گئے تم تینوں سو تجھ سے راضی ہوا اللہ اور غصہ ہوا تیرے دونوں ساتھیوں پر روایت کی اسکو بخاری و مسلم نے اور روایت ہے ام بجید رض سے کہا بولی میں اے رسول اللہ کے

إِنَّ الْمِسْكِيْنَ لَيَقِفُ عَلٰى بَابِيْ حَتّٰى أَسْتَحْيِيَ فَلَا أَجِدُ فِيْ بَيْتِيْ مَا أَدْفَعُ فِيْ يَدِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بیشک مسکین کھڑا رہتا ہے میرے دروازے پر یہاں تک کہ شرم آتی ہے مجھکو پھر نہیں پاتی میں گھر میں جو دوں اسکے ہاتھ میں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْفَعِيْ فِيْ يَدِهِ وَلَوْ ظِلْفًا مُحْرَقًا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ

علیہ وسلم نے دے اسکے ہاتھ میں اگرچہ کھری جلی ہوئی ہو روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے

مَوْلًى لِعُثْمَانَ رض قَالَ أُهْدِيَ لِأُمِّ سَلَمَةَ بَضْعَةٌ مِنْ لَحْمٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ اللَّحْمُ فَقَالَتْ لِلْخَادِمِ

حضرت عثمان کے ایک آزاد کئے ہوئے غلام سے کہا اس نے ہدیہ دیا کسی نے حضرت ام سلمہ کو ایک ٹکڑا گوشت کا اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھا معلوم ہوتا تھا گوشت سو کہا ام سلمہ نے خادم کو

ضَعِيْهِ فِي الْبَيْتِ لَعَلَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُهُ فَوَضَعَتْهُ فِيْ كُوَّةِ الْبَيْتِ وَجَاءَ سَائِلٌ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ

رکھ دے گوشت کا ٹکڑا گھر میں شاید نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھاویں اسکو سو رکھ دیا اس نے گوشت کا ٹکڑا طاقچے میں گھر کے اور آیا ایک مانگنے والا اور کھڑا رہا دروازے پر اور کہا

تَصَدَّقُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ فَقَالُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ فَذَهَبَ السَّائِلُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أُمَّ

خیرات دو برکت دے اللہ تمہاری روزی میں کہا گھر والوں نے برکت دے اللہ تیرے سوال میں تب چلا گیا مانگنے والا پھر گھر میں آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا اے ام

سَلَمَةَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ أَطْعَمُهُ فَقَالَتْ نَعَمْ قَالَتْ لِلْخَادِمِ اذْهَبِيْ فَأْتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ اللَّحْمِ

سلمہ کیا تمہارے پاس کچھ ہے کہ کھاؤں میں کہا ام سلمہ نے ہاں بولی ام سلمہ خادم کو جا لے آ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو اس گوشت کو

فذهبت فلم تجد في الكوة الا قطعة مروة فقال النبي صلى الله عليه وسلم فان ذلك اللحم عاد مروة لما لم تعطوه

سو گیا خادم پھر نہ پایا طاقچے میں کچھ مگر پتھر کا ٹکڑا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر وہ گوشت ہو گیا پتھر تمہارے نہ دینے کے سبب سے

السائل رواه البيهقي في دلائل النبوة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا اخبركم بشر

مانگنے والے کو روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تم کو بدترین

الناس منزلا قيل نعم قال الذي يسأل بالله ولا يعطي به رواه احمد وعن ابي ذر رض انه استاذن على عثمان

آدمیوں کے درجہ میں کہا لوگوں نے ہاں خبر دیجئے فرمایا وہ شخص ہے کہ کوئی سوال کرے اس سے اللہ کا واسطہ دیکر اور نہ دے خدا کا نام سنکر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہ انہوں نے اجازت طلب کی حضرت عثمان سے

فاذن له وبيده عصاه فقال عثمان يا كعب ان عبد الرحمن توفي وترك مالا فما ترى فيه فقال ان كان يصل

سو اجازت دی اور ہاتھ میں ابی ذر کے لاٹھی تھی پھر کہا حضرت عثمان نے اے کعب عبد الرحمن مرگیا اور چھوڑ گیا مال کو پھر کیا دیکھتا ہے تو اسکے حق میں سو کہا کعب نے اگر دیتا تھا

فيه حق الله فلا باس عليه فرفع ابو ذر عصاه فضرب كعبا وقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما

مال سے حق اللہ کا تو کچھ مضایقہ نہیں پھر اٹھائی ابو ذر نے لاٹھی اپنی اور مارا کعب کو اور کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے

احب لو ان لي هذا الجبل ذهبا انفقه ويتقبل مني اذر خلفي منه ست اواقي انشدك بالله يا عثمان اسمعته

نہیں دوست رکھتا میں اگر ہو میرے لئے یہ پہاڑ سونے کا کہ خرچ کروں میں اسکو اور قبول کرے اللہ مجھ سے اس بات کو کہ چھوڑ جاؤں میں اپنے پیچھے اسمیں سے چھ اوقیہ … کیا سنا تو نے

ثلاث مرات قال نعم رواه احمد وعن عقبة بن الحارث رض قال صليت وراء النبي صلى الله عليه وسلم

تین بار کہا عثمان نے ہاں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عقبہ ابن حارث رض سے کہا نماز پڑھی میں نے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

بالمدينة العصر فسلم ثم قام مسرعا فتخطى رقاب الناس الى بعض حجر نسائه ففزع الناس من سرعته

مدینے میں نماز عصر کی سو سلام پھیرا حضرت نے پھر کھڑے ہوئے جلدی پھر پھاند کر چلے گئے گردنوں پر سے لوگوں کی بعضے حجرے کی طرف اپنی بیبیوں کے سو گھبرا گئے لوگ حضرت کے جلدی جانے سے

فخرج عليهم فرأى انهم قد عجبوا من سرعته قال ذكرت شيئا من تبر عندنا فكرهت ان يحبسني فامرت

پھر باہر آئے حضرت لوگوں کے پاس پھر دیکھا حضرت نے کہ لوگوں نے تعجب کیا جلدی جانے سے آپ کے فرمایا یاد آیا مجھے تھوڑا خالص سونا کہ ہمارے پاس رہا تھا سو برا جانا میں نے کہ روک دے مجھے اللہ کی راہ سے پھر حکم کیا

دوسرے مہینوں میں اور وہ صبر کا مہینا ہے اور صبر کا بدلا بہشت ہے اور مہینا ہے غمخواری کرنے کا اور وہ مہینا ہے کہ زیادہ ہوتی ہے اسمیں روزی ایمان والے کی

صائما كان له مغفرة لذنوبه وعتق رقبته من النار وكان له مثل اجره من غير ان ينقص من اجره شيء
روزہ دار کو بخشش ہوگی اسکے گناہوں کی اور گردن چھوٹیگی اسکی دوزخ سے اور ثواب ملیگا اسکو مانند اس روزہ دار کے بغیر اسکے کہ کچھ کم ہو اسکے ثواب سے

قلنا يا رسول الله ليس كلنا يجد ما يفطر به الصائم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يعطي الله هذا
کہا ہم نے اے رسول اللہ کے نہیں سب کو ہم میں سے مقدور اتنا کہ افطار کروائیں روزہ دار کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ دیتا ہے اتنا ہی

الثواب من فطر صائما على مذقة لبن او تمرة او شربة من ماء ومن اشبع صائما سقاه الله من حوضي شربة
ثواب اسکو کہ افطار کرواوے روزہ دار کو ایک گھونٹ دودھ یا ایک خرما یا ایک گھونٹ پانی سے اور جو کوئی پیٹ بھر کھلاوے روزہ دار کو پلاویگا اللہ اسکو میرے حوض سے

لا يظمأ حتى يدخل الجنة وهو شهر اوله رحمة واوسطه مغفرة وآخره عتق من النار ومن خفف عن
کہ پیاسا نہ ہوگا یہانتک کہ داخل ہو جنت میں اور وہ ایسا مہینا ہے کہ اول اسکا رحمت ہے اور درمیان اسکا معافی گناہوں کی اور آخر اسکا آزادی ہے دوزخ سے اور جو

مملوكه فيه غفر الله له واعتقه من النار وعن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم
اپنے لونڈی غلاموں سے اسمیں گناہ بخشیگا اسکے اللہ اور آزاد کریگا اسکو دوزخ سے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے معمول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

اذا دخل شهر رمضان اطلق كل اسير واعطى كل سائل وعن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال
جب آتا مہینا رمضان کا چھوڑ دیتے ہر قیدی کو اور دیتے ہر سائل کو اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ان الجنة تزخرف لرمضان من رأس الحول الى حول قابل قال فاذا كان اول يوم من رمضان هبت ريح تحت

جنت آراستہ ہوتی ہے رمضان کے لئے شروع سال سے آئندہ سال تک ف فرمایا پھر جب پہلا دن ہوتا ہے رمضان کے مہینے کا بہتی ہے ایک ہوا

العرش من ورق الجنة على الحور العين فيقلن يا رب اجعل لنا من عبادك ازواجا تقر بهم اعيننا

عرش کے تلے پتوں سے بہشت کے درختوں کے حور عین پر تو کہنے لگتی ہیں اے رب ہمارے کر ہمارے لئے اپنے بندوں کو جوڑے ٹھنڈی ہوں ان سے ہماری آنکھیں

وتقر اعينهم بنا روى البيهقي الاحاديث الثلثة في شعب الايمان وعن ابي هريرة رض عن النبي

اور ٹھنڈی ہوں ان کی آنکھیں ہم سے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو کتاب شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی

صلى الله عليه وسلم انه قال يغفر لامته في اخر ليلة في رمضان قيل يا رسول الله اهي ليلة القدر قال لا

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا بخشش ہوتی ہے میری امت کی آخر رات کو رمضان کی کہا گیا اے رسول اللہ کیا وہ شب قدر ہے فرمایا نہیں

ولكن العامل انما يوفى اجره اذا قضى عمله رواه احمد

اور لیکن کام کرنے والے کو پوری مزدوری نہیں ملتی جب تک پورا نہ کرے اپنا کام روایت کیا اس کو احمد نے

باب رؤية الهلال

باب بیان میں چاند دیکھنے کے

الفصل الاول

پہلی فصل

عن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تصوموا حتى تروا الهلال ولا تفطروا حتى تروه فان غم

روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ نہ رکھو جب تک کہ چاند دیکھو اور روزہ مت کھولو جب تک عید کا چاند دیکھو پھر اگر ابر

عليكم فاقدروا له وفي رواية قال الشهر تسع وعشرون ليلة فلا تصوموا حتى تروه فان غم عليكم

تو اندازہ کرو مہینے کا ق اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا مہینا انتیس رات کا ہے ف سو روزہ مت رکھو جب تک کہ چاند نہ دیکھو پھر اگر ابر آجاوے

فاكملوا العدة ثلثين متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صوموا لرؤيته

تو پوری کرو گنتی تیس دن کی ق * اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھو چاند دیکھ کر

وافطروا لرؤيته فان غم عليكم فاكملوا عدة شعبان ثلثين متفق عليه وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله

اور موقوف کرو چاند دیکھ کر پھر اگر ابر آجاوے تو پوری کرو گنتی شعبان کی تیس دن * ق * اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم انا امة امية لا نكتب ولا نحسب الشهر هكذا وهكذا وهكذا وعقد الابهام في

صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم امی لوگ ہیں نہ حساب کتاب نہیں جانتے مہینا ایسا اور ایسا اور ایسا ہوتا ہے اور بند کیا انگوٹھا

الثالثة ثم قال الشهر هكذا وهكذا وهكذا يعني تمام الثلثين يعني مرة تسعا وعشرين ومرة ثلثين متفق

تیسری بار پھر فرمایا مہینا ایسا اور ایسا اور ایسا ہوتا ہے قصد کرکے پورے تیس دن کا یعنے ایک بار انتیس ہوتا ہے اور دوسری بار تیس کا ق

عليه وعن ابي بكرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم شهرا عيد لا ينقصان رمضان وذو الحجة

اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو عید کے مہینے کم نہیں ہوتے ایک تو رمضان اور دوسرا ذو الحجہ ق

متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتقدمن احدكم رمضان بصوم يوم او

ق * اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے پہلے نہ رکھے کوئی تم میں سے روزہ ایک دن یا

يومين الا ان يكون رجل كان يصوم صوما فليصم ذلك اليوم متفق عليه

دو دن مگر یہ کہ ہو کوئی مرد روزہ رکھتا ہو کسی دن نیت کا سو رکھ لے روزہ اس دن کا ث * ق *

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن ابي هريرة رض

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا انتصف شعبان فلا تصوموا رواه ابوداود والترمذي وابن ماجه والدارمي

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذر چکے آدھا مہینا شعبان کا تو نفل روزہ نہ رکھو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احصوا هلال شعبان لرمضان رواه الترمذي وعن ام سلمة رض

اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شمار کرتے رہو شعبان کے چاند کو واسطے تحقیق کرنے رمضان کے مہینے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ رضی سے

قالت ما رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يصوم شهرين متتابعين الا شعبان ورمضان رواه ابوداود والترمذي

کہا اسنے نہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ رکھتے دو مہینے پے در پے سوا شعبان اور رمضان کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی

والنسائي وابن ماجه وعن عمار بن ياسر رض قال من صام اليوم الذي يشك فيه فقد عصى ابا القاسم صلى الله عليه

اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمار ابن یاسر رض سے کہا اسنے جسنے روزہ رکھا اس دن کہ شک کیا جاتا ہے اسمیں سو تحقیق نافرمانی کی ابوالقاسم صلی اللہ علیہ

وسلم رواه ابوداود والترمذي والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن ابن عباس رض قال جاء اعرابي الى النبي صلى الله

وسلم کی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے آیا ایک دیہاتی نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقال اني رأيت الهلال يعني هلال رمضان فقال اتشهد ان لا اله الا الله قال نعم قال اتشهد ان محمدا رسول الله

علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا میں نے چاند دیکھا یعنی رمضان کا چاند سو فرمایا کیا گواہی دیتا ہے تو اس بات کی کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے کہا اسنے ہاں فرمایا کیا گواہی دیتا ہے

قال نعم قال يا بلال اذن في الناس ان يصوموا غدا رواه ابوداود والترمذي والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن

کہا ہاں فرمایا اے بلال پکار دے لوگوں میں کہ روزہ رکھیں کل روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے

ابن عمر رض قال تراءى الناس الهلال فاخبرت رسول الله صلى الله عليه وسلم اني رأيته فصام وامر الناس بصيامه

ابن عمر رض سے کہا اسنے جمع ہوئے لوگ چاند دیکھنے کو سو میں نے خبر دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ میں نے دیکھا چاند سو روزہ رکھا اور حکم دیا لوگوں کو روزہ رکھنے کا

رواه ابوداود والدارمي

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے

الفصل الثالث

عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتحفظ من شعبان

تیسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاد رکھتے تھے شعبان کے دن

ما لا يتحفظ من غيره ثم يصوم لرؤية رمضان فان غم عليه عد ثلثين يوما ثم صام رواه ابوداود وعن ابي البختري قال

اسقدر کہ نہ یاد رکھتے تھے دوسرے مہینے کے پھر روزہ رکھتے چاند دیکھ کر رمضان کا پھر اگر ابر آجاتا تو شمار کرتے تیس دن پھر روزہ رکھتے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی البختری سے کہا اسنے

خرجنا للعمرة فلما نزلنا ببطن نخلة تراءينا الهلال فقال بعض القوم هو ابن ثلث وقال بعض القوم هو ابن ليلتين

ہم نکلے تھے عمرہ کے واسطے پھر جب منزل کی ہم نے بطن نخلہ میں تو سب ملکر چاند دیکھنے لگے سو بعضوں نے کہا چاند تیسری رات کا ہے اور کہا بعضوں نے دو رات کا

فلقينا ابن عباس فقلنا انا رأينا الهلال فقال بعض القوم هو ابن ثلث وقال بعض القوم هو ابن ليلتين فقال

پھر ملاقات کی ہم نے ابن عباس سے اور کہا کہ ہمنے دیکھا چاند سو کہا بعضوں نے تیسری رات کا ہے اور کہا بعضوں نے دو رات کا تب کہا ابن عباس نے

اي ليلة رأيتموه قلنا ليلة كذا وكذا فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مده للرؤية فهو لليلة رأيتموه وفي

کونسی رات کو دیکھا تم نے کہا ہمنے ایسی اور ایسی رات کو پھر کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدت مقرر کی رمضان کی چاند دیکھنے کو سو وہ اسی رات کا ہے کہ

رواية عنه قال اهللنا رمضان ونحن بذات عرق فارسلنا رجلا الى ابن عباس رض يسأله فقال ابن عباس

ایک روایت میں آیا ہے اسی سے کہا اسنے ہمنے چاند دیکھا رمضان کا ذات عرق میں اور تھے سو بھیجا ہمنے ایک مرد کو ابن عباس رض کے پاس پوچھنے کو سو کہا ابن عباس نے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله قد أمده لرؤيته فإن أغمي عليكم فأكملوا العدة رواه مسلم

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے رمضان کی مدت ٹھہرائی چاند دیکھنا پھر اگر ابر ہو تو پورا کرو گنتی شعبان کی روایت کیا اسکو مسلم نے

بابٌ الفصل الاول

عن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تسحروا فإن في السحور بركة متفق عليه

باب سحر کے بیان کا * پہلی فصل * روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحر کھاؤ کہ بیشک سحر کھانے میں برکت ہے * ق *

وعن عمرو بن العاص رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فصل ما بين صيامنا وصيام أهل الكتب أكلة السحور رواه مسلم

اور روایت ہے عمرو بن عاص رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرق ہمارے روزے میں اور کتاب والوں کے روزے میں سحر کھانے سے ہے * روایت کیا اسکو مسلم نے *

وعن سهل رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال الناس بخير ما عجلوا الفطر متفق عليه

اور روایت ہے سہل رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ لوگ بھلائی سے رہینگے جب تک جلدی کرینگے افطار میں * ق *

وعن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أقبل الليل من ههنا وأدبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد أفطر الصائم متفق عليه

اور روایت ہے عمر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب منہ نکالے رات مشرق سے اور پیٹھ پھیرے دن مغرب کی طرف سے اور ڈوبے آفتاب تبھی داخل ہوا روزہ دار افطار کرنے میں * ق *

وعن أبي هريرة رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الوصال في الصوم فقال له رجل إنك تواصل يا رسول الله قال وأيكم مثلي إني أبيت يطعمني ربي ويسقيني متفق عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ ملانے سے ف سو کہا حضرت سے ایک مرد نے آپ تو ملاتے ہیں روزہ ای رسول اللہ کے فرمایا اور کون تم میں مجھسا ہے میں رات گذار دیتا ہوں کہ کھلا دیتا ہے مجھے میرا رب اور پلاتا ہے ف * ق *

الفصل الثاني

عن حفصة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لم يجمع الصيام من قبل الفجر فلا صيام له رواه الترمذي وأبو داود والنسائي والدارمي وقال أبو داود وقفه على حفصة معمر والزبيدي وابن عيينة ويونس الأيلي كلهم عن الزهري

دوسری فصل * روایت ہے حفصہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی نیت نہ کرے روزے کی صبح صادق سے پہلے سو درست نہیں اسکا روزہ ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور دارمی نے اور کہا ابو داؤد نے موقوف کہا اس حدیث کو حفصہ پر معمر اور زبیدی اور سفیان ابن عیینہ اور یونس ایلی سبھوں نے زہری سے *

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سمع النداء أحدكم والإناء في يده فلا يضعه حتى يقضي حاجته منه رواه أبو داود

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اذان سنے کوئی تم میں سے اور برتن ہاتھ میں ہو سو رکھ نہ دے جب تک کہ اپنی حاجت پوری نکرے اس سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے *

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالى أحب عبادي إلي أعجلهم فطرا رواه الترمذي

اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے سب سے پیارا بندہ میرا وہی ہے کہ جلدی افطار کرے روایت کیا اسکو ترمذی نے *

وعن سلمان بن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أفطر أحدكم فليفطر على تمر فإنه بركة فإن لم يجد فليفطر على ماء فإنه

اور روایت ہے سلمان بن عامر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب افطار کرے کوئی تم میں سے تو خرما سے کرے کہ وہ برکت ہے پھر اگر نہ پاوے خرما تو پانی سے کرے وہ

طهور رواه احمد والترمذي وابو داود وابن ماجة والدارمي ولم يذكر فانه بركة غير الترمذي وعن انس رض

پاکی کی چیز ہی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کسی نے ذکر نکیا لفظ فانہ برکۃ کا سوا ترمذی کے ۔ اور روایت ہی انس رض سے

قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يفطر قبل ان يصلي على رطبات فان لم تكن رطبات فتميرات فان لم تكن

کہا انہنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتے تھے پہلے مغرب کی نماز کرنے کے کئی تر خرمے سے پھر اگر پاس نہوتے تر خرمے تو کئی سوکھے خرمے سے پھر اگر وہ

تميرات حسا حسوات من ماء رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب

تو کئی چلو پانی پی لیتے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی اسناد غریب ہی

وعن زيد بن خالد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من فطر صائما او جهز غازيا فله مثل اجره

اور روایت ہی زید بن خالد رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ کھلایا کسیکا یا سامان دیا مجاہد کا اسکا ثواب ملیگا اسکو

رواه البيهقي في شعب الايمان ومحي السنة في شرح السنة وقال صحيح وعن ابن عمر رض قال كان النبي صلى

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور محی السنہ نے شرح السنہ میں اور کہا صحیح ہی ۔ اور روایت ہی ابن عمر رض سے کہا انہنے نبی صلی

الله عليه وسلم اذا افطر قال ذهب الظماء وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء الله رواه ابو داود وعن

اللہ علیہ وسلم جب افطار کرتے تھے فرماتے جاتی رہی پیاس اور رگیں تر ہوئیں اور اجر ثابت ہو گیا اللہ چاہے تو ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت

معاذ بن زهرة قال ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا افطر قال اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت

معاذ ابن زہرہ سے کہا انہنے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب افطار کرتے فرماتے اے اللہ تیرے لیے روزہ رکھا اور تیری روزی سے کھولا

رواه ابو داود مرسلا

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے سند مرسل سے

الفصل الثالث

تیسری فصل

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال

روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگا

الدين ظاهرا ما عجل الناس الفطر لان اليهود والنصارى يؤخرون رواه ابو داود وابن ماجة وعن ابي عطية

دین غالب جب تک کہ جلدی کرینگے لوگ افطار میں کیونکہ یہود اور نصاری تاخیر کرتے ہیں ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہی ابی عطیہ سے

قال دخلت انا ومسروق على عائشة رض فقلنا يا ام المؤمنين رجلان من اصحاب محمد صلى الله عليه

کہا انہنے میں اور مسروق دونوں گئے عائشہ رض کے پاس سو کہا ہمنے اے مسلمانوں کی ماں دو مرد ہیں اصحاب سے محمد صلی اللہ علیہ

وسلم احدهما يعجل الافطار ويعجل الصلوة والاخر يؤخر الافطار ويؤخر الصلوة قالت ايهما يعجل الافطار

وسلم کے کہ ایک جلدی کرتا ہی افطار اور مغرب کی نماز میں اور دوسرا تاخیر کرتا ہی افطار اور نماز مغرب میں کہا عائشہ نے کون دونوں میں سے جلدی

ويعجل الصلوة قلنا عبد الله بن مسعود رض قالت هكذا صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم والاخر

اور جلدی نماز پڑھتا ہی کہا ہمنے عبد اللہ ابن مسعود رض کہا عائشہ نے ایسا ہی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دوسرا مرد

ابو موسى رواه مسلم وعن العرباض بن سارية رض قال دعاني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى السحور

ابو موسی اشعری ہی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہی عرباض بن ساریہ رض سے کہا انہنے بلایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کھانے

في رمضان فقال هلم الى الغداء المبارك رواه ابو داود والنسائي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله

رمضان میں سو فرمایا آ مبارک کھانے کی طرف ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نعم سحور المؤمن التمر رواہ ابوداؤد ۔ باب تنزیہ الصوم ۔ الفصل الاول

صلی اللہ علیہ وسلم نے سب اچھی سحری مسلمان کی خرما ہے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے × باب بیان میں دور رکھنے کے روزہ کو مفسد اور غیرہ سے ٭ پہلی فصل

عن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یدع قول الزور والعمل بہ فلیس للہ حاجۃ فی ان یدع

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی چھوڑے نہ بری باتیں اور بری کام سو اللہ کو کچھ حاجت نہیں

طعامہ وشرابہ رواہ البخاری وعن عائشۃ رض قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبل ویباشر وھو صائم

اسکے کھانا پانی چھوڑنے کی × روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے اور گلے لگاتے تھے روزہ رکھکر

وکان املککم لاربہ متفق علیہ وعنھا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدرکہ الفجر فی رمضان وھو

اور تھے تم سے زیادہ مالک اپنی شہوت کے ف × ق × اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صبح ہو جاتی تھی رمضان میں اور وہ

جنب من غیر حلم فیغتسل ویصوم متفق علیہ وعن ابن عباس رض قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتجم

جنابت سے رہتے بغیر احتلام کے ف پھر غسل کرتے اور روزہ رکھتے ق × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لگایا سینگی

وھو محرم واحتجم وھو صائم متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نسی

احرام میں رہ کر اور روزہ رکھ کر ق × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے فراموش کیا

وھو صائم فاکل او شرب فلیتم صومہ فانما اطعمہ اللہ وسقاہ متفق علیہ وعنہ قال بینما نحن جلوس

روزہ کے حال میں سو کچھ کھا لیا یا پی لیا تو پورا کرے اسی روزہ کو کہ بس کھلایا اسکو اللہ نے اور پلایا × ق × اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے ایک وقت ہم بیٹھے تھے

عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ جاءہ رجل فقال یا رسول اللہ ھلکت قال ما لک قال وقعت علی امراتی وانا صائم فقال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ناگہاں آیا حضرت کے پاس ایک مرد سو کہا اے رسول اللہ کے ہلاک ہوا میں ف فرمایا کیا ہوا تجھکو کہا گر پڑا میں اپنی عورت پر روزے کے حال میں تو فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل تجد رقبۃ تعتقھا قال لا قال فھل تستطیع ان تصوم شھرین متتابعین قال لا قال فھل تجد اطعام ستین مسکینا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پاسکتا ہے تو ایک بردہ کہ آزاد کرے اسکو کہا نہیں فرمایا پھر کیا رکھ سکتا ہے تو دو مہینے کے روزے پے در پے کہا نہیں فرمایا کیا مقدور ہے تجھکو ساٹھ مسکین کے کھلانے کا

قال لا قال اجلس ومکث النبی صلی اللہ علیہ وسلم فبینا نحن علی ذلک اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعرق فیہ تمر

کہا نہیں فرمایا بیٹھ اور توقف کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اس عرصے میں کہ ہم اسی حال پر تھے کسی نے لایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک عرق جو اسمیں خرما تھے

والعرق المکتل الضخم قال این السائل قال انا قال خذ ھذا فتصدق بہ فقال الرجل اعلی افقر منی یا رسول

اور عرق بڑی زنبیل کو کہتے ہیں ف فرمایا کہاں ہے جسنے مسئلہ پوچھا کہا اسنے میں ہوں فرمایا لے اسے خیرات کر اسکو تب کہا اس مرد نے کیا خیرات کروں اسکو جو زیادہ فقیر ہو مجھسے اے رسول

اللہ فواللہ ما بین لابتیھا یرید الحرتین اھل بیت افقر من اھل بیتی فضحک النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی

اللہ کے سو قسم اللہ کی نہیں دونوں لابہ میں یعنے دو حرہ کے درمیان کوئی گھر والے زیادہ محتاج میرے گھر والوں سے تب ہنسا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہانتک کہ

بدت انیابہ ثم قال اطعمہ اھلک متفق علیہ ۔ الفصل الثانی ۔ عن عائشۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ

نظر آئیں کوچلیاں فرمایا کھلا یہ خرما اپنے اہل بیت کو × ق × دوسری فصل × روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم کان یقبلھا وھو صائم ویمص لسانھا رواہ ابوداؤد وعن ابی ھریرۃ رض ان رجلا سال النبی صلی اللہ

وسلم بوسہ لیتے تھے انکا روزہ رکھکر اور چوستے زبان انکی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے پوچھا نبی صلی اللہ

عليه وسلم عن المباشرة للصائم فرخص له وأتاه آخر فسأله فنهاه فإذا الذي رخص له شيخ وإذا الذي

علیہ وسلم سے مسئلہ عورتوں کو گلے لگانے کا روزہ دار کے لئے سو رخصت دی اسکو اور آیا دوسرا پھر پوچھا اس مسئلہ کو حضرت سے سو منع فرمایا اسکو سو تھا جسے رخصت دی بوڑھا ہی اور جسے

نهاه شاب. رواه أبو داود. وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذرعه القيء وهو صائم فليس عليه

منع فرمایا جوان ہی۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے۔ اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو نکل پڑے قی بے اختیار روزے کے حال میں سو نہیں اس پر

قضاء ومن استقاء عمداً فليقض. رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجة والدارمي وقال الترمذي هذا حديث

قضا اور جو کوئی کہ قصداً قی کرے سو قضا رکھے۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند

غريب لا نعرفه إلا من حديث عيسى بن يونس وقال محمد يعني البخاري لا أراه محفوظاً. وعن معدان بن

غریب ہی ہم اسکو نہیں پہچانتے مگر حدیث سے عیسی بن یونس کی اور کہا محمد یعنے امام بخاری نے میں گمان نہیں کرتا اس حدیث کو کہ محفوظ ہی۔ اور روایت ہی معدان بن

طلحة أن أبا الدرداء حدثه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فأفطر قال فلقيت ثوبان في مسجد دمشق

طلحہ سے کہ ابودرداء نے بیان کیا اسے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قی کیا سو روزہ توڑ ڈالا۔ کہا پھر ملاقات کی میں نے ثوبان سے شہر دمشق کی مسجد میں

فقلت إن أبا الدرداء حدثني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فأفطر قال صدق وأنا صببت له وضوءه

سو کہا میں نے ابودرداء نے بیان کیا مجھے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قی کیا پھر روزہ توڑ ڈالا کہا اسنے سچ کہا اور میں ہی نے ڈالا تھا حضرت کے لئے وضو کا پانی

رواه أبو داود والترمذي والدارمي. وعن عامر بن ربيعة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم ما لا أحصي

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور دارمی نے۔ اور روایت ہی عامر بن ربیعہ رض سے کہ کہا اسنے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا کہ شمار نہیں کر سکتا

يتسوك وهو صائم. رواه الترمذي وأبو داود. وعن أنس رض قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم قال

مسواک کرتے ہوئے روزہ رکھکر۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہی انس رض سے کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا

اشتكيت عيني أفأكتحل وأنا صائم قال نعم. رواه الترمذي وقال ليس إسناده بالقوي وأبو عاتكة الراوي

بیمار ہوا ہیں دونو آنکھوں سے میری کیا پھر سرمہ لگاؤں روزے کے حال میں فرمایا ہاں لگا۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا نہیں ہی سند اسکی قوی اور ابو عاتکہ راوی جو ہی

يضعف. وعن بعض أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قال لقد رأيت النبي صلى الله عليه وسلم بالعرج

ضعیف کہتے ہیں۔ اور روایت ہی بعضے اصحاب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا اسنے کہ تحقیق دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عرج میں ف

يصب على رأسه الماء وهو صائم من العطش أو من الحر. رواه مالك وأبو داود. وعن شداد بن أوس

کہ ڈالتے تھے اپنے سر پر پانی اور حضرت روزے سے تھے پیاس کی یا گرمی کی جہت سے ف۔ روایت کیا اسکو مالک اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہی شداد بن اوس

رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى رجلاً بالبقيع وهو يحتجم وهو آخذ بيدي لثماني عشرة خلت

رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے ایک مرد کے پاس بقیع میں کہ وہ سینگی لگوا رہا تھا اور حضرت پکڑے تھے میرا ہاتھ اٹھارویں تاریخ کو

من رمضان فقال أفطر الحاجم والمحجوم. رواه أبو داود وابن ماجة والدارمي. قال الشيخ الإمام محيي السنة

رمضان کی فرمایا روزہ گیا سینگی لگانے والے اور کھنچنے والے کا۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے کہا شیخ امام محی السنہ نے

وتأوله بعض من رخص في الحجامة أي تعرضا للإفطار المحجوم للضعف والحاجم لأنه لا يأمن من أن يصل

اور تاویل کی ہے اس حدیث کی بعضے جائز رکھنے والے سینگی لگانے کو نے یعنے قریب گئے دونو افطار سے ف سینگی لگانے والا ناتوانی کی جہت سے اور سینگی کھینچنے والا اس لئے کہ [illegible]

شیٔ الی جوفه بمص الملازم وعن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من افطر یوما من رمضان
کچھ نہ ہو اسکے پیٹ میں بسبب چوسنے کے ف اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ توڑا ایک دن کا رمضان

من غیر رخصة ولا مرض لم یقض عنه صوم الدهر کله وان صامه رواه احمد والترمذی وابوداود وابن ماجة
بغیر رخصت شرعی کے ف اور بغیر مرض کے پورا نہ کرسکیگا ثواب کو اسکے تمام عمر کا روزہ رکھنا اگرچہ روزہ رکھے عمر بھر ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ

والدارمی والبخاری فی ترجمة باب وقال الترمذی سمعت محمدا یعنی البخاری یقول ابو المطوس الراوی لا اعرف
اور دارمی نے اور بخاری نے ترجمہ میں ایک باب کے ف اور کہا ترمذی نے سنا میں نے محمد سے یعنی امام بخاری سے کہ وہ کہتا تھا ابو المطوس جو راوی اس حدیث کا ہے نہیں

له غیر هذا الحدیث وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم کم من صائم لیس له من صیامه الا الظمأ
اسکے لئے سوا اس حدیث کے ف اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے روزہ دار ہیں کہ کچھ حاصل نہیں انکو روزہ سے سوا پیاس کے

وکم من قائم لیس له من قیامه الا السهر رواه الدارمی وذکر حدیث لقیط بن صبرة فی باب سنن
اور کتنے رات کو اٹھنے والے ہیں کہ کچھ حاصل نہیں انکو اٹھنے سے سوا جاگنے کے روایت کیا اسکو دارمی نے اور مذکور ہوچکی حدیث لقیط بن صبرہ کی باب سنن وضو کی

الوضوء

الفصل الثالث

عن ابی سعید رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلث لا یفطرن الصائم
ف تیسری فصل روایت ہے ابی سعید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین خصلت ہیں کہ روزہ نہیں توڑتیں

الحجامة والقیء والاحتلام رواه الترمذی وقال هذا حدیث غیر محفوظ وعبد الرحمن بن زید الراوی یضعف
ایک تو سینگی لگانا اور دوسری قے کرنا اور تیسری احتلام روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث محفوظ نہیں ہے ف اور عبد الرحمن بن زید جو راوی ہے ضعیف کہا جاتا ہے

فی الحدیث وعن ثابت البنانی قال سئل انس بن مالک رض کنتم تکرهون الحجامة للصائم علی عهد رسول الله
حدیث کی روایت میں ف اور روایت ہے ثابت بنانی سے کہا اسنے پوچھا کسی نے انس بن مالک سے کیا تم برا جانتے تھے روزہ دار کا سینگی لگانا زمانے میں رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم قال لا الا من اجل الضعف رواه البخاری وعن البخاری تعلیقا قال کان ابن عمر یحتجم وهو
صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا نہیں مگر ناتوانی کی جہت سے روایت کیا اسکو بخاری نے ف اور روایت ہے بخاری سے معلق سند سے کہا بخاری نے ابن عمر سینگی لگاتا تھا

صائم ثم ترکه فکان یحتجم فی اللیل وعن عطاء قال ان مضمض ثم افرغ ما فی فیه من الماء لا یضره ان یزدرد
روزہ رکھ کر پھر ترک کیا اسکو سو سینگی لگاتا تھا رات میں ف اور روایت ہے عطاء سے کہا اسنے اگر کلی کرے روزہ دار پھر ڈالدے اپنے منہ کا پانی تو ضرر نہ کریگا اسکو نگلنا

ریقه وما بقی فی فیه ولا یمضغ العلک فان ازدرد ریق العلک لا اقول انه یفطر ولکن ینهی عنه رواه البخاری
تھوک کا اور جو باقی رہے اسکے منہ میں اور نہ چبائے مصطکی گوند پھر اگر نگلے روزہ دار تھوک گوند کا تو نہیں کہتا وہ روزہ توڑتا ہے ف اور لیکن منع کیا جاتا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

فی ترجمة باب

باب صوم المسافر

الفصل الاول

عن عائشة رض قالت ان حمزة بن عمرو الاسلمی قال للنبی صلی الله
ایک باب کے ترجمہ میں ف باب بیان میں مسافر کے روزے کے پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا انے بیشک حمزہ بیٹا عمرو کا جو اسلمی ہے کہا نبی صلی اللہ

علیه وسلم اصوم فی السفر وکان کثیر الصیام فقال ان شئت فصم وان شئت فافطر متفق علیه وعن ابی سعید
علیہ وسلم سے کیا روزہ رکھوں میں سفر میں اور تھا وہ بہت روزہ رکھنے والا سو فرمایا اگر چاہے تو رکھ اور اگر چاہے تو مت رکھ ف اور روایت ہے ابی سعید

الخدری رض قال غزونا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم لست عشرة مضت من شهر رمضان فمنا من صام
خدری رض سے کہا اسنے جہاد کیا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سولھویں تاریخ کو رمضان مہینے کی سو بعضے ہم میں سے روزہ دار تھے

ومنا من أفطر فلم يعب الصائم على المفطر ولا المفطر على الصائم رواه مسلم وعن جابر رض قال كان رسول

اور بعضے ہم میں روزہ رکھتے تھے پھر ملامت نہ کی روزہ دار نے روزہ نہ رکھنے والے پر اور نہ روزہ نہ رکھنے والا روزہ دار پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا تھے

الله صلى الله عليه وسلم في سفر فرأى زحاما ورجلا قد ظلل عليه فقال ما هذا قالوا صائم فقال ليس من البر الصوم

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے سو دیکھا بھیڑ کو اور ایک مرد کو کہ سایہ کیا گیا ہے اوپر اسکے پھر فرمایا یہ کیا ہے کہا لوگوں نے روزہ دار ہے تب فرمایا بھلائی نہیں روزہ

في السفر متفق عليه وعن أنس رض قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في السفر فمنا الصائم ومنا المفطر

سفر میں ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے ہم تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں سو بعضے ہم میں سے روزہ دار تھے اور بعضے روزہ نہ رکھنے والے

فنزلنا منزلا في يوم حار فسقط الصوامون وقام المفطرون فضربوا الأبنية وسقوا الركاب فقال رسول

پھر اترے ہم ایک منزل میں گرمی کے دن میں سو گر پڑے روزہ دار اور کھڑے ہوئے روزہ نہ رکھنے والے سو کھڑے کئے خیمے اور پانی پلایا اونٹوں کو تب فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ذهب المفطرون اليوم بالأجر متفق عليه وعن ابن عباس رض قال خرج رسول الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے گئے آج کے دن روزہ نہ رکھنے والے ثواب کو ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے نکلے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من المدينة إلى مكة فصام حتى بلغ عسفان ثم دعا بماء فرفعه إلى يده ليراه الناس

صلی اللہ علیہ وسلم مدینے سے مکے کی طرف پھر روزہ رکھا یہاں تک کہ پہنچے عسفان کو تب پھر مانگا پانی اور اٹھایا اسکو یہاں تک ہاتھ کے تو دیکھیں لوگ

فأفطر حتى قدم مكة وذلك في رمضان فكان ابن عباس يقول قد صام رسول الله صلى الله عليه وسلم وأفطر

اور روزہ کھولا یہاں تک کہ تشریف لائے مکے میں اور یہ واقعہ رمضان میں تھا پھر ابن عباس کہتا تھا تحقیق روزہ رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ رکھا

فمن شاء صام ومن شاء أفطر متفق عليه وفي رواية لمسلم عن جابر رض أنه شرب بعد العصر الفصل

سو جسکا جی چاہے روزہ رکھے اور جسکا جی چاہے نہ رکھے ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی جابر رض سے کہ حضرت نے پانی پیا بعد نماز عصر کے ۔ فصل

الثاني عن أنس بن مالك الكعبي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله وضع عن المسافر

دوسری ۔ روایت ہے انس بن مالک کعبی رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے تخفیف کی مسافر سے

شطر الصلوة والصوم عن المسافر وعن المرضع والحبلى رواه أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجه

آدھی نماز کی ف اور روزے کی مسافر سے اور دودھ پلانے والی اور حاملہ عورت سے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وعن سلمة بن المحبق رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان له حمولة تأوي إلى شبع فليصم

اور روایت ہے سلمہ بن محبق رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو میسر ہو سواری کہ پہنچا دیوے سیری تک ف تو رکھے روزہ

رمضان حيث أدركه رواه أبو داود الفصل الثالث عن جابر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

رمضان کا جہاں پاوے اسکو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے جابر رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

خرج عام الفتح إلى مكة في رمضان فصام حتى بلغ كراع الغميم فصام الناس ثم دعا بقدح من ماء فرفعه

نکلے فتح کے سال مکے کی طرف رمضان میں سو روزہ رکھا یہاں تک کہ پہنچے کراع غمیم کو سو روزہ رکھا لوگوں نے پھر منگوایا پانی کا قدح اور اونچا کیا اسکو

حتى نظر الناس إليه ثم شرب فقيل له بعد ذلك إن بعض الناس قد صام فقال أولئك العصاة أولئك العصاة

یہاں تک کہ دیکھا لوگوں نے اسکو پھر اسکا پانی پیا سو کہا کسی نے حضرت سے بعد اسکے کہ بعضے لوگوں نے روزہ نہ کھولا تب فرمایا وہ لوگ نافرمان ہیں وہ لوگ نافرمان ہیں ف

رواه مسلم وعن عبد الرحمن بن عوف رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صائم رمضان في السفر
روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن بن عوف رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے والا رمضان کا سفر میں

كالمفطر في الحضر رواه ابن ماجه وعن حمزة بن عمرو الاسلمي رض انه قال يا رسول الله اني اجد في قوة على
مانند روزہ نہ رکھنے والے کے ہے گھر میں ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے حمزہ بن عمرو اسلمی رض سے کہ اسنے کہا اے رسول اللہ کے میں قوت پاتا ہوں اپنے میں

الصيام في السفر فهل علي جناح قال هي رخصة من الله عز وجل فمن اخذ بها فحسن ومن احب ان يصوم
روزہ رکھنے کی سفر میں پھر کیا گناہ ہو گا مجھ پر فرمایا یہ رخصت ہے اللہ کی طرف سے جو غالب ہے بزرگ ہے پھر جو کوئی عمل کرے رخصت پر تو اچھا ہے اور جسکو چاہے کہ روزہ رکھے

فلا جناح عليه رواه مسلم

باب القضاء الفصل الاول

عن عائشة رض قالت كان يكون علي الصوم من
تو اسپر گناہ نہیں روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ باب بیان میں احکام قضا کے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے حال یہ تھا کہ باقی رہتے تھے مجھ پر

رمضان فما استطيع ان اقضي الا في شعبان قال يحيى بن سعيد الشغل من النبي صلى الله عليه وسلم متفق عليه
رمضان کے پھر ادا نہیں کر سکتی تھی میں سوا شعبان کے کہا یحیی بن سعید نے مشغول رہنا ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۔ ق ۔

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل للمرأة ان تصوم وزوجها شاهد الا باذنه
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روا نہیں عورت کو نفل روزہ رکھنا اسکے خاوند گھر میں ہے بغیر اذن اسکے

ولا تاذن في بيته الا باذنه رواه مسلم وعن معاذة العدوية انها قالت لعائشة رض ما بال الحائض
اور نہ چاہئے اسکو کہ اذن دے کسی کو خاوند کے گھر میں بغیر اذن اسکے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے معاذہ عدویہ سے کہ اسنے کہا عائشہ رض سے کیا حال ہے حیض والی عورت کا

تقضي الصوم ولا تقضي الصلوة قالت عائشة رض كان يصيبنا ذلك فنؤمر بقضاء الصوم ولا نؤمر
جو قضا کرتی ہے روزے کی اور نہیں قضا کرتی نماز کی ۔ کہا عائشہ رض نے آتا تھا ہمکو حیض سو حکم ہوتا ہمکو روزے کی قضا کرنے کا اور نہ حکم ہوتا

بقضاء الصلوة رواه مسلم وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات وعليه
نماز کی قضا کا ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مرجاوے اور رہجاوے اسپر

صوم صام عنه وليه متفق عليه

الفصل الثاني

عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال
روزہ تو روزہ رکھے اسکی طرف سے ولی اسکا ۔ ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے نافع سے ابن عمر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

من مات وعليه صيام شهر رمضان فليطعم عنه مكان كل يوم مسكين رواه الترمذي وقال والصحيح انه
جو کوئی مرگیا اور باقی رہے اسپر روزے رمضان کے مہینے کے تو کھلایا جاوے اسکی طرف سے بدلے ہر دن کے ایک مسکین ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اور صحیح یہ ہے کہ

موقوف على ابن عمر

الفصل الثالث

عن مالك بلغه ان ابن عمر كان يسأل هل يصوم احد عن
موقوف ہے ابن عمر پر ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے مالک سے کہ پہنچی اسکو یہ بات ابن عمر سے پوچھا جاتا تھا کیا کوئی روزہ رکھ سکتا ہے

احد او يصلي احد عن احد فيقول لا يصوم احد عن احد ولا يصلي احد عن احد رواه في الموطاء
کسی کی طرف سے یا کوئی نماز پڑھ سکتا ہے کسی کی طرف سے تو کہتا نہ روزہ رکھے کوئی کسی کی طرف سے اور نہ نماز پڑھے کوئی کسی کی طرف سے ۔ روایت کیا اسکو موطا میں

باب صيام التطوع الفصل الاول

عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم حتى
باب بیان میں نفل روزوں کے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نفل روزہ رکھتے تھے یہاں تک

دهر لا يفطر ويفطر حتى نقول لا يصوم وما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم استكمل صيام شهر قط

ہم دل میں کہتے موقوف کر دینگے اور نہ رکھتے تھے حتیٰ کہ ہم دل میں کہتے روزہ نہ رکھینگے اور نہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام مہینے کے روزے رکھتے ہرگز

الا رمضان وما رأيته في شهر أكثر منه صياما في شعبان وفي رواية قالت كان يصوم شعبان كله كان يصوم

سوا رمضان کے اور دیکھا میں نے انکو کسی مہینے میں زیادہ شعبان سے روزے رکھتے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ کہا انہوں نے روزے رکھتے تھے حضرت شعبان کے تمام مہینے روزے

شعبان الا قليلا متفق عليه وعن عبد الله بن شقيق قال قلت لعائشة أكان النبي صلى الله عليه وسلم يصوم

شعبان کے مگر تھوڑے دن ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن شقیق سے کہ کہا انہوں نے میں نے عائشہ سے کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نفل روزے رکھتے تھے

شهرا كله قالت ما علمته صام شهرا كله الا رمضان ولا أفطره كله حتى يصوم منه حتى مضى لسبيله رواه مسلم وعن عمران بن

پورے ایک مہینے کے کہا انہوں نے مجھکو علم نہیں کہ روزے رکھے ہوں پورے ایک مہینے کے سوا رمضان کے اور نہیں جانتی کہ روزہ نہ رکھا ہو تمام مہینے میں یہاں تک کہ گذر گئے اپنی راہ ۔ م ۔ اور روایت ہے عمران بن

حصين عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه سأله أو سأل رجلا وعمران يسمع فقال يا أبا فلان أما صمت من سرر

حصین رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے پوچھا عمران سے یا دوسرے شخص سے اور عمران سنتا تھا سو فرمایا اے باپ فلانے کے کیا روزہ رکھا تو

شعبان قال لا قال فإذا أفطرت فصم يومين متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

شعبان کے اخیر میں کہا نہیں فرمایا تو جب افطار کرے رمضان کے تو رکھ روزہ دو دن ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

أفضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرم وأفضل الصلوة بعد الفريضة صلوة الليل رواه مسلم وعن ابن عباس

سب سے افضل روزے بعد رمضان کے روزے ہیں اللہ کے مہینے کے جو محرم ہے اور سب سے افضل نماز بعد فرض نماز کے تہجد کی نماز ہے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس

رض قال ما رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يتحرى صيام يوم فضله على غيره الا هذا اليوم يوم عاشوراء وهذا الشهر

رض سے کہا انہوں نے نہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طلب کرتے ہوں روزے کو کسی دن کے کہ فضیلت دی ہو اسکو غیر پر اس کے سوا اس دن کے یعنی دسویں محرم کے اور سوا اس مہینے

يعني شهر رمضان متفق عليه وعنه قال حين صام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم عاشوراء وأمر بصيامه

یعنے رمضان کا مہینا ۔ ق ۔ اور اسی سے روایت ہے جب روزہ رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محرم کی دسویں کا اور حکم کیا اسکے روزے کا

قالوا يا رسول الله إنه يوم تعظمه اليهود والنصارى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لئن بقيت إلى قابل لأصومن

کہا لوگوں نے اے رسول اللہ کہ یہ دن ایسا ہے کہ تعظیم کرتے ہیں اسکی یہود اور نصاریٰ سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جیتا رہونگا میں آیندہ سال تک تو روزہ رکھونگا

التاسع رواه مسلم وعن أم الفضل بنت الحارث أن ناسا تماروا عندها يوم عرفة في صيام رسول الله صلى

نویں کا ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام فضل سے بیٹی حارث کی کہ لوگوں نے جھگڑا کیا اسکے پاس عرفہ کے دن روزہ رکھنے میں رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم فقال بعضهم هو صائم وقال بعضهم ليس بصائم فأرسلت إليه بقدح لبن وهو واقف على

اللہ علیہ وسلم کے سو کہا بعضوں نے حضرت روزہ دار ہیں اور بعضوں نے کہا نہیں سو بھیجا میں نے حضرت کے پاس ایک پیالہ دودھ اس حال میں کہ حضرت کھڑے تھے

بعيره بعرفة فشربه متفق عليه وعن عائشة رض قالت ما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صائما في

اپنے اونٹ پر سوار ہو کر جبل عرفات پر سو پیا حضرت نے دودھ ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے نہ دیکھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ رکھتے

العشر قط رواه مسلم وعن أبي قتادة رض أن رجلا أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال كيف تصوم فغضب

ذی الحجہ کے دہے میں ہرگز ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہ ایک مرد آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کیسا روزہ رکھتے ہو غصے ہوئے

رسولَ الله صلى الله عليه وسلم من قوله فلما رأى عمر غضبه قال رضينا بالله ربًّا وبالإسلام دينًا وبمحمدٍ نبيًّا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسکی بات سے دل بھر جب حضرت عمر نے دیکھا حضرت کو غصہ کہنے لگے ہم راضی ہیں اللہ سے جو رب ہمارا ہے اور اسلام سے جو دین ہمارا ہے اور محمد سے جو نبی ہمارا ہے

نعوذ بالله من غضب الله وغضب رسوله فجعل عمر يردد هذا الكلام حتى سكن غضبه فقال عمر يا رسول

پناہ چاہتے ہیں ہم اللہ کی غضب سے اور اسکے رسول کے غضب سے لگے عمر اس کلام کو یہاں تک کہ تھم گیا غصہ پھر کہا عمر نے اے رسول

الله كيف من يصوم الدهر كله قال لا صام ولا أفطر أو قال لم يصم ولم يفطر قال كيف من يصوم يومين ويفطر

اللہ کے کیسا حال ہے اسکا جو ہمیشہ روزہ رکھے فرمایا نہ روزہ رکھا اور نہ افطار کیا کہا عمر نے کیا حال اسکا جو رکھے دو دن

يومًا قال ويطيق ذلك أحد قال كيف من يصوم يومًا ويفطر يومًا قال ذلك صوم داود عليه السلام قال

اور افطار کرے ایک دن فرمایا اور کیا طاقت رکھتا ہے کوئی کہا عمر نے کیا حال ہے اسکا جو روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے ایک دن فرمایا یہ روزہ داؤد علیہ السلام کا ہے

كيف من يصوم يومًا ويفطر يومين قال وددت أني طُوِّقت ذلك ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث

کیا حال ہے اسکا جو روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے دو دن فرمایا میں چاہتا ہوں کہ طاقت اور فرصت ہو مجھ کو اسکی پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین روز

من كل شهر ورمضان إلى رمضان فهذا صيام الدهر كله صيام يوم عرفة أحتسب على الله أن يكفر السنة

ہر مہینے سے اور رمضان کے روزے دوسرے رمضان تک یہ روزہ رکھنا ہے ہمیشہ کا اور روزہ عرفہ کے دن کا امید رکھتا ہوں فضل خدا پر کہ اتار دے گناہ اسکے سال کے

التي قبله والسنة التي بعده وصيام يوم عاشوراء أحتسب على الله أن يكفر السنة التي قبله رواه مسلم

اور گناہ آیندہ سال کے اور روزہ محرم کی دسویں تاریخ کا امید رکھتا ہوں فضل خدا پر گناہ اتار دے پہلے سال کے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صوم الاثنين فقال فيه ولدت وفيه أنزل علي رواه

اور روایت ہے اسی سے کہ پوچھا کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فضیلت دوشنبے کے روزے کی فرمایا اسی دن میں پیدا ہوا اور اسی دن اترا مجھ پر

مسلم وعن معاذة العدوية أنها سألت عائشة رض أكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم من كل

مسلم نے اور روایت ہے معاذہ عدویہ سے کہ اسنے سوال کیا عائشہ رض سے کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے ہر

شهر ثلاثة أيام قالت نعم فقلت لها من أي أيام الشهر كان يصوم قالت لم يكن يبالي من أي أيام الشهر

مہینے میں تین دن کہا ہاں پھر کہا میں نے اسکو مہینے کے کون سے دنوں میں روزہ رکھتے تھے کہا اسنے پروا نہ کرتے تھے کہ مہینے کے کون سے دنوں میں

يصوم رواه مسلم وعن أبي أيوب الأنصاري رض أنه حدثه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من صام

روزہ رکھیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ایوب انصاری رض سے کہ اسنے بیان کیا اسے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے روزے

رمضان ثم أتبعه ستًا من شوال كان كصيام الدهر رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري رض قال نهى

رمضان کے پھر پیچھے رکھا اسکے چھ روز شوال سے ثواب ملیگا اسکو مانند برس بھر کے روزوں کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا اسنے منع کیا

رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صوم يوم الفطر والنحر متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے کو رمضان اور بقرعید کی عید کے دن متفق اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم لا صوم في يومين الفطر والأضحى متفق عليه وعن نبيشة الهذلي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

وسلم نے روزہ رکھنا نہ چاہیے دو دن میں جو عید فطر اور بقرعید کے ہیں متفق اور روایت ہے نبیشہ ہذلی رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ايام التشريق ايام اكل وشرب وذكر الله رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله
وسلم نے ایام تشریق کے دن کھانے اور پینے اور اللہ کی یاد کے دن ہیں ف روایت کیا اسکو مسلم نے، اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم لا يصوم احدكم يوم الجمعة الا ان يصوم قبله او يصوم بعده متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى
علیہ وسلم نے روزہ نہ رکھے کوئی تم میں سے جمعہ کے دن ف مگر اس صورت میں کہ پہلے رکھتا ہو یا بعد اسکے بھی رکھے، ق، اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم لا تختصوا ليلة الجمعة بقيام من بين الليالي ولا تختصوا يوم الجمعة بصيام من بين الايام
اللہ علیہ وسلم تخصیص نہ کرو جمعہ کی رات کی شب بیداری میں اور راتوں سے اور تخصیص جمعہ کے دن کی روزہ رکھنے میں اور دنوں میں سے

الا ان يكون في صوم يصومه احدكم رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري رض قال قال رسول الله صلى
مگر اس صورت میں کہ آ پڑے اس روزے میں کہ رکھتا تھا کوئی تم میں سے روایت کیا اسکو مسلم نے، اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم من صام يوما في سبيل الله بعد الله وجهه عن النار سبعين خريفا متفق عليه وعن عبد
اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ رکھا ایک دن سفر جہاد میں ف دور کریگا اللہ اسکی ذات کو دوزخ سے ستر برس کی راہ کا فاصلہ پر ق، اور روایت ہے عبد

الله بن عمرو بن العاص رض قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عبد الله الم اخبر انك تصوم النهار
اللہ بن عمرو بن عاص رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عبد اللہ کیا خبر نہیں ہوئی مجھکو اس بات کی کہ تو روزہ رکھتا ہے دن کو

وتقوم الليل فقلت بلى يا رسول الله قال فلا تفعل صم وافطر وقم ونم فان لجسدك عليك حقا وان لعينك
اور بیدار رہتا ہے تمام رات سو کہا میں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ فرمایا سو کر ایسا روزہ رکھ اور بے روزہ رہ اور رات کو اٹھ اور سو رہ ف کہ تیرے بدن کا اور تیری آنکھ کا

عليك حقا وان لزوجك عليك حقا وان لزورك عليك حقا لا صام من صام الدهر صوم ثلثة ايام
اور تیری بی بی کا اور تیری ملاقات کو آنے والوں کا تجپر حق ہے روزہ نہ رکھا جسنے ہمیشہ روزہ رکھا تین دن کا روزہ

من كل شهر صوم الدهر كله صم كل شهر ثلثة ايام واقرأ القرآن في كل شهر قلت اني اطيق اكثر من ذلك
ہر مہینے میں روزہ رکھنا ہے تمام سال کا ف روزہ رکھ ہر مہینے میں تین دن اور پڑھ تمام قرآن کو ہر مہینے میں ایکبار میں نے کہا طاقت ہے مجھکو زیادہ اس سے

قال صم افضل الصوم صوم داود صيام يوم وافطار يوم واقرأ في كل سبع ليال مرة لا تزد على ذلك متفق
فرمایا رکھ سب روزوں سے افضل روزہ رکھا جو صوم داود ہے یعنے ایک دن روزہ رکھا اور ایکدن کھولا اور قرآن پڑھ ہر ہفتے میں ایک دفعہ زیادہ نہ کر اس

عليه

الفصل الثاني

عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم الاثنين والخميس
دوسری فصل، روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے دوشنبے اور پنجشنبے کو

رواه الترمذي والنسائي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تعرض الاعمال يوم
روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے، اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درپیش ہوتے ہیں اعمال

الاثنين والخميس فاحب ان يعرض عملي وانا صائم رواه الترمذي وعن ابي ذر رض قال قال رسول الله صلى
دوشنبے کے دن اور پنجشنبے کو سو خوش لگتا ہے مجھکو کہ درپیش ہو میرا عمل اس حال میں کہ میں روزہ دار ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے، اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہ کہا انہوں نے

الله عليه وسلم يا ابا ذر اذا صمت من الشهر ثلثة ايام فصم ثلث عشرة واربع عشرة وخمس عشرة رواه
اللہ علیہ وسلم نے اے ابا ذر جب تو روزہ رکھے مہینے سے تین دن تو روزہ رکھ تیرھویں اور چودھویں اور پندرھویں کو روایت کیا اسکو

الترمذي والنسائي وعن عبد الله بن مسعود رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم من غرة كل

ترمذی اور نسائی نے * اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے اول میں ہر

شهر ثلثة ايام وقلما كان يفطر يوم الجمعة رواه الترمذي والنسائي ورواه ابو داود الى ثلثة ايام وعن عائشة رض

مہینے کے تین دن اور کم اتفاق ہوتا کہ روزہ نہ رکھتے جمعہ کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نسائی نے اور روایت کیا ابو داود نے لفظ الی ثلثة ایام تک * اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم من الشهر السبت والاحد والاثنين ومن الشهر الاخر

کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے کسی مہینے میں شنبے اور ایک شنبے اور دوشنبے کو اور دوسرے مہینے میں

الثلثاء والاربعاء والخميس رواه الترمذي وعن ام سلمة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامرني

سہ شنبہ اور بدھ اور پنجشنبے کو روایت کیا اسکو ترمذی نے * اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے مجھکو

ان اصوم ثلثة ايام من كل شهر اولها الاثنين والخميس رواه ابو داود والنسائي وعن مسلم القرشي

روزہ رکھنے کا تین دن ہر مہینے میں کہ پہلا دن دوشنبہ ہو یا پنجشنبہ روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے * اور روایت ہے مسلم قرشی

رض قال سألت او سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صيام الدهر قال ان لاهلك عليك حقا صم

رض سے کہ کہا اسنے میں نے پوچھا یا کسی اور نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حال روزہ رکھنے کا ہمیشہ فرمایا مقرر تیرے اہل کا تجھ پر حق ہے روزہ رکھ

رمضان والذي يليه وكل اربعاء وخميس فاذا انت قد صمت الدهر كله رواه ابو داود والترمذي وعن

رمضان کے مہینے میں اور اس مہینے میں جو متصل ہے رمضان سے اور ہر بدھ اور پنجشنبے کو تو اس صورت میں تو نے روزہ رکھا تمام سال روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے * اور روایت ہے

ابي هريرة رض قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن صوم يوم عرفة بعرفة رواه ابو داود وعن عبد الله

ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا روزہ رکھنے کو عرفہ کے دن جبل عرفات میں روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور روایت ہے عبد اللہ

ابن بسر عن اخته الصماء ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تصوموا يوم السبت الا فيما افترض

ابن بسر سے اسکی بہن سے جو معروف ہے صماء ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا روزہ مت رکھو ہفتے کے دن مگر جب واقع ہوا اس دن روزہ فرض

عليكم فان لم يجد احدكم الا لحاء عنبة او عود شجرة فليمضغه رواه احمد وابو داود والترمذي

تم پر پھر اگر نہ پاوے کوئی تم میں سے سوا انگور کے چھلکے کے یا سوائے لکڑی کے کسی درخت کی تو چبا لے اسی کو روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور ترمذی

وابن ماجة والدارمي وعن ابي امامة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صام يوما في سبيل الله

اور ابن ماجہ اور دارمی نے * اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ رکھا ایک دن اللہ کی راہ میں کر دیگا

جعل الله بينه وبين النار خندقا كما بين السماء والارض رواه الترمذي وعن عامر بن مسعود قال قال

کر دیگا اللہ اسکے اور دوزخ کے درمیان ایک خندق کہ ہوگا اسکا عرض مانند آسمان اور زمین کے روایت کیا اسکو ترمذی نے * اور روایت ہے عامر بن مسعود سے کہ کہا اسنے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم الغنيمة الباردة الصوم في الشتاء رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث مرسل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غنیمت بارد ہے یعنی روزہ رکھنا جاڑے میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند مرسل ہے

وذكر حديث ابي هريرة ما من ايام احب الى الله في باب الاضحية

الفصل الثالث

عن ابن عباس رض ان رسول الله

اور مذکور ہو چکی حدیث ابی ہریرہ کی جو یہ ہے نہیں کوئی دن جو زیادہ پیارا ہو اللہ کے پاس قربانی کے باب میں * تیسری فصل * روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قدم المدينة فوجد اليهود صياما يوم عاشوراء فقال لهم رسول الله ما هذا اليوم الذي تصومونه
صلی اللہ علیہ وسلم آئے بعد ہجرت کے مدینے میں سو پایا یہود کو دوسرے سال میں روزہ رکھتے محرم کی دسویں تاریخ کو پھر فرمایا ان کو رسول اللہ نے یہہ کیا دن ہے جو روزہ رکھتے ہو

فقالوا هذا يوم عظيم انجى الله فيه موسى وقومه وغرق فرعون وقومه فصامه موسى شكرا فنحن نصومه فقال
تب کہا یہود نے یہہ وہ بڑا دن ہے کہ بچا دیا اللہ نے اسمیں موسیٰ اور اسکی قوم کو اور ڈبا دیا فرعون اور اسکی قوم کو سو روزہ رکھا اسدن میں موسیٰ نے شکر کا پھر ہم رکھتے ہیں اس روز

رسول الله فنحن احق واولى بموسى منكم فصامه رسول الله صلى الله عليه وسلم وامر بصيامه متفق عليه وعن
رسول اللہ نے پھر ہم زیادہ سزاوار اور اقرب ہیں موسیٰ کے ساتھ تم لوگوں سے پھر روزہ رکھا اسدن کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکم کیا لوگوں کو اس دن کے روزے کا ٭ اور روایت ہے

ام سلمة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم السبت ويوم الاحد اكثر ما يصوم من الايام ويقول
ام سلمہ رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے شنبے کے دن اور یکشنبے کے دن زیادہ اس سے جو روزہ رکھتے تھے اور دنوں میں اور فرماتے

انهما يوما عيد للمشركين فانا احب ان اخالفهم رواه احمد وعن جابر بن سمرة رض قال كان رسول الله صلى
بیشک یہہ دو دن عید کے ہیں مشرکوں کی سو میں چاہتا ہوں مخالفت کرنی ان سے ٭ روایت کیا اسکو احمد نے ٭ اور روایت ہے جابر بن سمرہ رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يامر بصيام يوم عاشوراء ويحثنا عليه ويتعاهدنا عنده فلما فرض رمضان لم يامرنا ولم ينهنا
اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے روزہ رکھنے کا محرم کی دسویں تاریخ کو اور رغبت دلاتے تھے ہم کو اس پر اور وعظ کرتے ہم کو جب آتا وہ دن پھر جب فرض ہوا رمضان کا روزہ نہ حکم

عنه ولم يتعاهدنا عنده رواه مسلم وعن حفصة رض قالت اربع لم يكن يدعهن النبي صلى الله عليه وسلم صيام
کیا اس سے اور نہ وعظ کیا ہم کو جب آیا وہ دن ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے حفصہ رض سے کہ کہا انہوں نے چار خصلتیں ہیں کہ نہ چھوڑتے تھے انکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک تو روزہ

عاشوراء والعشر وثلثة ايام من كل شهر وركعتان قبل الفجر رواه النسائي وعن ابن عباس رض قال كان
محرم کی دسویں کا اور دوسرے نو روز ذی الحجہ کے پہلے دہے میں اور تیسرے روزے تین دن ہر مہینے میں اور دو رکعت نماز پہلے صبح کی فرض نماز کے ٭ روایت کیا اسکو نسائی نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ بن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يفطر ايام البيض في حضر ولا سفر رواه النسائي وعن ابي هريرة رض قال قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر روزہ رکھے کے نہ رہتے تھے ایام بیض میں گھر میں ہوں یا سفر میں ٭ روایت کیا اسکو نسائی نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شيء زكوة وزكوة الجسد الصوم رواه ابن ماجه وعنه ان النبي صلى الله عليه
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کے لئے زکوۃ ہے اور زکوۃ بدن کی روزہ ہے ٭ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور اسی سے روایت ہے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم كان يصوم الاثنين والخميس فقيل يا رسول الله انك تصوم الاثنين والخميس فقال ان يوم الاثنين و
وسلم روزہ رکھتے تھے دوشنبے کے دن اور پنجشنبے کو سو کہا کسی نے ای رسول اللہ کے بیشک آپ روزہ رکھتے ہیں دوشنبے اور پنجشنبے کا تب فرمایا بیشک دوشنبے اور

الخميس يغفر الله فيهما لكل مسلم الا ذا هاجرين يقول دعهما حتى يصطلحا رواه احمد وابن ماجه وعنه قال
پنجشنبے کے دن میں گناہ بخشتا ہے اللہ ہر مسلمان کے مگر دو جدائی کرنے والے ٭ فرماتا ہے اللہ فرشتوں کو چھوڑ دو دونوں کو جب تک کہ آپس میں صلح کریں ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے ٭ اور اسی سے روایت ہے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صام يوما ابتغاء وجه الله بعده الله من جهنم كبعد غراب طائر وهو
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ رکھا ایک دن چاہ کر اللہ کی رضامندی کو دور کریگا اسکو اللہ دوزخ سے جیسے اڑتے کوے کی دوری اس حال میں کہ وہ

فرخ حتى مات هرما رواه احمد وروى البيهقي في شعب الايمان عن سلمة بن قيس باب الفصل
بچہ تھا جیتا رہا تک کہ مرا بوڑھا ہو کر ٭ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں سلمہ بن قیس سے ٭ باب بیان میں نفل روزے کے متعلق کے
فصل

الاول عن عائشۃ رض قالت دخل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات یوم فقال ھل عندکم شیء فقلنا لا قال

پہلی یہ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے آئے میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن پھر فرمائے کیا کچھ ہی تمہارے پاس سو کہا ہم گھر والوں نے نہیں فرمایا

فانی اذا صائم ثم اتانا یوما اخر فقلنا یا رسول اللہ اھدی لنا حیس فقال ارینیہ فلقد اصبحت صائما فاکل

کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث صحیح ہے اور اسی طور شرح سنہ میں ہے اور مصابیح میں غریب ہے

وعن ابن عباس وأنس بن مالك رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا زلزلت تعدل نصف القرآن و

اور روایت ہے ابن عباس اور انس بن مالک رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ اذا زلزلت کی برابر آدھے قرآن کے ہے اور

قل هو الله أحد تعدل ثلث القرآن وقل يا أيها الكافرون تعدل ربع القرآن رواه الترمذي وعن معقل بن يسار

سورہ قل ہو اللہ کی برابر ہے قرآن کی ایک تہائی کے اور سورۂ قل یا ایہا الکافرون کی برابر ہے قرآن کی ایک چوتھائی کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے معقل بن یسار سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قال حين يصبح ثلث مرات أعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم فقرأ ثلث

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی کہیگا صبح کو اٹھکر تین بار پناہ چاہتا ہوں اللہ کی جو سب سنتا جانتا مردود شیطان سے پھر پڑھے تین

آيات من آخر سورة الحشر وكل الله به سبعين ألف ملك يصلون عليه حتى يمسي وإن مات في ذلك اليوم

آیت آخر کی سورۂ حشر کے مقرر کریگا اللہ ستر ہزار فرشتوں کو کہ دعا کرینگے اسکے لئے یہاں تک کہ شام کرے اور اگر مر جاوے اس دن میں تو پاویگا

مات شهيدا ومن قالها حين يمسي كان بتلك المنزلة رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب

شہادت کی موت کا اور جو کوئی کہے انکو وقت رات ہونے کے حاصل کریگا اسی مرتبہ کو روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند غریب ہے

وعن أنس رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ كل يوم مائتي مرة قل هو الله أحد محي عنه ذنوب خمسين

اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پڑھیگا ہر روز دو سو بار قل ہو اللہ احد مٹا دیئے جاوینگے اس سے گناہ پچاس

سنة إلا أن يكون عليه دين رواه الترمذي والدارمي وفي روايته خمسين مرة ولم يذكر إلا أن يكون عليه دين

برس کے سوا گناہ قرض کے کہ ہو اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت میں دارمی کی پچاس بار ہے اور ذکر نکیا الا ان یکون اہ اس عبارت کو

وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم من أراد أن ينام على فراشه فنام على يمينه ثم قرأ مائة مرة قل هو الله أحد

اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جسنے ارادہ کیا لیٹنے کا اپنے بچھانے پر پھر لیٹا داہنی کروٹ پر پھر پڑھا سو بار قل ہو اللہ احد

إذا كان يوم القيامة يقول له الرب يا عبدي ادخل على يمينك الجنة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب

جب ہوگا قیامت کا دن فرمادیگا اسکو پروردگار اے بندے میرے داخل ہو داہنی طرف کی بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند اچھی غریب ہے

وعن أبي هريرة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم سمع رجلا يقرأ قل هو الله أحد فقال وجبت قلت وما وجبت

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو کہ پڑھ رہا ہے قل ہو اللہ احد سو فرمایا لازم ہوئی کہا میں نے کیا مراد ہے

قال الجنة رواه مالك والترمذي والنسائي وعن فروة بن نوفل عن أبيه أنه قال يا رسول الله علمني شيئا أقوله إذا

فرمایا لازم ہوئی جنت روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے فروہ بن نوفل سے کہ اسکے باپ سے کہ اسنے کہا یا رسول اللہ سکھائیے کوئی چیز کہ پڑھوں جب

أويت إلى فراشي فقال اقرأ قل يا أيها الكافرون فإنها براءة من الشرك رواه الترمذي وأبو داود والدارمي وعن

لیٹا جاہوں بچھونے پر سو فرمایا پڑھ قل یا ایہا الکافرون کی سورہ کیونکہ اسمیں شرک سے بیزار رکھنا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے

عقبة بن عامر رض قال بينا أنا أسير مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بين الجحفة والأبواء إذ غشيتنا ريح

عقبہ بن عامر رض سے کہا اسنے ایک وقت میں چلتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ درمیان جحفہ اور ابواء کے ناگہاں گھیر لیا ہمکو ہوا

وَظُلْمَةٌ شَدِيدَةٌ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ بِأَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَأَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَيَقُولُ يَا عُقْبَةُ

اور سخت اندھیری نے سو لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگنے پڑھکر قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ۔ اور فرماتے اے عقبہ ان دونوں سورتوں کو

تَعَوَّذْ بِهِمَا فَمَا تَعَوَّذَ مُتَعَوِّذٌ بِمِثْلِهِمَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ رض قَالَ خَرَجْنَا فِي لَيْلَةِ مَطَرٍ وَظُلْمَةٍ

پناہ مانگ ان دونوں سے کہ نہ مانگا پناہ کسی نے برابر ان کے روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن خبیب رض سے کہا انہوں نے ہم نکلے ایک بارش اور سخت اندھیری

شَدِيدَةٍ نَطْلُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَدْرَكْنَاهُ فَقَالَ قُلْ قُلْتُ مَا أَقُولُ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِينَ تُصْبِحُ

سخت اندھیری رات میں طلب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو پایا ہمنے حضرت کو سو فرمایا کہہ میں نے کہا کیا کہوں فرمایا قل ہو اللہ احد اور معوذتین جب صبح کرے

وَحِينَ تُمْسِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رض قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ

اور جب شام کرے تو تین بار کہہ بچاوینگے تجھکو ہر آفت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا انہوں نے کہا میں نے یا رسول

اللّٰهِ أَقْرَأُ سُورَةَ هُودٍ أَوْ سُورَةَ يُوسُفَ قَالَ لَنْ تَقْرَأَ شَيْئًا أَبْلَغَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ

اللہ کیا پڑھوں میں سورہ ہود یا سورہ یوسف کو فرمایا ہرگز نہ پڑھیگا تو کوئی سورۃ کہ زیادہ مفید ہو اللہ کے پاس قل اعوذ برب الفلق کی سورۃ سے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی اور دارمی نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَاتَّبِعُوا غَرَائِبَهُ وَغَرَائِبُهُ فَرَائِضُهُ

تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کرو قرآن کو اور چلو قرآن کے غرائب پر اور غرائب اسکے فرائض

وَحُدُودُهُ وَعَنْ عَائِشَةَ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ فِي الصَّلَاةِ أَفْضَلُ مِنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ فِي غَيْرِ

اور حدود اسکے ہیں ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کا پڑھنا نماز میں بہت بہتر ہے قرآن پڑھنے سے اور وقت

الصَّلَاةِ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ فِي غَيْرِ الصَّلَاةِ أَفْضَلُ مِنَ التَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ وَالتَّسْبِيحُ أَفْضَلُ مِنَ الصَّدَقَةِ وَالصَّدَقَةُ أَفْضَلُ مِنَ الصَّوْمِ وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ

نماز کے سوا اور قرآن پڑھنا اور وقت میں بھی سوا نماز کے بہت بہتر ہے سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہنے سے اور تسبیح وغیرہ بہتر ہے صدقے سے اور صدقہ بہت بہتر ہے روزے سے

وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَةُ الرَّجُلِ الْقُرْآنَ فِي غَيْرِ

اور روایت ہے عثمان بن عبداللہ بن اوس ثقفی سے وہ اپنے دادا اوس سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا آدمی کا قرآن کو بن دیکھے

الْمُصْحَفِ أَلْفُ دَرَجَةٍ وَقِرَاءَتُهُ فِي الْمُصْحَفِ تُضَعَّفُ عَلَى ذٰلِكَ إِلَى أَلْفَيْ دَرَجَةٍ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

مصحف کے ہزار درجے ثواب رکھتا ہے اور قرآن دیکھکر پڑھنا بڑھایا جاتا ہے دو ہزار درجوں تک ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوبَ تَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيدُ إِذَا أَصَابَهُ الْمَاءُ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا جِلَاؤُهَا قَالَ كَثْرَةُ ذِكْرِ

اللہ علیہ وسلم نے بیشک دلوں کو زنگ پکڑتے ہیں جیسا کہ زنگ پکڑتا ہے لوہا جب لگے اسکو پانی کہا کسی نے اے رسول اللہ کے اور کیا ہے صیقل ان کی فرمایا بہت یاد کرنا

الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيثَ الْأَرْبَعَةَ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَيْفَعَ بْنِ عَبْدٍ الْكَلَاعِيِّ رض قَالَ قَالَ

موت کو اور بہت پڑھنا قرآن کا روایت کیا بیہقی نے اوپر کی چاروں حدیثوں کو کتاب شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے ایفع بن عبد کلاعی رض سے کہا انہوں نے کہا

رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ سُورَةِ الْقُرْآنِ أَعْظَمُ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ قَالَ فَأَيُّ آيَةٍ أَعْظَمُ قَالَ آيَةُ الْكُرْسِيِّ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا

ایک مرد نے اے رسول اللہ کے کونسی سورۃ قرآن کی سورتوں سے بہت بڑی ہے فرمایا قل ہو اللہ احد کہا اسنے پھر کونسی آیت سب آیتوں سے بڑی ہے فرمایا آیت الکرسی

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ قَالَ فَأَيُّ آيَةٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُحِبُّ أَنْ تُصِيبَكَ وَأُمَّتَكَ قَالَ خَاتِمَةُ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فَإِنَّهَا مِنْ خَزَائِنِ

ہو الحی القیوم تک کہا اسنے پھر کونسی آیت ہے اے رسول اللہ کے دوست رکھتے ہو حاصل ہو ثواب اسکا حضور کے اپنے اور اپنی امت کے لئے فرمایا آخری آیتیں سورہ بقرہ کی کہ وہ آیتیں خزانوں سے

رحمة الله من تحت عرشه اعطاها هذه الامة لم تترك خيرا من خير الدنيا والاخرة الا اشتملت

اللہ کی رحمت کے ہیں تلے سے اسکے عرش کے کہ دیا ان کو اللہ نے اس امت کو نہ چھوڑی کوئی بھلائی ان آیتوں نے دنیا کی اور آخرت کی مگر لے لی

عليه رواه الدارمي وعن عبد الملك بن عمير مرسلا قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في فاتحة

اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے عبد الملک بن عمیر سے سند مرسل سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ فاتحہ

الكتاب شفاء من كل داء رواه الدارمي والبيهقي في شعب الايمان وعن عثمان بن عفان رض

پڑھنے میں شفا ہوتی ہے ہر بیماری سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے عثمان ابن عفان رض سے

قال من قرأ اخر ال عمران في ليلة كتب له قيام ليلة وعن مكحول قال من قرأ سورة ال عمران يوم

کہ کہا اسنے جو کوئی پڑھیگا سورت آل عمران کی اخیر کی آیتوں کو رات میں ثواب ملیگا اسکو عبادت کا رات بھر ۔ اور روایت ہے مکحول سے کہ کہا اسنے جو کوئی پڑھیگا سورت آل عمران کی روز

الجمعة صلت عليه الملئكة الى الليل رواهما الدارمي وعن جبير بن نفير ان رسول الله صلى

جمعہ کے مغفرت مانگینگے اسکی فرشتے رات تک دعا کرینگے روایت کیا ان دونوں کو دارمی نے ۔ اور روایت ہے جبیر بن نفیر سے کہ رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم قال ان الله ختم سورة البقرة بايتين اعطيتهما من كنزه الذي تحت العرش

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے تمام کیا سورۂ بقر کو ان دو آیتوں سے کہ مجھ کو ملیں اسکے خزانے سے کہ عرش کے تلے ہے

فتعلموهن وعلموهن نساءكم فانها صلوة وقربان ودعاء رواه الدارمي مرسلا

سو سیکھو ان کے کلمات کو اور سکھاؤ اپنی عورتوں کو کیونکہ وہ کلمات استغفار اور موجب قرب الہی اور دعا ہیں روایت کیا اسکو دارمی نے سند مرسل سے

وعن كعب رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اقرؤا سورة هود يوم الجمعة رواه

اور روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو سورۂ ہود کو جمعہ کے دن روایت کیا اسکو

الدارمي وعن ابي سعيد رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ سورة الكهف في يوم الجمعة

دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا سورۂ کہف کو جمعہ کے دن

اضاء له النور ما بين الجمعتين رواه البيهقي في الدعوات الكبير وعن خالد بن معدان قال اقرؤا المنجية

روشن ہوگا اسکے لئے نور ایمان درمیان دو جمعہ کے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات الکبیر میں ۔ اور روایت ہے خالد بن معدان سے کہ کہا اسنے پڑھو نجات دینے والی کو

وهي الم تنزيل فانه بلغني ان رجلا كان يقرأها ما يقرأ شيئا غيرها وكان كثير الخطايا فنشرت جناحها عليه

اور وہ سورۂ سجدہ ہے اسلئے کہ مجھ کو خبر پہنچی کہ ایک مرد پڑھتا تھا اسکو نہ پڑھتا تھا قرآن کی کسی سورت کو سوا اسکے اور تھا بڑا گنہگار سو پھیلا دیا اپنے بازو اسپر

قالت رب اغفر له فانه كان يكثر قراءتي فشفعها الرب تعالى فيه وقال اكتبوا له بكل خطيئة حسنة وارفعوا له درجة

کہنے لگا اے رب میرے بخش دے اسکو کہ وہ میری قرأت بہت کرتا تھا سو شفاعت قبول کی پروردگار نے اسکی اسکے حق میں اور فرمایا لکھو اسکے لئے بجائے ہر گناہ کے نیکی اور بلند کرو اسکا درجہ

وقال ايضا انها تجادل عن صاحبها في القبر تقول اللهم ان كنت من كتابك فشفعني فيه وان لم اكن من كتابك

اور کہا خالد نے یہ بھی کہ وہ سورۃ جھگڑیگی اپنے قاری کی طرف سے قبر میں سو کہیگی اے اللہ اگر ہوں میں تیری کتاب کی سورۃ تو شفاعت قبول کر میری اسکے حق میں اور اگر نہیں

فامحني عنه وانها تكون كالطير تجعل جناحها عليه فتشفع له فتمنعه من عذاب القبر وقال في تبارك مثله

تو نکال دے مجھکو کتاب سے اور وہ سورۃ ہوگی مثل پرندے کے کہ پھیلا دیگی اپنے بازو کو اسپر پھر سفارش کریگی اسکی سو بچا دیگی اسکو قبر کے عذاب سے اور کہا خالد نے تبارک میں بھی ایسا ہی

وكان خالد لا يبيت حتى يقرأهما وقال طاؤس فضلتا على كل سورة في القرآن بستين حسنة رواه الدارمي وعن
اور خالد سوتا نہ تھا جب تک کہ پڑھتا تھا ان دونوں کو اور کہا طاؤس نے فضیلت دی سورۂ سجدہ اور ملک کو ہر سورۂ قرآن کی ساتھ نیکی سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے
عطاء بن أبي رباح قال بلغني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قرأ يس في صدر النهار قضيت حوائجه رواه الدارمي
عطا ابن ابی رباح سے کہ کہا اسنے پہنچی مجھکو یہہ بات کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا یس کی سورہ دن نکلتے اسکی حاجتیں روا ہو نگی روایت کیا
مرسلا وعن معقل بن يسار المزني رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ يس ابتغاء وجه الله تعالى غفر له ما
سند مرسل سے ٭ اور روایت ہے معقل بن یسار مزنی رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا یس کی سورۃ اللہ تعالی کی رضا مندی چاہکر بخشے جاوینگے
تقدم من ذنبه فاقرؤها عند موتاكم رواه البيهقي في شعب الايمان وعن عبد الله بن مسعود رض انه قال ان
اسکے اگلے گناہ سو پڑھو اسکو ان کے پاس جنکو جانکندنی لگے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رض سے کہ اسنے کہا بیشک
لكل شيء سناما وان سنام القرآن سورة البقرة وان لكل شيء لبابا وان لباب القرآن المفصل رواه الدارمي
ہر چیز کی بلندی ہے اور بیشک بلندی قرآن کی سورۂ بقر ہے اور بیشک ہر چیز کا خلاصہ ہے خلاصہ قرآن کا مفصل سورتیں ہیں روایت کیا اسکو دارمی نے
وعن علي رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لكل شيء عروس وعروس القرآن الرحمن وعن
اور روایت ہے علی رض سے کہ کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہر چیز کا ایک حسن ہے اور حسن قرآن کا سورۂ رحمن ہے ٭ اور روایت ہے
ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ سورة الواقعة في كل ليلة لم تصبه فاقة ابدا وكان ابن
ابن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا سورۂ واقعہ ہر رات کو نہ پہنچیگا اسکو فاقہ کبھی اور ابن
مسعود يأمر بناته يقرأن بها كل ليلة رواهما البيهقي في شعب الايمان وعن علي رض قال كان رسول الله صلى الله
مسعود حکم کرتا تھا اپنی بیٹیوں کو کہ پڑھا کریں سورۂ واقعہ ہر رات میں روایت کیا دونوں حدیث کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے علی رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
يحب هذه السورة سبح اسم ربك الاعلى رواه احمد وعن عبد الله بن عمرو رض قال اتى رجل النبي صلى الله
دوست رکھتے تھے اس سورۃ کو جو سبح اسم ربک الاعلی کی سورہ ہے روایت کیا اسکو احمد نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ
عليه وسلم فقال اقرئني يا رسول الله فقال اقرأ ثلثا من ذوات الر فقال كبرت سني واشتد قلبي وغلظ لساني
علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا پڑھائیے مجھے یا رسول اللہ سو فرمایا پڑھ تین سورتوں کو جنکے شروع میں الر ہے پھر کہا اسنے عمر میری بہت ہوئی اور دل سخت اور زبان
قال فاقرأ ثلثا من ذوات حم فقال مثل مقالته فقال الرجل يا رسول الله اقرئني سورة جامعة فاقرأه رسول الله صلى
فرمایا تو پڑھ تین سورتوں کو جنکے شروع میں حم ہے پھر کہا اسنے جیسا پہلے کہا تھا کہا اس مرد نے یا رسول اللہ پڑھائیے مجھے کوئی مختصر سورۃ کہ سب مطلب اسمیں ہوں
الله عليه وسلم اذا زلزلت حتى فرغ منها فقال الرجل والذي بعثك بالحق لا ازيد عليها ابدا ثم ادبر الرجل فقال
اللہ علیہ وسلم نے اذا زلزلت کی سورۃ یہانتک کہ فراغت کی اس سے سو کہا اس مرد نے قسم اس ذات کی کہ بھیجا تجھکو سچا دین دیکر نہ زیادہ کرونگا اسپر کبھی پھر پیٹھ پھیر کر
رسول الله صلى الله عليه وسلم افلح الرويجل مرتين رواه احمد وابو داود وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مراد کو پہنچا یہہ مرد دو بار روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ
صلى الله عليه وسلم الا يستطيع احدكم ان يقرأ الف اية في كل يوم قالوا ومن يستطيع ان يقرأ الف اية في كل
صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ سکیگا کوئی تم میں سے کہ پڑھے ہزار آیت ہر روز کہا صحابہ نے اور کون سکتا ہے ہزار آیت کا پڑھنا ہر

يوم قال لما يستطيع ان يقرأ الهٰكم التكاثر رواه البيهقي في شعب الايمان وعن سعيد بن المسيب مرسلا

روز فرمایا کیا نہیں سکیگا کوئی پڑھنا الهٰکم التکاثر کی سورۃ ف روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے سعید بن مسیب سے بطور ارسال کے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ قل هو الله احد عشر مرات بني له بها قصر في الجنة ومن قرأ عشرين

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی پڑھیگا قل ہو اللہ کی سورت دس بار بنیگا اسکے لئے اسکی برکت سے ایک محل اسکا جنت میں ۔ اور جو کوئی پڑھیگا بیس

مرة بني له بها قصران في الجنة ومن قرأها ثلثين مرة بني له بها ثلثة قصور في الجنة فقال عمر بن الخطاب

بار بنینگے اسکے لئے دو مکان جنت میں ۔ اور جو کوئی پڑھیگا اسکو تیس بار بنینگے اسکے لئے تین مکان جنت میں سو کہا عمر بن خطاب

رض والله يا رسول الله اذا لنكثرن قصورنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الله اوسع من ذلك رواه الدارمي

رض نے قسم اللہ کی یا رسول اللہ تب البتہ زیادہ کرینگے ہم مکانوں میں اپنے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کا فضل زیادہ اس سے ہی روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن الحسن مرسلا ان نبي الله صلى الله عليه وسلم قال من قرأ في ليلة مائة اية لم تحاجه القران تلك الليلة ومن

اور روایت ہے حسن بصری سے بطور ارسال کے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پڑھا ایک رات میں سو آیتوں کو جھگڑا نکریگا اس سے قرآن اس رات میں اور جسنے

قرأ في ليلة مائتي اية كتب له قنوت ليلة ومن قرأ في ليلة خمسمائة الى الالف اصبح وله قنطار من الاجر قالوا

پڑھا ایک رات میں دو سو آیت ثواب ملیگا اسکو تمام رات کی عبادت کا اور جسنے پڑھا ایک رات میں پانچ سو آیت سے ہزار تک صبح کو اٹھیگا ایک قنطار ثواب پاکر کہا صحابہ نے

وما القنطار قال اثنا عشر الفا رواه الدارمي باب الفصل الاول عن ابي موسى الاشعري رض قال قال رسول الله

اور کیا ہے قنطار فرمایا بارہ ہزار یعنے درہم یا دینار روایت کیا اسکو دارمی نے یہ ایک باب ہے ۔ پہلی فصل روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم تعاهدوا القران فوالذي نفسي بيده لهو اشد تفصيا من الابل في عقلها متفق عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ تلاوت کرتے رہو قرآن کی پھر قسم ہے اس ذات کی کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے البتہ قرآن زیادہ بھاگنا چاہتا ہے سینوں میں سے اونٹوں کے

وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بئس ما لاحدهم ان يقول نسيت اية كيت وكيت بل

اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بری چیز ہے جو کسی کے ہم میں سے کہنا اس بات کا کہ میں بھول گیا فلانی اور فلانی

نسي واستذكروا القران فانه اشد تفصيا من صدور الرجال من النعم متفق عليه وزاد مسلم بعقلها وعن

بھلا دیا گیا ہے ف اور حاضر رکھو دلمیں قرآن کو کہ قرآن بہت جلد بھاگ جاتا ہے آدمیوں کے سینوں سے بہ نسبت چوپاؤں کے ہے ۔ اور زیادہ کیا مسلم نے لفظ بعقلها کو

ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انما مثل صاحب القران كمثل صاحب الابل المعقلة ان عاهد

ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس کہاوت قرآن پڑھنے والے کی جیسی کہاوت اونٹ والے کی جو بندھے ہیں رسیوں میں اگر نگہبانی کریگا

عليها امسكها وان اطلقها ذهبت متفق عليه وعن جندب بن عبد الله رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

انکی تو رکھیگا اور اگر چھوڑ دیگا تو چلے جاوینگے ہے ۔ اور روایت ہے جندب رض سے جو بیٹا ہے عبد اللہ رض کا کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اقرؤا القران ما ائتلفت عليه قلوبكم فاذا اختلفتم فقوموا عنه متفق عليه وعن قتادة قال سئل

وسلم نے پڑھو قرآن کو جب تک کہ دل لگی ہو تمہاری پھر جب تمہارا دل نہ لگے سو چھوڑ دو اسکو ۔ ف ۔ اور روایت ہے قتادہ سے کہ کہا انہنے پوچھا

انس كيف كانت قراءة النبي صلى الله عليه وسلم فقال كانت مدا ثم قرأ بسم الله الرحمن الرحيم يمد ببسم الله

انس سے کیسی تھی قرأت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سو کہا انہنے کہ مد کے ساتھ پھر پڑھا انہنے بسم اللہ الرحمن الرحیم کھینچ کر بسم اللہ کو

ويمد بالرحمن ويمد بالرحيم رواه البخاري ٭ وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اذن

اور کھینچ کر الرحمن کے الف کو اور کھینچ کر رحیم کی یا کو روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سنا

الله لشيء ما اذن لنبي يتغنى بالقرآن متفق عليه ٭ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اذن الله

اللہ نے کسی آواز کو جیسا کہ سنا نبی کی آواز پڑھتے ہو قرآن کو ٭ ق ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سنا اللہ نے

لشيء ما اذن لنبي حسن الصوت بالقرآن يجهر به متفق عليه ٭ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس

کوئی آواز جیسا سنا نبی کی آواز جو خوش آوازی سے قرآن پڑھتا ہو پکار کر ٭ ق ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہم میں سے

منا من لم يتغن بالقرآن رواه البخاري ٭ وعن عبد الله بن مسعود رض قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم

وہ جو کوئی خوش آواز سے پکار کر قرآن نہ پڑھے روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا اسنے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وهو على المنبر اقرأ علي قلت أقرأ عليك وعليك انزل قال اني احب ان اسمعه من غيري فقرأت سورة النساء

منبر پر بیٹھکر قرآن سنا مجھکو میں نے کہا کیا قرآن سناؤں آپکو حالانکہ آپ پر اترا قرآن فرمایا میں دوست رکھتا ہوں کہ سنوں دوسرے سے سو پڑھا میں نے سورہ نسا کو

حتى اتيت الى هذه الآية فكيف اذا جئنا من كل امة بشهيد وجئنا بك على هؤلاء شهيدا قال حسبك

یہانتک کہ پہنچا اس آیت تک پھر کیسا ہوگا جب لاوینگے ہم ہر امت سے ایک گواہ اور لاوینگے تجھکو ان پر گواہ کرکے فرمایا بس کر

الآن فالتفت اليه فاذا عيناه تذرفان متفق عليه ٭ وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لابي بن

اب پھر دیکھا میں نے حضرت کی طرف سو دیکھا ہوں کہ آنکھوں سے آنسو چلے جاتے ہیں ٭ ق ٭ اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن

كعب رض ان الله امرني ان اقرأ عليك القرآن قال الله سماني لك قال نعم قال وقد ذكرت عند رب العالمين

کعب رض کو بیشک اللہ نے حکم کیا مجھے کہ پڑھ سناؤں تجھکو قرآن کہا اسنے کیا اللہ نے میرا نام لیکر فرمایا آپ نے فرمایا ہاں کہا اسنے اور تحقیق میرا ذکر آیا سارے جہان کے پروردگار کے

قال نعم فذرفت عيناه وفي رواية ان الله امرني ان اقرأ عليك لم يكن الذين كفروا قال وسماني قال

فرمایا ہاں سو آنسو بہنے لگے اسکی آنکھوں سے ٭ ق ٭ اور ایک روایت میں ہے اللہ نے فرمایا مجھکو کہ پڑھوں میں تجھپر سورۃ لم یکن الذین کفروا کہا ابی نے اور اللہ نے میرا نام لیا فرمایا

نعم فبكى متفق عليه ٭ وعن ابن عمر رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يسافر بالقرآن الى ارض العدو متفق

ہاں سو رو دیا اسنے ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کرنے کو قرآن ساتھ لیکر کافر کے ملک میں ٭ ق

عليه وفي رواية لمسلم لا تسافروا بالقرآن فاني لا آمن ان يناله العدو

اور ایک روایت میں ہے مسلم کی سفر نہ کرو قرآن ساتھ لیکر کیونکہ مجھکو بے فکری نہیں لینے سے کافر کے قرآن کو ٭ م ٭

الفصل الثاني

عن ابي سعيد الخدري رض قال جلست في عصابة من ضعفاء المهاجرين وان بعضهم ليستتر ببعض من العري وقارئ يقرأ علينا

دوسری فصل ٭ روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا اسنے بیٹھا میں جماعت میں مہاجرین کے غریب غربا کی اور بیشک بعضا انکا پردہ کرتا تھا بعضے سے برہنگی کے اور ایک پڑھنے والا قرآن پڑھتا تھا ہم پر

اذ جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام علينا فلما قام رسول الله صلى الله عليه وسلم سكت القارئ فسلم

ناگہاں آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو کھڑے رہے ہمارے سر پر پھر جب کھڑے رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چپ رہا پڑھنے والا تب کیا سلام حضرت نے

ثم قال ما كنتم تصنعون قلنا كنا نستمع الى كتاب الله فقال الحمد لله الذي جعل من امتي من امرت ان اصبر

پھر فرمایا کیا کرتے تھے تم ہم نے کہا تھے ہم سنتے اللہ کی کتاب کو تب فرمایا حمد ہے اللہ کو جسنے پیدا کیا میری امت میں ایسوں کو کہ حکم ہوا مجھے صبر کرنے کا

نفسی معهم قال فجلس وسطنا لیعدل بنفسه فینا ثم قال بیده هکذا فتحلقوا وبرزت وجوههم له فقال ابشروا

اپنی ذات سے ان کے ساتھ ف کہا راوی نے پھر بیٹھے بیچ ہمارے تاکہ برابر کریں اپنی ذات سے ہم میں پھر اشارہ کیا اپنے ہاتھ سے اس طرح پس حلقہ باندھا انہوں نے اور ظاہر ہوئے چہرے ان کے آپ کے لئے پس فرمایا خوش ہو جاؤ

یا معشر صعالیک المهاجرین بالنور التام یوم القیمة تدخلون الجنة قبل اغنیاء الناس بنصف یوم وذلک

اے جماعت مہاجرین کے فقرا کی نور کامل سے قیامت کے دن ف جاؤ گے تم بہشت میں تونگر آدمیوں سے آدھا دن پہلے اور آدھا دن

خمس مائة سنة رواه ابو داود وعن البراء بن عازب رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم زینوا القرآن

پانچ سو برس کا ہوگا ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آراستہ کرو قرآن کو

باصواتکم رواه احمد وابو داود وابن ماجة والدارمی وعن سعد بن عبادة رض قال قال رسول الله صلی

اپنے اچھے آوازوں سے ف روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے سعد بن عبادہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله علیه وسلم ما من امرئ یقرأ القرآن ثم ینساه الا لقی الله یوم القیمة اجذم رواه ابو داود والدارمی

اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مرد کہ پڑھے قرآن کو پھر بھول جائے اسکو مگر ملیگا اللہ سے قیامت کے دن دانت گرا ہوا ف روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے

وعن عبد الله بن عمرو رض ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لم یفقه من قرأ القرآن فی اقل من ثلث

اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں سمجھا ف اسکا جس نے پڑھا قرآن کو تین رات سے کم میں

رواه الترمذی وابو داود والدارمی وعن عقبة بن عامر رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الجاهر

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکار کر پڑھنے والا

بالقرآن کالجاهر بالصدقة والمسر بالقرآن کالمسر بالصدقة رواه الترمذی وابو داود والنسائی وقال الترمذی

قرآن مانند ظاہر کر کے خیرات کرنے والے کے ہے اور آہستہ پڑھنے والا مانند چھپا کر خیرات کرنے والے کے ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے

هذا حدیث حسن غریب وعن صهیب رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما امن بالقرآن من

اس حدیث کی سند حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے صہیب رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ایمان لایا قرآن پر جسنے

استحل محارمه رواه الترمذی وقال هذا حدیث لیس اسناده بالقوی وعن اللیث بن سعد عن ابن ابی

ارتکاب کیا منہیات کا ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند قوی نہیں اور روایت ہے لیث بن سعد سے ابن ابی

ملیکة عن یعلی بن مملک انه سأل ام سلمة عن قراءة النبی صلی الله علیه وسلم فاذا هی تنعت قراءة مفسرة

ملیکہ سے یعلی بن مملک سے ف کہ یعلی نے پوچھا ام المؤمنین ام سلمہ کو کیفیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن پڑھنے کی سو تھی وہ بیان کرتی کھلا ہوا

حرفا حرفا رواه الترمذی وابو داود والنسائی وعن ابن جریج عن ابن ابی ملیکة عن ام سلمة قالت کان رسول الله

حرف سے حرف الگ ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابن جریج سے ابن ابی ملیکہ سے ام سلمہ سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم یقطع قراءته یقول الحمد لله رب العالمین ثم یقف ثم یقول الرحمن الرحیم ثم یقف رواه

صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر ٹھہر کے پڑھتے قرآن فرماتے الحمد للہ رب العالمین پھر ٹھہرتے پھر فرماتے الرحمن الرحیم پھر ٹھہرتے روایت کیا اسکو

الترمذی وقال لیس اسناده بمتصل لان اللیث روی هذا الحدیث عن ابن ابی ملیکة عن یعلی بن مملک عن ام

ترمذی نے اور کہا سند اسکی متصل نہیں کیونکہ لیث نے روایت کی اس حدیث کو ابن ابی ملیکہ سے یعلی بن مملک سے ام

سلمة وحديث الليث اصح ۔ **الفصل الثالث** عن جابر رض قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن

سلمہ سے اور سند لیث کی حدیث کی زیادہ صحیح ہے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے جابر رض سے کہ کہا انہوں نے نکل آئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ ہم

نقرء القرآن وفينا الاعرابي والاعجمي فقال اقرؤا فكل حسن وسيجيء اقوام يقيمونه كما يقام القدح

قرآن پڑھ رہے تھے اور ہمارے بیچ عرب اور عجم سبھی تھے سو فرمایا پڑھو ہر سب قرأتیں اچھی ہیں اور اگلے زمانے میں ایسے لوگ پیدا ہونگے سیدھا کریں گے تجوید قرآن جیسا کہ سیدھا کرتے ہیں تیر

يتعجلونه ولا يتاجلونه رواه ابو داود والبيهقي في شعب الايمان وعن حذيفة رض قال قال رسول الله صلى

جلدی مانگینگے اسکا ثواب اور مہلت نہ کرینگے ۔ روایت کیا اسکو ابوداود اور بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم اقرؤا القرآن بلحون العرب واصواتها واياكم ولحون اهل العشق ولحون اهل الكتابين وسيجيء

اللہ علیہ وسلم نے پڑھو قرآن کو عرب کے الحان میں اور عرب کی آواز سے اور دور رکھو آپ کو لحنوں سے فاسقوں کی اور الحان یہود و نصاریٰ کی اور پیدا ہونگے

بعدي قوم يرجعون بالقرآن ترجيع الغناء والنوح لا يجاوز حناجرهم مفتونة قلوبهم وقلوب الذين

بعد میرے لوگ کہ آلاپ کے پڑھینگے قرآن کو جیسی آلاپ راگ کی اور نوحوں کی نہیں تجاوز کرتی انکی آواز ان کے حلق سے وہ فریفتہ ہونگے دل ان کے دنیا میں اور دل ان کے

يعجبهم شانهم رواه البيهقي في شعب الايمان ورزين في كتابه وعن البراء بن عازب رض قال سمعت رسول الله

اچھی لگے ان کو قراءت انکی ۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال حسنوا القرآن باصواتكم فان الصوت الحسن يزيد القرآن حسنا رواه الدارمي وعن

صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرمایا اچھی آواز سے قرآن پڑھو کیونکہ آواز اچھی زیادہ کرتی ہے قرآن کا حسن ۔ روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے

طاؤس مرسلا قال سئل النبي صلى الله عليه وسلم اي الناس احسن صوتا للقرآن واحسن قراءة قال من اذا سمعته

طاؤس سے سند مرسل کہ کہا انہوں نے کسی نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون آدمی اچھی آواز سے قرآن پڑھتا ہے اور اچھی قراءت کسکی ہے فرمایا جو شخص کہ جب

يقرأ رأيت انه يخشى الله قال طاؤس وكان طلق كذلك رواه الدارمي وعن عبيدة المليكي رض وكانت

قراءت کرتا گمان کرے تو کہ وہ ڈرتا ہے اللہ سے کہا طاؤس نے اور تھا طلق ایسا ہی ۔ روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے عبیدہ ملیکی رض سے اور تھی

له صحبة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا اهل القرآن لا تتوسدوا القرآن واتلوه حق تلاوته من آناء

اسکے لئے صحبت رسول کی کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے قرآن والو تکیہ نہ ٹھہراؤ قرآن کو اور تلاوت کرو اسکی جیسا چاہیے ساعتوں میں

الليل والنهار وافشوه وتغنوه وتدبروا ما فيه لعلكم تفلحون ولا تعجلوا ثوابه فان له ثوابا رواه البيهقي

رات کی اور دن کی اور جاری کرو اسکو اور اچھی آواز سے پڑھو اور دھیان کرو اسکے معنے میں اس امید سے کہ مراد کو پہنچو تم اور دنیا میں مت چاہو بدلا اسکا اس لئے کہ بدلا اسکا آخرت میں ہے ۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے

في شعب الايمان ۔ **باب** ۔ **الفصل الاول** عن عمر بن الخطاب رض قال سمعت هشام بن حكيم بن حزام

کتاب شعب الایمان میں یہہ ایک باب ہے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہ کہا انہوں نے سنا ہشام بن حکیم بن حزام کو

يقرأ سورة الفرقان على غير ما اقرؤها وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم اقرانيها فكدت ان اعجل عليه ثم

پڑھتے سورہ فرقان کو سوا اس قراءت کے کہ میں پڑھتا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا تھا مجھے اس سورے کو پھر قریب تھا کہ جلدی کروں ان پر غصے سے پھر

امهلته حتى انصرف ثم لببته بردائه فجئت به رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله اني سمعت

مہلت دی میں نے اسکو یہاں تک کہ تمام کیا قراءت کو پھر پکڑا میں نے اسکی چادر ڈال کر اسکی گردن کو اور لے گیا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر کہا میں نے اے اللہ کے رسول میں نے سنا

هذا يقرأ سورة الفرقان على غير ما أقرأتنيها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أرسله اقرأ فقرأ القراءة التي سمعته

اسکو پڑھتے سورۂ فرقان سوا اس قرأت کے کہ آپ نے پڑھایا مجھے اس سورہ کو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو اور فرمایا ہشام کو تو پڑھ سو پڑھی …

يقرأ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هكذا أنزلت ثم قال لي اقرأ فقرأت فقال هكذا أنزلت إن هذا القرآن أنزل

پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی اترا ہے یہ سورہ پھر فرمایا مجھے پڑھ سو پڑھا میں نے پھر فرمایا ایسا ہی اترا ہے بیشک یہ قرآن اترا

على سبعة أحرف فاقرؤوا ما تيسر منه متفق عليه واللفظ لمسلم وعن ابن مسعود رض قال سمعت رجلا قرأ وسمعت

سات قرأت پر سو پڑھو جس قرأت سے کہ تمکو آوے … اور یہ عبارت مسلم کی ہے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہوں نے سنا میں نے ایک مرد کو کہ کوئی آیت پڑھتے …

النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ خلافها فجئت به النبي صلى الله عليه وسلم فأخبرته فعرفت في وجهه الكراهية فقال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرأت کرتے برعکس اسکے سو لایا میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر احوال بیان کیا میں نے حضرت سے سو پہچانا میں نے چہرہ مبارک میں …

كلاكما محسن فلا تختلفوا فإن من كان قبلكم اختلفوا فهلكوا رواه البخاري وعن أبي بن كعب رض قال كنت

تم دونوں اچھے ہو سو اختلاف نہ کرو اس لئے کہ جو لوگ تمہارے پہلے تھے اختلاف کیا سو وہ ہلاک ہو گئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی بن کعب رض سے کہ کہا انہوں نے تھا میں

في المسجد فدخل رجل يصلي فقرأ قراءة أنكرتها عليه ثم دخل آخر فقرأ قراءة سوى قراءة صاحبه فلما قضينا

مسجد میں پھر چلا آیا ایک مرد نماز پڑھنے پھر پڑھی ایسی قرأت کہ ناخوش ہوا میں اس سے اس پر پھر چلا آیا دوسرا مرد پھر پڑھی ایک قرأت سوا اپنے ساتھی کی قرأت کے

الصلاة دخلنا جميعا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت إن هذا قرأ قراءة أنكرتها عليه ودخل آخر فقرأ سوى

نماز آئے سب مل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے مقرر اسنے پڑھی ایسی قرأت کہ ناخوش ہوا میں اس سے اور آیا دوسرا اور سو پڑھا …

قراءة صاحبه فأمرهما النبي صلى الله عليه وسلم فقرءا فحسن شأنهما فسقط في نفسي من التكذيب ولا إذ كنت

اپنے ساتھی کی قرأت کے سو حکم کیا دونو کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرأت کی دونوں نے سو تحسین کی حضرت نے ان پر پھر وسوسہ آیا میرے جی میں تکذیب کا اور ایسا نہ ہوا تھا

في الجاهلية فلما رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم ما قد غشيني ضرب في صدري ففضت عرقا وكأنما أنظر

جاہلیت میں تھا پھر جب دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وسوسے کو کہ لے لیا مجھے مارا ہاتھ سینہ پر میرے سینہ میں پھر عرق آلودہ ہوا میں اور معلوم ہونے لگا کہ دیکھتا ہوں

إلى الله فرقا فقال لي يا أبي أرسل إلي أن اقرأ القرآن على حرف فرددت إليه أن هون على أمتي فرد إلي الثانية اقرأه

خدا کو مارے خوف کے تب فرمایا مجھے اے ابی فرشتہ بھیجا گیا میری طرف کہ پڑھ قرآن کو ایک قرأت پر پھر رجوع کیا میں نے اسکی طرف کہ آسانی کر میری امت پر سو دوبارہ وحی آئی مجھکو کہ پڑھ

على حرفين فرددت إليه أن هون على أمتي فرد إلي الثالثة اقرأه على سبعة أحرف فلك بكل ردة رددتكها مسألة

دو قرأت پر سو پھر رجوع کیا میں نے اسکی طرف کہ آسانی کر میری امت پر پھر تیسری بار وحی آئی مجھکو کہ پڑھ اسکو سات قرأت پر اور ملی مجھکو ہر بار کے بدلے …

تسألنيها فقلت اللهم اغفر لأمتي اللهم اغفر لأمتي وأخرت الثالثة ليوم يرغب إلي الخلق كلهم حتى إبراهيم

مانگیگا تو مجھ سے سو کہا میں نے اے اللہ بخش دے میری امت کو اے اللہ بخش دے میری امت کو اور رکھ چھوڑی میں نے تیسری دعا اس دن کے لئے کہ خواہش کریگی میری طرف سب مخلوق یہاں تک کہ ابراہیم علیہ

السلام رواه مسلم وعن ابن عباس رض قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أقرأني جبريل على حرف فراجعته

السلام بھی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑھایا مجھے جبرئیل نے ایک قرأت پر سو پھر …

فلم أزل أستزيده ويزيدني حتى انتهى إلى سبعة أحرف قال ابن شهاب بلغني أن تلك السبعة الأحرف إنما هي في الأمر تكون

سو ہمیشہ زیادتی طلب کرتا رہا اس سے اور وہ زیادہ کرتا رہا یہاں تک کہ نوبت پہنچی سات قرأت کی کہا ابن شہاب زہری نے پہنچی مجھکو …

واحدٍ لا تختلف في حلالٍ ولا حرامٍ متفق عليه. الفصل الثاني عن أبي بن كعب رض قال لقي رسول الله صلى
ایک مختلف نہیں ہوتیں حلال اور حرام میں ۔ متفق ۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ابن کعب رض سے کہ کہا اسنے ملاقات کی رسول صلی

الله عليه وسلم جبرئيل فقال يا جبرئيل إني بعثت إلى أمة أميين منهم العجوز والشيخ الكبير والغلام والجارية
اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل سے پھر کہا اے جبرئیل مجھکو بھیجا اللہ نے ایک انپڑھ امت کی طرف بعضے ان میں بوڑھی عورتیں ہیں اور بوڑھے بڑے ہیں اور لڑکے اور لڑکیاں

والرجل الذي لم يقرأ كتابا قط قال يا محمد إن القرآن أنزل على سبعة أحرف رواه الترمذي وفي رواية لأحمد و
اور وہ مرد کہ نہ پڑھی کتاب کبھی کہا جبرئیل نے اے محمد بیشک قرآن اترا سات قرأت پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ایک روایت میں احمد اور

أبي داود قال ليس منها إلا شافٍ كافٍ وفي رواية للنسائي قال إن جبرئيل وميكائيل أتياني فقعد جبرئيل عن يميني
ابوداؤد کی کہا جبرئیل نے نہیں کوئی قرأت سات میں سے مگر شافی کافی ہے ف اور روایت نسائی کی فرمایا تحقیق جبرئیل اور میکائیل دونوں آئے میرے پاس سو بیٹھا جبرئیل داہنی طرف

وميكائيل عن يساري فقال جبرئيل اقرأ القرآن على حرف قال ميكائيل استزده حتى بلغ سبعة أحرف فكل حرف شافٍ كافٍ. وعن عمران
اور میکائیل بائیں طرف پھر کہا جبرئیل نے پڑھ قرآن ایک قرأت پر کہا میکائیل نے مجھکو زیادتی طلب کر اس سے یہانتک کہ پہنچا قرآن سات قرأت کو سو ہر قرأت شافی کافی ہے اور روایت ہے عمران

بن حصين رض أنه مر على قاصٍ يقرأ ثم يسأل فاسترجع ثم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من قرأ القرآن فليسأل
بن حصین رض سے کہ اسنے گذر کیا ایک قصہ گو پر کہ قرآن پڑھتا تھا پھر مانگتا تھا سو انا للہ وانا الیہ راجعون کہا پھر کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو کوئی پڑھے قرآن تو

الله به فإنه سيجيء أقوام يقرؤن القرآن يسألون به الناس رواه أحمد والترمذي. الفصل الثالث
اللہ سے وسیلے سے اس کے ف اسلئے کہ اب آئینگے ایسے لوگ کہ پڑھینگے قرآن کو مانگینگے قرآن پڑھکر لوگوں سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔ تیسری فصل

عن بريدة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ القرآن يتأكل به الناس جاء يوم القيامة و
روایت ہے بریدہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھے قرآن کو کھانا مانگے لوگوں سے آویگا قیامت کے دن اس حال پر

وجهه عظم ليس عليه لحم رواه البيهقي في شعب الإيمان. وعن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى
کہ منہ اسکا ہڈیاں ہونگی نہ گوشت ہوگا اوپر اسکے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم لا يعرف فصل السورة حتى ينزل عليه بسم الله الرحمن الرحيم رواه أبو داود. وعن علقمة
اللہ علیہ وسلم نہیں پہچانتے تھے فرق دو سورہ کے درمیان جب تک نہ اترتی آپ پر آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے علقمہ سے

قال كنا بحمص فقرأ ابن مسعود سورة يوسف فقال رجل ما هكذا أنزلت فقال عبد الله والله لقرأتها على
کہ کہا اسنے تھے ہم شہر حمص میں پس پڑھی عبداللہ بن مسعود نے سورہ یوسف ایک مرد نے کہا ایسی نہیں اتری ہے پھر کہا عبداللہ بن مسعود نے قسم ہے اللہ کی البتہ پڑھی میں نے

عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أحسنت فبينا هو يكلمه إذ وجد منه ريح الخمر فقال أتشرب الخمر وتكذب
زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو کہا رسول اللہ نے اچھی قرأت پڑھی تو نے سو جس وقت ابن مسعود باتیں کرتا تھا اس سے پائی اس سے بو شراب کی پھر کہا

بالكتاب فضربه الحد متفق عليه. وعن زيد بن ثابت رض قال أرسل إلي أبو بكر رض مقتل أهل اليمامة فإذا عمر بن
[illegible] متفق ۔ اور روایت ہے زید بن ثابت رض سے کہ کہا اسنے بلا بھیجا مجھکو ابوبکر رض نے یمامہ کی لڑائی کے بعد [illegible]

الخطاب عنده قال أبو بكر إن عمر أتاني فقال إن القتل قد استحر يوم اليمامة بقراء القرآن وإني أخشى أن استحر
خطاب ان کے پاس بیٹھے ہیں کہا ابوبکر نے کہ عمر نے آکر کہا کہ شہید بہت ہوئے یمامہ کی لڑائی کے دن قرآن کے قاریوں کی اور مجھکو ڈر لگتا ہے کہ اگر کثرت سے

الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ بِالْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبُ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ قُلْتُ لِعُمَرَ كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ

شہید ہوں قاری اور دوسری لڑائیوں میں بھی سو جاتا رہے بہت قرآن اور مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ حکم کرے تو قرآن جمع کرنے کا کہا میں نے عمر کو کیونکر کریں ہم جو کام

يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمَرُ هٰذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِي حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِذٰلِكَ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا عمر نے یہہ بات قسم اللہ کی بہتر ہے سو ہمیشہ تکرار کرتا رہا عمر مجھ سے یہاں تک کہ کھولدیا اللہ نے میرا سینہ اس کام کے لئے

وَرَأَيْتُ فِي ذٰلِكَ الَّذِي رَأَى عُمَرُ قَالَ زَيْدٌ قَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ

اور دیکھی میں نے اسمیں جو بھلائی کہ دیکھی عمر نے کہا زید نے کہا ابوبکر نے کہ تو جوان مرد ہے عقلمند کہ متہم نہیں ہمارے پاس اور تحقیق تو اکثر لکھتا تھا وحی

لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سو تلاش کر قرآن کی اور جمع کر اسکو پھر قسم اللہ کی اگر تکلیف دیتے مجھکو کسی پہاڑ کو اٹھانے کی پہاڑوں میں سے نہ ہوتا بھاری

عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ قَالَ قُلْتُ كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ

مجھ پر اس سے کہ حکم کیا مجھے اسکا ابوبکر نے قرآن کے جمع کرنے کا کہا زید نے کہا میں نے کیونکر کرتے تم اس چیز کو کہ نہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ابوبکر نے یہہ کام

وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ أَبُو بَكْرٍ يُرَاجِعُنِي حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ

قسم اللہ کی بھلا ہے پھر ہمیشہ تکرار کرتا رہا مجھ سے ابوبکر یہاں تک کہ کھولدیا اللہ نے میرے سینے کو اس کام کے لئے کہ کھولدیا ابوبکر اور عمر کے سینے کو سو تلاش کی میں نے قرآن کی

أَجْمَعُهُ مِنَ الْعُسُبِ وَاللِّخَافِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتّٰى وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ مَعَ أَبِي خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ

جمع کرتا ہوا اسکو کھجور کے پتوں کی لکڑیوں سے اور پتلے پتلے سفید پتھروں سے اور لوگوں کے سینوں سے یہاں تک کہ پایا میں نے خاتمہ کو سورہ توبہ کے ابی خزیمہ انصاری کے پاس کہ نہ

أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ حَتّٰى خَاتِمَةِ بَرَاءَةَ فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَتّٰى

پایا میں اسکو کسی کے ساتھ سوا اسکے اور وہ خاتمہ یہہ ہے لقد جاءکم رسول من انفسکم یہاں سے لیکر سورہ برات کے آخر تک پھر رہے وہ ورق حضرت ابی بکر کے پاس یہاں تک کہ

تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَيَاتَهُ ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِ أَنَّ حُذَيْفَةَ

پھر لیا انکو اللہ نے پھر عمر کے پاس رہے زندگی بھر انکی پھر ام المومنین حفصہ کے پاس جو بیٹی عمر کی تھیں رہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس بن مالک رض سے کہ حذیفہ

ابْنَ الْيَمَانِ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ وَكَانَ يُغَازِي أَهْلَ الشَّامِ فِي فَتْحِ أَرْمِينِيَةَ وَأَذْرَبِيجَانَ مَعَ أَهْلِ الْعِرَاقِ فَأَفْزَعَ حُذَيْفَةَ

بن الیمان آئے عثمان کے پاس اور حذیفہ جہاد کرتا تھا شام کے لوگوں سے فتح ارمینیہ میں اور شہر آذربیجان سے عراق والوں کے ساتھ سو خوف لایا دل میں حذیفہ کے

اخْتِلَافُهُمْ فِي الْقِرَاءَةِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ لِعُثْمَانَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَدْرِكْ هٰذِهِ الْأُمَّةَ قَبْلَ أَنْ يَخْتَلِفُوا فِي الْكِتَابِ

لوگوں کے اختلاف نے قرات میں تب کہا حذیفہ نے عثمان سے اے امیر المومنین کے دستگیری کیجئے امت محمدیہ کی پہلے اسکے کہ اختلاف کریں اللہ کی کتاب میں

اخْتِلَافَ الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى فَأَرْسَلَ عُثْمَانُ إِلٰى حَفْصَةَ أَنْ أَرْسِلِي إِلَيْنَا بِالصُّحُفِ نَنْسَخُهَا فِي الْمَصَاحِفِ ثُمَّ نَرُدُّهَا

بطور یہود و نصاریٰ کے سو بھیجا کسی کو عثمان نے ام المومنین حفصہ کے پاس یہہ کہتے کہ بھیج دے ہمارے پاس قرآن کے ورقوں کو تاکہ لکھیں ہم انکو مصحفوں میں پھر

إِلَيْكِ فَأَرْسَلَتْ بِهَا حَفْصَةُ إِلٰى عُثْمَانَ فَأَمَرَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ وَعَبْدَ

تیری طرف سو بھیج دئے ان ورقوں کو حفصہ نے عثمان کی طرف پھر حکم کیا عثمان نے زید بن ثابت انصاری اور عبد اللہ بن زبیر اور سعید بن عاص اور عبد

اللّٰهِ ابْنَ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ فَنَسَخُوهَا فِي الْمَصَاحِفِ وَقَالَ عُثْمَانُ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّينَ الثَّلَاثَةِ إِذَا اخْتَلَفْتُمْ أَنْتُمْ وَزَيْدٌ

اللہ بن حارث بن ہشام کو سو لکھے ان ورقوں کو متعدد مصحفوں میں اور کہا عثمان نے ان تین قریشی شخصوں کو جب اختلاف واقع ہو تم میں اور زید میں قرآن کے

ثابت في شيء من القرآن فاكتبوه بلسان قريش فإنما نزل بلسانهم ففعلوا حتى إذا نسخوا الصحف في المصاحف

ثابت انصاری کا کسی لغت میں قرآن کے سو لکھو اسکو موافق قریش کی لغت کے اس لیے کہ نازل ہوا قرآن مگر قریش کی لغت پر سو ویسا ہی کیا یہاں تک کہ جب لکھ چکے ان ورقوں کو مصحفوں میں

رد عثمان الصحف إلى حفصة وأرسل إلى كل أفق بمصحف مما نسخوا وأمر بما سواه من القرآن في كل صحيفة أو

پھر بھیجا عثمان نے ان ورقوں کو حفصہ کے پاس اور بھیجا ہر طرف ایک مصحف ان قرآنوں سے کہ لکھے تھے اور حکم کیا سوا مصحف عثمانی کے اور قرآنوں کو جو لکھا تھا کسی

مصحف أن يحرق قال ابن شهاب فأخبرني خارجة بن زيد بن ثابت أنه سمع زيد بن ثابت قال فقدت آية من

مصحف میں جلا دینے کا کہا ابن شہاب نے پھر خبر دی مجھ کو خارجہ بیٹا زید بن ثابت کا کہ اس نے سنا زید بن ثابت سے کہا زید نے گم کی میں نے ایک آیت سورۃ

الأحزاب حين نسخنا المصحف قد كنت أسمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ بها فالتمسناها فوجدناها مع

احزاب کی جس وقت لکھا ہم نے مصحف کو تحقیق سنا تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے اسکو سو ڈھونڈھی ہم نے اسکو پھر پایا ہم نے اسکو بیچ

خزيمة بن ثابت الأنصاري من المؤمنين رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه فألحقناها في سورتها في

خزیمہ بن ثابت انصاری کے پاس کہ وہ آیت یہ ہے مومنین میں سے بعضے وہ مرد ہیں کہ سچا کیا جو عہد کیا اللہ سے سو لگا دیا ہم نے اسکو اسکی سورۃ میں

المصحف رواه البخاري وعن ابن عباس رض قال قلت لعثمان ما حملكم على أن عمدتم إلى الأنفال وهي من

مصحف میں روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا میں نے کہا عثمان کو کس چیز نے باعث ہوا تم کو قصد کیا سورۃ انفال کا کہ وہ

المثاني وإلى براءة وهي من المئين فقرنتم بينهما ولم تكتبوا سطر بسم الله الرحمن الرحيم ووضعتموها في

مثانی سورتوں سے ہے اور سورۃ براءت کی طرف اور وہ مئین سے ہے سو ملا دیا تم نے دونوں کو اور نہ لکھی تم نے سطر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور رکھا اسکو سبع

السبع الطول ما حملكم على ذلك قال عثمان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مما يأتي عليه الزمان وهو تنزل عليه

ان دراز سات سورتوں میں کس نے باعث ہوا تمھارا اس پر کہا عثمان نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال سے کہ آتا تھا ان پر ایک زمانہ اور حضرت پر اترتی تھیں

السور ذوات العدد وكان إذا نزل عليه شيء دعا بعض من كان يكتب فيقول ضعوا هؤلاء الآيات في السورة التي

سورتیں متعدد اور معمول تھا حضرت کا کہ جب اترتا آپ پر کچھ تو طلب کرتے بعضے صحابہ کو کہ وحی لکھا کرتے تھے پھر فرماتے رکھو ان آیتوں کو اس سورۃ میں

يذكر فيها كذا وكذا فإذا نزلت عليه الآية فيقول ضعوا هذه الآية في السورة التي يذكر فيها كذا وكذا وكانت الأنفال

کہ مذکور ہے اس میں ایسا اور ایسا پھر جب اترتی آپ پر کوئی آیت تو فرماتے رکھو اس آیت کو اس سورت میں کہ مذکور ہے اس میں ایسا اور ایسا اور تھا سورۃ انفال

من أوائل ما نزلت بالمدينة وكانت براءة من آخر القرآن نزولا وكانت قصتها شبيهة بقصتها فقبض

ان سورتوں سے کہ اول میں نازل ہوئیں مدینے میں اور تھا سورۃ براءت ان سورتوں سے کہ آخر میں نازل ہوئی اور تھا قصہ براءت کا مشابہ انفال کے قصے سے پھر وفات پائی

رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يبين لنا أنها منها فمن أجل ذلك قرنت بينهما ولم أكتب سطر بسم الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور بیان نہ فرمایا ہم کو کہ سورۃ براءت داخل ہے انفال میں اسی سبب سے نزدیک کر دیا دونوں کو اور نہ لکھا درمیان میں سطر بسم اللہ

الرحمن الرحيم ووضعتها في السبع الطول رواه أحمد والترمذي وأبو داود

كتاب الدعوات — الفصل الأول

الرحمن الرحیم کی اور رکھدیا سورۃ براءت کو سات دراز سورتوں میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے۔ یہہ کتاب ہے دعاؤں کی پہلی فصل

عن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل نبي دعوة مستجابة فتعجل كل نبي دعوته وإني اختبأت

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کے لیے ایک دعا مستجاب ہے سو جلدی کی ہر نبی نے اپنی دعا مانگنے میں اور میں نے

دعوتي شفاعة لأمتي إلى يوم القيامة فهي نائلة إن شاء الله تعالى من مات من أمتي لا يشرك بالله شيئا رواه مسلم

اپنی دعا امت کی شفاعت کے لئے قیامت کے دن تک سو وہ دعا پہنچیگی اگر چاہے اللہ تعالی اس شخص کو کہ مرے میری امت سے شریک نہ کرتا ہو اللہ کے ساتھ کسی چیز کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وللبخاري أقصر منه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم إني اتخذت عندك عهدا لن تخلفنيه

اور بخاری کی روایت اس سے مختصر ہے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ای اللہ میں نے لیا تجھ سے ایک اقرار کہ ہرگز خلاف نہ کرے تو مجھ سے اسمیں

فإنما أنا بشر فأي المؤمنين آذيته شتمته لعنته جلدته فاجعلها له صلوة وزكوة وقربة تقربه بها إليك

وہ اقرار یہ ہے کہ بس میں آدمی ہوں ف ۲ سو جو ایماندار کہ ایذا دی یا گالی دی میں نے اسکو لعنت کی اسپر درے مارے اسکو سو کر ان امور کو اسکے حق میں رحمت اور پاکی اور موجب نزدیکی کہ نزدیک کرے تو اسکو اپنے پاس بسبب اسکے

يوم القيامة متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دعا أحدكم فلا يقل اللهم اغفر لي إن شئت

قیامت کے دن ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا مانگے کوئی تم میں سے تو نہ کہے ای اللہ بخشدے میرے گناہ اگر چاہے تو

ارحمني إن شئت وارزقني إن شئت وليعزم مسئلته إنه يفعل ما يشاء لا مكره له رواه البخاري وعنه قال قال

رحم کر مجھ پر اگر چاہے تو اور روزی دے مجھے اگر چاہے تو ف ۳ اور چاہئے کہ یقین اور جزم سے دعا کرے بیشک اللہ کرتا ہے جو چاہے کوئی زبردستی کرنے والا نہیں اسپر روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دعا أحدكم فلا يقل اللهم اغفر لي إن شئت ولكن ليعزم وليعظم الرغبة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا کرے کوئی تم میں سے تو نہ کہے ای اللہ بخشدے گناہ اگر تو چاہے اور لیکن یقین کرے اور بڑھاوے اپنی خواہش

فإن الله لا يتعاظمه شيء أعطاه رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يستجاب للعبد

اسلئے کہ اللہ کو کوئی چیز بڑی نہیں کہ دے اسکو ف ۵ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا قبول ہوتی ہے بندے کی

ما لم يدع بإثم أو قطيعة رحم ما لم يستعجل قيل يا رسول الله ما الاستعجال قال يقول قد دعوت وقد دعوت

جبتک نہ کرے کوئی گناہ کی دعا یا قطع رحم کی ف ۶ جبتک کہ جلدی نہ کرے کہا کسی نے یا رسول اللہ کیا ہے جلدی مانگنا فرمایا یہ ہے کہ کہے کوئی تحقیق دعا کی میں نے اور تحقیق دعا کی

فلم أر يستجاب لي فيستحسر عند ذلك ويدع الدعاء رواه مسلم وعن أبي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى

سو نہ دیکھا قبول ہوتی میری دعا سو ناخوش ہووے اسوقت اور چھوڑ دے دعا کرنا روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی درداء رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم دعوة المرء المسلم لأخيه بظهر الغيب مستجابة عند رأسه ملك موكل كلما دعا لأخيه بخير

اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنا مرد مسلمان کا اپنے بھائی مسلمان کے لئے غائبانہ قبول ہوتی ہے سر کے پاس دعا کرنے والے کے ایک فرشتہ مقرر ہے کہ جب دعا کرتا ہے واسطے اپنے بھائی مسلمان کے بھلائی کی

قال الملك الموكل به آمين ولك بمثل رواه مسلم وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تدعوا على

کہتا ہے وہ فرشتہ کہ مقرر ہے قبول کر ای اللہ اور ملیگا تجھکو مانند اسکے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بد دعا کرو مت

أنفسكم ولا تدعوا على أولادكم ولا تدعوا على أموالكم لا توافقوا من الله ساعة يسأل فيها عطاء فيستجيب

اپنی جانوں پر اور اولاد پر اور مال پر ف کہیں موافق نہ پڑجاوے اللہ کی طرف سے اس گھڑی کی کہ مانگی جاتی ہے اسمیں بخشش پھر قبول کرلے

لكم رواه مسلم وذكر حديث ابن عباس اتق دعوة المظلوم في كتاب الزكوة

تمہارے لئے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور مذکور ہو چکی ابن عباس کی حدیث جو شروع میں اسکے ہے اتق دعوة المظلوم کتاب الزکوة میں

الفصل الثاني

عن النعمان بن بشير رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدعاء هو العبادة ثم قرأ وقال ربكم ادعوني أستجب لكم

دوسری فصل ۔ روایت ہے نعمان بن بشیر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا ہی عبادت ہے ف پھر پڑھی اسنے اس آیت کو اور فرمایا تمہارے رب نے مجھ سے دعا کرو قبول کرونگا تمہاری دعا

رواه احمد والترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجة وعن انس رضی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الدعاء مخ العبادة رواه

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنا مغز اور خلاصہ عبادت کا ہے

الترمذی وعن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس شیء اکرم علی الله من الدعاء رواه الترمذی وابن ماجة وقال

ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی چیز زیادہ عزت والی اللہ کے پاس دعا سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا

الترمذی هذا حدیث حسن غریب وعن سلمان الفارسی رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یرد القضاء الا الدعاء

ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے ٭ اور روایت ہے سلمان فارسی رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز پھیرتی نہیں مقدر کو مگر دعا

ولا یزید فی العمر الا البر رواه الترمذی وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الدعاء ینفع مما نزل ومما لم

اور کوئی چیز بڑھاتی نہیں عمر کو مگر نیکی اور احسان روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک دعا کام آتی ہے اس بلا میں جو اتری اور جو

ینزل فعلیکم عباد الله بالدعاء رواه الترمذی ورواه احمد عن معاذ بن جبل وقال الترمذی هذا حدیث غریب وعن

نہیں اتری سو دور کرنے سو لازم کر لو اے بندو اللہ کے دعا کرنا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو احمد نے معاذ ابن جبل سے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے ٭ اور روایت ہے

جابر رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من احد یدعو بدعاء الا آتاه الله ما سال او کف عنه من السوء

جابر رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مانگیگا کوئی کسی طرح کی دعا مگر دیگا اسکو اللہ جو مانگا یا روکیگا اسے بدی کو

مثله ما لم یدع باثم او قطیعة رحم رواه الترمذی وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم سلوا الله من

اسکے مثل جب تک نہ دعا کرے گناہ کی یا قطع رحم کی روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگو اللہ سے

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ جب صبح کو اٹھتے فرماتے ای اللہ تیری قدرت سے صبح اور شام کئے ہم اور تیری قدرت سے جیتے ہیں اور مرتے ہیں اور تیری طرف آنا ہے اور جب

أَمْسَى قَالَ اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَى وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ النُّشُورُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ

شام کرتے فرماتے ای اللہ تیری قدرت سے شام اور صبح کئے ہم اور تیری قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں اور تیری طرف مرکے آنا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود

وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ رض قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْنِي بِشَيْءٍ أَقُولُهُ إِذَا أَصْبَحْتُ وَإِذَا أَمْسَيْتُ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے آپ سے کہا انہے کہا ابو بکر رض نے کہا میں نے ای رسول اللہ کے فرمائیے مجھے ایسی کوئی دعا کہ پڑھوں میں جب صبح کو اٹھوں اور جب شام کروں فرمایا کہہ تو ای اللہ

عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ

جاننے والے چھپی اور کھلی چیز کے بنانے والے آسمان اور زمین کے پروردگار ہر چیز کے اور مالک اسکے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا تیرے پناہ چاہتا ہوں تیری بدی

نَفْسِي وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ قُلْهُ إِذَا أَصْبَحْتَ وَإِذَا أَمْسَيْتَ وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ

میری ذات کی اور بدی سے شیطان کی اور اسکی شرکت کی ا کہہ تو اس دعا کو جب صبح کرے اور جب شام کرے اور جب لیتا چاہے اپنی خوابگاہ میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود

وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ رض قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُولُ فِي صَبَاحِ كُلِّ

اور دارمی نے × اور روایت ہے ابان بن عثمان رض سے کہا انہے سنا میں اپنے باپ عثمان سے کہ کہتا تھا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی ایسا بندہ نہیں کہ کہے صبح کو

يَوْمٍ وَمَسَاءِ كُلِّ لَيْلَةٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَيَضُرَّهُ

دن کی اور شام کو ہر رات کی ٢ صبح یا شام کی ہیں نے نام سے اللہ کے جو ضرر نہیں کرتی اسکے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین اور آسمان میں اور وہ سنتا جانتا ہے تین بار پھر ضرر کرے اسکا

شَيْءٌ فَكَانَ أَبَانُ قَدْ أَصَابَهُ طَرَفُ فَالِجٍ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ لَهُ أَبَانُ مَا تَنْظُرُ إِلَيَّ أَمَا إِنَّ الْحَدِيثَ كَمَا حَدَّثْتُكَ

کوئی چیز پھر ابان کو ہوا تھا کچھ اثر فالج کا ۳ سو لگا وہ مرد ۳ دیکھنے ابان کی طرف تب کہا ابان نے اسکو کیا دیکھتا ہے میری طرف خبردار ہیشک تاثیر اس حدیث کی ویسی ہی ہے

وَلٰكِنِّي لَمْ أَقُلْهُ يَوْمَئِذٍ لِيُمْضِيَ اللّٰهُ عَلَيَّ قَدَرَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَأَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَتِهِ لَمْ تُصِبْهُ فَجْأَةُ بَلَاءٍ

لیکن میں نہ پڑھا تھا اسکو اسدن ۴ تا کہ جاری کرے اللہ مجھپر اپنی تقدیر کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور ابو داود نے اور ایک روایت میں ابو داود کی نہ پہنچیگی

حَتّٰى يُصْبِحَ وَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُصْبِحُ لَمْ تُصِبْهُ فَجْأَةُ بَلَاءٍ حَتّٰى يُمْسِيَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صبح تک ۵ اور جو کوئی کہے ان کلمات کو صبح کے وقت نہ آویگی اسپر آفت ناگہانی شام تک × اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم

كَانَ يَقُولُ إِذَا أَمْسٰى أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

فرماتے تھے جب شام کرتے شام کی ہمنے اور شام کی سب ملک اللہ کا اور سب خوبی اللہ کو ہے کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہیں اسکی ہے بادشاہی اور اسی کی

الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

خوبی اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ای پروردگار سوال کرتا ہوں تجھ سے بھلائی کا اس چیز کی کہ اس رات میں ہے اور بھلائی کا اس چیز کی کہ بعد اسکے ہے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بدی سے اس چیز کی کہ اس رات میں ہے

وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَمِنْ سُوءِ الْكِبَرِ أَوِ الْكُفْرِ وَفِي رِوَايَةٍ مِنْ سُوءِ الْكِبَرِ وَالْكِبْرِ رَبِّ أَعُوذُ بِكَ

اور بدی سے اسکے مابعد کی ای رب پناہ تیری چاہتا ہوں سستی اور بدھاپے یا کفران نعمت کی برائی سے اور ایک روایت میں برائی سے بدھاپے کی ۶ ای رب پناہ تیری چاہتا ہوں

مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَاِذَا اَمْسٰى قَالَ ذٰلِكَ اَيْضًا اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

اس عذاب سے کہ دوزخ میں ہے اور اس عذاب سے کہ قبر میں ہے اور جب شام کو پہنچتے یہ بھی فرماتے صبح کی ہمنے اور خدا کے ساتھ ملک نے ف روایت کیا ابوداؤد اور

وَفِيْ رِوَايَتِهٖ لَمْ يَذْكُرْ مِنْ سُوْءِ الْكُفْرِ وَعَنْ بَعْضِ بَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهَا فَيَقُوْلُ قُوْلِيْ حِيْنَ

اور ترمذی نے روایت اپنی میں نہیں ذکر کیا لفظ من سوء الکفر کا ف ۲ اور روایت ہے کسی صاحبزادی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم تعلیم کرتے تھے انکو پھر فرماتے

تُصْبِحِيْنَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

صبح کو کہہ کر سبحان اللہ وبحمدہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ جو کچھ کہ اللہ چاہے وہی ہوگا اور جو امر کہ نہ چاہے اللہ کبھی نہ ہوگا اعتقاد رکھتی ہوں اسکا کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا فَاِنَّهٗ مَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُصْبِحُ حُفِظَ حَتّٰى يُمْسِيَ وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ حُفِظَ حَتّٰى

اور اسکا کہ اللہ نے اپنے علم سے ہر چیز کو گھیر لیا ہے پھر بیشک جو کوئی کہ کہیگا ان کلمات کو صبح کے وقت محفوظ رہیگا شام تک اور جو کوئی کہ کہے انکو شام کے وقت محفوظ رہیگا

يُصْبِحَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ فَسُبْحَانَ اللّٰهِ

صبح تک روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے صبح کے وقت پاکی بیان کرو اللہ کی

حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَكَذٰلِكَ

شام کو ف ۳ اور صبح کو اور اسی کی خوبی ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور عصر کو اور ظہر کے وقت ف ۴ اسکے قول تک جو یہ ہے اور اسی طرح

تُخْرَجُوْنَ اَدْرَكَ مَا فَاتَهٗ فِيْ يَوْمِهٖ ذٰلِكَ وَمَنْ قَالَهُنَّ حِيْنَ يُمْسِيْ اَدْرَكَ مَا فَاتَهٗ فِيْ لَيْلَتِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

نکالے جاؤگے پاویگا اس ثواب کو جو جاتا رہے اسکے ہاتھ سے اس دن میں اور جو کوئی کہے ان کلمات کو شام کے وقت پاویگا اس ثواب کو جو جاتا رہا اس رات میں ف ۵ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے

اَبِيْ عَيَّاشٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

ابی عیاش ف ۶ رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کہے جب صبح کو اٹھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَانَ لَهٗ عِدْلُ رَقَبَةٍ مِّنْ وُّلْدِ اِسْمٰعِيْلَ وَكُتِبَ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّحُطَّ

وله الحمد وهو على كل شيء قدير ف ۷ ثواب ملیگا اسکو برابر بردہ آزاد کرنے کے اسماعیل کی اولاد سے اور لکھدینگے اسکے لئے دس نیکیاں اور اتار دینگے

عَنْهُ عَشْرُ سَيِّاٰتٍ وَّرُفِعَ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَّكَانَ فِيْ حِرْزٍ مِّنَ الشَّيْطٰنِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ قَالَهَا اِذَا اَمْسٰى كَانَ

اس سے دس برائیاں اور بلند کر دینگے اسکے دس درجے اور رہیگا وہ پناہ میں شیطان کے بہکانے سے یہانتک کہ شام کرے اور اگر کہے ان کلمات کو جب شام کرے

لَهٗ مِثْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُصْبِحَ فَرَاٰى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا عَيَّاشٍ

ملیگا اسکو اتنا ہی ثواب ف ۸ یہانتک کہ صبح کو اٹھے پھر دیکھا ایک مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں دیکھا کرتا ہے سونے والا پھر کہا اسنے اے رسول اللہ کے بیشک ابا عیاش

يُحَدِّثُ عَنْكَ بِكَذَا وَكَذَا قَالَ صَدَقَ اَبُوْ عَيَّاشٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُسْلِمٍ التَّمِيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ

حدیث بیان کرتا ہے آپ سے ایسی اور ایسی ف فرمایا سچ کہا ابو عیاش نے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے حارث بن مسلم تمیمی سے اسکے باپ مسلم سے

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَسَرَّ اِلَيْهِ فَقَالَ اِذَا انْصَرَفْتَ مِنْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَقُلْ قَبْلَ اَنْ تُكَلِّمَ اَحَدًا اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے کلام کیا اس سے آہستہ سو فرمایا جب سلام پھیرو تو مغرب کی نماز پڑھکر تب کہہ پہلے تیرے بات کرنے کسی سے اے اللہ پناہ

مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَاِنَّكَ اِذَا قُلْتَ ذٰلِكَ ثُمَّ مُتَّ فِيْ لَيْلَتِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِّنْهَا وَاِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَقُلْ كَذٰلِكَ

دوزخ سے سات بار پھر بیشک تو جب کہیگا اسکو پھر مر جاویگا اسی رات تو لکھا جاویگا تیرے لئے خلاص ہونا دوزخ سے اور جب پڑھے تو صبح کی نماز تب کہہ ویسا ہی

فانك اذا امسيت في يومك كتب لك جواز من النار رواه ابو داود وعن ابن عمر رض قال لم يكن رسول الله صلى الله
پھر بیشک تو جب مرے اسی دن میں لکھا جاویگا تیرے لئے خلاص ہونا دوزخ سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا نہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يدع هؤلاء الكلمات حين يمسي وحين يصبح اللهم اني اسألك العافية في الدنيا والاخرة اللهم
علیہ وسلم چھوڑتے ان کلمات کو جب شام کرتے اور جب صبح کرتے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے سلامتی دنیا میں اور آخرت میں اے اللہ

اني اسألك العفو والعافية في ديني ودنياي واهلي ومالي اللهم استر عوراتي وامن روعاتي اللهم احفظني من
میں مانگتا ہوں تجھ سے درگذر اور سلامتی اپنے دین اور دنیا میں اور گھر والوں اور مال میں اے اللہ ڈھانک عیب میرے اور امن دے مجھے ڈر سے اے اللہ بچا لے مجھ کو

بين يدي ومن خلفي وعن يميني وعن شمالي ومن فوقي واعوذ بعظمتك ان اغتال من تحتي يعني الخسف
آگے سے اور پیچھے سے اور داہنے سے اور بائیں سے اور اوپر سے اور پناہ مانگتا ہوں تیری بزرگی کی اس سے کہ ناگہاں ہلاک ہو جاؤں اپنے تلے سے یعنی

رواه ابو داود وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يصبح اللهم اصبحنا نشهدك ونشهد
روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے جب صبح کو اٹھے اے اللہ صبح کی ہم نے گواہ کرتے ہیں تجھ کو اور

حملة عرشك وملائكتك وجميع خلقك انك انت الله لا اله الا انت وحدك لا شريك لك وان محمدا
تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو اور فرشتوں کو اور تمام خلقت کو اسپر کہ تو ہی خدا ہے کوئی معبود نہیں سوا تیرے اکیلا کہ نہیں کوئی تیرا شریک اور اسپر کہ محمد

عبدك ورسولك الا غفر الله له ما اصابه في يومه ذلك من ذنب وان قالها حين يمسي غفر الله له ما اصاب
غلام اور رسول تیرا ہے مگر بخش دیگا خدا اسکے جو گناہ کہ ہوئے ہیں اس سے اس دن میں اور اگر کہے ان کلمات کو جب شام کرے بخش دیگا اللہ اسکے جو گناہ ہوں

في تلك الليلة من ذنب رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن ثوبان رض قال قال رسول
اس رات میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ثوبان رض سے کہا فرمایا

الله صلى الله عليه وسلم ما من عبد مسلم يقول اذا امسى واذا اصبح ثلاثا رضيت بالله ربا وبالاسلام دينا وبمحمد
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی بندہ مسلمان مگر کہتے جب شام کرے اور جب صبح کو اٹھے تین بار راضی ہوا میں اللہ کے رب ہونے سے اور اسلام کے دین ہونے سے اور محمد کے

نبيا الا كان حقا على الله ان يرضيه يوم القيامة رواه احمد والترمذي وعن حذيفة رض ان النبي صلى الله عليه
نبی ہونے کی جہت سے مگر ہوگا حق اللہ پر یہہ کہ راضی کرے اسکو قیامت کے دن روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم كان اذا اراد ان ينام وضع يده تحت رأسه ثم قال اللهم قني عذابك يوم تجمع او تبعث عبادك رواه الترمذي
وسلم جب ارادہ کرتے تھے سونے کا رکھتے دست مبارک کو سر کے نیچے پھر فرماتے اے اللہ بچا مجھے اپنے عذاب سے اس دن کہ جمع کریگا تو یا اٹھاویگا تو اپنے بندوں کو روایت کیا اسکو ترمذی

واحمد عن البراء وعن حفصة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اراد ان يرقد وضع يده اليمنى
اور احمد نے براء سے اور روایت ہے حفصہ رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے آرام فرمانے کا رکھتے داہنے دست مبارک کو

تحت خده ثم يقول اللهم قني عذابك يوم تبعث عبادك ثلث مرات رواه ابو داود وعن علي رض ان رسول الله
نیچے رخسارہ مبارک کے پھر فرماتے اے اللہ بچا مجھے اپنے عذاب سے اس دن کہ اٹھاویگا تو اپنے بندوں کو تین بار روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے علی رض سے

صلى الله عليه وسلم كان يقول عند مضجعه اللهم اني اعوذ بك بوجهك الكريم وكلماتك التامات من شر ما انت
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے لیٹتے وقت اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بزرگ ذات کے ساتھ اور تیرے کامل کلمات کے ساتھ بدی اس کی کہ تو

اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَأْثَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ

پکڑ رہا ہے اسکی چوٹی کو اے اللہ تو ہی دور کرتا ہے تاوان اور گناہ کو اے اللہ مغلوب نہیں ہوتا تیرا لشکر اور خلاف نہیں ہوتا تیرا وعدہ اور نفع نہیں دیتا کسی

الْجَدُّ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ

بے پرواہ رہنا پاکی بولتا ہوں تیری خوبی کے ساتھ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے جس وقت

يَأْوِيْ اِلٰى فِرَاشِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَاِنْ كَانَ

کہ لیٹا جائے اپنے بچھانے پر معافی مانگتا ہوں اللہ سے کہ کوئی معبود نہیں سوا اسکے جو ہمیشہ زندہ سب کا تھامنے والا اور رجوع کرتا ہوں اسکی طرف تین بار بخش دیگا اللہ اسکے گناہ اگرچہ ہوں

مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ اَوْ عَدَدَ رَمْلِ عَالِجٍ اَوْ عَدَدَ وَرَقِ الشَّجَرِ اَوْ عَدَدَ اَيَّامِ الدُّنْيَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ

برابر کف دریا کے یا برابر عالج کے ریتے کی گنتی کے یا برابر درختوں کے پتوں کی گنتی کے یا برابر دنیا کے تمام دنوں کی گنتی کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند غریب ہے اور روایت

شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَأْخُذُ مَضْجَعَهٗ بِقِرَاءَةِ سُوْرَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اِلَّا

شداد بن اوس رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ لیٹے کا کوئی مسلمان اپنے بچھانے پر پڑھکر کسی سورۃ کو اللہ کی کتاب کی سورتوں سے مگر

وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ مَلَكًا فَلَا يَقْرَبُهٗ شَيْءٌ يُؤْذِيْهِ حَتّٰى يَهُبَّ مَتٰى هَبَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رض

مقرر کردیگا اللہ اسپر ایک فرشتے کو سو اسکے نزدیک نہ ہوگی کوئی موذی چیز جب تک کہ جاگے نیند سے جب جاگے وہ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن العاص

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّتَانِ لَا يُحْصِيْهِمَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ اَلَا وَهُمَا يَسِيْرٌ وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيْلٌ

کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں ہیں کہ نگہ رکھیگا انکو کوئی مرد مسلمان مگر داخل ہوگا جنت میں خبردار اور وہ دونو آسان ہیں اور جو لوگ عمل

يُسَبِّحُ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَيَحْمَدُهٗ عَشْرًا وَيُكَبِّرُهٗ عَشْرًا قَالَ فَاَنَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُهَا بِيَدِهٖ

سبحان اللہ کہے بعد ہر نماز کے دس بار اور الحمد للہ دس بار اور اللہ اکبر دس بار کہا پھر میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ گنتی کرتے تھے انکو اپنے ہاتھ سے

قَالَ فَتِلْكَ خَمْسُوْنَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَاَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيْزَانِ وَاِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ يُسَبِّحُهٗ وَيُكَبِّرُهٗ وَيَحْمَدُهٗ مِائَةً

فرمایا سو گنتی ان کلموں کی ایک سو پچاس زبان سے گننے میں اور ایک ہزار اور پانچ سو ہیں ترازو میں اور دوسری خصلت یہ ہے کہ جب آوے اپنی خوابگاہ میں کہے سبحان اللہ اور اللہ اکبر اور الحمد للہ سو بار

فَتِلْكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَاَلْفٌ فِي الْمِيْزَانِ فَاَيُّكُمْ يَعْمَلُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اَلْفَيْنِ وَخَمْسَمِائَةِ سَيِّئَةٍ قَالُوْا وَكَيْفَ لَا نُحْصِيْهَا

سو وہ سو زبان سے گنتے میں سو ہیں اور ہزار ہیں ترازو میں پھر کون تم میں سے کرتا ہے دن اور رات میں دو ہزار اور پانچ سو گناہ کہا صحابہ نے اور کیوں نہ نگہ رکھینگے ہم ان کلموں کو

قَالَ يَأْتِيْ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ وَهُوَ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَيَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا حَتّٰى يَنْفَتِلَ فَلَعَلَّهٗ اَنْ لَا يَفْعَلَ وَيَأْتِيْهِ فِيْ مَضْجَعِهٖ

فرمایا آتا ہے تم میں سے کسی کے پاس شیطان جس حال میں کہ وہ اپنی نماز میں رہتا ہے سو کہتا ہے یاد کر ایسا یاد کر ایسا یہانتک کہ سلام پھیر نماز سے سو شاید نہ کر سکے اور آتا ہے شیطان اسکے پاس اسکی خوابگاہ میں

فَلَا يَزَالُ يُنَوِّمُهٗ حَتّٰى يَنَامَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ خَصْلَتَانِ اَوْ خَلَّتَانِ لَا يُحَافِظُ

سو ہمیشہ سلاتا رہتا ہے اسکو یہانتک کہ سو رہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت میں ابی داؤد کی فرمایا دو خصلت یا دو خلت ہیں کہ حفاظت کریگا

عَلَيْهِمَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَكَذَا فِيْ رِوَايَتِهٖ بَعْدَ قَوْلِهٖ وَاَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ وَيُكَبِّرُ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ

ان پر کوئی بندہ مسلمان اور اسی طور روایت میں ابی داؤد کی بعد حضرت کے قول کے اور ہزار اور پانچ سو ترازو میں ہیں فرمایا اور اللہ اکبر کہے چونتیس بار جب لیٹا ہو اپنی خوابگاہ

وَيَحْمَدُ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَيُسَبِّحُ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَفِيْ اَكْثَرِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَنَّامٍ رض قَالَ

اور الحمد للہ تینتیس بار اور سبحان اللہ تینتیس بار اور اکثر نسخوں میں مصابیح کے عبداللہ بن عمر سے ہے اور روایت ہے عبداللہ بن غنام رض سے کہا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قال حین یصبح اللهم ما اصبح بی من نعمة او باحد من خلقك فمنك وحدك

فرمایا رسول الله صلی الله علیه وسلم نے جو کوئی کہیگا جب صبح کو اٹھے ای الله جو نعمت کہ صبح کو ملی مجھکو یا اور کسی کو تیرے مخلوقات سے سو تیری طرف سے ہی ہے

لا شریك لك فلك الحمد ولك الشکر فقد ادی شکر یومه ومن قال مثل ذلك حین یمسی فقد ادی شکر لیلته

کوئی شریک نہیں تیرا پھر تیری ہی خوبی ہے اور تیرا ہی شکر ہے سو تحقیق ادا کیا اسنے شکر اس دن کا اور جو کوئی کہیگا مانند اسکے جب شام کرے سو تحقیق ادا کیا اسنے شکر اس رات کا

رواه ابو داؤد وعن ابی هریرة رض عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یقول اذا اوی الی فراشه اللهم رب السموات

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی الله علیه وسلم سے کہ بیشک حضرت فرماتے تھے جب لیٹا چاہتے اپنے بچھانے پر ای الله پروردگار آسمان کے

ورب الارض ورب کل شیء فالق الحب والنوی منزل التورٰیة والانجیل والقرآن اعوذ بك من شر کل ذی شر انت

اور زمین اور ہر چیز کے چیرنے والے دانے کے اور خرمے کی گٹھلی کے اتارنے والے توریت اور انجیل اور قرآن کے پناہ چاہتا ہوں تیری بد سے ہر بدی کی کہ تو

اخذ بناصیته انت الاول فلیس قبلك شیء وانت الآخر فلیس بعدك شیء وانت الظاهر فلیس فوقك شیء وانت الباطن

پکڑ رہا ہے اسکی چوٹی کو تو ہی سب سے اول ہے پھر نہیں تیرے پہلے کوئی چیز اور تو ہی سب سے آخر ہے پھر نہیں تیرے بعد کوئی چیز اور تو ہی سب سے ظاہر ہے پھر نہیں تیرے اوپر کوئی چیز اور تو

فلیس دونك شیء اقض عنی الدین واغننی من الفقر رواه ابو داؤد والترمذی وابن ماجة ورواه مسلم مع اختلاف یسیر

پھر نہیں سوا تیرے کوئی چیز چھپی ہوئی ادا کر میرا قرض اور غنی کر مجھے محتاجی سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو مسلم نے تھوڑے اختلاف کے ساتھ

وعن ابی الازهر الانماری رض ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا اخذ مضجعه من اللیل قال بسم الله وضعت

اور روایت ہے ابی الازہر انماری رض سے کہ مقرر رسول الله صلی الله علیه وسلم جب لیٹتے تھے اپنی خوابگاہ میں رات کو فرماتے نام سے الله کے رکھا میں نے

جنبی لله اللهم اغفر لی ذنبی واخسأ شیطانی وفك رهانی واجعلنی فی الندی الاعلی رواه ابو داؤد وعن

اپنا پہلو الله کے واسطے ای الله بخشدے مجھے گناہ میرا اور دھتکار دے میرے شیطان کو اور چھوڑا دے میری گردن کو اور داخل کر مجھے اوپر کی مجلس میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

ابن عمر رض ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا اخذ مضجعه قال الحمد لله الذی کفانی واوانی واطعمنی وسقانی

ابن عمر رض سے کہ مقرر رسول الله صلی الله علیه وسلم جب لیٹتے تھے اپنی خوابگاہ میں فرماتے سب خوبی الله کی جسنے بچا دیا مجھے اور جگہ دی مجھے اور کھلایا اور پلایا مجھے

والذی من علی فافضل والذی اعطانی فاجزل الحمد لله علی کل حال اللهم رب کل شیء وملیکه واله کل شیء

اور جسنے احسان کیا مجھ پر پھر زیادہ کیا اور جسنے دیا مجھے پھر بہت دیا سب خوبی الله کو ہی ہر حال پر ای الله پالنے والے ہر چیز کے اور مالک اسکے اور معبود ہر چیز کے

اعوذ بك من النار رواه ابو داؤد وعن بریدة رض قال شکی خالد بن الولید الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال

پناہ چاہتا ہوں تیری دوزخ سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ کہا اسنے شکایت کی خالد بن ولید نے نبی صلی الله علیه وسلم کے پاس

یا رسول الله ما انام اللیل من الارق فقال النبی صلی الله علیه وسلم اذا اویت الی فراشك فقل اللهم رب السموات

ای رسول الله کے نیند نہیں آتی مجھے رات کو ارق کی بیماری سے تب فرمایا نبی صلی الله علیه وسلم نے جب لیٹا چاہے تو اپنے بچھانے پر تو کہہ ای الله پروردگار ساتوں آسمان کے

السبع وما اظلت ورب الارضین وما اقلت ورب الشیاطین وما اضلت کن لی جارا من شر خلقك

اور اس چیز کے کہ سایہ کیا انہوں نے اور پروردگار زمینوں کے اور جو کچھ اٹھالیا انہوں نے اور ای رب شیطانوں کے اور جسکو گمراہ کیا انہوں نے ہو میری پناہ بدی سے اپنے

کلهم جمیعا ان یفرط علی احد منهم او ان یبغی عز جارك وجل ثناؤك ولا اله غیرك لا اله الا انت رواه

سب مخلوقات کی اس سے کہ زیادتی کرے مجھ پر کوئی انمیں سے اور اس سے کہ ظلم کرے غالب ہے تیری پناہ چاہنے والا اور بڑی ہے تیری تعریف کوئی معبود نہیں سوا تیرے کوئی لائق بندگی کے نہیں سوا تیرے

الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي والحكم بن ظهير الراوي قد ترك حديثه بعض اهل الحديث

ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث ہے کہ نہیں سند اس کی قوی اور حکم بن ظہیر راوی اس حدیث کا تحقیق چھوڑ دیا ہے حدیث اس کی بعضے محدثین نے

الفصل الثالث عن ابي مالك رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا اصبح احدكم فليقل اصبحنا واصبح الملك

تیسری فصل یہ روایت ہے ابی مالک رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب صبح کو اٹھے کوئی تم میں سے تو کہے صبح کو اٹھے ہم اور ملک

لله رب العالمين اللهم اني اسالك خير هذا اليوم فتحه ونصره ونوره وبركته وهداه واعوذ بك من شر ما فيه

اللہ کا جو پروردگار ہے سارے جہان کا اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس دن کی بھلائی کا اس دن کی فتح اور نصرت اور نور اور برکت اور ہدایت کا اور پناہ مانگتا ہوں تیری اس دن کی برائی سے

وشر ما بعده ثم اذا امسى فليقل مثل ذلك رواه ابو داؤد وعن عبد الرحمن بن ابي بكرة رض قال قلت لابي

اور بدی سے اس کے مابعد کی پھر جب رات کرے تو کہے مانند اس کے ف روایت کیا اس کو ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی بکرہ رض سے کہا میں نے اپنے باپ سے

يا ابت اسمعك تقول كل غداة اللهم عافني في بدني اللهم عافني في سمعي اللهم عافني في بصري لا اله الا انت

اے باپ میرے سنتا ہوں تجھ کو کہتے ہر صبح کو اے اللہ عافیت دے مجھ کو بدن میں اے اللہ عافیت دے میرے کان میں اے اللہ عافیت دے میری بصارت میں نہیں کوئی معبود سوا تیرے

تكررها ثلاثا حين تصبح وثلاثا حين تمسي فقال يا بني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعو بهن فانا

مکرر کرتا ہے تو اس جملے کو تین بار جب صبح کو اٹھتا ہے اور تین بار جب شام کرتا ہے سو کہا اس نے اے بیٹے میرے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کرتے ان سے سو میں

احب ان استن بسنته رواه ابو داؤد وعن عبد الله بن ابي اوفى رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم

دوست رکھتا ہوں چلنے کو طریقے پر حضرت کے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی رض سے کہ کہا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا اصبح قال اصبحنا واصبح الملك لله والكبرياء والعظمة لله والخلق والامر والليل والنهار وما سكن

جب صبح کو اٹھتے فرماتے صبح کو اٹھے ہم اور تمام ملک اللہ کا ہے اور بزرگی اللہ کو ہے اور عظمت اللہ کو ہے اور پیدا کرنا اور حکم اور رات اور دن اور جو چیز آرام کرتی ہے

فيهما لله اللهم اجعل اول هذا النهار صلاحا واوسطه نجاحا واخره فلاحا يا ارحم الراحمين ذكره النووي في كتاب

ان دونوں میں سب اللہ کے ہیں اے اللہ کر اول کو اس دن کے صلاح دین دنیا کی اور درمیان کو اس کے حاجت روائی اور آخر کو اس کے خلاصی اے سب سے بڑے رحم کرنے والے ذکر کیا اس کو نووی نے کتاب

الاذكار برواية ابن السني وعن عبد الرحمن بن ابزى رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا اصبح اصبحنا

الاذکار میں روایت سے ابن سنی کی ٭ اور عبد الرحمن بن ابزی رض سے کہا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جب صبح کو اٹھتے صبح کی ہم نے

على فطرة الاسلام وكلمة الاخلاص وعلى دين نبينا محمد صلى الله عليه وسلم وعلى ملة ابينا ابراهيم حنيفا وما

دین اسلام پر اور کلمہ اخلاص پر اور دین پر ہمارے نبی کے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ف اور ملت پر ہمارے باپ ابراہیم کی جو ایک طرف کے تھے

كان من المشركين رواه احمد والدارمي باب الدعوات في الاوقات الفصل الاول عن ابن عباس رض قال

تھا مشرکوں سے روایت کیا اس کو احمد اور دارمی نے یہ باب ہے اوقات مخصوصہ میں پڑھنے کی دعاؤں کے پہلی فصل ٭ روایت ہے ابن عباس رض سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ان احدكم اذا اراد ان ياتي اهله قال بسم الله اللهم جنبنا الشيطان وجنب

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی تم میں سے جب ارادہ کرے صحبت کا اپنی بی بی سے کہے نام سے اللہ کے اے اللہ دور رکھ ہم سے شیطان کو اور دور رکھ

الشيطان ما رزقتنا فانه ان يقدر بينهما ولد في ذلك لم يضره شيطان ابدا متفق عليه وعنه ان رسول الله

شیطان کو اس چیز سے کہ دے تو ہم کو سو بیشک اگر مقدر ہیں دونوں کے ہو کوئی بچہ اس جماع میں ضرر نہ پہنچا سکے گا اس کو شیطان کبھی ش ق ٭ اور اسی سے روایت ہے کہ بیشک رسول

صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول عند الکرب لا الٰہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الٰہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الٰہ الا
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کرب کے وقت نہیں کوئی معبود سوائے اللہ عظمت والا بردبار نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پروردگار عرش بزرگ کا نہیں کوئی معبود سوائے

اللہ رب السموات ورب الارض رب العرش الکریم متفق علیہ وعن سلیمان بن صرد رض قال استب رجلان
اللہ کے پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار عزت والے تخت کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے سلیمان بن صرد رض سے کہا انہوں نے گالی گلوچ کی آپس میں دو

عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحن عندہ جلوس واحدھما یسب صاحبہ مغضبا قد احمر وجہہ فقال النبی صلی
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ہم حضرت کے پاس بیٹھے تھے اور ایک ان میں سے گالی دیتا تھا اپنے ساتھی کو غصہ میں بھر کر تحقیق لال ہوگیا تھا منہ اسکا فرمایا نبی صلی

اللہ علیہ وسلم انی لاعلم کلمۃ لو قالہا لذہب عنہ ما یجد اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم فقالوا للرجل الا
اللہ علیہ وسلم نے بیشک میں البتہ جانتا ہوں ایک کلمہ اگر کہے اسکو تو جاتا رہے اس سے جو پاتا ہے وہ یہ ہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم تب صحابہ نے اس کو کہا نہیں

تسمع ما یقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی لست بمجنون متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ
سنتا کیا فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہا اسنے میں تو دیوانہ نہیں ہوں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اذا سمعتم صیاح الدیکۃ فاسئلوا اللہ من فضلہ فانہا رأت ملکا واذا سمعتم نہیق الحمار
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم آواز مرغ کی تو مانگو اللہ سے فضل اسکا اس لئے کہ اسنے دیکھا فرشتہ اور جب سنو تم آواز گدھے کی

فتعوذوا باللہ من الشیطان فانہ رأی شیطانا متفق علیہ وعن ابن عمر رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
تو پناہ مانگو اللہ کی شیطان سے کہ اسنے دیکھا شیطان کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کان اذا استوی علی بعیرہ خارجا الی السفر کبر ثلثا ثم قال سبحان الذی سخر لنا ہذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا
جب سوار ہوتے اپنے اونٹ پر نکلنے کو سفر کی طرف اللہ اکبر کہتے تین بار پھر فرماتے پاکی ہے اس خدا کی کہ زیر فرمان کیا ہمارا اسکو اور نہ تھے ہم اسکے طاقت رکھنے والے اور بیشک ہم اپنے رب

لمنقلبون اللہم انا نسئلک فی سفرنا ہذا البر والتقوی ومن العمل ما ترضی اللہم ہون علینا سفرنا ہذا واطولنا
البتہ پھر جانے والے ہیں اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری کا اور عمل کا جس سے تو خوش ہو اے اللہ آسان کر ہم پر یہ سفر ہمارا اور کم کر ہمارے لئے

بعدہ اللہم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاہل اللہم انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکأبۃ المنظر وسوء
دوری اسکی اے اللہ تو ہی ساتھی ہے سفر میں اور پیچھے ہمارے نگہبان گھر والوں میں اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری تکلیف سے سفر کی اور شکستگی سے دیکھنے کی جگہ بری سے

المنقلب فی المال والاہل واذا رجع قالہن وزاد فیہن آئبون تائبون عابدون لربنا حامدون رواہ مسلم وعن
پھر آنے کی مال میں اور گھر کے لوگوں میں اور جب پھرتے فرماتے ان کلموں کو اور زیادہ کرتے ان کلموں میں ہم رجوع کرنے والے توبہ کرنے والے بندگی کرنے والے اپنے رب کی حمد کرنے والے

عبد اللہ بن سرجس رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سافر یتعوذ من وعثاء السفر وکأبۃ المنقلب
عبد اللہ بن سرجس رض سے کہا انہوں نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے پناہ مانگتے سفر کی تکلیف اور بری حالت پھرنے سے

والحور بعد الکور ودعوۃ المظلوم وسوء المنظر فی الاہل والمال رواہ مسلم وعن خولۃ بنت حکیم رض قالت
اور نقصان سے بعد زیادتی کے اور مظلوم کی دعا سے اور بدنظری سے گھر والوں میں اور مال میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے خولہ بنت حکیم رض سے کہا انہوں نے

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من نزل منزلا فقال اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق لم یضرہ
میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی اترے کسی منزل میں پھر کہے پناہ چاہتا ہوں اللہ کے کلمات کاملہ سے بدی سے مخلوق کی ضرر نہ کریگی اسکو کوئی چیز

حتى يرتحل من منزله ذلك رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول

یہانتک کہ کوچ کرے اس مقام سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ

الله ما لقيت من عقرب لدغتني البارحة قال اما لو قلت حين امسيت اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق

عجب سخت ایذا پائی میں نے بچھو سے کہ کاٹا مجھکو گئی رات کو فرمایا خبردار اگر کہتا تو جس وقت شام کیا تھا اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق

لم تضرك رواه مسلم وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا كان في سفر واسحر يقول سمع سامع بحمد الله

نقصان نہ کرتا تجھکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے روایت ہے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا جب سفر میں ہوتے اور صبح کرتے فرماتے چاہیے کہ سنے سننے والا ہماری

وحسن بلائه علينا ربنا صاحبنا وافضل علينا عائذا بالله من النار رواه مسلم وعن ابن عمر رض قال

اور ہمارے اعتراف کو اسکے انعام کی خوبی پر جو ہم پر کیا اے رب ہمارے مدد کر ہماری اور فضل کر ہم پر پناہ چاہکر اللہ کی دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قفل من غزو او حج او عمرة يكبر على كل شرف من الارض ثلث تكبيرات ثم يقول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پھرتے سفر جہاد یا حج یا عمرے سے اللہ اکبر کہتے ہر اونچی جگہہ پر زمین سے تین بار پھر فرماتے

لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير آئبون تائبون عابدون ساجدون

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہیں اسی کا راج اور اسی کی خوبی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ہم رجوع کرنے والے توبہ کرنے والے بندگی

لربنا حامدون صدق الله وعده ونصر عبده وهزم الاحزاب وحده متفق عليه وعن عبد الله ابن ابي اوفى

اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں سچا کیا اللہ وعدہ اپنا اور مدد کی اپنے بندوں کی اور بھگا دیا کفار کو اکیلا متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ ابن ابی اوفی

رض قال دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الاحزاب على المشركين فقال اللهم منزل الكتاب سريع الحساب اللهم

رض سے کہا انہوں نے بددعا کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خندق کے دن مشرکوں پر سو فرمایا اے اللہ اتارنے والے کتاب کے جلد حساب لینے والے اے اللہ

اهزم الاحزاب اللهم اهزمهم وزلزلهم متفق عليه وعن عبد الله بن بسر رض قال نزل رسول الله صلى الله عليه

شکست دے کافروں کی ان جماعتوں کو اے اللہ شکست دے انکو اور ہلا دے انکو متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہا انہوں نے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم على ابي فقربنا اليه طعاما ووطبة فاكل منها ثم اتي بتمر فكان ياكله ويلقي النوى بين اصبعيه ويجمع السبابة

وسلم میرے باپ کے گھر میں سو نزدیک کیا ہم نے حضرت کی طرف کھانا اور وطبہ سو کھایا وطبہ سے پھر لایا گیا چھوہارا سو کھاتے تھے اسکو اور پھینکتے تھے گٹھلی دو انگلیوں کے بیچ میں

والوسطى وفي رواية فجعل يلقي النوى على ظهر اصبعيه السبابة والوسطى ثم اتي بشراب فشربه فقال ابي واخذ

اور درمیان کی انگلی اور ایک روایت میں ہے پھر ڈالنے لگے گٹھلی پیٹھ پر دو انگلی کی سبابہ اور وسطی پھر لایا گیا پینے کا پانی سو پیا پھر کہا میرے باپ نے اور پکڑی

بلجام دابته ادع الله لنا فقال اللهم بارك لهم فيما رزقتهم واغفر لهم وارحمهم رواه مسلم

لگام آپکے سواری کے جانور کی دعا کیجئے اللہ سے ہمارے لئے تب فرمایا اے اللہ برکت دے انکو اس چیز میں کہ تونے انکو دی اور بخشدے انکو اور رحم کر ان پر روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن طلحة بن عبيد الله رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا رأى الهلال قال اللهم اهله علينا بالامن والايمان والسلامة

طلحہ بن عبید اللہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھتے تھے ماہ نو کے چاند کو فرماتے اے اللہ دکھا ہم پر اسکو امن اور ایمان اور سلامتی

والاسلام ربي وربك الله رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن عمر بن الخطاب وابي هريرة رض قالا قال

اور اسلام میرا اور تیرا رب اللہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عمر بن خطاب اور ابی ہریرہ رض سے کہا دونوں نے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من رجل رأى مبتلى فقال الحمد لله الذى عافانى مما ابتلاك به وفضلنى على كثير ممن خلق
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مرد کہ دیکھے کسی بلا میں پھنسے ہوئے کو پھر کہے سب خوبی اس اللہ کو کہ بچایا مجھے اس بلا سے کہ ڈالا تجھ کو اس میں اور فضیلت دی مجھے بہتیری مخلوقات پر
تفضيلا الا لم يصبه ذلك البلاء كائنا ما كان رواه الترمذى ورواه ابن ماجة عن ابن عمر وقال الترمذى هذا حديث غريب
بزرگی دینی کر کر نہ پہنچیگی اسکو وہ بلا کیسی ہی بلا ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے
وعمرو بن دينار الراوى ليس بالقوى وعن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من دخل السوق فقال لا اله
اور عمرو بن دینار جو راوی ہے قوی نہیں اور روایت ہے عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کہ جاوے بازار میں پھر کہے کوئی معبود نہیں
الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيى ويميت وهو حى لا يموت بيده الخير وهو على كل شىء قدير كتب الله
سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے اسیکا راج ہے اور اسی کی خوبی جلاتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے کہ مرتا نہیں اسکے اختیار میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے لکھیگا اللہ
له الف الف حسنة ومحى عنه الف الف سيئة ورفع له الف الف درجة وبنى له بيتا فى الجنة رواه الترمذى وابن ماجة
اسکے لئے دس لاکھ نیکیاں اور دور کریگا اس سے دس لاکھ برائیاں اور بلند کریگا اسکا مرتبہ دس لاکھ درجوں پر اور بناویگا اسکے لئے ایک گھر بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے
وقال الترمذى هذا حديث غريب وفى شرح السنة من قال فى سوق جامع يباع فيه بدل من دخل السوق وعن معاذ بن جبل
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور شرح السنۃ میں یوں لکھا ہے جو کوئی کہے اس بازار میں کہ خرید و فروخت کا مجمع ہے بجائے من دخل السوق کے یعنی جو کوئی جاوے بازار میں اور روایت ہے معاذ بن جبل
رض قال سمع النبى صلى الله عليه وسلم رجلا يدعو يقول اللهم انى اسألك تمام النعمة فقال اى شىء تمام النعمة قال دعوة ارجو
رض سے کہا سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو دعا کرتے کہتا ہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے نعمت کی تمامیت کا فرمایا کونسی چیز ہے تمامیت نعمت کی کہا ایک دعا مستجاب جس سے امید رکھتا ہوں
بها خيرا فقال ان من تمام النعمة دخول الجنة والفوز من النار وسمع رجلا يقول يا ذا الجلال والاكرام فقال قد استجيب لك
اس سے بھلائی کی فرمایا تمامیت نعمت سے ہے جانا بہشت میں اور چھٹکارا پانا دوزخ سے اور حضرت نے سنا ایک مرد کو کہتا ہے اے بزرگی اور کرم والے فرمایا تحقیق قبول ہو چکی
فسل وسمع النبى صلى الله عليه وسلم رجلا وهو يقول اللهم انى اسألك الصبر فقال سألت الله البلاء فاسأله العافية رواه
پھر سوال کر اور سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو کہہ رہا ہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صبر کا تو فرمایا سوال کیا تو نے اللہ سے بلا کا پھر سوال کر اس سے عافیت کا روایت کیا اسکو ترمذی نے
وعن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من جلس مجلسا فكثر فيه لغطه فقال قبل ان يقوم سبحانك اللهم
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بیٹھا کسی مجلس میں پھر بہت ہوا اس میں اسکا بکنا پھر کہا پہلے اٹھنے سے پاکی بیان کرتا ہوں تیری اے اللہ
وبحمدك اشهد ان لا اله الا انت استغفرك واتوب اليك الا غفر له ما كان فى مجلسه ذلك رواه الترمذى و
تیری خوبی کے ساتھ گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے مغفرت مانگتا ہوں تجھ سے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف مگر بخشی جاویگی اسکی جو تقصیر ہوئی تھی اس مجلس میں روایت کیا اسکو ترمذی اور
البيهقى فى الدعوات الكبير وعن على رض انه اتى بدابة ليركبها فلما وضع رجله فى الركاب قال بسم الله فلما استوى
بیہقی نے دعوات کبیر میں اور روایت ہے علی رض سے کہ لایا گیا ان کے پاس جانور سوار ہونے کو سوار ہونے کو پھر جب پاؤں ڈالا رکاب میں کہا نام اللہ کے سے پھر جب سیدھے ہو بیٹھے
على ظهرها قال الحمد لله ثم قال سبحان الذى سخر لنا هذا وما كنا له مقرنين وانا الى ربنا لمنقلبون ثم قال الحمد لله ثلثا
اسکی پیٹھ پر کہا سب خوبی اللہ کو ہے پھر کہا سبحان الذی الخ اس آیت کو کہ اوپر ترجمہ لکھا گیا پھر کہا الحمد للہ تین بار
والله اكبر ثلثا سبحانك انى ظلمت نفسى فاغفر لى فانه لا يغفر الذنوب الا انت ثم ضحك فقيل من اى شىء ضحكت
اور اللہ اکبر تین بار پاکی بیان کرتا ہوں تیری اے خدا میں بیشک میں نے ظلم کیا اپنی جان پر پھر بخش دے مجھ کو مقرر کوئی گناہ نہیں بخشتا سوا تیرے پھر ہنسے پس کہا کسی نے کس چیز سے ہنسے

يا امير المؤمنين قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صنع كما صنعت ثم ضحك فقلت من اي شيء ضحكت يا رسول الله قال

اے سردار ایمان والوں کے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے جیسا میں نے کیا پھر ہنسے حضرت سو کہا میں نے کس چیز سے ہنسے آپ اے رسول اللہ کے فرمایا

ان ربك ليعجب من عبده اذا قال رب اغفر لي ذنوبي يقول الله يعلم انه لا يغفر الذنوب غيري رواه احمد والترمذي وابو داود

بیشک پروردگار البتہ راضی ہوتا ہے اپنے غلام سے جب کہتا ہے اے پروردگار بخش میرے گناہ فرماتا ہے اللہ جانتا ہے میرا بندہ کہ کوئی گناہ نہیں بخشتا سوا میرے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود نے

وعن ابن عمر رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا ودع رجلا اخذ بيده فلا يدعها حتى يكون الرجل هو يدع يد النبي صلى

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رخصت کرتے تھے کسی مرد کو پکڑ لیتے ہاتھ اسکا پھر نہ چھوڑتے اسکو یہانتک کہ ہوتا وہ مرد کہ وہ آپ کا ہاتھ چھوڑ دیتا

الله عليه وسلم ويقول استودع الله دينك وامانتك وآخر عملك وفي رواية وخواتيم عملك رواه الترمذي وابو داود

اللہ علیہ وسلم کا اور فرماتے تھے امانت رکھتا ہوں اللہ کے پاس تیرے دین اور مال کو اور تیرے آخر کام کو اور ایک روایت میں ہے اور خاتمے کو تیرے عمل کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود

وابن ماجه وفي روايتهما لم يذكر وآخر عملك وعن عبد الله الخطمي رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد ان

اور ابن ماجہ نے اور روایت میں ابی داود اور ابن ماجہ کی مذکور نہیں لفظ وآخر عملک کا اور روایت ہے عبد اللہ خطمی رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے

يستودع الجيش قال استودع الله دينكم وامانتكم وخواتيم اعمالكم رواه ابو داود وعن انس رض قال جاء رجل الى النبي

لشکر کو رخصت کرنے کا وقت فرماتے امانت رکھتا ہوں اللہ کے پاس تمہارے دین اور مال اور اعمال کے خاتمے کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے انس رض سے کہا آیا ایک مرد نبی

صلى الله عليه وسلم قال يا رسول الله اني اريد سفرا فزودني فقال زودك الله التقوى قال زدني قال وغفر ذنبك قال زدني بابي

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا اے رسول اللہ کے میں ارادہ رکھتا ہوں سفر کا سو توشہ دیجئے مجھے پس فرمایا توشہ کرے تیرا اللہ پرہیزگاری کو کہا اور زیادہ فرمایا اور بخشے تیرے گناہ

انت وامي قال ويسر لك الخير حيث ما كنت رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن ابي هريرة رض ان رجلا قال يا رسول

آپ پر میری ماں اور باپ کو فرمایا اور آسان کرے تجھ کو بھلائی جہاں رہے تو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے کہا اے رسول

الله اني اريد ان اسافر فاوصني قال عليك بتقوى الله والتكبير على كل شرف فلما ولى الرجل قال اللهم اطو له البعد وهون عليه السفر

اللہ کے میں ارادہ رکھتا ہوں سفر کا سو وصیت کیجئے مجھے فرمایا لازم کر اپنے اوپر ڈرنا اللہ سے اور تکبیر کہنا ہر بلندی پر پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا وہ مرد فرمایا اے اللہ مختصر کر

رواه الترمذي وعن ابن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سافر فاقبل الليل قال يا ارض ربي وربك الله اعوذ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے پھر آتی رات فرماتے اے زمین میرا اور تیرا رب اللہ ہے پناہ پکڑتا ہوں

بالله من شرك وشر ما فيك وشر ما خلق فيك وشر ما يدب عليك واعوذ بالله من اسد واسود ومن الحية

اللہ کی بدی سے تیری اور بدی سے اس چیز کی کہ تجھ میں ہے اور بدی سے اس چیز کی کہ پیدا کی گئی تجھ میں اور بدی سے اس چیز کی کہ چلتی ہے تجھ پر اور پناہ چاہتا ہوں اللہ کی شیر اور کالے سانپ سے

العقرب ومن شر ساكن البلد ومن والد وما ولد رواه ابو داود وعن انس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا غزا

بچھو سے اور بدی سے شہر میں رہنے والے کی اور جنے والے کی اور اسکی اولاد کی روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کرتے

قال اللهم انت عضدي ونصيري بك احول وبك اصول وبك اقاتل رواه الترمذي وابو داود وعن ابي موسى رض ان

فرماتے اے اللہ تو ہی میرا بازو ہے اور مددگار میرا اور تجھی سے حیلہ کرتا ہوں اور تجھ سے حملہ کرتا ہوں اور تجھ سے لڑتا ہوں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے ابی موسیٰ سے

النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا خاف قوما قال اللهم انا نجعلك في نحورهم ونعوذ بك من شرورهم رواه احمد وابو داود

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب خوف کرتے تھے کسی قوم سے فرماتے اے اللہ ہم کرتے ہیں تجھ کو مقابل ان کے اور پناہ چاہتے ہیں تیری ان کی بدیوں سے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے

وعن ام سلمة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا خرج من بيته قال بسم الله توكلت على الله اللهم انا نعوذ بك
اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے تھے اپنے گھر سے فرماتے نکلا میں اللہ کے نام سے بھروسا کیا اللہ پر اے اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں تیری

من ان نزل او نضل او نظلم او نظلم او نجهل او يجهل علينا رواه احمد والترمذي والنسائي وقال الترمذي هذا حديث
حق سے ڈگ جانے سے یا گمراہ ہونے سے یا ظالم ہونے سے یا مظلوم ہونے سے یا جہالت کرنے سے یا کسی کی جہالت ہم پر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

حسن صحيح وفي رواية ابي داود وابن ماجة قالت ام سلمة ما خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم من بيتي قط الا رفع طرفه
حسن ہے صحیح ہے اور ایک روایت میں ابی داؤد اور ابن ماجہ کی کہا ام سلمہ نے نہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سے کبھی مگر اونچی کی نظر مبارک

الى السماء فقال اللهم اني اعوذ بك ان اضل او اضل او اظلم او اظلم او اجهل او يجهل علي وعن انس رض قال قال رسول
آسمان کی طرف پھر فرمایا اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ گمراہ ہوں یا گمراہ کیا جاؤں یا ظالم ہوں یا مظلوم ہوں یا جہالت کروں یا جہالت کی جائے مجھ پر اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا خرج الرجل من بيته فقال بسم الله توكلت على الله لا حول ولا قوة الا بالله يقال له حينئذ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکلے کوئی مرد اپنے گھر سے پھر کہے بسم اللہ توکلت علی اللہ لا حول ولا قوة الا باللہ کہتے ہیں اسکو فرشتے اب

هديت وكفيت ووقيت فيتنحى له الشيطان ويقول شيطان آخر كيف لك برجل قد هدي وكفي ووقي رواه ابو داود وروى
راہ بتلائی گئی تجھے اور کفایت کی گئی تیری اور محفوظ رہا تو سو دور ہو جاتا ہے اس سے شیطان اور کہتا ہے دوسرا شیطان کیا ہو سکتا ہے تجھ سے گمراہ کرنا اس مرد کا کہ ہدایت اور کفایت اور حفاظت کیا گیا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کی

الترمذي الى قوله له الشيطان وعن ابي مالك الاشعري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ولج الرجل بيته
ترمذی نے حضرت کے قول تک له الشیطان اور روایت ہے ابی مالک اشعری رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہوا چاہے مرد اپنے گھر میں

فليقل اللهم اني اسئلك خير المولج وخير المخرج بسم الله ولجنا وعلى الله ربنا توكلنا ثم ليسلم على اهله رواه ابو داود
سو کہے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نیکی گھر میں آنے کی اور نیکی نکلنے کی اللہ کے نام سے داخل ہوئے ہم اور اللہ پر جو ہمارا رب ہے بھروسا کیا ہم نے پھر سلام کرے اپنے گھر والوں پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا رفأ الانسان اذا تزوج قال بارك الله لك وبارك عليكما وجمع بينكما
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا دیتے تھے آدمی کو جب نکاح کرتا فرماتے برکت دے اللہ تجھے اور برکت کرے تم دونوں پر اور اتفاق دے تم میں

في خير رواه احمد والترمذي وابو داود وابن ماجة وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا
نیکی میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے انکے باپ سے انکے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب

تزوج احدكم امرأة او اشترى خادما فليقل اللهم اني اسئلك خيرها وخير ما جبلتها عليه واعوذ بك من شرها
نکاح کرے کوئی تم میں سے کسی عورت کو یا خرید کرے لونڈی کو تو کہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اسکی بھلائی کا اور اسکی خصلت کی بھلائی کا اور پناہ مانگتا ہوں تیری بدی سے اسکی

وشر ما جبلتها عليه واذا اشترى بعيرا فليأخذ بذروة سنامه وليقل مثل ذلك وفي رواية في المرأة والخادم
اور بدی سے اسکی خصلت کی اور جب خرید کرے اونٹ کو تو پکڑے بلندی کوہان کی اور کہے ویسا ہی اور ایک روایت میں حق میں بی بی اور لونڈی دونوں کے لکھا ہے

ثم ليأخذ بناصيتها وليدع بالبركة رواه ابو داود وابن ماجة وعن ابي بكرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه
پھر پکڑے چوٹی اسکی اور دعا کرے برکت کی روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم دعوات المكروب اللهم رحمتك ارجو فلا تكلني الى نفسي طرفة عين واصلح لي شأني كله لا اله الا انت رواه
وسلم نے دعائیں غمگین کی یہ ہیں اے اللہ تیری رحمت کا امیدوار ہوں سو نہ سونپ مجھے میرے نفس کے ایک لحظہ اور سنوار دے سب کام میرے کوئی معبود نہیں سوا تیرے روایت کیا اسکو

ابو داود وعن ابي سعيد الخدري رض قال قال رجل هموم لزمتني وديون يا رسول الله قال افلا اعلمك كلاما

ابوداود نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے کہا ایک مرد نے بہت سے غم اور قرض لگ رہے ہیں مجھکو اے رسول اللہ کے فرمایا کیا میں نہ سکھلاؤں تجھکو ایسا کلام

اذا قلته اذهب الله همك وقضى عنك دينك قال قلت بلى قال قل اذا اصبحت واذا امسيت اللهم اني اعوذ بك من

کہ جب کہے تو اسکو دور کرے اللہ تیرے غمکو اور ادا کرے تجھ سے قرض تیرا کہا اس مرد نے کہا میں کیوں نہیں فرمایا کہہ تو جب صبح کو اٹھے اور جب شام کرے اے اللہ تحقیق پناہ چاہتا ہوں تیری

الهم والحزن واعوذ بك من العجز والكسل واعوذ بك من البخل والجبن واعوذ بك من غلبة الدين وقهر الرجال قال

ہم اور حزن سے ف اور پناہ چاہتا ہوں تیری ناتوانی اور سستی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بخیلی اور نامردی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری کثرت قرض سے اور غلبے سے لوگوں کے

ففعلت ذلك فاذهب الله همي وقضى عني ديني رواه ابو داود وعن علي رض انه جاءه مكاتب فقال اني عجزت

پس کیا میں نے سو دور کیا اللہ نے میرے غمکو اور ادا کر دیا میری طرف سے میرا قرض روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے علی رض سے کہ آیا ایک غلام مکاتب کہا میں عاجز آیا ادا کرنے سے

عن كتابتي فاعني قال الا اعلمك كلمات علمنيهن رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان عليك مثل جبل كبير دينا

بدل کتابت کے ف سو مدد کیجئے میری فرمایا کیا نہ سکھاؤں تجھے ان باتوں کو کہ سکھائے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوگا تجھ پر مانند بڑے پہاڑ کے قرض

اداه الله عنك قال قل اللهم اكفني بحلالك عن حرامك واغنني بفضلك عمن سواك رواه الترمذي والبيهقي

ادا کر دیوے گا اللہ تجھ سے فرمایا کہہ اے اللہ کام چلا میرا اپنی حلال روزی سے بچا کر حرام روزی سے اور بے پروا کر مجھے اپنے فضل سے ماسوا تیرے سب سے روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے

في الدعوات الكبير وسنذكر حديث جابر اذا سمعتم نباح الكلاب في باب تغطية الاواني ان شاء الله تعالى الفصل

کتاب دعوات کبیر میں اور اب ذکر کریں گے ہم حدیث کو جابر کی کہ شروع اسکا یہ ہے جب سنو آواز کتوں کی باب ڈھانپنے برتنوں کے میں اگر چاہے اللہ تعالی فصل

الثالث عن عائشة رض قالت ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا جلس مجلسا او صلى تكلم بكلمات فسألته عن

تیسری ۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے کسی مجلس میں یا نماز پڑھتے کلام کرتے کئی کلموں سے سوال کیا میں نے

الكلمات فقال ان تكلم بخير كان طابعا عليهن الى يوم القيمة وان تكلم بشر كان كفارة له سبحانك اللهم و

ان کلموں کے فائدہ کا سبب فرمایا اگر کہی جاوے بھلی بات ف تو ہونگے کلمہ مہر ان پر قیامت کے دن تک اور کہی جاوے بری بات ف تو ہونگے کفارہ اسکے گناہ کا وہ یہ ہے پاکی ہے تیری یا الہی ساتھ ہم

بحمدك لا اله الا انت استغفرك واتوب اليك رواه النسائي وعن قتادة بلغه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان

تیری خوبی کے کوئی معبود نہیں سوا تیرے معافی مانگتا ہوں تجھ سے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے قتادہ سے کہ خبر پہنچی اسکو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا رأى الهلال قال هلال خير ورشد هلال خير ورشد آمنت بالذي خلقك ثلث

جب دیکھتے تھے چاند شروع مہینے کا فرماتے یہ چاند بھلائی اور راہ راست پر رہنے کا ہے یہ چاند بھلائی اور راہ راست پر رہنے کا ہے ایمان لایا میں ساتھ تیرے خالق کے تین

مرات ثم قال الحمد لله الذي ذهب بشهر كذا وجاء بشهر كذا رواه ابو داود وعن ابن مسعود رض ان رسول الله

بار پھر فرماتے سب خوبی اس اللہ کو کہ لے گیا ایسے مہینے کو اور لایا ایسے مہینے کو روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال من كثر همه فليقل اللهم اني عبدك وابن عبدك وابن امتك وفي قبضتك ناصيتي بيدك

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو غم بہت ہو تو کہے اے اللہ میں تیرا غلام اور بیٹا تیرے غلام کا اور تیری لونڈی کا ہوں اور تیرے اختیار میں ہوں میری چوٹی تیرے ہاتھ میں

ماض في حكمك عدل في قضاؤك اسألك بكل اسم هو لك سميت به نفسك او انزلته في كتابك او علمته احدا من

نافذ ہے مجھ میں تیرا حکم عدل کیا ہے مجھ میں تیری قضا مانگتا ہوں تجھ سے وسیلے ہر ایک نام کے کہ وہ تیرے سزاوار ہے نام رکھا تو نے اسکو اپنی ذات کا یا اتارا تو نے اسکو اپنی کتاب میں یا سکھایا تو نے وہ نام کسی کو

من خلقك او استأثرت به في مكنون الغيب عندك ان تجعل القرآن ربيع قلبي وجلاء همي وغمي ما قالها عبد قط

اپنے مخلوقات سے یا اسکو پوشیدہ رکھا تو نے پردہ غیب میں جو تیرے پاس ہے اس کا کہ کرے تو قرآن کو بہار میرے دل کی اور سبب ہم اور غم کے لیجانے کا کہا ان کلمات کو کسی بندے نے

الا اذهب الله غمه وابدله به فرحا رواه رزين وعن جابر رض قال كنا اذا صعدنا كبرنا واذا نزلنا سبحنا رواه البخاري

مگر دور کیا اللہ نے اسکے غم کو اور بدل دیا اس کے بدلے خوشی کو روایت کیا اسکو رزین نے۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے ہم جب بلند جگہ پر چڑھتے اللہ اکبر کہتے اور جب نیچے اترتے سبحان اللہ کہتے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن انس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا كربه امر يقول يا حي يا قيوم برحمتك استغيث رواه الترمذي

اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب غمگین کرتا کوئی کام فرماتے تھے یا حی یا قیوم تیری رحمت سے مدد چاہتا ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب ليس بمحفوظ وعن ابي سعيد الخدري رض قال قلنا يوم الخندق يا رسول الله هل من شيء

اور کہا یہ حدیث غریب محفوظ نہیں۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا ہم نے خندق کی لڑائی کے دن اے رسول اللہ کیا کوئی چیز ہے

نقوله فقد بلغت القلوب الحناجر قال نعم اللهم استر عوراتنا وآمن روعاتنا قال فضرب الله وجوه اعدائه

کہ پڑھیں ہم اسکو پھر تحقیق پہنچ گئے دل ہمارے گلے تک فرمایا ہاں اے اللہ ڈھانپ دے ہمارے عیبوں کو اور امن دے ہمکو گھبراہٹوں سے کہا ابوسعید نے پھر پھیر دیا اللہ نے منہ ان کے دشمنوں کے

بالريح وهزمهم الله بالريح رواه احمد وعن بريدة رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا دخل السوق قال بسم الله اللهم

ہوا سے اور شکست دی اللہ نے ہوا سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتے تھے بازار میں فرماتے بسم اللہ اے اللہ

اني اسألك خير هذه السوق وخير ما فيها واعوذ بك من شرها وشر ما فيها اللهم اني اعوذ بك ان اصيب فيها

میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس بازار کی اور ان چیزوں کی جو اسمیں ہیں اور پناہ چاہتا ہوں تیری بازار کی بدی سے اور ان چیزوں کی جو اسمیں ہیں اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری کہ پہنچوں اس میں

صفقة خاسرة رواه البيهقي في الدعوات الكبير باب الاستعاذة الفصل الاول عن ابي هريرة رض قال كان

خرید و فروخت نقصان کی کو روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں۔ یہ باب ہے بیچ انواع استعاذہ کے پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم تعوذوا بالله من جهد البلاء ودرك الشقاء وسوء القضاء وشماتة الاعداء متفق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ طلب کرو اللہ کی مشقت سے بلا کی اور لاحق ہونے سے بدبختی کے اور قضا کی برائی سے اور خوشی دشمنوں کی سے

عليه وعن انس رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من الهم والحزن والعجز والكسل والجبن

اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہم اور حزن سے اور عاجزی اور سستی اور نامردی

والبخل وضلع الدين وغلبة الرجال متفق عليه وعن عائشة رض قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول

اور بخیلی سے اور بوجھ سے قرض کے اور غلبہ سے لوگوں کے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اللهم اني اعوذ بك من الكسل والهرم والمغرم والمأثم اللهم اني اعوذ بك من عذاب النار وفتنة النار وفتنة القبر

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری سستی سے اور بڑھاپے سے اور قرض سے اور گناہ سے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنے سے اور قبر کے فتنے سے

وعذاب القبر ومن شر فتنة الغنى ومن شر فتنة الفقر ومن شر فتنة المسيح الدجال اللهم اغسل خطاياي

اور عذاب سے قبر کے اور بدی سے تونگری کے فتنے کی اور بدی سے محتاجی کے فتنے کی اور بدی سے مسیح دجال کے فتنے کی اے اللہ دھو گناہ میرے

بماء الثلج والبرد ونق قلبي كما ينقى الثوب الابيض من الدنس وباعد بيني وبين خطاياي كما باعدت بين المشرق

پانی سے برف اور اولوں کے اور پاکیزہ کر میرا دل جیسے پاکیزہ کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل سے اور دوری ڈال مجھ میں اور میرے گناہوں میں جیسا دوری ڈالی تو نے مشرق

والمغرم متفق علیہ وعن زید بن ارقم رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللھم انی اعوذ بک من العجز
اور قرض سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے زید بن ارقم رض سے کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اس دعا کو ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ناتوانی

والکسل والجبن والبخل والھرم وعذاب القبر اللھم ات نفسی تقوٰھا وزکھا انت خیر من زکٰھا انت ولیھا ومولٰھا
اور سستی اور نامردی اور بخیلی اور بڑھاپے اور قبر کے عذاب سے ای اللہ دے میرے نفس کو پرہیزگاری کی توفیق اور پاکیزہ کر اسکو تو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے تو ہی نگہبان اور مالک ہے اسکا

اللھم انی اعوذ بک من علم لا ینفع ومن قلب لا یخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعوۃ لا یستجاب لھا رواہ مسلم وعن عبد
ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس علم سے کہ نفع نہ بخشے ف اور اس دل سے کہ نہ ڈرے اور اس نفس سے کہ قناعت نہ کرے اور اس دعا سے کہ قبولیت نہو اسکی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے عبد

اللہ بن عمر رض قال کان من دعاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم انی اعوذ بک من زوال نعمتک وتحول عافیتک
اللہ بن عمر رض سے کہ کہا انہنے تھی دعاؤں میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہہ دعا ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے جاتے رہنے سے اور پھر جانے سے تیری عافیت کے

وفجاءۃ نقمتک وجمیع سخطک رواہ مسلم وعن عائشۃ رض قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول
اور ناگہانی عتاب سے تیرے اور تمام ناراضمندی سے تیری روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اللھم انی اعوذ بک من شر ما عملت ومن شر ما لم اعمل رواہ مسلم وعن ابن عباس رض ان رسول اللہ
ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بدی سے اس چیز کی کہ کیا میں اور بدی سے اس چیز کی کہ نکیا روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول اللھم لک اسلمت وبک امنت وعلیک توکلت والیک انبت وبک خاصمت اللھم
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے ای اللہ میں نے تیری تابعداری قبول کیا اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھی پر بھروسا کیا اور تیری طرف رجوع کیا اور تیری مدد سے لڑائی کی دشمنوں سے ای اللہ

انی اعوذ بعزتک لا الہ الا انت ان تضلنی انت الحی الذی لا یموت والجن والانس یموتون متفق علیہ الفصل الثانی
میں پناہ چاہتا ہوں تیرے غلبے کی کوئی معبود نہیں سوا تیرے اس بات سے کہ گمراہ کرے تو مجھے تو ہی وہ زندہ ہے کہ مرتا نہیں اور جن اور آدمی مرجاتے ہیں ٭ ق ٭ دوسری فصل

عن ابی ھریرۃ رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللھم انی اعوذ بک من الاربع من علم لا ینفع ومن قلب
روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری چار چیزوں سے علم غیر نافع سے اور

لا یخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعاء لا یسمع رواہ احمد وابو داود وابن ماجۃ ورواہ الترمذی عن عبد اللہ بن عمرو
نہ ڈرنے والے دل سے اور حریص نفس سے اور نامقبول دعا سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے عبد اللہ بن عمرو سے

والنسائی عنھما وعن عمر رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتعوذ من خمس من الجبن والبخل وسوء العمر
اور نسائی نے دونو سے ٭ اور روایت ہے عمر رض سے کہ کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ طلب کرتے تھے پانچ چیزوں سے دلکی نامردی اور بخیلی اور عمر زیادتی

وفتنۃ الصدر وعذاب القبر رواہ ابو داود والنسائی وعن ابی ھریرۃ رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول
اور سخت دلی سے اور قبر کے عذاب سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اللھم انی اعوذ بک من الفقر والقلۃ والذلۃ واعوذ بک من ان اظلم او اظلم رواہ ابو داود والنسائی وعنہ ان
ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری محتاجی اور تنگی کی کمی اور خواری سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ظالم یا مظلوم ہونے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ٭ اور اسی سے روایت ہے کہ بیشک

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول اللھم انی اعوذ بک من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق رواہ ابو داود
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری حق کی مخالفت سے اور نفاق سے ف اور سب خلقیوں سے روایت کیا اسکو ابو داؤد

والنسائي ❀ وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول اللهم اني اعوذ بك من الجوع فانه بئس الضجيع واعوذ بك
اور نسائی نے ❀ اور اسی سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بھوک سے کہ بھوک برا ضجیع ہے ف۱ اور پناہ چاہتا ہوں تیری

من الخيانة فانها بئست البطانة رواه ابو داؤد والنسائي وابن ماجة ❀ وعن انس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
امانت میں خیانت سے کہ خیانت بری باطن کی خصلت ہی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ❀ اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

كان يقول اللهم اني اعوذ بك من البرص والجذام والجنون ومن سيئ الاسقام رواه ابو داؤد والنسائي ❀ وعن قطبة
فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری برص اور جذام اور دیوانہ پن اور سبھی بری بیماریوں سے ف۲ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے ❀ اور روایت ہے قطبہ

بن مالك رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من منكرات الاخلاق والاعمال والاهواء رواه
بن مالک رض سے کہا انہنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بری خصلتوں اور برے کام اور بری خواہشوں سے روایت کیا اسکو

الترمذي ❀ وعن شتير بن شكل بن حميد عن ابيه قال قلت يا نبي الله علمني تعويذا اتعوذ به قال قل اللهم اني اعوذ بك من
ترمذی نے ❀ اور روایت ہے شتیر بن شکل بن حمید سے ف۳ اسکے باپ سے کہا انہنے کہا میں نے اے نبی اللہ کے سکھائیے مجھے کوئی تعویذ کہ پناہ چاہوں اسکے ساتھ فرمایا کہو تو اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

شر سمعي وبصري وشر لساني وشر قلبي وشر منيي رواه ابو داؤد والترمذي والنسائي ❀ وعن ابي اليسر رض ان
بری سماعت کی اور بصارت کی اور زبان کی اور دل کی اور بری سے منی کی ف۴ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے ❀ اور روایت ہے ابی الیسر رض سے کہ بیشک

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يدعو اللهم اني اعوذ بك من الهدم واعوذ بك من التردي ومن الغرق والحرق
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہدم سے ف۵ اور پناہ چاہتا ہوں تیری تردی سے ف۶ اور پانی میں ڈوبنے اور جل جانے

والهرم واعوذ بك من ان يتخبطني الشيطان عند الموت واعوذ بك من ان اموت في سبيلك مدبرا واعوذ بك
اور نہایت بڑھاپے سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ بدحواس کرے مجھے شیطان موت کے وقت اور پناہ مانگتا ہوں تیری اس سے کہ مروں تیری راہ میں پیٹھ دیکر اور پناہ چاہتا ہوں تیری

من ان اموت لديغا رواه ابو داؤد والنسائي وزاد في رواية اخرى والغم ❀ وعن معاذ رض عن النبي صلى الله عليه و
اس سے کہ مروں لدیغ ہوکر ف۸ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا نسائی نے دوسری روایت میں لفظ والغم کا ف۹ اور روایت ہے معاذ رض سے نبی صلی اللہ علیہ و

سلم قال استعيذوا بالله من طمع يهدي الى طبع رواه احمد والبيهقي في الدعوات الكبير ❀ وعن عائشة رض ان
سلم سے کہ فرمایا پناہ چاہو اللہ کی اس طمع سے کہ پہنچا دے ذلت و رسوائی کو روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے کتاب دعوات الکبیر میں ❀ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک

النبي صلى الله عليه وسلم نظر الى القمر فقال يا عائشة استعيذي بالله من شر هذا فان هذا هو الغاسق اذا وقب رواه
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا قمر کو ف۱۰ سو فرمایا اے عائشہ پناہ مانگ اللہ کی اسکی بدی سے کہ بیشک یہی ہے اندھیرا کرنے والا جب غروب ہو روایت کیا اسکو

الترمذي ❀ وعن عمران بن حصين رض قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لابي يا حصين كم تعبد اليوم الها قال ابي سبعة
ترمذی نے ❀ اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہا انہنے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے باپ کو اے حصین کتنے خدا پوجتا ہے تو آج کے دن کہا میرے باپ نے سات

ستا في الارض وواحدا في السماء قال فايهم تعد لرغبتك ورهبتك قال الذي في السماء قال يا حصين اما انك
چھ زمین میں اور ایک آسمان میں فرمایا پھر کسکو ان میں سے شمار کرتا ہے تو اپنی امید اور ڈر کے لئے کہا اسکو کہ آسمان میں ہے فرمایا اے حصین خبردار ہو بیشک تو

لو اسلمت علمتك كلمتين تنفعانك قال فلما اسلم حصين قال يا رسول الله علمني الكلمتين اللتين وعدتني فقال
اگر اسلام قبول کرتا تو سکھاتا تجھکو دو دعا کہ نفع دیں تجھکو کہا عمران نے پھر جب اسلام لایا حصین کہا اے رسول اللہ کے سکھائیے مجھکو وہ دو دعائیں کہ وعدہ کیا آپ نے مجھ سے تب فرمایا

قل اللهم الهمني رشدي واعذني من شر نفسي رواه الترمذي وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده رض ان رسول

کہہ تو اے اللہ میرے دل میں ڈال توفیق بھلی راہ چلنے کی اور محفوظ رکھ مجھکو میرے نفس کی شرارت سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے رض بیشک رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال اذا فزع احدكم في النوم فليقل اعوذ بكلمات الله التامة من غضبه وعقابه وشر عباده ومن

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ڈرے کوئی تم میں سے نیند کے حال میں تو کہے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی کامل باتوں کی اللہ کے غصے اور عذاب سے اور بدی سے اسکے بندوں کی اور

همزات الشياطين وان يحضرون فانها لن تضره وكان عبد الله بن عمرو يعلمها من بلغ من ولده ومن لم يبلغ

وسوسوں سے شیطانوں کے اور اس سے کہ حاضر ہوں میرے پاس ف۱ پھر مقرر وہ وسوسے ہرگز ضرر نہ کرینگے اسکا اور عبد اللہ بن عمرو ف۲ سکھاتا تھا ان کو بالغ فرزندوں کو اپنے اور نابالغ کو

منهم كتبها في صك ثم علقها في عنقه رواه ابو داود والترمذي وهذا لفظه وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله

لکھتا ان کلمات کو ایک ٹکڑے پر کاغذ کے پھر لٹکاتا اپنی گردن میں بیچ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور یہ عبارت ترمذی کی ہے روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم من سال الله الجنة ثلث مرات قالت الجنة اللهم ادخله الجنة ومن استجار من النار ثلث مرات قالت النار اللهم اجره

علیہ وسلم نے جو کوئی کہ سوال کرے اللہ سے جنت کا تین بار کہتی ہے جنت اے اللہ داخل کر اسکو جنت میں اور جو کوئی پناہ مانگے دوزخ سے تین بار کہتی ہے دوزخ اے اللہ پناہ دے

من النار رواه الترمذي والنسائي

دوزخ سے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے

الفصل الثالث

عن القعقاع ان كعب الاحبار قال لولا كلمات اقولهن لجعلتني يهود

تیسری فصل ۔ روایت ہے قعقاع سے کہ بیشک کعب الاحبار نے کہا اگر نہ کئی کلمات کہ پڑھا کرتا ہوں تو کردیتے مجھے یہودی لوگ

حمارا فقيل له ما هن قال اعوذ بوجه الله العظيم الذي ليس شيء اعظم منه وبكلمات الله التامات التي لا يجاوزهن

گدھا ف۳ پھر کہا کسی نے اسکو وہ کیا ہیں کہا یہ ہیں پناہ چاہتا ہوں خدا کی بزرگ ذات کی کہ نہیں کوئی چیز اس سے بزرگ اور اللہ کے کامل کلمات کی کہ تجاوز نہیں کر سکتا انکو

بر ولا فاجر وباسماء الله الحسنى ما علمت منها وما لم اعلم من شر ما خلق وذرا وبرا رواه مالك وعن

کوئی نیکوکار اور نہ کوئی بدکار ف۴ اور اللہ کے ناموں کی کہ سب سے نیک ہیں جسقدر کہ مجھے معلوم ہیں اور جو کچھ کہ نہیں علم رکھتا میں اس چیز کی بدی سے کہ پیدا کیا اور پھیلایا اور روایت کیا اسکو مالک نے

مسلم بن ابي بكرة قال كان ابي يقول في دبر الصلوة اللهم اني اعوذ بك من الكفر والفقر وعذاب القبر فكنت اقولهن

مسلم بن ابی بکرہ سے کہ کہا اسنے میرا باپ کہتا تھا آخر میں نماز کے ف۵ اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری کفر اور محتاجی سے ف۶ اور قبر کے عذاب سے سو میں بھی کہتا تھا انکو

فقال اي بني عمن اخذت هذا قلت عنك قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقولهن في دبر الصلوة رواه النسائي و

پھر کہا ف۷ اے بیٹے کس سے سیکھا تونے اس دعا کو کہا میں نے تجھ سے کہا اسنے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے انکو نماز کے آخر میں روایت کیا اسکو نسائی اور

الترمذي الا انه لم يذكر في دبر الصلوة وروى احمد لفظ الحديث وعنده في دبر كل صلوة وعن ابي سعيد رض

ترمذی نے مگر ترمذی نے ذکر نکیا لفظ فی دبر الصلوۃ کا اور روایت کیا احمد نے عبارت حدیث کی ف۸ اور احمد کے پاس لفظ فی دبر کل صلوۃ کا ہے ف۹ اور روایت ہے ابی سعید رض سے

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اعوذ بالله من الكفر والدين فقال رجل يا رسول الله اتعدل الكفر

کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی کفر اور قرض سے پھر کہا ایک مرد نے اے رسول اللہ کے کیا برابر کرتے ہیں آپ کفر کو

بالدين قال نعم وفي رواية اللهم اني اعوذ بك من الكفر والفقر قال رجل ويعدلان قال نعم رواه النسائي

قرض کے ساتھ فرمایا ہاں ف۱ اور ایک روایت میں یوں آیا ہے اے اللہ پناہ چاہتا ہوں تیری کفر اور محتاجی سے کہا ایک مرد نے اور برابر ہیں دونوں فرمایا ہاں روایت کیا اسکو نسائی نے

باب جامع الدعاء

الفصل الاول

عن ابي موسى الاشعري رض عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان يدعو بهذا الدعاء

باب ہیں ان دعاؤں کے کہ سب مطالب کو شامل ہیں ف۱ پہلی فصل روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت دعا کرتے تھے اس دعا سے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطِيْئَتِي وَجَهْلِي وَاِسْرَافِي فِي اَمْرِي وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّي اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي جِدِّي وَهَزْلِي وَخَطَئِي وَعَمْدِي وَكُلُّ ذٰلِكَ

اے اللہ بخش دے میری خطا اور نادانی اور زیادتی میری ہر کام میں اور جو کچھ کہ تو مجھ سے زیادہ اسکو جانتا ہے اے اللہ بخش دے میری کوشش اور بیہودگی اور چوک اور قصد کو

عِنْدِي اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّي اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى

مجھ میں موجود ہیں اے اللہ بخش دے میرے گناہ اگلے اور پچھلے اور چھپے اور ظاہر اور وہ گناہ کہ تو زیادہ مجھ سے اسکو جانتا ہے تو ہی سب سے پہلے اور تو ہی سب سے آخر ہے اور تو ہی

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِيْنِيَ الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ

ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے روایت کی اسکو بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ سدھار میرے دین کو کہ وہ بچاؤ ہے

اَمْرِي وَاَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي فِيْهَا مَعَاشِي وَاَصْلِحْ لِي اٰخِرَتِي الَّتِي فِيْهَا مَعَادِي وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ

میرے سب کاموں کا اور سدھار میری دنیا کو کہ جس میں میری گذران ہے اور سدھار میری آخرت کو کہ جس میں پھر آنا ہے اور کر میری زندگی کو سبب زیادتی کا ہر نیکی میں اور کر میری موت کو

رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ

سبب راحت کا ہر بدی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي

ہدایت اور پرہیزگاری اور حرام کاموں سے بچ رہنے کا اور تونگری کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے علی رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہہ تو اے اللہ ہدایت کر مجھے اور سیدھا کر

وَاذْكُرْ بِالْهُدٰى هِدَايَتَكَ الطَّرِيْقَ وَبِالسَّدَادِ سَدَادَ السَّهْمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِي مَالِكِ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ

اور قصد کر ہدایت سے چلنا اور بتانا تیرا راہ کو اور راستی سے راستی تیر کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مالک اشجعی سے اسکے باپ سے کہ کہا انہوں نے معمول تھا کہ مرد

اِذَا اَسْلَمَ عَلَّمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ ثُمَّ اَمَرَهٗ اَنْ يَدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي

جب مسلمان ہوتا تو سکھاتے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پھر حکم کرتے اسکو دعا کرنے کا ان کلمات سے اے اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور ہدایت کر مجھے اور

وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

عافیت بخش مجھے اور حلال کی روزی دے مجھے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے تھا اکثر دعا کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس مضمون سے کہ اے اللہ دے ہمکو دنیا میں نیکی

حَسَنَةً وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ

اور بعد موت کے نیکی کی جزا اور بچالے ہمکو دوزخ کی مار سے ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے کہ

رَبِّ اَعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِي وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِي وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِي وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِي وَانْصُرْنِي عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ

اے رب میرے مدد کر میری اور مدد مت کر میرے دشمن کی اور غالب کر مجھے اور مت غالب کر مجھ پر اور مکر کر میرے نفع کو اور مکر مت کر میرے ضرر کو اور ہدایت کر مجھے اور آسان کر ہدایت کو میرے لئے اور

رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ شَاكِرًا لَكَ ذَاكِرًا لَكَ رَاهِبًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَاَجِبْ

اے رب میرے کر مجھے تیرا شکر گذار تیری یاد کرنے والا تجھ سے ڈرنے والا تیرا تابعدار تیرے آگے عاجزی کرنے والا رجوع کرنے والا اے رب میرے قبول کر میری توبہ اور دھو گناہ

دَعْوَتِي وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاهْدِ قَلْبِي وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِي رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِي بَكْرٍ

میرے اور قبول کر دعا میری اور ثابت رکھ دلیل میری اور درست رکھ زبان میری اور راہ دکھا میرے دل کو اور نکال دے برائیاں میرے سینے کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکر

رض قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ

رض سے کہ کہا انہوں نے کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر پھر روئے پھر فرمایا مانگو اللہ سے معافی اور سلامتی اسلئے کہ بیشک کوئی نہیں دیا گیا بعد یقین ایمان کے

خیرٌ من العافیۃ رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث غریب اسناداً ۞ وعن انس رضی اللہ عنہ ان رجلاً جاء الی النبی صلی
کوئی بھلائی بہتر عافیت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے سند کی جہت سے ۞ اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک ایک آیا نبی صلی
اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ای الدعاء افضل قال سل ربک العافیۃ والمعافاۃ فی الدنیا والآخرۃ ثم اتاہ فی الیوم الثانی فقال
اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اسنے ای رسول اللہ کے کون سی دعا سب سے افضل ہے فرمایا مانگ اپنے رب سے سلامتی اور معافی دنیا اور آخرت میں پھر آیا آپکے پاس دوسرے دن
یا رسول اللہ ای الدعاء افضل فقال لہ مثل ذلک ثم اتاہ فی الیوم الثالث فقال لہ مثل ذلک قال فاذا اعطیت العافیۃ والمعافاۃ
یا رسول اللہ کون سی دعا سب سے افضل ہے پھر فرمایا اسکو ویسا ہی پھر آیا آپکے پاس تیسرے دن اور کہا حضرت نے ویسا ہی فرمایا پھر جب ملی تجھکو سلامتی اور معافی
فی الدنیا والآخرۃ فقد افلحت رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث حسن غریب اسناداً ۞ وعن عبد اللہ بن یزید
دنیا اور آخرت میں ۞ تب تحقیق مراد کو پہنچا تو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے سند کی رو سے ۞ اور روایت ہے عبد اللہ بن یزید
الخطمی رض عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یقول فی دعائہ اللھم ارزقنی حبک وحب من ینفعنی حبہ عندک
خطمی رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے اپنی دعا میں ای اللہ دے مجھے اپنی محبت اور محبت اسکی کہ نفع بخشے مجھے اسکی محبت تیرے پاس
اللھم ما رزقتنی مما احب فاجعلہ قوۃ لی فیما تحب اللھم ما زویت عنی مما احب فاجعلہ فراغاً لی فیما تحب رواہ الترمذی
ای اللہ جو کچھ دیا تو نے مجھے میری محبوب چیزوں سے سو کر انکو سبب میری قوت کا اپنی محبوب چیزوں میں ای اللہ جو کچھ کہ دور کیا تو نے مجھ سے میری محبوب چیزوں سے سو کر اسکو سبب میری فراغت کا اپنی محبوب چیزوں میں روایت کیا اسکو ترمذی نے
۞ وعن ابن عمر رض قال قلما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقوم من مجلس حتی یدعو بھؤلاء الدعوات لاصحابہ
اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے بہت کم اتفاق ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے کسی مجلس سے یہانتک کہ دعا کرتے ان دعاؤں سے صحابہ کی تعلیم کو
اللھم اقسم لنا من خشیتک ما تحول بہ بیننا وبین معاصیک ومن طاعتک ما تبلغنا بہ جنتک ومن الیقین ما
ای اللہ نصیب کر ہمارے اپنا ڈر اسقدر کہ مانع ہو جاوے تو بسبب اسکے ہمارے اور گناہوں کے درمیان ۞ اور اسقدر اپنی تابعداری کہ پہنچاوے تو بسبب اسکے ہمکو جنت میں ۞ اور اسقدر یقین
تھون بہ علینا مصیبات الدنیا ومتعنا باسماعنا وابصارنا وقوتنا ما احییتنا واجعلہ الوارث منا واجعل ثارنا
کہ آسان کرے تو بسبب اسکے ہم پر دنیا کی مصیبتوں کو ۞ اور کام چلا ہمارا ہماری سماعت اور بصارت اور سبھی قوت سے جب تک کہ جیتا رکھے تو ہمکو اور کر ان کو ہمارا وارث اور کر ہمارا بدلا
علی من ظلمنا وانصرنا علی من عادانا ولا تجعل مصیبتنا فی دیننا ولا تجعل الدنیا اکبر ھمنا ولا مبلغ علمنا ولا تسلط
ہمارے ظالم پر اور مدد کر ہماری ہمارے دشمن پر اور مت کر مصیبت ہماری ہمارے دین میں ۞ اور مت کر دنیا کو ہمارے غم کا سب سے بڑا غم ہمارا ۞ اور نہ پہنچنے کی جگہ ہمارے علم کی ۞ اور مت مسلط کر
علینا من لا یرحمنا رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن غریب ۞ وعن ابی ھریرۃ رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ہم پر بے رحم کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے ۞ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقول اللھم انفعنی بما علمتنی وعلمنی ما ینفعنی وزدنی علماً الحمد للہ علی کل حال واعوذ باللہ من حال اھل النار
فرماتے تھے ای اللہ نفع دے مجھے اس چیز سے کہ سکھایا تو نے مجھکو اور سکھا مجھکو نفع کی چیزیں اور زیادہ دے مجھے علم اللہ کی خوبی ہے ہر حال اور پناہ مانگتا ہوں اللہ کی حال سے دوزخیوں کے
رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث غریب اسناداً ۞ وعن عمر بن الخطاب رض قال کان النبی صلی اللہ علیہ
روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے سند کے رو سے ۞ اور روایت ہے عمر بن الخطاب رض سے کہ کہا اسنے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم اذا انزل علیہ الوحی سمع عند وجھہ دوی کدوی النحل فانزل علیہ یوماً فمکثنا ساعۃ فسری عنہ فاستقبل
وسلم پر جب وحی اترتی تھی سنی جاتی ایک آواز حضرت کے منہ کے پاس جیسے بھنبھناہٹ شہد کی مکھیوں کی ۞ سو اتاری گئی ایک دن سو ٹھہرے ہم ایک گھڑی پھر جاتی رہی وہ شدت

القبلة ورفع يديه وقال اللهم زدنا ولا تنقصنا وأكرمنا ولا تهنا وأعطنا ولا تحرمنا وآثرنا ولا تؤثر علينا وأرضنا وارض
قبلہ کی طرف اور ہاتھ اٹھائے اور فرمایا اے اللہ زیادہ دے ہمکو اور کمی مت کر اور عزت دے ہمکو اور ذلیل مت کر ہمکو اور دے ہمکو اور محروم مت رکھ ہمکو اور پسند کر لے ہمکو

عنا ثم قال أنزل علي عشر آيات من أقامهن دخل الجنة ثم قرأ قد أفلح المؤمنون حتى ختم عشر آيات رواه أحمد
ہم سے پھر فرمایا اتریں مجھ پر دس آیتیں جو کوئی کہ عمل کریگا ان پر داخل ہوگا جنت میں پھر پڑھا حضرت نے تحقیق مراد کو پہنچ گئے ایمان والے یہاں تک کہ تمام کیا دس آیتوں کو روایت کیا احمد

والترمذي

الفصل الثالث

عن عثمان بن حنيف رض قال إن رجلا ضرير البصر أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال ادع الله أن
اور ترمذی نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے عثمان بن حنیف رض سے کہ کہا اسنے بیشک ایک مرد اندھا آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا اسنے دعا کیجے اللہ

يعافيني فقال إن شئت دعوت وإن شئت صبرت فهو خير لك قال فادعه قال فأمره أن يتوضأ فيحسن الوضوء و
میری شفا کی واسطے تب فرمایا اگر چاہے تو دعا کروں اور اگر چاہے تو صبر کر رہ کہ صبر بھلا ہے ترے حق میں کہا اسنے دعا ہی کیجئے کہا عثمان نے پھر حکم کیا حضرت نے اسکو

يدعو بهذا الدعاء اللهم إني أسألك وأتوجه إليك بنبيك محمد نبي الرحمة إني توجهت بك إلى ربي لتقضى
دعا کرنیکا اس دعا سے اے اللہ سوال کرتا ہوں تجھ سے اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف تیرے نبی محمد کے وسیلے سے جو نبی رحمت کے ہیں میں متوجہ ہوا ساتھ تیرے وسیلے سے اپنے رب کی طرف تاکہ حکم کرے تو

لي في حاجتي هذه اللهم فشفعه في رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب وعن أبي الدرداء رض قال
میرے لئے بیچ اس حاجت میری کے اے اللہ پھر قبول کر سفارش اسکی میرے حق میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا انہوں نے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كان من دعاء داود يقول اللهم إني أسألك حبك وحب من يحبك والعمل الذي يبلغني
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھی دعاؤں سے داؤد کی یہہ دعا کہ فرماتے تھے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے تیری محبت اور تیرے دوست کی محبت اور وہ کام کہ پہنچاوے

حبك اللهم اجعل حبك أحب إلي من نفسي ومالي وأهلي ومن الماء البارد قال وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم
تیری محبت کو اے اللہ کر اپنی محبت زیادہ محبوب میری جان اور مال اور اہل عیال اور سرد پانی سے کہا ابو درداء نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

إذا ذكر داود يحدث عنه يقول كان أعبد البشر رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن عطاء بن
جب ذکر کرتے تھے داؤد کا جس حال میں کہ بیان کرتے اسکا حال فرماتے داؤد سب آدمیوں سے زیادہ عابد تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت

السائب عن أبيه قال صلى بنا عمار بن ياسر صلاة فأوجز فيها فقال له بعض القوم لقد خففت وأوجزت الصلاة
ہے عطاء بن سائب سے اسکے باپ سے کہ کہا اسنے پڑھائی ہمکو عمار بن یاسر نے کوئی نماز سو اختصار کیا بیچ میں اسکے پھر کہا اسکو بعضے لوگوں نے البتہ تحقیق تخفیف اور اختصار کیا تونے نماز میں

فقال أما علي ذلك لقد دعوت فيها بدعوات سمعتهن من رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما قام تبعه رجل من
تب کہا عمار نے اے فلانے نہیں مجھ پر نقصان اسکا تحقیق کیں میں نے نماز میں کئی دعائیں کہ سنا تھا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر جب کھڑا ہوا عمار پیچھے گیا ایک آدمی

القوم هو أبي غير أنه كنى عن نفسه فسأله عن الدعاء ثم جاء فأخبر به القوم اللهم بعلمك الغيب وقدرتك
لوگوں سے وہ مرد میرا باپ تھا لیکن اسنے کنایہ کیا اپنی جان سے پھر پوچھا اس مرد نے عمار سے اس دعا کو پھر آیا وہ مرد سو خبر دی اس دعا کی لوگوں کو کہ یہہ ہے اے اللہ اپنے علم غیب

على الخلق أحيني ما علمت الحياة خيرا لي وتوفني إذا علمت الوفاة خيرا لي اللهم وأسألك خشيتك في الغيب
ساری خلقت پر جلا مجھے جب تک کہ معلوم کرے تو جینا بہتر میرے لئے اور مار مجھے جس وقت کہ معلوم کرے تو موت بہتر میرے لئے اے اللہ اور مانگتا ہوں تجھ سے ترا ڈر مخفی

والشهادة وأسألك كلمة الحق في الرضا والغضب وأسألك القصد في الفقر والغنى وأسألك نعيما لا ينفد
اور ظاہر میں اور مانگتا ہوں تجھ سے توفیق حق کہنے کی اور ناخوشی میں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے میانہ روی کا محتاجی اور تونگری میں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے وہ نعمت کہ جاتی نہ رہے

وأسألك قرة عين لا ينقطع وأسألك الرضاء بعد القضاء وأسألك برد العيش بعد الموت وأسألك لذة النظر إلى
اور مانگتا ہوں تجھ سے وہ آنکھوں کی ٹھنڈک کہ دور نہو اور سوال کرتا ہوں تجھ سے راضی رہنا بعد کام پورا ہونے کے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے اچھے آرام کا بعد مرنے کے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے لذت تیرے دیدار کی

وجهك والشوق إلى لقائك في غير ضراء مضرة ولا فتنة مضلة اللهم زينا بزينة الإيمان واجعلنا هداة مهتدين
اور شوق موت کا غیر حالت میں سختی کی جو ضرر کرنے والی ہی اور فتنے کی جو گمراہ کرنے والا ہی اے اللہ آراستہ کر ہمکو ایمان کی آرائش سے اور کر ہمکو راہ بتانے والے راہ پائے

رواه النسائي وعن أم سلمة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول في دبر الفجر اللهم إني أسألك علما نافعا وعملا
روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہی ام سلمہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے نماز صبح کے پیچھے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نفع دینے والا علم اور

متقبلا ورزقا طيبا رواه أحمد وابن ماجه والبيهقي في الدعوات الكبير وعن أبي هريرة رض قال دعاء حفظته من رسول الله
مقبول عمل اور روزی ستھری روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ اور بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے ایک دعا ہی کہ یاد کی میں نے اسکو رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لا أدعه اللهم اجعلني أعظم شكرك وأكثر ذكرك وأتبع نصحك وأحفظ وصيتك رواه الترمذي وعن
صلی اللہ علیہ وسلم سے چھوڑتا نہیں میں اسکو وہ یہ ہی اے اللہ کر مجھے بزرگی کرنے والا تیرے شکر کی اور زیادتی کرنے والا تیرے ذکر کی اور چلنے والا تیری نصیحت پر اور یاد رکھنے والا تیری وصیت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہی

عبد الله بن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم إني أسألك الصحة والعفة والأمانة وحسن الخلق
عبد اللہ بن عمر رض سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تندرستی اور برائی سے باز رہنے کا اور دیانتداری کا اور خوش خلقی کا

والرضى بالقدر وعن أم معبد رض قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم طهر قلبي من النفاق و
اور تقدیر پر راضی رہنے کا ۔ اور روایت ہی ام معبد رض سے کہا اسنے سنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اے اللہ پاک کر دل میرا نفاق سے اور

عملي من الرياء ولساني من الكذب وعيني من الخيانة فإنك تعلم خائنة الأعين وما تخفي الصدور رواهما البيهقي
کام میرا ریاکاری سے اور زبان میری جھوٹھ سے اور آنکھ میری بدنظری سے کہ بیشک تو جانتا ہی چور نظروں کو آنکھوں کی اور جو کچھ کہ دل چھپا رکھتے ہیں روایت کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے

في الدعوات الكبير وعن أنس رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم عاد رجلا من المسلمين قد خفت فصار مثل
کتاب دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہی انس رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیمار پرسی کی ایک مرد کی مسلمانوں سے کہ ضعیف ہو رہا تھا سو ہو رہا تھا مانند

الفرخ فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم هل كنت تدعو الله بشيء أو تسأله إياه قال نعم كنت أقول اللهم ما كنت
فرخ کے سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دعا کرتا تھا تو اللہ سے کسی چیز کی یا سوال کرتا تھا اللہ سے اسکا کہا اسنے ہاں میں کہتا تھا اے اللہ جو عذاب کرنیوالا تو

معاقبي به في الآخرة فعجله لي في الدنيا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سبحان الله لا تطيقه ولا تستطيعه أفلا
سزا دینے والا مجھکو اس سے آخرت میں سو جلد دے اسکو مجھے دنیا میں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عجب ہی سبحان اللہ طاقت نہ رکھتا ہی تو اور نہ سکیگا تو اسکو کیوں نہ کہا پھر

قلت اللهم آتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار قال فدعا الله به فشفاه الله رواه مسلم وعن
کہا تو نے اے اللہ دے ہمیں دنیا میں عافیت اور آخرت میں مغفرت اور بچا ہم کو دوزخ کی مار سے کہا انس نے پھر کی اس مرد نے اللہ سے اس دعا کو سو آرام بخشا اسکو اللہ نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی

حذيفة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينبغي للمؤمن أن يذل نفسه قالوا وكيف يذل نفسه قال يتعرض من
حذیفہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سزاوار نہیں ایماندار کو ذلیل کرنا اپنی جان کا کہا صحابہ نے اور کسطور سے ذلیل کرتا ہی اپنی جان کو فرمایا سامنے ہوتا ہی

البلاء لما لا يطيق رواه الترمذي وابن ماجه والبيهقي في شعب الإيمان وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن عمر رض
بلا کے جسکی طاقت نہیں رکھتا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہی اور روایت ہی عمر رض سے

قال علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قل اللھم اجعل سریرتی خیرا من علانیتی واجعل علانیتی صالحۃ

کہا اسنے سکھایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہہ تو ای اللہ کر میرے باطن کو بہتر ظاہر سے اور کر میرے ظاہر کو نیک

اللھم انی اسئلک من صالح ما تؤتی الناس من الاھل والمال والولد غیر الضال ولا المضل رواہ الترمذی

ای اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نیک چیزیں جو تو دیا کرتا ہی لوگوں کو گھر کے لوگ اور مال اور اولاد نہ گمراہ ہوں اور نہ گمراہ کرنے والے روایت کیا اسکو ترمذی نے

کتاب المناسک

الفصل الاول

عن ابی ھریرۃ رض قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا ایھا الناس قد فرض علیکم

ارکان حج کی ف پہلی فصل ۔ روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے وعظ کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو فرمایا ای لوگو تحقیق فرض کیا گیا تم پر

الحج فحجوا فقال رجل اکل عام یا رسول اللہ فسکت حتی قالھا ثلثا فقال لو قلت نعم لوجبت ولما استطعتم ثم قال ذرونی

حج سو حج کرو سو کہہ اٹھا ایک مرد نے کیا ہر سال کریں ای رسول اللہ کے سو سکوت فرمایا یہاں تک کہا اسنے تین بار پھر فرمایا اگر کہدیتا میں ہاں تو واجب ہو جاتی یعنی عبادت

ما ترکتکم فانما ھلک من کان قبلکم بکثرۃ سؤالھم واختلافھم علی انبیائھم فاذا امرتکم بشیء فاتوا منہ ما استطعتم

جب تک کہ چھوڑ دوں تمکو اسلئے کہ بس ہلاک ہوئے تمھارے پہلے بہت پوچھنے سے اور جھگڑنے سے اپنے نبیوں سے پھر جب حکم کروں تمکو کسی چیز کا تو کرو اسکو جتنا سکو تم

واذا نھیتکم عن شیء فدعوہ رواہ مسلم وعنہ قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای العمل افضل قال ایمان باللہ

اور جب منع کروں کسی چیز سے تو چھوڑ دو اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی اسی سے کہ کہا اسنے پوچھا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کونسا کام سب سے افضل ہے فرمایا ایمان لانا اللہ پر

ورسولہ قیل ثم ماذا قال الجھاد فی سبیل اللہ قیل ثم ماذا قال حج مبرور متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ

اور رسول پر کہا گیا کہ پھر کون کام فرمایا جہاد کرنا راہ میں اللہ کی کہا گیا پھر کون سا کام فرمایا حج مقبول ق ۔ اور روایت ہی اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم من حج للہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

علیہ وسلم نے جسنے حج کیا اللہ کے لئے پھر رفث نکیا اور خدا کا حکم نہ توڑا پھر گیا مانند اسدن کے کہ جنی اسکو اسکی ماں نے ق ۔ اور روایت ہی اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

العمرۃ الی العمرۃ کفارۃ لما بینھما والحج المبرور لیس لہ جزاء الا الجنۃ متفق علیہ وعن ابن عباس رض قال قال رسول اللہ

ایک عمرہ دوسرے عمرے تک دور کرتا ہی گناہ درمیان کے اور حج مقبول کی نہیں کوئی جزا سوا جنت کے ق ۔ اور روایت ہی ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ان عمرۃ فی رمضان تعدل حجۃ متفق علیہ وعنہ قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لقی رکبا بالروحاء

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک عمرہ رمضان میں برابر حج کے ہی ق ۔ اور روایت ہی اسی سے کہ کہا اسنے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاقات کی کئی سواروں سے روحا میں

فقال من القوم قالوا المسلمون فقالوا من انت قال رسول اللہ فرفعت الیہ امرأۃ صبیا فقالت الھذا حج قال نعم

سو فرمایا کون ہو تم لوگ کہا ہم مسلمان ہیں پھر کہا انھوں نے آپ کون ہیں فرمایا میں رسول اللہ کا پھر بلند کیا حضرت کی طرف ایک عورت نے ایک لڑکے کو پھر کہا کیا اسکا حج ہوگا فرمایا ہاں

ولک اجر رواہ مسلم وعنہ قال ان امرأۃ من خثعم قالت یا رسول اللہ ان فریضۃ اللہ علی عبادہ فی الحج ادرکت ابی

اور تجھے بھی ثواب ملیگا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی اسی سے کہ کہا اسنے تحقیق ایک عورت نے بنی خثعم سے کہا ای رسول اللہ کے بیشک فرض اللہ کا جو بندوں پر اسکے ہی بیچ حج میں پایا میرے باپ کو

شیخا کبیرا لا یثبت علی الراحلۃ افاحج عنہ قال نعم وذلک فی حجۃ الوداع متفق علیہ وعنہ قال اتی رجل النبی

بوڑھا نہیں تھم سکتا اونٹ پر کیا پھر حج کروں اسکے بدلے فرمایا ہاں اور یہ تھا حجۃ الوداع میں ق ۔ اور روایت ہی اسی سے کہ کہا اسنے آیا ایک مرد نبی

صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان اختی نذرت ان تحج وانھا ماتت فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو کان علیھا دین اکنت قاضیہ قال نعم قال

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا بیشک میری بہن نے نذر کی تھی حج کرنے کی اور بیشک وہ مر گئی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا اسپر قرض تو کیا تو ادا کرنے والا اسکا فرمایا تو ادا کر

دَیْنُ اللّٰہِ فَھُوَ اَحَقُّ بِالْقَضَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَءَۃٍ وَلَا تُسَافِرَنَّ

قرض اللہ کا کہ وہ زیادہ سزاوار ہے ادا کرنے کا۔ ق × اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تنہا رہے کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ اور سفر نہ

امْرَءَۃٌ اِلَّا وَمَعَھَا مَحْرَمٌ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اکْتُتِبْتُ فِیْ غَزْوَۃِ کَذَا وَکَذَا وَخَرَجَتِ امْرَاَتِیْ حَاجَّۃً قَالَ اذْھَبْ فَاحْجُجْ مَعَ

کوئی عورت مگر جس حال میں کہ ساتھ اسکے محرم ہو ف پھر کہا ایک مرد نے اے رسول اللہ کے نام لکھا گیا میرا فلانی فلانی لڑائی میں اور نکلی عورت میری حج کرنے فرمایا جا پھر حج کر

امْرَاَتِکَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ عَائِشَۃَ رَضِ قَالَتِ اسْتَاْذَنْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْجِھَادِ فَقَالَ جِھَادُکُنَّ الْحَجُّ مُتَّفَقٌ

اپنی عورت کے ساتھ × ق × اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے حکم مانگا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد کو چلنے کا سو فرمایا تم عورتوں کا جہاد حج ہے ق

عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُسَافِرُ امْرَءَۃٌ مَسِیْرَۃَ یَوْمٍ وَلَیْلَۃٍ اِلَّا وَمَعَھَا ذُوْ مَحْرَمٍ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر نہ کرے کوئی عورت ایک رات اور ایک دن کی راہ کا مگر اس وقت کہ ساتھ اسکے کوئی محرم ہو

عَلَیْہِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِ قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ ذَا الْحُلَیْفَۃِ وَلِاَھْلِ الشَّامِ الْجُحْفَۃَ

ق × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے میقات ٹھہرایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کے لوگوں کا ذا الحلیفہ ف اور شام کے لوگوں کا رابغ ف

وَلِاَھْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِاَھْلِ الْیَمَنِ یَلَمْلَمَ فَھُنَّ لَھُنَّ وَلِمَنْ اَتٰی عَلَیْھِنَّ مِنْ غَیْرِ اَھْلِھِنَّ لِمَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ فَمَنْ

اور نجد کے لوگوں کا قرن منازل کو ف اور یمن کے لوگوں کا یلملم کو ف پھر یہ مواضع ان مواضع والوں کے اور آنے والوں کے لیے ان پر سے سوا ان کے رہنے والوں کے جو ارادہ رکھے حج اور عمرہ کا پھر جو

کَانَ دُوْنَھُنَّ فَمُھَلُّہٗ مِنْ اَھْلِہٖ وَکَذٰلِکَ وَکَذٰلِکَ حَتّٰی اَھْلُ مَکَّۃَ یُھِلُّوْنَ مِنْھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ جَابِرٍ رَضِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی

ورے ہو ان سے سو احرام کی جگہ اسکی اسکے گھر سے ہے اور اسی طور اور اسی طور یہانتک کہ مکے کے لوگ احرام باندھیں مکے سے × ق × اور روایت ہے جابر رض سے رسول اللہ صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مُھَلُّ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ مِنْ ذِی الْحُلَیْفَۃِ وَالطَّرِیْقُ الْاٰخَرُ الْجُحْفَۃُ وَمُھَلُّ اَھْلِ الْعِرَاقِ ذَاتُ عِرْقٍ وَمُھَلُّ اَھْلِ نَجْدٍ

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا احرام کی جگہ مدینے والوں کی ذی الحلیفہ ہے اور دوسری راہ سے رابغ اور احرام کی جگہ عراق والوں کی ذات عرق ہے اور احرام کی جگہ نجد والوں کی

قَرْنٌ وَمُھَلُّ اَھْلِ الْیَمَنِ یَلَمْلَمُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ رَضِ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عُمَرٍ کُلُّھُنَّ فِیْ ذِی الْقَعْدَۃِ

قرن منازل ہے اور احرام کی جگہ یمن والوں کی یلملم ہے روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے عمرہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے سب کے ذی القعدہ میں

اِلَّا الَّتِیْ کَانَتْ مَعَ حَجَّتِہٖ عُمْرَۃً مِنَ الْحُدَیْبِیَۃِ فِیْ ذِی الْقَعْدَۃِ وَعُمْرَۃً مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِیْ ذِی الْقَعْدَۃِ وَعُمْرَۃً مِنَ الْجِعْرَانَۃِ

سوا اس عمرے کے کہ تھا حج الوداع کے ساتھ ایک عمرہ مقام حدیبیہ سے ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ سال آئندہ ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ مقام جعرانہ سے

حَیْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَیْنٍ فِیْ ذِی الْقَعْدَۃِ وَعُمْرَۃً مَعَ حَجَّتِہٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

جہاں تقسیم کی حنین کی غنیمتوں کی ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ حج کے ساتھ × ق × اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ کہا اسنے عمرہ کیا رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذِی الْقَعْدَۃِ قَبْلَ اَنْ یَحُجَّ مَرَّتَیْنِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی القعدہ میں پہلے حج کے دو بار ف روایت کیا اسکو بخاری نے × دوسری فصل × روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰہَ کَتَبَ عَلَیْکُمُ الْحَجَّ فَقَامَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ فَقَالَ اَفِیْ کُلِّ عَامٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لوگو بیشک اللہ نے فرض کیا تم پر حج کو پھر کھڑا ہوا اقرع بن حابس اور کہا کیا ہر سال میں اے رسول اللہ کے فرمایا

لَوْ قُلْتُھَا نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَوْ وَجَبَتْ لَمْ تَعْمَلُوْا بِھَا وَلَمْ تَسْتَطِیْعُوْا اَلْحَجُّ مَرَّۃً فَمَنْ زَادَ فَتَطَوُّعٌ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ

اگر کہتا میں اسکو ف ہاں تو واجب ہو جاتا اور اگر ہر سال واجب ہوتا تو نہ کر سکتے تم اسکو اور حج ایک بار ہی ف پھر جسنے زیادہ کیا سو نفل کیا روایت کیا اسکو احمد اور نسائی

والدارمی ۞ وعن علی رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من ملک زادا وراحلة تبلغه الی بیت الله ولم یحج

اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے علی رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مالک ہو راہ خرچ اور سواری کا کہ پہنچا دے اس کو گھر تک اور با وجود اس کے حج نہ کیا

فلا علیه ان یموت یهودیا او نصرانیا وذلک ان الله تبارک وتعالی یقول ولله علی الناس حج البیت من استطاع الیه

سو فرق نہیں اس پر مرنے میں یہودی یا نصرانی ہو کر اور وہ اس سبب سے کہ اللہ برکت اور بلندی والا فرماتا ہے اور حق اللہ کا ہے لوگوں پر حج کرنا بیت اللہ کا جو کوئی پاوے

سبیلا رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب وفی اسناده مقال وهلال بن عبد الله مجهول والحارث یضعف فی الحدیث

طرف اس کے راہ۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور سند میں اس کی گفتگو ہے اور ہلال بن عبد اللہ راوی مجہول ہے اور حارث کو ضعیف کہتے ہیں حدیث میں

وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا صرورة فی الاسلام رواه ابو داود ۞ وعنه قال قال رسول

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی طاقت رکھ کر حج نہ کرے اسلام میں نہیں روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے انہی سے کہا

الله صلی الله علیه وسلم من اراد الحج فلیعجل رواه ابو داود والدارمی ۞ وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلی الله

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے ارادہ حج کا کیا اس کو جلدی کرے۔ روایت کیا اس کو ابو داود اور دارمی نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم تابعوا بین الحج والعمرة فانهما ینفیان الفقر والذنوب کما ینفی الکیر خبث الحدید والذهب والفضة

علیہ وسلم نے متابعت کرو درمیان حج اور عمرہ کے اس لئے کہ وہ دونوں دور کرتے ہیں محتاجی اور گناہوں کو جیسا کہ دور کرتی ہے بھٹی میل کو لوہے اور سونے اور روپے کے

ولیس للحجة المبرورة ثواب الا الجنة رواه الترمذی والنسائی ورواه احمد وابن ماجة عن عمر الی قوله خبث الحدید

اور نہیں ہے حج مقبول کا بدلا سوا جنت کے روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا اس کو احمد اور ابن ماجہ نے حضرت عمر سے قول تک خبث الحدید کے

وعن ابن عمر رض قال جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله ما یوجب الحج قال الزاد والراحلة رواه

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ کیا شے ہے جو واجب کرتی ہے حج کو فرمایا راہ خرچ اور سواری روایت کیا

الترمذی وابن ماجة ۞ وعنه قال سأل رجل رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ما الحاج قال الشعث التفل فقام آخر فقال یا

ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے انہی سے کہا انہوں نے پوچھا ایک مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر کہا کون حاجی ہے فرمایا بکھرے بال بدبو والے … پھر کھڑا ہوا

رسول الله ای الحج افضل قال العج والثج فقام آخر فقال یا رسول الله ما السبیل قال زاد وراحلة رواه فی شرح السنة وروی

رسول اللہ کے کونسا کام حج میں بہتر ہے فرمایا عج اور ثج … پھر کھڑا ہوا دوسرا اور کہا اے رسول اللہ کیا ہیں معنی لفظ سبیل کے فرمایا راہ خرچ اور سواری روایت کیا

ابن ماجة فی سننه الا انه لم یذکر الفصل الاخیر ۞ وعن ابی رزین العقیلی رض انه اتی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله

ابن ماجہ نے سنن ابن ماجہ میں مگر اس نے نہ ذکر کیا اخیر فقرے کو۔ اور روایت ہے ابی رزین عقیلی رض سے کہ وہ آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ کے

ان ابی شیخ کبیر لا یستطیع الحج ولا العمرة ولا الظعن قال حج عن ابیک واعتمر رواه الترمذی وابو داود والنسائی

بیشک میرا باپ بوڑھا ہے نہیں سکت رکھتا پیادہ حج اور عمرہ ادا کرنے اور نہ سوار ہو کر فرمایا حج کر اپنے باپ کی نیابت سے اور عمرہ۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے

وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح ۞ وعن ابن عباس رض قال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سمع رجلا یقول لبیک

اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو لبیک کہتے

عن شبرمة قال من شبرمة قال اخ لی او قریب لی قال أحججت عن نفسک قال لا قال حج عن نفسک ثم حج عن شبرمة

شبرمہ کی طرف سے فرمایا کون ہے شبرمہ کہا بھائی یا خویش میرا ہے فرمایا کیا تو نے حج کیا اپنی ذات کا کہا نہیں فرمایا پہلے حج کر اپنی ذات کا پھر حج کر شبرمہ کی طرف

رواه الشافعي وابو داود وابن ماجة وعنه قال وقت رسول الله صلى الله عليه وسلم لاهل المشرق العقيق رواه الترمذي

روایت کیا اسکو شافعی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے میقات ٹھہرایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مشرق کا عقیق کو ۔ روایت کیا اسکو ترمذی

وابو داود وعن عائشة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم وقت لاهل العراق ذات عرق رواه ابو داود والنسائي

اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میقات ٹھہرایا عراق والوں کا مقام ذات عرق کو ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی

وعن ام سلمة رض قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اهل بحجة او عمرة من المسجد الاقصى الى

اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی احرام باندھے حج یا عمرے کا بیت المقدس سے

المسجد الحرام غفر له ما تقدم من ذنبه وما تأخر او وجبت له الجنة رواه ابو داود وابن ماجة الفصل الثالث عن

بیت اللہ تک معاف ہوگئے اگلے اور پچھلے گناہ اسکے اور ثابت ہوگئی اسکے لئے بہشت روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ تیسری فصل روایت ہے

ابن عباس رض قال كان اهل اليمن يحجون فلا يتزودون ويقولون نحن المتوكلون فاذا قدموا مكة سألوا الناس فانزل

ابن عباس رض سے کہا اسنے تھے ملک یمن کے لوگ ارادہ حج کا کرتے پھر خرچ راہ ساتھ نہ لیتے اور دعوی کرتے ہم متوکل ہیں پھر جبکہ آتے مکے میں تو مانگتے لوگوں سے پس اتارا

الله تعالى وتزودوا فان خير الزاد التقوى رواه البخاري وعن عائشة رض قالت قلت يا رسول الله على النساء جهاد

اللہ تعالی نے اور توشہ ساتھ لیا کرو پس بہتر توشہ سوال کا بچنا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے کہا میں نے یا رسول اللہ کیا ہے عورتوں پر جہاد

قال نعم عليهن جهاد لا قتال فيه الحج والعمرة رواه ابن ماجة وعن ابي امامة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من

فرمایا ہاں ان پر جہاد ہے کہ لڑائی نہیں اسمیں حج اور عمرہ ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص

لم يمنعه من الحج حاجة ظاهرة او سلطان جائر او مرض حابس فمات ولم يحج فليمت ان شاء يهوديا وان شاء

کہ نہ روکے اسکو حج سے حاجت ظاہری یا ظالم بادشاہ یا بیماری کہ مانع سفر ہو پھر مر گیا حج نہ کر کے تو چاہیے کہ مرے اگر چاہے یہودی ہو کر اور اگر چاہے

نصرانيا رواه الدارمي وعن ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال الحاج والعمار وفد الله ان دعوه

نصرانی ہو کر روایت کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالی کی درگاہ کے مقرب ہیں اگر دعا کریں

اجابهم وان استغفروه غفر لهم رواه ابن ماجة وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول وفد الله

تو قبول کرتا ہے اور اگر مغفرت چاہیں تو بخشدیتا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے وفد اللہ کے

ثلثة الغازي والحاج والمعتمر رواه النسائي والبيهقي في شعب الايمان وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى

تین ہیں مجاہد اور حاجی اور عمرہ لانے والا روایت کیا اسکو نسائی نے اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم اذا لقيت الحاج فسلم عليه وصافحه ومره ان يستغفر لك قبل ان يدخل بيته فانه مغفور له رواه

اللہ علیہ وسلم نے جب ملے تو حاجی سے تب سلام کر اسپر اور مصافحہ کر اس سے اور حکم کر اسکو مغفرت چاہنے کا تیرے لئے پہلے اسکے گھر جانے کے کہ اسکی بخشش ہوگئی ہے روایت کیا

احمد وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من خرج حاجا او معتمرا او غازيا ثم مات في طريقه

احمد نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی گھر سے نکلا حج یا عمرہ یا جہاد کے ارادے سے پھر مر گیا جاتے جاتے

كتب الله له اجر الغازي والحاج والمعتمر رواه البيهقي في شعب الايمان باب الاحرام والتلبية الفصل الاول

تو لکھتا ہے اللہ اسکے لئے مزدوری جہاد اور حج اور عمرہ تمام کرنے والے کی روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ۔ یہ باب ہے احرام باندھنے اور لبیک پکارنے کا ۔ پہلی فصل

عن عائشة رض قالت كنت اطيب رسول الله صلى الله عليه وسلم لاحرامه قبل ان يحرم ولحله قبل ان يطوف بالبيت

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے خوشبو لگاتی تھی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احرام کے لئے پہلے حضرت کے احرام باندھنے کے اور احرام کھولنے کے لئے پہلے طواف کرنے کے

بطيب فيه مسك كاني انظر الى وبيص الطيب في مفارق رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو محرم متفق عليه وعن ابن

وہ خوشبو کہ اسمیں مشک ہے اب لگتا ہے مجھکو کہ دیکھ رہی ہوں چمک اس خوشبو کی مانگ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جس حال میں کہ حضرت احرام میں تھے ق اور روایت ہے ابن

عمر رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يهل ملبدا يقول لبيك اللهم لبيك لبيك لا شريك لك لبيك

عمر رض سے کہ کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اہلال کرتے تلبید کر کے ف فرماتے حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں حاضر ہوں کوئی شریک نہیں تیرا میں حاضر ہوں

ان الحمد والنعمة لك والملك لا شريك لك لا يزيد على هؤلاء الكلمات متفق عليه وعنه قال كان رسول الله صلى الله

بیشک خوبی اور احسان تجھکو سزاوار ہے اور بادشاہت ف کوئی شریک تیرا نہیں زیادہ نہ کرتے ان کلمات پر ق ہے اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم اذا ادخل رجله في الغرز واستوت به ناقته قائمة اهل من عند مسجد ذي الحليفة متفق عليه وعن ابي سعيد

علیہ وسلم جب داخل کرتے تھے مبارک پاؤں غرز میں ف اور سیدھی کھڑی ہو جاتی حضرت کو لیکر اونٹنی لبیک پکارتے پاس مسجد ذی الحلیفہ کے ق اور روایت ہے ابی سعید

الخدري رض قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم نصرخ بالحج صراخا رواه مسلم وعن انس رض قال كنت

خدری رض سے کہ کہا اسنے نکلے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لبیک حج کا کہتے پکار کر روایت کیا اسکو مسلم نے ہے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے میں

رديف ابي طلحة وانهم ليصرخون بهما جميعا الحج والعمرة رواه البخاري وعن عائشة رض قالت خرجنا مع رسول

سوار تھا ابی طلحہ کے پیچھے اور سب صحابہ پکار کر لبیک کہتے تھے دونو کا ملا کر حج اور عمرہ کا روایت کیا اسکو بخاری نے ہے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے نکلے ہم رسول

الله صلى الله عليه وسلم عام حجة الوداع فمنا من اهل بعمرة ومنا من اهل بحج وعمرة ومنا من اهل بالحج واهل رسول الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سال میں حجۃ الوداع کے سو بعضے ہم میں سے احرام باندھا عمرہ کا اور بعضے حج اور عمرہ کا اور بعضے احرام باندھا فقط حج کا اور احرام باندھا

صلى الله عليه وسلم بالحج فاما من اهل بعمرة فحل واما من اهل بالحج او جمع الحج والعمرة فلم يحلوا حتى كان يوم النحر متفق عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے فقط حج کا سو جسنے احرام باندھا فقط عمرہ کا سو کھولا اور جسنے احرام باندھا فقط حج کا یا جمع کیا حج اور عمرہ کو سو احرام کھولا جب ہوا دن قربانی کا ق

وعن ابن عمر رض قال تمتع رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع بالعمرة الى الحج بدأ فاهل بالعمرة ثم اهل بالحج متفق

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے تمتع کیا ف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں ساتھ عمرے کے حج تک یعنے پہلے احرام باندھا فقط عمرہ کا پھر لبیک پکارا حج کا ق

عليه

الفصل الثاني

عن زيد بن ثابت رض انه راى النبي صلى الله عليه وسلم تجرد لاهلاله واغتسل رواه الترمذي

دوسری فصل ہے روایت ہے زید بن ثابت رض سے کہ اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سیئے کپڑے نکالدیے احرام کے لئے اور غسل کیا روایت کیا اسکو ترمذی

والدارمي وعن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم لبد راسه بالغسل رواه ابو داود وعن خلاد بن السائب عن ابيه

اور دارمی نے ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبید کی سر مبارک دھونے کی چیز سے ف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ہے اور روایت ہے خلاد بن سائب سے باپ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتاني جبريل فامرني ان امر اصحابي ان يرفعوا اصواتهم بالاهلال او التلبية رواه

کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا میرے پاس جبرئیل سو حکم کیا مجھے کہ حکم کروں اپنے صحابہ کو بلند آواز کرنے کا لبیک سے ف روایت کیا اسکو

مالك والترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن سهل بن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

مالک اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ہے اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُلَبِّي إِلَّا لَبَّى مَنْ عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ أَوْ شَجَرٍ أَوْ مَدَرٍ حَتَّى يَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا رَوَاهُ

کوئی مسلمان لبیک نہیں کہتا مگر کہتے ہیں لبیک جو کوئی داہنے اور بائیں اسکے ہیں پتھر یا درخت یا ڈھیلا یہاں تک کہ ختم ہو جاتی ہیں زمین کی مشرق اور مغرب سے روایت کیا اس کو

التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَعُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ

ترمذی اور ابن ماجہ نے × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادا کرتے تھے ذی الحلیفہ میں دو رکعت نماز پھر جب سیدھی کھڑی ہوتی

النَّاقَةُ قَائِمَةً عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ أَهَلَّ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ وَيَقُوْلُ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ

اونٹنی مسجد ذی الحلیفہ کے پاس بلند آواز سے فرماتے ان کلمات کو اور فرماتے حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں اور فرمانبردار ہوں اور نیکی تیرے اختیار میں ہے

لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِمُسْلِمٍ وَعَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حاضر ہوں اور رغبت تیری طرف ہے اور کام ہے ف × اور عبارت مسلم کی ہے × اور روایت ہے عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے اسکے باپ سے نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ سَأَلَ اللهَ رِضْوَانَهُ وَالْجَنَّةَ وَاسْتَعْفَاهُ بِرَحْمَتِهِ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ الْفَصْلُ الثَّالِثُ

وسلم سے کہ آپ جب فراغت کرتے تھے لبیک کہنے سے مانگتے اللہ سے رضامندی اسکی اور بہشت اور دعا چاہتے اس سے اسکی رحمت کے دوزخ سے روایت کیا اسکو شافعی نے تیسری فصل

عَنْ جَابِرٍ رض أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ الْحَجَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فَاجْتَمَعُوْا فَلَمَّا أَتَى الْبَيْدَاءَ أَحْرَمَ رَوَاهُ

روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ارادہ کیا حج کا خبر بھیجی لوگوں میں ف سو جمع ہوئے پھر جب آئے مقام بیدا میں احرام باندھا روایت کیا

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَقُوْلُوْنَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَيَقُوْلُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بخاری نے × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے مشرک لوگ کہتے تھے حاضر ہیں کوئی شریک نہیں تیرا پھر فرماتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَيْلَكُمْ قَدْ قَدْ إِلَّا شَرِيكًا هُوَ لَكَ تَمْلِكُهُ وَمَا مَلَكَ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا وَهُمْ يَطُوْفُوْنَ بِالْبَيْتِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ بَابُ قِصَّةِ

ارے تمہاری خرابی بس کرو بس کرو ف مگر وہ شریک کہ وہ تیرا ہی تو مالک ہے اسکا اور اسکی ملک کا کہتے ہیں ف اور وہ طواف کرتے بیت اللہ کا روایت کیا اسکو مسلم نے یہ باب بیان میں

حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رض أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ بِالْمَدِيْنَةِ

حجۃ الوداع کے قصے کے × پہلی فصل × روایت ہے جابر بن عبداللہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رہے مدینے میں

تِسْعَ سِنِيْنَ لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فِي الْعَاشِرَةِ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجٌّ فَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ بَشَرٌ

نو سال حج نہ کر کے ف پھر خبر بھیج دی لوگوں میں دسویں سال کہ اللہ کا رسول حج کو جایا چاہتا ہے سو آئے مدینے میں بہت لوگ

كَثِيْرٌ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى إِذَا أَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى

ف پھر نکلے ہم حضرت کے ساتھ یہاں تک کہ جب پہنچے ذا الحلیفہ کو تو جنا اسما بنت عمیس نے محمد بن ابی بکر کو ف پھر بھیج دیا کسی کو اس نے رسول اللہ صلی

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَصْنَعُ قَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي بِثَوْبٍ وَأَحْرِمِي فَصَلَّى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ

اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ پوچھ آوے کیا کروں میں فرمایا غسل کر اور لنگوٹ لے کپڑے کی اور احرام باندھ پھر نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد ذا الحلیفہ میں

رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ بِالتَّوْحِيْدِ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

سوار ہوئے ناقہ قصوا پر ف یہاں تک کہ جب سیدھی ہوئی آپ کو لیکر اونٹنی بیدا پر بلند کیا آواز توحید کی ف جو یہ ہے لبیک اللہم لبیک لا شریک لک

لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ قَالَ جَابِرٌ لَسْنَا نَنْوِي إِلَّا الْحَجَّ لَسْنَا نَعْرِفُ الْعُمْرَةَ حَتَّى إِذَا أَتَيْنَا

لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک کہا جابر نے نیت نہ کی تھی ہم نے مگر فقط حج کی نہیں پہچانتے تھے ہم عمرے کو ف یہاں تک کہ جب پہنچے ہم

الْبَيْتَ مَعَهُ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ فَرَمَلَ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا ثُمَّ تَقَدَّمَ إِلَى مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ فَقَرَأَ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى

بیت اللہ کو ساتھ آپ کے بوسہ لیا حجر اسود کا پھر رمل کیا تین بار اور مشی کی چار بار پھر آئے مقام ابراہیم کے آگے اور پڑھی یہ آیت اور بناؤ مقام ابراہیم کو

فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ

پھر پڑھی دو رکعت نماز سو کیا مقام ابراہیم کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان اور ایک روایت میں یوں ہے کہ پڑھی بعد سورۂ فاتحہ کے ان دو رکعت میں سورۂ قل ہو اللہ احد اور قل یا ایہا الکافرون

ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ إِلَى الصَّفَا فَلَمَّا دَنَا مِنَ الصَّفَا قَرَأَ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ أَبْدَأُ

پھر پھرے حجر اسود کی طرف اور بوسہ دیا اسکو پھر نکلے باب صفا سے صفا کی طرف پھر جب قریب صفا کے پہنچے پڑھی یہ آیت کہ بیشک صفا اور مروہ نشانیاں ہیں اللہ کی

بِمَا بَدَأَ اللَّهُ بِهِ فَبَدَأَ بِالصَّفَا فَرَقِيَ عَلَيْهِ حَتَّى رَأَى الْبَيْتَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَوَحَّدَ اللَّهَ وَكَبَّرَهُ وَقَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

اسی چیز سے کہ پہلے نام لیا اللہ نے اسکا پھر ابتدا کی صفا سے سو چڑھے اس پر یہاں تک کہ دیکھا بیت اللہ کو پھر منہ کیا قبلہ کی طرف پھر توحید اور تکبیر کہی اللہ کی اور فرمایا لا الہ الا اللہ

وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَ

وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے جو اکیلا ہے پورا کیا وعدہ اپنا اور مدد کی اپنے بندے کی

هَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذَلِكَ قَالَ مِثْلَ هَذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ نَزَلَ وَمَشَى إِلَى الْمَرْوَةِ حَتَّى انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ

شکست دی جماعتوں کو اکیلے پھر دعائیں کیں اس درمیان میں فرمایا ایسے تین بار پھر اترے اور چلے مروہ کی طرف یہاں تک کہ جا پڑے دونوں پاؤں آپ کے بیچ

الْوَادِي سَعَى حَتَّى إِذَا صَعِدَتَا مَشَى حَتَّى أَتَى الْمَرْوَةَ فَفَعَلَ عَلَى الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا حَتَّى إِذَا كَانَ آخِرُ طَوَافٍ عَلَى الْمَرْوَةِ

اس میدان کی دوڑنے لگے یہاں تک کہ جب بلندی پر آئے چلنے لگے یہاں تک کہ آئے مروہ پر سو کیا مروہ پر جیسا کیا صفا پر یہاں تک کہ جب آن پہنچا آپ کا آخری طواف

فَقَالَ لَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ وَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ لَيْسَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ

پھر فرمایا اگر میں پہلے معلوم کرتا اپنی رائے جو پیچھے معلوم کیا تو ساتھ نہ لاتا ہدی اور کر ڈالتا اس حج کو عمرہ پھر جو شخص تم میں سے کہ ہدی نہ ہو اس کے ساتھ سو احرام کھول ڈالے

وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلِعَامِنَا هَذَا أَمْ لِأَبَدٍ فَشَبَّكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

اور بدلے حج کو عمرہ سے سو کھڑا ہوا سراقہ بن مالک بن جعشم اور کہا اے رسول اللہ کیا اسی سال یہ حکم ہے یا ہمیشہ پھر ڈالیں رسول اللہ صلی

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِي الْأُخْرَى وَقَالَ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ لَا بَلْ لِأَبَدِ أَبَدٍ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ

اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ایک دوسری میں اور فرمایا داخل ہوا عمرہ حج میں دو بار نہیں بلکہ ہمیشہ کو اور آئے علی یمن کی طرف سے

بِبُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا قُلْتَ حِينَ فَرَضْتَ الْحَجَّ قَالَ قُلْتُ اللَّهُمَّ إِنِّي أُهِلُّ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُكَ

بہت سے اونٹ لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پھر فرمایا کیا کہا تو نے جب احرام باندھا حج کا کہا میں نے کہا الٰہی میں احرام باندھتا ہوں جس سے

قَالَ فَإِنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ فَلَا تَحِلَّ قَالَ فَكَانَ جَمَاعَةُ الْهَدْيِ الَّذِي قَدِمَ بِهِ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ وَالَّذِي أَتَى بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرمایا میرے ساتھ تو ہدی ہے پھر احرام مت کھول تو کہا جابر نے پھر تھا مجموعہ اونٹوں کا جو علی لائے یمن سے اور جو لے آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

مِائَةً قَالَ فَحَلَّ النَّاسُ كُلُّهُمْ وَقَصَّرُوا إِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ

سو اونٹ کہا جابر نے پھر احرام کھول دیا سب لوگوں نے اور بال کتروا ڈالے مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور جنکے ساتھ ہدی تھی پھر جب ہوئی آٹھویں تاریخ

تَوَجَّهُوا إِلَى مِنًى فَأَهَلُّوا بِالْحَجِّ وَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِهَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ

چلے منیٰ کی طرف پھر احرام باندھا حج کا اور سوار ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر نماز پڑھی منیٰ میں ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا

والفجر ثم مكث قليلاً حتى طلعت الشمس وأمر بقبة من شعر تضرب له بنمرة فسار رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا

اور فجر کی پھر ٹھہرے تھوڑا اب تک کہ طلوع ہوا آفتاب اور حکم کیا بال کے خیمے کے کہ کھڑے کئے جاویں اپنے لئے مقام نمرہ میں پھر چلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور

تشك قريش إلا أنه واقف عند المشعر الحرام كما كانت قريش تصنع في الجاهلية فأجاز رسول الله صلى الله عليه

گمان نہ کرتے تھے قریش مگر اسکا کہ حضرت ٹھہرے رہینگے مزدلفہ میں جیسا کہ قریش کیا کرتے تھے ایام جاہلیت میں پھر چلے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم حتى أتى عرفة فوجد القبة قد ضربت له بنمرة فنزل بها حتى إذا زاغت الشمس أمر بالقصواء فرحلت

وسلم یہاں تک کہ پہنچے جبل عرفات کے سو پایا خیمہ کھڑا کیا ہوا آپ کے لئے نمرہ میں پھر اترے رہے اسمیں یہاں تک کہ جب ڈھلا آفتاب حکم کیا قصواء کو تیار کرنے سو کس دیا کجاوہ

له فأتى بطن الوادي فخطب الناس وقال إن دماءكم وأموالكم عليكم حرام كحرمة يومكم هذا في شهركم هذا في بلدكم

آپکی سواری کو پھر آئے بستی میں نمرہ کے میدان کی پھر وعظ کیا لوگوں کو اور فرمایا بیشک خون تمہارے اور مال تمہارے حرام ہیں تمہارے آپس میں جیسے کہ حرمت اس دن کی اس مہینہ میں اس شہر میں

هذا ألا كل شيء من أمر الجاهلية تحت قدمي موضوع ودماء الجاهلية موضوعة وإن أول دم أضع من دمائنا دم

خبردار سب رسم جاہلیت کے زمانے کی میرے دونوں پاؤں کے تلے رکھ دی گئی اور خون ایام جاہلیت کے چھوڑ دئے گئے اور بیشک پہلے خون کو چھوڑ دیتا ہوں ہمارے خونوں میں سے

ابن ربيعة بن الحارث كان مسترضعاً في بني سعد فقتله هذيل وربا الجاهلية موضوع وأول ربا أضع من ربانا ربا عباس

ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا ہے اور وہ دودھ پلایا گیا تھا قبیلہ بنی سعد میں سو مار ڈالا اسکو ہذیل نے اور بیاج جاہلیت کا موقوف ہے اور جو بیاج سب سے پہلے موقوف کرتا ہوں ہمارے بیاجوں میں سے عباس

بن عبد المطلب فإنه موضوع كله فاتقوا الله في النساء فإنكم أخذتموهن بأمان الله واستحللتم فروجهن بكلمة

بن عبد المطلب کا ہے کہ وہ تمام موقوف ہے پھر ڈرو اللہ سے عورتوں کے باب میں کہ تم نے لیا ان کو خدا کے امان سے اور حلال کیا انکی شرمگاہ کو حکم سے

الله ولكم عليهن أن لا يوطئن فرشكم أحداً تكرهونه فإن فعلن ذلك فاضربوهن ضرباً غير مبرح ولهن عليكم

اللہ کے اور تمہارا حق ان پر یہ ہے کہ نہ کھندلوانے دیں تمہارے بچھونوں کو کسی سے کہ تم اسکو برا جانتے ہو پھر اگر کریں وہ کام تو مارو انکو ایسی کہ بہت سخت نہ ہو اور ان کا حق تم پر

رزقهن وكسوتهن بالمعروف وقد تركت فيكم ما لن تضلوا بعده إن اعتصمتم به كتاب الله وأنتم تسألون عني

کھلانا اور پہنانا انکا ہے موافق دستور کے اور تحقیق چھوڑ دی ہیں میں نے تم میں وہ چیز کہ ہرگز گمراہ نہ ہوگے اسکے بعد اگر تھامے رہو گے اسکو وہ کتاب اللہ ہے اور تم سے پوچھے جاوینگے میرا حال

فما أنتم قائلون قالوا نشهد أنك قد بلغت وأديت ونصحت فقال بإصبعه السبابة يرفعها إلى السماء وينكتها إلى الناس

پھر تم کیا کہتے ہو کہا صحابہ نے گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے پیغام پہنچا دیا اور حق رسالت کا ادا کیا اور نصیحت کی پھر فرمایا اشارہ کر کے کلمہ کی انگلی سے اسکو اٹھاکر آسمان کی طرف اور جھکا کر لوگوں کی طرف

اللهم اشهد اللهم اشهد ثلاث مرات ثم أذن بلال ثم أقام فصلى الظهر ثم أقام فصلى العصر ولم يصل بينهما شيئاً ثم ركب

اے اللہ گواہ رہ اے اللہ گواہ رہ تین بار پھر اذان کہی بلال نے پھر تکبیر کہی سو نماز پڑھی ظہر کی پھر تکبیر کہی سو نماز پڑھی عصر کی اور بیچ میں کچھ نہ پڑھا پھر سوار ہوئے

حتى أتى الموقف فجعل بطن ناقته القصواء إلى الصخرات وجعل حبل المشاة بين يديه واستقبل القبلة فلم يزل واقفاً

یہاں تک کہ آئے موقف میں پھر کیا پیٹ اپنی قصواء اونٹنی کا پتھروں کی طرف اور کیا جبل مشاۃ کو روبرو اپنے اور منہ کیا کعبہ کی طرف پھر ٹھہرے رہے

حتى غربت الشمس وذهبت الصفرة قليلاً حتى غاب القرص وأردف أسامة ودفع حتى أتى المزدلفة فصلى بها المغرب

یہاں تک کہ ڈوب گیا آفتاب اور چلی گئی تھوڑی زردی یہاں تک کہ ڈوب گیا ٹکیہ اور پیچھے اپنے سوار کر لیا اسامہ کو اور چلے یہاں تک کہ پہنچے مزدلفہ میں پھر پڑھی وہاں مغرب

والعشاء بأذان واحد وإقامتين ولم يسبح بينهما شيئاً ثم اضطجع حتى طلع الفجر فصلى الفجر حين تبين له الصبح

اور عشاء کی ایک اذان اور دو تکبیر سے اور نہ پڑھی بیچ میں کوئی نماز پھر لیٹ رہے یہاں تک کہ طلوع کیا صبح نے پھر صبح کی نماز پڑھی معلوم ہوئی آپ کو صبح

بأذان وإقامة ثم ركب القصواء حتى أتى المشعر الحرام فاستقبل القبلة فدعاه وكبره وهلله ووحده فلم يزل واقفا

اذان اور تکبیر کے ساتھ پھر سوار ہوئے قصواء پر یہاں تک کہ آئے مشعر الحرام کے پاس پھر منہ قبلے کی طرف کیا سو دعا کی اللہ سے اور اللہ اکبر لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ کہا پھر ٹھہرے

حتى أسفر جدا فدفع قبل أن تطلع الشمس وأردف الفضل بن عباس حتى أتى بطن محسر فحرك قليلا ثم سلك الطريق

یہاں تک کہ خوب خوب روشن ہوئی صبح پھر چلے آفتاب نکلنے سے پہلے اور پیچھے بٹھا لیا فضل بن عباس کو یہاں تک کہ پہنچے وادی محسر کی حد میں پھر جلد چلائی اونٹنی کو تھوڑا پھر چلے بیچ کی راہ

الوسطى التي تخرج على الجمرة الكبرى حتى أتى الجمرة التي عند الشجرة فرماها بسبع حصيات يكبر مع كل حصاة منها

جو نکلتی ہے جمرہ کبریٰ پر سے یہاں تک کہ آئے اس جمرے کے پاس کہ نزدیک درخت کے اس زمانے میں تھا پھر مارے اس کو سات کنکریاں اللہ اکبر کہتے ہر کنکرے کے ساتھ انہیں

مثل حصى الخذف رمى من بطن الوادي ثم انصرف إلى المنحر فنحر ثلاثا وستين بدنة بيده ثم أعطى عليا

جو مثل خذف کی کنکریوں کے تھیں کنکری ماری اس میدان بیچ سے پھر پھرے قربانی کرنے کی جگہ کی طرف پھر نحر کیا تریسٹھ اونٹ کو دست مبارک سے پھر دے دیئے علی کو

فنحر ما غبر وأشركه في هديه ثم أمر من كل بدنة ببضعة فجعلت في قدر فطبخت فأكلا من لحمها وشربا من مرقها

سو نحر کیا اس نے باقی اونٹوں کو اور شریک کیا علی کو اپنی قربانی میں پھر حکم کیا ہر اونٹ سے ایک ایک ٹکڑا لینے کا پھر ڈال دیا اس کو ایک دیگ میں اور پکایا پھر کھایا دونوں نے

ثم ركب رسول الله صلى الله عليه وسلم فأفاض إلى البيت فصلى بمكة الظهر فأتى على بني عبد المطلب يسقون على زمزم

پھر سوار ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جلدی چلائی اونٹنی بیت اللہ کی طرف پھر پڑھی مکہ میں نماز ظہر کی پھر آئے عبد المطلب کے بیٹوں پاس کہ پانی پلاتے تھے چشمہ زمزم

فقال انزعوا بني عبد المطلب فلولا أن يغلبكم الناس على سقايتكم لنزعت معكم فناولوه دلوا فشرب منه رواه مسلم

پھر فرمایا پانی نکالو اے اولاد عبد المطلب کی پھر اگر خوف نہ ہوتا ہجوم کا لوگوں کے تمہارے پلانے پر تو پانی نکالتا تمہارے ساتھ سو دے دیا انہوں نے آپ کو ایک ڈول پھر پیا آپ نے اس سے روایت کیا اس کو مسلم نے

وعن عائشة رض قالت خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع فمنا من أهل بعمرة ومنا من أهل بحج فلما قدمنا

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے نکلے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں سو ہم میں بعضے عمرے کا اور بعضے فقط حج کا احرام باندھتا تھا پھر جب آئے

مكة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أهل بعمرة ولم يهد فليحلل ومن أحرم بعمرة وأهدى فليهل بالحج مع العمرة ثم لا

مکے میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے احرام عمرے کا باندھا اور ہدی ساتھ نہ لایا تو نکلے احرام سے اور جس نے احرام عمرے کا باندھا اور ہدی ساتھ لایا سو احرام حج کا بھی

يحل حتى يحل منهما وفي رواية فلا يحل حتى يحل بنحر هديه ومن أهل بحج فليتم حجه قالت فحضت ولم أطف بالبيت ولا

نکلے یہاں تک کہ نکلے دونوں احراموں سے اور ایک روایت میں ہے پھر احرام سے نہ نکلے یہاں تک کہ نحر کرے اپنی قربانی اور جس نے احرام باندھا فقط حج کا تو پورا کرے اپنا حج کہا عائشہ نے پھر حیض

بين الصفا والمروة فلم أزل حائضا حتى كان يوم عرفة ولم أهلل إلا بعمرة فأمرني النبي صلى الله عليه وسلم أن أنقض رأسي

سعی صفا و مروہ کی سو حیض ہی میں رہی یہاں تک کہ ہوا عرفے کا دن اور میں احرام نہ کی تھی مگر عمرے کا سو حکم کیا مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کے بال کھول کے

وأمتشط وأهل بالحج وأترك العمرة ففعلت حتى قضيت حجي بعث معي عبد الرحمن بن أبي بكر وأمرني أن أعتمر مكان

کنگھی کرنے کا اور حج کا احرام باندھنے کا اور عمرہ چھوڑ دینے کا سو کی میں نے یہاں تک کہ میں نے ادا کیا اپنا حج بھیجا میرے ساتھ عبد الرحمن ابن ابی بکر کو اور حکم کیا مجھے عمرہ لانے کا

عمرتي من التنعيم قالت فطاف الذين كانوا أهلوا بالعمرة بالبيت وبين الصفا والمروة ثم حلوا ثم طافوا طوافا بعد

بدلے عمرے کے تنعیم میں جا کر کہا عائشہ نے پھر کیا جنہوں نے احرام باندھا تھا عمرے کا طواف بیت اللہ کا اور سعی صفا اور مروہ کی پھر احرام سے نکل آئے پھر کیا دوسرا طواف بعد

أن رجعوا من منى وأما الذين جمعوا الحج والعمرة فإنما طافوا طوافا واحدا متفق عليه وعن عبد الله بن عمر

پھرنے کے منیٰ سے اور جنہوں نے ملا کر احرام باندھا تھا حج اور عمرے کا سو کیا انہوں نے مگر ایک ہی طواف ق × اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے

ف۱۱ یعنی جسکا احرام مدینے سے چلتے ہوئے باندھا تھا ف۱۲ ایک جگہ ہے مکہ سے تین کوس مدینے کی راہ میں ف۱۳ یعنی مکے میں پہنچ کر ف۱۴ یعنی حج کر کے ف۱۵ یعنی بعد حج کے جسکو طواف افاضہ کہتے

قَالَ تَمَتَّعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَسَاقَ مَعَهُ الْهَدْيَ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَبَدَءَ

کہا تمتع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں عمرے کے احرام سے حج تک ف پھر ساتھ لے چلے تھے قربانی ذی الحلیفہ سے اور شروع کیا ف

فَاَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ اَهَلَّ بِالْحَجِّ فَتَمَتَّعَ النَّاسُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَكَانَ مِنَ النَّاسِ مَنْ اَهْدٰى وَمِنْهُمْ

سو احرام باندھا عمرے کا پھر احرام باندھا حج کا ف پھر تمتع کیا لوگوں نے ف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عمرے سے حج تک ف سو بعضے آدمی قربانی ساتھ لائے تھے اور بعضے

مَنْ لَّمْ يُهْدِ فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ لِلنَّاسِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ اَهْدٰى فَاِنَّهُ لَا يَحِلُّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ

نہ لائے تھے پھر جب تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکے میں فرمایا لوگوں کو جو کوئی ہدی ساتھ لایا ہو تم میں سے حلال نہ ہوگا اس چیز سے کہ حرام ہوئی

مِنْهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَجَّهُ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مِنْكُمْ اَهْدٰى فَلْيَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلْيُقَصِّرْ وَلْيَحْلِلْ ثُمَّ لِيُهِلَّ بِالْحَجِّ

اس سے ف اپنا حج پورا کرے تک اور جو کوئی تم میں سے ہدی ساتھ نہ لایا ہو سو طواف کر لے بیت اللہ کا اور سعی صفا مروہ کی اور سر کے بال کتر ڈالے اور احرام سے نکل آوے پھر احرام باندھے حج کا

وَلْيُهْدِ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ هَدْيًا فَلْيَصُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةً اِذَا رَجَعَ اِلٰى اَهْلِهِ فَطَافَ حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ وَاسْتَلَمَ

اور قربانی کرے ف پھر جو کوئی مقدور نہ رکھے قربانی کا تو رکھ لے تین روزے حج کے دنوں میں ف اور سات روزے جب پھر جاوے اپنے لوگوں میں ف اور طواف کیا حضرت نے جب آئے مکہ میں اور بوسہ

الرُّكْنَ اَوَّلَ شَيْءٍ ثُمَّ خَبَّ ثَلٰثَةَ اَطْوَافٍ وَمَشٰى اَرْبَعًا فَرَكَعَ حِيْنَ قَضٰى طَوَافَهُ بِالْبَيْتِ عِنْدَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ

حجر اسود کا لیا پہلے ہی ف پھر رمل کیا تین پھیروں میں اور مشی کی چار پھیروں میں پھر پڑھی جب تمام کیا طواف بیت اللہ کا مقام ابراہیم کے پاس دو رکعتیں پھر سلام پھیر

فَانْصَرَفَ فَاَتَى الصَّفَا فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعَةَ اَطْوَافٍ ثُمَّ لَمْ يَحْلِلْ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتّٰى قَضٰى حَجَّهُ وَنَحَرَ هَدْيَهُ

پھر چلے وہاں سے اور آئے صفا پر پھر سعی کی صفا مروہ میں سات بار پھر حلال نہ ہوئے جس جس چیز سے کہ حرام ہوئی تھی آپ یہاں تک کہ تمام کیا اپنا حج اور نحر کیا اپنی قربانی

يَوْمَ النَّحْرِ وَاَفَاضَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ وَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاقَ

بقر عید کے دن اور چلے گئے ف پھر طواف کیا بیت اللہ کا پھر حلال ہو گئے جس جس چیز سے کہ حرام ہوئی تھی آپ اور کیا جیسا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہ چلے آیا

الْهَدْيَ مِنَ النَّاسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ‏ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهٖ عُمْرَةٌ اسْتَمْتَعْنَا بِهَا

قربانی ساتھ لیکر اور لوگوں سے ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ایک عمرہ ہے کہ کام چلا لیا ہم نے اس سے ف

فَمَنْ لَّمْ يَكُنْ عِنْدَهُ الْهَدْيُ فَلْيَحِلَّ الْحِلَّ كُلَّهُ فَاِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ

پھر جو کوئی کہ نہ ہو اس کے پاس ہدی تو ہو جاوے حلال پورا ف اس لئے کہ عمرہ داخل ہوا حج میں قیامت کے دن تک روایت کیا اس کو مسلم نے اور یہ باب خالی ہے

عَنِ الْفَصْلِ الثَّانِيْ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ نَاسٍ مَعِيْ قَالَ اَهْلَلْنَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ

دوسری فصل سے ۔ تیسری فصل روایت ہے عطاء سے کہا انہوں نے سنا میں جابر بن عبد اللہ سے ایک جماعت میں میرے ساتھ کی کہا جابر نے احرام باندھا ہم نے یعنی اصحاب محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ خَالِصًا وَحْدَهُ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ فَقَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُبْحَ رَابِعَةٍ مَضَتْ مِنْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فقط حج ہی کا کہا عطاء نے کہا جابر نے پھر آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت چوتھی تاریخ میں

ذِي الْحِجَّةِ فَاَمَرَنَا اَنْ نَحِلَّ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ حِلُّوْا وَاَصِيْبُوا النِّسَاءَ قَالَ عَطَاءٌ وَلَمْ يَعْزِمْ عَلَيْهِمْ وَلٰكِنْ اَحَلَّهُنَّ لَهُمْ فَقُلْنَا

ذی الحجہ کی سو حکم کیا ہمیں احرام سے نکلنے کا کہا عطاء نے ف فرمایا حلال ہو جاؤ اور جماع کرو بیبیوں سے کہا عطاء نے اور تاکید نہ کی ان پر لیکن حلال کیا عورتوں کو ان کے لئے پھر کہا

لَمَّا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ اِلَّا خَمْسٌ اَمَرَنَا اَنْ نُفْضِيَ اِلٰى نِسَائِنَا فَنَاْتِيَ عَرَفَةَ تَقْطُرُ مَذَاكِيْرُنَا الْمَنِيَّ قَالَ يَقُوْلُ

جب باقی نہ رہا درمیان ہمارے اور عرفے کے دن میں مگر پانچ راتوں کا حکم کیا ہمیں نزدیکی کرنے کا عورتوں سے پھر جاویں ہم عرفات پر اس حال سے کہ ٹپکتی ہوں منی ہماری کہا عطاء نے

جابر بيده كأني أنظر إلى قوله بيده يحركها قال فقام النبي صلى الله عليه وسلم فينا فقال قد علمتم أني أتقاكم لله وأصدقكم

جابر اپنے ہاتھ سے واجیسا کہ میں دیکھ رہا ہوں اس کے اشارے کی طرف ہاتھ سے جو ہلاتا تھا کہا جابر نے پھر کھڑے رہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں پھر فرمایا تحقیق تم نے جان لیا کہ میں تم سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اللہ کا اور زیادہ سچا

وأبركم ولولا هديي لحللت كما تحلون ولو استقبلت من أمري ما استدبرت لم أسق الهدي فحلوا فحللنا وسمعنا

اور بہت نیکی کرنے والا ہوں اور اگر نہ ہوتی ہدی میرے ساتھ تو حلال ہوتا جیسے تم ہوتے ہو اور اگر پہلے سے معلوم کرتا میں کام جو پیچھے معلوم کیا ساتھ نہ لاتا قربانی پھر حلال ہو جاؤ سو ہم حلال ہوئے اور سنا

وأطعنا قال عطاء قال جابر فقدم علي من سعايته فقال بم أهللت قال بما أهل به النبي صلى الله عليه وسلم فقال له

اور حکم مان لیا کہا عطاء نے کہا جابر نے پھر آئے علی قضا کی عملداری سے پھر فرمایا کس نیت سے احرام باندھا تو کہا جس نیت سے کہ احرام باندھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تب فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم فاهد وامكث حراما قال وأهدى له علي هديا فقال سراقة بن مالك بن جعشم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو قربانی کر اور اسی محرم رہ کہا جابر نے اور لیا اپنے لئے علی نے ایک قربانی پھر کہا سراقہ بن مالک بن جعشم نے

يا رسول الله ألعامنا هذا أم للأبد قال لأبد رواه مسلم وعن عائشة رض أنها قالت قدم رسول الله صلى الله

ای رسول اللہ کے کیا اسی سال کو یہ احکام ہیں یا ہمیشہ کو فرمایا بلکہ ہمیشہ کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ اسنے کہا کہ میں آئے رسول صلی اللہ

عليه وسلم لأربع مضين من ذي الحجة أو خمس فدخل علي وهو غضبان فقلت من أغضبك يا رسول الله أدخله

علیہ وسلم تیسری تاریخ میں ذی الحجہ کی یا چوتھی میں پھر آئے میرے پاس غضبناک ہوکر سو کہا میں نے کون غصہ دلایا آپ کو ای رسول اللہ کے خدا ڈالے اسکو

الله النار قال أو ما شعرت أني أمرت الناس بأمر فإذا هم يترددون ولو أني استقبلت من أمري ما استدبرت

دوزخ میں فرمایا کیا اور نہیں جانتی کہ میں نے حکم کیا لوگوں کو ایک کام کا سو نہیں وے توقف کرنے لگے اس میں اور اگر میں پہلے جانتا اپنا کام جو پیچھے جانا

ما سقت الهدي معي حتى أشتريه ثم أحل كما حلوا رواه مسلم

نہ لاتا قربانی کو ساتھ یہاں تک کہ خرید کرتا اسکو پھر حلال ہوتا جیسا لوگ ہوئے روایت کیا اسکو مسلم نے

باب دخول مكة والطواف

الفصل الأول

عن نافع قال إن ابن عمر كان لا يقدم مكة إلا بات بذي طوى حتى يصبح ويغتسل ويصلي فيدخل مكة نهارا وإذا نفر

یہ باب ہے بیچ داخل ہونے مکہ میں اور طواف کے بیان کا پہلی فصل روایت ہے نافع سے کہ کہا اسنے بیشک ابن عمر رض نہ آتا تھا مکے میں مگر سو رہتا مقام ذی طوی میں صبح تک اور غسل کرتا اور نماز پڑھتا پھر داخل ہوتا مکے میں دن کو اور جب

منها مر بذي طوى وبات بها حتى يصبح ويذكر أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يفعل ذلك متفق عليه وعن

مکے سے گذرتا ذی طوی پر اور سو رہتا اسمیں صبح تک اور ذکر کرتا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے یہ کام ق اور روایت ہے

عائشة رض قالت إن النبي صلى الله عليه وسلم لما جاء إلى مكة دخلها من أعلاها وخرج من أسفلها متفق عليه

عائشہ رض سے کہ کہا اسنے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب آتے مکے میں تو داخل ہوتے مکے کی اوپر کی طرف سے اور نکلتے نیچے سے ق

وعن عروة بن الزبير قال قد حج النبي صلى الله عليه وسلم فأخبرتني عائشة أن أول شيء بدأ به حين قدم مكة

اور روایت ہے عروہ بن الزبیر سے کہ کہا اسنے تحقیق حج کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سو خبر دی مجھے عائشہ نے کہ سب سے پہلے جس کام کو شروع کیا

أنه توضأ ثم طاف بالبيت ثم لم تكن عمرة ثم حج أبو بكر فكان أول شيء بدأ به الطواف بالبيت ثم لم تكن عمرة

یہ ہے کہ آپ نے وضو کیا پھر طواف کیا اس گھر کا پھر نہ پایا گیا عمرہ پھر ابوبکر نے حج کیا سو تھا سب پہلے کام جسکو شروع کیا طواف بیت اللہ کا پھر نہ پایا گیا عمرہ

ثم عمر ثم عثمان مثل ذلك متفق عليه وعن ابن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا طاف في الحج أو العمرة

پھر عمر پھر عثمان دونوں نے ویسا ہی کیا ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب طواف کرتے تھے حج یا عمرے میں

أو لما يقدم سعى ثلاثة أطواف ومشى أربعة ثم يصلي سجدتين ثم يطوف بين الصفا والمروة متفق عليه وعنه

اول قدوم کا دوڑتے تین پھیروں میں اور چلتے چار پھیروں میں پھر پڑھتے دو رکعت نماز پھر سعی کرتے صفا مروہ میں ۔ ق ۔ اور اسی سے روایت ہے

قال رمل رسول الله صلى الله عليه وسلم من الحجر إلى الحجر ثلاثا ومشى أربعا وكان يسعى ببطن المسيل إذا طاف بين

کہ کہا اس نے رمل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود سے حجر اسود تک تین پھیرے اور مشی کی چار پھیروں میں اور دوڑتے تھے بطن مسیل میں جب سعی کرتے

الصفا والمروة رواه مسلم وعن جابر رض قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما قدم مكة أتى الحجر فاستلمه

صفا مروہ میں ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اس نے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں آتے تو آتے حجر اسود کے پاس پھر بوسہ لیتے اسکا

ثم مشى على يمينه فرمل ثلاثا ومشى أربعا رواه مسلم وعن الزبير بن عربي قال سأل رجل ابن عمر عن استلام

پھر چلتے اپنی داہنی طرف سے پھر رمل کرتے تین پھیروں میں اور مشی کرتے چار پھیروں میں ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے زبیر بن عربی سے کہا پوچھا کوئی مرد ابن عمر سے بوسہ لینے

الحجر فقال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يستلمه ويقبله رواه البخاري وعن ابن عمر رض قال لم أر النبي

حجر اسود کا ۔ پس کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو استلام کرتے اسکا اور بوسہ لیتے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اس نے نہ دیکھا میں نے

صلى الله عليه وسلم يستلم من البيت إلا الركنين اليمانيين متفق عليه وعن ابن عباس رض قال طاف النبي

صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ لیتے اس گھر سے سوا حجر اسود اور رکن یمانی کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اس نے طواف کیا نبی

صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع على بعير يستلم الركن بمحجن متفق عليه وعنه أن رسول الله صلى الله عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر سوار ہو کر بوسہ لیتے حجر اسود کا چھڑی سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم طاف بالبيت على بعير كلما أتى على الركن أشار إليه بشيء في يده وكبر رواه البخاري وعن أبي الطفيل رض قال

وسلم نے طواف کیا بیت اللہ کا اونٹ پر سو جب آتے حجر اسود پر اشارہ کرتے اسکی طرف اس چیز سے کہ تھی ہاتھ میں اور اللہ اکبر کہتے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابی الطفیل رض سے کہا

رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يطوف بالبيت ويستلم الركن بمحجن معه ويقبل المحجن رواه مسلم وعن عائشة

دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو طواف کرتے بیت اللہ کا اور بوسے کا اشارہ کرتے حجر اسود کو اپنے ساتھ کی لکڑی سے اور بوسہ لیتے اس لکڑی کا ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عائشہ

رض قالت خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم لا نذكر إلا الحج فلما كنا بسرف طمثت فدخل النبي صلى الله عليه وسلم

رض سے کہ کہا اس نے نکلے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۔ نہ ذکر کرتے ہم سوا حج کے ۔ پھر جب پہنچے مقام سرف میں حیض آیا مجھے ۔ پھر آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

وأنا أبكي فقال لعلك نفست قلت نعم قال فإن ذلك شيء كتبه الله على بنات آدم فافعلي ما يفعل الحاج غير أن لا

جس حال میں کہ میں روتی تھی سو فرمایا شاید تجھے حیض آیا ۔ کہا میں نے ہاں ۔ فرمایا پھر بیشک یہ ایک چیز ہے کہ لکھدیا اسکو اللہ نے آدم کی بیٹیوں پر سو کر تو جو کام کرتے ہیں حاجی سوا

تطوفي بالبيت حتى تطهري متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال بعثني أبو بكر في الحجة التي أمره النبي صلى الله

طواف کے بیت اللہ کے یہاں تک کہ پاک ہووے تو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اس نے بھیجا مجھے ابو بکر نے اس حج میں کہ امیر کیا تھا اسکو نبی صلی اللہ

عليه وسلم عليها قبل حجة الوداع يوم النحر في رهط أمره أن يؤذن في الناس ألا لا يحج بعد العام مشرك ولا

علیہ وسلم نے اس حج پر پہلے حجۃ الوداع کے یوم النحر میں ایک جماعت میں ۔ حکم کیا ابو ہریرہ کو پکار دینے کا لوگوں میں خبردار حج نہ کرنے پاویگا بعد اس سال کے کوئی مشرک اور

يطوفن بالبيت عريان متفق عليه

الفصل الثاني

عن المهاجر المكي قال سئل جابر عن الرجل يرى البيت

نہ طواف کریگا بیت اللہ کا کوئی برہنہ ہو کر ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے مہاجر مکی سے کہ کہا اس نے کسی نے پوچھا جابر سے حال اس مرد کا دیکھے جو اس گھر کو

يَرْفَعُ يَدَيْهِ فَقَالَ قَدْ حَجَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَكُنْ نَفْعَلُهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

تو رفع یدین کرتا ہی سو کہا اسنے تحقیق حج کیا ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر نکرتے تھے ہم اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہی ابی ہریرہ

رض قَالَ أَقْبَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ مَكَّةَ فَأَقْبَلَ إِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ أَتَى الصَّفَا فَعَلَاهُ

رض سے کہا اسنے متوجہ ہوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں پھر آئے مکہ میں پھر متوجہ ہوے حجر اسود کی طرف سو بوسہ لیا اسکا پھر طواف کیا بیت اللہ کا پھر آئے صفا پر

حَتَّى يَنْظُرَ إِلَى الْبَيْتِ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَذْكُرُ اللهَ مَا شَاءَ وَيَدْعُو رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض أَنَّ

یہانتک کہ دیکھتے تھے بیت اللہ کو سو ہاتھ اٹھائے پھر ذکر اللہ کا کرنے لگے جتنا چاہا اور دعا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہی ابن عباس رض سے

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّوَافُ حَوْلَ الْبَيْتِ مِثْلُ الصَّلٰوةِ إِلَّا أَنَّكُمْ تَتَكَلَّمُونَ فِيهِ فَمَنْ تَكَلَّمَ فِيهِ فَلَا يَتَكَلَّمَنَّ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طواف کرنا گرد بیت اللہ کے مانند نماز کے ہی مگر یہ کہ بات کرتے ہو اسمیں پھر جو کوئی بات کرے اسمیں سو نکرے

إِلَّا بِخَيْرٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَذَكَرَ التِّرْمِذِيُّ جَمَاعَةً وَقَفُوهُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ

مگر بھلی بات روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور دارمی نے اور نام لیا ترمذی نے ایک جماعت کا کہ موقوف رکھا انہوں نے اسکو ابن عباس پر اور روایت ہی اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ الْحَجَرُ الْأَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ فَسَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِي آدَمَ رَوَاهُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اترا تھا حجر اسود بہشت سے ایسا کہ وہ بہت سفید تھا دودھ سے پھر کالا کر دیا اسکو گناہ آدمیوں کے روایت کیا اسکو

أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَجَرِ وَاللهِ لَيَبْعَثَنَّهُ

احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہی صحیح ہی اور اسی سے روایت ہی کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کے بیچ قسم ہی اللہ کی البتہ اٹھائیگا اسکو

اللهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَهُ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا وَلِسَانٌ يَنْطِقُ بِهِ يَشْهَدُ عَلَى مَنِ اسْتَلَمَهُ بِحَقٍّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

اللہ قیامت کے دن اس حال پر کہ اسکی دو آنکھہ ہونگی البتہ دیکھیگا اس سے اور زبان ہوگی کہ بات کریگا اس سے گواہی دیگا اپنے بوسہ لینے والے پر ٹھیک روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ

وَالدَّارِمِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ يَاقُوتَتَانِ مِنْ

اور دارمی نے اور روایت ہی ابن عمر رض سے کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ حجر اسود اور مقام ابراہیم دو یاقوت کے ٹکڑے ہیں

يَاقُوتِ الْجَنَّةِ طَمَسَ اللهُ نُورَهُمَا وَلَوْ لَمْ يَطْمِسْ نُورَهُمَا لَأَضَاءَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

بہشت کے یاقوت سے ۵ لے لیا اللہ نے انکا نور اور اگر نہ لیتا اسکا نور تو روشن ہو جاتا مشرق سے لے مغرب تک روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہی

عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُزَاحِمُ عَلَى الرُّكْنَيْنِ زِحَامًا مَا رَأَيْتُ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُزَاحِمُ

عبید بن عمیر سے کہ ابن عمر بھیڑ چیر کر جاتا حجر اسود اور رکن یمانی پر اسطور کہ نہ دیکھا میں کسی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں بھیڑ چیر کر جاتا

عَلَيْهِ قَالَ إِنْ أَفْعَلْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ مَسْحَهُمَا كَفَّارَةٌ لِلْخَطَايَا وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ مَنْ طَافَ

اسپر کہا اسنے کہ اگر کرتا ہوں تو میں نے سنا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ ہاتھ لگانا انکو دور کرتا ہی گناہ اور سنا میں نے حضرت کو فرماتے جسنے طواف کیا

بِهٰذَا الْبَيْتِ أُسْبُوعًا فَأَحْصَاهُ كَانَ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ لَا يَضَعُ قَدَمًا وَلَا يَرْفَعُ أُخْرٰى إِلَّا حَطَّ اللهُ عَنْهُ

اس گھر کا سات پھیرے پھر حفاظت ادب کیا اسمیں ملیگا اسکو ثواب مانند بردہ آزاد کرنے کے اور سنا آپکو فرماتے نہیں رکھتا کوئی ایک قدم اور نہیں اٹھاتا دوسرا مگر دور کرتا ہی اللہ

بِهَا خَطِيْئَةً وَكَتَبَ لَهُ بِهَا حَسَنَةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّائِبِ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ

اسکے سبب ایک گناہ اور ثابت کرتا ہی اسکے لئے بسبب اسکے ایک نیکی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہی عبد اللہ بن سائب رض سے کہا اسنے سنا میں رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما بین الرکنین ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار رواہ ابوداؤد

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے درمیان حجر اسود اور رکن یمانی کے اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی اور بچا دوزخ کی آگ سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن صفیۃ بنت شیبۃ قالت اخبرتنی بنت ابی تجراۃ قالت دخلت مع نسوۃ من قریش دار ال ابی حسین ننظر

اور روایت ہے صفیہ سے وہ بیٹی شیبہ کی کہ کہا اسنے خبر دی مجھے بیٹی ابی تجراۃ کی کہا اسنے گئی میں کچھ عورتوں کے ساتھ قریش کی محلے میں آل ابی حسین کے دیکھنے

الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یسعی بین الصفا والمروۃ فرایتہ یسعی وان میزرہ لیدور من شدۃ السعی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں کہ سعی کرتے تھے صفا مروہ میں سو دیکھا میں نے آپکو دوڑتے اور بیشک لنگ آپ کی ادھر ادھر ہوتی تھی خوب

وسمعتہ یقول اسعوا فان اللہ کتب علیکم السعی رواہ فی شرح السنۃ وروی احمد مع اختلاف وعن قدامۃ

اور سنا آپکو فرماتے دوڑو کہ بیشک اللہ نے واجب کیا تم پر اس دوڑنے کو روایت کیا اسکو شرح سنۃ میں اور روایت کیا احمد نے اختلاف الفاظ کے ساتھ۔ اور روایت ہے قدامہ

بن عبد اللہ بن عمار رض قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسعی بین الصفا والمروۃ علی بعیر لا ضرب

بن عبد اللہ بن عمار رض سے کہ کہا اسنے دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سعی کرتے صفا مروہ میں اونٹ پر سوار نہ مارنا ہے

ولا طرد ولا الیک الیک رواہ فی شرح السنۃ وعن یعلی بن امیۃ رض قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور ہانکنے اور کنارے ہو کنارے ہو کہنے کے روایت کیا اسکو شرح سنۃ میں۔ اور روایت ہے یعلی ابن امیہ رض سے کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

طاف بالبیت مضطبعا ببرد اخضر رواہ الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ والدارمی وعن ابن عباس رض ان رسول

طواف کیا اس گھر کا اضطباع کرکے بیچ چادر سبز کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ اعتمروا من الجعرانۃ فرملوا بالبیت ثلثا وجعلوا اردیتھم تحت اباطھم ثم قذفوھا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ نے عمرہ لایا مقام جعرانہ سے سو رمل کیا اس گھر کا تین پھیروں میں اور اوڑھنی چادریں بغل کے تلے سے پھر ڈالدیں انہوں نے

علی عواتقھم الیسری رواہ ابوداؤد

الفصل الثالث

عن ابن عمر رض قال ما ترکنا استلام ھذین الرکنین

بائیں مونڈھوں پر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے تیسری فصل روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے ترک کیا ہمنے بوسہ لینا ان دو نو رکن کا

الیمانی والحجر فی شدۃ ولا رخاء منذ رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یستلمھما متفق علیہ وفی روایۃ

رکن یمانی اور حجر اسود کا لوگوں کی کثرت اور کمی دونو حال میں جب سے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ لیتے انکا ق۔ اور ایک روایت میں

لھما قال نافع رایت ابن عمر یستلم الحجر بیدہ ثم قبل یدہ وقال ما ترکتہ منذ رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

شیخین کی کہا نافع نے دیکھا ابن عمر کو کہ چھوتا حجر اسود کو ہاتھ سے پھر بوسہ لیتا اپنے ہاتھ کا اور کہا ترک کیا اسکو جب سے دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

یفعلہ وعن ام سلمۃ رض قالت شکوت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اشتکی فقال طوفی من وراء الناس

کرتے اسکو اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہا اسنے شکایت کی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ میں بیمار ہوں سو فرمایا طواف کر پیچھے سب لوگوں کے

وانت راکبۃ فطفت ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الی جنب البیت یقرء بالطور وکتاب مسطور متفق علیہ

سوار ہو کر سو طواف کیا میں نے جس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے پہلو میں کعبے کے پڑھتے تھے سورہ طور کو ق۔

وعن عابس بن ربیعۃ رض قال رایت عمر یقبل الحجر ویقول انی لاعلم انک حجر ما تنفع ولا تضر ولولا انی رأیت

اور روایت ہے عابس بن ربیعہ رض سے کہ کہا اسنے دیکھا میں عمر کو بوسہ لیتے حجر اسود کا اور کہتے یہ کہ میں البتہ جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے نہ نفع دے سکتا ہے اور نہ ضرر اور اگر یہ نہ ہوتا کہ میں نے دیکھا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یبدأ بما وتبلٹ متفق علیہ * وعن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال وکل بہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہاتھ لیتے تو لیتا تھا بوسہ ق * اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مقرر کیا ہے

سبعون ملکا یعنی الرکن الیمانی فمن قال اللھم انی اسئلک العفو والعافیۃ فی الدنیا والاخرۃ ربنا اتنا فی الدنیا

ستر فرشتے یعنے رکن یمانی پر پھر جو کوئی کہ کہے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے معافی و سلامتی دنیا اور آخرت میں ربنا اتنا فی الدنیا

حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار قالوا امین رواہ ابن ماجۃ وعنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من طاف

حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار کہتے ہیں یوں ہی ہو جیو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے * اور اسی سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی طواف کرے

بالبیت سبعا ولا یتکلم الا بسبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ محیت عنہ

بیت اللہ کا ساتھ پھیرے اور کچھ نہ کہے سوا سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ کے دور ہوتے ہیں اس سے

عشر سیئات وکتبت لہ عشر حسنات ورفع لہ عشر درجات ومن طاف فتکلم وھو فی تلک الحال خاض فی الرحمۃ برجلیہ

دس برائیاں اور لکھی جاتی ہیں اسکے لئے دس نیکیاں اور بلند ہوتے اسکے دس درجے اور جسنے طواف کیا پھر کلام کیا اس حال میں گر پڑتا ہے رحمت میں اپنے دونوں پاؤں

کخائض الماء برجلیہ رواہ ابن ماجۃ

باب الوقوف بعرفۃ

الفصل الاول

عن محمد بن ابی بکر الثقفی

مانند پانی میں آنے والے کے ق روایت کیا اسکو ابن ماجہ * یہ باب ہے عرفات پر کھڑے رہنے کے * پہلی فصل * روایت ہے محمد بن ابی بکر ثقفی سے

انہ سال انس بن مالک وھما غادیان من منی الی عرفۃ کیف کنتم تصنعون فی ھذا الیوم مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کہ اسنے پوچھا انس بن مالک سے اور دونو جاتے تھے منا سے عرفات کی طرف کیا کرتے تھے تم اس دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

فقال کان یھل منا المھل فلا ینکر علیہ ویکبر المکبر منا فلا ینکر علیہ متفق علیہ * وعن جابر رض ان رسول اللہ صلی اللہ

سو کہا اسنے کوئی صحابہ سے لبیک کہتا پھر کوئی کچھ نہ کہتا اسکو اور کوئی اللہ اکبر کہتا پھر کوئی کچھ نہ کہتا اسکو ق * اور روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم قال نحرت ھھنا ومنی کلھا منحر فانحروا فی رحالکم ووقفت ھھنا وعرفۃ کلھا موقف ووقفت ھھنا

علیہ وسلم نے فرمایا نحر کیا میں اس جگہ اور سارا منا نحر کی جگہ ہے سو نحر کرو تم اپنی جگہوں میں اور وقف کیا اس جگہ اور سارا عرفہ وقوف کی جگہ ہے اور ٹھہرا میں اس جگہ

وجمع کلھا موقف رواہ مسلم * وعن عائشۃ رض قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من یوم اکثر من ان

اور سارا مزدلفہ وقوف کی جگہ ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی دن زیادہ

یعتق اللہ فیہ عبدا من النار من یوم عرفۃ وانہ لیدنو ثم یباھی بھم الملئکۃ فیقول ما اراد ھؤلاء رواہ مسلم

آزاد کرنے کے رو سے اللہ کے اپنے بندے کو دوزخ سے عرفہ کے دن سے اور بیشک اللہ قریب ہوتا ہے پھر فخر کرتا ہے ان کے ساتھ فرشتوں پر پھر فرماتا ہے کیا ارادہ کیا

الفصل الثانی

عن عمرو بن عبد اللہ بن صفوان عن خال لہ یقال لہ یزید بن شیبان قال کنا فی موقف لنا بعرفۃ

دوسری فصل * روایت ہے عمرو بن عبد اللہ بن صفوان سے اسکے ایک ماموں سے کہ اسکو یزید بن شیبان کہتے ہیں کہ کہا اسنے کھڑے تھے ہم ق اپنی جگہ

یباعدہ عمرو من موقف الامام جدا فاتانا ابن مربع الانصاری فقال انی رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیکم یقول

کہ بتاتا تھا اسکو عمرو امام کے کھڑے رہنے کی جگہ سے بہت دور سو آیا ہمارے پاس ابن مربع انصاری پھر کہا کہ میں بھیجا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوں تمہاری طرف فرماتے

لکم قفوا علی مشاعرکم فانکم علی ارث من ارث ابیکم ابراھیم علیہ السلام رواہ الترمذی وابو داود والنسائی وابن ماجۃ

تمکو کہ کھڑے رہو اپنے ٹھکانوں پر کہ بیشک تم ایک میراث پر ہو اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی میراث سے ق روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ

وعن جابر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كل عرفة موقف وكل منى منحر وكل المزدلفة موقف وكل

اور روایت ہے جابر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سارا عرفات ٹھیرنے کی جگہ ہے اور سارا منیٰ قربانی کی جگہ اور سارا مزدلفہ ٹھیرنے کی جگہ ہے اور

فجاج مكة طريق ومنحر رواه ابو داود والدارمي وعن خالد بن هوذة رض قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يخطب

کشادہ راہیں مکہ کی راہ ہیں اور نحر کی جگہ ہیں روایت کیا اسکو ابوداود اور دارمی نے اور روایت ہے خالد بن ہوذہ رض سے کہا انہوں نے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ

الناس يوم عرفة على بعير قائما في الركابين رواه ابو داود وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه

تعلیم مناسک لوگوں کو عرفہ کے دن اونٹ پر کھڑے ہوئے دونوں رکابوں پر روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال خير الدعاء دعاء يوم عرفة وخير ما قلت انا والنبيون من قبلي لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك

وسلم نے فرمایا بہترین دعا دعا عرفہ کے دن کی ہے اور بہتر سب اقوال سے جو میں نے اور اگلے نبیوں نے کہا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک

وله الحمد وهو على كل شيء قدير رواه الترمذي وروى مالك عن طلحة بن عبيد الله الى قوله لا شريك له وعن

ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک نے طلحہ بن عبید اللہ سے حضرت کے قول تک لا شریک لہ اور روایت ہے

طلحة بن عبيد الله بن كريز ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما رأى الشيطان يوما هو فيه اصغر ولا ادحر

طلحہ بن عبید اللہ ابن کریز سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ دیکھا گیا شیطان کسی دن میں کہ وہ اسمیں بہت چھوٹا اور راندہ ہوا

ولا احقر ولا اغيظ في يوم عرفة وما ذاك الا لما يرى من تنزل الرحمة وتجاوز الله عن الذنوب العظام الا ما رأى

اور حقیر اور غصہ بھرا ہوا ہو اس سے کہ عرفہ کے دن میں ہوتا ہے اور نہیں وہ مگر دیکھنے کے سبب سے اترنے رحمت الٰہی کے اور درگذر کرنے کو اللہ کے بڑے گناہوں سے مگر جو کچھ دیکھا گیا

يوم بدر فانه قد رأى جبرئيل يزع الملائكة رواه مالك مرسلا وفي شرح السنة بلفظ المصابيح وعن جابر رض

بدر کی لڑائی کے دن پھر بیشک شیطان نے دیکھا جبرئیل کو صف باندھتے فرشتوں کے روایت کیا اسکو مالک نے سند مرسل سے اور شرح سنہ میں مصابیح کی عبارت سے بھی اور روایت ہے جابر رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان يوم عرفة ان الله ينزل الى السماء الدنيا فيباهي بهم الملائكة فيقول انظروا

کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آتا ہے عرفے کا دن بیشک اللہ اترتا ہے پہلی آسمان پر پھر فخر کرتا ہے آدمیوں سے فرشتوں پر پھر فرماتا ہے دیکھو

الى عبادي اتوني شعثا غبرا ضاجين من كل فج عميق اشهدكم اني قد غفرت لهم فيقول الملائكة يا رب فلان كان يرهق

میرے بندوں کو کہ آئے حج کرنے بکھرے بالوں سے گرد بھرے ہوئے پکار کر لبیک کہتے ہوئے دور دور کی راہوں سے گواہ کرتا ہوں میں تمہیں کہ بخشدیا میں نے ان کے گناہ پھر کہتے ہیں فرشتے اے رب فلانا آدمی گنہگار تھا

وفلان وفلانة قال يقول الله عز وجل قد غفرت لهم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فما من يوم اكثر عتيقا من النار من يوم

اور فلانا اور فلانی عورت فرماتا ہے اللہ عالم اور بزرگ انکو بھی بخشدیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر کوئی دن زیادہ نہیں آزاد کرنے میں دوزخ سے

عرفة رواه في شرح السنة

الفصل الثالث

عن عائشة رض قالت كان قريش ومن دان دينها يقفون بالمزدلفة

عرفے کے دن سے روایت کیا اسکو شرح السنہ میں تیسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے معمول تھا قریش کا اور ان کا کہ قبول کیا دین انکا کہ وقوف کرتے مزدلفہ

وكانوا يسمون الحمس وكان سائر العرب يقفون بعرفة فلما جاء الاسلام امر الله تعالى نبيه صلى الله عليه وسلم ان

اور کہتے تھے قریش حمس اور دوسرے تمام عرب ٹھہرتے عرفات پر پھر جب زمانہ اسلام کا آیا حکم کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

يأتي عرفات فيقف بها ثم يفيض منها فذلك قوله تعالى ثم افيضوا من حيث افاض الناس متفق عليه وعن عباس بن

آنے کا جبل عرفات پر پھر ٹھہرے رہتے اس پر پھر پھرتے وہاں سے سو یہی معنی ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول کے پھر پھرو جہاں سے پھرتے ہیں عوام لوگ اور روایت ہے عباس بن

مرداس رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا لامتہ عشیة عرفة بالمغفرة فاجیب انی قد غفرت لہم ما خلا الظالم

مرداس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی اپنی امت کے لئے شام کو عرفہ کے دن کی مغفرت کی سو قبول ہوئی

فانی اٰخذ للمظلوم منہ قال ای رب ان شئت اعطیت المظلوم من الجنة وغفرت للظالم فلم یجب عشیتہ فلما اصبح

سو تحقیق میں لونگا مظلوم کا حق ظالم سے فرمایا اے میرے رب اگر تو چاہے تو دے مظلوم کو بہشت اور بخشدے ظالم کو سو قبول نہوئی انکی وہ دعا اس رات میں پھر جب صبح کی

بالمزدلفة اعاد الدعاء فاجیب الی ما سال قال فضحک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او قال تبسم فقال لہ ابوبکر وعمر

مزدلفہ میں وہی دعا کی سو قبول ہوئی انکی دعا جو مانگا کہا راوی نے پھر ہنس دیئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یا کہا مسکرا دیئے پھر کہا حضرت ابوبکر اور عمر نے

بابی انت وامی ان ہذہ لساعة ما کنت تضحک فیہا فما الذی اضحکک اضحک اللہ سنک قال ان عدو اللہ ابلیس لما

ماں باپ ہمارے آپ پر قربان یہ وقت ایسا ہے کہ نہ ہنستے تھے آپ اس میں پھر کیا سبب ہوا ہنسنے کا آپکو ہمیشہ ہنستا رکھے اللہ آپکے دانت فرمایا بیشک خدا کا دشمن ابلیس جب

علم ان اللہ عز وجل قد استجاب دعائی وغفر لامتی اخذ التراب فجعل یحثوہ علی راسہ ویدعو بالویل والثبور فاضحکنی

معلوم کیا کہ اللہ غالب بزرگ نے تحقیق قبول کیا میری دعا کو اور بخشدیا میری امت کو لیا خاک پھر لگا ڈالنے اسکو اپنے سر پر اور پکارنے لگا واویلا و وا ثبورا سو ہنسایا مجھ کو

ما رأیت من جزعہ رواہ ابن ماجہ وروی البیہقی فی کتاب البعث والنشور نحوہ

جو دیکھا اسکے رونے پیٹنے کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں مانند اسکے

باب الدفع من عرفة والمزدلفة

٭ یہ باب بیان میں پھرنے کے بیچ عرفات اور مزدلفہ سے

الفصل الاول

عن ہشام بن عروة عن ابیہ قال سئل اسامة بن زید کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسیر فی حجة

پہلی ٭ روایت ہے ہشام بن عروہ سے اسکے باپ سے کہا انہنے کہ پوچھا اسامہ بن زید رض سے کیسی چال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے تھے حج

الوداع حین دفع قال کان یسیر العنق فاذا وجد فجوة نص متفق علیہ وعن ابن عباس رض انہ دفع مع النبی صلی اللہ

الوداع میں جب پھرے کہا انہنے چلتے تھے جلدی جلدی پھر جب پاتے مکان خالی زیادہ جلدی چلاتے ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ وہ پھرے ساتھ نبی صلی اللہ

علیہ وسلم یوم عرفة فسمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم وراءہ زجرا شدیدا وضربا للابل فاشار بسوطہ الیہم وقال یا ایہا

علیہ وسلم کے ساتھ عرفہ کے دن سو سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پیچھے اپنے آواز سخت ڈانٹنے اور مارنے کی اونٹوں کو پھر اشارہ کیا اپنے کوڑے سے انکی طرف اور فرمایا اے

الناس علیکم بالسکینة فان البر لیس بالایضاع رواہ البخاری وعنہ ان اسامة بن زید کان ردف النبی صلی اللہ علیہ

لوگو آہستہ چلو اس لئے کہ بھلائی جلدی چلانے میں نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ اسامہ بن زید سوار تھا پیچھے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم من عرفة الی المزدلفة ثم اردف الفضل من المزدلفة الی منی فکلاہما قال لم یزل النبی صلی اللہ علیہ وسلم یلبی حتی رمی

وسلم کے عرفہ سے مزدلفہ تک پھر سوار کر لیا پیچھے فضل عباس کو مزدلفہ سے منا تک سو دونوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم لبیک فرماتے رہے یہاں تک کہ

جمرة العقبة متفق علیہ وعن ابن عمر رض قال جمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم المغرب والعشاء بجمع کل واحدة منہما

کنکر مارے جمرہ عقبہ پر ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہنے ملا کر پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مغرب اور عشا کی مزدلفہ میں ہر ایک انمیں سے

باقامة ولم یسبح بینہما ولا علی اثر کل واحدة منہما رواہ البخاری وعن عبد اللہ بن مسعود رض قال ما رأیت رسول اللہ

الگ تکبیر سے اور نماز نہ پڑھی درمیان انکے اور نہ پیچھے ہر ایک انمیں سے ٭ ث ٭ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود رض سے کہا انہنے نہ دیکھا میں نے رسول

صلی اللہ علیہ وسلم صلی صلوٰة الا لمیقاتہا الا صلوتین صلوٰة المغرب والعشاء بجمع وصلی الفجر یومئذ قبل میقاتہا

صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ پڑھی ہو کوئی نماز بغیر وقت کے مگر دو نماز مغرب و عشا کی مزدلفہ میں اور پڑھی صبح کی نماز اس دن قبل صبح صادق کے ٭ ق

متفق عليه ۔ وعن ابن عباس رضه قال انا ممن قدم النبي صلى الله عليه وسلم ليلة المزدلفة في ضعفة اهله متفق عليه

ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے میں ان لوگوں میں سے ہوں کہ قبل صبح کے روانہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ کی رات میں ضعیف اہل و عیال

وعن الفضل بن عباس رضه وكان رديف رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال في عشية عرفة وغداة جمع للناس حين

اور روایت ہے فضل بن عباس رض سے اور تھا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیٹھ کے پیچھے سوار کہ حضرت نے فرمایا لوگوں سے عرفہ کی شام اور صبح مزدلفہ جب جلنے لگے لوگ

دفعوا عليكم بالسكينة وهو كاف ناقته حتى دخل محسرا وهو من منى قال عليكم بحصى الخذف الذي يرمى به الجمرة

جلدی چلنے لگے آہستہ چلو کھینچ کر مہار اپنی اونٹنی کی یہاں تک کہ داخل ہو وادی محسر میں اور وہ قریب منا کے ہے تب فرمایا لے لو کنکریاں مانند خذف کی کنکریوں کے کہ مارے جائیں

وقال لم يزل رسول الله صلى الله عليه وسلم يلبي حتى رمى الجمرة رواه مسلم وعن جابر رضه قال افاض النبي صلى الله عليه

اور کہا ہمیشہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لبیک فرماتے رہے یہاں تک کہ کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا اسنے پھرے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم من جمع وعليه السكينة وامرهم بالسكينة واوضع في وادي محسر وامرهم ان يرموا بمثل حصى الخذف

وسلم مزدلفہ سے آہستہ چلتے ہوئے اور حکم کیا انکو آہستگی کا اور جلدی چلایا اونٹ وادی محسر میں اور حکم کیا ان کو رمی کرنے کا ایسی کنکریوں سے کہ مانند خذف

وقال لعلي لا اراكم بعد عامي هذا لم اجد هذا الحديث في الصحيحين الا في جامع الترمذي مع تقديم وتاخير الفصل

اور فرمایا شاید میں نہ دیکھنے پاؤں تمکو بعد اس سال کے نہ پایا میں اس حدیث کو بخاری مسلم میں سو کتاب جامع ترمذی کے الفاظ کی تقدیم و تاخیر کے ساتھ فصل

الثاني عن محمد بن قيس بن مخرمة قال خطب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ان اهل الجاهلية كانوا يدفعون

دوسری روایت ہے محمد بن قیس بن مخرمہ سے کہا اسنے خطبہ پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا ایام جاہلیت کے لوگ پھرتے تھے

من عرفة حين تكون الشمس كانها عمائم الرجال في وجوههم قبل ان تغرب ومن المزدلفة بعد ان تطلع الشمس حين

عرفات سے جس وقت ہوتی چمک آفتاب کی بطور لوگوں کی پگڑیوں کے ان کے منہوں پر پہلے غروب کے اور مزدلفہ سے بعد آفتاب نکلنے کے

تكون كانها عمائم الرجال في وجوههم وانا لا ندفع من عرفة حتى تغرب الشمس وندفع من المزدلفة قبل ان تطلع

ہوتی چمک اسکی جیسے چمک لوگوں کی پگڑیوں کی ان کے منہوں پر اور بیشک ہم نہیں چلتے عرفات سے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب اور چلینگے مزدلفہ سے پہلے

الشمس هدينا مخالف لهدي عبدة الاوثان والشرك رواه البيهقي في شعب الايمان وقال فيه خطبنا وساقه بنحوه

آفتاب کے طلوع ہماری راہ مخالف ہے راہ سے بت پرستوں کی اور راہ سے شرک کی روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور کہا اپنی روایت میں خطبہ سنایا ہمکو اور لکھا باقی

وعن ابن عباس رضه قال قدمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة المزدلفة اغيلمة بني عبد المطلب على حمرات

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے کہ پہلے بھیجا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ کی رات میں یعنی لڑکوں کو عبد المطلب کی اولاد کے گدھوں پر سوار کر کے

فجعل يلطح افخاذنا ويقول ابني لا ترموا الجمرة حتى تطلع الشمس رواه ابو داود والنسائي وابن ماجه وعن عائشة

پھر مارنے لگے ہاتھ ہماری رانوں پر اور پیار سے فرمانے لگے اے بیٹو کنکری نہ مارو جمرہ پر یہاں تک کہ نکل آوے آفتاب روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ

رضه قالت ارسل النبي صلى الله عليه وسلم بام سلمة ليلة النحر فرمت الجمرة قبل الفجر ثم مضت فافاضت وكان ذلك اليوم

فقال العباس یا رسول اللہ الا الاذخر فانہ لقینہم ولبیوتہم متفق علیہ وفی روایۃ ابی ہریرۃ لا یعضد شجرہا
تب کہا عباس نے اے رسول اللہ کے فرمائے مگر اذخر کا درخت کہ وہ انکے لہاروں کے اور گھروں کے کام آتا ہے * ق * اور ابی ہریرہ کی روایت میں کوئی نکاٹے خود رو درخت اسکا

ولا یلتقط ساقطتہا الا منشد وعن جابر رض قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحل لاحدکم ان یحمل بمکۃ
اور نہ اٹھاوے گری چیز اسکی سوا منشد کے ف اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا انہنے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے روا نہیں کسی کے لئے تم میں سے کہ اٹھاوے مکہ میں

السلاح رواہ مسلم وعن انس رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل مکۃ یوم الفتح وعلی راسہ المغفر فلما نزعہ جاء
ہتھیار ف روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے مکے میں فتح کے دن اپنے سر پر خود دھرکے ف پھر جب اتارا اسکو آیا

رجل وقال ان ابن خطل متعلق باستار الکعبۃ فقال اقتلہ متفق علیہ وعن جابر رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ایک مرد اور کہا کہ ابن خطل لٹکا ہوا ہے کعبے کے پردوں سے فرمایا مار اسکو ق اور روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دخل مکۃ یوم فتح مکۃ وعلیہ عمامۃ سوداء بغیر احرام رواہ مسلم وعن عائشۃ رض قالت قال رسول اللہ صلی

داخل ہوئے مکے میں فتح مکے کے دن کالا عمامہ سر پر باندھ کر بغیر احرام کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم یغزو جیش الکعبۃ فاذا کانوا ببیداء من الارض یخسف باولہم واخرہم قلت یا رسول اللہ وکیف

اللہ علیہ وسلم نے لڑائی کریگا ایک لشکر آخر زمانے میں کعبے سے پھر جب پہنچینگے کسی بیابان زمین میں زمین میں دھس جاوینگے اول اور آخر انکے کہا میں نے یا رسول اللہ اور کیسے

یخسف باولہم واخرہم وفیہم اسواقہم ومن لیس منہم قال یخسف باولہم واخرہم ثم یبعثون علی نیاتہم

دھس جاوینگے اول اور آخر ان کے حالانکہ انمیں بازار والے ہونگے اور وہ لوگ کہ نہیں ان سے شریک ہونگے فرمایا دھس جاوینگے اول و آخر انکے سبھی پھر حشر ہوگا انکا انکی نیتوں پر

متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرب الکعبۃ ذو السویقتین من الحبشۃ

ق اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ویران کریگا کعبے کو ایک مرد کہ پنڈلیاں اسکی باریک ہونگی کافر حبش سے

متفق علیہ وعن ابن عباس رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کانی بہ اسود افحج یقلعہا حجرا حجرا رواہ البخاری الفصل

ق اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا گویا میں دیکھ رہا ہوں اسکو اسود افحج اکھیڑ ڈالیگا کعبے کا ایک ایک پتھر روایت کیا اسکو بخاری نے

الثانی عن یعلی بن امیۃ رض قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال احتکار الطعام فی الحرم الحاد فیہ رواہ ابو داؤد

دوسری روایت ہے یعلی بن امیہ رض سے کہ کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھر رکھنا غلے کا حرم میں بڑا گناہ ہے اسمیں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابن عباس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لمکۃ ما اطیبک من بلد واحبک الی ولولا ان قومی اخرجونی

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکے کو تو عجب ستھرا شہر ہے اور عجب میرا محبوب ہے اور اگر یہ نہ ہوتا کہ میری قوم نکالا

منک ما سکنت غیرک رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث حسن صحیح غریب اسنادا وعن عبد اللہ بن عدی بن حمراء قال

تجھ سے نہ رہتا دوسرے شہر میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے سند کی رو سے اور روایت ہے عبد اللہ بن عدی بن حمراء سے کہ کہا اسنے

رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واقفا علی الحزورۃ فقال واللہ انک لخیر ارض اللہ واحب ارض اللہ الی اللہ ولولا انی اخرجت منک

دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوئے حزورہ پر پھر فرمایا قسم اللہ کی کہ تو اللہ کی ساری زمین سے بہتر ہے اور زیادہ پیاری ہے اللہ کی اور اگر نہ ہوتا کہ مجھکو نکالا تجھ سے

ما خرجت رواہ الترمذی وابن ماجۃ الفصل الثالث عن ابی شریح العدوی رض انہ قال لعمرو بن سعید وہو یبعث

تو نہ نکلتا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے تیسری فصل روایت ہے ابی شریح عدوی رض سے کہ اسنے کہا عمرو بن سعید کو جس حال میں کہ وہ بھیجتا تھا

البعوث الی مکۃ ائذن لی ایہا الامیر احدثک قولا قام بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الغد من یوم الفتح سمعتہ اذنای ووعاہ قلبی

لشکر مکے کی طرف اجازت دے مجھے اے امیر کہ بیان کروں تجھ سے ایک بات کو کہ وعظ کیا اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری صبح کو فتح کے دن سے سنا اسکو میرے کانوں نے اور یاد رکھا دل نے

وابصرتہ عیناي حین تکلم بہ حمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ان مکۃ حرمہا اللہ ولم یحرمہا الناس فلا یحل لامرئ یؤمن باللہ

اور دیکھا حضرت کو میری آنکھوں نے جب فرمایا اسکو خوبی بیان کیا اللہ کی اور تعریف کی پھر فرمایا بیشک مکے کو بزرگی دی اللہ نے اور بزرگی نہ دی اسکو لوگوں نے سو حلال نہیں

والیوم الاخر ان یسفک بہا دما ولا یعضد بہا شجرۃ فان احد ترخص بقتال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیہا فقولوا لہ

اور قیامت پر رکھنے والے مرد کو بہانا مکے میں خون کا اور کاٹنا اسمیں درخت کا پھر اگر کوئی سند پکڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائی کی اس میں تو کہو اسکو

إن الله قد أذن لرسوله ولم يأذن لكم وإنما أذن لي فيها ساعة من نهار وقد عادت حرمتها اليوم كحرمتها بالأمس وليبلغ

کہ بیشک اللہ نے اجازت دی اپنے رسول کو اور نہیں دی تمکو اور بس اجازت دی مجھے اسمیں لڑائی کی ایک گھڑی دن کی اور تحقیق پھر آگئی اسکی بزرگی آج کے دن جیسی تھی کل

الشاهد الغائب فقيل لأبي شريح ما قال لك عمرو قال قال أنا أعلم بذلك منك يا أبا شريح إن الحرم لا يعيذ عاصيا ولا فارا

حاضر غائب کو پھر کہا گیا ابی شریح کو کیا کہا تجھے عمرو نے کہا کہ کہا اسنے میں خوب جانتا ہوں اس حدیث کو تجھ سے اے ابا شریح بیشک حرم پناہ نہیں دیتا باغی کو اور نہ

بدم ولا فارا بخربة متفق عليه وفي البخاري الخربة الجناية وعن عياش بن أبي ربيعة المخزومي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تزال

خونی کو جو بھاگ آوے اور نہ بھاگ گئے والے کو گناہ کر کے ق۔ اور بخاری میں خربہ کے معنے گناہ لکھا ہے۔ اور روایت ہے عیاش ابن ابی ربیعہ مخزومی رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

هذه الأمة بخير ما عظموا هذه الحرمة حق تعظيمها فإذا ضيعوا ذلك هلكوا رواه ابن ماجه

امت محمدی بھلائی سے جب تک کہ تعظیم کریں مکہ کی حرمت کی جیسی چاہیے پھر جب ضائع کریں اسکو ہلاک ہوجائیں گے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب حرم المدينة حرسها الله تعالى

یہ باب ہے بیان میں حرم مدینے کی حرمت کے محفوظ رکھے اسکو اللہ تعالیٰ

الفصل الأول

فصل پہلی

عن علي رض قال ما كتبنا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا القرآن وما في هذه الصحيفة قال قال رسول الله صلى الله

روایت ہے علی رض سے کہ کہا اسنے نہ لکھا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوا اس قرآن کے اور جو کچھ کہ ان ورقوں میں ہے کہا علی نے فرمایا رسول صلی اللہ

عليه وسلم المدينة حرام ما بين عير إلى ثور فمن أحدث فيها حدثا أو آوى محدثا فعليه لعنة الله والملائكة والناس

علیہ وسلم زمین مدینہ حرم ہے درمیان جبل عیر کے جبل ثور تک پھر جسنے نکالی اسمیں کوئی بدعت یا جگہ دی کسی بدعتی کو سو اسپر لعنت ہے اللہ اور فرشتے اور آدمی

أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل ذمة المسلمين واحدة يسعى بها أدناهم فمن أخفر مسلما فعليه لعنة الله والملائكة

سبھوں کی نہ قبول ہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل اور سب مسلمانوں کا ایک عہد ہے سعی کریگا اسکی ادنا مسلمان پھر جسنے عہد شکنی کی کسی مسلمان کی سو اسپر لعنت ہے اللہ اور فرشتے

والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل ومن والى قوما بغير إذن مواليه فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين

اور آدمی سبھوں کی نہ قبول ہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل اور جس مسلمان نے دوستی کی کسی قوم سے بے حکم اپنے مسلمان دوستوں کے سو اسپر لعنت ہے اللہ اور فرشتے اور آدمی سبھوں کی

لا يقبل منه صرف ولا عدل متفق عليه وفي رواية لهما من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير مواليه فعليه لعنة الله والملائكة

مقبول نہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل ق۔ اور ایک روایت میں شیخین کی جسنے بیٹا بنا دوسرے کا سوا اپنے حقیقی باپ کے یا غلام بنا کسی کا سوا اپنے مالکوں کے سو لعنت ہے اللہ اور فرشتے

والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل وعن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني أحرم ما بين لابتي

اور آدمی سبھوں کی بھی مقبول نہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل۔ اور روایت ہے سعد رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میں بیان کرتا ہوں حرمت مدینے کی دو کالے پتھروں کی زمین کے درمیان

المدينة أن يقطع عضاهها أو يقتل صيدها وقال المدينة خير لهم لو كانوا يعلمون لا يدعها أحد رغبة عنها إلا

اسکے درخت کاٹے جانے میں یا مارے جانے میں اسکے شکار کے اور فرمایا مدینے کا رہنا بھلا ہے انکو اگر جانتے ہیں نہ چھوڑیگا مدینے کو کوئی اس سے بیزار ہوکر مگر

أبدل الله فيها من هو خير منه ولا يثبت أحد على لأوائها وجهدها إلا كنت له شفيعا أو شهيدا يوم القيامة رواه مسلم

لا دیگا بدلے اسکے اللہ اسمیں اسکو کہ بہتر ہے اس سے اور نہ صبر کریگا کوئی تکلیف اور بھوک پر مدینے کی مگر ہونگا اسکا سفارشی یا گواہ قیامت کے دن روایت کیا اسکو مسلم

وعن أبي هريرة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يصبر على لأواء المدينة وشدتها أحد من أمتي إلا كنت له

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبر نہ کریگا تکلیف پر مدینے کی اور سختی پر اسکی کوئی میری امت سے مگر ہونگا اسکا

شفيعا يوم القيامة رواه مسلم وعنه قال كان الناس إذا رأوا أول الثمر جاءوا به إلى النبي صلى الله عليه وسلم فإذا أخذه قال

سفارشی قیامت کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے لوگ جب دیکھتے تھے نیا میوہ لاتے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر جب لیتے اسکو

اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مَدِينَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مُدِّنَا اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ عَبْدُكَ وَ

اے اللہ برکت دے ہمکو ہمارے میووں میں اور برکت دے ہمکو ہمارے شہر میں اور برکت دے ہمکو ہمارے صاع میں اور برکت دے ہمکو ہمارے مد میں اے اللہ بیشک ابراہیم غلام اور

خَلِيلُكَ وَنَبِيُّكَ وَإِنِّي عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ وَإِنَّهُ دَعَاكَ لِمَكَّةَ وَأَنَا أَدْعُوكَ لِلْمَدِينَةِ بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ لِمَكَّةَ وَمِثْلِهِ مَعَهُ

دوست اور نبی تیرا ہے اور میں غلام اور نبی تیرا اور مقرر اسنے دعا کی تجھ سے مکے کے لئے اور میں دعا کرتا ہوں مدینے کے لئے مثل ابراہیم کی دعا کے کہ کی اور اتنی ہی ساتھ اسکے

ثُمَّ قَالَ يَدْعُو أَصْغَرَ وَلِيدٍ لَهُ فَيُعْطِيهِ ذٰلِكَ الثَّمَرَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

پھر کہا راوی نے بلاتے کم سن لڑکے کو اپنے پھر دیتے اسکو وہ میوہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ فَجَعَلَهَا حَرَامًا وَإِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِينَةَ حَرَامًا مَا بَيْنَ مَأْزِمَيْهَا أَنْ لَا يُهْرَاقَ فِيهَا دَمٌ وَلَا يُحْمَلَ

بیشک ابراہیم مقرر کیا حرمت مکے کی پھر کیا اسکو حرام اور میں مدینے کی ایک طور پر درمیان اسکے دونالوں کے اس طرح کہ نہ بہایا جاوے خون اور نہ اٹھایا جاوے

فِيهَا سِلَاحٌ لِقِتَالٍ وَلَا تُخْبَطَ فِيهَا شَجَرَةٌ إِلَّا لِعَلَفٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ سَعْدًا رَكِبَ إِلَى قَصْرِهِ بِالْعَقِيقِ

اسمیں ہتھیار لڑائی کو اور نہ جھاڑا جاوے اسمیں پتا درخت کا مگر جانوروں کو کھلانے کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عامر بن سعد سے کہ سعد گیا سوار ہو کر اپنی حویلی میں جو وادی

فَوَجَدَ عَبْدًا يَقْطَعُ شَجَرًا أَوْ يَخْبِطُهُ فَسَلَبَهُ فَلَمَّا رَجَعَ سَعْدٌ جَاءَهُ أَهْلُ الْعَبْدِ فَكَلَّمُوهُ أَنْ يَرُدَّ عَلَى غُلَامِهِمْ أَوْ عَلَيْهِمْ مَا

سو پایا ایک غلام کو کہ کاٹ رہا تھا درخت کو یا پتا جھاڑتا تھا سو اسباب لے لیا اسکا پھر جب سعد پھر آئے آئے لوگ غلام کے پھر کہے اسکو کہ پھیر دے ان کے غلام کو یا انکو جو

أَخَذَ مِنْ غُلَامِهِمْ فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ أَنْ أَرُدَّ شَيْئًا نَفَّلَنِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَى أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

لیا ان کے غلام سے تب کہا خدا کی پناہ اس سے کہ پھیر دوں اس چیز کو کہ دلوایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور انکار کیا پھیر دینے سے انکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

عَائِشَةَ رض قَالَتْ لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وُعِكَ أَبُو بَكْرٍ وَبِلَالٌ فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ

عائشہ رض سے کہ کہا اسنے جب آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں تپ آئی ابوبکر کو اور بلال کو سو آئی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر خبر دی

فَقَالَ اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِينَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ وَصَحِّحْهَا وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِهَا وَمُدِّهَا وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ

تب فرمایا اے اللہ محبوب کر ہمارا مدینے کو جیسی محبت رکھتے ہیں مکے سے یا زیادہ اور تندرست کر اسکو ملک اور برکت دے ہمکو مدینے کے صاع اور مد میں اور لیجا اسکی تپ کو رکھ دے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رض فِي رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِينَةِ رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ

ق ہے اور روایت ہے عبداللہ بن عمر رض سے حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کی جو مدینے میں دیکھا دیکھا میں ایک عورت کو کالے رنگ کی بکھرے بالوں والی

خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِينَةِ حَتّٰى نَزَلَتْ مَهْيَعَةَ فَتَأَوَّلْتُهَا أَنَّ وَبَاءَ الْمَدِينَةِ نُقِلَ إِلٰى مَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

کہ نکل گئی مدینے سے یہاں تک کہ اتری مہیعہ میں سو اسکی تعبیر کی میں نے یہ کہ وبا مدینے کی لے گیا اللہ مہیعہ کی طرف اور مہیعہ جحفہ کا نام ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت

سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يُفْتَحُ الْيَمَنُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ

سفیان بن ابی زہیر رض سے کہ کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے فتح ہوگی ملک یمن کی پھر آویگی ایک قوم چلے جاتے ہانکتے پھر لیجاوینگے اپنے

وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ وَيُفْتَحُ الشَّامُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ

اور لونڈی غلام کو حالانکہ مدینہ بھلا ہے ان کے لئے اگر سمجھیں اور فتح ہوگی ملک شام پھر آویگی ایک قوم کہ چلے جاویں پھر لیجاوینگے اپنے بال بچے اور لونڈی غلام کو

وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ وَيُفْتَحُ الْعِرَاقُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ

حالانکہ مدینہ بھلا ہے انکے لئے اگر سمجھیں اور فتح ہوگی ملک عراق کی پھر آویگی ایک قوم کہ چلے جاویں پھر لیجاوینگے اپنے بال بچے اور لونڈی غلام حالانکہ مدینہ بھلا ہے انکے لئے

لو كانوا يعلمون متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امرت بقرية تأكل القرى يقولون يثرب

اگر سمجھیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم ہوا مجھے اس گانوں کی طرف ہجرت کا کہ کھا جاتا ہے سب گانوں کو اسکو یثرب کہتے ہیں

وهي المدينة تنفي الناس كما ينفي الكير خبث الحديد متفق عليه وعن جابر بن سمرة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

اور اسکا نام اندنوں مدینہ ہے دور کرتا ہے پلید آدمیوں کو جیسا کہ دور کرتا ہے میل لوہے کا ۔ متق ۔ اور روایت ہے جابر بن سمرہ رض سے کہ کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول ان الله سمى المدينة طابة رواه مسلم وعن جابر بن عبد الله رض ان اعرابيا بايع رسول الله صلى الله عليه وسلم

وسلم کو فرماتے بیشک اللہ نے نام رکھا مدینے کا طابہ ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ رض سے کہ ایک دیہاتی نے بیعت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فاصاب الاعرابي وعك بالمدينة فاتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا محمد اقلني بيعتي فابى رسول الله صلى الله عليه وسلم

سو آئی اس دیہاتی کو تپ مدینے میں سو آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اے محمد پھیر دیجیے میری بیعت سو قبول نکیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ثم جاءه فقال اقلني بيعتي فابى ثم جاءه فقال اقلني بيعتي فابى فخرج الاعرابي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما المدينة

پھر آیا آپ کے پاس اور کہا پھیر دیجیے مجھے میری بیعت پھر قبول نکیا پھر آیا اور کہا پھیر دیجیے بیعت میری پھر بھی قبول نکیا سو نکل گیا وہ دیہاتی تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ

كالكير تنفي خبثها وينصع طيبها متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقوم الساعة حتى

تو مانند بھٹی کے ہے کہ دور کرتا ہے میل کو اور صاف کرتا ہے اچھے لوہے کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت نہ ہوگی جب تک

تنفي المدينة شرارها كما ينفي الكير خبث الحديد رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم على انقاب المدينة

دور نکرے مدینہ برے لوگوں کو جیسا دور کرتا ہے بھٹا میل لوہے کا ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راہوں پر مدینے کی

ملئكة لا يدخلها الطاعون ولا الدجال متفق عليه وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس من بلد الا

فرشتے ہیں نہیں آتی اسمیں طاعون اور نہ آویگا دجال ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی شہر نہیں مگر

سيطؤه الدجال الا مكة والمدينة ليس نقب من انقابها الا عليها الملئكة صافين يحرسونها فينزل السبخة فترجف

اب روندیگا اسکو دجال سوا مکے اور مدینے کے نہیں کوئی راہ مدینے کی راہوں سے مگر ان پر فرشتے قطار ہو کر نگہبانی اسکی کرتے ہیں پھر اتریگا اس کھاری زمین میں تب کانپیگا

المدينة باهلها ثلث رجفات فيخرج اليه كل كافر ومنافق متفق عليه وعن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

مدینہ اپنے لوگوں کے ساتھ تین بار سو نکل جاویگا دجال کی طرف جو کوئی کہ کافر اور منافق ہوگا ۔ ق ۔ اور روایت ہے سعد رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يكيد اهل المدينة احد الا انماع كما ينماع الملح في الماء متفق عليه وعن انس رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا قدم

مکر و دغا نکریگا مدینے کے لوگوں سے کوئی مگر گھل جاویگا جیسا گھلتا ہے نمک پانی میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پھر آتے

من سفر فنظر الى جدرات المدينة اوضع راحلته وان كان على دابة حركها من حبها رواه البخاري وعنه ان النبي صلى الله عليه و

کسی سفر سے اور دیکھتے دیواروں کو مدینے کی جلد چلاتے اونٹ اپنا اور اگر ہوتے گھوڑے وغیرہ پر دوڑاتے اسکو مدینے کی محبت سے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے

سلم طلع له احد فقال هذا جبل يحبنا ونحبه اللهم ان ابراهيم حرم مكة واني احرم ما بين لابتيها متفق عليه وعن

سلم کو نظر آیا احد کا پہاڑ سو فرمایا یہ ایک پہاڑ ہے کہ دوست رکھتا ہے ہمکو اور ہم اسکو اے اللہ تحقیق ابراہیم نے حرم بیان کیا مکے کو اور میں حرام بتاتا ہوں کہ حرمت کی دو لابوں کے درمیان

سهل بن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احد جبل يحبنا ونحبه رواه البخاري

الفصل الثاني

عن

سہل بن سعد رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احد ایک پہاڑ ہے کہ وہ ہمکو اور ہم اسکو دوست رکھتے ہیں ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ دوسری فصل روایت ہے

سليمان بن أبي عبد الله قال رأيت سعد بن أبي وقاص رض أخذ رجلا يصيد في حرم المدينة الذي حرم رسول الله صلى الله عليه وسلم

سلیمان بن ابی عبد اللہ سے کہا انہوں نے دیکھا میں نے سعد بن ابی وقاص رض کو کہ پکڑا انہوں نے ایک مرد کو کہ شکار کرتا تھا مدینے کی زمین میں جو حرام کیا ہے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فسلبه ثيابه فجاء مواليه فكلموه فيه فقال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم حرم هذا الحرم وقال من أخذ أحدا يصيد فيه

سو لے لیا اسکا اسباب پھر آئے مالک اسکے اور گفتگو کی اس سے سو کہا اسنے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم کیا اس حرم کو اور فرمایا جو کوئی پکڑے کسی کو کہ شکار کرتا ہو اس میں

فليسلبه فلا أرد عليكم طعمة أطعمنيها رسول الله صلى الله عليه وسلم ولكن إن شئتم دفعت إليكم ثمنه رواه أبو داود

سو لیگا اسباب اسکا پھر نہ دونگا تمکو وہ خوراک کہ دیا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لیکن اگر چاہو تو دیتا ہوں قیمت اسکی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن صالح مولى لسعد أن سعدا وجد عبيدا من عبيد المدينة يقطعون من شجر المدينة فأخذ متاعهم وقال يعني

اور روایت ہے صالح سے جو آزاد کیا ہوا سعد کا ہے کہ سعد نے پایا کتنے غلاموں کو مدینے کے غلاموں سے کاٹتے ہوئے درخت مدینے کے سو لے لیا اسباب انکا اور کہا یعنی

لمواليهم سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى أن يقطع من شجر المدينة شيء وقال من قطع منه شيئا فلمن أخذه سلبه رواه

مالکوں کو انکے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منع کرتے کاٹنے سے درختوں مدینے کے کچھ اور فرمایا جو کوئی کاٹے اس میں سے کچھ سو جو پکڑے اسکو اسکے لیے اسباب اسکا روایت کیا اسکو

أبو داود وعن الزبير رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن صيد وج وعضاهه حرم محرم لله رواه أبو داود وقال

ابو داؤد نے اور روایت ہے زبیر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر شکار وج کا اور کانٹے دار درخت اسکے حرام ہیں حرام کیا ہوا اللہ کا روایت کیا اسکو

محيي السنة وج ذكروا أنها من ناحية الطائف وقال الخطابي أنه بدل أنها وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

محی السنہ نے وج کا ذکر کیا کہ طائف کی طرف ہے اور کہا خطابی نے انہ کی جگہ انہا اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

من استطاع أن يموت بالمدينة فليمت بها فإني أشفع لمن يموت بها رواه أحمد والترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب إسنادا

جو کوئی سکے کہ مدینے میں مرے سو مرے اس میں پس تحقیق میں شفاعت کرونگا اسکی جو مرے اس میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے سند سے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم آخر قرية من قرى الإسلام خرابا المدينة رواه الترمذي وقال هذا حديث

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر شہر اسلام کے سب شہروں سے ویران ہونے میں مدینہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

حسن غريب وعن جرير بن عبد الله رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إن الله أوحى إلي أي هؤلاء الثلاث نزلت فهي دار

حسن غریب ہے اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا بیشک اللہ نے حکم بھیجا میری طرف جس میں ان تین میں اتروگے سو وہ

هجرتك المدينة أو البحرين أو قنسرين رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن أبي بكرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال

تیری ہجرت کا گھر ہے مدینہ اور بحرین اور شہر قنسرین روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے ابی بکرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

لا يدخل المدينة رعب المسيح الدجال لها يومئذ سبعة أبواب على كل باب ملكان رواه البخاري وعن أنس رض عن النبي صلى

داخل نہوگی مدینے میں دہشت مسیح دجال کی مدینے کے اسدن سات دروازے ہونگے ہر دروازے پر دو فرشتے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس رض سے نبی صلی

الله عليه وسلم قال اللهم اجعل بالمدينة ضعفي ما جعلت بمكة من البركة متفق عليه وعن رجل من آل الخطاب عن النبي صلى

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اے اللہ کر مدینے میں دگنی برکت اس برکت سے کہ کی تو نے مکے میں ق اور روایت ہے ایک مرد سے خطاب کی اولاد سے نبی صلے

الله عليه وسلم قال من زارني متعمدا كان في جواري يوم القيامة ومن سكن المدينة وصبر على بلائها كنت له شهيدا وشفيعا

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جسنے زیارت کی میری قصد ہو کر تھا میرے ہمسایہ قیامت کے دن اور جسنے اختیار کیا مدینے کا رہنا اور صبر کیا اسکی بلا پر ہونگا اسکا گواہ اور سفارشی

يوم القيامة ومن مات في أحد الحرمين بعثه الله من الآمنين يوم القيامة وعن ابن عمر مرفوعا من حج فزار قبري بعد موتي كان كمن زارني

قیامت کے دن اور جو کوئی مر گیا کسی ایک حرم میں اٹھاویگا اسکو اللہ امن والوں کے ساتھ قیامت کے دن اور روایت ہے ابن عمر سے مرفوع کہ جس نے حج کیا پھر زیارت کی میری قبر کی بعد میرے

في حياتي رواهما البيهقي في شعب الإيمان وعن يحيى بن سعيد أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان جالسا وقبر يحفر

زندگی میں روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے یحیی بن سعید سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے اور ایک قبر کھدی جاتی تھی

بالمدينة فاطلع رجل في القبر فقال بئس مضجع المؤمن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بئسما قلت قال الرجل إني لم أرد هذا إنما أردت

مدینے میں پس جھانکا ایک مرد نے قبر میں پھر کہا یہ قبر بری خوابگاہ ہے ایماندار کی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بری بات ہے جو کہا تو کہا اس مرد نے نہیں ارادہ کیا میں نے اسکا

القتل في سبيل الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا مثل القتل في سبيل الله ما على الأرض بقعة أحب إلي أن يكون قبري بها

شہادت کی فضیلت کا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مانند شہادت کے اللہ کی راہ میں نہیں روئے زمین پر کوئی جگہ زیادہ پیاری مجھ کو یہ کہ ہو

منها ثلاث مرات رواه مالك مرسلا وعن ابن عباس قال قال عمر بن الخطاب سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو

مدینے سے تین بار روایت کیا اسکو مالک نے مرسل اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہا عمر بن خطاب نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں کہ حضرت

بوادي العقيق يقول أتاني الليلة آت من ربي فقال صل في هذا الوادي المبارك وقل عمرة في حجة وفي رواية وقل عمرة وحجة رواه

وادی عقیق میں تھے فرماتے آیا میرے پاس آج کی رات ایک فرشتہ میرے رب کی طرف سے پس کہا نماز پڑھ اس برکت والی وادی میں اور کہہ عمرہ ہے حج میں اور ایک روایت میں ہے اور کہہ عمرہ اور حج ہے روایت

البخاري

بخاری نے

كتاب البيوع

یہ کتاب خرید و فروخت کے بیان میں ہے

باب الكسب وطلب الحلال

باب بیان میں روزی کمانے اور حلال ڈھونڈنے کے

الفصل الأول

پہلی فصل

عن المقدام بن معديكرب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أكل أحد طعاما قط خيرا من أن يأكل من عمل يديه وإن نبي الله داود كان يأكل من عمل يديه رواه البخاري وعن

مقدام بن معدیکرب سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھایا کوئی کھانا کبھی بہتر اس سے کہ کھاوے ہاتھ کی کمائی سے اور بیشک اللہ کے نبی داؤد کھاتے تھے ہاتھ کی کمائی سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله طيب لا يقبل إلا طيبا وإن الله أمر المؤمنين بما أمر به المرسلين فقال يا أيها الرسل

ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ پاک ہے نہیں قبول کرتا مگر پاک کو اور تحقیق اللہ نے حکم کیا ایمانداروں کو ساتھ اس چیز کے کہ حکم کیا اسکا رسولوں کو پس فرمایا اے رسولو

كلوا من الطيبات واعملوا صالحا وقال يا أيها الذين آمنوا كلوا من طيبات ما رزقناكم ثم ذكر الرجل يطيل السفر أشعث أغبر يمد يديه إلى السماء

کھاؤ حلال روزیاں اور کرو اچھے کام اور فرمایا اے ایمان والو کھاؤ حلال روزیوں سے جو دی ہم نے تمکو پھر ذکر کیا حضرت نے اس مرد کا کہ سفر دراز کرے بال بکھرے خاک آلودہ اٹھاوے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف

يا رب يا رب ومطعمه حرام ومشربه حرام وملبسه حرام وغذي بالحرام فأنى يستجاب لذلك رواه مسلم وعنه قال قال رسول

کہتا ہو اے پروردگار اے پروردگار اور کھانا اور پینا اور لباس اسکا حرام ہو اور پرورش پائی ہو حرام سے پھر کس طور قبول ہوگی دعا اس کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

الله صلى الله عليه وسلم يأتي على الناس زمان لا يبالي المرء ما أخذ منه أمن الحلال أم من الحرام رواه البخاري وعن النعمان بن بشير قال

علیہ وسلم نے آویگا لوگوں پر ایک زمانہ کہ پرواہ نہ کریگا مرد اس چیز کی کہ لیا اسے کیا حلال سے لیا یا حرام سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحلال بين والحرام بين وبينهما مشتبهات لا يعلمهن كثير من الناس فمن اتقى

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال اور حرام ظاہر ہے اور درمیان میں اشتباہ کی چیزیں ہیں کہ حقیقت انکی معلوم نہیں کر سکتے اکثر لوگ پس جو کوئی بچا

الشبهات استبرأ لدينه وعرضه ومن وقع في الشبهات وقع في الحرام كالراعي يرعى حول الحمى يوشك أن يرتع

شبہ کی چیزوں سے بچایا اپنے دین اور آبرو کو اور جو کوئی پڑا شبہ کی چیزوں میں پڑا حرام میں مانند چرواہے کے کہ چراتا ہے جانور گرد رمنے کے قریب ہے کہ چرنے لگے

بينه الا وان لكل ملك حمى الا وان حمى الله محارمه الا وان في الجسد مضغة اذا صلحت صلح الجسد كله واذا فسدت

رہنے ہیں خبردار اور مقرر ہر بادشاہ کا ایک رمنا ہوتا ہے خبردار اور بیشک رمنا اللہ کا حرام کام ہیں خبردار اور مقرر آدمی کے جسم میں ایک ٹکڑا گوشت کا جب وہ سدھر جاتی ہے تو تمام بدن سدھر جاتا ہے اور جب وہ بگڑ جاتی ہے

فسد الجسد كله الا وهي القلب متفق عليه وعن رافع بن خديج رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمن

تو تمام جسم بگڑ جاتا ہے خبردار اور وہ ٹکڑا دل ہے ق اور روایت ہے رافع بن خدیج رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیمت

الكلب خبيث ومهر البغي خبيث وكسب الحجام خبيث رواه مسلم وعن ابي مسعود الانصاري رض ان

کتے کی پلید ہے اور خرچی زناکار عورت کی پلید ہے اور سینگی لگا کر مزدوری لینا پلید کام ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مسعود انصاری رض سے کہ بیشک

رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الكلب ومهر البغي وحلوان الكاهن متفق عليه وعن ابي جحيفة رض

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا کتے کی قیمت سے اور زناکار عورت کی خرچی سے اور کنجری وغیرہ لینے سے فال کھولنے والے کے ق اور روایت ہے ابی جحیفہ رض سے

ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الدم وثمن الكلب وكسب البغي ولعن آكل الربو وموكله والواشمة والمستوشمة و

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا قیمت لہو کی اور قیمت کتے کی اور زناکار کی خرچی سے اور لعنت کی سود کھانے والے اور سود کھلانے والے پر اور گودنے والی پر اور گودھوانے والی

المصور رواه البخاري وعن جابر رض انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول عام الفتح وهو بمكة ان الله

تصویر بنانے والے پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ سنا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے فتح مکہ کے سال اور حضرت مکہ میں تھے بیشک اللہ

ورسوله حرم بيع الخمر والميتة والخنزير والاصنام فقيل يا رسول الله ارأيت شحوم الميتة فانه تطلى بها السفن

اور اسکے رسول نے حرام کیا بیچنا شراب کا اور مردار کا اور سور کا اور بتوں کا پھر کہا کسی نے ای رسول اللہ کے خبر دیجئے مردار کی چربی سے کہ اس سے کشتیوں کو ملتے ہیں

ويدهن بها الجلود ويستصبح بها الناس فقال لا هو حرام ثم قال عند ذلك قاتل الله اليهود ان الله لما حرم شحومها اجملوه

اور چکنے کرتے ہیں ان سے چمڑوں کو اور چراغ جلاتے ہیں اس سے لوگ سو فرمایا نہ بیچو اسکا بیچنا حرام ہے پھر فرمایا ہلاک کرے اللہ یہود کو بیشک اللہ نے حرام کیا جب چربی کو تو پگھلایا

ثم باعوه فاكلوا ثمنه متفق عليه وعن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال قاتل الله اليهود حرمت عليهم

پھر بیچا اسکو پھر کھائی قیمت اسکی ق اور روایت ہے عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلاک کرے اللہ یہود کو حرام ہوئیں ان پر

الشحوم فجملوها فباعوها متفق عليه وعن جابر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الكلب والسنور رواه

چربیاں سو پگھلایا انکو اور بیچا ق اور روایت کیا گیا جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا قیمت لینے سے کتے اور بلی کی روایت کیا اسکو

مسلم وعن انس رض قال حجم ابو طيبة رسول الله صلى الله عليه وسلم فامر له بصاع من تمر وامر اهله ان يخففوا عنه

مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہا سینگی لگائی ابو طیبہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پس حکم کیا اسکو ایک صاع خرما دینے کا اور حکم کیا اسکے مالکوں کو کہ کم کریں

من خراجه

الفصل الثاني

عن عائشة رض قالت قال النبي صلى الله عليه وسلم ان اطيب ما اكلتم من كسبكم وان اولادكم من كسبكم

اسکے خراج سے ق فصل دوسری روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہت پاکیزہ خوراک تمہاری تمہاری کمائی سے ہے اور مقرر تمہاری اولاد تمہاری کمائی سے ہے

رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وفي رواية ابي داود والدارمي ان اطيب ما اكل الرجل من كسبه وان ولده

روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت میں ابی داؤد اور دارمی کی یہ ہے کہ بہت پاکیزہ خوراک مرد کی وہ ہے جو اسکی کمائی سے ہو اور بیشک اسکا بیٹا

من كسبه وعن عبد الله بن مسعود رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يكسب عبد مال حرام فيتصدق

اسکی کمائی ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہیں کماتا کوئی بندہ مال حرام کو پھر خیرات

مِنْهُ فَيُقْبَلَ مِنْهُ وَلَا يُنْفِقُ مِنْهُ فَيُبَارَكَ لَهُ فِيهِ وَلَا يَتْرُكُ خَلْفَ ظَهْرِهِ إِلَّا كَانَ زَادَهُ إِلَى النَّارِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَمْحُو السَّيِّئَ بِالسَّيِّئِ وَلٰكِنْ

اس سے سو قبول ہوا اور نہ خرچ کرے اس سے پھر برکت دے اسکو اسمیں اور نہ چھوڑ جاویگا اسکو پیچھے مرنے کے مگر ہوگا وہ چھوڑنا توشہ اسکا دوزخ کی طرف بیشک اللہ دور نہیں کرتا

يَمْحُو السَّيِّئَ بِالْحَسَنِ إِنَّ الْخَبِيثَ لَا يَمْحُو الْخَبِيثَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَكَذَا فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

دور کرتا ہے بد کو نیک سے بیشک پلید دور نہیں کرتا پلید کو روایت کیا اسکو احمد اور اسی طور شرح سنت میں ہے ٭ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ وَكُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ كَانَتِ النَّارُ أَوْلَى بِهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ

وسلم نے داخل نہ ہوگا بہشت میں وہ گوشت کہ بڑھا حرام کھانے سے اور جو گوشت کہ بڑھا حرام کھانے سے ہوگی دوزخ بہت نزدیک اسکے روایت کیا اسکو احمد اور دارمی اور بیہقی نے شعب

الْإِيمَانِ وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رض قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ فَإِنَّ الصِّدْقَ

الایمان میں ٭ اور روایت ہے حسن بن علی رض سے کہ کہا اسنے یاد کیا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات چھوڑ دے شک کی چیز کو طرف اس چیز کی کہ نہ شک ہو بیشک سچ

طُمَأْنِينَةٌ وَإِنَّ الْكَذِبَ رِيبَةٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ الْفَصْلَ الْأَوَّلَ وَعَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ رض

آرام کا موجب ہے اور جھوٹ موجب تردد کا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا دارمی نے فقط پہلے جملے کو ٭ اور روایت ہے وابصہ بن معبد رض سے

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا وَابِصَةُ جِئْتَ تَسْأَلُ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَجَمَعَ أَصَابِعَهُ فَضَرَبَ بِهَا صَدْرَهُ

کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے وابصہ کیا پوچھنے آیا تو نیکی اور گناہ کو [illegible] پس جمع کیا مبارک انگلیوں اور

وَقَالَ اسْتَفْتِ نَفْسَكَ اسْتَفْتِ قَلْبَكَ ثَلٰثًا الْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ وَاطْمَأَنَّ إِلَيْهِ الْقَلْبُ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِي

اور فرمایا فتوا پوچھ اپنے جی سے فتوا پوچھ اپنے دل سے [illegible] اور گناہ وہ کہ کھٹکے جی میں اور تشویش

الصَّدْرِ وَإِنْ أَفْتَاكَ النَّاسُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دل میں گرچہ فتوا دیں اسکا تجھکو سب لوگ روایت کیا اسکو احمد اور دارمی ٭ اور روایت ہے عطیہ سعدی رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ أَنْ يَكُونَ مِنَ الْمُتَّقِينَ حَتّٰى يَدَعَ مَا لَا بَأْسَ بِهِ حَذَرًا لِمَا بِهِ بَأْسٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَنَسٍ رض

نہیں پہنچتا بندہ اس مرتبے کو کہ ہووے متقی لوگوں سے یہانتک کہ چھوڑ دے مباح کو ڈر کے حرام سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے انس رض سے

قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمْرِ عَشَرَةً عَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَشَارِبَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَآكِلَ

کہا اسنے لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے باب میں دس شخص پر نچوڑنے والے پر اور نچڑوانے والے پر اور پینے والے پر اور لانے والے پر اور منگوانے والے پر اور پلانے والے پر اور بیچنے والے پر اور

ثَمَنِهَا وَالْمُشْتَرِي لَهَا وَالْمُشْتَرٰى لَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ

اسکی قیمت کھانے والے اور خریدنے والے اور جس کے لیے خریدی ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اللہ نے

الْخَمْرَ وَشَارِبَهَا وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَمُبْتَاعَهَا وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ

شراب پر اور پینے والے پر اور پلانے والے پر اور بیچنے والے پر اور خریدنے والے پر اور نچوڑنے والے پر اور نچڑوانے والے پر اور لانے والے پر اور منگوانے والے پر روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ مُحَيِّصَةَ رض أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُجْرَةِ الْحَجَّامِ فَنَهَاهُ فَلَمْ يَزَلْ يَسْتَأْذِنُهُ حَتّٰى قَالَ اعْلِفْهُ نَاضِحَكَ

اور روایت ہے محیصہ رض سے کہ اسنے اجازت مانگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سینگی لگا کر مزدوری لینے کی سو منع کیا اسکو پھر وہ ہمیشہ اجازت مانگتا رہا یہانتک کہ آپ نے فرمایا

وَأَطْعِمْهُ رَقِيقَكَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور کھلا اپنی لونڈی غلام کو روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عن ثمن الكلب وكسب الزمارة رواه في شرح السنة وعن ابي امامة رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

قیمت لینے سے منع کیا اور کسب سے گانے والی عورت کے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابی امامہ رضی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ

تبيعوا القينات ولا تشتروهن ولا تعلموهن وثمنهن حرام وفي مثل هذا انزلت ومن الناس من يشتري لهو

بیچو گانا جاننے والی لونڈیوں کو اور نہ خرید کرو ان کو اور نہ تعلیم کرو انکو گانے کی اور قیمت انکی حرام ہے اور اسی قسم کی باتوں میں اتری یہ آیت اور بعضے لوگ ایسے ہیں

الحديث رواه احمد والترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب وعلي بن يزيد الراوي يضعف في الحديث وسنذكر

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور علی بن یزید جو راویوں میں ہے ضعیف کہے گئے ہیں

حديث جابر نهى عن اكل الهرة في باب ما يحل اكله ان شاء الله تعالى

الفصل الثالث

عن عبد الله بن مسعود رضـ قال قال رسول

حدیث کو جابر کی منع کیا بلی کے کھانے سے اس باب میں کہ جس میں بیان ہے حلال کا اگر چاہے اللہ تعالی تیسری فصل روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضی سے کہا انہوں نے

الله صلى الله عليه وسلم طلب كسب الحلال فريضة بعد الفريضة رواه البيهقي في شعب الايمان وعن ابن عباس رضـ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلب کرنا حلال کسب کا فرض ہے بعد فرض کے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس رضی سے

انه سئل عن اجرة كتابة المصحف فقال لا بأس انما هم مصورون وانهم انما ياكلون من عمل ايديهم رواه رزين وعن

کہ انسے پوچھا گیا مسئلہ مزدوری لینے کا قرآن لکھنے پر سو کہا کچھ مضائقہ نہیں بس یہ حرف کی صورت لکھنے والے ہیں اور سوا اسکے نہیں کہ کھاتے ہیں اپنے ہاتھوں کی محنت سے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے

رافع بن خديج رضـ قال قيل يا رسول الله اي الكسب اطيب قال عمل الرجل بيده وكل بيع مبرور رواه احمد وعن ابي بكر بن ابي

رافع بن خدیج رضی سے کہ کہا انہوں نے کہا گیا اے رسول اللہ کونسا کسب زیادہ حلال ہے فرمایا کام کرنا مرد کا اپنے ہاتھ سے اور ہر خرید و فروخت نیک روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی بکر بن ابی

مريم قال كانت لمقدام بن معد يكرب جارية تبيع اللبن ويقبض المقدام ثمنه فقيل له سبحان الله اتبيع اللبن وتقبض

مریم سے کہ کہا انہوں نے تھی مقدام بن معدیکرب کی ایک لونڈی کہ بیچتی تھی دودھ اور لیتا مقدام قیمت اسکی پس کہا گیا انکو سبحان اللہ کیا تو بیچتا ہے دودھ اور لیتا ہے

الثمن فقال نعم وما بأس بذلك سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لياتين على الناس زمان لا ينفع فيه الا

قیمت سو کہا ہاں اور کچھ گناہ نہیں اسمیں سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے البتہ آویگا لوگوں پر ایک زمانہ نہ نفع دیگا اسمیں مگر

الدينار والدرهم رواه احمد وعن نافع قال كنت اجهز الى الشام والى مصر فجهزت الى العراق فاتيت الى ام المؤمنين

مال حلال روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے نافع سے کہ کہا انہوں نے بھیجتا تھا میں تجارت کا مال شام کی طرف اور مصر کی طرف پس تیار کیا میں نے عراق کی طرف پس آیا میں ام المومنین

عائشة رضـ فقلت لها يا ام المؤمنين كنت اجهز الى الشام فجهزت الى العراق فقالت لا تفعل ما لك ولمتجرك فاني سمعت

عائشہ رضی کے پاس پھر کہا ان کو اے ام المومنین کہ بھیجتا تھا میں تجارت کا مال شام کی طرف اور تیار کیا عراق کی طرف سو کہا مت کر کیا ہوا تجھ کو اور تیری تجارت کو کیونکہ میں نے سنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا سبب الله لاحدكم رزقا من وجه فلا يدعه حتى يتغير له او يتنكر له رواه احمد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جب سبب کرے اللہ کسی کے لئے روزی کا کسی طور سے سو اسکو نہ چھوڑے یہاں تک کہ نفع نہ ہو اسکو یا نقصان ہو روایت کیا اسکو احمد

وابن ماجه وعن عائشة رضـ قالت كان لابي بكر رضـ غلام يخرج له الخراج فكان ابو بكر ياكل من خراجه فجاء يوما بشيء فاكل منه ابو بكر

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا انہوں نے تھا ابی بکر رضی کا ایک غلام کہ لا کر دیتا تھا انکو خراج سو ابو بکر کھاتا تھا اسکے خراج سے پس لایا ایک دن کوئی چیز سو کھایا

فقال له الغلام تدري ما هذا فقال ابو بكر وما هو قال كنت تكهنت لانسان في الجاهلية وما احسن الكهانة الا اني خدعته

تب کہا انکو اس غلام نے کیا آپ جانتے ہیں حقیقت اس چیز کی پھر کہا ابو بکر نے اور کیا ہے وہ کہا کہانت کی تھی میں نے ایک آدمی کی جاہلیت میں اور خوب فال کھولنا نہیں جانتا مگر فریب دیا تھا اسکو

فلقيني فاعطاني بذلك هذا الذي اكلت منه قالت فادخل ابو بكر يده فقاء كل شيء في بطنه رواه البخاري وعن ابي بكر رض

پھر وہ شخص مجھ سے ملا اور مجھے بدلے اس کے سو یہ وہی ہے کہ کھایا آپ نے اس سے کہا عائشہ نے پھر ڈالا حلق میں ابوبکر نے ہاتھ اپنا اور نکال دیا جو کچھ پیٹ میں تھا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی بکر رض سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يدخل الجنة جسد غذي بالحرام رواه البيهقي في شعب الايمان وعن زيد بن

کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ جاوے گا بہشت میں وہ آدمی کہ پرورش پائی حرام کھا کر روایت کیا اس کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے زید بن

اسلم انه قال شرب عمر بن الخطاب لبنا واعجبه قال للذي سقاه من اين لك هذا اللبن فاخبره انه ورد على ماء قد

اسلم سے کہ اس نے کہا پیا عمر بن خطاب رض نے دودھ اور اچھا لگا اس کو کہا پلانے والے کو کہاں سے ملا تجھ کو یہ دودھ سو خبر دی اس نے ان کو کہ میں گیا تھا کسی چشمے پر

سماه فاذا نعم من نعم الصدقة وهم يسقون فحلبوا لي من البانها فجعلته في سقائي وهو هذا فادخل عمر يده

نام لیا اس کا سو دیکھا میں نے کہ جانور زکوٰۃ کے ہیں اور چرواہے پانی پلا رہے ہیں سو دوہا مجھے دودھ ان کا پھر رکھ لیا اس کو اپنے برتن میں اور وہ یہی ہے سو پھر ڈالا عمر نے ہاتھ اپنا

فاستقاءه رواه البيهقي في شعب الايمان وعن ابن عمر رض قال من اشترى ثوبا بعشرة دراهم وفيه درهم حرام

اور نکال دیا اس کو روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے جس نے خریدا کوئی کپڑا دس درہم سے اور اس میں ایک درہم حرام کا ہو

لم يقبل الله تعالى له صلوة ما دام عليه ثم ادخل اصبعيه في اذنيه وقال صمتا ان لم يكن النبي صلى الله عليه وسلم سمعته

قبول نہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی نماز جب تک وہ کپڑا اس پر رہے پھر ڈالا ابن عمر نے دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں اور کہا بہرے ہو جاویں اگر یہ نہ ہو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا میں نے

يقوله رواه البيهقي في شعب الايمان وقال اسناده ضعيف

فرماتے اس کو روایت کیا اس کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور کہا سند اس کی ضعیف ہے

باب المساهلة في المعاملة

باب لین دین میں آسانی کرنے کے بیان کا

الفصل الاول

فصل پہلی

عن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رحم الله رجلا سمحا اذا باع واذا اشترى واذا اقتضى رواه البخاري

روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم کرے اللہ اس مرد پر کہ نرم دل رکھے جب بیچے اور جب خریدے اور جب قرض وصول کرے روایت کیا اس کو بخاری نے

وعن حذيفة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان رجلا كان فيمن كان قبلكم اتاه الملك ليقبض روحه فقيل له هل

اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایک مرد تھا پہلی امتوں میں کہ آیا اس کے پاس فرشتہ تا جان نکالے پھر کہا گیا اس کو کیا

عملت من خير قال ما اعلم قيل له انظر قال ما اعلم شيئا غير اني كنت ابايع الناس في الدنيا واجازيهم فانظر الموسر واتجاوز

کیا تو نے کوئی نیکی کہا نہیں جانتا کہا اس کو دیکھ لے کہا نہیں جانتا کوئی چیز سوا اس کے کہ میں خرید و فروخت کرتا تھا لوگوں سے دنیا میں اور تقاضا کرتا ان سے ۲ پھر مہلت دیتا تھا مالدار کو اور معاف کرتا

عن المعسر فادخله الله الجنة متفق عليه وفي رواية لمسلم نحوه عن عقبة بن عامر وابي مسعود الانصاري فقال الله انا

مفلس سے سو داخل کیا اس کو اللہ نے بہشت میں ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی مانند اس کے ہے عقبہ بن عامر اور ابی مسعود انصاری رض سے اور وہ یہ ہے پھر کہا اللہ نے میں

احق بذا منك تجاوزوا عن عبدي وعن ابي قتادة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اياكم وكثرة الحلف في البيع فانه

زیادہ سزاوار ہوں اس کا ۳ تجھ سے چھوڑ دو میرے بندے کو اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچاؤ آپ کو بہت قسم کھانے سے بیع میں کہ

ينفق ثم يمحق رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الحلف منفقة للسلعة ممحقة

پہلے رواج دیتا ہے پھر برکت لیجاتا ہے روایت کیا اس کو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے قسم رواج دینے والی ہے مال کے لئے محو کرنے والی ہے

للبركة متفق عليه وعن ابي ذر رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ثلثة لا يكلمهم الله يوم القيمة ولا ينظر اليهم ولا يزكيهم

برکت کے لئے ق ۔ اور روایت ہے ابی ذر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تین شخص سے کلام نہ کرے گا اللہ قیامت کے دن اور نہ نظر کرے گا ان پر اور نہ پاک کرے گا ان کو

ولهم عذاب أليم قال أبو ذر خابوا وخسروا من هم يا رسول الله قال المسبل والمنان والمنفق سلعته بالحلف الكاذب رواه

اور انکو دکھ کی مار ہوگی کہا ابو ذر نے نا امید ہوئے اور نقصان پایا یہ کون ہیں اے رسول اللہ فرمایا لٹکتا کپڑا پہننے والا اور دیکر احسان جتانے والا اور بیچنے والا اسباب جھوٹی قسم سے روایت کیا اسکو

مسلم **الفصل الثاني** عن أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم التاجر الصدوق الأمين مع النبيين

مسلم نے ۔ دوسری فصل روایت ہے ابی سعید رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سوداگر کہ سچا اور امانتدار ہو ہوگا قیامت میں نبیوں

والصديقين والشهداء رواه الترمذي والدارمي والدارقطني ورواه ابن ماجه عن ابن عمر وقال الترمذي هذا حديث

اور صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی اور دارقطنی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث

غريب وعن قيس بن أبي غرزة رض قال كنا نسمى في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم السماسرة فمر بنا رسول الله صلى

غریب ہے اور روایت ہے قیس بن ابی غرزہ رض سے کہا انہنے تھے ہم نام رکھے گئے زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سماسرہ پھر گذر کیا ہم پر رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم فسمانا باسم هو أحسن منه فقال يا معشر التجار إن البيع يحضره اللغو والحلف فشوبوه بالصدقة رواه

اللہ علیہ وسلم نے سو پکارا ہمکو ایک نام سے کہ وہ اچھا تھا پہلے نام سے فرمایا اے جماعت تجار کی بیشک خرید و فروخت کے وقت حاضر ہوتی ہے بیہودہ کلام اور قسم سو ملا دو اسکے ساتھ خیرات کو روایت کیا اسکو

أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجه وعن عبيد بن رفاعة عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال التجار يحشرون

ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبید بن رفاعہ سے وہ اپنے باپ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا سوداگر لوگ اٹھینگے

يوم القيامة فجارا إلا من اتقى وبر وصدق رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وروى البيهقي في شعب الإيمان عن البراء

قیامت کے دن بدکار مگر جو کوئی ڈرتا رہا اور نیکی کی اور سچی قسم کھائی اور سچ کہا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں براء سے

وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح **باب الخيار** **الفصل الأول** عن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے ۔ باب خیار کا ۔ پہلی فصل روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم المتبايعان كل واحد منهما بالخيار على صاحبه ما لم يتفرقا إلا بيع الخيار متفق عليه وفي رواية لمسلم إذا تبايع

وسلم نے بائع مشتری دونوں ان میں سے اختیار رکھتے ہیں اپنے ساتھی پر جب تک کہ جدا نہوں مگر بیع خیار ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی ہے جب خرید و فروخت کریں

المتبايعان فكل واحد منهما بالخيار من بيعه ما لم يتفرقا أو يكون بيعهما عن خيار فإذا كان بيعهما عن خيار فقد وجب وفي رواية

بائع مشتری سو ہر ایک کو ان میں سے اختیار ہے اس بیع کے کامل کرنے نہ کرنے کا جب تک کہ جدا نہوں مگر یہہ کہ ہو خرید و فروخت شرط خیار سے پھر جب ہو خرید و فروخت شرط خیار سے تو لازم ہوگئی اور ایک روایت میں

للترمذي البيعان بالخيار ما لم يتفرقا أو يختارا وفي المتفق عليه أو يقول أحدهما لصاحبه اختر بدل أو يختارا وعن

ترمذی کی بائع مشتری اختیار رکھتے ہیں جبتک جدا نہوں مگر یہہ کہ خیار کریں اور شیخین کی ایک روایت میں ہے کہ یا کہے ایک دونوں میں سے اپنے ساتھی کو قبول کر بدلے لفظ او یختارا کے اور روایت ہے

حكيم بن حزام رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم البيعان بالخيار ما لم يتفرقا فإن صدقا وبينا بورك لهما في بيعهما

حکیم بن حزام رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بائع مشتری کو اختیار ہے جبتک کہ جدا نہوں پھر اگر سچ کہیں اور عیب بیان کریں برکت ہوگی دونوں کو انکی خرید و فروخت میں

وإن كتما وكذبا محقت بركة بيعهما متفق عليه وعن ابن عمر رض قال قال رجل لرسول الله صلى الله عليه وسلم إني أخدع في

اور اگر چھپاویں اور جھوٹھ کہیں کم ہوگی برکت خرید و فروخت کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہنے کہا ایک مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں دھوکا پاتا ہوں

البيوع فقال إذا بايعت فقل لا خلابة فكان الرجل يقوله متفق عليه **الفصل الثاني** عن عمرو بن شعيب عن أبيه

خرید و فروخت میں سو فرمایا جب بیچے تو یا خریدے تو کہہ دے نہیں ہے فریب سو پھر تھا وہ مرد کہتا ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے

عن عبد الله ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال المتبايعان بالخيار ما لم يتفرقا الا ان تكون صفقة خيار ولا يحل له ان يفارق صاحبه
اسکے دادا سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بائع مشتری اختیار رکھتے ہیں جب تک کہ جدا نہوں مگر یہ کہ ہو بیع خیار اور حلال نہیں بائع مشتری دونوں کو جدا ہونا

خشية ان يستقيله رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يتفرقن
ڈر کر اقالہ بیع سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جدا نہوں

اثنان الا عن تراض رواه ابو داود **الفصل الثالث** عن جابر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خير اعرابيا بعد
دونوں مگر رضامندی سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے تیسری فصل روایت ہے جابر رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار دیا ایک دیہاتی کو

البيع رواه الترمذي وقال هذا حديث صحيح غريب

باب الربوا

الفصل الاول عن جابر رض قال لعن رسول
عقد بیع تمام ہونے کے بعد روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث صحیح غریب ہے باب ہے سود کا پہلی فصل روایت ہے جابر رض سے کہا لعنت کی رسول

الله صلى الله عليه وسلم آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال هم سواء رواه مسلم وعن عبادة بن الصامت
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود لینے والے اور دینے والے اور اسکے لکھنے والے اور دونوں گواہ پر اور فرمایا وہ سب برابر ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبادہ بن صامت

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذهب بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير والتمر بالتمر والملح
رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنا سونا سونے سے اور روپا روپے سے اور گیہوں گیہوں سے اور جو جو سے اور خرما خرمے سے اور نمک

بالملح مثلا بمثل سواء بسواء يدا بيد فاذا اختلفت هذه الاصناف فبيعوا كيف شئتم اذا كان يدا بيد رواه مسلم وعن
نمک سے جتنے کا اتنا یعنی برابر برابر ہاتھوں ہاتھ پھر جب مختلف ہوں یہ جنسیں تو بیچو جسطرح چاہو جب ہو ہاتھوں ہاتھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

ابي سعيد الخدري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذهب بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير
ابی سعید خدری رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنا سونا سونے سے اور روپا روپے سے اور گیہوں گیہوں سے اور جو جو سے

والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل يدا بيد فمن زاد او استزاد فقد اربى الآخذ والمعطي فيه سواء رواه مسلم
اور خرما خرمے سے اور نمک نمک سے جتنے کا اتنا نقد بنقد پھر جسنے زیادہ دیا یا زیادہ لیا پس تحقیق سود لیا لینے والا اور دینے والا اسمیں دونوں برابر ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تبيعوا الذهب بالذهب الا مثلا بمثل ولا تشفوا بعضها على بعض ولا
اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت بیچو سونے کو سونے سے مگر برابر برابر اور زیادتی نہ کرو بعضے کی بعضے پر اور مت

تبيعوا الورق بالورق الا مثلا بمثل ولا تشفوا بعضها على بعض ولا تبيعوا منها غائبا بناجز متفق عليه وفي رواية لا تبيعوا
بیچو روپے یا چاندی کو روپے یا چاندی سے مگر برابر برابر اور زیادہ نہ کرو بعضے کو بعضے پر اور نہ بیچو سونا روپا ادھار نقد سے ۔ متفق علیہ اور ایک روایت میں ہے نہ بیچو

الذهب بالذهب ولا الورق بالورق الا وزنا بوزن وعن معمر بن عبد الله رض قال كنت اسمع رسول الله صلى الله عليه
سونا سونے سے اور روپا روپے سے مگر جتنے کا اتنا تول کر ۔ اور روایت ہے معمر بن عبد اللہ رض سے کہا اسنے سنتا تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

وسلم يقول الطعام بالطعام مثلا بمثل رواه مسلم وعن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذهب بالذهب
سلم کو فرماتے تھے بیچنا غلہ کا غلہ سے جتنے کا اتنا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا سونے سے

ربوا الا هاء وهاء والورق بالورق ربوا الا هاء وهاء والبر بالبر ربوا الا هاء وهاء والشعير بالشعير ربوا الا هاء وهاء
بیچنا سود ہے مگر نقد دینا اور نقد لینا اور روپا روپے سے سود ہے مگر نقد دینا اور نقد لینا اور گیہوں گیہوں سے سود ہے مگر نقد دینا اور نقد لینا اور جو جو سے سود ہے مگر نقد دینا اور نقد لینا

والتمر بالتمر ربوا الا هاء وهاء متفق عليه وعن ابي سعيد وابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم استعمل رجلا على

اور خرما خرما سے سود ہے مگر نقد دینا اور نقد لینا (ق) اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عامل کیا ایک مرد کو

خيبر فجاءه بتمر جنيب فقال اكل تمر خيبر هكذا قال لا والله يا رسول الله انا لناخذ الصاع من هذا بالصاعين والصاعين بالثلثة

خیبر کا سو لایا آپ کے پاس اچھا خرما جنیب پس فرمایا کیا سب خرما خیبر کا ایسا ہی ہے کہا نہیں قسم ہے اللہ کی اے رسول اللہ کے بیشک ہم تو لیتے ہیں ایک صاع اسکا دو صاع کے اور دو صاع تین صاع کے

فقال لا تفعل بع الجمع بالدراهم ثم ابتع بالدراهم جنيبا وقال في الميزان مثل ذلك متفق عليه وعن ابي سعيد رض قال

پس فرمایا مت کر ایسا بیچ ملا ہوا خرما درہم سے پھر خرید کر درہم سے اچھا خرما اور فرمایا تولی چیزوں میں مانند اسکے (ق) اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا

جاء بلال الى النبي صلى الله عليه وسلم بتمر برني فقال له النبي صلى الله عليه وسلم من اين هذا قال كان عندنا تمر ردي فبعت

لایا بلال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس برنی خرما پھر فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں سے لایا اسکو کہا تھا ہمارے پاس خراب خرما پھر بیچا میں

منه صاعين بصاع فقال اوه عين الربوا عين الربوا لا تفعل ولكن اذا اردت ان تشتري فبع التمر ببيع اخر ثم اشتر به متفق

اسکو دو صاع کو ایک صاع سے فرمایا آہ یہ تو اصل سود ہی دو بار مت کر ایسا لیکن جب چاہے تو خرید کرنا برنی کو تب بیچ خرما کو اور کسی چیز سے پھر خرید کر اس سے (ق)

عليه وعن جابر رض قال جاء عبد فبايع النبي صلى الله عليه وسلم على الهجرة ولم يشعر انه عبد فجاء سيده يريده

اور روایت ہے جابر رض سے کہا کہ آیا ایک غلام پس بیعت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت پر اور حضرت نہیں جانتے تھے کہ وہ غلام ہے پھر آیا مالک اسکا ڈھونڈتا

فقال له النبي صلى الله عليه وسلم بعنيه فاشتراه بعبدين اسودين ولم يبايع احدا بعده حتى يسأله اعبد هو

سو فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ مجھ سے اسکو پھر خرید کیا اسکو دو غلام کالے رنگ کے اور بیعت نہ لی کسی سے بعد اسکے یہاں تک کہ پوچھتے اس سے کیا وہ غلام ہے

رواه مسلم وعنه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الصبرة من التمر لا يعلم مكيلتها بالكيل المسمى من

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنا اس ڈھیری کا خرمے کی کہ معلوم نہ ہو اندازہ اسکا اس ناپ سے

التمر رواه مسلم وعن فضالة بن عبيد رض قال اشتريت يوم خيبر قلادة باثني عشر دينارا فيها ذهب وخرز

خرما کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے فضالہ بن عبید رض سے کہا خریدا میں نے دن فتح خیبر کے ایک ہار بارہ دینار کو اس میں سونا اور جواہر

ففصلتها فوجدت فيها اكثر من اثني عشر دينارا فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تباع حتى تفصل

پھر جدا کیا میں نے سونے کو جواہر سے تو پایا اس میں سونا زیادہ بارہ دینار سے پھر ذکر کیا میں نے اسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تو فرمایا نہیں بیچا جائے جب تک کہ جدا نہ ہو

رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابي هريرة رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ليأتين على الناس زمان لا يبقى

روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا البتہ آویگا لوگوں پر ایسا زمانہ کہ باقی نہ رہیگا

احد الا اكل الربوا فان لم ياكله اصابه من بخاره ويروى من غباره رواه احمد وابو داود والنسائي وابن ماجه وعن عبادة بن

سود کھانے سے اگر نہ کھاویگا تو پہنچیگا اسکو اثر اسکا اور ایک روایت میں غبار ہے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبادہ بن

الصامت رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تبيعوا الذهب بالذهب ولا الورق بالورق ولا البر بالبر ولا الشعير بالشعير

صامت رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت بیچو سونے کو سونے سے اور نہ روپے کو روپے سے اور نہ گیہوں کو گیہوں سے اور نہ جو کو جو سے

ولا التمر بالتمر ولا الملح بالملح الا سواء بسواء عينا بعين يدا بيد ولكن بيعوا الذهب بالورق والورق بالذهب والبر

اور خرما خرما سے اور نہ نمک کو نمک سے مگر برابر برابر نقد بنقد ہاتھوں ہاتھ لیکن بیچو سونے کو روپے سے اور روپے کو سونے سے اور گیہوں کو

بالشعير والشعير بالبر والتمر بالملح والملح بالتمر يدا بيد كيف شئتم رواه الشافعي وعن سعد بن أبي وقاص رض
جو سے اور جو کو گیہوں سے اور خرما کو نمک سے اور نمک کو خرما سے ہاتھوں ہاتھ جس طور سے کہ چاہو روایت کیا اسکو شافعی نے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص رض سے

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل عن شرى التمر بالرطب فقال أينقص الرطب إذا يبس فقال نعم فنهاهم عن
کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کسی نے پوچھا مسئلہ سوکھا خرما لینے کا تر خرمے سے پھر فرمایا کیا کم ہو جاتا ہے تر خرما جب سوکھ جاتا ہے کہا انہوں نے ہاں پھر منع کیا انکو

ذلك رواه مالك والترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه وعن سعيد بن المسيب مرسلا أن رسول الله صلى
اس خرید سے روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سعید بن مسیب سے بسند مرسل کہ بیشک رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم نهى عن بيع اللحم بالحيوان قال سعيد كان من ميسر أهل الجاهلية رواه في شرح السنة وعن سمرة
اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ادھار بیچنے سے گوشت کے جیتا جانور لیکر کہا سعید نے تھا وہ جوا جاہلیت کے لوگوں کا روایت کیا اسکو کتاب شرح سنہ میں اور روایت ہے سمرہ

بن جندب رض أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الحيوان بالحيوان نسيئة رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه
بن جندب رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا بیچنا جانور کا جانور سے ادھار روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ

والدارمي وعن عبد الله بن عمرو بن العاص رض أن النبي صلى الله عليه وسلم أمره أن يجهز جيشا فنفدت الإبل
اور دارمی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا اسکو ایک لشکر تیار کرنے کا پھر تمام ہو گئے اونٹ

فأمره أن يأخذ على قلائص الصدقة فكان يأخذ البعير بالبعيرين إلى إبل الصدقة رواه أبو داود
سو حکم کیا اسکو نقد اونٹ لینے کا وعدہ پر زکوۃ کے اونٹوں کے پھر لیتا وہ ایک اونٹ بعوض دو اونٹ زکوۃ کے اونٹ آنے تک روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

الفصل الثالث
تیسری فصل

عن أسامة بن زيد رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال الربوا في النسيئة وفي رواية قال لا ربوا فيما كان يدا بيد
روایت ہے اسامہ بن زید رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سود ادھار میں ہے اور ایک روایت میں فرمایا سود نہیں اس چیز میں جو ہاتھوں ہاتھ ہو

متفق عليه وعن عبد الله بن حنظلة غسيل الملائكة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم درهم ربوا يأكله الرجل
متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن حنظلہ غسیل ملائکہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک درہم سود کا کہ کھاوے اسکو مرد

وهو يعلم أشد من ستة وثلاثين زنية رواه أحمد والدارقطني وروى البيهقي في شعب الإيمان عن ابن عباس وزاد
جان کر بہت برا ہے چھتیس بار زنا کرنے سے روایت کیا اسکو احمد اور دارقطنی نے اور روایت کیا بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ابن عباس سے اور زیادہ کیا

وقال من نبت لحمه من السحت فالنار أولى به وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الربوا سبعون
اور فرمایا جو شخص کہ ہووے گوشت اسکا حرام کے مال سے سو دوزخ بہت لائق ہے اسکے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کے ستر

جزءا أيسرها أن ينكح الرجل أمه وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الربوا وإن كثر فإن
اقسام ہیں ہلکی قسم کا گناہ ایسا ہی ہے جیسا زنا کرے آدمی اپنی ماں سے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کا اگرچہ شروع میں

عاقبته تصير إلى قل رواهما البيهقي في شعب الإيمان وروى أحمد الأخير وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله
انجام اسکا رجوع کرتا ہی کمتی کی طرف روایت کیا ان دو حدیثوں کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت کیا احمد نے پچھلی کو اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

عليه وسلم أتيت ليلة أسري بي على قوم بطونهم كالبيوت فيها الحيات ترى من خارج بطونهم فقلت من هؤلاء يا جبرئيل
علیہ وسلم نے آیا میں رات سیر کرائی گئی مجھ کو ایک جماعت پر کہ پیٹ انکے گھروں کی طرح تھے انمیں سانپ تھے باہر سے دکھائی دیتے تھے پیٹ انکے سو کہا میں نے کون ہیں یہ اے جبرئیل

وَعَنْ عَلِيٍّ رض اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اٰكِلَ الرِّبٰوا وَمُوْكِلَهُ وَكَاتِبَهُ وَمَانِعَ الصَّدَقَةِ وَكَانَ يَنْهٰى عَنِ النَّوْحِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

اور روایت ہے علی رض سے کہ انھوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لعنت کی سود خوار اور سود کھلانے والے اور لکھنے والے پر اور زکوٰۃ نہ دینے والے پر اور منع کرتے بین کرکے رونے سے روایت کیا اسکو نسائی نے

وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض اَنَّ اٰخِرَ مَا نَزَلَتْ اٰيَةُ الرِّبٰوا وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ وَلَمْ يُفَسِّرْهَا لَنَا فَدَعُوا الرِّبٰوا وَالرِّيْبَةَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ

اور روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہ بیشک سب سے آخر جو آیت اتری وہ سود کی آیت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اور بیان نہ فرمایا اسکا ہمکو سو چھوڑ دو سود کو اور شبہ سود کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور دارمی نے

وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُكُمْ قَرْضًا فَاَهْدٰى اِلَيْهِ اَوْ حَمَلَهُ عَلَى الدَّابَّةِ فَلَا يَرْكَبْهُ وَلَا يَقْبَلْهَا اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ جَرٰى بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ قَبْلَ ذٰلِكَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ

اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دے کوئی تم میں سے کسی کو قرض پھر ہدیہ دے مقروض مقرض کو یا سوار کرے اسکو اپنی سواری پر تو سوار نہ ہو اور قبول نہ کرے مگر یہ کہ دونوں میں پہلے قرض دینے لینے کے رسم ہو روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں

وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَقْرَضَ الرَّجُلُ فَلَا يَاْخُذْ هَدِيَّةً رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهِ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى

اور روایت ہے انہی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب قرض دے کوئی مرد کسی کو تو نہ لیوے ہدیہ قرض دار سے روایت کیا اسکو بخاری نے کتاب تاریخ بخاری میں اسی طرح کتاب منتقی میں لکھا ہے

وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ فَقَالَ اِنَّكَ بِاَرْضٍ فِيْهَا الرِّبٰوا فَاشٍ فَاِذَا كَانَ لَكَ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَاَهْدٰى اِلَيْكَ حِمْلَ تِبْنٍ اَوْ حِمْلَ شَعِيْرٍ اَوْ حِمْلَ قَتٍّ فَلَا تَاْخُذْهُ فَاِنَّهُ رِبٰوا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اور روایت ہے ابی بردہ بن ابی موسیٰ سے کہا آیا میں مدینہ میں پس ملا عبد اللہ بن سلام سے سو کہا مجھے کہ تو ایسے ملک میں رہتا ہے کہ سود پھیل رہا ہے اس میں جب ہووے تیرا کسی پر قرض پھر ہدیہ دے تجھے ایک گٹھا بھوسا کا یا جو کا یا گھاس کا تو نہ لے اسکو کیونکہ بیشک یہ سود لینا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

بَابُ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا مِنَ الْبُيُوْعِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ اَنْ يَبِيْعَ ثَمَرَ حَائِطِهِ اِنْ كَانَ نَخْلًا بِتَمْرٍ كَيْلًا وَاِنْ كَانَ كَرْمًا اَنْ يَبِيْعَهُ بِزَبِيْبٍ كَيْلًا وَاِنْ كَانَ زَرْعًا اَنْ يَبِيْعَهُ بِكَيْلِ طَعَامٍ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُمَا نَهٰى عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يُبَاعَ مَا فِيْ رُؤُسِ النَّخْلِ بِتَمْرٍ بِكَيْلٍ مُسَمًّى اِنْ زَادَ فَلِيْ وَاِنْ نَقَصَ فَعَلَيَّ

باب بیان میں ان خرید و فروخت کے کہ جن سے منع کیا پہلی فصل روایت ہے ابن عمر رض سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مزابنہ سے جو یہ ہے کہ بیچے پھل اپنے باغ کا درخت پر اگر خرما ہووے تو ماپ کر سوکھے خرمے سے اور اگر انگور درخت پر ہوں تو ماپ کر کشمش سے اور اگر ہو وہ کھیت تو بیچے اسکو ماپ کر غلہ سے منع فرمایا ان سب مذکور صورتوں سے متفق علیہ اور ایک روایت شیخین کی منع کیا مزابنہ سے اور کہا مزابنہ یہ ہے کہ بیچے کوئی درخت پر خرما کو سوکھے خرمے سے معین ماپ سے یہ کہہ کر اگر زیادہ ہو تو میرا اور اگر کم ہو تو مجھ پر

وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةُ اَنْ يَبِيْعَ الرَّجُلُ الزَّرْعَ بِمِائَةِ فَرَقٍ حِنْطَةً وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يَبِيْعَ التَّمْرَ فِيْ رُؤُسِ النَّخْلِ بِمِائَةِ فَرَقٍ وَالْمُخَابَرَةُ كِرَاءُ الْاَرْضِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے جابر رض سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مخابرہ اور بیع محاقلہ اور بیع مزابنہ سے اور محاقلہ یہ ہے کہ بیچے کھیتی مثلاً سو فرق گیہوں سے اور مزابنہ یہ ہے کہ بیچے خرما درخت پر کا سو فرق سوکھے خرمے سے اور مخابرہ کرایہ سے زمین دینا تہائی یا چوتھائی حصے پر روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَعَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے انہی سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع محاقلہ اور بیع مزابنہ اور بیع مخابرہ اور بیع معاومہ اور بیع ثنیا سے اور رخصت دی عرایا میں روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ

قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الثمر بالتمر الا انه رخص في العرية ان تباع بخرصها تمرا يأكلها اهلها رطبا

کہا اسنے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درخت پر پھلا خرما بیچنے سے سوکھا خرما لیکر مگر یہہ کہ آپنے رخصت دی عریہ میں اسطرح بیچیں اسکو اندازہ کر

متفق عليه. وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص في بيع العرايا بخرصها من التمر فيما دون خمسة

سے ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی عرایا بیچنے کی اندازہ کرکے انکا تمر سے اس قدر تمر میں کہ پانچ

اوسق او في خمسة اوسق شك داود ابن الحصين. متفق عليه. وعن عبد الله بن عمر رض نهى رسول الله صلى الله عليه

وسق سے کم یا پانچ وسق ہو ۔ شک کیا داؤد ابن حصین راوی نے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم عن بيع الثمار حتى يبدو صلاحها نهى البائع والمشتري. متفق عليه. وفي رواية لمسلم نهى عن بيع النخل حتى تزهو

وسلم نے میوے بیچنے سے یہاں تک کہ ظاہر ہو پختگی انکی ق منع کیا بایع اور مشتری دونوکو ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی منع کیا خرما کا بیچنا یہاں تک کہ

وعن السنبل حتى يبيض ويأمن العاهة. وعن انس رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الثمار حتى

پکے اور بالی کھیتی کا بیچنا یہاں تک کہ دانہ سفید ہو اور امن پاوے آفت سے ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنا میوونکا یہاں تک

تزهي قيل وما تزهي قال حتى تحمر وقال ارأيت اذا منع الله الثمرة بم يأخذ احدكم مال اخيه. متفق عليه. وعن

پختگی پر آوے کسی نے کہا اور کیا معنے حتی تزہی فرمایا یہاں تک کہ سرخ ہووے اور فرمایا کیا دیکھتا ہے تو جب کہ روکے اللہ میوہ کو یعنی آفت سے کس چیز کے بدلے لیگا کوئی تمہیں سے مال بھائی مسلمان کا ق ۔ اور روایت ہے

جابر رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع السنين وامر بوضع الجوائح. رواه مسلم. وعنه قال قال رسول

جابر رض سے کہ کہا اسنے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیع معاومہ سے اور حکم کیا قیمت گھٹانیکا آفات پہنچنے سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم لو بعت من اخيك تمرا فاصابته جائحة فلا يحل لك ان تأخذ منه شيئا بم تأخذ مال اخيك

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر بیچے تو بھائی مسلمان سے کوئی میوہ پھر پہنچے اسپر کوئی آفت سو حلال نہیں تجھکو لینا اس سے کچھ بھی ق کس چیز کے بدلے لیگا اپنے بھائی کا مال

بغير حق. رواه مسلم. وعن ابن عمر رض قال كانوا يبتاعون الطعام في اعلى السوق فيبيعونه في مكانه فنهاهم رسول

ناحق روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے خریدتے تھے غلہ لوگ جاے بیچ کہ بازار بلند تھی پھر بیچتے اسکو اسی جگہہ سو منع فرمایا انکو رسول

الله صلى الله عليه وسلم عن بيعه في مكانه حتى ينقلوه. رواه ابو داود ولم اجده في الصحيحين. وعنه قال قال رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غلے کا بیچنا جہاں لیا وہیں یہاں تک کہ دوسری جگہ لیجاویں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور نہ پایا میں نے اسکو صحیحین میں ف اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم من ابتاع طعاما فلا يبيعه حتى يستوفيه وفي رواية ابن عباس حتى يكتاله. متفق عليه.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے خرید کیا غلہ سو نہ بیچے یہاں تک کہ قبضے میں لاوے اسکو اور روایت میں ابن عباس رض کی ہے یہاں تک کہ ماپ لے اسکو ق

وعن ابن عباس رض قال اما الذي نهى عنه النبي صلى الله عليه وسلم فهو الطعام ان يباع حتى يقبض قال ابن عباس ولا

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے لیکن جو چیز کہ منع فرمایا اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سو وہ غلہ کا بیچنا ہے یہاں تک کہ قبضے میں آوے کہا ابن عباس نے

احسب كل شيء الا مثله. متفق عليه. وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تلقوا الركبان لبيع ولا

گمان نہیں کرتا ہر چیز کو مگر مثل غلہ کے ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت ملو قافلے سے بیع کے واسطے

يبع بعضكم على بيع بعض ولا تناجشوا ولا يبع حاضر لباد ولا تصروا الابل والغنم فمن ابتاعها بعد ذلك فهو بخير

بیچے کوئی بیچنے پر کسی کے اور بخش کرو اور نہ بیچے مقیم مسافر کا مال اور دودھ نہ روکو اونٹنی اور بکری کا

النظرين بعد أن يحلبها إن رضيها أمسكها وإن سخطها ردها وصاعا من تمر متفق عليه وفي رواية لمسلم من اشترى شاة مصراة

لینے اور پھیر دینے کا اسکا دودھ دوہکر اگر پسند کرے تو رکھ لے اور اگر پسند نہ کرے اسکو تو پھیر دے اسکو ایک صاع خرما کے ساتھ ق اور ایک روایت میں مسلم کی ہے جس نے خریدا بکری

فهو بالخيار ثلاثة أيام فإن ردها ردّ معها صاعا من طعام لا سمراء وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

تو وہ پھیرنے کا اختیار رکھتا ہے تین دن پھر اگر پھیرے اسکو تو پھیر دے اسکے ساتھ ایک صاع غلہ نہ گیہوں م اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

تلقوا الجلب فمن تلقاه فاشترى منه فإذا أتى سيده السوق فهو بالخيار رواه مسلم وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله

آگے بڑھ کے نہ خریدو آیا ہوا غلہ پھر جس نے لیا اسکو پھر خرید لیا اس سے ف تو جب آویگا مالک غلے کا بازار میں سو وہ اختیار رکھتا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لا تلقوا السلع حتى يهبط بها إلى السوق متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھ کے نہ لو اسباب تجارت کا یہاں تک کہ اتار دیں اسکو بازار میں لاکر ق اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا يبيع الرجل على بيع أخيه ولا يخطب على خطبة أخيه إلا أن يأذن له رواه مسلم وعن أبي هريرة رض أن رسول الله

نہ بیچے کوئی شخص اپنے بھائی مسلمان کے بیچنے پر اور نکاح کا پیغام نہ کرے اپنے بھائی کے پیغام پر مگر یہ کہ حکم دے اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے بیشک رسول

صلى الله عليه وسلم قال لا يسم الرجل على سوم أخيه المسلم رواه مسلم وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نرخ نہ کرے مرد نرخ پر اپنے بھائی مسلمان کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم لا يبيع حاضر لباد دعوا الناس يرزق الله بعضهم من بعض رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري رض قال

وسلم نے نہ بیچے شہری دیہاتی کا مال ف اور چھوڑ دو لوگوں کو کہ روزی دے اللہ بعضوں کو بعضوں کی طرف سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا

نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن لبستين وعن بيعتين نهى عن الملامسة والمنابذة في البيع والملامسة لمس

منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طور کے کپڑا پہننے سے اور دو طور کی خرید و فروخت سے منع فرمایا ملامسہ کو اور منابذہ کو خرید و فروخت میں اور ملامسہ کے معنے چھونا

الرجل ثوب الآخر بيده بالليل أو بالنهار ولا يقلبه إلا بذلك والمنابذة أن ينبذ الرجل إلى الرجل بثوبه وينبذ الآخر

مرد کا دوسرے مرد کے کپڑے کو ہاتھ سے رات کو یا دن کو اور کھول کر نہ دیکھے اسکو مگر اسی چھونے سے ف اور منابذہ یہ ہے کہ ڈالدے ایک مرد دوسرے مرد کی طرف اپنا کپڑا اور ڈالدے دوسرا بھی

ثوبه ويكون ذلك بيعهما من غير نظر ولا تراض واللبستين اشتمال الصماء والصماء أن يجعل ثوبه على أحد

اپنا کپڑا اور ہو جاوے یہی خرید و فروخت دونوں کی بے دیکھنے کے اور بے رضامندی کے اور دو طور کا کپڑا پہننا ایک تو بطور صما کے لپیٹنا اور صما کہتے ہیں کہ ڈالے اپنا کپڑا

عاتقيه فيبدو أحد شقيه ليس عليه ثوب واللبسة الأخرى احتباؤه بثوبه وهو جالس ليس على فرجه منه شيء

دونوں کندھوں پر کہ ایک پہلو کھل جاوے دونوں جانب سے ایک اس حال پر کہ نہ ہو اس پر کپڑا اور کپڑا پہننا دوسرے طور کا لپیٹ لینا ہے ف کپڑے کو بیٹھ کر اس حال میں کہ نہ ہو

متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الحصاة وعن بيع الغرر رواه مسلم وعن

ق اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اس نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع حصاۃ سے ف اور بیع دھوکے کی خرید و فروخت سے روایت کیا اسکو مسلم نے

ابن عمر رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع حبل الحبلة وكان بيعا يتبايعه أهل الجاهلية كان الرجل يبتاع الجزور

ابن عمر رض سے کہا اس نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع حبل حبلہ سے اور کرتے تھے اس بیع کو زمانہ جاہلیت کے لوگ کہ ایک خریدتا تھا اونٹ

إلى أن تنتج الناقة ثم تنتج التي في بطنها متفق عليه وعنه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عسب الفحل رواه البخاري

اس وعدے پر کہ جنے اونٹنی پھر جنے وہ بچہ جو پیٹ میں اسکے ہے ق اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کرایہ سے نر کے کودانے ف

وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ ضِرَابِ الْجَمَلِ وَعَنْ بَيْعِ الْمَاءِ وَالْأَرْضِ لِتُحْرَثَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى

اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کرایہ لینا اونٹ جفت کرائی کا اور بیچنا پانی اور زمین کھیتی کروانے کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ فَضْلِ الْمَاءِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَاعُ فَضْلُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنا پانی کا زیادتی کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچی جاوے زیادتی

الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَأُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى صُبْرَةِ طَعَامٍ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهَا فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ

پانی کی تاکہ بکے اس سے گھاس متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گذر کیا ڈھیری پر غلے کی پھر ڈالا دست مبارک اسمیں سو پائی انگلیاں

بَلَلًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ قَالَ أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰى يَرَاهُ النَّاسُ مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ

تری تب فرمایا یہ کیا ہے اے غلے والے کہا پانی برسا اسپر اے رسول اللہ کے فرمایا کیا پھر رکھا تو نے اسکو غلے کے اوپر تاکہ دیکھیں اسکو لوگ جو کوئی فریب کرے سو نہیں ہمارے طریقہ پر

مِنِّيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

روایت کیا اسکو مسلم نے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

عَنْ جَابِرٍ رض قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الثُّنْيَا إِلَّا أَنْ تُعْلَمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کچھ نکال لینے کی شرط کو مگر یہ کہ اندازہ معلوم ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ حَتّٰى يَسْوَدَّ وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتّٰى يَشْتَدَّ هٰكَذَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنا انگور کا یہاں تک کہ سیاہ ہووے اور غلے کا بیچنا یہاں تک کہ سخت ہووے ایسا ہی روایت کیا اسکو

وَأَبُوْ دَاؤُدَ عَنْ أَنَسٍ وَالزِّيَادَةُ الَّتِيْ فِي الْمَصَابِيْحِ وَهِيَ قَوْلُهُ نَهٰى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ حَتّٰى تَزْهُوَ إِنَّمَا ثَبَتَتْ فِيْ رِوَايَتِهِمَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ

ترمذی نے اور ابوداؤد نے انس سے اور وہ زیادتی کہ مصابیح میں ہے اور وہ قول اسکا ہے منع فرمایا کھجور بیچنے سے یہاں تک کہ پختہ ہو نہیں ثابت ہوئی مگر روایت میں ان دونوں کی ابن عمر سے کہا منع فرمایا کھجور کے درخت بیچنے سے

حَتّٰى تَزْهُوَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْكَالِئِ

یہاں تک کہ زہو ہو اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ادھار بیچنا

بِالْكَالِئِ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ

ادھار سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

بَيْعِ الْعُرْبَانِ رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ

بیچنے سے بیانہ لیکر روایت کیا اسکو مالک نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے علی رض سے کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خرید نا

الْمُضْطَرِّ وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ قَبْلَ أَنْ تُدْرِكَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَعَنْ أَنَسٍ رض أَنَّ رَجُلًا مِنْ كِلَابٍ

مضطر کا مال اور دھوکے کی بیع کرنا اور میوہ بیچنا پختگی کے پہلے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہ ایک مرد بنی کلاب سے

سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ فَنَهَاهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا نُطْرِقُ الْفَحْلَ فَنُكْرَمُ فَرَخَّصَ لَهُ فِي الْكَرَامَةِ

پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ اونٹ کے کرائے کا سو منع کیا اسکو پھر کہا یا رسول اللہ ہم عاریت دیتے ہیں اونٹ کو سو ہمیں دیتے ہیں سو رخصت دی اسکو لینے کی ہدیہ

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ رض قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَبِيْعَ مَا لَيْسَ عِنْدِيْ رَوَاهُ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حکیم بن حزام رض سے کہا انہوں نے منع فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیچوں جو موجود نہیں میرے پاس روایت کیا اسکو

التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ وَلِأَبِيْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَأْتِيْنِي الرَّجُلُ فَيُرِيْدُ مِنِّي الْبَيْعَ لَيْسَ عِنْدِيْ

ترمذی نے اور ایک روایت میں اسکی اور ابی داؤد اور نسائی کی کہا حکیم نے کہا میں نے اے رسول اللہ کے آتا ہے کوئی مرد پھر چاہتا ہے مجھ سے وہ چیز کہ موجود نہیں رہتی

فابتاعه له من السوق قال لا تبع ما ليس عندك وعن ابي هريرة رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيعتين

سو خرید لاتا ہوں اسکو بازار سے، فرمایا مت بیچ اسکو جو نہیں تیرے پاس ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیع کرنے سے

في بيعة رواه مالك والترمذي وابو داود والنسائي وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال نهى رسول الله صلى

ایک بیع میں روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم عن بيعتين في صفقة واحدة رواه في شرح السنة وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل

اللہ علیہ وسلم دو بیع کرنے سے ایک بیع میں روایت کیا اسکو کتاب شرح سنت میں ٭ اور اسی سے روایت ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال نہیں

سلف وبيع ولا شرطان في بيع ولا ربح ما لم يضمن ولا بيع ما ليس عندك رواه الترمذي وابو داود والنسائي وقال

بیچنا ادھار کی شرط پر اور نہ دو شرطیں ایک بیع میں اور نہ نفع اس چیز کا کہ ذمہ میں نہ آیا اور نہ بیچنا اسکا کہ موجود نہ ہو تیرے پاس روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور کہا

الترمذي هذا حديث صحيح وعن ابن عمر رض قال كنت ابيع الابل بالبقيع بالدنانير فآخذ مكانها الدراهم وابيع بالدراهم فآخذ

ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے ٭ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے بیچتا تھا میں اونٹ بقیع میں ساتھ دیناروں کے پس لیتا بدلے ان کے درہم اور بیچتا درہموں کے بدلے پس لیتا

مكانها الدنانير فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك له فقال لا بأس ان تأخذها بسعر يومها ما لم تتفرقا وبينكما شيء

بدلے ان کے دینار پھر گیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا اسکا آپ سے سو فرمایا کچھ مضائقہ نہیں کہ لے تو اسکو نرخ سے اسی دن کے جبتک کہ جدا نہ ہو تم دونوں اور درمیان تمہارے کچھ

رواه الترمذي وابو داود والنسائي والدارمي وعن العداء بن خالد بن هوذة رض اخرج كتابا هذا ما اشترى العداء بن خالد بن

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے عداء بن خالد بن ہوذہ رض سے کہ نکالا ایک خط یہ خط وہ ہے جو خرید عداء ابن خالد بن

هوذة من محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم اشترى منه عبدا او امة لا داء ولا غائلة ولا خبثة بيع المسلم المسلم رواه

ہوذہ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خرید کیا ان سے غلام یا لونڈی کہ کوئی بیماری اور نہ خوئی اور نہ بدنہادی نہیں جیسی مسلمان کی بیع مسلمان سے روایت کیا

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن انس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم باع حلسا وقدحا فقال من يشتري هذا الحلس والقدح فقال رجل اخذتهما

اور کہا یہ حدیث غریب ہے ٭ اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچی ایک کملی اور پیالہ پھر فرمایا کون خرید کریگا اس کملی اور پیالہ کو پھر کہا ایک مرد نے لیا میں نے

بدرهم فقال النبي صلى الله عليه وسلم من يزيد على درهم فاعطاه رجل درهمين فباعهما منه رواه الترمذي وابو داود وابن ماجه

ایک درہم سے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کون زیادہ کریگا ایک درہم پر پھر دیا آپ کو ایک مرد نے دو درہم سو بیچا ان کو اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن واثلة بن الاسقع رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من باع عيبا لم ينبهه لم يزل في مقت الله او لم تزل الملائكة تلعنه رواه

روایت ہے واثلہ بن اسقع رض سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو بیچے عیب دار چیز اور آگاہ نہ کرے ہمیشہ رہے گا غضب میں اللہ کے یا ہمیشہ لعنت کرتے ہیں اسپر فرشتے روایت کیا اسکو

ابن ماجه

باب

الفصل الاول

عن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ابتاع نخلا بعد ان تؤبر فثمرتها للبائع الا ان

ابن ماجہ نے ٭ یہ ایک باب ہے پہلی فصل ٭ روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے خرید کیا کھجور کا درخت بعد تابیر کے سو میوہ اسکا بائع کا ہے مگر

يشترط المبتاع ومن ابتاع عبدا وله مال فماله للبائع الا ان يشترط المبتاع رواه مسلم وروى البخاري المعنى الاول وحده وعن جابر رض انه كان

یہ کہ شرط کرے خریدار اور جسنے خرید کیا غلام کو اور غلام کے پاس مال ہو سو وہ مال غلام کا بائع کا ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدار روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت کی بخاری نے پہلا مضمون فقط ٭ اور روایت ہے جابر رض سے کہ جابر

يسير على جمل له قد اعيا فمر النبي صلى الله عليه وسلم فضربه فسار سيرا ليس يسير مثله ثم قال بعنيه بوقية قال فبعته فاستثنيت

چلا جاتا تھا سوار ہو کر اپنے تھکے اونٹ پر سو گذر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر مارا اونٹ کو سو چلا ایسی چال کہ کبھی نہ چلا تھا پھر فرمایا بیچ اسکو ایک اوقیہ کو کہا جابر نے بیچا میں نے اور شرط کی

حملانه الى اهلى فلما قدمت المدينة اتيته بالجمل ونقدني ثمنه وفي رواية فاعطاني ثمنه ورده علي متفق عليه وفي رواية

سواری کو اپنے گھر تک پھر جس وقت میں آیا مدینے میں لیگیا آپ کے پاس وہ اونٹ اور دی مجھے قیمت اسکی اور ایک روایت میں ہے پھر دی مجھے قیمت اسکی اور پھیر دیا وہ اونٹ مجھ کو متفق علیہ اور ایک روایت میں

للبخاري انه قال لبلال اقضه وزده فاعطاه وزاده قيراطا وعن عائشة رض قالت جاءت بريرة فقالت اني كاتبت على تسع اواق

بخاری کی ہے کہ آپ نے فرمایا بلال کو کہ دے قرض جابر کا اور زیادہ دے اسکو اور زیادہ دیا اسکو ایک قیراط اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا آئی بریرہ پھر کہا اسنے کہ میں نے کتابت کی ہے اوپر نو اوقیہ کے

في كل عام وقية فاعينيني فقالت عائشة ان احب اهلك ان اعدها لهم عدة واحدة واعتقك فعلت ويكون ولاؤك لي فذهبت

ہر سال ایک اوقیہ پس مدد کر میری تب کہا عائشہ نے اگر چاہیں تیرے لوگ کہ دے دوں ان کو ایک بار اور آزاد کر دوں تجھ کو تو کروں گی اور ہوگی تیری میراث میری سو گئی

الى اهلها فابوا الا ان يكون الولاء لهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم خذيها واعتقيها ثم قام رسول الله صلى الله عليه وسلم في

اپنے لوگوں کے پاس پھر نہ مانا مگر یہ کہ ہو میراث ان کے لئے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خرید اسکو اور آزاد کر اسکو پھر کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الناس فحمد الله واثنى عليه ثم قال اما بعد فما بال رجال يشترطون شروطا ليست في كتاب الله ما كان من شرط ليس في كتاب الله

لوگوں میں پھر حمد کہا اللہ کا اور ثنا کی اسکی پھر فرمایا لیکن بعد اسکے پھر کیا حال ہے ان لوگوں کا کرتے ہیں وہ شرطیں کہ نہیں ہیں اللہ کی کتاب میں جو شرط کہ نہ ہووے اللہ کی کتاب میں

فهو باطل وان كان مائة شرط فقضاء الله احق وشرط الله اوثق وانما الولاء لمن اعتق متفق عليه وعن ابن عمر رض قال

سو وہ باطل ہے اگرچہ ہوں سو شرطیں حکم اللہ کا ٹھیک ہے اور شرط اللہ کی پکی ہے اور بس میراث آزاد کرنے والے کی ہے ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ

نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الولاء وعن هبته متفق عليه

منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے آزاد کی میراث اور ہبہ اسکا ق

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن مخلد بن خفاف قال ابتعت غلاما فاستغللته ثم ظهرت منه على عيب فخاصمت فيه الى عمر بن عبد العزيز فقضى لي برده وقضى علي برد غلته فاتيت

روایت ہے مخلد بن خفاف سے کہا اسنے خریدا میں نے ایک غلام کو پھر لیا میں نے غلہ اسکا پھر واقف ہوا میں اسکے کسی عیب پر پھر نالش کی میں نے اسکے باب میں عمر بن عبد العزیز سے سو حکم کیا میرے لئے پھیر دینے کا اور حکم کیا مجھ پر پھیر دینے کا اسکی کمائی کو پھر آیا میں

عروة فاخبرته فقال اروح اليه العشية فاخبره ان عائشة اخبرتني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في مثل هذا

عروہ کے پاس اور خبر دی اسکو سو کہا جاؤں گا میں اسکے پاس شام کو پھر خبر دوں گا اسکو کہ عائشہ نے خبر دی مجھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا ایسے قضیوں میں

ان الخراج بالضمان فراح اليه عروة فقضى لي ان اخذ الخراج من الذي قضي به علي له رواه في شرح السنة وعن عبد الله بن

کہ نفع بسبب ضمان کے ہے پھر گیا عروہ اسکے پاس سو حکم کیا میرے لئے کہ لوں نفع غلام کا اس سے جس کو حکم کیا تھا نفع دینے کا مجھ پر اسکے لئے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اختلف البيعان فالقول قول البائع والمبتاع بالخيار رواه الترمذي وفي

مسعود رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جھگڑیں بائع مشتری تو معتبر بات بیچنے والے کی ہے اور خریدار کو اختیار ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور

رواية ابن ماجه والدارمي قال البيعان اذا اختلفا والمبيع قائم بعينه وليس بينهما بينة فالقول ما قال البائع او يترادان البيع

ایک روایت میں ابن ماجہ اور دارمی کی فرمایا بائع مشتری جب جھگڑیں اور بکی چیز باقی رہے ویسی ہی اور نہ ہو دونوں میں شاہد تو معتبر بات وہی جو کہا بائع نے یا دونوں پھیر دیں بیع کو

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اقال مسلما اقاله الله عثرته يوم القيامة رواه ابو داود وابن ماجه وفي

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی اقالہ کرے مسلمان سے معاف کریگا اللہ اسکا قصور قیامت کے دن روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ نے اور

شرح السنة بلفظ المصابيح عن شريح الشامي مرسلا

یہ حدیث شرح سنت میں مصابیح کی عبارت سے شریح شامی سے مرسل روایت کی گئی

الفصل الثالث

تیسری فصل

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اشترى رجل ممن كان قبلكم عقارا من رجل فوجد الذي اشترى العقار في عقاره جرة فيها ذهب فقال له الذي اشترى العقار

خرید کیا ایک مرد نے اگلی امتوں میں سے زمین ایک مرد سے پھر پایا جس نے خرید کیا اس زمین کو اس زمین میں ایک گھڑا اشرفی سے بھرا ہوا اسکو کہا جس نے خرید کیا وہ زمین

خذ ذهبك عني إنما اشتريت العقار ولم أبتع منك الذهب فقال بائع الأرض إنما بعتك الأرض وما فيها فتحاكما إلى رجل

لے اپنی اشرفیاں مجھ سے خرید کی ہیں مگر زمین کو اور خرید نہیں کیا تجھ سے اشرفیاں سو کہا زمین کے بیچنے والے نے بیچ ڈالا تجھ کو زمین کو اور جو کچھ اس میں ہے سو جھگڑا لے گئے ایک مرد کے پاس

فقال الذي تحاكما إليه ألكما ولد فقال أحدهما لي غلام وقال الآخر لي جارية فقال أنكحوا الغلام الجارية وأنفقوا على أنفسهما

سو کہا جس کے پاس فیصلہ چاہا اسنے کیا تمہارے اولاد ہے سو کہا ایک نے میرا لڑکا ہے اور کہا دوسرے نے میری لڑکی ہے پھر کہا اسنے نکاح کر دو لڑکی کا لڑکے سے اور خرچ کرو اوپر

منه وتصدقا متفق عليه

باب السلم والرهن
الفصل الاول

عن ابن عباس رض قال قدم رسول الله صلى الله

اس مال سے اور خیرات کرو۔ ق۔ یہ باب ہے بیع سلم اور گرو رکھنے کا پہلی فصل روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انے آئے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم المدينة وهم يسلفون في الثمار السنة والسنتين والثلث فقال من سلف في شيء فليسلف في كيل معلوم

علیہ وسلم مدینہ میں اور وہ بیعانگی دیتے تھے میووں میں ایک اور دو اور تین سال کے وعدہ پر پھر فرمایا جسنے بیعانگی دی کسی چیز میں تو بیعانگی دے ناپ

ووزن معلوم إلى أجل معلوم متفق عليه وعن عائشة رض قالت اشترى رسول الله صلى الله عليه وسلم طعاما من يهودي

اور وزن مقرر کرکے معین کرکے وعدہ۔ ق۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انے خرید کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی کھانے کی چیز یہودی سے

إلى أجل ورهنه درعا له من حديد متفق عليه وعنها قالت توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم ودرعه مرهونة عند

وعدہ پر ایک اور گرو رکھا اسکے پاس آپنے زرہ لوہے کی۔ ق۔ اور روایت ہے انہی سے کہ کہا انے وفات پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور زرہ آپکی گرو تھی

يهودي بثلاثين صاعا من شعير رواه البخاري وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهر يركب

یہودی کے پاس تیس صاع جو پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جانور پر سواری کی جاتی ہے

بنفقته إذا كان مرهونا ولبن الدر يشرب بنفقته إذا كان مرهونا وعلى الذي يركب ويشرب النفقة رواه البخاري

دانہ چارہ دے کر جب ہو گرو میں اور دودھ جانور کا پیا جاتا ہے اسکو دانہ چارہ دے کر جب گرو میں ہو اور جو سوار ہو اور پیوے دودھ اسپر ہے دانہ چارہ روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني

عن سعيد بن المسيب أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يغلق الرهن الرهن من صاحبه الذي رهنه له

دوسری فصل روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ روکی جاوے گرو رکھی چیز گرو کے مالک سے جو گرو رکھا اسکو

غنمه وعليه غرمه رواه الشافعي مرسلا وروي مثله أو مثل معناه لا يخالف عنه عن أبي هريرة متصلا وعن ابن

نفع بھی اسکا مالک کا اور نقصان بھی مالک کا روایت کیا اسکو شافعی نے سند مرسل اور مروی ہے مثل اسکے یا مثل اسکے معنے کے مخالف نہیں اسکے ابی ہریرہ سے سند متصل اور روایت ہے ابن

عمر رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال المكيال مكيال أهل المدينة والميزان ميزان أهل مكة رواه أبو داود والنسائي

عمر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ناپ اہل مدینہ والوں کا ناپ ہے اور ترازو مکہ والوں کی ترازو ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے

وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأصحاب الكيل والميزان إنكم قد وليتم أمرين هلكت فيهما

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپ والے اور ترازو والوں کو تم تحقیق حاکم کئے گئے ایسے دو کام کہ ہلاک ہوئیں امتیں

الأمم السابقة قبلكم رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن أبي سعيد الخدري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

امتیں اگلی تمہارے پہلے روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

من أسلف في شيء فلا يصرفه إلى غيره قبل أن يقبضه رواه أبو داود وابن ماجه **باب الاحتكار الفصل الأول** عن

جو کوئی پہلے ہی قیمت دے کوئی چیز خریدنے سو نہ پھیرے اسکو اپنے غیر کی طرف پہلے قبضے میں لانے کے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ٭ یہ باب احتکار کا ہے ٭ پہلی فصل ٭ روایت ہے

معمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احتكر فهو خاطئ رواه مسلم وسنذكر حديث عمر رض كانت أموال بني النضير في

معمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے احتکار کیا سو وہ گنہگار ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث عمر رض کی تھے مال قبیلہ بنی نضیر کے

باب الفيء إن شاء الله تعالى **الفصل الثاني** عن عمر رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الجالب مرزوق والمحتكر ملعون رواه ابن ماجه

غنیمت کے باب میں اگر چاہے اللہ تعالی ٭ دوسری فصل ٭ روایت ہے عمر رض سے [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] مرزوق ہے [illegible] ملعون [illegible]

والدارمي **وعن** أنس رض قال غلا السعر على عهد النبي صلى الله عليه وسلم فقالوا يا رسول الله سعر لنا فقال النبي صلى الله عليه وسلم

اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے گراں ہوا نرخ زمانے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر کہا اے رسول اللہ کے نرخ باندھ دیجئے ہمارے لیے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

إن الله هو المسعر القابض الباسط الرازق وإني لأرجو أن ألقى ربي وليس أحد منكم يطلبني بمظلمة بدم ولا مال رواه الترمذي

بیشک اللہ ہی نرخ باندھنے والا ہے تنگی کرنے والا اور کشادگی کرنے والا روزی دینے والا ہے اور میں امید رکھتا ہوں [illegible]

وأبو داود وابن ماجه والدارمي **الفصل الثالث** عن عمر بن الخطاب رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من احتكر

اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ تیسری فصل ٭ روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہا سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جسنے بند کیا

على المسلمين طعامهم ضربه الله بالجذام والإفلاس رواه ابن ماجه والبيهقي في شعب الإيمان ورزين في كتابه **وعن** ابن عمر رض قال

مسلمانوں پر ان کے قوت کی چیز ڈالیگا اس پر اللہ جذام کا مرض اور مفلسی روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احتكر طعاما أربعين يوما يريد به الغلاء فقد برئ من الله وبرئ الله منه رواه

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے بند کیا غلہ چالیس دن ارادہ کرکے اس سے گرانی کا سو تحقیق بیزار ہوا وہ اللہ سے اور بیزار ہوا اللہ اس سے روایت کیا اسکو

رزين **وعن** معاذ رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول بئس العبد المحتكر إن أرخص الله الأسعار حزن وإن أغلاها

رزین نے اور روایت ہے معاذ رض سے کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے برا ہے وہ غلہ بند کرنے والا بندہ کہ اگر ارزان کرے اللہ نرخ تو غمگین ہو اور اگر گراں کرے

فرح رواه البيهقي في شعب الإيمان ورزين في كتابه **وعن** أبي أمامة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من احتكر طعاما

خوش ہو روایت کیا بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے بند رکھا غلہ

أربعين يوما ثم تصدق به لم يكن له كفارة رواه رزين **باب الإفلاس والإنظار الفصل الأول** عن أبي هريرة رض قال قال رسول الله

چالیس دن پھر خیرات کیا اسکو نہ ہوگا وہ خیرات کرنا اسکا بدلا روایت کیا اسکو رزین نے ٭ باب مفلس ہونے اور مفلس کو مہلت دینے کے بیان میں ٭ پہلی فصل ٭ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم أيما رجل أفلس فأدرك رجل ماله بعينه فهو أحق به من غيره متفق عليه **وعن** أبي سعيد رض قال أصيب

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مرد مفلس ہو گیا پھر پایا ایک مرد اپنا ہی مال جیسے کا ویسا سو وہ زیادہ سزاوار ہے اسکا بہ نسبت غیر کے ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا اسنے

رجل في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم في ثمار ابتاعها فكثر دينه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم تصدقوا عليه

کسی مرد کو زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے میووں میں جو خریدے تھے آفت پہنچی سو قرض اسپر بہت ہوا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیرات دو اسکو

فتصدق الناس عليه فلم يبلغ ذلك وفاء دينه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لغرمائه خذوا ما وجدتم وليس لكم إلا ذلك

پھر خیرات دی لوگوں نے اسکو پھر نہ ہوا وہ مال اتنا کہ تمام قرض ادا ہو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے قرضداروں کو لو جتنا پایا اور نہیں تمکو مگر یہی ٭ ق

رواه مسلم وعن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال كان رجل يداين الناس فكان يقول لفتاه اذا اتيت معسرا
ادا کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص قرض دیتا تھا لوگوں کو پھر کہتا تھا اپنے غلام کو جب جائے تو تنگدست کے پاس

فتجاوز عنه لعل الله ان يتجاوز عنا قال فلقي الله فتجاوز عنه متفق عليه وعن ابي قتادة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه و
درگذر کر اس سے شاید اللہ درگذر کرے ہم سے فرمایا پھر ملا وہ اللہ سے تو بخشدیا اللہ نے اسکو متفق علیہ اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

سلم من سره ان ينجيه الله من كرب يوم القيامة فلينفس عن معسر او يضع عنه رواه مسلم وعنه قال سمعت رسول الله صلى
سلم جسکو خوش آوے کہ بچاوے اسکو اللہ سختیوں سے قیامت کے دن کی سو مہلت دے تنگدست کو یا معاف کرے اس سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يقول من انظر معسرا او وضع عنه انجاه الله من كرب يوم القيامة رواه مسلم وعن ابي اليسر رض قال
اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جسنے مہلت دی تنگدست کو یا معاف کیا اس سے بچاویگا اسکو اللہ سختیوں سے قیامت کے دن کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی الیسر رض سے کہا انہوں نے سنا میں نے

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من انظر معسرا او وضع عنه اظله الله في ظله رواه مسلم وعن ابي رافع رض قال استسلف
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جسنے مہلت دی تنگدست کو یا معاف کیا اس سے لیگا اسکو اللہ اپنے سایہ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی رافع رض سے کہا ادھار لیا

رسول الله صلى الله عليه وسلم بكرا فجاءته ابل من الصدقة قال ابو رافع فامرني ان اقضي الرجل بكره فقلت لا اجد الا جملا خيارا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکر پھر آئے آپ کے پاس اونٹ زکوة کے کہا ابو رافع نے پھر حکم کیا مجھے کہ دوں اس مرد کو اونٹ اسکا میں نے کہا نہیں پاتا مگر اچھے اونٹ

رباعيا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطه اياه فان خير الناس احسنهم قضاء رواه مسلم وعن ابي هريرة رض ان رجلا
رباعی پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دے اسکو وہی کیونکہ بیشک سب سے بہتر آدمی وہی ہے جو اچھے طور قرض ادا کرے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد

تقاضى رسول الله صلى الله عليه وسلم فاغلظ له فهم اصحابه فقال دعوه فان لصاحب الحق مقالا واشتروا له بعيرا فاعطوه اياه
قرض کا تقاضا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر سختی کی آپ سے سو قصد کیا صحابہ نے فرمایا چھوڑ دو اسکو کہ حقدار کو کہنے کا حق ہے اور خرید دو اسکے لیے اونٹ پھر دو اسکو

قالوا لا نجد الا افضل من سنه قال اشتروه فاعطوه اياه فان خيركم احسنكم قضاء متفق عليه وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
کہا نہیں پاتے ہم مگر زیادہ عمر کا اسکے اونٹ سے فرمایا وہی خرید کر دو اسکو کیونکہ بہتر تم میں وہی ہے جو خوبی سے قرض ادا کرے متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قال مطل الغني ظلم فاذا اتبع احدكم على ملي فليتبع متفق عليه وعن كعب بن مالك رض انه تقاضى ابن ابي حدرد دينا له عليه في عهد رسول
فرمایا دیر کرنا تونگر کا ظلم ہے پھر جب حوالہ دیا جاوے کوئی تم میں سے مالدار پر تو قبول کرلے متفق علیہ اور روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہ تقاضا کیا ابن ابی حدرد سے اپنا قرض جو اسپر تھا عہد رسول

الله صلى الله عليه وسلم في المسجد فارتفعت اصواتهما حتى سمعها رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في بيته فخرج اليهما رسول الله صلى الله عليه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مسجد میں پھر بلند ہوئی آواز دونوں کی یہاں تک کہ سنا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر میں سے پھر نکل آئے دونوں کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

سلم حتى كشف سجف حجرته ونادى كعب بن مالك قال يا كعب قال لبيك يا رسول الله فاشار بيده ان ضع الشطر من دينك قال كعب قد فعلت يا
سلم یہاں تک کہ کھولدیا پردہ حجرہ مبارک کا اور آواز دی کعب بن مالک کو فرمایا ای کعب کہا اسنے حاضر ای رسول اللہ کے پھر اشارہ کیا دست مبارک سے کہ کم کر آدھا قرض تیرا کہا کعب نے تحقیق

رسول الله قال قم فاقضه متفق عليه وعن سلمة بن الاكوع رض قال كنا جلوسا عند النبي صلى الله عليه وسلم اذ اتي بجنازة فقالوا صل
رسول اللہ کے فرمایا اٹھ پھر ادا کر قرض اسکا متفق علیہ اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع رض سے کہا کہ بیٹھے تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ناگہاں کوئی لایا ایک جنازہ پھر کہا

عليها فقال هل عليه دين قالوا لا فصلى عليها ثم اتي بجنازة اخرى فقال هل عليه دين قيل نعم قال هل ترك شيئا
پڑھیے اسپر فرمایا کیا اسپر قرض ہے کہا نہیں تب نماز پڑھی اسپر پھر لایا کسی نے جنازہ دوسرا فرمایا کیا اسپر قرض ہے کہا کسی نے ہاں فرمایا کیا چھوڑ گیا کچھ

قالوا لا ثم اُتي بالثالثة فقال هل عليه دين قالوا ثلثة دنانير قال هل ترك شيئا قالوا لا قال صلوا على صاحبكم

کہا تین دینار پھر نماز پڑھی اسپر پھر لایا گیا تیسرا پھر فرمایا کیا اسپر قرض ہے کہا تین دینار فرمایا کیا چھوڑ گیا کچھ کہا نہیں فرمایا نماز پڑھو اپنے یار پر

قال ابو قتادة صلّ عليه يا رسول الله وعليّ دينه فصلّى عليه رواه البخاري وعن ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال

کہا ابو قتادہ نماز پڑھئے اسپر اے رسول اللہ کے اور مجھ پر ہے ادا کرنا اسکے قرض کا پھر نماز پڑھی اسپر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من اخذ اموال الناس يريد اداءها ادّى الله عنه ومن اخذ يريد اتلافها اتلفه الله عليه رواه البخاري وعن ابي قتادة

جسنے لیا لوگوں کا مال ادا کرنے کی نیت سے ادا کروا دیگا اللہ اسکی طرف سے اور جسنے لیا نیت کرکے لیجانیکی ہلاک کرتا ہے اسکو اللہ اس پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی قتادہ

رض قال رجل يا رسول الله ارأيت ان قتلت في سبيل الله صابرا محتسبا مقبلا غير مدبر يكفّر الله عني خطاياي فقال رسول

رض سے کہ پوچھا ایک مرد نے اے رسول اللہ کے خبر دیجئے اگر میں شہید ہوا اللہ کی راہ میں صبر کرکے ثواب کی امید رکھکر سامھنا کرتا پیٹھ نہ دیکر دور کریگا اللہ مجھسے گناہ میرے

الله صلى الله عليه وسلم نعم فلما ادبر ناداه فقال نعم الا الدين كذلك قال جبرئيل رواه مسلم وعن عبد الله بن عمرو

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا پکارا اسکو پھر فرمایا ہاں قرض الگ ہے کہا جبرئیل نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يغفر للشهيد كل ذنب الا الدين رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال كان رسول الله

مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معاف ہوتے ہیں شہید کے سب گناہ مگر قرض روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا تھے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يؤتى بالرجل المتوفّى عليه الدين فيسأل هل ترك لدينه قضاء فان حدّث انه ترك وفاء صلّى والا

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لاتے تھے جنازہ اس حال میں کہ اسپر قرض رہتا سو پوچھتے کیا چھوڑ گیا اسکا قرض ادا ہونے کی چیز پھر اگر خبر دیتا کوئی کہ اسنے چھوڑ گیا ہے ادا

قال للمسلمين صلّوا على صاحبكم فلما فتح الله عليه الفتوح قام فقال انا اولى بالمؤمنين من انفسهم فمن توفّي من المؤمنين

فرماتے مسلمانوں کو نماز پڑھو اپنے یار پر پھر جب کھولدیا اللہ نے آپ پر دروازہ غنیمت کا وعظ کیا پھر فرمایا میں زیادہ قریب ہوں ایمانداروں سے بہ نسبت انکی جانوں کے سو جو مر جاوے ایماندار

فترك دينا فعليّ قضاؤه ومن ترك مالا فهو لورثته متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي خلدة الزرقي قال

پھر چھوڑ جاوے قرض سو مجھ پر ہے ادا کرنا اسکا اور جو کوئی چھوڑ جاوے مال سو وہ اسکے وارثوں کا ہے متفق دوسری فصل روایت ہے ابی خلدہ زرقی سے کہا

جئنا ابا هريرة في صاحب لنا قد افلس فقال هذا الذي قضى فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم ايّما رجل مات او افلس فصاحب

آئے ہم ابا ہریرہ کے پاس ہمارے ایک یار کے لئے کہ مفلس ہو گیا تھا سو کہا یہ شخص وہی ہے کہ فیصلہ کیا اسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مرد کہ مر گیا یا مفلس ہو گیا

المتاع احقّ بمتاعه اذا وجده بعينه رواه الشافعي وابن ماجة وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اسباب والا زیادہ سزاوار ہے اپنا اسباب لینے کا جب پایا اسکو بعینہ روایت کیا اسکو شافعی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

نفس المؤمن معلّقة بدينه حتى يُقضى عنه رواه الشافعي واحمد والترمذي وابن ماجة والدارمي وعن البراء بن

جان ایماندار کی لٹکی رہتی ہے بسبب قرض کے یہانتک کہ کوئی ادا کرے اسکی طرف سے روایت کیا اسکو شافعی اور احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے براء بن

عازب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صاحب الدين مأسور بدينه يشكو الى ربّه الوحدة يوم القيامة رواه

عازب رض سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرضدار قیدی ہے بسبب قرض کے گلہ کریگا اپنے پروردگار سے تنہائی کا قیامت کے دن روایت کیا اسکو

في شرح السنة وروي ان معاذا كان يدان فاتى غرماؤه الى النبي صلى الله عليه وسلم فباع النبي صلى الله عليه وسلم ماله كله في دينه

شرح سنت میں اور روایت کیا گیا کہ معاذ قرض لیا تھا پھر آئے قرضدار اسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر بیچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سب مال اسکا بیچ قرض

حتى قام معاذ بغير شيء مرسل هذا لفظ المصابيح ولم أجده في الأصول إلا في المنتقى وعن عبد الرحمن بن كعب بن مالك

یہاں تک کہ کھڑا رہا معاذ بغیر کسی چیز کے یہ حدیث مرسل ہے یہ عبارت مصابیح کی ہے اور نہ پایا میں نے اسکو صحاح وغیرہ میں مگر منتقی میں اور روایت ہے عبدالرحمن بن کعب بن مالک سے

قال كان معاذ بن جبل شابا سخيا وكان لا يمسك شيئا فلم يزل يدان حتى أغرق ماله كله في الدين فأتى النبي صلى الله عليه وسلم

کہا انہوں نے تھا معاذ بن جبل جوان سخی اور نہ رکھتا تھا کوئی چیز پھر ہمیشہ قرض لیا تھا یہاں تک کہ ڈبا دیا سب اپنا مال قرض میں پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

فكلمه ليكلم غرماءه فلو تركوا لأحد لتركوا لمعاذ لأجل رسول الله صلى الله عليه وسلم فباع رسول الله صلى الله عليه وسلم

پھر کلام کیا آپ سے کہ کلام کریں غرماء سے پھر اگر چھوڑتے کسی کو تو چھوڑتے معاذ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پھر بیچا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لهم ماله حتى قام معاذ بغير شيء رواه سعيد في سننه مرسلا وعن الشريد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ان کے لئے مال اسکا یہاں تک کہ کھڑا رہا معاذ بغیر کسی چیز کے روایت کیا اسکو سعید نے اپنی سنن میں مرسلا اور روایت ہے شرید رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لي الواجد يحل عرضه وعقوبته قال ابن المبارك يحل عرضه يغلظ له وعقوبته يحبس له رواه ابو داود والنسائي وعن

ٹالنا مقدور والے کا حلال کرتی ہے آبرو لینا اور سزا دینا اسکا کہا ابن مبارک نے معنے یحل عرضہ کے سخت کلام کیا جائیگا اسکو اور معنے عقوبتہ کے قید کیا جائیگا اسکو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور

أبي سعيد الخدري رض قال أتي النبي صلى الله عليه وسلم بجنازة ليصلي عليها فقال هل على صاحبكم دين قالوا نعم قال هل ترك له

ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے لایا گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی جنازہ نماز پڑھنے اس پر تب فرمایا کیا تمہارے یار پر قرض ہے کہا ہاں فرمایا کیا چھوڑ گیا اپنے

من وفاء قالوا لا قال صلوا على صاحبكم قال علي بن أبي طالب علي دينه يا رسول الله فتقدم فصلى عليه وفي رواية معناه

ادائے دین کی چیز کہا نہیں فرمایا نماز پڑھو اپنے یار کے جنازے کی کہا علی بن ابی طالب نے مجھ پر ہے اسکا قرض اے رسول اللہ کے سو آگے بڑھے پھر نماز پڑھی اور ایک روایت میں اسکے معنے ہیں

وقال فك الله رهانك من النار كما فككت رهان أخيك المسلم ليس من عبد مسلم يقضي عن أخيه دينه إلا فك الله رهانه

فقال انی اعطیت ابنی من عمرة بنت رواحة عطیة فامرتنی ان اشہدک یا رسول اللہ قال اعطیت سائر ولدک مثل ھذا قال لا قال فاتقوا

پھر کہا کہ دیا میں نے اپنے بیٹے کو جو عمرہ بنت رواحہ سے ہے کوئی چیز سو حکم کیا مجھے اسنے کہ گواہ رکھوں آپکو ای رسول اللہ کے فرمایا کیا دیا تو نے اپنی تمام اولاد کو مانند اسکے کہا نہیں فرمایا پھر ڈرو

اللہ واعدلوا بین اولادکم قال فرجع فرد عطیتہ وفی روایۃ انہ قال لا اشہد علی جور متفق علیہ

اور انصاف کرو درمیان اپنی اولاد کے کہا پھر پھرا اور پھیر لیا اپنی دی چیز اور ایک روایت میں کہ آپنے فرمایا گواہ نہوںگا ظلم پر ۔ متفق

الفصل الثانی

دوسری فصل ۔ روایت ہے عبداللہ

عن عبد اللہ بن عمرو رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرجع احد فی ہبتہ الا الوالد من ولدہ رواہ النسائی وابن ماجۃ وعن ابن عمر وابن عباس

بن عمرو رض سے کہا اسنے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پھیر لیگا کوئی اپنا ہبہ مگر باپ بیٹے سے ۔ روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر اور ابن عباس

رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل للرجل ان یعطی عطیۃ ثم یرجع فیہا الا الوالد فیما یعطی ولدہ ومثل الذی یعطی العطیۃ

رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال نہیں مرد کو یہ کہ دے کوئی چیز پھر رجوع کرے اسمیں مگر باپ اس چیز میں کہ دیتا ہے بیٹے کو اور مثال اسکی کہ دیکے کوئی چیز

ثم یرجع فیہا کمثل الکلب اکل حتی اذا شبع قاء ثم عاد فی قیئہ رواہ ابوداود والترمذی والنسائی وابن ماجۃ وصححہ الترمذی وعن

پھر پھیرے اسکو جیسی مثال کتے کی کہ کھایا یہاں تک کہ جب پیٹ بھرا قے کی پھر دوبارہ کھا لیا اپنی قے ۔ روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور صحیح کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

ابی ہریرۃ رض ان اعرابیا اھدی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکرۃ فعوضہ منہا ست بکرات فتسخط فبلغ ذلک النبی صلی اللہ علیہ و

ابی ہریرہ رض سے کہ ایک گنوار نے ہدیہ دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جوان اونٹنی پھر دیا عوض میں اسکے چھ اونٹنیاں سو راضی نہوا وہ سو پہنچی یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ و

سلم فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ان فلانا اھدی الی ناقۃ فعوضتہ منہا ست بکرات فظل ساخطا لقد ھممت ان لا اقبل ھدیۃ الا

سلم کو تب حمد کیا اللہ کا اور تعریف کی پھر فرمایا بیشک فلانے نے ہدیہ دیا مجھکو ایک اونٹنی سو اسکے بدلے میں چھ اونٹنیاں دیں پھر ہو وہ ناخوش مقرر ارادہ کیا کہ نہ لونگا ہدیہ مگر

من قرشی او انصاری او ثقفی او دوسی رواہ الترمذی وابوداود والنسائی وعن جابر رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال

قریشی یا انصاری یا ثقفی یا دوسی سے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من اعطی عطاء فوجد فلیجز بہ ومن لم یجد فلیثن فان من اثنی فقد شکر ومن کتم فقد کفر ومن تحلی بما لم یعط کان کلابس

جسکو دی گئی کوئی چیز پھر پایا مقدور تو بدلا کرے اسکا اور جسنے مقدور نہ پایا تو تعریف کرے اسلیئے کہ جسنے تعریف کی سو تحقیق شکر کیا اور جسنے چھپایا سو تحقیق ناشکری کی اور جسنے اظہار کیا اسکا کہ مقدور سے زیادہ ہے تو ہوگا مانند پہننے والے

ثوبی زور رواہ الترمذی وابوداود وعن اسامۃ بن زید رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صنع الیہ معروف فقال

دو کپڑے مکر کے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے ۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے لیا گیا احسان پھر کہا

لفاعلہ جزاک اللہ خیرا فقد ابلغ فی الثناء رواہ الترمذی وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یشکر الناس

محسن کو تجھے جزا دے اللہ بہتر اس سے سو مقرر خوب ثنا کی اسکی ۔ روایت کیا ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شکر نہ کرے لوگوں کا

لم یشکر اللہ رواہ احمد والترمذی وعن انس رض قال لما قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ اتاہ المہاجرون فقالوا

شکر نہ کریگا اللہ کا ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا جب آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں آئے آپکے پاس مہاجر لوگ پھر کہا

یا رسول اللہ ما راینا قوما ابذل من کثیر ولا احسن مواساۃ من قلیل من قوم نزلنا بین اظہرہم لقد کفونا المؤنۃ و

ای رسول اللہ کے نہ دیکھا ہمنے کسیکو زیادہ دینے والے بہت مال اور نہ اچھی مدد کرنے والے تھوڑے مال سے اس قوم سے کہ اترے ہم ان میں تحقیق بچایا ہمکو محنت سے اور

اشرکونا فی المہنا حتی لقد خفنا ان یذہبوا بالاجر کلہ فقال لا ما دعوتم اللہ لہم واثنیتم علیہم رواہ

شریک کیا ہمکو محصول میں یہاں تک مقرر ڈر گئے ہم اس سے کہ لیلیں ثواب سب فرمایا نہیں جبتک کہ دعا کرو تم اللہ سے انکے لئے اور تعریف کرو انکی ۔ روایت کیا اسکو

الترمذي وصححه وعن عائشة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال تهادوا فان الهدية تذهب الضغائن رواه

ترمذی اور صحیح کہا اسکو اور روایت ہے عائشہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپس میں ہدیہ دو کہ ہدیہ دور کرتا ہے حسد کو روایت کیا اسکو

الترمذي وعن ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال تهادوا فان الهدية تذهب وحر الصدر ولا تحقرن

ترمذی نے ف اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ہدیہ دو کہ ہدیہ دور کرتا ہے کینہ سینے کا اور حقیر نہ سمجھے

جارة لجارتها ولو بشق فرسن شاة رواه الترمذي وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلث لا ترد

پڑوسن پڑوسن کے لئے ف اگرچہ آدھی کھری ہو بکری کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیز کا رد نہ کیا جائے

الوسائد والدهن واللبن رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب قيل اراد بالدهن الطيب وعن ابي عثمان

تکیہ اور خوشبو اور دودھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے کہا گیا ارادہ کیا دہن سے خوشبو کا ۔ اور روایت ہے ابی عثمان

النهدي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اعطي احدكم الريحان فلا يرده فانه خرج من الجنة رواه

نہدی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ملے کسی کو تم میں سے ریحان سو رد نہ کرے اسکا اس لئے کہ وہ نکلا ہے جنت سے روایت کیا اسکو

الترمذي مرسلا **الفصل الثالث** عن جابر رض قال قالت امرأة بشير انحل ابني غلامك واشهد لي رسول الله

ترمذی نے مرسل ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے جابر رض سے کہا اسنے کہا بی بی بشیر کی نے دے میرے بیٹے کو اپنا غلام اور گواہ کر میرے لئے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم فاتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ان ابنة فلان سألتني ان انحل ابنها غلامي وقالت

صلی اللہ علیہ وسلم کو سو گیا بشیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا بیشک بیٹی فلانے کی ف سوال کیا مجھ سے دینے کا اسکے بیٹے کو غلام اپنا

اشهد لي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اله اخوة قال نعم قال افكلهم اعطيتهم مثل ما اعطيته قال لا قال فليس يصلح هذا واني لا اشهد الا على حق

گواہ رکھ میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تب فرمایا کیا اسکے اور بھائی ہیں کہا ہاں فرمایا کیا سبھوں کو دیا تو جیسا اسکو کہا نہیں فرمایا پھر مناسب نہیں یہ اور میں نہیں گواہ ہوتا مگر حق پر

رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اتي بباكورة الفاكهة وضعها على عينيه وعلى شفتيه وقال اللهم

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب لاتا کوئی نیا نکلا ہوا میوہ رکھ لیتے چشم مبارک پر اور ہونٹوں پر اور فرماتے

كما اريتنا اوله فارنا آخره ثم يعطيه من يكون عنده من الصبيان رواه البيهقي في الدعوات الكبير **باب اللقطة الفصل الاول** عن

جیسا دکھایا تو ہمیں اول کو اسکے سو دکھا آخر کو اسکے ف پھر دیتے سو وہ اسکو کہ ہوتا آپ کے پاس لڑکوں سے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں ۔ باب لقطہ کا ۔ پہلی فصل

زيد بن خالد رض قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فسأله عن اللقطة فقال اعرف عفاصها ووكاءها ثم عرفها سنة فان جاء

زید بن خالد رض سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو پوچھا آپ سے مسئلہ لقطہ کا سو فرمایا پہچان تھیلی اور بندھن کو اسکا پھر بتا سال بھر

صاحبها والا فشأنك بها قال فضالة الغنم قال هي لك او لاخيك او للذئب قال فضالة الابل قال مالك ولها معها سقاؤها وحذاؤها ترد

مالک اسکا تو آیا نہیں تو کام کر اپنا اس سے کہا پھر گمشدہ بکری کو فرمایا وہ تیری یا تیرے بھائی کی یا بھیڑیے کی ہے ف کہا گمشدہ اونٹ کو فرمایا تجھ کو اور اسکو کیا علاقہ اسکے ساتھ ہے اسکی مشک اور موزے پانی پر

الماء وتأكل الشجر حتى يلقاها ربها متفق عليه وفي رواية لمسلم فقال عرفها سنة ثم اعرف وكاءها وعفاصها ثم استنفق بها فان جاء ربها

اور کھاتا ہے درخت کو یہاں تک کہ پاوے اسکو مالک اسکا ف اور ایک روایت میں مسلم کی ہے پھر فرمایا بتا لقطہ کو سال بھر پھر پہچان رکھ بندھن اور تھیلی اسکی پھر خرچ کر لا

فادها اليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من آوى ضالة فهو ضال ما لم يعرفها رواه مسلم وعن عبد الرحمن بن عثمان التيمي

تو دے لقطہ اسکو اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے جگہ دی بھٹکے جانور کو سو گمراہ ہے جب تک نہ بتاوے اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن عثمان التیمی

رض ان رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نهی عن لقطة الحاج رواه مسلم **الفصل الثانی** عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن
عن سے کہ بیشک رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نے منع کیا ملک کر لینے کو حاجی کا لقطہ روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے

جده عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم انه سئل عن الثمر المعلق فقال من اصاب منه من ذی حاجة غیر متخذ خبنة فلا شیء
اسکے دادا سے رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم سے کہ آپ سے کسی نے پوچھا مسئلہ لٹکتے میوے کے لینے کا فرمایا جسنے لیا اس سے محتاج لوگوں سے نہ چھپا کر لیجاوے تو کچھ نہیں

علیه ومن خرج بشیء منه فعلیه غرامة مثلیه والعقوبة ومن سرق منه شیئا بعد ان یؤویه الجرین فبلغ ثمن المجن فعلیه
اسپر اور جو لیگیا کچھ اس سے سو اسپر تاوان اسکا دونا ہے اور تعزیر اور جسنے چرایا اسے کچھ بعد اسکے کہ جلدے اسکو جرین میں پھر پہنچی قیمت کو سپر کی سو اسپر

القطع وذکر فی ضالة الابل والغنم کما ذکر غیره قال وسئل عن اللقطة فقال ما کان منها فی الطریق المیتاء والقریة الجامعة
ہاتھ کاٹنا ہے اور ذکر کیا عمرو نے بھٹکے اونٹ اور بکری میں جیسا کہ ذکر کیا غیر نے کہا عمرو اور پوچھا کسی نے لقطے کا مسئلہ سو فرمایا جو لقطہ کہ آباد راہ میں ہووے اور آباد گانوں میں

فعرفها سنة فان جاء صاحبها فادفعها الیه وان لم یأت فهو لك وما کان فی الخراب العادی ففیه وفی الرکاز الخمس رواه النسائی
سو پہنچوا اسکو ایک سال پھر اگر آیا مالک اسکا تو حوالے کر اسکے اور اگر نہ آیا تو وہ تیرا ہے اور جو لقطہ کہ ہو پرانی ویران زمین میں سو اس میں اور دفینوں میں پانچواں حصہ ہے روایت کیا اسکو نسائی نے

وروی ابو داود عنه من قوله وسئل عن اللقطة الی آخره وعن ابی سعید الخدری رض ان علی بن ابی طالب رض وجد دینارا فاتی
اور روایت کیا ابو داود نے عمرو سے قول سے حضرت کے وسئل عن اللقطة آخر تک اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے بیشک علی بن ابی طالب رض نے پایا ایک دینار پھر لایا

به فاطمة رض فسأل عنه رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فقال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم هذا رزق اللّٰه فاکل منه رسول اللّٰه صلی
اسکو فاطمہ رض کے پاس پھر پوچھا حال اسکا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم سے سو فرمایا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یہہ روزی اللّٰه کی ہے پھر کھایا اس سے رسول اللّٰه صلی

اللّٰه علیه وسلم واکل علی وفاطمة رض فلما کان بعد ذلك اتت امرأة تنشد الدینار فقال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یا علی اد
اللّٰه علیه وسلم نے اور علی اور فاطمہ رض نے پھر جب گذری بعد اسکے ایک مدت آئی ایک عورت طلب کرتی اس دینار کو پھر فرمایا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نے اے علی دے

الدینار رواه ابو داود وعن الجارود رض قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ضالة المسلم حرق النار رواه الدارمی وعن
وہ دینار روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے جارود رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نے بھٹکا جانور مسلمان کا لیجانا ہے دوزخ میں روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے

عیاض بن حمار رض قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم من وجد لقطة فلیشهد ذا عدل او ذوی عدل ولا یکتم ولا یغیب
عیاض بن حمار رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نے جسنے پایا گرا ہوا مال سو چاہیئے گواہ رکھے اسپر ایک عادل کو یا دو عادل کو اور نہ چھپاوے اور نہ غائب کرے

فان وجد صاحبها فلیردها علیه والا فهو مال اللّٰه یؤتیه من یشاء رواه احمد وابو داود والدارمی وعن جابر رض قال
پھر اگر پایا اسکے مالک کو سو پھیر دے اسکو اور نہیں تو وہ اللّٰه کا مال ہے دیتا ہے جسکو چاہے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا

رخص لنا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فی العصا والسوط والحبل واشباهه یلتقطه الرجل ینتفع به رواه ابو داود وذکر
اجازت دی ہمکو رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم نے لاٹھی اور کوڑے اور رسی اور اسی طور کی چیزوں میں کہ اٹھالیا کرتا ہے آدمی فایدہ لیوے اس سے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور ذکر کی

حدیث مقدام بن معدیکرب الا لا یحل فی باب الاعتصام

باب الفرائض

الفصل الاول عن ابی هریرة رض عن النبی
حدیث مقدام بن معدیکرب کی الا لا یحل اہ باب اعتصام میں باب فرائض کا پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی

صلی اللّٰه علیه وسلم قال انا اولی بالمؤمنین من انفسهم فمن مات وعلیه دین ولم یترك وفاء فعلی قضاؤه ومن ترك مالا فلورثته
صلی اللّٰه علیه وسلم نے فرمایا میں زیادہ نزدیک ہوں ایمانداروں سے بہ نسبت انکی جان کے پھر جو کوئی مرگیا قرض رکھ کے اور نہ چھوڑا ادا کو سو مجھ ہی ادا کرنا ہے اسکا
اور جو کوئی چھوڑ گیا مال سو اسکے وارثوں کا ہے

وفی روایة من ترک دینا او ضیاعا فلیأتنی فانا مولاہ وفی روایة من ترک مالا فلورثته ومن ترک کلا فالینا

اور ایک روایت میں ہے جسنے چھوڑا قرض یا چھوٹی اولاد سو آوے میرے پاس کہ میں انکا کام کرنے والا ہوں اور ایک روایت میں ہے جسنے چھوڑا مال سو اسکے وارثوں کا ہے

متفق علیہ وعن ابن عباس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحقوا الفرائض باھلھا فما بقی فھو لاولی

ق اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنچا دو حصے ذوی الفروض کو پھر جو بچا سو ملیگا اسکو کہ زیادہ قریب

رجل ذکر متفق علیہ وعن اسامة بن زید رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرث المسلم الکافر

مرد ہو ق اور روایت ہے اسامہ بن زید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وارث نہیں ہوتا مسلمان کافر کا

ولا الکافر المسلم متفق علیہ وعن انس رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال مولی القوم من انفسھم رواہ البخاری

اور نہ کافر مسلمان کا ق اور روایت ہے انس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا معتق قوم کا اسی قوم سے ہے خ روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابن اخت القوم منھم متفق علیہ وذکر حدیث عائشة انما الولاء فی

اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھانجا قوم کا انہیں سے ہے ق اور مذکور ہوئی حدیث عائشہ کی انما الولاء الخ بیچ

باب السلم وسنذکر حدیث البراء الخالة بمنزلة الام فی باب بلوغ الصغیر وحضانته ان شاء اللہ تعالی الفصل

پہلے باب سلم کے ہیں اور ذکر کرینگے ہم حدیث براء کی کہ خالہ بجائے ماں کے ہے بیچ باب چھوٹے لڑکے کے جوان ہونے کے اور اسکی پرورش کے بیان کے اگر چاہا اللہ تعالی نے فصل

الثانی عن عبد اللہ بن عمرو رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتوارث اھل ملتین شتی رواہ

دوسری روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وارث نہ ہونگے آپس میں دو مختلف دین والے روایت کیا اسکو

ابو داود وابن ماجہ ورواہ الترمذی عن جابر وعن ابی ھریرة رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القاتل لا

ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے جابر سے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتل

یرث رواہ الترمذی وابن ماجہ وعن بریدة رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم جعل للجدة السدس اذا لم تکن دونھا

میراث نہ پاویگا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھہرایا نانی یا دادی کے لئے چھٹا حصہ جب نہ ہو اسکے

ام رواہ ابو داود وعن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استھل الصبی صلی علیہ وورث

ماں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آواز کرے بچہ نماز ہوگی اسکے جنازہ کی اور وارث ہوگا

رواہ ابن ماجہ والدارمی وعن کثیر بن عبد اللہ عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مولی القوم منھم

روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے کثیر بن عبد اللہ سے وہ اپنے باپ سے وہ اسکے دادا سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مولی قوم کا انہیں سے ہے

وحلیف القوم منھم وابن اخت القوم منھم رواہ الدارمی وعن المقدام رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور حلیف قوم کا انہیں سے ہے اور بھانجا قوم کا انہیں سے ہے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے مقدام رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

انا اولی بکل مؤمن من نفسہ فمن ترک دینا او ضیعة فالینا ومن ترک مالا فلورثته وانا مولی من لا مولی لہ ارث

میں زیادہ تر قریب ہوں ہر ایمان والے سے بہ نسبت اسکی جان کے پھر جو کوئی چھوڑ گیا قرض یا اولاد وغیرہ سو ہماری طرف انکی پناہ اور جسنے چھوڑا مال سو اسکے وارثوں کا ہے

مالہ وافک عانه والخال وارث من لا وارث لہ یرث مالہ ویفک عانه وفی روایة وانا وارث من لا وارث لہ اعقل عنہ

اسکے مال کا اور چھڑاونگا اسکا قیدی اور ماموں وارث ہے اسکا کہ کوئی وارث نہ ہو اسکا وارث ہوگا اسکے مال کا اور چھڑاویگا اسکا قیدی

وارثه والخال وارث من لا وارث له يعقل عنه ويرثه رواه ابو داود وعن واثلة بن الاسقع رض قال قال رسول الله

اور وارث ہوونگا اسکا اور ماموں وارث ہے لاوارث کا دیت دیگا اسکی طرف سے اور وارث ہوگا اسکا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے واثلہ بن الاسقع رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم تحوز المرأة ثلث مواريث عتيقها ولقيطها وولدها الذي لاعنت عنه رواه الترمذي وابو داود

صلی اللہ علیہ وسلم جمع کریگی عورت تین میراث کو عتیق کی ف اور لقیط کی ف اور اس بیٹے یا بیٹی کی کہ لعان کیا اسکا حمل ہونے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد

وابن ماجه وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ايما رجل عاهر بحرة او امة فالولد ولد

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس مرد نے زنا کیا بی بی یا لونڈی سے تو بچہ ولد

زنا لا يرث ولا يورث رواه الترمذي وعن عائشة رض ان مولى لرسول الله صلى الله عليه وسلم مات وترك شيئا

الزنا ہے نہ وہ وارث ہوگا باپ کا اور نہ باپ اسکا ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ معتق ایک آزاد کیا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مر گیا اور چھوڑ گیا کچھ

ولم يدع حميما ولا ولدا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطوا ميراثه رجلا من اهل قريته رواه ابو داود

اور نہ چھوڑا کوئی خویش اور نہ اولاد سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو اسکی میراث کسی مرد کو اسکے گانوں والوں سے ف روایت کیا اسکو ابو داؤد

والترمذي وعن بريدة رض قال مات رجل من خزاعة فاتي النبي صلى الله عليه وسلم بميراثه فقال التمسوا له وارثا او ذا

اور ترمذی نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا مر گیا ایک مرد بنی خزاعہ سے سو لائی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس میراث اسکی پھر فرمایا ڈھونڈو اسکا عصبہ یا ذی

رحم فلم يجدوا له وارثا ولا ذا رحم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطوه الكبر من خزاعة رواه ابو داود وفي رواية

الفرض یا ذا رحم پھر نہ پایا اسکا وارث اور ذا رحم سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو وہ میراث اسکو کہ قریب ہو خزاعہ سے ف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ایک روایت میں

له قال انظروا اكبر رجل من خزاعة وعن علي رض قال انكم تقرؤن هذه الاية من بعد وصية توصون بها او دين

اسکی فرمایا دیکھو اس مرد کو کہ سب سے زیادہ قریب ہو خزاعہ سے اور روایت ہے علی رض سے کہا بیشک تم پڑھتے ہو اس آیت کو بعد وصیت کے کہ کر جاؤ تم اسکو یا بعد قرض کے

وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية وان اعيان بني الام يتوارثون دون بني العلات الرجل يرث اخاه

اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا قرض ادا کرنے کا پہلے وصیت کے ف اور سگا حقیقی بھائی بہن وارث ہوتے ہیں سوا سوتیلے بھائی بہن کے سگے مرد وارث ہوتا ہے

لابيه وامه دون اخيه لابيه رواه الترمذي وابن ماجه وفي رواية الدارمي قال الاخوة من الام يتوارثون دون

حقیقی بھائی کا نہ سوتیلے بھائی کا ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں دارمی کی فرمایا بھائی ماں کی طرف سے وارث ہوتے ہیں سوا

بني العلات الى اخره وعن جابر رض قال جاءت امرأة سعد بن الربيع بابنتيها من سعد بن الربيع الى رسول الله

ان بھائیوں کے کہ فقط باپ سے ہوں آخر تک اور روایت ہے جابر رض سے کہا لائی عورت سعد بن ربیع کی دو بیٹیاں اپنی سعد بن ربیع کی طرف سے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله هاتان ابنتا سعد بن الربيع قتل ابوهما معك يوم احد شهيدا وان عمهما اخذ

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ کے یہ دونو بیٹیاں سعد بن ربیع کی ہیں جو مارا گیا باپ انکا آپ کے ساتھ احد کی لڑائی کے دن شہید ہو کر اور بیشک چچا

مالهما ولم يدع لهما مالا ولا تنكحان الا ولهما مال قال يقضي الله في ذلك فنزلت اية الميراث فبعث رسول الله صلى الله عليه

مال انکا اور نہ چھوڑا ان کے لئے کچھ مال اور نکاح نہیں ہو سکتا انکا مگر جب انکا مال ہو فرمایا حکم کریگا اللہ اس امر میں سو اتری آیت میراث کی تب بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الى عمهما فقال اعط ابنتي سعد الثلثين واعط امهما الثمن وما بقي فهو لك رواه احمد والترمذي وابو داود

وسلم نے انکے چچا کو پھر فرمایا دے سعد کی دونو بیٹیوں کو دو تہائی ف اور دے ماں کو انکی آٹھواں حصہ اور جو بچا سو وہ تیرا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد

وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث حسن صحیح غریب وعن ھزیل بن شرحبیل قال سئل ابوموسی عن ابنۃ وبنت ابن واخت

اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور روایت ہے ہزیل بن شرحبیل سے کہا کسی نے پوچھا ابوموسیٰ سے یہ مسئلہ کہ ایک شخص مر گیا بیٹی اور پوتی اور بہن چھوڑ کر

فقال للبنت النصف وللاخت النصف وائت ابن مسعود فسیتابعنی فسئل ابن مسعود واخبر بقول ابی موسی فقال

سو کہا اس نے بیٹی کا حصہ آدھا اور بہن کا آدھا اور کہا کہ جا تو ابن مسعود کے پاس سو البتہ موافقت کریگا مجھ سے پھر پوچھا گیا ابن مسعود اور خبر پہنچی اسکو ابی موسیٰ کے کہنے کی

لقد ضللت اذا وما انا من المھتدین اقضی فیھا بما قضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم للبنت النصف ولابنۃ الابن

تو تو گمراہ ہو گیا میں اور نہیں راہ پانے والوں سے حکم کرونگا اس صورت میں وہی جو کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹی کا آدھا حصہ اور پوتی کا

السدس تکملۃ للثلثین وما بقی فللاخت فاتینا ابا موسی فاخبرناہ بقول ابن مسعود فقال لا تسألونی ما دام

چھٹا پوری کرنے دو تہائی کو اور جو بچا سو بہن کا پھر گئے ہم ابا موسیٰ کے پاس پھر خبر دی اسکو کہنے کی ابن مسعود کے تب کہا اسنے مسئلہ نہ پوچھو مجھ سے جب تک

ھذا الحبر فیکم رواہ البخاری وعن عمران بن حصین رض قال جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال

یہ عالم تم میں ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا

ان ابن ابنی مات فمالی من میراثہ فقال لک السدس فلما ولی دعاہ قال لک سدس اٰخر فلما ولی دعاہ قال ان السدس

بیشک پوتا میرا مر گیا پھر کتنا حصہ ہے میرا اسکی میراث سے سو فرمایا تیرا چھٹا حصہ ہے پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا پکارا اسکو فرمایا تیرا اور دوسرا چھٹا حصہ بھی ہے پھر جب

الاٰخر طعمۃ رواہ احمد والترمذی وابوداؤد وقال الترمذی ھذا حدیث حسن صحیح وعن قبیصۃ بن ذؤیب رض قال

تیری خوراک ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت ہے قبیصہ بن ذؤیب رض سے کہا

جاءت الجدۃ الی ابی بکر تسألہ میراثھا فقال لھا ما لک فی کتاب اللہ شیئ وما لک فی سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

آئی دادی یا نانی ابی بکر کے پاس پوچھتی ہوئی اپنی میراث کو سو کہا اسکو نہیں جانتے تیرا حصہ قرآن میں کچھ ہے اور نہ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

وسلم شیئ فارجعی حتی اسأل الناس فسأل فقال المغیرۃ بن شعبۃ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطاھا

سلم کی سو پھر کر آ یہاں تک کہ پوچھوں لوگوں سے پھر پوچھا سو کہا مغیرہ بن شعبہ نے دیکھا میں حضور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپنے دلوایا اسکو

السدس فقال ابوبکر ھل معک غیرک فقال محمد بن مسلمۃ مثل ما قال المغیرۃ فانفذہ لھا ابوبکر ثم جاءت

چھٹا حصہ سو کہا ابوبکر نے کوئی تیرے ساتھ دوسرا بھی ہے تب کہا محمد بن مسلمہ نے جیسا کہا مغیرہ نے پھر جاری کیا اس حکم کو اسکے لئے ابوبکر نے پھر آئی

الجدۃ الاخری الی عمر تسألہ میراثھا فقال ھو ذلک السدس فان اجتمعتما فھو بینکما وایتکما خلت بہ فھو

دوسری دادی پاس عمر کے پاس پوچھتی ہوئی اُن سے اپنی میراث کو سو کہا وہی چھٹا حصہ ہے پھر اگر دونوں ملکر ہو تو وہی تم دونوں میں اور جو تم میں سے اکیلی رہے اسکو

لھا رواہ مالک واحمد والترمذی وابوداؤد والدارمی وابن ماجۃ وعن ابن مسعود رض قال فی الجدۃ مع ابنھا

اسیکا ہی روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہوں نے دادی کے حق میں اسکے بیٹے کے ساتھ

انھا اول جدۃ اطعمھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سدسا مع ابنھا وابنھا حی رواہ الترمذی والدارمی والترمذی ضعفہ وعن

پہلی دادی ہے کہ دلوایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھٹا حصہ اسکے بیٹے کے ساتھ بیٹا اسکا زندہ رہتے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور ترمذی نے ضعیف کہا اور روایت ہے

الضحاک بن سفیان رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب الیہ ان ورث امرأۃ اشیم الضبابی من دیۃ زوجھا

ضحاک بن سفیان رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا اسکو کہ وارث کر عورت کو اشیم ضبابی کی دیت کی اسکے خاوند کی

رواه الترمذی وابوداؤد وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح وعن تمیم الداری رض قال سألت رسول الله صلی الله
روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور روایت ہی تمیم داری رض سے کہ کہا پوچھا میں رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم ما السنة فی الرجل من اهل الشرك یسلم علی یدی رجل من المسلمین فقال هو اولی الناس بمحیاه و
علیہ وسلم سے کہ کیا ہی شرع کا حکم اس مرد میں مشرکین سے کہ اسلام لاوے اور وہ تھا کسی مرد مسلمان کے سو فرمایا وہ تمام لوگوں سے زیادہ قریب ہی زندگی اور

مماته رواه الترمذی وابن ماجة والدارمی وعن ابن عباس رض ان رجلا مات ولم یدع وارثا الا غلاما کان اعتقه
موت میں اسکی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہی ابن عباس رض سے کہ بیشک ایک مرد مر گیا اور نہ چھوڑا کوئی وارث سوا ایک غلام کے کہ آزاد کیا

فقال النبی صلی الله علیه وسلم هل له احد قالوا لا الا غلام له کان اعتقه فجعل النبی صلی الله علیه وسلم میراثه له رواه
سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اسکا کوئی ہی کہا نہیں مگر ایک غلام اسکا کہ آزاد کیا تھا اسکو پھر ٹھہرایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی میراث اسکے لیے روایت

ابوداؤد والترمذی وابن ماجة وعن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان النبی صلی الله علیه وسلم قال یرث الولاء من
ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وارث ہوگا ولا کا جو

یرث المال رواه الترمذی وقال هذا حدیث اسناده لیس بالقوی

الفصل الثالث

عن عبد الله بن عمر ان رسول
وارث ہو اسکے مال کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند قوی نہیں۔ فصل تیسری روایت ہی عبد اللہ بن عمر سے کہ بیشک رسول

الله صلی الله علیه وسلم قال ما کان من میراث قسم فی الجاهلیة فهو علی قسمة الجاهلیة وما کان من میراث ادرکه الا
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میراث کہ تقسیم پائی تھی زمانہ جاہلیت میں سو وہ بحال ہی تقسیم پر زمانہ جاہلیت کی اور جو میراث کہ قبل قسمت کے پایا اسکو زمانہ

سلام فهو علی قسمة الاسلام رواه ابن ماجة وعن محمد بن ابی بکر بن حزم انه سمع اباه کثیرا یقول کان عمر بن الخطاب یقول
سو وہ موافق اسلام کی تقسیم کے بٹیگی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہی محمد بن ابی بکر بن حزم سے کہ اسنے سنا اپنے باپ کو اکثر کہتے عمر بن خطاب کہتے تھے

عجبا للعمة تورث ولا ترث رواه مالك وعن عمر رض قال تعلموا الفرائض وزاد ابن مسعود والطلاق والحج قال فانه
عجب حال ہی پھوپھی کا کہ اسکی میراث لیجاتی ہی اور وہ نہیں لیتی روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہی عمر رض سے کہ کہا سیکھو احکام فرائض اور زیادہ کیا ابن مسعود نے اور طلاق اور حج

من دینکم رواه الدارمی

باب الوصایا
الفصل الاول

عن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما حق
دین سے تمہارے ہی روایت کیا اسکو دارمی نے۔ باب وصیتوں کے بیان کا۔ پہلی فصل۔ روایت ہی ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حق

امرئ مسلم له شیء یوصی فیه یبیت لیلتین الا ووصیته مکتوبة عنده متفق علیه وعن سعد بن ابی وقاص رض
مرد مسلمان کا کوئی چیز رکھ کر قابل وصیت کے کہ سووے دو راتیں مگر وصیت اسکی لکھی رہے اسکے پاس۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہی سعد ابن ابی وقاص رض سے

قال مرضت عام الفتح مرضا اشفیت علی الموت فاتانی رسول الله صلی الله علیه وسلم یعودنی فقلت یا رسول الله ان
کہ کہا بیمار ہوا میں سال میں فتح مکہ کے کسی بیماری کہ پہنچ گیا میں مرنے پر سو آئے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کو سو کہا میں ای رسول خدا کے

لی مالا کثیرا ولیس یرثنی الا ابنتی افاوصی بمالی کله قال لا قلت فثلثی مالی قال لا قلت فالشطر قال لا قلت فالثلث
میرا مال ہی بہت اور نہیں کوئی وارث میرا سوا میری بیٹی کے کیا پھر وصیت کروں اپنے سب مال کی فرمایا نہیں کہا میں دو تہائی اپنے مال کی فرمایا نہیں کہا میں آدھا فرمایا نہیں

قال الثلث والثلث کثیر انك ان تذر ورثتك اغنیاء خیر من ان تذرهم عالة یتکففون الناس وانك لن تنفق
فرمایا کہ تہائی کی اور تہائی بہت ہی بیشک تیرا چھوڑ جانا اپنے وارثوں کو تونگر بھلا ہی تیرے چھوڑ جانے سے انکو محتاج ہاتھ پھیلاتے لوگوں کے پاس اور بیشک تو نہ خرچ کریگا

نفقة تبتغي بها وجه الله إلا أجرت بها حتى اللقمة ترفعها إلى في امرأتك متفق عليه

الفصل الثاني عن سعد

کوئی مال چاہتا ہے کہ اس سے رضامندی اللہ کی مگر ثواب دیگا اس سے یہاں تک کہ نوالہ جو اٹھاوے تو اسکو اپنی بی بی کے منہ کی طرف ۔ دوسری فصل روایت ہے سعد بن

ابي وقاص رض قال عادني رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا مريض فقال اوصيت قلت نعم قال بكم قلت بمالي كله

ابی وقاص رض سے کہا عیادت کی میری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب میں بیمار تھا سو فرمایا کیا وصیت کی تو نے کہا ہاں فرمایا کتنے کی کہا میں اپنے سب مال کی

في سبيل الله قال فما تركت لولدك قلت هم اغنياء بخير فقال اوص بالعشر فما زلت اناقصه حتى قال اوص بالثلث والثلث

اللہ کی راہ میں فرمایا پھر کیا چھوڑا تو اپنی اولاد کا حق کہا وہ بے پروا مال سے ہیں پھر فرمایا وصیت کر دسویں حصے کی پھر میں تکرار کرتا رہا یہانتک کہ فرمایا وصیت کر تہائی کی اور تہائی

كثير رواه الترمذي وعن ابي امامة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في خطبته عام حجة الوداع ان الله

بہت ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اپنے خطبے میں حجۃ الوداع کے سال کہ اللہ نے

قد اعطى كل ذي حق حقه فلا وصية لوارث رواه ابو داود وابن ماجه وزاد الترمذي الولد للفراش وللعاهر الحجر وحسابهم

تحقیق دیا ہر حقدار کو اسکا حق پس نہیں وصیت وارث کے لیے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا ترمذی نے بچہ صاحب فراش کا ہے اور زانی کو پتھر ہے اور

على الله ويروى عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا وصية لوارث الا ان يشاء الورثة منقطع هذا لفظ

اللہ پر ہے اور مروی ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا وصیت نہیں وارث کو مگر یہ کہ چاہیں اور وارث سند اسکی منقطع ہے یہ عبارت

المصابيح وفي رواية الدارقطني قال لا تجوز وصية لوارث الا ان يشاء الورثة وعن ابي هريرة رض عن رسول الله صلى

مصابیح کی ہے اور روایت میں دارقطنی کی فرمایا جائز نہیں وصیت وارث کو مگر یہ کہ چاہیں اور وارث اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم قال ان الرجل ليعمل والمرأة بطاعة الله ستين سنة ثم يحضرهما الموت فيضاران في الوصية فتجب

اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ مرد البتہ کرے اور عورت اللہ کی تابعداری ساٹھ سال پھر آوے دونو کو موت پھر نقصان پہنچاویں وصیت میں سو ثابت ہوتی ہے

لهما النار ثم قرأ ابو هريرة من بعد وصية يوصى بها او دين غير مضار الى قوله وذلك الفوز العظيم رواه احمد والترمذي

ان کے لئے دوزخ پھر پڑھی ابو ہریرہ نے یہہ آیت بعد وصیت کے کہ کی جاوے یا بعد قرض کے حال نہ کہ نقصان پہنچانے والا اللہ کے کلام تک اور وہ بڑی مراد ملنی ہے روایت کیا احمد اور ترمذی

وابو داود وابن ماجه

اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

الفصل الثالث عن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات على وصية مات على سبيل

تیسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو مرا وصیت کر کے مرا دین داری پر

وسنة ومات على تقى وشهادة ومات مغفورا له رواه ابن ماجه وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان العاص بن وائل

اور سنت محمدی پر اور مرا تقوی اور شہادت پر اور مرا بخشا گیا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ بیشک عاص بن وائل نے

اوصى ان يعتق عنه مائة رقبة فاعتق ابنه هشام خمسين رقبة فاراد ابنه عمرو ان يعتق عنه الخمسين الباقية فقال

وصیت کی کہ آزاد کئے جاویں اسکی طرف سے سو بردے پھر آزاد کیا اسکا بیٹا ہشام پچاس بردے پھر ارادہ کیا بیٹا اسکا عمرو نے کہ آزاد کرے اسکی طرف باقی پچاس پھر کہا

حتى اسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ان ابي اوصى ان يعتق عنه مائة رقبة

یہانتک کہ پوچھوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا یا رسول اللہ مقرر میرے باپ نے وصیت کی کہ آزاد کئے جاویں اسکی طرف سے سو بردے

وان هشاما اعتق عنه خمسين وبقيت عليه خمسون رقبة افاعتق عنه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انه لو كان مسلما فاعتقتم عنه

اور بیشک ہشام نے آزاد کیا اسکی طرف سے پچاس اور باقی رہے اس پر پچاس بردے کیا پھر آزاد کروں اسکی طرف سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ اگر مسلمان ہوتا پھر آزاد کرتے

أو تصدق عنه أو حج عنه بلغه ذلك رواه أبو داود وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قطع

یا خیرات کرتے یا حج کرتے اسکی طرف سے تو پہنچتا اسکو ثواب اسکا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے قطع کی

ميراث وارثه قطع الله ميراثه من الجنة يوم القيامة رواه ابن ماجه ورواه البيهقي في شعب الإيمان

میراث اپنے وارث کی قطع کریگا اللہ اسکی میراث جنت سے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

كتاب النكاح

یہ کتاب نکاح کے مسائل میں

الفصل الأول

عن عبد الله بن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا معشر الشباب من استطاع منكم

پہلی فصل روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے جماعت جوانوں کی جو سکے تم میں سے

الباءة فليتزوج فإنه أغض للبصر وأحصن للفرج ومن لم يستطع فعليه بالصوم فإنه له وجاء متفق عليه وعن سعد بن

باہ والا سو نکاح کرے اس لئے کہ نکاح کرنا نیچی کرتا ہے آنکھ اور زنا سے بچاتا ہے شرمگاہ۔ اور جسکو طاقت نہو تو اس پر روزہ ہے اس لئے کہ روزہ اسکے لئے خصی ہونا ہے متفق ہے اور روایت ہے سعد بن

أبي وقاص رض قال رد رسول الله صلى الله عليه وسلم على عثمان بن مظعون التبتل ولو أذن له لاختصينا متفق عليه

ابی وقاص رض سے کہ کہا انہوں نے اجازت نہ دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون کو مجرد رہنے کی اور اگر اجازت دیتے اسکو تو ہم خصی ہو جاتے متفق ہے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تنكح المرأة لأربع لمالها ولحسبها ولجمالها ولدينها فاظفر

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کی جاتی ہے عورت چار چیز سے مال اور حسب اور خوبصورتی اور دینداری پر

بذات الدين تربت يداك متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدنيا كلها

دین دار عورت خاک میں بھریں دونوں ہاتھ تیرے متفق ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام دنیا

متاع وخير متاع الدنيا المرأة الصالحة رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير نساء

کچھ کام چلانا ہے اور بہتر سب دنیا کی چیزوں سے نیکبخت عورت ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر ان عورتوں

ركبن الإبل صالح نساء قريش أحناه على ولد في صغره وأرعاه على زوج في ذات يده متفق عليه وعن أسامة بن زيد رض

کی سوار ہوئیں اونٹ پر نیکبخت عورتیں قریش کی ہیں زیادہ مہربان ہیں اپنے بچے پر بچپن میں اور زیادہ رعایت کرنے والیاں خاوند پر اسکے مال میں متفق ہے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما تركت بعدي فتنة أضر على الرجال من النساء متفق عليه وعن أبي سعيد الخدري

کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چھوڑا میں نے بعد اپنے کوئی فتنہ کہ زیادہ ضرر کرے مردوں کو عورتوں سے متفق ہے اور روایت ہے ابی سعید خدری

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدنيا حلوة خضرة وإن الله مستخلفكم فيها فينظر كيف تعملون

رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میٹھی ہے سبز ہے اور مقرر اللہ خلیفہ کیا چاہتا ہے تمکو دنیا میں پھر دیکھیگا کہ کیسا عمل کرو گے

فاتقوا الدنيا واتقوا النساء فإن أول فتنة بني إسرائيل كانت في النساء رواه مسلم وعن ابن عمر رض قال

پھر بچتے رہو دنیا سے اور بچتے رہو عورتوں سے کیونکہ بیشک پہلا فتنہ بنی اسرائیل کا تھا عورتوں کے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الشؤم في المرأة والدار والفرس متفق عليه وفي رواية الشؤم في ثلثة في المرأة والمسكن والدابة

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدفالی عورت میں ہے اور گھر میں اور گھوڑے میں متفق ہے اور ایک روایت میں بدفالی تین چیزوں میں ہے عورت میں اور رہنے کی جگہ میں اور چارپائے میں

وعن جابر رض قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في غزوة فلما قفلنا كنا قريبا من المدينة قلت يا رسول الله إني حديث عهد

اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی لڑائی میں پھر جب پھرے ہم تھے نزدیک مدینہ کے کہا میں نے اے رسول اللہ مجھے شادی کئے تھوڑے دن ہوئے

بعرس قال اتزوجت قلت نعم قال ابکر ام ثیب قلت بل ثیب قال فهلا بکرا تلاعبها وتلاعبك فلما قدمنا ذهبنا لندخل فقال

ہیں فرمایا کیا نکاح کیا تو کہا میں نے ہاں فرمایا کیا باکرہ ہے یا ثیبہ کہا میں نے بلکہ ثیبہ ہے فرمایا پھر باکرہ کیوں نہ کیا کہ کھیلے تو اس سے اور وہ تجھ سے پھر جب آئے ہم گئے داخل ہونے کو تو فرمایا

امهلوا حتی ندخل لیلا ای عشاء لکی تمتشط الشعثة وتستحد المغیبة. متفق علیه

الفصل الثانی

عن ابی هریرة رض قال قال رسول الله

ٹھہر جاؤ یہاں تک کہ جاویں رات کو یعنی عشا کے وقت تاکہ کنگھی کرے بال بکھری ہوئی اور پاکی کرے جس کا خاوند غائب تھا۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم ثلاثة حق علی الله عونهم المکاتب الذی یرید الاداء والناکح الذی یرید العفاف والمجاهد فی سبیل الله رواه

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ ثابت ہے اللہ پر مدد ان کی ایک تو وہ مکاتب کہ ارادہ رکھے ادا کا اور دوسرا نکاح کرنے والا کہ ارادہ رکھے پارسائی کا اور تیسرا مجاہد اللہ کی راہ میں روایت کیا اس کو

الترمذی والنسائی وابن ماجة

وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا خطب الیکم من ترضون دینه وخلقه فزوجوه

ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیغام بھیجے تمہاری طرف وہ شخص کہ خوش ہو تم اس کے دین اور خلق سے تو نکاح کر دو اس سے

ان لا تفعلوه تکن فتنة فی الارض وفساد عریض. رواه الترمذی

وعن معقل بن یسار رض قال قال رسول الله صلی الله علیه

اگر نہ کرو گے اس کو تو ہوگا فتنہ زمین میں اور بہت فساد روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے معقل بن یسار رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم تزوجوا الودود الولود فانی مکاثر بکم الامم. رواه ابو داود والنسائی

وعن عبد الرحمن بن سالم بن عتبة بن

وسلم نے نکاح کرو محبت کرنے والی بہت جننے والی سے اس لیے کہ میں کثرت چاہتا ہوں تمہاری اور امتوں پر روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے عبد الرحمن سے بیٹا سالم کا جو بیٹا عتبہ کا

عویم بن ساعدة الانصاری عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم علیکم بالابکار فانهن اعذب افواها

عویم بن ساعدہ انصاری کا اپنے باپ سے اس کے دادا سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لازم کرو نکاح باکرہ عورتوں سے کہ وہ شیریں زبان ہوتی ہیں

وانتق ارحاما وارضی بالیسیر. رواه ابن ماجة مرسلا

الفصل الثالث

عن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلی الله

اور بچے بہت جننے والی ہیں اور تھوڑے پر راضی ہوتی ہیں روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے سند مرسل سے۔ تیسری فصل روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم لم تر للمتحابین مثل النکاح

وعن انس رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اراد ان یلقی الله طاهرا

علیہ وسلم نے نہ دیکھا تو دو دوستوں کے لیے مانند نکاح کے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی ارادہ رکھے ملنے کا اللہ سے

مطهرا فلیتزوج الحرائر

وعن ابی امامة رض عن النبی صلی الله علیه وسلم انه یقول ما استفاد المؤمن بعد تقوی

اور پاک کیا جا کر تو اس کو نکاح کرے بیبیوں سے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ فرماتے تھے حاصل نہ کیا ایماندار نے بعد اللہ سے ڈرنے کے

الله خیرا له من زوجة صالحة ان امرها اطاعته وان نظر الیها سرته وان اقسم علیها ابرته وان غاب عنها

کوئی چیز بہتر اپنے لیے نیک بخت عورت سے کہ اگر حکم کرے اس کو تو مانے اور اگر دیکھے اس کو تو خوش کرے اس کو اور اگر قسم کھاوے اس پر تو سچا کرے اس کو اور اگر کہیں جاوے

نصحته فی نفسها وماله. روی ابن ماجة الاحادیث الثلاثة

وعن انس رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تزوج

خیرخواہی کرے اس کی اپنی جان میں اور اس کے مال میں روایت کیا ابن ماجہ نے ان تینوں حدیثوں کو اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکاح کرے

العبد فقد استکمل نصف الدین فلیتق الله فی النصف الباقی

وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اعظم

بندہ سو تحقیق پورا کیا اپنا آدھا دین پھر ڈرتا رہے اللہ سے باقی آدھے دین میں اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت

النکاح برکة ایسره مؤونة. رواه البیهقی فی شعب الایمان

باب النظر الی المخطوبة وبیان العورات

الفصل

مبارک نکاح وہ ہے کہ تکلف کم ہو اس میں روایت کیا ان کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں باب ہے دیکھنے کے بیان کا پیغام کی ہوئی عورت کو اور ستر کا بیان کرنے کا فصل

الاول عن ابی ہریرۃ رض قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی تزوجت امرأۃ من الانصار قال فانظر الیہا فان فی
پہلی روایت ابی ہریرہ رض سے کہا آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا کہ میں نے نکاح کیا چاہا ہوں ایک عورت کو انصار سے فرمایا پھر دیکھ لے اسکو کہ
اعین الانصار شیئا رواہ مسلم **وعن** ابن مسعود رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تباشر المرأۃ المرأۃ فتنعتہا لزوجہا
آنکھوں میں انصار کی کچھ عیب ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ملے عورت عورت سے پھر بیان کرے اپنے خاوند سے
کانہ ینظر الیہا متفق علیہ **وعن** ابی سعید رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینظر الرجل الی عورۃ الرجل ولا المرأۃ
گویا کہ وہ دیکھتا ہے اسکو ق اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ دیکھے مرد ستر نگاہ مرد کی اور نہ عورت
الی عورۃ المرأۃ ولا یفضی الرجل الی الرجل فی ثوب واحد ولا تفضی المرأۃ الی المرأۃ فی ثوب واحد رواہ مسلم **وعن** جابر
ستر نگاہ عورت کی اور نہ رہے مرد مرد کے ساتھ ایک لحاف میں اور نہ رہے عورت عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا لا یبیتن رجل عند امرأۃ ثیب الا ان یکون ناکحا او ذا محرم رواہ مسلم **وعن**
سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار ان کو نہ رہے کوئی مرد ثیبہ عورت کے پاس مگر یہ کہ ہو خاوند یا محرم روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے
عقبۃ بن عامر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم والدخول علی النساء فقال رجل یا رسول اللہ ارأیت الحمو قال
عقبہ بن عامر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دور رکھو آپ کو جانے سے بیگانی عورتوں کے پاس سو کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ فرمائیے
الحمو الموت متفق علیہ **وعن** جابر رض ان ام سلمۃ استأذنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الحجامۃ فامر ابا طیبۃ ان
دیور یہی موت ہے ق اور روایت ہے جابر رض سے کہ تحقیق ام سلمہ نے اجازت چاہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سینگی لگانے میں سو حکم کیا ابا طیبہ کو
یحجمہا قال حسبت انہ کان اخاہا من الرضاعۃ او غلاما لم یحتلم رواہ مسلم **وعن** جریر بن عبد اللہ رض قال سألت
سینگی لگاوے اسکو کہا ابو زبیر نے گمان کرتا ہوں کہ ابا طیبہ بھائی تھا انکا دودھ رشتہ سے یا لڑکا نابالغ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ رض سے کہا پوچھا میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نظر الفجاءۃ فامرنی ان اصرف بصری رواہ مسلم **وعن** جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یکبارگی نظر پڑ جانے کو سو حکم کیا مجھے کہ پھیر لوں آنکھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ان المرأۃ تقبل فی صورۃ شیطان وتدبر فی صورۃ شیطان اذا احدکم اعجبتہ المرأۃ فوقعت فی قلبہ فلیعمد الی امرأتہ
علیہ وسلم نے مقرر عورت سامنے آتی ہے شیطان بنکر اور پھر جاتی ہے شیطان کی صورت میں جب کسیکو تم میں اچھی لگے کوئی عورت پھر خیال ہو اسکا دل میں تو چاہیے کہ اپنی بی بی سے
فلیواقعہا فان ذلک یرد ما فی نفسہ رواہ مسلم **الفصل الثانی** عن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب
صحبت کرے کہ یہ دور کرتا ہے دل کا وسوسہ روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیغام کرے
احدکم المرأۃ فان استطاع ان ینظر الی ما یدعوہ الی نکاحہا فلیفعل رواہ ابو داود **وعن** المغیرۃ بن شعبۃ رض قال خطبت
کوئی تم میں کسی عورت سے سو اگر سکے دیکھنا اس چیز کا کہ رغبت دلاوے اسکو اسکے نکاح کی طرف سو دیکھ لے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ رض سے کہا پیغام کیا میں نے
امرأۃ فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہل نظرت الیہا قلت لا قال فانظر الیہا فانہ احری ان یؤدم بینکما رواہ احمد
ایک عورت سے سو فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دیکھا تو نے اسکو کہا میں نے نہیں فرمایا پھر دیکھ لے اسکو کہ دیکھنا سزاوار ہے موافقت کو تم دونوں میں
والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی **وعن** ابن مسعود رض قال رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرأۃ فاعجبتہ فاتی سودۃ
اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا نظر پڑ گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک عورت پر پھر اچھی لگی آپ کو پس آئے حضرت سودہ

وهی تصنع طیبا وعندها نساء فأخلینه فقضى حاجته ثم قال ایما رجل رأى امرأة تعجبه فلیقم الى اهله فان معها مثل الذی

اور وہ بناتی تھیں خوشبو اور ان کے پاس تھیں عورتیں پس سب چلی گئیں آپ کو چھوڑ کر پھر تمام کیا حاجت اپنی کو پھر فرمایا جو کوئی دیکھے کسی عورت کو کہ اچھی لگے اسکو سو

معها رواه الدارمی وعنه عن النبی صلى الله علیه وسلم قال المرأة عورة فاذا خرجت استشرفها الشیطان رواه الترمذی

اسکے ساتھ ہے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا عورت قابل پردے کے ہے پھر جب نکلتی ہے دیکھتا ہے اسکو شیطان روایت کیا اسکو ترمذی

وعن بریدة رض قال قال رسول الله صلى الله علیه وسلم لعلی یا علی لا تتبع النظرة النظرة فان لك الاولى ولیست لك الآخرة

اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو اے علی دوبارہ مت دیکھ ایک بار دیکھ کر اسلئے کہ جائز ہے تجھکو پہلی نظر اور حلال نہیں تجھکو دوسری

رواه احمد والترمذی وابوداود والدارمی وعن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده عن النبی صلى الله علیه وسلم قال اذا

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب

زوج احدکم عبده امته فلا ینظرن الى عورتها وفی روایة فلا ینظر الى ما دون السرة وفوق الرکبة رواه ابوداود

نکاح کردے کوئی تمہارا اپنے غلام کا اپنی لونڈی سے سو نظر نکرے ستر پر اسکے اور ایک روایت میں سو نظر نکرے زیر ناف طرف اور گھٹنے کے اوپر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن جرهد رض ان النبی صلى الله علیه وسلم قال اما علمت ان الفخذ عورة رواه الترمذی وابوداود وعن علی رض

اور روایت ہے جرہد رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہ جانا تو کہ بیشک ران شرمگاہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے علی رض

ان رسول الله صلى الله علیه وسلم قال یا علی لا تبرز فخذك ولا تنظر الى فخذ حی ولا میت رواه ابوداود وابن ماجه وعن

کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی نہ کھول ران اپنی اور نہ دیکھ ران کو زندے کی اور نہ مردے کی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے

محمد بن جحش رض قال مر رسول الله صلى الله علیه وسلم على معمر وفخذاه مکشوفتان قال یا معمر غط فخذیك فان الفخذین

محمد بن جحش رض سے کہا گذر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معمر پر اس حال میں کہ دونوں ران اسکی کھلی تھیں فرمایا اے معمر ڈھانپ دونوں ران اپنی کہ بیشک دونوں ران

من عورة رواه فی شرح السنة وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله علیه وسلم ایاکم والتعری فان معکم من لا یفارقکم

شرمگاہ ہیں روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دور رہو ننگے رہنے سے کہ مقرر تمہارے ساتھ ہیں جو جدا نہیں ہوتے تم سے

الا عند الغائط وحین یفضی الرجل الى اهله فاستحیوهم واکرموهم رواه الترمذی وعن ام سلمة رض انها کانت عند

مگر حاجت ضروری کے وقت اور جب اکٹھے ہوں مرد و عورت سو شرم کرو انسے اور تعظیم کرو انکی روایت کیا اسکو ترمذی اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ مقرر تھیں پاس

رسول الله صلى الله علیه وسلم ومیمونة اذ اقبل ابن ام مکتوم فدخل علیه فقال رسول الله صلى الله علیه وسلم احتجبا منه فقلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور میمونہ ناگہاں آیا ابن ام مکتوم پھر داخل ہوا حضرت کے پاس سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ کرو اس سے پس کہا میں نے

یا رسول الله الیس هو اعمى لا یبصرنا فقال رسول الله صلى الله علیه وسلم افعمیاوان انتما الستما تبصرانه رواه احمد والترمذی و

اے رسول اللہ کے کیا نہیں وہ اندھا کہ دیکھتا نہیں ہمکو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اندھی ہو تم دونو کہ نہیں دیکھتیں اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور

ابوداود وعن بهز بن حکیم عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلى الله علیه وسلم احفظ عورتك الا من زوجتك او ما

ابوداؤد نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپا اپنی شرمگاہ مگر اپنی بی بی سے یا

ملکت یمینك فقلت یا رسول الله افرأیت اذا کان الرجل خالیا قال فالله احق ان یستحیى منه رواه الترمذی وابوداود وابن ماجه

لونڈی سے پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کے فرمائیے جب ہو مرد اکیلا فرمایا پھر اللہ زیادہ لائق ہے کہ شرم کیا جائے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

وعن عمر رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یخلون رجل بامرأۃ الا کان ثالثہما الشیطان رواہ الترمذی وعن جابر رض عن

اور روایت ہے عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اکیلا نہ رہیگا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ مگر ہوگا تیسرا ان دونکا شیطان روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے

النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تلجوا علی المغیبات فان الشیطان یجری من احدکم مجری الدم قلنا ومنک قال ومنی ولکن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ جاؤ ان عورتوں پاس کہ خاوند حاضر نہوں انکے کہ شیطان دخل رکھتا ہے ایک کے بیچ تم سے جیسا لہو ہوتا ہے رگوں میں کہا ہم نے اور آپ سے فرمایا اور مجھ سے بھی اور لیکن

اللہ اعاننی علیہ فاسلم رواہ الترمذی وعن انس رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی فاطمۃ بعبد قد وہبہ لہا وعلی فاطمۃ

اللہ نے مدد کی میری اسپر سو تابعدار ہوگیا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے فاطمہ پاس ایک غلام کے ساتھ کہ دیا تھا فاطمہ کو اور فاطمہ پر

ثوب اذا قنعت بہ رأسہا لم یبلغ رجلیہا واذا غطت بہ رجلیہا لم یبلغ رأسہا فلما رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ایک کپڑا تھا کہ جب ڈھانپتی اس سے سر اپنا نہ پہنچتا پاؤں تک اور جب ڈھانپتی اس سے پاؤں نہ پہنچتا سر پھر جب دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ما تلقی قال انہ لیس علیک باس انما ہو ابوک وغلامک رواہ ابو داؤد

اسکی تکلیف فرمایا نہیں اندیشہ تجھ پر بس باپ تیرا ہے اور غلام تیرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

الفصل الثالث

عن ام سلمۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان عندہا وفی البیت مخنث فقال لعبد اللہ بن ابی امیۃ اخی ام سلمۃ یا عبد اللہ ان فتح اللہ لکم غدا الطائف فانی ادلک علی ابنۃ غیلان فانہا تقبل باربع وتدبر بثمان فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخلن ہؤلاء علیکم متفق علیہ

تیسری فصل روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے اسکے پاس اور گھر میں ایک زنانا تھا سو کہا زنانا عبد اللہ بن ابی امیہ کو ام سلمہ کے بھائی کو ای عبد اللہ اگر فتح کیا اللہ نے تمہاری کل طائف کو سو میں بتاؤنگا تجھے بیٹی غیلان کی کہ وہ آتی ہے چار کے ساتھ اور جاتی ہے آٹھ کے ساتھ سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آویں زنانے تم پر ق

وعن المسور بن مخرمۃ رض قال حملت حجرا ثقیلا فبینا انا امشی سقط عنی ثوبی فلم استطع اخذہ فرآنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی خذ علیک ثوبک ولا تمشوا عراۃ رواہ مسلم

اور روایت ہے مسور بن مخرمہ رض سے کہ کہا اٹھایا میں نے ایک پتھر بھاری سو جس وقت میں چلتا تھا گر پڑا مجھ سے کپڑا میرا پھر نہ سکا اسکا اٹھانا پھر دیکھا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو فرمایا مجھکو لے اپنے پر کپڑا اپنا اور نہ چلو ننگے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عائشۃ رض قالت ما نظرت او ما رأیت فرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قط رواہ ابن ماجۃ

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے نہ دیکھی میں نے شرمگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کبھی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن ابی امامۃ رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من مسلم ینظر الی محاسن امرأۃ اول مرۃ ثم یغض بصرہ الا احدث اللہ لہ عبادۃ یجد حلاوتہا رواہ احمد

اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ نظر کرے بے خبر کسی عورت کے پہلی بار پھر نیچی کرے آنکھ مگر مقرر کریگا اللہ اسکے لئے ایک نئی عبادت کہ پاویگا مزا اسکا روایت کیا اسکو احمد نے

وعن الحسن مرسلا قال بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعن اللہ الناظر والمنظور الیہ رواہ البیہقی فی شعب الایمان

اور روایت ہے حسن سے کہا پہنچی مجھکو حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لعنت کرے اللہ دیکھنے والے اور دکھانے والے کو ف روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں

باب الولی فی النکاح واستیذان المرأۃ

باب ولی کے بیان میں نکاح میں اور اجازت لینے کے بیان کا عورت سے

الفصل الاول

عن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنکح الایم حتی تستأمر ولا تنکح البکر حتی تستأذن قالوا یا رسول اللہ وکیف اذنہا قال ان تسکت متفق علیہ

پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح نہو کیا بیوہ کا یہانتک کہ حکم لیا جاوے اور نہو نکاح باکرہ کا یہانتک کہ اجازت لی جاوے اس سے کہا ای رسول اللہ کے اور کیسی اجازت اسکی فرمایا جب چپ رہنا اسکا ق

وعن ابن عباس رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ الْاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا وَالْبِکْرُ تُسْتَاْذَنُ فِیْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا وَفِیْ رِوَایَةٍ قَالَ الثَّیِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا وَالْبِکْرُ تُسْتَاْمَرُ

فرمایا بیوہ عورت حقدار ہے اپنی جان کی اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لیا جائیگا اسکی جان میں اور اذن اسکا چپ رہنا ہے اور ایک روایت میں فرمایا بیوہ حقدار ہے اپنی جان کی اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لیا جائے

ابن عباس رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قبض عن تسع نسوة وكان يقسم منهن لثمان متفق عليه وعن عائشة

ابن عباس رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی نو بیبیاں چھوڑ کر اور باری کرتے تھے ان میں سے آٹھ کی متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ

رض أن سودة لما كبرت قالت يا رسول الله قد جعلت يومي منك لعائشة فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقسم

رض سے کہ مقرر سودہ جب بوڑھی ہوئیں کہا اے رسول اللہ کے مقرر دیا میں نے اپنا دن آپ کی باری کا عائشہ کو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باری کرتے تھے

لعائشة يومين يومها ويوم سودة متفق عليه وعنها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يسأل في مرضه الذي مات

عائشہ کی دو دن اسکا ایک دن اور ایک دن سودہ کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھتے تھے اپنے مرض موت

فيه أين أنا غدا أين أنا غدا يريد يوم عائشة فأذن له أزواجه أن يكون حيث شاء فكان في بيت عائشة حتى مات عندها

میں کہاں رہونگا کل کہاں رہونگا کل ارادہ کرکے عائشہ کے دن کا پھر اذن دیا آپ کو سب بیبیوں نے رہنے کا جہاں چاہیں پھر تھے گھر میں عائشہ کے یہاں تک کہ وفات پائی ان کے پاس

رواه البخاري وعنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أراد سفرا أقرع بين نسائه فأيتهن خرج سهمها خرج بها

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے سفر کا قرعہ ڈالتے درمیان اپنی بی بیوں کے پھر جسکا نام نکلتا اسکو

معه متفق عليه وعن أبي قلابة عن أنس قال من السنة إذا تزوج الرجل البكر على الثيب أقام عندها سبعا وقسم وإذا تزوج

ساتھ لیکر ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی قلابہ سے انس سے کہا سنت ہے جب نکاح کرے مرد باکرہ ثیبہ ہوتے رہیگا اسکے پاس سات رات اور باری مقرر کریگا اور جب

أقام عندها ثلاثا ثم قسم قال أبو قلابة ولو شئت لقلت إن أنسا رفعه إلى النبي صلى الله عليه وسلم متفق عليه وعن أبي بكر بن

رہیگا اسکے پاس تین رات پھر باری کریگا کہا ابو قلابہ نے اور اگر چاہتا میں تو کہتا انس نے مرفوع کیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی بکر بن

عبد الرحمن أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حين تزوج أم سلمة وأصبحت عنده قال لها ليس بك على أهلك هوان إن

عبد الرحمن رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکاح کیا ام سلمہ سے اور صبح کیا ام سلمہ نے حضرت کے پاس فرمایا اسکو نہیں تجھے تیرے اہل پر ذلت

شئت سبعت عندك وسبعت عندهن وإن شئت ثلثت عندك ودرت قالت ثلث وفي رواية أنه قال لها للبكر سبع و

چاہے تو سات رات رہونگا تیرے پاس اور سات رات ان سبھوں کے پاس اور اگر چاہے تو تین رات رہونگا تیرے پاس اور پھر دورہ کرونگا ۔ کہا تین رات ہی ہوئے اور ایک روایت

للثيب ثلث رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عائشة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يقسم بين نسائه فيعدل ويقول اللهم

ثیبہ کا تین رات ہی روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ دوسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم باری کرتے تھے اپنی بی بیوں میں پھر عدل کرتے اور فرماتے

هذا قسمي فيما أملك فلا تلمني فيما تملك ولا أملك رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن

یہ میری تقسیم ہے جسمیں میں سکتا ہوں پھر ملامت نکر اسمیں کہ تو ہی اسکا مالک ہے اور میں نہیں ہوں ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی اور روایت

أبي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا كانت عند الرجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة وشقه ساقط

ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب ہوں مرد کے پاس دو عورت پھر عدل نکرے دونوں میں آویگا قیامت کے دن اس حال پر کہ آدھا بدن اسکا گرا ہوا ہوگا

رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي

الفصل الثالث

عن عطاء قال حضرنا مع ابن عباس جنازة ميمونة

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ تیسری فصل روایت ہے عطاء سے کہا حاضر ہوئے ہم ابن عباس کے ساتھ جنازہ میں میمونہ کے

بسرف فقال هذه زوجة رسول الله صلى الله عليه وسلم فإذا رفعتم نعشها فلا تزعزعوها ولا تزلزلوها وارفقوا فإنه

مقام سرف میں پھر کہا اسنے یہ بی بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیں پھر جب جنازہ اٹھاؤ اسکا تو نہ ہلاؤ اور نہ ڈلاؤ اسکو اور آہستہ لیجاؤ اسکو اس لئے کہ

كان عند رسول الله صلى الله عليه وسلم تسع نسوة كان يقسم منهن لثمان ولا يقسم لواحدة قال عطاء التي كان

تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نو بی بیاں باری کرتے تھے انمیں سے آٹھ کی ۔ اور باری نکرتے تھے ایک کے لئے کہا عطا نے وہ بی بی

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقسم لها بلغنا أنها صفية وكانت آخرهن موتا ماتت بالمدينة متفق عليه وقال رزين قال

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باری نکرتے تھے اسکی خبر پہنچی ہمکو کہ وہ صفیہ تھیں اور سبکے بعد وہ موئیں ہیں مدینے میں ۔ ق ۔ اور کہا رزین نے کہا

غير عطاء وهي سودة وهو اصح ووهبت يومها لعائشة حين اراد رسول الله صلى الله عليه وسلم طلاقها فقالت له

غیر عطاء نے کہ وہ سودہ ہیں اور یہ زیادہ صحیح ہے کہ دے دیا اسنے اپنا دن عائشہ کو جب ارادہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی طلاق کا سو کہا آپ کو

امسكني وقد وهبت يومي لعائشة لعلي ان اكون من نسائك في الجنة

رکھ لیجئے مجھے اور مقرر کر دیا میں نے اپنا دن عائشہ کو شاید ہو جاؤں آپ کی بیبیوں سے جنت میں ۔

باب عشرة النساء وما لكل واحدة من الحقوق

باب عورت کی صحبت داری کا اور اس بیان کا کہ کیا ہے ہر ایک کا حق ۔

الفصل الاول

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استوصوا بالنساء خيرا فانهن خلقن من ضلع وان اعوج شيء في الضلع اعلاه فان ذهبت تقيمه كسرته وان تركته لم يزل اعوج فاستوصوا بالنساء متفق عليه

پہلی فصل ۔ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نصیحت کرو عورتوں کو نیکی کرنے کی کہ عورتیں بنی ہیں پسلی کی ہڈی سے اور مقرر سب سے ٹیڑھی جگہ پسلی کی ہڈی میں اوپر کی جگہ ہے پھر اگر سیدھی کرنے چلے تو اسکو توڑ دیگا اسکو اور اگر چھوڑ دے عورتوں کو ف ۔ ق ۔

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان المرأة خلقت من ضلع لن تستقيم لك على طريقة فان استمتعت بها استمتعت بها وبها عوج وان ذهبت تقيمها كسرتها وكسرها طلاقها رواه مسلم

اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر عورت بنی ہے پسلی کی ہڈی سے ہرگز سیدھی نہیں ہوتی تیرے لیے ایک طرح پر پھر اگر فائدہ اٹھایا چاہا تو اسے تو کر لیگا اپنا کام اسے اسکو ٹیڑھی ہی پر رکھ کر اور اگر سیدھی کیا چاہیگا تو توڑ دیگا اسکو اور توڑنا اسکا طلاق ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يفرك مؤمن مؤمنة ان كره منها خلقا رضي منها آخر رواه مسلم

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دشمن نہ سمجھے ایمان دار مرد ایماندار عورت کو اگر بری سمجھیگا اسکی ایک خصلت تو اچھی ہوگی دوسری

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لولا بنو اسرائيل لم يخنز اللحم ولولا حواء لم تخن انثى زوجها الدهر متفق عليه

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہ ہوتے بنی اسرائیل تو نہ سڑتا گوشت ف اور اگر حوا نہ ہوتیں تو کوئی عورت خیانت نہ کرتی اپنے خاوند سے کبھی ف

وعن عبد الله بن زمعة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يجلد احدكم امرأته جلد العبد ثم يجامعها في آخر اليوم وفي رواية يعمد احدكم فيجلد امرأته جلد العبد فلعله يضاجعها في آخر يومه ثم وعظهم في ضحكهم من الضرطة فقال لم يضحك احدكم مما يفعل متفق عليه

ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن زمعہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوڑے نہ مارے کوئی تم میں سے اپنی عورت کو غلام کی طرح پھر جماع کرے دن کے آخر میں اور ایک روایت میں قصد کرتا ہے کوئی تم میں سے پھر کوڑے مارتا ہے اپنی عورتوں کو غلام کی طرح پھر شاید وہ ساتھ سلا دیگا اسکو اسی دن آخر میں پھر نصیحت کی انکو گوز سے پھر فرمایا کیوں ہنستا ہے کوئی تم میں اس کام سے کہ خود کرتا ہے ۔ ق ۔

وعن عائشة رض قالت كنت العب بالبنات عند النبي صلى الله عليه وسلم وكان لي صواحب يلعبن معي وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل ينقمعن منه فيسربهن الي فيلعبن معي متفق عليه

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا کھیلتی تھی میں گڑیوں سے ف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور تھیں میری سہیلیاں کھیلتیں ساتھ میرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب گھر میں آتے تھے چھپ جاتیں آپ سے پھر بھیجتے آپ انکو میری طرف سو کھیلتیں میرے ساتھ ۔ ق ۔

وعنها قالت والله لقد رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يقوم على باب حجرتي والحبشة يلعبون بالحراب في المسجد ورسول الله صلى الله عليه وسلم يسترني بردائه لانظر الى لعبهم بين اذنه وعاتقه ثم

اور روایت ہے انہی سے کہا انہوں نے قسم اللہ کی تحقیق دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے رہتے میرے حجرے کے دروازہ پر اور حبشی کھیلتے رہتے ہتھیاروں سے مسجد میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چھپاتے مجھے چادر مبارک سے تاکہ دیکھوں انکا کھیل آپ کے کان اور مونڈھے کے بیچ میں سے پھر

يقوم من أجلي حتى أكون أنا التي انصرف فاقدروا قدر الجارية الحديثة السن الحريصة على اللهو متفق عليه وعنها

کھڑے رہتے میرے لئے یہاں تک کہ میں آپ ہی چلی جاتی پھر اندازہ کرو اس لڑکی کا کہ کم سن ہو حرص رکھتی ہو تماشے کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے

قالت قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم إني لأعلم إذا كنت عني راضية وإذا كنت علي غضبى فقلت من أين تعرف ذلك

عائشہ رض سے کہا فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک میں جانتا ہوں جب تو ہوتی ہے مجھ سے راضی اور جب ہوتی ہے مجھ پر غصے سے سو کہا میں نے کہاں سے پہچانتے ہیں آپ

فقال إذا كنت عني راضية فإنك تقولين لا ورب محمد وإذا كنت علي غضبى قلت لا ورب إبراهيم قالت قلت أجل

سو فرمایا جب ہوتی تو مجھ سے راضی تو بیشک تو کہتی ہے نہیں قسم محمد کے پروردگار کی اور جب ہوتی ہے تو مجھ پر غصے تو کہتی ہے نہیں قسم ہے ابراہیم کے پروردگار کی کہا انہوں نے کہا میں نے ہاں

والله يا رسول الله ما أهجر إلا اسمك متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دعى

قسم ہے اللہ کی اے رسول اللہ کے نہیں چھوڑتی مگر نام آپکا ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بلاوے

الرجل امرأته إلى فراشه فأبت فبات غضبان لعنتها الملائكة حتى تصبح متفق عليه وفي رواية لهما قال والذي نفسي

مرد اپنی عورت کو بچھانے پر پھر نہ آوے وہ پھر سو رہے مرد رات کو غصے سے لعنت کرتے ہیں اس عورت پر فرشتے تمام رات ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں شیخین کی فرمایا قسم اس ذات کی

بيده ما من رجل يدعو امرأته إلى فراشه فتأبى عليه إلا كان الذي في السماء ساخطا عليها حتى يرضى عنها

کہ اسکے اختیار میں ہے میری جان نہیں کوئی مرد کہ بلاوے اپنی عورت کو بچھانے پر پھر نہ آوے وہ اسکے پاس مگر ہوگا وہ اللہ کہ حکومت رکھتا ہے آسمان میں ناخوش اس پر یہانتک کہ خوش ہو مرد اس سے

وعن أسماء رض أن امرأة قالت يا رسول الله إن لي ضرة فهل علي جناح إن تشبعت من زوجي غير الذي يعطيني فقال

اور روایت ہے اسماء رض سے کہ بیشک ایک عورت نے کہا اے رسول اللہ کے مقرر میری ایک سوت ہے پھر کیا مجھ پر گناہ ہوگا اگر ظاہر کروں ۔ ف ۔ اپنے خاوند کی طرف سے زیادہ اس کے جو دیتا ہے

المتشبع بما لم يعط كلابس ثوبي زور متفق عليه وعن أنس رض قال آلى رسول الله صلى الله عليه وسلم من نسائه شهرا

ظاہر کرنے والا اس چیز کو کہ نہ دی گئی اسکو مانند پہننے والے کے ہے دو کپڑے مکر کے ۔ ف ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا قسم کھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیبیوں سے ایک مہینے کی

وكانت انفكت رجله فأقام في مشربة تسعا وعشرين ليلة ثم نزل فقالوا يا رسول الله آليت شهرا فقال إن الشهر يكون تسعا

اور موچ آگئی تھی آپکے پاؤں کی ۔ ف ۔ پھر رہے بالاخانہ میں انتیس راتیں پھر اترے تب کہا لوگوں نے اے رسول اللہ کے قسم کھائی آپنے ایک مہینے کی سو فرمایا کہ مہینا کبھی ہوتا ہے

وعشرين رواه البخاري وعن جابر رض قال دخل أبو بكر يستأذن على رسول الله صلى الله عليه وسلم فوجد الناس

انتیس رات کا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا آئے ابو بکر اذن چاہتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنیکا پھر پایا لوگوں کو

جلوسا ببابه لم يؤذن لأحد منهم قال فأذن لأبي بكر فدخل ثم أقبل عمر فاستأذن فأذن له فوجد النبي صلى الله عليه وسلم

بیٹھے ہوئے آپکے دروازے پر کہ اذن نہ ملا کسیکو انہیں سے کہا انس پھر حکم ملا ابوبکر کو تب گئے ابوبکر پھر آئے عمر پھر اذن چاہا سو اذن ملا ان کو پھر پایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

جالسا حوله نساؤه واجما ساكتا قال فقال لأقولن شيئا أضحك النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله لو رأيت بنت

کہ بیٹھے رہے ہیں آس پاس آپکے بیبیاں آپکی غمگین خاموش کہا انہوں نے کہا عمر نے البتہ کہونگا البتہ کچھ بات کہ ہنساؤنگا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پھر کہا عمر نے اے رسول اللہ کے اگر دیکھتے

خارجة سألتني النفقة فقمت إليها فوجأت عنقها فضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال هن حولي كما ترى يسألنني النفقة

خارجہ کی بیٹی کو کہ مانگتی مجھ سے زیادہ خرچ تو اٹھ کر اسکی طرف پھر مارتا اسکی گردن پر تب ہنسا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا یہ جو میرے گرد ہیں جیسا کہ دیکھ رہا ہے تو

فقام أبو بكر إلى عائشة يجأ عنقها وقام عمر إلى حفصة يجأ عنقها كلاهما يقول تسألن رسول الله صلى الله عليه وسلم ما ليس عنده فقلن والله لا نسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم

تب اٹھے ابو بکر عائشہ کی طرف مارتے ہوئے گردن انکی اور اٹھے عمر حفصہ کی طرف مارتے گردن انکی دونو کہتے تھے ۔ ف ۔ مانگتی ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو نہیں انکے پاس تب کہنے لگیں قسم اللہ کی نہ سوال کرینگے ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے

شيئا ابدا ليس عنده ثم اعتزلهن شهرا او تسعا وعشرين ثم نزلت هذه الآية يا ايها النبي قل لازواجك حتى بلغ

اس چیز کا جو آپ کے پاس نہیں ہے پھر آپ نے علیحدگی اختیار کی بیبیوں سے ایک مہینہ یا انتیس رات پھر اتری یہ آیت اے نبی کہدے اپنی بیبیوں کو یہاں تک کہ پہنچا کلام اس کلمے تک

للمحسنات منكن اجرا عظيما قال فبدأ بعائشة فقال يا عائشة اني اريد ان اعرض عليك امرا احب ان لا تعجلي فيه حتى تستشيري

نیکو کاروں کو تم میں سے ثواب بڑا کہا جابر نے پس پہلے شروع کیا عائشہ کو پھر فرمایا اے عائشہ میں چاہتا ہوں کہ ظاہر کروں تجھ پر ایک کام چاہتا ہوں کہ نہ جلدی کرے تو بیچ اس کے یہاں تک کہ مشورہ کرے تو

ابويك قالت وما هو يا رسول الله فتلا عليها الآية قالت افيك يا رسول الله استشير ابوي بل اختار الله ورسوله والدار

ماں باپ سے اپنے کہا عائشہ نے کیا ہے وہ اے رسول اللہ کے پھر پڑھ سنائی عائشہ کو آیت کہا عائشہ نے کیا بیچ آپ کے بابت اے رسول اللہ کے مشورہ کروں ماں باپ سے بلکہ میں پسند کرتی ہوں اللہ اور اس کے رسول کو اور

الآخرة واسألك ان لا تخبر امرأة من نسائك بالذي قلت قال لا تسألني امرأة منهن الا اخبرتها ان الله لم يبعثني معنتا ولا

پچھلے گھر کو اور آپ سے عرض کرتی ہوں کہ خبر نہ دیں کسی کو دوسری بیبیوں میں سے اپنی اس بات کی کہ کہی میں نے فرمایا نہ پوچھیگی کوئی عورت ان میں سے مگر خبر دونگا اسکو کہ اللہ نے نہیں بھیجا مجھ کو [illegible]

متعنتا ولكن بعثني معلما ميسرا رواه مسلم وعن عائشة رض قالت كنت اغار على اللاتي وهبن انفسهن لرسول الله

کرنے والا اور لیکن بھیجا سکھانے والا آسانی کرنے والا نقل کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے میں غیرت کرتی تھی ان عورتوں پر کہ دیدیں اپنی جانیں رسول

صلى الله عليه وسلم فقلت اتهب المرأة نفسها فلما انزل الله تعالى ترجي من تشاء منهن وتؤوي اليك من تشاء ومن

صلی اللہ علیہ وسلم کو پس کہتی کیا دے ڈالتی ہے عورت اپنی جان پھر جب اتاری اللہ تعالی نے یہ آیت دور ڈال کر تو جسے چاہے ان میں سے اور لے لیگا تو جسے چاہے اور جس کو

ابتغيت ممن عزلت فلا جناح عليك قلت ما ارى ربك الا يسارع في هواك متفق عليه وحديث جابر اتقوا الله في النساء

طلب کرے تو ان میں سے کہ دور ڈالا ہے تو نے سو گناہ نہیں تجھ پر کہا میں نے نہیں دیکھتی میں تیرے پروردگار کو مگر جلدی کرتا ہے تیری خواہش میں [illegible] اور حدیث جابر کی ڈرو اللہ سے عورتوں کے حق میں

ذكر في قصة حجة الوداع

الفصل الثاني

عن عائشة رض انها كانت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سفر

مذکور ہو چکی حجۃ الوداع کے قصے میں . دوسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہ مقرر تھیں وہ ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی سفر میں

قالت فسابقته فسبقته على رجلي فلما حملت اللحم سابقته فسبقني قال هذه بتلك السبقة رواه ابو داود وعنها

کہا عائشہ نے پھر دوڑی میں حضرت کے ساتھ سو آگے بڑھ گئی میں آپ سے دوڑ کر پاؤں سے پھر جب موٹی ہوئی دوڑی حضرت کے ساتھ سو آگے بڑھ گئے مجھ سے فرمایا یہ بدلا ہے اس [illegible] نقل کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انہیں سے

قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خيركم خيركم لاهله وانا خيركم لاهلي واذا مات صاحبكم فدعوه رواه الترمذي

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سب سے بھلا وہی ہے جو بھلا ہو عورت کے لئے اور میں تم سب سے بھلا ہوں اپنے اہل کے لئے اور جب کوئی تم میں سے مر جائے تو چھوڑ دو اس کو نقل کیا اسکو ترمذی نے

والدارمي ورواه ابن ماجه عن ابن عباس الى قوله لاهلي وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المرأة اذا صلت خمسها وصامت

اور دارمی اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابن عباس سے حضرت کے قول لاہلی تک اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت جب نماز پڑھے پانچ وقت کی

شهرها واحصنت فرجها واطاعت بعلها فلتدخل من اي ابواب الجنة شاءت رواه ابو نعيم في الحلية وعن ابي هريرة

رمضان کے اور بچاوے زنا سے شرمگاہ اپنی اور کہا مانے اپنے خاوند کا سو چلی جاوے جس دروازے سے بہشت کے چاہے نقل کیا اسکو ابو نعیم نے کتاب حلیہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كنت آمر احدا ان يسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها رواه الترمذي وعن

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر میں حکم کرنے والا ہوتا کسی کو سجدہ کرنے کا کسی کو تو حکم کرتا عورت کو سجدہ کرنے کا اپنے خاوند کو نقل کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

ام سلمة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما امرأة ماتت وزوجها عنها راض دخلت الجنة رواه الترمذي

ام سلمہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عورت کہ مر جاوے اور خاوند اسکا راضی رہکر چلی جاویگی بہشت میں نقل کیا اسکو ترمذی نے اور [illegible]

طلق بن علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا الرجل دعا زوجته لحاجته فلتأته وان كانت على التنور رواه

طلق بن علی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مرد بلاوے اپنی بی بی کو اپنی حاجت کے لئے تب چلی جاوے پاس اگرچہ تنور پر ہو روایت کیا اسکو

الترمذي وعن معاذ رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تؤذي امرأة زوجها في الدنيا الا قالت زوجته من الحور

ترمذی نے اور روایت ہے معاذ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں ستاتی کوئی عورت اپنے خاوند کو دنیا میں مگر کہتی ہے جورو اسکی حور

العين لا تؤذيه قاتلك الله فانما هو عندك دخيل يوشك ان يفارقك الينا رواه الترمذي وابن ماجة وقال الترمذي

عین سے مت ایذا دے اسکو مار ڈالے تجھے اللہ پس سوا اسکے نہیں وہ تیرے پاس مسافر ہے قریب ہے کہ تجھے چھوڑ کر ہمارے پاس آئے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث غريب وعن حكيم بن معاوية القشيري عن ابيه قال قلت يا رسول الله ما حق زوجة احدنا عليه قال

یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے حکیم بن معاویہ قشیری سے اسکے باپ سے کہا کہا میں نے اے رسول اللہ کے کیا حق ہے عورت کا کسی کا ہم میں سے اس پر فرمایا

ان تطعمها اذا طعمت وتكسوها اذا اكتسيت ولا تضرب الوجه ولا تقبح ولا تهجر الا في البيت رواه احمد وابو داود

یہ ہے کہ کھلاوے تو اسکو جب آپ کھاوے تو اور پہناوے جب آپ پہنے تو اور نہ مارے تو منہ پر اور عیب جوئی نہ کرے اور الگ نہ سلاوے مگر ایک گھر میں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود

وابن ماجة وعن لقيط بن صبرة رض قال قلت يا رسول الله ان لي امرأة في لسانها شيء يعني البذاء قال طلقها قلت ان

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے لقیط بن صبرہ رض سے کہا کہا میں نے اے رسول اللہ کے بیشک میری ایک عورت ہے کہ زبان میں اسکے کچھ ہے یعنی بدزبانی فرمایا طلاق دے اسکو کہا میں نے

لي منها ولدا ولها صحبة قال فمرها يقول عظها فان يك فيها خير فستقبل ولا تضربن ظعينتك ضربك اميتك رواه

مجھے اس سے اولاد ہے اور اسکو موافقت ہے مجھ سے فرمایا پھر حکم کر اسکو فرماتے ہیں نصیحت کر اسکو پھر اگر ہوگی اسمیں نیکی سو آپ قبول کر لے گی اور مت مار اپنی عورت

ابو داود وعن اياس بن عبد الله رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تضربوا اماء الله فجاء عمر الى رسول

ابو داود نے اور روایت ہے ایاس بن عبد اللہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت مارو اللہ کی لونڈیوں کو پھر آیا عمر رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقال ذئرن النساء على ازواجهن فرخص في ضربهن فاطاف بآل رسول الله صلى الله عليه و

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا شیر ہو گئیں عورتیں اپنے خاوندوں پر پھر اجازت دی انکے مارنے میں سو جمع ہوئیں اہل بیت پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

سلم نساء كثير يشكون ازواجهن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد طاف بآل محمد نساء كثير يشكون ازواجهن

سلم کے بہتی عورتیں شکایت کرتیں اپنے خاوندوں کی سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق جمع ہوئیں گھر والوں پاس محمد کے بہتی عورتیں شکایت کرتی ہوئیں

ليس اولئك بخياركم رواه ابو داود وابن ماجة والدارمي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

نہیں ہیں وہ لوگ بھلے تم میں سے روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ليس منا من خبب امرأة على زوجها او عبدا على سيده رواه ابو داود وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله

نہیں ہم میں سے جسنے بہکایا کسی عورت کو اسکے خاوند پر یا غلام کو اسکے مالک پر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ان من اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا والطفهم باهله رواه الترمذي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول

علیہ وسلم نے بیشک سب سے زیادہ ایماندار وہ مسلمان ہیں کہ خوش خلقی اور نرمی اپنے بال بچوں سے کرتے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا

الله صلى الله عليه وسلم اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا وخياركم خياركم لنسائهم رواه الترمذي وقال هذا حديث

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے زیادہ ایماندار خوش خلق مسلمان ہیں اور بھلے تم میں سے وہی ہیں جو بھلے ہیں اپنی عورتوں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

حسن صحیح رواه ابو داود والدارمی قوله خلقا ۔ وعن عائشة رض قالت قدم رسول الله صلی الله علیه وسلم من غزوة تبوك او حنین

حسن ہے صحیح ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے قول اسکا خلقا ۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہا آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک یا حنین کی لڑائی سے

وفی سهوتها ستر فهبت ریح فكشفت ناحیة الستر عن بنات لعائشة لعب فقال ما هذا یا عائشة قالت بناتی ورای بینهن

اور گھر میں عائشہ کے طاق پر پردہ تھا سو ہوا چلی پھر کھول دیا ایک کونا اس پردہ کا بیٹیوں سے عائشہ کی جو گڑیاں تھیں سو فرمایا یہ کیا ہے اے عائشہ کہا اسنے بیٹیاں میری اور دیکھا بیچ ان کے

فرسا له جناحان من رقاع فقال ما هذا الذی اری وسطهن قالت فرس قال وما هذا الذی علیه قالت جناحان قال فرس له جناحان

ایک گھوڑا کہ اسکے دو بازو تھے لتے کے پھر فرمایا یہ کیا ہے جو دیکھتا ہوں درمیان ان کے کہا گھوڑا ہے اور کیا ہے یہ جو اسپر ہے کہا دو بازو ہیں فرمایا گھوڑا ہے کہ اسکے دو بازو ہیں

قالت اما سمعت ان لسلیمان خیلا لها اجنحة قالت فضحك حتی رایت نواجذه رواه ابو داود

الفصل الثالث

عن قیس بن

کہا کیا نہ سنا آپ نے کہ سلیمان کے گھوڑے تھے کہ ان کو بازو تھے کہا عائشہ نے پھر ہنسے آپ یہاں تک کہ دیکھی میں نے داڑھیں آپ کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے قیس بن

سعد رض قال اتیت الحیرة فرایتهم یسجدون لمرزبان لهم فقلت لرسول الله صلی الله علیه وسلم احق ان یسجد له فاتیت

سعد رض سے کہا گیا میں شہر حیرہ میں سو دیکھا انکو کہ سجدہ کرتے ہیں اپنے صوبے کو سو کہا میں نے البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ سزاوار ہیں اسکے لیے سجدہ

رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت انی اتیت الحیرة فرایتهم یسجدون لمرزبان لهم فانت احق بان نسجد لك فقال لی ارایت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے تحقیق گیا شہر حیرہ میں سو دیکھا لوگوں کو سجدہ کرتے صوبے کو اپنے سو آپ زیادہ سزاوار سجدہ کیے جانے کے ہیں تو فرمایا

لو مررت بقبری اكنت تسجد له فقلت لا فقال لا تفعلوا لو كنت آمر احدا ان یسجد لاحد لامرت النساء ان یسجدن لازواجهن

اگر گذر کرے تو میری قبر پر کیا سجدہ کریگا قبر کو سو کہا میں نے نہیں تب فرمایا مت کرو اگر ہوتا میں حکم کرنے والا کسی کو سجدہ کرنے کا کسی کو تو حکم کرتا عورتوں کو سجدہ کرنے کا اپنے خاوندوں کو

لما جعل الله لهم علیهن من حق رواه ابو داود ورواه احمد عن معاذ بن جبل وعن عمر رض عن النبی صلی الله علیه وسلم

اس چیز کے لئے کہ مقرر کیا اللہ نے ان کا ان پر حق روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو احمد نے معاذ بن جبل سے اور روایت ہے عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال لا یسال الرجل فیما ضرب امراته علیه رواه ابو داود وابن ماجة وعن ابی سعید رض قال جاءت امراة الی رسول الله صلی الله علیه وسلم

کہ فرمایا پوچھ نہ ہوگی مرد سے اس چیز میں کہ مارا اپنی عورت کو اسپر روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا آئی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس

ونحن عنده فقالت زوجی صفوان بن المعطل یضربنی اذا صلیت ویفطرنی اذا صمت ولا یصلی الفجر حتی تطلع الشمس

اور ہم آپ کے پاس تھے سو کہا اسنے میرا خاوند صفوان بن معطل مارتا ہے مجھے جب نماز پڑھتی ہوں اور روزہ تڑوا ڈالتا ہے میرا جب رکھتی ہوں اور نہیں نماز ادا کرتا صبح کی آفتاب نکلنے تک

قال وصفوان عنده قال فساله عما قالت فقال یا رسول الله اما قولها یضربنی اذا صلیت فانها تقرء بسورتین فقد

کہا راوی اور صفوان آپ کے پاس تھا کہا راوی پھر پوچھا آپ نے اس سے جو کہا عورت نے کہا یا رسول اللہ لیکن کہنا اسکا مارتا ہے مجھے جب نماز پڑھتی ہے تو سو مقرر وہ پڑھتی ہے دو سورتیں سو تحقیق

نهیتها قال فقال لها رسول الله صلی الله علیه وسلم لو كانت سورة واحدة لكفت الناس قال واما قولها یفطرنی اذا صمت فانها

منع کیا اسکو کہا راوی پھر فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر ہو قرأت ایک سورۃ سے تو کفایت کریگی لوگوں کی نماز کو کہا اور لیکن کہنا اسکا روزہ تڑوا ڈالتا ہے جب رکھتی ہوں سو وہ

تنطلق تصوم وانا رجل شاب فلا اصبر فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تصوم امراة الا باذن زوجها واما قولها انی

روزہ رکھتی چلی جاتی ہے اور میں جوان مرد ہوں سو صبر نہیں کر سکتا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ نہ رکھے عورت بے حکم خاوند کے اور لیکن کہنا اسکا کہ میں

لا اصلی حتی تطلع الشمس فانا اهل بیت قد عرف لنا ذاك لا نكاد نستیقظ حتی تطلع الشمس قال فاذا استیقظت

نماز نہیں ادا کرتا یہاں تک کہ نکلے آفتاب سو مقرر ہم وہ گھر والے ہیں کہ مشہور ہے ہماری عادت نہیں سکتے کہ جاگیں آفتاب نکلنے تک فرمایا پھر جب جاگے تو

يا صفوان فصلّ رواه ابو داود وعن عائشة رضـ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان في نفر من المهاجرين والانصار فجاء بعير فسجد له

اي صفوان تبهي نماز ادا کر **ف** روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عائشہ رضـ سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے ایک جماعت میں مہاجرین اور انصار کی پھر آیا ایک اونٹ

فقال اصحابه يا رسول الله تسجد لك البهائم والشجر فنحن احق ان نسجد لك فقال اعبدوا ربكم واكرموا اخاكم ولو كنت آمر احدا ان

تب کہا صحابہ نے اے رسول اللہ کے سجدہ کرتے ہیں آپ کو چوپائے اور درخت پھر ہم زیادہ سزاوار ہیں سجدہ کرنے کے آپ کو سو فرمایا پوجو اپنے پروردگار کو اور عزت کرو اپنے بھائی کی اور اگر ہوتا میں حکم کرنے والا کسی کو

يسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها ولو امرها ان تنقل من جبل اصفر الى جبل اسود ومن جبل اسود الى جبل ابيض كان ينبغي لها

سجدہ کرنے کا کسی کو تو حکم کرتا عورت کو سجدہ کرے اپنے خاوند کو اور اگر حکم کرے مرد عورت کو لیجانے کا زرد پہاڑ کو سیاہ پہاڑ تک اور سیاہ پہاڑ کو سفید پہاڑ تک سزاوار تھا اسکو

ان تفعله رواه احمد وعن جابر رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة لا تقبل لهم صلوة ولا تصعد لهم حسنة العبد

کہ کرے اسکو **ف** روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے جابر رضـ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخصوں کی مقبول نہیں ہوتی نماز اور نہیں چڑھتی انکی نیکی

الآبق حتى يرجع الى مواليه فيضع يده في ايديهم والمرأة الساخط عليها زوجها والسكران حتى يصحو رواه البيهقي في شعب الايمان

بھگوڑا غلام یہاں تک کہ پھر آوے اپنے مالکوں پاس پھر رکھدے اپنا ہاتھ ان کے ہاتھوں میں اور دوسرا وہ عورت کہ غصہ ہوا اس پر خاوند اسکا اور تیسرا نشہ والا یہاں تک کہ ہوش میں آوے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن ابي هريرة رضـ قال قيل لرسول الله صلى الله عليه وسلم اي النساء خير قال التي تسره اذا نظر وتطيعه اذا امر ولا تخالفه في نفسها

اور روایت ہے ابی ہریرہ رضـ سے کہ کہا کسی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کونسی عورت بھلی ہے فرمایا جو خوش کرے خاوند کو جب دیکھے اور کہا مانے جب حکم کرے اور نہ خلاف کرے اپنی

ولا في مالها بما يكره رواه النسائي والبيهقي في شعب الايمان وعن ابن عباس رضـ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اربع من

اور مال میں اسکے ناپسند حرکت سے روایت کیا اسکو نسائی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس رضـ سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار نعمتیں جسکو

اعطيهن فقد اعطي خير الدنيا والآخرة قلب شاكر ولسان ذاكر وبدن على البلاء صابر وزوجة لا تبغيه خونا في نفسها

ملیں سو تحقیق مل چکی اسکو تمام بھلائی دنیا اور آخرت کی ایک تو شکر گذار دل اور دوسری ذکر الہی کرنے والی زبان اور تیسرا وہ بدن کہ بلا پر صبر کرے اور چوتھی وہ عورت کہ نہ چاہے چوری اپنی

ولا ماله رواه البيهقي في شعب الايمان

باب الخلع والطلاق

الفصل الاول

عن ابن عباس رضـ ان امرأة ثابت بن قيس

ف اور نہ خاوند کے مال میں روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں باب خلع اور طلاق کے بیان کا **ف** پہلی فصل روایت ہے ابن عباس رضـ سے کہ بی بی ثابت بن قیس کی

اتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ثابت بن قيس ما اعتب عليه في خلق ولا دين ولكني اكره الكفر في الاسلام فقال رسول الله

آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اسنے اے رسول اللہ کے ثابت بن قیس پر غصہ نہیں کرتی اسکے اخلاق اور دین میں اور لیکن برا جانتی ہوں کفر کو اسلام میں **ف** سو فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اتردين عليه حديقته قالت نعم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقبل الحديقة وطلقها تطليقة رواه البخاري

صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پھیر دیتی ہے اسکو باغ اسکا **ف** کہا اسنے ہاں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول کر لے باغ کو اور دے اسکو ایک طلاق روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عبد الله بن عمر رضـ انه طلق امرأة له وهي حائض فذكر عمر لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتغيظ فيه رسول الله صلى

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رضـ سے کہ اسنے طلاق دیا اپنی ایک عورت کو حیض میں رہتے پھر ذکر کیا عمر نے اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سو غصے ہوئے اس بات سے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ثم قال ليراجعها ثم يمسكها حتى تطهر ثم تحيض فتطهر فان بدا له ان يطلقها فليطلقها طاهرا قبل ان يمسها

اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا رجوع کرے اس سے پھر رکھے اسکو یہاں تک کے پاک ہو پھر اسکو حیض آوے پھر پاک ہو پھر اگر جی چاہے اسکو طلاق دینا تو طلاق دے اسکو پاک رہتے پہلے ہاتھ لگانے سے

فتلك العدة التي امر الله ان تطلق لها النساء وفي رواية مره فليراجعها ثم ليطلقها طاهرا او حاملا متفق عليه وعن

سو ایسی طلاق وہ عدت ہے کہ حکم کیا اللہ نے اسکا کہ طلاق دی جاویں اس پر عورتیں **ف** اور ایک روایت میں حکم کر اسکو پھر رجوع کرے اس سے پھر طلاق دے اسکو پاک رہتے یا حاملہ رہتے **ف** اور روایت ہے

عائشة رض قالت خيّرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخترنا الله ورسوله فلم يعدّ ذلك علينا شيئا متفق

عائشہ رض سے کہا اسنے اختیار دیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو پسند کیا ہمنے اللہ اور رسول کو اسکے پھر شمار نکیا اسکو ہم پر کچھ یعنی ۔ ق

عليه وعن ابن عباس رضي الله عنه قال في الحرام يكفّر لقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة متفق عليه

اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا اسنے حرام کر لینے میں کفارہ دے گا ف۲ تحقیق ہے تمکو رسول اللہ میں پیروی نیک ف۳ ۔ ق

وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يمكث عند زينب بنت جحش وشرب عندها عسلا

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیر کرتے تھے زینب پاس جو بیٹی جحش کی اور پیا اسکے پاس شہد

فتواصيت انا وحفصة ان ايتنا دخل عليها النبي صلى الله عليه وسلم فلتقل اني اجد منك ريح مغافير

سو آپس میں عہد کیا میں اور حفصہ نے کہ جسکے پاس ہم میں سے ف۴ آویں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو کہے وہ کہ میں پاتی ہوں آپ سے بو مغافیر کی ف۵

اكلت مغافير فدخل على احديهما فقالت له ذلك فقال لا بأس شربت عسلا عند زينب بنت جحش

کیا کھایا آپنے مغافیر کو پھر آئے ایک کے پاس ان دونو سے سو کہا اسنے آپکو وہ بات تب فرمایا کچھ مضایقہ نہیں پیا میں نے شہد زینب کے پاس جو بیٹی جحش کی

فلن اعود له وقد حلفت لا تخبري بذلك احدا يبتغي مرضاة ازواجه فنزلت يا ايها النبي لم تحرم ما

پھر دوبارہ نہ پیونگا اسکو اور مقرر قسم کھائی میں نے ف۶ خبر نکر اسکی کسیکو فرمایا چاہتے تھے رضامندی اپنی بیبیوں کی پھر اتری یہ آیت اے نبی کیوں حرام کرتا ہے جو

احل الله لك تبتغي مرضاة ازواجك الآية متفق عليه

الفصل الثاني

عن ثوبان رض قال قال رسول الله

حلال کیا اللہ تیرے لئے چاہتا ہے رضامندی اپنی بیبیوں کی تمام آیت تک ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے ثوبان رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ايما امرأة سألت زوجها طلاقا في غير ما بأس فحرام عليها رائحة الجنة رواه احمد والترمذي وابو داود

صلی اللہ علیہ وسلم جو عورت نے مانگا اپنے خاوند سے طلاق بے وجہ ف۷ سو حرام ہے اسپر بو بہشت کی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود

وابن ماجه والدارمي وعن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ابغض الحلال الى الله الطلاق رواه ابو داود وعن علي

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہایت مکروہ سب مباحوں میں اللہ کے پاس طلاق ہے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے علی

رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا طلاق قبل نكاح ولا عتاق الا بعد ملك ولا وصال في صيام ولا يتم بعد احتلام ولا

رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا طلاق نہیں ہوتی نکاح سے پہلے اور نہ آزاد کرنا مگر بعد ملک کے اور نہ چاہئے ملانا روزہ رکھنے میں اور یتیمی نہیں رہتی بعد احتلام کے

رضاع بعد فطام ولا صمت يوم الى الليل رواه في شرح السنة وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

بعد دودھ چھڑائی کے عمر کے اور درست نہیں بات نکر کے رہنا دن بھر رات تک روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں

نذر لابن آدم فيما لا يملك ولا عتق فيما لا يملك ولا طلاق فيما لا يملك رواه الترمذي وزاد ابو داود ولا بيع الا فيما يملك

نذر آدمی کی اس چیز میں کہ مالک نہیں اور نہ آزادی اسمیں کہ مالک نہو اور نہ طلاق اسمیں کہ مالک نہو روایت کیا اسکو ترمذی اور زیادہ کیا ابوداود نے اور بیع درست نہیں مگر اسمیں کہ مالک ہو

وعن ركانة بن عبد يزيد رض انه طلق امرأته سهيمة البتة فاخبر بذلك النبي صلى الله عليه وسلم وقال

اور روایت ہے رکانہ بن عبد یزید رض سے کہ اسنے دی اپنی عورت سہیمہ کو تین طلاق ف۸ پھر خبر دی گئی اسکی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور کہا رکانہ

والله ما اردت الا واحدة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله ما اردت الا واحدة فقال ركانة والله ما اردت الا واحدة فرد

قسم اللہ کی ارادہ نکیا میں نے مگر ایک کا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اللہ کی ارادہ نکیا تونے مگر ایک کا سو کہا رکانہ نے قسم اللہ کی ارادہ نکیا میں نے مگر ایک کا

رسول الله صلى الله عليه وسلم فطلقها الثانية في زمان عمر والثالثة في زمان عثمان رواه ابو داود والترمذي وابن ماجة والدارمي الا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر طلاق دیا اسکو دوسری بار زمانے میں عمر کے اور تیسری بار زمانے میں عثمان کے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے مگر

انهم لم يذكروا الثانية والثالثة وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ثلث جدهن جد وهزلهن

انھوں نے ف ذکر کیا دوسری اور تیسری بار کا اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں کہ انکا جد جد ہے اور ہزل بھی

جد النكاح والطلاق والرجعة رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن عائشة رض

جد ہے ف نکاح اور طلاق اور رجوع بعد طلاق کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا طلاق ولا عتاق في اغلاق رواه ابو داود وابن ماجة قيل معنى

کہا ہے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہیں ہوتا طلاق دینا اور آزاد کرنا زبردستی سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کہا گیا معنی

الاغلاق الاكراه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل طلاق جائز الا طلاق المعتوه والمغلوب

اغلاق کے زبردستی اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر طلاق ہو جاتی ہے مگر طلاق دیوانے کی اور مغلوب

على عقله رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعطاء بن عجلان الراوي ضعيف ذاهب الحديث وعن

العقل کی ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور عطاء بن عجلان راوی ف ضعیف ہے بھولنے والا ہے حدیث میں ۔ اور روایت ہے

علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رفع القلم عن ثلثة عن النائم حتى يستيقظ وعن الصبي حتى يبلغ وعن

علی رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھایا گیا قلم کو ف تین شخص سے سونے والا جب تک کہ بیدار ہو اور لڑکے سے جب تک کہ جوان ہو اور

المعتوه حتى يعقل رواه الترمذي وابو داود ورواه الدارمي عن عائشة وابن ماجة عنهما وعن عائشة رض ان رسول

دیوانے سے یہاں تک کہ عاقل ہو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے عائشہ سے اور ابن ماجہ نے دونوں سے ف اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال طلاق الامة تطليقتان وعدتها حيضتان رواه الترمذي وابو داود وابن ماجة والدارمي

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طلاق لونڈی کی دو طلاق ہیں اور عدت اسکی دو حیض ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے

الفصل الثالث

عن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال المنتزعات والمختلعات هن المنافقات رواه النسائي

تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کشیدہ رہنے والیاں ف اور خلع مانگنے والیاں وہی ہیں منافق

وعن نافع عن مولاة لصفية بنت ابي عبيد انها اختلعت من زوجها بكل شيء لها فلم ينكر ذلك عبد الله بن عمر

اور روایت ہے نافع سے ایک لونڈی سے صفیہ کی جو بیٹی ابو عبید کی کہ اس نے خلع کروایا اپنے خاوند سے اپنا سب اسباب دیکر سو نہ انکار کیا اسکا عبد اللہ

رواه مالك وعن محمود بن لبيد رض قال اخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم عن رجل طلق امراته ثلث تطليقات

روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے محمود بن لبید رض سے ف کہ کہا اس نے خبر دی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مرد کی کہ دی اپنی عورت کو تین طلاقیں ۔

جميعا فقام غضبان ثم قال ايلعب بكتاب الله عز وجل وانا بين اظهركم حتى قام رجل فقال يا رسول الله الا اقتله

اکٹھی پس کھڑے ہوئے غصے ہو کر پھر فرمایا کیا کھیل کیا جاتا ہے اللہ غالب بزرگ کی کتاب سے اور میں تمہارے بیچ ہوں یہاں تک کہ کھڑا ہوا ایک مرد پھر کہا یا رسول اللہ کیا نہ مار ڈالوں اسکو

رواه النسائي وعن مالك بلغه ان رجلا قال لعبد الله بن عباس اني طلقت امراتي مائة تطليقة فماذا ترى علي

روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے مالک سے کہ پہنچی اسکو خبر کہ ایک مرد نے کہا عبد اللہ بن عباس کو تحقیق میں نے طلاق دی اپنی عورت کو سو طلاق پھر کیا حکم کرتے ہو مجھ پر

فقال ابن عباس طلقت منك بثلث وسبع وتسعون اتخذت بها آيات الله هزوا رواه في الموطأ وعن معاذ بن جبل رض قال

سو کہا ابن عباس نے چھوٹ گئی تجھ سے تین طلاق سے اور نو دبر ستانوے لیا تو نے ان سے اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھے میں روایت کیا اسکو موطا نے اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہا

قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا معاذ ما خلق الله شيئا على وجه الأرض أحب إليه من العتاق ولا خلق الله شيئا

فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے معاذ نہ بنایا اللہ نے کوئی چیز روئے زمین پر کہ زیادہ ہو محبوب اسکے پاس آزاد کرنے سے اور نہ بنایا اللہ نے کوئی چیز

على وجه الأرض أبغض إليه من الطلاق رواه الدارقطني

روئے زمین پر کہ زیادہ مکروہ ہو اسکے پاس طلاق سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے

باب المطلقة ثلثا

باب تین طلاق دی گئی عورت کا

الفصل الأول

فصل پہلی

عن عائشة رض قالت جاءت امرأة رفاعة القرظي إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت إني كنت عند رفاعة فطلقني فبت طلاقي فتزوجت بعده

روایت ہے عائشہ رض سے کہا آئی بی بی رفاعہ قرظی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا اس نے کہ میں تھی رفاعہ پاس پھر طلاق دی اس نے مجھے سو قطع کیا میری طلاق کو پھر نکاح کیا بعد اسکے

عبد الرحمن بن الزبير وما معه إلا مثل هدبة الثوب فقال أتريدين أن ترجعي إلى رفاعة قالت نعم فقال لا حتى تذوقي

عبد الرحمن بن زبیر کو اور نہیں جو اسکے ساتھ ہے مگر مانند کپڑے کی جھالر کے تار کے سو فرمایا کیا رجوع کیا چاہتی ہے تو رفاعہ کی طرف کہا اس نے ہاں فرمایا نہیں یہاں تک کہ چکھے

عسيلته ويذوق عسيلتك متفق عليه

تو شہد اسکا اور وہ چکھے تیرا شہد متفق علیہ

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن عبد الله بن مسعود رض قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم المحلل والمحلل له رواه الدارمي ورواه ابن ماجة عن علي وابن عباس وعقبة بن عامر وعن سليمان بن يسار قال أدركت بضعة عشر

روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا اس نے لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلالہ کرنیوالے پر اور جسکے لئے حلال کیا گیا روایت کیا اسکو دارمی اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے علی اور ابن عباس اور عقبہ بن عامر سے اور روایت ہے سلیمان بن یسار سے کہا پایا میں نے دس پر کئی

من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم كلهم يقول يوقف المولي رواه في شرح السنة وعن أبي سلمة رض أن سلمان بن صخر ويقال

صحابہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ سب کہتے تھے بند کیا جاویگا ایلا کرنے والا روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابی سلمہ رض سے کہ بیشک سلمان بن صخر اور کہا جاتا

له سلمة بن صخر البياضي جعل امرأته عليه كظهر أمه حتى يمضي رمضان فلما مضى نصف من رمضان وقع عليها ليلا

اسکو سلمہ بن صخر بیاضی کیا اپنی عورت کو اپنے پر مانند ماں کی پیٹھ کے رمضان چلے گئے تک پھر جب چلا گیا آدھا مہینا رمضان کا جماع کر بیٹھا اسے رات کو

فأتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم أعتق رقبة قال لا أجدها قال فصم شهرين متتابعين قال

پھر آیا رسول اللہ پاس پھر ذکر کیا اسکا آپ سے سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر ایک بردہ کہا نہیں پاتا اسکو فرمایا پھر روزے رکھ دو مہینے پے در پے کہا

لا أستطيع قال أطعم ستين مسكينا قال لا أجد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لفروة بن عمرو أعطه ذلك العرق وهو

نہیں سکتا فرمایا کھلا ساٹھ مسکین کو کہا نہیں پاتا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فروہ کو جو بیٹا عمرو کا دے اسکو وہ عرق اور وہ

مكتل يأخذ خمسة عشر صاعا أو ستة عشر صاعا ليطعم ستين مسكينا رواه الترمذي وروى أبو داود وابن ماجة والدارمي عن سليمان بن يسار عن سلمة بن صخر نحوه قال كنت امرءا أصيب من النساء ما لا يصيب غيري وفي روايتهما

ایک ناپ ہے کہ لیتا ہے پندرہ یا سولہ صاع کو تاکہ کھلاوے ساٹھ مسکین کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا ابو داود اور ابن ماجہ اور دارمی نے سلیمان بن یسار سے سلمہ بن صخر سے مانند اسکے کہا سلمہ نے تھا میں ایک مرد کہ پہنچتا عورتوں کی لذت کو اتنا کہ نہ پہنچتا غیر میرا اور ان دونوں کی روایت میں

أعني أبا داود والدارمي فأطعم وسقا من تمر بين ستين مسكينا وعن سليمان بن يسار عن سلمة بن صخر عن النبي

یعنی ابا داود اور دارمی کی پھر کھلا ایک وسق خرما ساٹھ مسکین کو اور روایت ہے سلیمان بن یسار سے سلمہ بن صخر سے نبی —

صلى الله عليه وسلم في المظاهر يواقع قبل أن يكفر قال كفارة واحدة رواه الترمذي وابن ماجه الفصل الثالث عن عكرمة عن

صلی اللہ علیہ وسلم سے ظہار کرنے والے کے حق میں کہ جماع کرے کفارہ کے پہلے فرمایا اسپر ایک کفارہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے تیسری فصل عکرمہ سے

ابن عباس أن رجلا ظاهر من امرأته فغشيها قبل أن يكفر فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فقال ما حملك على ذلك

ابن عباس سے کہ مقرر ایک مرد نے ظہار کیا اپنی عورت سے پھر جماع کیا اسے پہلے کفارہ دینے کے پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر ذکر کیا اسکا آپ سے سو فرمایا کس بات نے ابھارا اسپر

قال يا رسول الله رأيت بياض حجليها في القمر فلم أملك نفسي أن وقعت عليها فضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم و

کہا اے رسول اللہ کے دیکھا میں نے سفیدی اسکے دونوں خلخال کی جگہ کی چاندنی میں پھر نہ تھام سکا اپنی جان کو اس سے کہ گر پڑا اسپر پھر ہنسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور

أمره أن لا يقربها حتى يكفر رواه ابن ماجه وروى الترمذي نحوه وقال هذا حديث حسن صحيح غريب وروى أبو داود

حکم کیا اسکو جماع نکرنے کا اس سے کفارہ دئیے تک روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت کیا ابوداؤد

والنسائي نحوه مسندا ومرسلا وقال النسائي المرسل أولى بالصواب من المسند باب الفصل الأول عن معاوية

اور نسائی نے مانند اسکے بطور اسناد کے اور ارسال کے اور کہا نسائی نے مرسل قریب ہے صحت سے بہ نسبت مسند کے یہ ایک باب ہے فصل پہلی روایت ہے معاویہ

بن الحكم رض قال أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله إن لي جارية كانت ترعى غنما لي فجئتها وقد فقدت

بن الحکم رض سے کہا آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کے مقرر میری ایک چھوکری ہے چراتی تھی بکریاں میری پھر آیا میں اسکے پاس اور گم ہو گئی تھی

شاة من الغنم فسألتها عنها فقالت أكلها الذئب فأسفت عليها وكنت من بني آدم فلطمت وجهها وعلي رقبة

ایک بکری ان بکریوں میں سے پھر پوچھا اسکو اس سے سو کہا اسنے کھا لیا اسکو بھیڑیے نے پھر غصہ کیا میں اسپر اور ہوں آدمی بشر پھر طمانچہ مارا منہ پر اسکے اور مجھ پر ہے ایک بردہ

أفأعتقها فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم أين الله فقالت في السماء فقال من أنا فقالت أنت رسول الله فقال رسول الله

سو کیا پھر آزاد کروں اسکو سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں ہے خدا سو کہا اسنے آسمان میں پھر فرمایا میں کون ہوں سو کہا اسنے آپ رسول اللہ کے ہیں

صلى الله عليه وسلم أعتقها رواه مالك وفي رواية لمسلم قال كانت لي جارية ترعى غنما لي قبل أحد والجوانية فاطلعت ذات

صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر اسکو روایت کیا اسکو مالک نے اور ایک روایت میں مسلم کی کہا معاویہ نے تھی میری ایک چھوکری چراتی تھی میری بکریاں احد اور جوانیہ طرف پھر جا نکلا میں ایک دن

يوم فإذا الذئب قد ذهب بشاة من غنمنا وأنا رجل من بني آدم آسف كما يأسفون لكني صككتها صكة فأتيت رسول الله صلى

سو دیکھا ہوں کہ بھیڑیا لے گیا ایک بکری ہماری بکریوں میں سے اور میں ایک مرد ہوں آدمیوں میں سے غصہ کرتا ہوں جیسے آدمی کرتے ہیں لیکن مارا میں اسکو ایک طمانچہ پھر آیا میں رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم فعظم ذلك علي قلت يا رسول الله أفلا أعتقها قال ائتني بها فأتيته بها فقال لها أين الله قالت في السماء

اللہ علیہ وسلم پاس سو بہت ڈرایا اسنے مجھکو کہا میں نے اے رسول اللہ کے کیا پھر آزاد نکروں اسکو فرمایا لا میرے پاس اسکو پھر لے گیا آپ کے پاس اسکو سو فرمایا اسکو کہاں ہے اللہ کہا اسنے آسمان میں

قال من أنا قالت أنت رسول الله قال أعتقها فإنها مؤمنة باب اللعان الفصل الأول عن سهل بن سعد

فرمایا میں کون ہوں کہا اسنے آپ رسول اللہ کے ہیں فرمایا آزاد کر اسے کہ وہ مسلمان ہے باب لعان کا فصل پہلی روایت ہے سہل بن سعد

الساعدي رض قال إن عويمرا العجلاني قال يا رسول الله أرأيت رجلا وجد مع امرأته رجلا أيقتله فتقتلونه أم كيف

ساعدی رض سے کہا بیشک عویمر عجلانی نے کہا اے رسول اللہ کے خبر دیجیے ایک مرد کی کہ پایا اپنی عورت کے ساتھ دوسرا مرد کیا مار ڈالیگا اسکو تو مار ڈالیں اسکو یا کیا

يفعل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد أنزل فيك وفي صاحبتك فاذهب فأت بها قال سهل فتلاعنا في المسجد

کرے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اترا کلام اللہ تیرے اور تیری عورت کے باب میں سو چلا جا پھر لا اسکو کہا سہل نے پھر لعان کیا دونوں نے مسجد میں

وأنا مع الناس عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما فرغا قال عويمر كذبت عليها يا رسول الله إن أمسكتها فطلقها ثلاثا

اور میں لوگوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا پھر جب فراغت کی دونوں نے کہا عویمر نے جھوٹ کہا میں نے اس پر اے رسول اللہ کے اگر رکھوں اسکو پھر طلاق دی

ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انظروا فإن جاءت به أسحم أدعج العينين عظيم الأليتين خدلج الساقين فلا

پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھتے رہو پھر اگر جنی بچہ کالا کالی آنکھوں کا بڑے چوتڑ والا موٹی پنڈلیوں والا سو

أحسب عويمرا إلا قد صدق عليها وإن جاءت به أحيمر كأنه وحرة فلا أحسب عويمرا إلا قد كذب عليها فجاءت

گمان نہیں کرتا عویمر کو مگر تحقیق سچ کہا اس پر اور اگر جنی بچہ لال جیسا کہ وہ وحرہ ہے سو نہیں گمان کرتا عویمر کو مگر تحقیق جھوٹ کہا اس پر سو جنی

به على النعت الذي نعت رسول الله صلى الله عليه وسلم من تصديق عويمر فكان بعد ينسب إلى أمه متفق عليه وعن

بچہ اس شکل پر کہ بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عویمر کے سچا ٹھیکا سو بعد اسکے نسبت کیا جاتا تھا اپنی ماں کی طرف ق اور روایت ہے

ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم لاعن بين رجل وامرأته فانتفى من ولدها ففرق بينهما وألحق الولد بالمرأة متفق

ابن عمر رض سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم لعان کا کیا درمیان ایک مرد اور اسکی عورت کے پھر دور ہوا اسکے بچے سے پھر جدائی کی آپنے دونوں میں اور لگادیا بچہ عورت کو

عليه وفي حديثه لهما أن رسول الله صلى الله عليه وسلم وعظه وذكره وأخبره أن عذاب الدنيا أهون من عذاب الآخرة

اور حدیث میں ابن عمر کی شیخین کی روایت بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وعظ کیا اور یاد دلایا اور خبر دی اس کو کہ عذاب دنیا کا بہت آسان ہے عذاب آخرت سے

ثم دعاها فوعظها وذكرها وأخبرها أن عذاب الدنيا أهون من عذاب الآخرة وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم

پھر بلایا عورت کو اور وعظ کیا اور یاد دلایا اور خبر دی اسکو کہ عذاب دنیا کا بہت آسان ہے آخرت کے عذاب سے اور روایت ہے ابن عمر سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال للمتلاعنين حسابكما على الله أحدكما كاذب لا سبيل لك عليها قال يا رسول الله مالي قال لا مال لك إن كنت صدقت

فرمایا لعان کرنے والے مرد و عورت کو کہ حساب تمہارا اللہ پر ہے ایک تم دونوں سے جھوٹا ہے نہیں تیری راہ اس پر کہا اس نے اے رسول اللہ میرا مال کہا نہیں مال تیرا اگر تو نے سچ کہا

عليها فهو بما استحللت من فرجها وإن كنت كذبت عليها فذاك أبعد وأبعد لك منها متفق عليه وعن ابن عباس

اس پر سو وہ بدلے اس چیز کے کہ حلال کیا تو نے اسکی شرمگاہ اور اگر جھوٹ کہا ہو تو اس پر تو مال سے بہت دوری ہے تیرے لیے اس سے ق اور روایت ہے ابن عباس

رض أن هلال بن أمية قذف امرأته عند النبي صلى الله عليه وسلم بشريك بن سحماء فقال النبي صلى الله عليه وسلم

رض سے کہ مقرر ہلال بن امیہ نے تہمت لگائی اپنی عورت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شریک بن سحماء سے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

البينة أو حد في ظهرك فقال يا رسول الله إذا رأى أحدنا على امرأته رجلا ينطلق يلتمس البينة فجعل النبي صلى الله

گواہ لا یا حد قبول کر اپنی پیٹھ پر سو کہا اے رسول اللہ کہ جب دیکھے کوئی ہم میں سے اپنی عورت پر کسی مرد کو چلا جاوے گواہ ڈھونڈھنے پھر لگے نبی صلی اللہ

عليه وسلم يقول البينة وإلا حد في ظهرك فقال هلال والذي بعثك بالحق إني لصادق فلينزلن الله ما يبرئ ظهري

علیہ وسلم فرمانے گواہ لا اور نہیں تو حد ہے تیری پیٹھ میں سو کہا ہلال نے قسم اس کی کہ بھیجا آپ کو سچا دین دیکر مقرر میں سچا ہوں البتہ اتارے گا اللہ وہ

من الحد فنزل جبرئيل وأنزل عليه والذين يرمون أزواجهم فقرأ حتى بلغ إن كان من الصادقين فجاء هلال فشهد

حد سے سو اترا جبرئیل اور اتارا آپ پر اور جو لوگ عیب لگاتے ہیں اپنی جورؤں کو پھر پڑھی آیت یہاں تک کہ پہنچے اس لفظ تک پھر آیا ہلال اور لعان کیا

والنبي صلى الله عليه وسلم يقول إن الله يعلم أن أحدكما كاذب فهل منكما تائب ثم قامت فشهدت فلما كانت عند

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے مقرر اللہ جانتا ہے کہ ایک تم دونوں سے جھوٹا ہے پھر کیا ہے تم دونوں سے کوئی توبہ کرنے والا پھر کھڑی ہوئی اور گواہی دی پھر جب

الخامسة وقفوها وقالوا إنها موجبة قال ابن عباس فتلكأت ونكصت حتى ظننا أنها ترجع ثم قالت لا أفضح قومي

لعنت کے پاس کھڑی رکھا اسکو اور کہا کہ یہ لعنت تو ہی کو واجب کر دیگا ابن عباس نے کہا پھر توقف کیا اور پیچھے ہٹی یہانتک کہ گمان کیا ہمنے کہ وہ پھر جائیگی پھر کہا اسنے رسوا نکرونگی اپنی قوم

سائر اليوم فمضت فقال النبي صلى الله عليه وسلم أبصروها فإن جاءت به أكحل العينين سابغ الأليتين خدلج الساقين

تمام عمر پھر لعان کرلی اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے رہو اسکو پھر اگر جنی بچہ سرمئی آنکھ والا بڑے چوتڑ والا موٹی پنڈلیوں والا

فهو لشريك بن سحماء فجاءت به كذلك فقال النبي صلى الله عليه وسلم لولا ما مضى من كتاب الله لكان لي ولها شأن

سو وہ شریک بن سحما کا ہے سو جنی اسنے ویسا ہی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگر نہوتا جو گذر گیا اللہ کی کتاب میں تو البتہ ہوتا میرا اور اسکا ایک کام

رواه البخاري وعن أبي هريرة رض قال قال سعد بن عبادة لو وجدت مع أهلي رجلا لم أمسه حتى آتي بأربعة

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے کہا سعد بن عبادہ نے اگر پاؤں اپنی عورت کے ساتھ کسی مرد کو تو نہ ماروں اسکو یہانتک کہ لاؤں چار

شهداء قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم قال كلا والذي بعثك بالحق إن كنت لأعاجله بالسيف قبل ذلك قال

گواہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہاں کہا سعد نے تو نہیں قسم ہے اسکی کہ بھیجا آپکو سچا دین دیکر میں البتہ جلدی ماروں اسکو تلوار سے پہلے اس سے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم اسمعوا إلى ما يقول سيدكم إنه لغيور وأنا أغير منه والله أغير مني رواه مسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنو بات تمہارے سردار کی مقرر وہ بہت غیرت رکھتا ہے اور میں زیادہ غیرت رکھتا ہوں اس سے اور اللہ زیادہ غیرت رکھتا ہے مجھ سے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن المغيرة رض قال قال سعد بن عبادة لو رأيت رجلا مع امرأتي لضربته بالسيف غير مصفح فبلغ ذلك

اور روایت ہے مغیرہ رض سے کہ کہا کہا سعد بن عبادہ نے اگر دیکھوں میں کوئی مرد اپنی عورت کے ساتھ تو مار ڈالونگا اسکو تلوار سے نہ چوڑائی کی طرف سے پس پہنچی یہ بات

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أتعجبون من غيرة سعد والله لأنا أغير منه والله أغير مني ومن أجل غيرة الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سو فرمایا کیا تعجب کرتے ہو غیرت سے سعد کی قسم اللہ کی میں زیادہ غیرت والا ہوں اس سے اور اللہ زیادہ غیرت والا ہے مجھ سے اور غیرت کے سبب اللہ کی

حرم الله الفواحش ما ظهر منها وما بطن ولا أحد أحب إليه العذر من الله من أجل ذلك بعث المنذرين والمبشرين

حرام کیا اللہ نے بیحیائیوں کو ظاہر ان میں کی اور باطن کی اور نہیں کوئی کہ جسکو بہت پیارا ہو عذر اللہ سے اسی لئے بھیجا اللہ نے ڈرانے والے اور خوشخبری دینے والے

ولا أحد أحب إليه المدحة من الله فلذلك مدح نفسه وفي رواية ولا أحد أحب إليه المدحة من الله ومن أجل

اور نہیں کوئی کہ زیادہ پیاری ہو اسکو تعریف کرنی اللہ سے پھر اسی لئے تعریف کی اپنی ذات کی اور ایک روایت میں ہے اور نہیں کوئی کہ زیادہ پیاری ہو اسکو تعریف اللہ سے اور اسی لئے

ذلك وعد الله الجنة متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله تعالى يغار وإن

وعدہ کیا تعریف کرنے والے سے اللہ نے جنت کا ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالی غیرت کرتا ہے

المؤمن يغار وغيرة الله أن لا يأتي المؤمن ما حرم الله متفق عليه وعنه أن أعرابيا أتى رسول الله صلى الله

ایماندار غیرت کرتا ہے اور غیرت اللہ کی اس لئے ہے کہ نہ کرے ایماندار اللہ کے حرام کئے کام ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ ایک دیہاتی آیا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فقال إن امرأتي ولدت غلاما أسود وإني أنكرته فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم هل لك من إبل

علیہ وسلم کے پاس پھر کہا بیشک عورت میری جنی لڑکا کالا اور میں نے برا مانا اسکو سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا تیرے اونٹ ہیں

قال نعم قال فما ألوانها قال حمر قال هل فيها من أورق قال إن فيها لورقا قال فأنى ترى ذلك جاءها قال عرق نزعها قال

کہا ہاں فرمایا پھر کیا رنگ ہیں ان کے کہا سرخ فرمایا کیا بعضے ان میں خاکی رنگ ہیں کہا بیشک ان میں خاکی رنگ ہیں فرمایا پھر کہاں سے گمان کرتا ہے کہ وہ رنگ آیا انہیں کہا رگ نے کھینچا ہوگا فرمایا

فلعل هذا عرق نزعه فلم یرخص له فی الانتفاء منه متفق علیه وعن عائشة رض قالت کان عتبة بن ابی وقاص عهد

پھر شاید اس لڑکے کو کسی رگ نے کھینچا ہو پھر رخصت نہ دی آپ نے اسکو دور کرنے کی اس لڑکے سے ق اور روایت ہے عائشہ سے کہا تھا عتبہ بن ابی وقاص نے وصیت کی تھی

تركوا رواه مسلم وعن أبي قتادة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قام فيهم فذكر لهم أن الجهاد في سبيل الله والإيمان بالله

چھوڑے جاتے ہیں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکے صحابہ میں ذکر فرمایا انہیں کہ جہاد اللہ کی راہ …

أفضل الأعمال فقام رجل فقال يا رسول الله أرأيت إن قتلت في سبيل الله أتكفر عني خطاياي فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم

سب سے بھلا کام ہے …

نعم ان قتلت في سبيل الله وانت صابر محتسب مقبل غير مدبر ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف قلت فقال ارأيت

ہاں اگر مارا جاوے تو اللہ کی راہ میں صبر اور اخلاص کے ساتھ ثواب سمجھ کر سامنا کرنے والا نہ پیٹھ دینے والا پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کہا تو نے کہا اس نے کہ خبر دیجئے مجھ کو

ان قتلت في سبيل الله أيكفر عني خطاياي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم وانت صابر محتسب مقبل غير مدبر

اگر مارا جاؤں اللہ کی راہ میں اتر جاویں گے گناہ میرے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں اگر تو صبر کرے ثواب کی توقع سے سامنا کرے نہ پیٹھ دیوے مگر

الا الدين فان جبرئيل قال لي ذلك رواه مسلم وعن عبد الله بن عمرو بن العاص ان النبي صلى الله عليه وسلم قال القتل في سبيل

مگر قرض اور کہا جبرئیل نے مجھ کو اسی طرح روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مارا جانا راہ میں

الله يكفر كل شيء الا الدين رواه مسلم وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يضحك الله تعالى الى رجلين

اللہ کے کفارہ ہے ہر گناہ کا مگر قرض روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہنستا ہے اللہ تعالیٰ دو مردوں کی طرف

يقتل احدهما الآخر يدخلان الجنة يقاتل هذا في سبيل الله فيقتل ثم يتوب الله على القاتل فيستشهد متفق عليه وعن

قتل کرتا ہے ایک ان دونوں کا دوسرے کو داخل ہوتے ہیں دونوں جنت میں لڑتا ہے یہ اللہ کی راہ میں پھر مارا جاتا ہے پھر توبہ نصیب کرتا ہے اللہ قاتل کو اور شہید ہوتا ہے متفق علیہ اور روایت ہے

سهل بن حنيف قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سأل الله الشهادة بصدق بلغه الله منازل الشهداء وان

سہل بن حنیف سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مانگے اللہ سے شہادت صدق دل سے پہنچاوے گا اس کو اللہ مرتبہ میں شہیدوں کے اگرچہ

مات على فراشه رواه مسلم وعن انس ان الربيع بنت البراء وهي ام حارثة بن سراقة اتت النبي صلى الله عليه وسلم

مرے اپنے بستر پر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ ربیع بیٹی براء کی اور وہ ماں حارثہ بن سراقہ کی تھی آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس

فقالت يا نبي الله الا تحدثني عن حارثة وكان قتل يوم بدر اصابه سهم غرب فان كان في الجنة صبرت وان كان غير ذلك اجتهدت

سو بولی اے نبی اللہ کے نہیں فرماتے مجھ سے حارثہ کے باب میں اور وہ مارا گیا بدر کے روز کہ لگا اس کو ایک تیر بے نشانہ پھر اگر ہے وہ جنت میں صبر کروں اور اگر ہے کچھ اور تو کوشش کروں

عليه في البكاء فقال يا ام حارثة انها جنان في الجنة وان ابنك اصاب الفردوس الاعلى رواه البخاري وعن انس قال انطلق رسول

اس کے واسطے رونے میں فرمایا اے ماں حارثہ کی کہ اس جگہ جنتیں ہیں بہت بہشت میں اور بیٹا تیرا فردوس اعلیٰ کو پہنچا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا چلے رسول

الله صلى الله عليه وسلم واصحابه حتى سبقوا المشركين الى بدر وجاء المشركون فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے یار یہاں تک کہ آگے گئے مشرکوں سے بدر کی طرف اور آئے مشرک سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قوموا الى جنة عرضها السموات والارض قال عمير بن الحمام بخ بخ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما يحملك على قولك بخ بخ

اٹھو جنت کے واسطے جس کا پھیلاؤ ہے آسمان اور زمین کہا عمیر بن الحمام نے اچھا اچھا سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس لئے بولا تو نے اچھا اچھا عرض کیا

قال لا والله يا رسول الله الا رجاء ان اكون من اهلها قال فانك من اهلها قال فاخرج تمرات من قرنه فجعل يأكل

نہ واللہ یا رسول اللہ مگر اس امید میں کہ ہو جاؤں اس کے لوگوں سے فرمایا تو ہے اس کے لوگوں سے پھر نکالیں کھجوریں اپنی ترکش سے پھر لگا کھانے

منهن ثم قال لئن انا حييت حتى آكل تمراتي هذه انها لحيوة طويلة قال فرمى بما كان معه من التمر ثم قاتلهم حتى قتل رواه مسلم وعن

ان میں سے پھر بولا اگر میں زندہ رہوں کہ کھاؤں اپنی کھجوریں تو البتہ یہ جینا بڑی دیر کا ہے پھر پھینک دیں کھجوریں جو تھیں پاس اس کے پھر لڑے ان سے یہاں تک کہ مارے گئے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما تعدون الشهيد فيكم قالوا يا رسول الله من قتل في سبيل الله فهو

ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو گنتے ہو شہید تم میں عرض کیا یا رسول اللہ جو شخص مارا گیا اللہ کی راہ میں سو وہ

شهيد قال إن شهداء أمتي إذا لقليل من قتل في سبيل الله فهو شهيد ومن مات في سبيل الله فهو شهيد ومن مات في الطاعون

شہید ہے فرمایا کہ شہید میری امت کے اس تقدیر میں تھوڑے ہیں اور جو مارا گیا اللہ کی راہ میں سو وہ شہید ہے اور جو کوئی مر گیا اللہ کی راہ میں سو وہ شہید ہے اور جو کوئی مر گیا وبا میں

فهو شهيد ومن مات في البطن فهو شهيد رواه مسلم وعن عبد الله بن عمرو رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من غازية

سو وہ شہید ہے اور جو مر گیا پیٹ کی بیماری میں سو وہ شہید ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی جماعت

أو سرية تغزو فتغنم وتسلم إلا كانوا قد تعجلوا ثلثي أجورهم وما من غازية أو سرية تخفق وتصاب إلا تم أجورهم رواه مسلم

یا لشکر کہ لڑے پھر سلامتی سے غنیمت لے کر پھرے مگر تحقیق شتابی لی اپنی دو تہائی مزدوری میں اور نہیں ہے کوئی جماعت غازیہ اور سریہ کہ غزا کرے اور پھرے بے غنیمت

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات ولم يغز ولم يحدث به نفسه مات على شعبة من نفاق رواه مسلم

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مرا اور نہ غزا کرے اور نہ باتیں کرے اسکی اپنے دل میں مریگا ایک نفاق کے طور پر روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أبي موسى قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال الرجل يقاتل للمغنم والرجل يقاتل للذكر والرجل يقاتل

اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہا آیا ایک مرد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا کوئی لڑتا ہے غنیمت کے واسطے اور کوئی لڑتا ہے اسلئے کہ ظاہر ہو اسکی شجاعت اور کوئی

ليرى مكانه فمن في سبيل الله قال من قاتل لتكون كلمة الله هي العليا فهو في سبيل الله متفق عليه وعن أنس أن رسول

تا دیکھا جاوے لوگوں کو پھر کون شخص اللہ کی راہ میں ہے فرمایا جو لڑتا ہے اسواسطے کہ ہو دین اللہ کا وہی اونچا سو وہ ہی شخص اللہ کی راہ میں ہے ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم رجع من غزوة تبوك فدنا من المدينة فقال إن بالمدينة أقواما ما سرتم مسيرا ولا قطعتم واديا إلا كانوا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوٹے غزوہ تبوک سے پھر نزدیک ہوئے مدینے کے تب فرمایا کہ مدینے میں کئی قوم ہیں کہ نہیں گئے تم کوئی سیر اور نہ طے کیا تم نے کوئی میدان مگر وے

معكم وفي رواية إلا شركوكم في الأجر قالوا يا رسول الله وهم بالمدينة قال وهم بالمدينة حبسهم العذر رواه البخاري ورواه مسلم

ساتھ تمہارے ہیں اور ایک روایت میں مگر وے شریک ہیں تمہارے اجر میں عرض کیا یا رسول اللہ وے مدینے میں ہیں فرمایا وے مدینے میں ہیں روکا ان کو عذر نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کیا مسلم نے

عن جابر وعن عبد الله بن عمرو رض قال جاء رجل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فاستأذنه في الجهاد فقال أحي والداك

جابر سے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر اجازت مانگی جہاد کی سو فرمایا جیتے ہیں ماں باپ تیرے

قال نعم قال ففيهما فجاهد متفق عليه وفي رواية فارجع إلى والديك فأحسن صحبتهما وعن ابن عباس رض عن النبي صلى الله

بولا ہاں فرمایا خدمت کر ان دونوں کی ق ۔ اور ایک روایت میں ہے پھر جا انکی طرف پھر اچھی طرح خدمت کر انکی ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ

عليه وسلم قال يوم الفتح لا هجرة بعد الفتح ولكن جهاد ونية وإذا استنفرتم فانفروا متفق عليه

الفصل الثاني

عن عمران بن

علیہ وسلم سے فرمایا آنحضرت نے فتح کے دن نہیں ہے ہجرت فتح کے بعد و لیکن جہاد اور نیت ہے اور جب حکم ہو تم کو نکلنے کا تو نکلو ق ۔ دوسری فصل روایت ہے عمران بن

حصين رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تزال طائفة من أمتي يقاتلون على الحق ظاهرين على من ناواهم حتى يقاتل

حصین رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ لڑیگا حق پر جس حال میں کہ غالب ہونگے اپنے دشمن پر یہاں تک کہ لڑیگا

آخرهم المسيح الدجال رواه أبو داود وعن أبي أمامة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من لم يغز ولم يجهز غازيا أو يخلف

اخر انکا مسیح دجال کے ساتھ روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو نہ غزا کرے اور نہ اسباب بناوے غازی کا اور نہ پیچھے

غازيا في أهله بخير أصابه الله بقارعة قبل يوم القيامة رواه أبو داود وعن أنس رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال جاهدوا المشركين

غازی کے لوگوں سے اسکے کچھ بھلائی کرے پہنچاویگا اسکو اللہ عذاب کو پہلے قیامت کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہاد کرو مشرکوں سے

بأموالكم وأنفسكم وألسنتكم رواه أبو داود والنسائي والدارمي ❊ وعن أبي هريرة رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه

ہتھیاروں سے اور اپنی جانوں سے اور اپنی زبانوں سے یعنی کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم أفشوا السلام وأطعموا الطعام واضربوا الهام تورثوا الجنان رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ❊ وعن فضالة رضـ عن

وسلم نے ظاہر کرو سلام کو اور کھلاؤ کھانا اور مارو سروں کو وارث ہو گے تم جنتوں کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے فضالہ رض سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كل ميت يختم على عمله إلا الذي مات مرابطا في سبيل الله فإنه ينمى له عمله إلى يوم القيامة ويأ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہر مردے کا عمل موقوف ہوتا ہے مگر جو مرا حالت نگہبانی میں اللہ کی راہ میں کہ بڑھتا ہے اسکا عمل قیامت تک اور حفاظت میں رہتا ہے

من فتنة القبر رواه الترمذي وأبو داود ورواه الدارمي عن عقبة بن عامر ❊ وعن معاذ بن جبل رضـ أنه سمع رسول الله صلى الله

قبر کے فتنہ سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے عقبہ بن عامر سے اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہ سنا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يقول من قاتل في سبيل الله فواق ناقة فقد وجبت له الجنة ومن جرح جرحا في سبيل الله أو نكب نكبة فإنها تجيء

علیہ وسلم کو فرماتے کہ جو لڑے اللہ کی راہ میں بقدر درمیان دو مرتبہ دودھ دوہنے اونٹنی کے ثابت ہوئی اسکے لئے جنت اور جو گھایل ہوا اللہ کی راہ میں یا پہنچی اسکو چوٹ

يوم القيامة كأغزر ما كانت لونها الزعفران وريحها المسك ومن خرج به خراج في سبيل الله فإن عليه طابع الشهداء رواه

قیامت کے دن جیسی تازہ تھی دنیا میں رنگ اسکا رنگ زعفران کا ہوگا اور بو اسکی بو مشک کی ہوگی اور جسکے بدن میں ہو زخم اللہ کی راہ میں سو اس پر مہر شہیدوں کی ہے روایت کیا اسکو

الترمذي وأبو داود والنسائي ❊ وعن خريم بن فاتك رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أنفق نفقة في سبيل الله كتبت

ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے خریم بن فاتک رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خرچ اللہ کی راہ میں لکھا جاتا ہے

له بسبعمائة ضعف رواه الترمذي والنسائي ❊ وعن أبي أمامة رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفضل الصدقات ظل فسطاط

اسکے لئے سات سو حصے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے افضل صدقوں میں سے سایہ خیمے کا ہے

في سبيل الله ومنحة خادم في سبيل الله أو طروقة فحل في سبيل الله رواه الترمذي ❊ وعن أبي هريرة رضـ قال قال رسول الله صلى الله

اللہ کی راہ میں اور دینا خادم کا اللہ کی راہ میں یا دینا اونٹ کا جو جفتی کے لائق ہو اللہ کی راہ میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

عليه وسلم لا يلج النار من بكى من خشية الله حتى يعود اللبن في الضرع ولا يجتمع على عبد غبار في سبيل الله ودخان جهنم

اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا دوزخ میں رونے والا اللہ کے ڈر سے یہاں تک کہ پھر جاوے دودھ تھنوں میں اور نہیں جمع ہوتے بندے پر گرد اللہ کی راہ کی اور دھواں دوزخ کا

رواه الترمذي وزاد النسائي في أخرى في منخري مسلم أبدا وفي أخرى له في جوف عبد أبدا ولا يجتمع الشح والإيمان في قلب عبد

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور زیادہ کیا نسائی نے دوسری روایت میں مسلمان کی ناک کے سوراخ میں کبھی اور اسکی دوسری روایت میں درمیان بندے کے پیٹ میں کبھی اور نہیں جمع ہوتے بخل اور ایمان بندے کے دل میں

أبدا ❊ وعن ابن عباس رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عينان لا تمسهما النار عين بكت من خشية الله وعين باتت تحرس

کبھی اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آنکھوں کو آگ نہیں چھوئیگی ایک تو وہ آنکھ جو روئی اللہ کے خوف سے اور دوسری وہ آنکھ جو رات کو جاگی

في سبيل الله رواه الترمذي ❊ وعن أبي هريرة رضـ قال مر رجل من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم بشعب فيه عيينة من ماء عذبة

اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا گذر کیا ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یاروں سے ایک گھاٹی پر کہ اس میں چھوٹا چشمہ تھا میٹھے پانی کا

فأعجبته فقال لو اعتزلت الناس فأقمت في هذا الشعب فذكر ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لا تفعل فإن مقام أحدكم

سو خوش لگا اسکو سو کہا کاش کہ کنارہ پکڑتا میں لوگوں سے اور ٹھہر جاتا اس گھاٹی میں پھر ذکر کیا اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو فرمایا مت کر کہ ٹھہرنا ایک کا

في سبيل الله أفضل من صلاته في بيته سبعين عاما ألا تحبون أن يغفر الله لكم ويدخلكم الجنة اغزوا في سبيل الله من قاتل في سبيل

اسکی راہ میں تھوڑی دیر کھڑے ہونا اسکے گھر میں ستر برس کی نماز سے بہتر ہے کیا نہیں چاہتے ہو کہ بخشے تمکو اللہ اور داخل کرے تمکو جنت میں غزا کرو اسکی راہ میں جو جہاد کرے راہ میں

الله فواق ناقة وجبت له الجنة رواه الترمذي. وعن عثمان رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال رباط يوم في سبيل الله

اللہ کی اونٹنی کے دودھ دوہنے کے درمیان کی مقدار واجب ہوئی اسکے لئے جنت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عثمان رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہرا ایک دن کا اللہ کی راہ میں

خير من ألف يوم فيما سواه من المنازل رواه الترمذي والنسائي. وعن أبي هريرة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

بہتر ہے ہزار دن کی عبادت سے اور منزلوں میں اسکے سوا روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عرض علي أول ثلاثة يدخلون الجنة شهيد وعفيف متعفف وعبد أحسن عبادة الله ونصح لمواليه رواه الترمذي. وعن

ظاہر کئے گئے مجھ پر پہلے تین شخص جو داخل ہونگے جنت میں ایک تو شہید اور دوسرا پارسا پرہیزگار اور تیسرا وہ بندہ جسنے اچھی طرح کی عبادت اللہ کی اور خیر خواہی کی اپنے مولاؤں کی روایت

عبد الله بن حبشي رض أن النبي صلى الله عليه وسلم سئل أي الأعمال أفضل قال طول القيام قيل فأي الصدقة أفضل قال جهد المقل

عبد اللہ بن حبشی رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کون اعمال بہتر ہے فرمایا دیر تک کھڑا رہنا نماز میں کہا گیا پھر کون صدقہ بہتر ہے فرمایا محنت کرنا مفلس کا

قيل فأي الهجرة أفضل قال من هجر ما حرم الله عليه قيل فأي الجهاد أفضل قال من جاهد المشركين بماله ونفسه قيل فأي القتل

پوچھا گیا پھر کونسی ہجرت افضل ہے فرمایا جو چھوڑ دے جس چیز کو اللہ نے حرام کیا پھر پوچھا گیا پھر کون جہاد افضل ہے فرمایا جو جہاد کرے مشرکین سے اپنے مال

أشرف قال من أهريق دمه وعقر جواده رواه أبو داود وفي رواية النسائي أن النبي صلى الله عليه وسلم سئل أي الأعمال أفضل قال

اور جان سے [illegible] فرمایا وہ شخص جسکا بہایا گیا لہو اور کونچ کاٹا گیا اسکے گھوڑے کا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ایک روایت میں نسائی کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کون عمل افضل ہے

إيمان لا شك فيه وجهاد لا غلول فيه وحجة مبرورة قيل فأي الصلاة أفضل قال طول القنوت ثم اتفقا في الباقي. وعن المقدام

ایمان جسمیں شک نہ ہو اور جہاد جسمیں خیانت نہو اور حج مقبول عرض کیا گیا پھر کونسی نماز اچھی ہے فرمایا دیر تک کھڑے رہنا پھر دونوں نے اتفاق کیا باقی میں اور روایت ہے مقدام

بن معديكرب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للشهيد عند الله ست خصال يغفر له في أول دفعة ويرى مقعده من

بن معدیکرب رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید کو اللہ کے حضور سے چھ خصلتیں ملتی ہیں بخشا جاتا ہے پہلے وار میں اور دکھلایا جاتا ہے

الجنة ويجار من عذاب القبر ويأمن من الفزع الأكبر ويوضع على رأسه تاج الوقار الياقوتة منها خير من الدنيا وما فيها

بہشت میں اور بچایا جاتا ہے قبر کے عذاب سے اور محفوظ رہتا ہے بڑی گھبراہٹ سے اور رکھی جاتی ہے اسکے سر پر تاج وقار کی ایک یاقوت اسکا بہتر ہے دنیا اور ما فیہا سے

ويزوج ثنتين وسبعين زوجة من الحور العين ويشفع في سبعين من أقربائه رواه الترمذي وابن ماجه. وعن أبي هريرة

اور [illegible] بہتر حور عین سے اور شفاعت کریگا ستر قرابت والوں کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لقي الله بغير أثر من جهاد لقي الله وفيه ثلمة رواه الترمذي وابن ماجه. وعنه

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ملیگا اللہ سے بغیر نشان جہاد کے ملیگا اللہ سے اور اسمیں ایک رخنہ ہوگا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الشهيد لا يجد ألم القتل إلا كما يجد أحدكم ألم القرصة رواه الترمذي والنسائي

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید درد نہیں پاتا مارے جانے کا مگر جیسا پاتا کوئی تم میں سے درد چیونٹی کاٹنے کا روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی

والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب. وعن أبي أمامة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس شيء أحب إلى الله

اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں ہے کچھ پیارا اللہ کے پاس

مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَاَثَرَيْنِ قَطْرَةُ دُمُوْعٍ مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَقَطْرَةُ دَمٍ تُهْرَاقُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَمَّا الْاَثَرَانِ فَاَثَرٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَثَرٌ

دو قطروں سے اور دو نشانوں سے ایک تو آنسو کی بوند جو اللہ کے ڈر سے گرے دوسرا لہو کی بوند جو جہاد میں گرے اور دو نشان سو ایک نشان اللہ کی راہ میں اور ایک نشان

فِيْ فَرِيْضَةٍ مِّنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ تَعَالٰى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

فریضوں میں اللہ تعالیٰ کے فرائض سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبِ الْبَحْرَ اِلَّا حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا اَوْ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَتَحْتَ النَّارِ بَحْرًا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سوار ہو دریا میں مگر حج کرنے یا عمرہ لانے یا لڑنے کو اللہ کی راہ میں کیونکہ تلے دریا کے آگ ہے اور تلے آگ کے دریا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے

اُمِّ حَرَامٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ الَّذِيْ يُصِيْبُهُ الْقَيْءُ لَهٗ اَجْرُ شَهِيْدٍ وَالْغَرِيْقُ لَهٗ اَجْرُ شَهِيْدَيْنِ رَوَاهُ

ام حرام رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس کا سر گھومے دریا میں کہ قے آوے اسکو واسطے اسکے اجر شہید کا ہے اور ڈوب مرنے والے کے لئے دو شہیدوں کا اجر ہے روایت

اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ فَصَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ اَوْ قُتِلَ

ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی مالک اشعری رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو چلے جہاد کو پھر مر گیا یا مارا گیا

اَوْ وَقَصَهٗ فَرَسُهٗ اَوْ بَعِيْرُهٗ اَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ اَوْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ بِاَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللّٰهُ فَاِنَّهٗ شَهِيْدٌ وَاِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

یا مار گرایا اسکو گھوڑے یا اونٹ نے یا اسکو سانپ کاٹے یا مر گیا اپنے بچھونے پر جس طرح چاہے اللہ سو مقرر وہ شہید ہے اور مقرر اسکے واسطے بہشت ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوٹنا مجاہد کا سفر سے مثل غزا کے ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْغَازِيْ اَجْرُهٗ وَلِلْجَاعِلِ اَجْرُهٗ وَاَجْرُ الْغَازِيْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ رض سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

علیہ وسلم نے غازی کو اسکا اجر ہے اور مال دینے والے کو دو اجر ہیں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ایوب رض سے کہ سنا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْاَمْصَارُ وَسَتَكُوْنُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَةٌ يُّكْرَهُ الرَّجُلُ الْبَعْثَ فَيَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهٖ ثُمَّ يَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ يَعْرِضُ نَفْسَهٗ عَلَيْهِمْ

اب فتح ہونگے تم پر شہر بڑے اور ہونگے لشکر مجمع پھر برا لگیگا ایک مرد کو بھیجنا امام کا پھر بھاگیگا اپنی قوم سے اور ڈھونڈیگا قبیلوں کو ظاہر کریگا اپنے کو ان پر

مَنْ اَكْفِيْهِ بَعْثَ كَذَا اَلَا وَذٰلِكَ الْاَجِيْرُ اِلٰى اٰخِرِ قَطْرَةٍ مِّنْ دَمِهٖ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ رض قَالَ اٰذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

کون ہے کہ کفایت کروں میں اسکی اس لشکر میں خبردار ہو کہ وہ مزدور ہے اخیر قطرہ تک لہو کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے یعلی بن امیہ رض سے کہا حکم دیا رسول

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَاَنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَيْسَ لِيْ خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ اَجِيْرًا يَّكْفِيْنِيْ فَوَجَدْتُّ رَجُلًا سَمَّيْتُ لَهٗ ثَلٰثَةَ دَنَانِيْرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ

اللہ علیہ وسلم نے غزا کا اور میں بہت بوڑھا تھا نہ تھا میرے پاس کوئی خادم سو تلاش کیا میں نے ایک مزدور کا کہ کام کرے میرا سو پایا میں نے ایک شخص کو ٹھہرایا اسکے لئے تین دینار جب

غَنِيْمَةٌ اَرَدْتُّ اَنْ اُجْرِيَ لَهٗ سَهْمَهٗ فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهٗ فَقَالَ مَا اَجِدُ لَهٗ فِيْ غَزْوَتِهٖ هٰذِهٖ فِي الدُّنْيَا وَ

لوٹ پاس چاہا میں نے کہ دوں اسکو حصہ سو آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر ذکر کیا میں نے اسکا سو فرمایا نہیں پاتا ہوں میں اسکے لئے اس غزا میں دنیا اور

الْاٰخِرَةِ اِلَّا دَنَانِيْرَهُ الَّتِيْ تَسَمّٰى رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجُلٌ يُّرِيْدُ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

آخرت میں مگر تین دینار جو ٹھہرے تھے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک مرد چاہتا ہے جہاد اللہ کی راہ میں

وَهُوَ يَبْتَغِيْ عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْيَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَجْرَ لَهٗ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ مُعَاذٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور چاہتا ہے متاع دنیا کو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے اسکے لئے اجر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے معاذ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم الغزو غزوان فأما من ابتغى وجه الله وأطاع الإمام وأنفق الكريمة وياسر الشريك واجتنب الفساد

صلی اللہ علیہ وسلم نے غزو دو طرح کے ہیں سو جو ڈھونڈتا ہے رضامندی اللہ کی اور فرمانبرداری کی امام کی اور خرچ کرے اپنی پسند کی چیز اور نرمی کرے اپنے ساتھی سے اور باز رہے

فإن نومه ونبهه أجر كله وأما من غزا فخرا ورياء وسمعة وعصى الإمام وأفسد في الأرض فإنه لم يرجع بالكفاف رواه مالك

فساد سے تو سونا اور جاگنا اسکا سب بہتر اجر ہے اور جو لڑے واسطے بڑائی کے اور دکھانے اور سنانے کو اور نافرمانی کرے امیر کی اور فساد کرے زمین میں سو وہ پھرتا نہیں برابر سرابر روایت کیا اسکو مالک

وأبو داود والنسائي وعن عبد الله بن عمرو رض أنه قال يا رسول الله أخبرني عن الجهاد فقال يا عبد الله بن عمرو إن

اور ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ خبر دیجیے مجھے جہاد کی سو فرمایا یا عبد اللہ بن عمرو اگر

قاتلت صابرا محتسبا بعثك الله صابرا محتسبا وإن قاتلت مرائيا مكاثرا بعثك الله مرائيا مكاثرا يا عبد الله بن عمرو

لڑے تو اور صبر کرے ثواب کی امید پر اٹھاویگا تجھکو اللہ صبر کرنے والا ثواب کی توقع سے اور اگر لڑے تو جتانے کو اور دکھانے والا اور بہتایت ڈھونڈنے والا تو اٹھاویگا

على أي حال قاتلت أو قتلت بعثك الله على تلك الحال رواه أبو داود وعن عقبة بن مالك رض عن النبي صلى الله عليه

جس حال پر لڑیگا اور مارا جائیگا اٹھاویگا تجھکو اللہ اسی حال پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عقبہ بن مالک رض سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وسلم قال أعجزتم إذا بعثت رجلا فلم يمض لأمري أن تجعلوا مكانه من يمضي لأمري رواه أبو داود وذكر حديث فضالة المجاهد

وسلم سے فرمایا ... جب بھیجوں کسی کو ... کیا عاجز ہو تم اس سے کہ اسکی جگہ اس شخص کو جو کرے کام میرا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ذکر کیا

من جاهد نفسه في كتاب الإيمان

الفصل الثالث

عن أبي أمامة رض قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سرية

وہ جو لڑے اپنے نفس سے کتاب الایمان میں فصل تیسری روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا نکلے ہم پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک لشکر میں

فمر رجل بغار فيه شيء من ماء وبقل فحدث نفسه بأن يقيم فيه ويتخلى من الدنيا فاستأذن رسول الله صلى الله عليه وسلم

سو گذرا ایک شخص کہ ... ساگ تھا سو چاہا دل اسکا کہ رہ جاوے اسمیں اور چھوڑ دے دنیا کو سو اجازت چاہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

في ذلك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني لم أبعث باليهودية ولا بالنصرانية ولكني بعثت بالحنيفية السمحة والذي

اس بات کی سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نہیں بھیجا گیا یہودی کا طریقہ اور نصرانی کا دین ... لیکن بھیجا گیا ہوں ساتھ دین حنیف آسان کے اور قسم ہے اسکی

نفس محمد بيده لغدوة أو روحة في سبيل الله خير من الدنيا وما فيها ولمقام أحدكم في الصف خير من صلاته ستين

کہ ہاتھ میں محمد کی جان ہے ایک بار صبح یا شام کا اللہ کی راہ میں بہتر ہے تمام دنیا سے اور جو کچھ اسمیں ہے اور کھڑا ہونا تمہارا صف میں بہتر ہے ساٹھ

سنة رواه أحمد وعن عبادة بن الصامت رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من غزا في سبيل الله ولم ينو إلا

برس کی نماز سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبادہ بن صامت رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لڑا اللہ کی راہ میں

عقالا فله ما نوى رواه النسائي وعن أبي سعيد رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من رضي بالله ربا وبالإسلام دينا

اور نیت نہ کی مگر ایک رسی کی تو اسکو وہی ہے جسکی نیت کی روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو راضی ہوا اللہ سے رب جانکر اور اسلام سے دین

وبمحمد رسولا وجبت له الجنة فعجب لها أبو سعيد فقال أعدها علي يا رسول الله فأعادها عليه ثم قال وأخرى يرفع الله بها العبد

اور محمد سے رسول سمجھ کر واجب ہوتی ہے اسکے لئے جنت سو خوش ہوا ابو سعید اس بات سے اور کہا ابو سعید نے اعادہ کریں ان باتوں کو مجھ پر یا رسول پھر اعادہ کیا ان باتوں کو اس پر پھر فرمایا اور دوسری

مائة درجة في الجنة ما بين كل درجتين كما بين السماء والأرض قال وما هي يا رسول الله قال الجهاد في سبيل الله

سو درجے جنت میں ہر دو درجوں کے بیچ ہے جیسے درمیان آسمان اور زمین کے عرض کیا اور کیا ہے وہ یا رسول اللہ فرمایا جہاد اللہ کی راہ میں

الجهاد في سبيل الله رواه مسلم وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن أبواب الجنة تحت ظلال السيوف

جہاد اللہ کی راہ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت کے دروازے تلواروں کے سایہ تلے ہیں

فقام رجل رث الهيئة فقال يا أبا موسى أأنت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول هذا قال نعم فرجع إلى أصحابه فقال أقرأ عليكم

سو اٹھا کھڑا ہوا ایک مرد بودہا اور بولا اے ابی موسی تم نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے بولا ہاں سو چلا گیا وہ مرد اپنے لوگوں میں پھر بولا کرتا ہوں تم پر

السلام ثم كسر جفن سيفه فألقاه ثم مشى بسيفه إلى العدو فضرب به حتى قتل رواه مسلم وعن ابن عباس رض أن رسول الله

سلام پھر توڑ ڈالی میان اپنی تلوار کی اور ڈالدیا اسکو پھر چلا گیا اپنی تلوار لیکر دشمن کی طرف مارنے لگا اس سے یہانتک کہ مارا گیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال لأصحابه إنه لما أصيب إخوانكم يوم أحد جعل الله أرواحهم في جوف طير خضر ترد أنهار الجنة تأكل

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے یاروں کو کہ جب شہید ہوئے تمھارے بھائی جنگ احد کے روز کیا اللہ نے انکی روحوں کو سبز جانوروں کے پیٹ میں جاتے ہیں جنت کی نہروں پر

من ثمارها وتأوي إلى قناديل من ذهب معلقة في ظل العرش فلما وجدوا طيب مأكلهم ومشربهم ومقيلهم قالوا من

اسکے میوے کھاتے ہیں رات کو قندیلوں میں سونے کی جو لٹکے ہیں عرش کے سایہ میں پھر جب پاتے ہیں اچھا کھانا پینا اور آرام کی جگہ کہتے ہیں کون

يبلغ إخواننا عنا أنا أحياء في الجنة لئلا يزهدوا في الجنة ولا ينكلوا عند الحرب فقال الله تعالى أنا أبلغهم عنكم فأنزل

پہنچا دے ہماری خبر ہمارے بھائیوں کو کہ ہم لوگ جیتے ہیں جنت میں تاکہ شوق کریں جنت میں اور نہ سستی ہو جہاد میں سو فرمایا اللہ تعالی نے میں پہنچا دوں گا تمہاری خبر سو اتارا

الله تعالى ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله أمواتا بل أحياء عند ربهم يرزقون إلى آخر الآيات رواه أبو داود وعن

اللہ تعالی نے اور نہ جانو انکو جو مارے گئے اللہ کی راہ میں مردہ بلکہ جیتے ہیں اپنے رب کے پاس روزی دیے جاتے ہیں آخر آیت تک روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے

أبي سعيد الخدري رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال المؤمنون في الدنيا على ثلاثة أجزاء الذين آمنوا بالله ورسوله

ابی سعید خدری رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان والے دنیا میں تین قسم ہیں ایک تو جو ایمان لائے اللہ پر اور اسکے رسول پر

ثم لم يرتابوا وجاهدوا بأموالهم وأنفسهم في سبيل الله والذي يأمنه الناس على أموالهم وأنفسهم ثم الذي إذا أشرف

پھر شک میں نہ پڑے اور جہاد کئے اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں اور جسکو امین کریں لوگ اپنے مال اور اپنی جان پر پھر وہ شخص کہ جب قریب ہو

على طمع تركه لله عز وجل رواه أحمد وعن عبد الرحمن بن أبي عميرة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما من نفس مسلمة يقبضها

طمع کے چھوڑ دیا اسے اللہ عز وجل کے واسطے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی شخص مسلمان کہ قبض کرتا

ربها تحب أن ترجع إليكم وأن لها الدنيا وما فيها غير الشهيد قال ابن أبي عميرة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأن أقتل في

رب اسکا ارادہ کرے تمھارے پاس پھر آنیکا اور ہو اسکے واسطے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے مگر شہید کہا ابن ابی عمیرہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خدا کی قسم مارا جانا

سبيل الله أحب إلي من أن يكون لي أهل الوبر والمدر رواه النسائي وعن حسناء بنت معاوية قالت حدثنا عمي قال قلت

اللہ کی راہ میں زیادہ پیارا ہے میرے اختیار میں ہونے سے شہر والے اور گاؤں والے کا روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے حسناء بنت معاویہ سے کہا مجھ سے کہا میرے چچا نے کہا میں نے

للنبي صلى الله عليه وسلم من في الجنة قال النبي في الجنة والشهيد في الجنة والمولود في الجنة والوئيد في الجنة رواه أبو داود

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون شخص ہے جنت میں فرمایا پیغمبر جنت میں ہیں اور شہید جنت میں ہے اور مولود بہشت میں ہے اور زندہ گاڑی گئی بہشت میں ہے روایت کیا ابو داود نے

وعن علي وأبي الدرداء وأبي هريرة وأبي أمامة وعبد الله بن عمر وعبد الله بن عمرو وجابر بن عبد الله وعمران بن حصين رض

اور روایت ہے علی اور ابی الدرداء اور ابی ہریرہ و ابی امامہ و عبد اللہ بن عمر و عبد اللہ بن عمرو و جابر بن عبد اللہ و عمران بن حصین رضی اللہ عنہم اجمعین

كلهم يحدث عن رسول الله انه قال من ارسل نفقة في سبيل الله واقام في بيته فله بكل درهم سبعمائة درهم ومن غزا بنفسه

کل ان کے حدیث بیان کرتے ہیں رسول اللہ سے کہ فرمایا جسنے بھیجا خرچ اللہ کی راہ میں اور ٹھہرا اپنے گھر میں تو اسکے لئے ہر درہم کے بدلے سات سو درہم ہیں اور جسنے خود جہاد کیا

في سبيل الله وانفق في وجهه ذلك فله بكل درهم سبعمائة الف درهم ثم تلا هذه الاية والله يضاعف لمن يشاء رواه ابن ماجة

اللہ کی راہ میں اور خرچ کیا اسکی رضامندی میں سو واسطے اسکے ہر درہم کے بدلے سات سو ہزار درہم ہیں پھر پڑھی یہ آیت اور خدا بڑھاتا ہے جسکے لئے چاہتا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن فضالة بن عبيد قال سمعت عمر بن الخطاب رض يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الشهداء اربعة رجل

اور روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہا سنا میں نے عمر بن الخطاب رض سے کہتے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے شہید چار قسم کے ہیں ایک تو مرد

مؤمن جيد الايمان لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك الذي يرفع الناس اليه اعينهم يوم القيمة هكذا ورفع راسه حتى

ایمان دار کہ نیک ہے ایمان اسکا پھر ملا دشمن سے پھر سچا پایا اللہ کو یہاں تک کہ مارا گیا سو وہی شخص ہے کہ اٹھاوینگے لوگ اسکی طرف آنکھیں اپنی روز قیامت کو اسی طرح اٹھایا

سقطت قلنسوته فما ادري اقلنسوة عمر اراد ام قلنسوة النبي صلى الله عليه وسلم قال ورجل مؤمن جيد الايمان لقي العدو

سر یہاں تک کہ گر پڑی ٹوپی آپکی سو نہیں جانتا ہوں میں کہ ٹوپی عمر کی مراد ہے یا ٹوپی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمایا اور ایک مرد مومن کہ نیک ہے ایمان اسکا ملا دشمن سے

كانما ضرب جلده بشوك طلح من الجبن اتاه سهم غرب فقتله فهو في الدرجة الثانية ورجل مؤمن خلط عملا صالحا و

گویا چھیدے گئے اسکی پوست میں خار درخت طلح کے کانٹے بسبب نامردی کے آن لگا اسکو تیر غرب اور وہ مارا گیا سو وہ دوسرے درجے میں ہے اور ایک مرد مومن کہ ملا دیا ہے نیک عمل اور

اخر سيئا عسى الله ان يتوب عليهم لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك في الدرجة الثالثة ورجل مؤمن اسرف على

بد تو قریب ہے اللہ سے کہ بخشے انکو ملا دشمن سے پھر سچا پایا اللہ کو یہاں تک کہ مارا گیا سو وہ تیسرے درجے میں ہے اور ایک مرد مومن کہ زیادتی کی ہے

نفسه لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك في الدرجة الرابعة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن

اپنی جان پر ملا دشمن سے اور سچا پایا اللہ کو یہاں تک کہ مارا گیا سو وہ چوتھے درجے میں ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے

عتبة بن عبد السلمي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم القتلى ثلثة مؤمن جاهد بنفسه وماله في سبيل الله فاذا لقي

عتبہ بن عبد السلمی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ نے اللہ کی رحمت اتریں اور سلام لوگ مارے گئے تین قسم ہیں ایک تو مومن جسنے جہاد کیا اپنے جان سے اور اپنے مال سے اسکی راہ میں

العدو قاتل حتى يقتل قال النبي صلى الله عليه وسلم فيه فذلك الشهيد الممتحن في خيمة الله تحت عرشه لا يفضله النبيون الا

دشمن سے لڑنے لگا یہاں تک کہ مارا گیا فرمایا پیغمبر خدا نے اللہ کا درود اسپر اور سلام اسکے حق میں سو وہ شہید ہے

بدرجة النبوة ومؤمن خلط عملا صالحا واخر سيئا جاهد بنفسه وماله في سبيل الله اذا لقي العدو قاتل حتى يقتل قال النبي

نبوت کے درجے میں اور دوسرا وہ مسلمان ہے کہ عمل اسکے ملے ہیں بھلے اور دوسرے برے جہاد کیا اسنے اپنی جان سے اور اپنے مال سے اللہ کی راہ میں جب ملا دشمن سے لڑا یہاں تک کہ

صلى الله عليه وسلم فيه مصمصة محت ذنوبه وخطاياه ان السيف محاء للخطايا وادخل من اي ابواب الجنة شاء ومنافق

اللہ کا درود اس پر اور سلام اسکے لئے ایک دھار ہوگی دھوتی ہے اسکے سارے گناہ کیونکہ تلوار صاف کرتی ہے گناہوں کو اور جاویگا جس دروازے سے جنت کے چاہیگا اور تیسرا منافق ہے

جاهد بنفسه وماله فاذا لقي العدو قاتل حتى يقتل فذلك في النار ان السيف لا يمحو النفاق رواه الدارمي وعن ابن عائذ رض

جہاد کیا اپنی جان و مال سے سو جب ملا دشمن سے لڑا یہاں تک کہ مارا گیا سو وہ دوزخ میں ہے کیونکہ تلوار نہیں مٹاتی ہے نفاق کو روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابن عائذ رض

قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في جنازة رجل فلما وضع قال عمر بن الخطاب لا تصل عليه يا رسول الله فانه رجل فاجر فالتفت

کہا نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جنازے پر ایک شخص کے جب جنازہ رکھا کہا عمر بن الخطاب نے نماز نہ پڑھئے اسپر یا رسول اللہ یہ مرد بدکار ہے سو متوجہ ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الناس فقال هل رآه أحد منكم على عمل الإسلام فقال رجل نعم يا رسول الله حرس ليلة في سبيل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف سو فرمایا کیا دیکھا اسکو کسی نے تم میں سے اسلام کا کام کرتے ہوا ایک شخص نے ہاں یا رسول اللہ چوکی دی ہے ایک رات راہ میں

الله فصلى عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم وحثى عليه التراب وقال أصحابك يظنون أنك من أهل النار وأنا أشهد أنك من

اللہ کی پھر نماز پڑھی اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ڈالی اس پر مٹی اور فرمایا تیرے یار گمان کرتے تھے کہ تو دوزخی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو

أهل الجنة وقال يا عمر إنك لا تسأل عن أعمال الناس ولكن تسأل عن الفطرة رواه البيهقي في شعب الإيمان

جنتی ہے اور فرمایا اے عمر تو نہ پوچھا جاتا ہے آدمی کے کاموں سے ولیکن پوچھا جاتا ہے خلقت سے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب إعداد آلة الجهاد

باب تیار کرنے میں اسباب جہاد

الفصل الأول

عن عقبة بن عامر رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو على المنبر يقول وأعدوا لهم ما استطعتم من قوة ألا إن القوة الرمي ألا إن القوة الرمي ألا إن القوة الرمي رواه مسلم

پہلی فصل روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے تیار کرو انکے لئے جتنا کر سکتے ہو زور خبردار قوت تیر لگانا ہے خبردار قوت تیر لگانا ہے خبردار قوت تیر لگانا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ستفتح عليكم الروم ويكفيكم الله فلا يعجز أحدكم أن يلهو بأسهمه رواه مسلم

اور روایت ہے اسی سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اب فتح ہوگی تم پر روم اور کفایت ہے تمکو اللہ سو نہ چھوڑ دیوے تم میں سے کوئی کھیلنا اپنے تیروں سے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من علم الرمي ثم تركه فليس منا أو قد عصى رواه مسلم

اور روایت ہے اسی سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جسنے سیکھا تیر لگانا پھر چھوڑ دیا اسکو سو نہیں ہے ہمارا راستے یا تحقیق نافرمانی کی روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن سلمة بن الأكوع رض قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم على قوم من أسلم يتناضلون بالسوق فقال ارموا بني إسماعيل فإن أباكم كان راميا وأنا مع بني فلان لأحد الفريقين فأمسكوا بأيديهم فقال ما لكم فقالوا كيف نرمي وأنت مع بني فلان فقال ارموا وأنا معكم كلكم رواه البخاري

اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہا نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قوم بنی اسلم پر اور وے آپس میں تیر اندازی کرتے تھے سوق میں سو فرمایا تیر اندازی کرو اے بیٹے اسمعیل کے سو باپ تمھارا تھا تیر انداز اور میں ساتھ ہوں فلانے کی اولاد کے تب ایک گروہ دو فریق میں سے سو رک گئے اپنے ہاتھوں کو تب فرمایا کیا ہوا تمکو سو بولے کیونکر ہم تیر اندازی کریں اور آپ ساتھ ہیں فلانے کی اولاد کے سو فرمایا تیر اندازی کرو میں ساتھ ہوں تم سب کے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن أنس رض قال كان أبو طلحة يتترس مع النبي صلى الله عليه وسلم بترس واحد وكان أبو طلحة حسن الرمي فكان إذا رمى تشرف النبي صلى الله عليه وسلم فينظر إلى موضع نبله رواه البخاري

اور روایت ہے انس رض سے کہا تھا ابو طلحہ بچاؤ ڈھونڈھتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سپر سے اور تھا ابو طلحہ اچھا تیر انداز سو جب تیر ڈالتا نگاہ کرتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو دیکھتے اسکے تیر گرنے کی جگہ کو روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم البركة في نواصي الخيل متفق عليه


اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برکت گھوڑوں کی پیشانیوں میں ہے روایت کی بخاری و مسلم نے

وعن جرير بن عبد الله رض قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يلوي ناصية فرس بإصبعه وهو يقول الخيل معقود بنواصيها الخير إلى يوم القيامة الأجر والغنيمة رواه مسلم

اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ رض سے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بٹتے تھے گھوڑے کی پیشانی اپنی انگلی سے اور فرماتے گھوڑوں کی بندھی ہے انکی پیشانی میں نیکی قیامت کے دن تک ثواب اور غنیمت روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احتبس فرسا في سبيل الله إيمانا بالله وتصديقا بوعده فإن شبعه وريه وروثه وبوله في

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے باندھا گھوڑا اللہ کی راہ میں اللہ پر ایمان لاکر اور اسکے وعدہ کو سچ جانکر سو بیشک اسکا سیر ہونا اور سیراب ہونا اور لید اور پیشاب



مِيزَانِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ فِي الْخَيْلِ وَالشِّكَالُ أَنْ يَكُونَ الْفَرَسُ فِي رِجْلِهِ

جڑ جائے گا بیچ ترازو کے روز قیامت کے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم برا جانتے تھے شکال گھوڑے میں اور شکال یہ ہے کہ ہو گھوڑے کے

الْيُمْنَى بَيَاضٌ وَفِي يَدِهِ الْيُسْرَى أَوْ فِي يَدِهِ الْيُمْنَى وَرِجْلِهِ الْيُسْرَى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

داہنے پاؤں میں اور بائیں اگلے میں سفیدی یا داہنے اگلے اور بائیں پاؤں میں اس کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي أُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ وَأَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ وَبَيْنَهُمَا سِتَّةُ أَمْيَالٍ وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ

دوڑایا گھوڑوں میں جو دبلے کئے گئے تھے مقام حفیا سے ثنیۃ الوداع تک اور درمیان ان دونوں مقام کے چھ میل ہیں اور مسابقت کرائی گھوڑوں میں جو دبلے نہیں کئے گئے

إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَبَيْنَهُمَا مِيلٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ كَانَتْ نَاقَةٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسَمَّى الْعَضْبَاءَ وَكَانَتْ لَا تُسْبَقُ

مسجد بنی زریق تک اور درمیان ان دونوں مقام کے ایک میل ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا تھی ایک اونٹنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جس کا نام عضباء تھا اور نہیں آگے بڑھتا تھا کوئی اس سے

فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ عَلَى قَعُودٍ لَهُ فَسَبَقَهَا فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ لَا يَرْتَفِعَ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا

سو آیا ایک بدو ایک اونٹ پر جو تھا اس کا پس سبقت لے گیا اس سے سو سخت آئی یہ مسلمانوں پر سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے اللہ پر کہ بلند نہ ہو کوئی چیز دنیا میں

إِلَّا وَضَعَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى

مگر اتار دیتا ہے اس کو روایت کیا اس کو بخاری نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے مقرر اللہ تعالی

يُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلٰثَةَ نَفَرٍ الْجَنَّةَ صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ وَالرَّامِيَ بِهِ وَمُنْبِلَهُ فَارْمُوا وَارْكَبُوا وَأَنْ تَرْمُوا

داخل کرے گا بسبب ایک تیر کے تین شخص کو بہشت میں ایک تو بنانے والا جو چاہتا تھا اپنے بنانے میں بھلائی اور دوسرا تیر لگانے والا اور تیسرا تیر دینے والا سو تیر لگاؤ اور سواری

أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ تَرْكَبُوا كُلُّ شَيْءٍ يَلْهُو بِهِ الرَّجُلُ بَاطِلٌ إِلَّا رَمْيَهُ بِقَوْسِهِ وَتَأْدِيبَهُ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتَهُ امْرَأَتَهُ فَإِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ

بہت خوش آتا ہے سواری ہر چیز ہے کہ جس سے کھیلتا ہے جو شخص ہیچ ہے مگر کھیل اپنی کمان سے اور گھوڑا اپنا ادب لگانا اور بہلانا اپنی عورت کو سو یہ چیزیں حق ہیں

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ أَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَمَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَ مَا عَلِمَهُ رَغْبَةً عَنْهُ فَإِنَّهَا نِعْمَةٌ تَرَكَهَا أَوْ قَالَ كَفَرَهَا

روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا ابو داؤد اور دارمی نے اور جسنے چھوڑا تیر لگانا سیکھ کر خوشی سے سو اس کے پاس ایک نعمت تھی کہ اس کو چھوڑا یا فرمایا ناشکری کی

وَعَنْ أَبِي نَجِيحٍ السُّلَمِيِّ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ بَلَغَ بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهُ دَرَجَةٌ فِي

اور روایت ہے ابی نجیح السلمی رض سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جسنے پہنچایا تیر اللہ کی راہ میں ف سو پہنچا اس کے لئے درجہ

الْجَنَّةِ وَمَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهُ عَدْلُ مُحَرَّرٍ وَمَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ

جنت میں اور جسنے تیر چلایا اللہ کی راہ میں سو وہ برابر بردہ آزاد کرنے کے ہے ف اور جو بوڑھا ہوا اسلام میں ہوگا واسطے اس کے نور روز قیامت میں روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب

الْإِيمَانِ وَرَوٰى أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلَ الْأَوَّلَ وَالنَّسَائِيُّ الْأَوَّلَ وَالثَّانِيَ وَالتِّرْمِذِيُّ الثَّانِيَ وَالثَّالِثَ وَفِي رِوَايَتِهِمَا مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَدَلَ

الایمان میں اور روایت کی ہے ابی داؤد نے پہلی فصل ف اور نسائی نے پہلی اور دوسری اور ترمذی نے دوسری اور تیسری کو اور ان دونوں کی روایت میں ف جو بوڑھا ہوا اللہ کی راہ میں بدلے

فِي الْإِسْلَامِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا سَبَقَ إِلَّا فِي نَصْلٍ أَوْ خُفٍّ أَوْ حَافِرٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ

اسلام کی جگہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں شرط لگانا مگر تیر یا اونٹ یا گھوڑے میں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد

وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ فَإِنْ كَانَ يُؤْمَنُ أَنْ يَسْبِقَ فَلَا خَيْرَ فِيهِ وَإِنْ كَانَ

اور نسائی نے ۔ روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے ڈالا گھوڑا دو گھوڑوں کے بیچ پھر اگر وہ ڈر نہیں رکھتا آگے بڑھنے سے سو نہیں بھلائی اس میں اور اگر

لا يأمن أن يسبق فلا بأس به وفي شرح السنة وفي رواية لأبي داود قال من أدخل فرسا بين فرسين يعني وهو لا يأمن أن يسبق

نہیں ہے تم آگے بڑھنے سے تو قباحت نہیں ہے اور شرح السنہ میں ابی داؤد کی ایک روایت میں ہے جس نے داخل کیا گھوڑا دو گھوڑوں کے بیچ یعنی وہ بے خوف نہیں آگے بڑھنے سے

فليس بقمار ومن أدخل فرسا بين فرسين وقد أمن أن يسبق فهو قمار. وعن عمران بن حصين رض قال قال رسول الله صلى الله

تو وہ جوا نہیں ہے اور جس نے داخل کیا گھوڑا دو گھوڑوں کے بیچ اور وہ بے خوف ہے آگے بڑھنے سے تو وہ جوا ہے اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم لا جلب ولا جنب زاد يحيى في حديثه في الرهان رواه أبو داود والنسائي ورواه الترمذي مع زيادة في باب الغصب

علیہ وسلم نے نہیں ہے جلب اور جنب زیادہ کیا یحیی نے اپنی حدیث میں لفظ فی الرہان روایت کیا اس کو ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت کیا ترمذی نے زیادتی کے ساتھ باب الغصب میں

وعن أبي قتادة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال خير الخيل الأدهم الأقرح الأرثم ثم الأقرح المحجل طلق اليمين

اور روایت ہے ابی قتادہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اچھے گھوڑوں میں سیاہ گھوڑے ہیں جس کی پیشانی اور ناک سفید ہو پھر جس کی پیشانی سفید ہو اور ہاتھ پیر سفید ہوں سوائے داہنے ہاتھ کے

فإن لم يكن أدهم فكميت على هذه الشية رواه الترمذي والدارمي. وعن أبي وهب الجشمي رض قال قال رسول الله صلى الله

پھر اگر نہ ہو سیاہ تو کمیت اسی طرح کا داغ دار روایت کیا اس کو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی وہب جشمی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم عليكم بكل كميت أغر محجل أو أشقر أغر محجل أو أدهم أغر محجل رواه النسائي. وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى

وسلم نے لازم پکڑو ہر کمیت گھوڑے کو جس کی پیشانی اور ہاتھ پیر سفید ہوں یا سرخ سفید پیشانی اور ہاتھ پیر والا یا سیاہ سفید پیشانی اور ہاتھ پیر والا روایت کیا اس کو نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يمن الخيل في الشقر رواه الترمذي وأبو داود. وعن عتبة بن عبد السلمي رض أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم

اللہ علیہ وسلم نے برکت گھوڑوں کی سرخ رنگ کے گھوڑوں میں ہے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے عتبہ بن عبد السلمی سے کہ سنا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول لا تقصوا نواصي الخيل ولا معارفها ولا أذنابها فإن أذنابها مذابها ومعارفها دفاؤها ونواصيها معقود فيها الخير رواه

فرماتے تھے نہ کترو بال گھوڑے کی پیشانی کے اور نہ بال ان کی گردن کے اور نہ دموں کے کیونکہ دمیں ان کی مکھیاں اڑانے والی ہیں اور ان کی گردن کے بال ان کو گرمی دینے والے ہیں اور ان کی پیشانی میں بندھی ہوئی ہے بہتری روایت کیا اس کو

أبو داود. وعن أبي وهب الجشمي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارتبطوا الخيل وامسحوا بنواصيها وأعجازها أو قال أكفالها

ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی وہب جشمی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھو گھوڑے اور پھیرو ہاتھ ان کی پیشانی اور چوتڑ پر یا فرمایا ان کے کفل پر

وقلدوها ولا تقلدوها الأوتار رواه أبو داود والنسائي. وعن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم عبدا مأمورا ما اختصنا

اور ڈالو ان کے گلے میں اور نہ ڈالو ان کے گلے میں تانت روایت کیا اس کو ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بندے حکم کیے گئے نہیں خاص کیا ہم کو

دون الناس بشيء إلا بثلاث أمرنا أن نسبغ الوضوء وأن لا نأكل الصدقة وأن لا ننزي حمارا على فرس رواه الترمذي والنسائي. وعن علي

لوگوں سے کسی چیز میں مگر تین خصلتوں میں حکم فرمایا ہم کو کہ کامل کریں وضو اور نہ کھائیں صدقہ اور نہ کدائیں گدھے کو گھوڑی پر روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے علی

رض قال أهديت لرسول الله صلى الله عليه وسلم بغلة فركبها فقال علي لو حملنا الحمير على الخيل فكانت لنا مثل هذه فقال رسول الله

رض سے کہا ہدیہ آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک خچر پھر سوار ہوئے اس پر کہا علی رض نے کاش کہ چھوڑیں ہم گدھے گھوڑی پر تو ہو ہمارے لیے مثل اس کے پس فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إنما يفعل ذلك الذين لا يعلمون رواه أبو داود والنسائي. وعن أنس رض قال كانت قبيعة سيف رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے اس کے نہیں کہ کرتے ہیں اس کو جو نہیں جانتے روایت کیا اس کو ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے انس سے کہا تھا قبضہ تلوار رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من فضة رواه الترمذي وأبو داود والنسائي والدارمي. وعن هود بن عبد الله بن سعد عن جده

صلی اللہ علیہ وسلم کا چاندی کا روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ہود بن عبد اللہ بن سعد سے اس نے اپنے دادا سے

مزيدة رض قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الفتح وعلى سيفه ذهب وفضة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

جو فریدہ ہیں رض کہا آئے رسول صلی اللہ علیہ وسلم فتح کے روز اور انکی تلوار پر سونا چاندی تھا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وعن السائب بن يزيد رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان عليه يوم احد درعان قد ظاهر بينهما رواه ابو داود

اور روایت ہے سائب بن یزید رض سے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جنگ احد کے دن دو زرہ تلے اوپر پہنا ہوا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابن عباس رض قال كانت راية نبي الله صلى الله عليه وسلم سوداء ولواؤه ابيض رواه الترمذي وابن ماجه

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا تھا جھنڈا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سیاہ اور لوا سفید روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وعن موسى بن عبيدة مولى محمد بن القاسم قال ارسلني محمد بن القاسم الى البراء بن عازب يسأله عن راية رسول الله صلى الله عليه وسلم

موسی بن عبیدہ مولی محمد بن قاسم سے کہا بھیجا محمد بن قاسم نے براء بن عازب پاس پوچھنے کو حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کا

فقال كانت سوداء مربعة من نمرة رواه احمد والترمذي وابو داود وعن جابر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل

سو کہا تھا سیاہ چوگوشہ نمرہ سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے

مكة ولواؤه ابيض رواه الترمذي وابو داود وابن ماجه الفصل الثالث عن انس رض قال لم يكن شيء احب الى رسول الله صلى الله

مکہ میں اور جھنڈا آپکا سفید تھا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے انس رض سے کہا نہ تھی کوئی چیز پیاری رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم بعد النساء من الخيل رواه النسائي وعن علي رض قال كانت بيد رسول الله صلى الله عليه وسلم قوس عربية فراى رجلا

علیہ وسلم کو بعد عورتوں کے گھوڑوں سے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں کمان عربی پھر دیکھا ایک مرد کو

بيده قوس فارسية قال ما هذه القها وعليكم بهذه واشباهها ورماح القنا فانهما يؤيد الله لكم بهما في الدين ويمكن

کہ ہاتھ میں اسکے کمان فارسی فرمایا کیا ہے یہ ڈالدے اسکو اور لازم پکڑو یہ کمان عربی کو یا مانند اسکے اور اختیار کرو نیزہ کو سو مدد کریگا اللہ تمکو انکے سبب دین میں اور قدرت دیگا

لكم في البلاد رواه ابن ماجه

تمکو شہروں میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب آداب السفر

الفصل الاول

عن كعب بن مالك رض ان النبي صلى الله عليه وسلم

باب ادبوں میں سفر کے پہلی فصل روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خرج يوم الخميس في غزوة تبوك وكان يحب ان يخرج يوم الخميس رواه البخاري وعن عبد الله بن عمر رض قال قال رسول الله

نکلے روز پنجشنبہ کو غزوہ تبوک میں اور اچھا جانتے تھے نکلنے کو پنجشنبہ کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لو يعلم الناس ما في الوحدة ما اعلم ما سار راكب بليل وحده رواه البخاري وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله

صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر جانتے لوگ جو کچھ ہے تنہائی سفر میں جسقدر میں جانتا ہوں نہ سیر کرتا کوئی سوار رات میں تنہا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم لا تصحب الملائكة رفقة فيها كلب ولا جرس رواه مسلم وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمراہ نہیں ہوتے فرشتے اس گروہ کے کہ جسمیں کتا ہو اور گھنٹا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

الجرس مزامير الشيطان رواه مسلم وعن ابي بشير الانصاري رض انه كان مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض اسفاره

گھنٹا باجہ ہے شیطان کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی بشیر انصاری رض سے کہ وہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بعض سفر میں

فارسل رسول الله صلى الله عليه وسلم رسولا لا تبقين في رقبة بعير قلادة من وتر او قلادة الا قطعت متفق عليه وعن

سو بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قاصد کہ نہ باقی رہے اونٹ کی گردن میں لٹکن تانت کی یا لٹکن مگر کاٹی جاوے [illegible] اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سافرتم في الخصب فأعطوا الإبل حقها من الأرض وإذا سافرتم في السنة فأسرعوا

ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سفر کرو تم برس آبادی میں سو دو اونٹوں کو حق انکا زمین سے ۱۲ اور جب سفر کرو تم قحط سالی میں سو جلدی کرو

عليها السير وإذا عرستم بالليل فاجتنبوا الطريق فإنها طرق الدواب ومأوى الهوام بالليل وفي رواية إذا سافرتم في السنة

ان پر سیر ۳ اور جب اترو تم پچھلی رات میں سو کنارے ہو راہ سے ۴ کیونکہ وہ راہیں چوپایوں کی اور جگہ رات کو موذی جانوروں کے رہنے کی ہیں اور ایک روایت میں جب سفر کرو تم قحط سالی میں

فبادروا بها نقيها رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري رض قال بينما نحن في سفر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ جاءه

ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابی ہریرہ سے اور ابن عباس رضی سے اور کہا بیہقی نے اسناد اسکی ضعیف ہے اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت

الى البيت الذي يؤكل فيه من الشفرة الى سنام البعير رواه ابن ماجه

باب

وهذا الباب خال عن الفصل الاول والثاني

الفصل الثالث

عن الفجيع العامري

اس گھر کی طرف کہ جس میں کھایا جاوے کھانا جلد پہنچنے والی ہے چھری کی نوک کوہان شتر کی طرف روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔ باب ہے اور یہ باب خالی ہے پہلی اور دوسری فصل سے۔ تیسری فصل روایت ہے فجیع عامری

رضي الله عنه انه اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال ما يحل لنا من الميتة قال ما طعامكم قلنا نغتبق ونصطبح قال ابو نعيم فسره لي عقبة قدح غدوة وقدح

رضی سے کہ وہ حاضر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو کہا کونسی چیز حلال ہے ہمارے لئے مردار سے فرمایا کیا ہے مقدار کھانے کا تمہارے عرض کیا ہم نے رات اور صبح کو کھاتے ہیں کہا

عشية قال ذاك وابي الجوع فاحل لهم الميتة في هذه الحال رواه ابو داود وعن ابي واقد الليثي رضي الله عنه ان رجلا قال يا رسول الله انا نكون

شام کو فرمایا یہ تو بھوک ہے قسم ہے میرے باپ کی پس حلال کیا آنحضرت نے واسطے ان کے مردار کو اس حالت میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی واقد لیثی رضی سے کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ ہم ہوتے ہیں

بارض فتصيبنا بها المخمصة فمتى تحل لنا الميتة قال ما لم تصطبحوا او تغتبقوا او تحتفئوا بها بقلا فشانكم بها معناه اذا لم تجدوا صبوحا

ایک زمین میں پھر پہنچتی ہے ہمکو اسمیں بھوک سو کب حلال ہوتا ہے ہمکو مردار فرمایا جب تک کہ صبح کو کھاؤ یا شام کو یا اس زمین میں ساگ سبزی تو اختیار کرو مردار

او غبوقا ولم تجدوا بقلة تاكلونها حلت لكم الميتة رواه الدارمي

باب الاشربة

الفصل الاول

عن انس رضي الله عنه قال كان رسول الله

یا شام اور نہ پاؤ ساگ سبزی کہ کھاؤ اسکو تو حلال ہوتا ہے تمہارے لئے مردہ جانور روایت کیا اسکو دارمی نے۔ باب ہے پینے کی چیزوں کے بیان میں۔ پہلی فصل روایت ہے انس رضی سے کہا تھے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يتنفس في الشراب ثلاثا متفق عليه وزاد مسلم في رواية ويقول انه اروى وابرا وامرا وعن ابن عباس رضي الله عنه قال

صلی اللہ علیہ وسلم دم لیتے پانی پینے میں تین بار ق اور زیادہ کیا مسلم نے دوسری ایک روایت میں اور فرماتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہ خوب سیراب کرنے والا ہے اور بہت بچانے والا ہے اور گوارا ہے اور روایت ہے ابن عباس

نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الشرب من في السقاء متفق عليه وعن ابي سعيد الخدري رضي الله عنه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم

منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پینے سے مشک کے منہ سے ق اور روایت ہے ابی سعید خدری رضی سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عن اختناث الاسقية زاد في رواية واختناثها ان يقلب راسها ثم يشرب منه متفق عليه وعن انس رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم انه

پانی پینے کو سر سے مشک کے زیادہ کیا ہے راوی نے ایک روایت میں اور اختناث الاسقیہ یہ ہے کہ پھرایا جاوے سر اسکا پھر پیا جاوے اس سے ق اور روایت ہے انس رضی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ

نهى ان يشرب الرجل قائما رواه مسلم وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يشربن احد منكم قائما فمن نسي فليستقئ

منع فرمایا پینے سے مرد کو کھڑے ہو کر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پیوے کوئی ایک تم میں کا کھڑا ہو کر پھر جو کوئی بھول کر پیوے تو چاہئے کہ قے کرے

رواه مسلم وعن ابن عباس رضي الله عنه قال اتيت النبي صلى الله عليه وسلم بدلو من ماء زمزم فشرب وهو قائم متفق عليه وعن علي رضي الله عنه انه صلى

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہا لایا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک ڈول آب زمزم کا سو پیا آنحضرت نے کھڑے ہو کر ق اور روایت ہے علی رضی سے کہ پڑھی انہوں نے نماز

الظهر ثم قعد في حوائج الناس في رحبة الكوفة حتى حضرت صلوة العصر ثم اتي بماء فشرب وغسل وجهه ويديه وذكر راسه ورجليه

ظہر کی پھر بیٹھے لوگوں کی حاجت کے لئے رحبہ میں کوفے کے یہاں تک کہ آیا وقت نماز عصر کا پھر لایا گیا پانی سو پیا اور دھویا منہ اور دونوں ہاتھ کو اور ذکر کیا راوی نے سر اور دونوں پاؤں کا

ثم قام فشرب فضله وهو قائم ثم قال ان ناسا يكرهون الشرب قائما وان النبي صلى الله عليه وسلم صنع مثل ما صنعت رواه البخاري

پھر کھڑے ہوئے اور پیا بچا ہوا پانی کو اور حالیکہ آپ کھڑے تھے پھر کہا کہ لوگ مکروہ جانتے ہیں کھڑے ہو کر پینے کو اور بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اسی طرح جو کیا میں نے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن جابر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل على رجل من الانصار ومعه صاحب له فسلم فرد الرجل وهو يحول الماء في حائط فقال النبي

اور روایت ہے جابر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ایک مرد انصاری پاس اور تھا آپ کے ساتھ ایک آپ کا یار سو سلام کیا آپ نے سو جواب سلام کا دیا اس نے اور وہ پانی پھیلاتا تھا اپنے باغ میں سو فرمایا نبی

صلى الله عليه وسلم ان كان عندك ماء بات في شنة والا كرعنا فقال عندي ماء بات في شنة فانطلق الى العريش فسكب في قدح ماء ثم حلب

صلی اللہ علیہ وسلم اگر ہووے پاس تیرے پانی باسی رات رہا ہوا مشک میں اور نہیں تو پیتے ہیں منہ لگا کر سو کہا اس نے ہے میرے پاس پانی باسی رات کا مشک میں سو چلا گیا وہ عریش کی طرف

عليه من داجن فشرب النبي صلى الله عليه وسلم ثم اعاد فشرب الرجل الذي جاء معه رواه البخاري وعن ام سلمة رض ان رسول الله صلى

اس پر دودھ بکری پالی ہوئی کا سو پیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر دوبارہ سو پیا اس شخص نے جو ساتھ آپ کے تھا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم قال الذي يشرب في آنية الفضة انما يجرجر في بطنه نار جهنم متفق عليه وفي رواية لمسلم ان الذي يأكل ويشرب في آنية الفضة

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ پیتا ہے بیچ برتن چاندی کے سوائے اس کے نہیں کہ کھینچتا ہے اپنے پیٹ میں آگ دوزخ کی متفق علیہ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے مقرر جو کھاتا اور پیتا ہے بیچ برتنوں روپے

والذهب وعن حذيفة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تلبسوا الحرير ولا الديباج ولا تشربوا في آنية الذهب

اور سونے کے اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے مت پہنو ریشم اور نہ دیبا اور نہ پیو بیچ برتنوں سونے

والفضة ولا تأكلوا في صحافها فانها لهم في الدنيا وهي لكم في الآخرة متفق عليه وعن انس رض قال حلبت لرسول الله صلى الله عليه

اور روپے کے اور نہ کھاؤ بیچ پیالوں میں ان کے کہ وہ کافروں کے لیے ہیں دنیا میں اور وہ تمہارے لیے ہیں آخرت میں متفق علیہ اور روایت ہے انس رض سے کہا دوہا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم شاة داجن وشيب لبنها بماء من البئر التي في دار انس فاعطي رسول الله صلى الله عليه وسلم القدح فشرب وعلى يساره ابو بكر

وسلم کے لیے دودھ بکری کا جو گھر میں تھی اور ملایا گیا اس کے دودھ میں پانی اس کنویں کا جو گھر میں تھا انس کے سو لایا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پیالہ سو پیا اور بائیں طرف آپ کے ابوبکر

وعن يمينه اعرابي فقال عمر اعط ابا بكر يا رسول الله فاعطى الاعرابي الذي على يمينه ثم قال الايمن فالايمن وفي رواية الايمنون الايمنون

اور داہنے ایک گنوار سو کہا عمر نے دیجئے ابوبکر کو یا رسول اللہ سو دیا آنحضرت نے اس گنوار کو جو تھا آپ کے داہنے پھر فرمایا داہنے والا پھر داہنے والا اور ایک روایت میں ہے داہنے والے داہنے والے

الا فيمنوا متفق عليه وعن سهل بن سعد رض قال اتي النبي صلى الله عليه وسلم بقدح فشرب منه وعن يمينه غلام اصغر القوم والاشياخ

سنتے رہو سو ابتدا کرو داہنی طرف سے متفق علیہ اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہا لایا گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک پیالہ سو پیا اس سے اور داہنے طرف آپ کے ایک لڑکا تھا چھوٹا تھا سب سے اور بوڑھے لوگ

عن يساره فقال يا غلام أتأذن ان اعطي الاشياخ فقال ما كنت لاوثر بفضل منك احدا يا رسول الله فاعطاه اياه متفق عليه وحديث

بائیں آپ کے سو فرمایا اے لڑکے کیا اذن دیتا ہے تو کہ دوں بوڑھوں کو کہا نہیں پسند رکھتا ہوں کہ دوں بچا ہوا آپ کا کسی کو یا رسول اللہ سو دیا اس کو متفق علیہ اور حدیث

ابي قتادة سنذكره في باب المعجزات ان شاء الله تعالى

الفصل الثاني

عن ابن عمر رض قال كنا نأكل على عهد رسول الله صلى الله عليه

ابی قتادہ کی ذکر کریں گے ہم اس کو باب معجزات میں اگر چاہے اللہ تعالیٰ۔ دوسری فصل۔ روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کھاتے تھے ہم زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

وسلم ونحن نمشي ونشرب ونحن قيام رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح غريب وعن عمرو بن شعيب

سلم کے راہ چلتے ہم اور پیتے تھے ہم لوگ کھڑے ہو کر روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے

عن ابيه عن جده قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يشرب قائما وقاعدا رواه الترمذي وعن ابن عباس رض قال نهى رسول الله صلى الله

اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی پیتے کھڑے اور بیٹھے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ان يتنفس في الاناء او ينفخ فيه رواه ابو داود وابن ماجه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تشربوا واحدا كشرب

علیہ وسلم نے دم لینے سے برتن میں یا پھونکا جائے اس میں روایت کیا اس کو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پیو ایک دم میں مانند پینے

البعير ولكن اشربوا مثنى وثلث وسموا اذا انتم شربتم واحمدوا اذا انتم رفعتم رواه الترمذي وعن ابي سعيد الخدري رض ان النبي صلى الله

اونٹ کے اور لیکن پیو دو دو اور تین تین دم میں اور نام لو خدا کا جب تم پیو اور شکر کرو خدا کا جب جدا کرو منہ کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے

عليه وسلم نهى عن النفخ في الشراب فقال رجل القذاة اراها في الاناء قال اهرقها قال فاني لا اروى من نفس واحد قال فابن القدح عن فيك ثم

علیہ وسلم نے منع فرمایا پھونکنے سے پینے کی چیز میں تب کہا ایک مرد نے کچرا اگر دیکھوں برتن میں فرمایا سو گرا دے اسکو پھر عرض کیا اس نے

تنفس رواه الترمذي والدارمي وعنه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الشرب من ثلمة القدح وان ينفخ في الشراب رواه ابو داود

دم لے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے انہی سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پینے کو پیالے کے سوراخ سے اور منع فرمایا پھونکنے سے پانی میں روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن كبشة رض قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم فشرب من في قربة معلقة قائما فقمت الى فيها فقطعته رواه الترمذي وابن ماجة

اور روایت ہے کبشہ رض سے کہا تشریف لائے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر پیا منہ سے مشک کے جو لٹکی تھی کھڑے ہوکر پھر کھڑی ہوئی میں مشک کے منہ کی طرف پس کاٹ لیا اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب صحيح وعن الزهري عن عروة عن عائشة رض قالت كان احب الشراب الى رسول الله صلى الله عليه

اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اور روایت ہے زہری سے اس نے عروہ سے اس نے عائشہ رض سے کہا کہ بہت مرغوب پینے کی چیزوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الحلو البارد رواه الترمذي وقال والصحيح ما روي عن الزهري عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا وعن ابن عباس رض قال قال رسول

وسلم کو میٹھی ٹھنڈی چیز روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے اور صحیح وہ ہے جو مروی ہے زہری سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا اكل احدكم طعاما فليقل اللهم بارك لنا فيه واطعمنا خيرا منه واذا سقي لبنا فليقل اللهم بارك لنا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کھاوے کوئی تم میں سے کھانا تو چاہیے کہ کہے یا الٰہی برکت دے ہمکو اس کھانے میں اور کھلا تو ہمکو بہتر اس سے اور جب پیوے دودھ تو چاہیے کہ کہے یا الٰہی برکت دے ہمکو

فيه وزدنا منه فانه ليس شيء يجزئ من الطعام والشراب الا اللبن رواه الترمذي وابو داود وعن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله

اسمیں اور زیادہ کر اس سے کیونکہ نہیں کوئی چیز ایسی کہ کفایت کرے کھانے اور پینے سے سوا دودھ کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی

عليه وسلم يستعذب له الماء من السقيا قيل هي عين بينها وبين المدينة يومان رواه ابو داود

اللہ علیہ وسلم کہ لایا جاتا آپکے لئے میٹھا پانی سقیا سے کہا بعضوں نے کہ وہ ایک چشمہ ہے مدینہ اور اسکے بیچ میں دو دن کی راہ ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

الفصل الثالث

عن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من شرب في اناء ذهب او فضة او اناء فيه شيء من ذلك فانما يجرجر في بطنه نار جهنم رواه الدارقطني

فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پیوے برتن سونے یا چاندی کے میں یا ایسے برتن میں کہ جسمیں ہو کچھ بھی سونے چاندی سے تو بس غٹ غٹ اتارتا ہے اپنے پیٹ میں آگ دوزخ کی روایت کیا اسکو دارقطنی نے

باب النقيع والانبذة

الفصل الاول

عن انس رض قال لقد سقيت رسول الله صلى الله عليه وسلم بقدحي هذا الشراب كله العسل والنبيذ والماء

باب نقیع اور نبیذوں کا پہلی فصل روایت ہے انس رض سے کہا کہ البتہ پلایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اس پیالہ سے پینے کی چیزوں کو شہد اور نبیذ اور پانی

واللبن رواه مسلم وعن عائشة رض قالت كنا ننبذ لرسول الله صلى الله عليه وسلم في سقاء يوكا اعلاه وله عزلاء ننبذه غدوة

اور دودھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا نبیذ ڈالتی تھیں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اس مشک میں کہ بند کیا جاتا تھا اوپر اسکا اور نیچے اسکا منہ تھا

فيشربه عشاء وننبذه عشاء فيشربه غدوة رواه مسلم وعن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينبذ له

پھر پیتے اسکو عشا کو اور نبیذ بناتے ہم عشا کو پھر پیتے اسکو غدوہ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا کہ نبیذ بنایا جاتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

اول الليل فيشربه اذا اصبح يومه ذلك والليلة التي تجيء والغد والليلة الاخرى والغد الى العصر فان بقي شيء سقاه الخادم او امر به

پہلی شب کو پھر پیتے اسکو جب صبح کرتے تمام دن اسکے اور رات کو جو آتی بعد اسکے اور اسکی فجر اور دوسری رات کو اور تیسرے روز فجر سے عصر تک پھر اگر باقی رہتا کچھ تو پلاتے خادم کو یا حکم کرتے

نصب. رواه مسلم. وعن جابر رض قال كان ينبذ لرسول الله صلى الله عليه وسلم في سقاء فاذا لم يجدوا سقاء ينبذ له في تور من حجارة

سو بہاتے گیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا کہ نبیذ بھگوئی جاتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مشک میں پھر اگر نہ پاتے مشک تو بھگوئی جاتی پتھر کے برتن میں

رواه مسلم. وعن ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن الدباء والحنتم والمزفت والنقير وامر ان ينبذ في اسقية الادم

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کدو کے برتن اور حنتم اور مزفت اور نقیر سے اور حکم کیا کہ نبیذ بھگوئی جائے چمڑے کی مشکوں میں

رواه مسلم. وعن بريدة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نهيتكم عن الظروف فان ظرفا لا يحل شيئا ولا يحرمه وكل مسكر

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منع کیا تھا میں نے تمکو برتنوں سے سو مقرر کوئی برتن حلال نہیں کرتا کسی چیز کو اور نہ حرام کرتا ہے اور ہر نشہ والی چیز

حرام. وفي رواية قال نهيتكم عن الاشربة الا في ظروف الادم فاشربوا في كل وعاء غير ان لا تشربوا مسكرا. رواه مسلم. الفصل

حرام ہے اور ایک روایت میں فرمایا منع کیا تھا میں نے تمکو پینے کی چیزوں سے مگر چمڑے کے برتنوں میں سو پیو ہر برتن میں سوائے اسکے کہ نہ پیو نشہ کی چیز روایت کیا اسکو مسلم نے۔ فصل

الثاني عن ابي مالك الاشعري رض انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ليشربن ناس من امتي الخمر يسمونها بغير اسمها

دوسری روایت ہے ابی مالک اشعری رض سے کہ سنا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے البتہ پئیں گے بعضے لوگ میری امت سے شراب نام رکھیں گے اسکا سوا اسکے نام کے

رواه ابو داود وابن ماجه. الفصل الثالث عن عبد الله بن ابي اوفى رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نبيذ الجر الاخضر

روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ نے۔ تیسری فصل روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی رض سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبیذ سے جو ہرے گھڑے میں ہو

قلت انشرب في الابيض قال لا. رواه البخاري. باب تغطية الاواني. الفصل الاول عن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله

کہا میں نے کیا پئیں ہم سفید میں فرمایا نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے۔ باب برتنوں کے ڈھانکنے کا۔ پہلی فصل روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم اذا كان جنح الليل او امسيتم فكفوا صبيانكم فان الشيطان ينتشر حينئذ فاذا ذهب ساعة من الليل

علیہ وسلم نے جب ہو اول شب یا شام کرو تم سو روکو اپنے لڑکوں کو کیونکہ شیطان منتشر ہوتا ہے اس وقت میں پھر جب گذرے ایک گھڑی رات

فخلوهم واغلقوا الابواب واذكروا اسم الله فان الشيطان لا يفتح بابا مغلقا واوكوا قربكم واذكروا اسم الله وخمروا

تو چھوڑ دو انکو اور بند کرو دروازوں کو اور ذکر کرو نام اللہ کا کیونکہ شیطان نہیں کھولتا ہے بند کیا ہوا دروازہ اور باندھو مشکوں کو اور نام اللہ کا لو اور ڈھانکو

آنيتكم واذكروا اسم الله ولو ان تعرضوا عليها شيئا واطفئوا مصابيحكم. متفق عليه. وفي رواية للبخاري قال خمروا الآنية

برتنوں کو اپنے اور یاد کرو نام اللہ کا اگرچہ عرض پر رکھو اسپر کسی چیز کو اور بجھاؤ اپنے چراغوں کو۔ متفق علیہ۔ اور بخاری کی ایک روایت میں فرمایا چھپاؤ برتنوں کو

واوكوا الاسقية واجيفوا الابواب واكفتوا صبيانكم عند المساء فان للجن انتشارا وخطفة واطفئوا المصابيح عند

اور باندھو مشکوں کو اور بند کرو دروازوں کو اور جمع رکھو لڑکوں کو اپنے شام کے وقت کیونکہ جن کو منتشر ہونا اور اچک لینا ہے اور بجھاؤ چراغوں کو وقت

الرقاد فان الفويسقة ربما اجترت الفتيلة فاحرقت اهل البيت. وفي رواية لمسلم قال غطوا الاناء واوكوا السقاء واغلقوا

سونے کے کیونکہ چھوٹا فاسق بسا اوقات کھینچتا ہے بتی کو پھر جلا دیتا ہے گھر والوں کو اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا چھپاؤ برتن کو اور باندھو مشک کو اور بند کرو

الابواب واطفئوا السراج فان الشيطان لا يحل سقاء ولا يفتح بابا ولا يكشف اناء فان لم يجد احدكم الا ان يعرض على انائه عودا

دروازوں کو اور بجھاؤ چراغ کیونکہ شیطان نہیں کھولتا ہے مشک کو اور نہیں کھولتا ہے دروازہ اور نہیں کھولتا ہے برتن کو پھر اگر نہ پاوے کوئی تمہارا مگر یہ کہ رکھے عرض پر برتن کے لکڑی

ويذكر اسم الله عليه فليفعل فان الفويسقة تضرم على اهل البيت بيتهم. وفي رواية له قال لا ترسلوا مواشيكم وصبيانكم

اور یاد کرے نام اللہ کا اسپر تو چاہئے کہ کرے کیونکہ چھوٹا فاسق جلا دیتا ہے گھر والوں پر گھر ان کا اور مسلم کی دوسری روایت میں فرمایا نہ چھوڑو مویشیوں کو اپنے اور لڑکوں کو اپنے

اذا غابت الشمس حتى تذهب فحمة العشاء فان الشيطان يبعث اذا غابت الشمس حتى تذهب فحمة العشاء وفي رواية له قال غطوا الاناء

جب غروب ہو سورج یہاں تک کہ جاتی رہے سیاہی عشاء کی واسطے کہ شیطان منتشر ہوتا ہے جب غروب ہو آفتاب یہاں تک کہ جاتی رہے سیاہی عشاء کی اور مسلم کی دوسری ایک روایت میں فرمایا ڈھانپو برتن

واوكوا السقاء فان في السنة ليلة ينزل فيها وباء لا يمر باناء ليس عليه غطاء او سقاء ليس عليه وكاء الا نزل فيه من ذلك الوباء وعنه

اور باندھو مشک کو کیونکہ تمام برس میں ایک رات ہے کہ اترتی ہے اس میں وبا نہیں گذر کرتی ہے کسی برتن پر کہ نہ ہو اس پر سرپوش یا مشک پر … مگر اتر آتی ہے اس میں اس وبا سے اور

قال جاء ابو حميد رجل من الانصار من النقيع باناء من لبن الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال النبي صلى الله عليه وسلم الا خمرته

کہا لایا ابو حمید نے جو ایک مرد ہے انصار میں سے نقیع سے ایک برتن دودھ کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں نہ چھپایا اس کو

ولو ان تعرض عليه عودا متفق عليه وعن ابن عمر رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تتركوا النار في بيوتكم حين تنامون

اگرچہ اس کے اوپر رکھ دیتا ایک لکڑی ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ چھوڑو آگ اپنے گھروں میں جب سوتے ہو ق

متفق عليه وعن ابي موسى رض قال احترق بيت بالمدينة على اهله من الليل فحدث بشانهم النبي صلى الله عليه وسلم قال ان هذه

ق اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہا جل گیا گھر مدینہ میں گھر والوں سمیت رات کو پس ذکر کیا گیا ان کا حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا مقرر یہ

النار انما هي عدو لكم فاذا نمتم فاطفئوها عنكم متفق عليه الفصل الثاني عن جابر رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

آگ دشمن ہے تمہارا سو جب تم سوؤ بجھا دیا کرو اس کو اپنے سے ق دوسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

وسلم يقول اذا سمعتم نباح الكلب ونهيق الحمير من الليل فتعوذوا بالله من الشيطان الرجيم فانهن يرين ما لا ترون

سلم کو فرماتے جب سنو تم آواز کتے کی اور آواز گدھے کی رات کو سو پناہ ڈھونڈو اللہ کی شیطان دھتکارے سے کیونکہ وہ دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے ہو

واقلوا الخروج اذا هدات الرجل فان الله يبث من خلقه في ليلته ما يشاء واجيفوا الابواب واذكروا اسم الله فان الشيطان

اور کم کرو باہر نکلنا جب کہ ساکن ہوں پاؤں کیونکہ اللہ منتشر کرتا ہے اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہے رات کے وقت اور بند کرو دروازے اور یاد کرو نام اللہ کا کیونکہ شیطان

لا يفتح بابا اذا اجيف وذكر اسم الله عليه وغطوا الجرار واكفئوا الآنية واوكوا القرب رواه في شرح السنة وعن ابن عباس رض قال

نہیں کھول سکتا ہے دروازے کو جب بند کیا جاوے اور نام لیا جاوے اللہ کا اس پر اور چھپاؤ گھڑوں کو اور اوندھا کرو برتنوں کو اور بند کرو مشکوں کو … روایت ہے ابن عباس رض سے کہا

جاءت فارة تجر الفتيلة فالقتها بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم على الخمرة التي كان قاعدا عليها فاحرقت منها مثل

آیا ایک چوہا گھسیٹتا ہوا بتی کو ڈال دی روبرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر کہ جس پر آپ بیٹھے ہوئے تھے پھر جلا دیا اس میں سے مثل

موضع الدرهم فقال اذا نمتم فاطفئوا سرجكم فان الشيطان يدل مثل هذه على هذا فيحرقكم رواه ابو داود كتاب

موضع درہم کے سو فرمایا جب سوؤ تم تو بجھا دو چراغوں کو اپنے کیونکہ شیطان راہ دکھلاتا ہے مثل اس چوہے کے اس کام پر پھر جلا دیتا ہے تم کو روایت کیا اس کو ابو داؤد نے کتاب

اللباس الفصل الاول عن انس رض قال كان احب الثياب الى النبي صلى الله عليه وسلم ان يلبسها الحبرة متفق عليه

لباس کی پہلی فصل روایت ہے انس رض سے کہا بہت پسند رکھتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کپڑوں میں سے پہننا حبرہ کا ق

وعن عائشة رض قالت خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات غداة وعليه مرط مرحل من شعر اسود رواه مسلم وعن

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا باہر نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز صبح کے وقت اور تھی آپ پر چادر منقش بالوں سیاہ رنگ کی روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے

المغيرة بن شعبة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم لبس جبة رومية ضيقة الكمين متفق عليه وعن ابي بردة قال اخرجت

مغیرہ بن شعبہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنا جبہ رومی کا تنگ آستینوں کا تھا ق اور روایت ہے ابی بردہ سے کہا نکالا ہمارے دیکھنے کو

عائشة كساء ملبدا وإزارا غليظا فقالت قبض روح رسول الله صلى الله عليه وسلم في هذين متفق عليه وعن عائشة رض قالت

عائشہ رض نے ایک چادر پیوند لگی ہوئی اور ایک تہبند موٹا اور بولی کہ قبض کی گئی روح پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان دونوں کپڑوں میں ق اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا

كان فراش رسول الله صلى الله عليه وسلم الذي ينام عليه أدما حشوه ليف متفق عليه وعنها قالت كانت وسادة رسول الله صلى

تھا بچھونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ جس پر آپ سوتے تھے دباغت دیا ہوا چمڑا تھا کہ اندر اس کے پوست خرما کی چھال تھی ق اور انہی سے ہے کہا کہ تکیہ رسول

الله عليه وسلم التي يتكئ عليها من أدم حشوه ليف رواه مسلم وعنها قالت بينا نحن جلوس في بيتنا في حر الظهيرة قال قائل

اللہ علیہ وسلم کا جس پر تکیہ لگاتے تھے دباغت دیا ہوا چمڑا تھا کہ اندر اس کے پوست خرما کی چھال تھی م اور روایت ہے انہی سے کہا کہ ایک روز ہم بیٹھے تھے اپنے گھر میں ٹھیک دوپہر کے وقت کہا کسی کہنے والے نے

لأبي بكر هذا رسول الله مقبلا متقنعا بطوله رواه البخاري وعن جابر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال له

ابی بکر کو کہ یہ رسول اللہ ہیں سامنے آتے ہوئے سر ڈھانکے اپنی چادر کے کنارے سے مت روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جابر

فراش للرجل وفراش لامرأته والثالث للضيف والرابع للشيطان رواه مسلم وعن أبي هريرة رض أن رسول الله صلى الله

ایک بچھونا مرد کے لئے چاہیے اور ایک بچھونا اپنی عورت کے لئے اور تیسرا واسطے مہمان کے اور چوتھا شیطان کے لئے ہے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول

عليه وسلم قال لا ينظر الله يوم القيامة إلى من جر إزاره بطرا متفق عليه وعن ابن عمر رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال من جر

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ دیکھے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف جو لٹکاتا ہے ازار اپنا اترا کر ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لٹکاوے

ثوبه خيلاء لم ينظر الله إليه يوم القيامة متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بينما رجل يجر إزاره من

اپنا کپڑا اترا کر نہ دیکھے گا اللہ اس کی طرف قیامت کے دن ق اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حال میں کہ ایک مرد لٹکاتا تھا ازار

الخيلاء خسف به فهو يتجلجل في الأرض إلى يوم القيامة رواه البخاري وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

تکبر سے دھنسا دیا گیا زمین میں سو وہ دھنستا جائے گا قیامت کے دن تک روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ما أسفل من الكعبين من الإزار في النار رواه البخاري وعن جابر رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يأكل الرجل

وسلم نے جو ازار کہ نیچے ہو ٹخنوں سے سو وہ دوزخ میں ہے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کھاوے مرد

بشماله أو يمشي في نعل واحدة وأن يشتمل الصماء أو يحتبي في ثوب واحد كاشفا عن فرجه رواه مسلم وعن عمر وأنس وابن

اپنے بائیں ہاتھ سے یا چلے ایک ہی پاپوش پہنے ہوئے اور منع فرمایا اشتمال صماء سے یا احتبا کرے ایک کپڑے میں کھولے ہوئے اپنی شرمگاہ کو روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عمر اور انس اور ابن

الزبير وأبي أمامة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من لبس الحرير في الدنيا لم يلبسه في الآخرة متفق عليه وعن ابن عمر رض

الزبیر اور ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے پہنا ریشمی کپڑا دنیا میں نہ پہنے گا وہ آخرت میں ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنما يلبس الحرير في الدنيا من لا خلاق له في الآخرة متفق عليه وعن حذيفة رض قال نهانا رسول

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنتا ہے ریشمی کپڑا دنیا میں وہ جس کو کچھ حصہ نہیں آخرت میں ق اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہا منع فرمایا ہم کو رسول

الله صلى الله عليه وسلم أن نشرب في آنية الفضة والذهب وأن نأكل فيها وعن لبس الحرير والديباج وأن نجلس عليه متفق عليه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی اور سونے کے برتن میں پینے اور کھانے سے اور حریر اور دیباج کے پہننے سے اور اس پر بیٹھنے سے ق

وعن علي رض قال أهديت لرسول الله صلى الله عليه وسلم حلة سيراء فبعث بها إلي فلبستها فعرفت الغضب في وجهه فشققتها

اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ ہدیہ بھیجا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ایک جوڑا ریشمی خطدار پھر بھیجا اس کو میرے پاس میں نے اس کو پہنا پس پہچانا میں نے غصہ آنحضرت کے چہرے پر تو اس کو میں نے پھاڑ ڈالا

إني لم أبعث بها إليك لتلبسها إنما بعثت بها إليك لتشققها خمرا بين النساء. متفق عليه. وعن عمر رض أن النبي صلى الله عليه

بیشک میں نے نہیں بھیجا تھا اسکو تیری طرف واسطے کہ پہنے تو اسکو بلکہ بھیجا ہے میں نے اسکو تیرے پاس تاکہ پھاڑے تو اسکی چادریں عورتوں میں۔ اور روایت ہے عمر رض سے کہ نبی صلے اللہ علیہ

وسلم نهى عن لبس الحرير إلا هكذا ورفع رسول الله صلى الله عليه وسلم إصبعيه الوسطى والسبابة وضمهما. متفق عليه. وفي رواية

وسلم نے منع فرمایا پہننے سے ریشمی کپڑے کے مگر اسقدر اور اٹھائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیچ کی انگلی اور شہادت کی اور ملایا ان دونوں کو۔ اور ایک روایت میں

لمسلم أنه خطب بالجابية فقال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن لبس الحرير إلا موضع إصبعين أو ثلاث أو أربع. وعن أسماء

مسلم کی کہ حضرت عمر رض نے خطبہ سنایا جابیہ میں پھر کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حریر پہننے سے مگر دو انگلی یا تین انگلی یا مقدار چار انگلی کے۔ اور روایت ہے اسماء

بنت أبي بكر رض أنها أخرجت جبة طيالسة كسروانية لها لبنة ديباج وفرجيها مكفوفين بالديباج وقالت هذه جبة رسول

بنت ابی بکر رض سے کہ انہوں نے نکالا ایک جبہ کہ اسکو طیالسہ کسروانیہ کہتے ہیں اسکا لبنہ تھا دیباج کا اور دونوں چاک اسکے سنجاب تھے دیباج کا اور کہا انہوں نے یہ جبہ

الله صلى الله عليه وسلم كانت عند عائشة فلما قبضت قبضتها وكان النبي صلى الله عليه وسلم يلبسها فنحن نغسلها للمرضى

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا نزدیک عائشہ کے پھر جب انتقال کیا اپنے لیا میں نے اسکو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہنتے تھے اسکو پھر دھوکر پلاتے تھے ہم اس سے مریض کو

نستشفي بها. رواه مسلم. وعن أنس رض قال رخص رسول الله صلى الله عليه وسلم للزبير وعبد الرحمن بن عوف في لبس الحرير

اور شفا مانگتے اسکی برکت سے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا رخصت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر اور عبد الرحمن بن عوف کو پہننے میں ریشمی کپڑے کے

لحكة بهما. متفق عليه. وفي رواية لمسلم قال إنهما شكوا القمل فرخص لهما في قمص الحرير. وعن عبد الله بن عمرو بن العاص رض

کھجلی کی بیماری کے سبب تھی ان دونوں کو۔ متفق علیہ۔ اور مسلم کی ایک روایت میں کہا انس نے کہ ان دونوں نے شکایت کی جوئیں کی سو رخصت دی انہوں نے دونوں کو ریشمی کرتے پہننے کی۔ اور روایت ہے عبد اللہ

قال رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم علي ثوبين معصفرين فقال إن هذه من ثياب الكفار فلا تلبسها. وفي رواية قلت أغسلهما

کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا دو کپڑے کسم رنگے ہوئے تو فرمایا کہ یہ کپڑے دین کے کافروں کے ہیں سو نہ پہن انکو۔ اور ایک روایت میں کہا میں نے دھو ڈالوں

قال بل احرقهما. رواه مسلم. وسنذكر حديث عائشة خرج النبي صلى الله عليه وسلم ذات غداة في باب مناقب أهل بيت النبي صلى الله

فرمایا بلکہ جلا دے ان کو۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور اب ذکر کرینگے عائشہ کی حدیث کہ جسکے شروع میں یہ ہے باہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن صبح کو باب مناقب اہل بیت نبی صلی

عليه وسلم. **الفصل الثاني** عن أم سلمة رض قالت كان أحب الثياب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم القميص. رواه الترمذي و

اللہ علیہ وسلم کے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ام سلمہ رض سے کہا بہت پسند تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتا۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور

أبو داود. وعن أسماء بنت يزيد رض قالت كان كم قميص رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الرسغ. رواه الترمذي وأبو داود وقال

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے اسماء بنت یزید رض سے کہا تھی آستین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کرتے کی پہنچے تک۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا

الترمذي هذا حديث حسن غريب. وعن أبي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا لبس قميصا بدأ بميامنه. رواه

ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پہنتے کرتا شروع کرتے داہنے طرف سے۔ روایت کیا

الترمذي. وعن أبي سعيد الخدري رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إزرة المؤمن إلى أنصاف ساقيه لا جناح

ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تہبند باندھنا مومن کا آدھی پنڈلیوں تک گناہ نہیں

عليه فيما بينه وبين الكعبين ما أسفل من ذلك ففي النار قال ذلك ثلاث مرات ولا ينظر الله يوم القيامة إلى من جر إزاره بطرا

اسپر بیچ درمیان اسکے اور ٹخنوں کے جو نیچے ہو ٹخنوں سے سو وہ آگ میں ہے فرمایا اسکو تین بار اور نہ دیکھے گا اللہ تعالی قیامت کے دن طرف اس شخص کے جو

رواه ابو داود وابن ماجه وعن سالم عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الاسبال في الازار والقميص والعمامة من جر منها شيئا خيلاء
روایت کیا اس کو ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سالم سے اپنے باپ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اسبال ازار اور کرتے اور پگڑی میں ہے جس نے دراز کیا ان میں سے کچھ تکبر سے

لم ينظر الله اليه يوم القيامة رواه ابو داود والنسائي وابن ماجه وعن ابي كبشة قال كان كمام اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم
نہ نگاہ کریگا اللہ اس کی طرف قیامت کے دن روایت کیا اس کو ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی کبشہ سے کہا تھیں ٹوپیاں اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

بطحا رواه الترمذي وقال هذا حديث منكر وعن ام سلمة رض قالت لرسول الله صلى الله عليه وسلم حين ذكر الازار فالمرأة يا رسول
سپاٹ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث منکر ہے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب ذکر کیا آنحضرت نے ازار کا پھر عورت یا رسول

الله قال ترخي شبرا فقالت اذا تنكشف عنها قال فذراعا لا تزيد عليه رواه مالك وابو داود والنسائي وابن ماجه وفي رواية الترمذي و
اللہ فرمایا لٹکائے ایک بالشت پھر کہا ام سلمہ نے تو کھل جائیں گے پاؤں اس سے فرمایا تو ایک ہاتھ نہ زیادہ کرے اس پر روایت کیا اس کو مالک اور ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں ترمذی اور

النسائي عن ابن عمر فقالت اذن تنكشف اقدامهن قال فيرخين ذراعا لا يزدن عليه وعن معاوية بن قرة عن ابيه قال اتيت
نسائی کی ابن عمر سے سو کہا ام سلمہ نے تو بھی ظاہر ہو گئے پاؤں ان کے فرمایا سو دراز کریں ایک ہاتھ اور زیادہ نہ کریں اس پر اور روایت ہے معاویہ بن قرہ سے اپنے باپ سے کہا آیا میں

النبي صلى الله عليه وسلم في رهط من مزينة فبايعوه وانه لمطلق الازرار فادخلت يدي في جيب قميصه فمسست الخاتم رواه ابو داود
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک جماعت کے ساتھ قوم مزینہ سے سو بیعت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جس حال کہ گھنڈیاں کھلی ہوئی تھیں پھر ڈالا میں نے ہاتھ گریبان میں کرتے کے پھر چھوا مہر نبوت کو روایت کیا ابو داود نے

وعن سمرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال البسوا الثياب البيض فانها اطهر واطيب وكفنوا فيها موتاكم رواه احمد والترمذي
اور روایت ہے سمرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہنو سفید کپڑے سو بیشک بہت پاک اور بہت ستھرے ہیں اور کفناؤ انہیں اپنے مردوں کو روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی

والنسائي وابن ماجه وعن ابن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اعتم سدل عمامته بين كتفيه رواه الترمذي
اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عمامہ باندھتے لٹکاتے شملہ اسکا درمیان اپنے دونوں شانوں کے روایت کیا اس کو ترمذی

وقال هذا حديث حسن غريب وعن عبد الرحمن بن عوف رض قال عممني رسول الله صلى الله عليه وسلم فسدلها بين يدي
اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عبد الرحمن بن عوف رض سے کہا پگڑی باندھی میرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر لٹکادیا شملہ اسکا سامنے

ومن خلفي رواه ابو داود وعن ركانة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال فرق ما بيننا وبين المشركين العمائم على القلانس
اور پیچھے سے میرے روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے رکانہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا فرق ہمارا اور مشرکین کا عمامے باندھنا ہے ٹوپیوں پر

رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب واسناده ليس بالقائم وعن ابي موسى الاشعري رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال احل الذهب
روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور اسناد اسکی نہیں ہے قوی اور روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال کیا گیا سونا

والحرير للاناث من امتي وحرم على ذكورها رواه الترمذي والنسائي وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وعن ابي سعيد
اور ریشم میری امت کی عورتوں کو اور حرام کیا گیا مردوں پر روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید

الخدري رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا استجد ثوبا سماه باسمه عمامة او قميصا او رداء ثم يقول اللهم لك الحمد
خدری رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نیا کپڑا پہنتے نام لیتے اس کپڑے کا جو ہوتا نام اس کا عمامہ یا کرتہ یا چادر پھر فرماتے اے اللہ تیرے ہی واسطے ہے سب خوبی

كما كسوتنيه اسألك خيره وخير ما صنع له واعوذ بك من شره وشر ما صنع له رواه الترمذي وابو داود وعن
جیسا کہ پہنایا تو نے مجھ کو یہ کپڑا مانگتا ہوں تجھ سے بہتری اس کی اور بہتری اس چیز کی جس کے واسطے بنایا گیا اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اس کی برائی سے اور برائی اس چیز کی جس کے واسطے بنایا گیا روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود نے

وعن معاذ بن انس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اكل طعاما ثم قال الحمد لله الذی اطعمنی هذا الطعام ورزقنيه من

اور روایت ہے معاذ بن انس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کھاوے کھانا پھر کہے سب تعریف اس اللہ کو ہے جس نے کھلایا مجھے یہہ کھانا اور پہنچایا مجھے یہہ کھانا

غير حول منی ولا قوة غفر له ما تقدم من ذنبه رواه الترمذی وزاد ابو داؤد ومن لبس ثوبا فقال الحمد لله الذی كسانی هذا

بغیر میری حرکت اور قوت مغفرت ہوتی ہے اسکے اگلے گناہ کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور زیادہ کیا ابو داؤد نے اور جو پہنے کپڑا پھر کہے سب خوبی اس اللہ کو ہے جسنے پہنایا مجھے یہہ کپڑا

ورزقنيه من غير حول منی ولا قوة غفر له ما تقدم من ذنبه وما تاخر وعن عائشة رض قالت قال لی رسول الله صلى الله عليه

دیا مجھے بغیر میری محنت اور قوت کے بخشا جاتا ہے اسکا اگلا اور پچھلا گناہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يا عائشة ان اردت اللحوق بی فليكفك من الدنيا كزاد الراكب واياك ومجالسة الاغنياء ولا تستخلقی ثوبا حتی

وسلم نے اے عائشہ اگر چاہے تو مجھ سے ملی رہنے تو کفایت ہے تجھے دنیا سے اسقدر جیسے مسافر سوار کا توشہ اور باز رکھ اپنے کو مجالست سے تونگروں کی اور نہ پرانا سمجھ اپنے کپڑے کو جب تک کہ

ترقعيه رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث صالح ابن حسان قال محمد بن اسمعيل صالح بن حسان منكر

پیوند لگاوے تو اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر صالح ابن حسان کی حدیث سے کہا محمد بن اسماعیل نے صالح بن حسان منکر

الحديث وعن ابی امامة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا تسمعون الا تسمعون ان البذاذة من الايمان ان البذاذة من

الحدیث ہے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار سنتے رہو خبردار سنتے رہو بیشک کم کپڑا پہننا اور بیہیئتی ایمان سے ہے بیہیئتی ایمان سے

الايمان رواه ابو داؤد وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لبس ثوب شهرة فی الدنيا البسه الله ثوب

ایمان کی بات ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پہنا کپڑا مشہور ہونے کے لئے دنیا میں پہناویگا اسکو اللہ کپڑا

مذلة يوم القيمة رواه احمد وابو داؤد وابن ماجة وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تشبه بقوم فهو منهم

رسوائی کا قیامت کے دن روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے مشابہت کی کسی قوم سے تو وہ انہیں میں سے ہے

رواه احمد وابو داؤد وعن سويد بن وهب عن رجل من ابناء اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ابيه قال قال رسول الله

روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے سوید بن وہب سے ایک مرد سے جو بیٹوں میں ہے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سے اس نے اپنے باپ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من ترك لبس ثوب جمال وهو يقدر عليه وفی رواية تواضعا كساه الله حلة الكرامة ومن تزوج لله توجه

صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے چھوڑ دیا زینت کا کپڑا پہننا طاقت ہوتے ہوئے اور ایک روایت میں ہے عاجزی اور انکساری کے لئے پہناویگا اسکو اللہ جامہ بزرگی کا اور جسنے نکاح کیا واسطے اللہ کے پہناویگا

الله تاج الملك رواه ابو داؤد وروى الترمذی منه عن معاذ بن انس حديث اللباس وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده

اللہ تاج بادشاہی کا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے اسی میں سے معاذ بن انس سے لباس کی حدیث کو اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے دادا سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يحب ان يرى اثر نعمته على عبده رواه الترمذی وعن جابر رض قال اتانا رسول الله

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ دوست رکھتا ہے کہ دیکھے نشانی اپنی نعمت کی بندے پر اپنے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا تشریف لائے

صلى الله عليه وسلم زائرا فرای رجلا شعثا قد تفرق شعره فقال اما كان يجد هذا ما يسكن به راسه ورای رجلا عليه

صلی اللہ علیہ وسلم ملاقات کے لئے سو دیکھا ایک مرد کو بکھرے بالونکا منتشر تھے بال اسکے تب فرمایا کیا نہیں پاتا یہہ کچھ کہ آراستہ کرے اس سے سر اپنا اور دیکھا ایک مرد کو

ثياب وسخة فقال اما كان يجد هذا ما يغسل به ثوبه رواه احمد والنسائی وعن ابی الاحوص عن ابيه قال اتيت النبی

میلے کپڑے تب فرمایا کہ نہیں ملتی ہے اسکو کوئی چیز کہ دھووے اس سے کپڑا اپنا روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور روایت ہے ابی الاحوص سے اسنے اپنے باپ سے کہا حاضر ہوا میں

صلى الله عليه وسلم وعلي ثوب دون فقال لي ألك مال قلت نعم قال من أي المال قلت من كل المال قد أعطاني الله من الإبل والبقر والغنم

علیہ وسلم کے پاس جس حال میں کہ تھا مجھ پر کپڑا ادنیٰ سو فرمایا مجھے کیا ہے تیرا مال کہا میں نے ہاں فرمایا کس قسم کا مال ہے کہا میں نے ہر جنس کا مال کہ دیا مجھے اللہ نے اونٹ اور گائے بکری

والخيل والرقيق قال فإذا آتاك الله مالا فلير أثر نعمة الله عليك وكرامته رواه أحمد والنسائي وفي شرح السنة بلفظ

اور گھوڑے اور لونڈی غلام میں سے فرمایا جب کہ دیا تجھ کو اللہ نے مال سو چاہئے کہ ظاہر ہو نشانی اللہ کی نعمت کی تجھ پر اور بزرگی اس کی روایت کیا اس کو احمد اور نسائی نے اور شرح سنہ میں ساتھ لفظ

المصابيح وعن عبد الله بن عمرو رض قال مر رجل وعليه ثوبان أحمران فسلم على النبي صلى الله عليه وسلم فلم يرد عليه رواه الترمذي

مصابیح کے ساتھ ہے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو رض سے کہا گذر گیا ایک مرد اور تھے اس پر دو کپڑے سرخ پھر سلام کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سو جواب نہ دیا آنحضرت ص نے

وأبو داود وعن عمران بن حصين رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا اركب الأرجوان ولا ألبس المعصفر ولا ألبس القميص المكفف

اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نہیں سوار ہوتا ہوں اوپر بالش سرخ رنگ کے اور میں نہیں پہنتا ہوں کپڑا کسم کے رنگ کا

بالحرير وقال ألا وطيب الرجال ريح لا لون له وطيب النساء لون لا ريح له رواه أبو داود وعن أبي ريحانة رض قال نهى رسول

ریشم سے اور فرمایا سنتے رہو اور خوشبوی مردوں کی جو بو رکھتا ہو نہ کہ رنگ اس کا اور خوشبوی عورتوں کی جس کا رنگ ہو نہ کہ بو اس کی روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ریحانہ سے کہا منع فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم عن عشر عن الوشر والوشم والنتف وعن مكامعة الرجل الرجل بغير شعار ومكامعة المرأة

صلی اللہ علیہ وسلم نے دس باتوں سے دانت باریک کرنے سے اور نیلا گودنے سے اور بال اکھاڑنے سے اور دو مرد ایک ساتھ بغیر کپڑے کے سونے سے اور دو عورتیں ایک ساتھ

المرأة بغير شعار وأن يجعل الرجل في أسفل ثيابه حريرا مثل الأعاجم أو يجعل على منكبيه حريرا مثل الأعاجم وعن النهبى

بغیر لباس کے سونے سے اور یہ کہ لگاوے مرد اپنے کپڑوں کے نیچے ریشم مثل عجمیوں کے یا لگاوے مونڈھوں پر اپنے ریشمی کپڑا عجمیوں کی طرح اور منع فرمایا لوٹنے سے

وعن ركوب النمور ولبوس الخاتم إلا لذي سلطان رواه أبو داود والنسائي وعن علي رض قال نهاني رسول الله صلى الله

اور درندوں کے چمڑے پر سوار ہونے سے اور انگوٹھی پہننے سے مگر سلطان روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا منع فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم عن خاتم الذهب وعن لبس القسي والمياثر رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه وفي رواية لأبي داود

علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی سے اور پہننے سے قسی کے اور سرخ زین پوشوں سے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور ابی داؤد کی ایک روایت میں

قال نهى عن مياثر الأرجوان وعن معاوية رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تركبوا الخز ولا النمار رواه أبو داود

کہا منع فرمایا سرخ زین پوشوں سے اور روایت ہے معاویہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوار نہ ہو خز اور نہ چیتوں پر روایت کیا اس کو ابوداؤد

والنسائي وعن البراء بن عازب رض أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن الميثرة الحمراء رواه في شرح السنة وعن أبي رمثة

اور نسائی نے اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا سرخ زین پوش سے روایت کیا اس کو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابی رمثہ

التيمي رض قال أتيت النبي صلى الله عليه وسلم وعليه ثوبان أخضران وله شعر قد علاه الشيب وشيبه أحمر رواه الترمذي

تیمی رض سے کہا آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس جس حال میں کہ تھے آپ پر دو کپڑے سبز رنگ کے اور بال سر ان کے جن تک بڑھاپا تھا اور بڑھاپا ان کا سرخ تھا روایت کیا

وفي رواية لأبي داود وهو ذو وفرة وبها ردع من حناء وعن أنس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم كان شاكيا فخرج

اس کو ترمذی نے اور ابی داؤد کی ایک روایت میں اور تھے آپ صاحب وفرہ اور ان بالوں میں رنگ تھا مہندی کا اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے سو نکلے

يتوكأ على أسامة وعليه ثوب قطر قد توشح به فصلى بهم رواه في شرح السنة وعن عائشة رض قالت كان على النبي صلى

اسامہ پر تکیہ دیے کر اور تھا ان پر کپڑا قطر کا لپیٹے ہوئے تھے اس کو داہنی بغل سے سو نماز پڑھائی صحابہ کو روایت کیا اس کو شرح سنت میں اور روایت ہے عائشہ رض سے

عليه وسلم ثوبان قطريان غليظان فكان إذا قعد فعرق ثقلا عليه فقدم بز من الشام لفلان اليهودي فقلت لو بعثت

علیہ وسلم پر دو کپڑے موٹے قطر کے اور جب بیٹھتے تھے پسینا نکلتا سو بھاری ہوتے وے کپڑے بدن مبارک پر پھر آئے کپڑے شام سے فلانے یہودی کے لئے سو میں نے کہا کہ بھیجے

إليه فاشتريت منه ثوبين إلى الميسرة فأرسل إليه فقال قد علمت ما تريد إنما تريد أن تذهب بمالي فقال رسول

اس یہودی کے پاس پھر خرید کرتے آپ اس سے دو کپڑے فراخی کی مدت تک پس بھیجا حضرت نے اسکی طرف سو کہا یہودی نے جانا میں نے جو ارادہ تو نے کیا ہے تو چاہتا ہے کہ لے جاوے مال میرا سو فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم كذب قد علم أني من أتقاهم وآداهم للأمانة رواه الترمذي والنسائي وعن عبد الله بن عمرو بن

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹھ بولا یہودی نے مقرر جانا ہے کہ میں زیادہ متقی ہوں سب سے اور زیادہ ادا کرنے والا امانت کا روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن

العاص رض قال رآني رسول الله صلى الله عليه وسلم وعلي ثوب مصبوغ بعصفر موردا فقال ما هذا فعرفت ما كره فانطلقت

العاص رض سے کہا دیکھا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مجھ پر تھا کپڑا رنگا ہوا کسم سے گلابی رنگ کا سو فرمایا کیا ہے یہ پھر معلوم کی میں نے ناخوشی آپ کی پھر چلا گیا میں

فأحرقته فقال النبي صلى الله عليه وسلم ما صنعت بثوبك قلت أحرقته قال أفلا كسوته بعض أهلك فإنه لا بأس به

اور جلا دیا میں نے اسکو پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا تو نے اپنے کپڑے کو عرض کیا میں نے جلا دیا میں نے اسکو فرمایا کیوں نہیں پہنا دیا اپنے گھر والی کو کیونکہ نہیں ہے ڈر یعنی

للنساء رواه أبو داود وعن هلال بن عامر عن أبيه قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم بمنى يخطب على بغلة وعليه برد أحمر

عورتوں کو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ہلال بن عامر سے اپنے باپ سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منی میں خطبہ سناتے ہوئے خچر پر اور آپ پر چادر

وعلي أمامه يعبر عنه رواه أبو داود وعن عائشة رض قالت صنعت للنبي صلى الله عليه وسلم بردة سوداء فلبسها فلما

اور حضرت علی سامنے آپ کے کھڑے ہو کر آواز پہنچاتے تھے لوگوں کو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا بنائی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے چادر سیاہ پھر پہنا

عرق فيها وجد ريح الصوف فقذفها رواه أبو داود وعن جابر رض قال أتيت النبي صلى الله عليه وسلم وهو محتب بشملة قد

پسینا ہوا اس میں پائی بو پشم کی تب ڈال دیا اسکو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور آنحضرت احتبا کئے تھے

وقع هدبها على قدميه رواه أبو داود وعن دحية بن خليفة رض قال أتي النبي صلى الله عليه وسلم بقباطي فأعطاني منها

کہ گرا تھا کنارہ اسکا دونوں پاؤں پر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے دحیہ بن خلیفہ رض سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس لائے گئے کپڑے مصری پھر دیا مجھے ان میں

قبطية فقال اصدعها صدعين فاقطع أحدهما قميصا وأعط الآخر امرأتك تختمر به فلما أدبر قال وأمر امرأتك أن تجعل

ایک کپڑا اور فرمایا پھاڑ کر بنا اسکے دو ٹکڑے پھر بنا ایک کا کرتا اور دے دوسرا ٹکڑا اپنی عورت کو کہ اوڑھنی کرے اسکی پھر جب پیٹھ پھیری فرمایا اور حکم دے

تحته ثوبا لا يصفها رواه أبو داود وعن أم سلمة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم دخل عليها وهي تختمر فقال لية لا ليتين

نیچے اس اوڑھنی کے کپڑا کہ ظاہر نہ کرے اسکو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور وہ اوڑھنی اوڑھتی تھیں سو فرمایا ایک لپیٹ ہو نہ دو

رواه أبو داود **الفصل الثالث** عن ابن عمر رض قال مررت برسول الله صلى الله عليه وسلم وفي إزاري استرخاء فقال

روایت کیا اسکو ابو داود نے تیسری فصل روایت ہے ابن عمر رض سے کہا گیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور میرا تہبند نیچے ڈھلا تھا سو فرمایا

يا عبد الله ارفع إزارك فرفعته ثم قال زد فزدت فما زلت أتحراها بعد فقال بعض القوم إلى أين فقال إلى أنصاف الساقين

اے عبد اللہ اٹھا اپنا تہبند سو اٹھایا میں نے اسکو پھر فرمایا اور زیادہ کر سو ہمیشہ قصد کرتا ہوں میں اسکا بعد اسکے پھر کہا بعض قوم نے کہاں تک کہا

رواه مسلم وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال من جر ثوبه خيلاء لم ينظر الله إليه يوم القيامة فقال أبو بكر يا رسول الله

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے لٹکایا اپنا کپڑا اترا کر تو نہ نظر کریگا اللہ تعالی اسکی طرف قیامت کے دن سو عرض کیا ابو بکر نے یا رسول

يسترخي إلا أن أتعاهده فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم إنك لست ممن يفعله خيلاء رواه البخاري وعن عكرمة

لٹکا ہی کرتا ہے مگر یہ کہ ہمیشہ خبر لوں میں اس کی سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں ہے تو ان میں سے جو کرتا ہے اس کو اترا کر روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عکرمہ سے

قال رأيت ابن عباس يأتزر فيضع حاشية إزاره من مقدمه على ظهر قدميه ويرفع من مؤخره قلت لم تأتزر هذه الإزرة

کہا دیکھا میں نے ابن عباس رض کو پھر رکھ دیتے اپنے تہبند کے کنارے کو سامنے تہبند کے پیٹھ پر اپنے قدم کے اور اٹھا رکھتے تہبند کے پیچھے کی طرف کہا میں نے کیوں باندھتا ہے ایسا تہبند

قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتزرها رواه أبو داود وعن عبادة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عليكم

کہا دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو باندھتے اسی نوع کا تہبند روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبادہ رض سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم ہے تم کو

بالعمائم فإنها سيماء الملائكة وأرخوها خلف ظهوركم رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن عائشة رض أن أسماء

باندھنا پگڑیوں کا کیونکہ پگڑیاں علامت فرشتوں کی ہیں اور لٹکاؤ ان کے کنارے کو پیٹھ پیچھے اپنے روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بی بی اسما

بنت أبي بكر دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وعليها ثياب رقاق فأعرض عنها وقال يا أسماء إن المرأة إذا بلغت المحيض

بیٹی ابوبکر کی آئیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ان کے بدن پر باریک کپڑے تھے منہ پھیر لیا ان کی طرف سے حضرت نے اور فرمایا اے اسماء عورت جب پہنچی جوانی کو

لن يصلح أن يرى منها إلا هذا وهذا وأشار إلى وجهه وكفيه رواه أبو داود وعن أبي مطر قال إن عليا اشترى ثوبا

ہرگز مناسب نہیں کہ دیکھا جائے اس کا بدن سوا اس کے اور اس کے اور اشارہ کیا حضرت نے اپنے چہرے اور دونوں ہتھیلیوں کی طرف روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی مطر سے کہا کہ علی نے خرید کیا ایک کپڑا

بثلاثة دراهم فلما لبسه قال الحمد لله الذي رزقني من الرياش ما أتجمل به في الناس وأواري به عورتي ثم قال هكذا

تین درہم سے پھر جب پہنا اس کو کہا سب خوبی اللہ ہی کو ہے جس نے دیا مجھے زینت کے کپڑوں سے ایسا کپڑا کہ زینت کرتا ہوں اس سے لوگوں میں اور چھپاتا ہوں اس سے اپنی شرمگاہ پھر کہا ایسا ہی

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول رواه أحمد وعن أبي أمامة قال لبس عمر بن الخطاب رض ثوبا جديدا فقال الحمد

سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا پہنا عمر بن الخطاب رض نے ایک کپڑا نیا پھر کہا سب خوبی

لله الذي كساني ما أواري به عورتي وأتجمل به في حياتي ثم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من لبس ثوبا جديدا

اللہ ہی کو ہے جس نے پہنایا مجھے ایسا کپڑا کہ ڈھانکتا ہوں اس سے شرمگاہ اپنی اور زینت کرتا ہوں اس سے اپنی زندگی میں پھر کہا سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی پہنے نیا کپڑا

فقال الحمد لله الذي كساني ما أواري به عورتي وأتجمل به في حياتي ثم عمد إلى الثوب الذي أخلق فتصدق به كان في

پھر کہا سب خوبی اللہ کو ہی جس نے پہنایا مجھے ایسا کپڑا کہ ڈھانکتا ہوں اس سے شرمگاہ اپنی اور زینت کرتا ہوں اس سے اپنے جیتے جی پھر قصد کرے طرف اس کپڑے کے کہ پرانا کیا ہے پھر خیرات کرے اس کو ہو گا

كنف الله وفي حفظ الله وفي ستر الله حيا وميتا رواه أحمد والترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن علقمة بن

اللہ کی پناہ میں اور اللہ کی حفاظت میں اور ستر اللہ کے میں زندگی اور مرنے میں روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علقمہ بن

أبي علقمة عن أمه قالت دخلت حفصة بنت عبد الرحمن على عائشة وعليها خمار رقيق فشقته عائشة وكستها خمارا

ابی علقمہ سے اپنی ماں سے کہا انہوں نے کہ عبد الرحمن کی بیٹی حفصہ آئی بی بی عائشہ کے پاس باریک اوڑھنی اوڑھ کر سو پھاڑ ڈالی اس کو بی بی عائشہ نے اور اوڑھا دی ان کو ایک اوڑھنی

كثيفا رواه مالك وعن عبد الواحد بن أيمن عن أبيه قال دخلت على عائشة وعليها درع قطري ثمن خمسة دراهم

موٹی روایت کیا اس کو مالک نے اور روایت ہے عبد الواحد بن ایمن سے اس نے اپنے باپ سے کہا گیا میں عائشہ رض کے پاس اور ان پر قطری کرتا تھا کہ قیمت اس کی تھی پانچ درہم

فقالت ارفع بصرك إلى جاريتي انظر إليها فإنها تزهى أن تلبسه في البيت وقد كان لي منهن درع على عهد رسول الله صلى الله

سو انہوں نے کہا اٹھا اپنی نگاہ میری چھوکری کی طرف دیکھ اس کو کہ وہ اتراتی ہے پہننے سے اس کپڑے کے گھر میں اور تحقیق تھا اس قسم کا کرتا میرے پاس زمانے میں رسول اللہ صلی

عليه وسلم فما كانت امرأة تقين بالمدينة الا ارسلت الي تستعيره رواه البخاري وعن جابر رض قال لبس رسول الله صلى الله

علیہ وسلم کے سو نہ تھی کوئی عورت مدینے کی کہ آراستہ کرتی اپنے کو مگر بھیجتی میرے پاس اسکی عاریت کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا پہنی رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يوما قباء ديباج اهدي له ثم اوشك ان نزعه فارسل به الى عمر فقيل قد اوشك ما انتزعته يا رسول الله فقال نهاني

علیہ وسلم نے ایک دن قبا دیبا کی جو ہدیہ آئی تھی آپ کے واسطے پھر جلد اتار ڈالا اسکو پھر بھیجدیا اسکو عمر رض کے پاس سو کہا صحابہ نے جلد اتار ڈالا آپ نے اسکو یا رسول اللہ تب فرمایا منع کیا

عنه جبرئيل فجاء عمر يبكي فقال يا رسول الله كرهت امرا واعطيتنيه فما لي فقال اني لم اعطكه تلبسه انما اعطيتكه

اسکے پہننے سے جبرئیل نے پھر آیا عمر روتا ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ بری معلوم ہوئی آپ کو ایک چیز اور دیا آپنے مجھے اسکو سو کیا حال ہوگا میرا سو فرمایا کہ نہیں دیا میں نے تجھے اسکو کہ پہنے تو

تبيعه فباعه بالفي درهم رواه مسلم وعن ابن عباس رض قال انما نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الثوب المصمت

کہ بیچے تو اسکو پھر بیچا اسکو عمر رض نے دو ہزار درہم کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے انہوں نے کہا کہ بس منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کپڑے سے جو صرف

من الحرير فاما العلم وسدى الثوب فلا باس رواه ابو داود وعن ابي رجاء قال خرج علينا عمران بن حصين وعليه مطرف من خز

ریشمی ہو لیکن بوٹے اور تانہ سو مضائقہ نہیں اسمیں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی رجاء سے انہوں نے کہا باہر آیا ہمارے پاس عمران بن حصین اور اسپر مطرف تھا خز سے

وقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من انعم الله عليه نعمة فان الله يحب ان يرى اثر نعمته على عبده رواه احمد وعن ابن

اور کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسپر بخشتا ہے اللہ نعمت سو مقرر دوست رکھتا ہے کہ پایا جاوے اسکی نعمت کا اثر اسکے بندے پر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن

اللہ عزوجل کو اسواسطے کہ یہہ ذکر خدا سبب ذکر کا ہے تیرے آسمانوں میں ف ۵ اور سبب نور کا ہے زمین میں عرض کیا میں نے اور فرمائیے تب فرمایا لازم کر لے اپنے پر دیر تک چپ رہنا کہ یہہ سبب ہے شیطان کے دور کرنے کا اور مددگار ہے تیرا

امر دينك قلت زدني قال اياك وكثرة الضحك فانه يميت القلب ويذهب بنور الوجه قلت زدني قال قل الحق وان كان مرًا

دین کے کام میں عرض کیا میں نے اور فرمائیے فرمایا بچا اپنے کو زیادہ ہنسنے سے کیونکہ زیادہ ہنسی مار ڈالتی ہے دل کو اور مٹاتی ہے چہرہ کی رونق عرض کیا میں نے اور بھی فرمائیے فرمایا بول حق

قلت زدني قال لا تخف في الله لومة لائم قلت زدني قال ليحجزك عن الناس ما تعلم من نفسك وعن انس عن رسول الله صلى الله

کہا میں نے اور بھی زیادہ فرمائیے فرمایا مت ڈر اللہ کے دین میں کسی کے الزام سے عرض کیا میں نے اور بھی زیادہ فرمایا باز رکھے تجھکو لوگوں کی عیب جوئی سے عیب اپنا اور روایت ہے انس سے رسول صلی اللہ

عليه وآله وسلم قال يا ابا ذر الا ادلك على خصلتين هما اخف على الظهر واثقل في الميزان قال قلت بلى قال طول الصمت وحسن الخلق

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا ابا ذر بھلا نہ بتلاؤں میں تجھکو ایسی دو خصلت جو بہت ہلکی ہوں پیٹھ پر اور بہت بھاری ہوں ترازو پر کہا کیوں نہیں فرمایا دیر تک چپ رہنا اور خوش

والذي نفسي بيده ما عمل الخلائق بمثلهما وعن عائشة قالت مر النبي صلى الله عليه وآله وسلم بابي بكر وهو يلعن بعض رقيقه

خلقی قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری جسکے ہاتھ میں ہے نہیں کیا خلائق نے مثل انکے اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گذر کیا ابی بکر پر اور وہ لعنت کرتے تھے بعض غلام اپنے پر

فالتفت اليه فقال لعانين وصديقين كلا ورب الكعبة فاعتق ابو بكر يومئذ بعض رقيقه ثم جاء الى النبي صلى الله عليه وآله

سو دیکھا ابی بکر کو اور فرمایا دیکھا تو نے لعنت کرنے والوں اور صدیقوں کو کوئی نہیں قسم ہے کعبے کے رب کی سو آزاد کر دیا ابو بکر نے اسدن بعض غلام کو اپنے پھر آئے ابو بکر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم فقال لا اعود رواه البيهقي الاحاديث الخمسة في شعب الايمان وعن اسلم قال ان عمر دخل يوما على ابي بكر الصديق

وسلم پاس اور کہنے لگے ہرگز نہ کرونگا ایسا کام روایت کیا بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے اسلم سے کہا کہ آیا عمر ایکدن ابی بکر صدیق

رض وهو يجبذ لسانه فقال عمر مه غفر الله لك فقال ان هذا اوردني الموارد رواه مالك وعن عبادة بن الصامت ان

رض کے پاس حالانکہ ابو بکر کھینچ رہا تھا اپنی زبان کو تب کہا عمر نے نہ کھینچ بخشے اللہ تجھے تب کہا مقرر اسنے پہنچایا مجھے بری جگہوں میں روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہ

النبي صلى الله عليه وسلم قال اضمنوا لي ستا من انفسكم اضمن لكم الجنة اصدقوا اذا حدثتم واوفوا اذا وعدتم وادوا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضامن ہو تم میرا چھ چیز کا اپنی ذاتوں سے ضامن ہوتا ہوں میں تمہارا بہشت کا سچ بولو جب باتیں بولو اور پورا کرو جب وعدہ کرو اور پہنچاؤ

اذا ائتمنتم واحفظوا فروجكم وغضوا ابصاركم وكفوا ايديكم وعن عبد الرحمن بن غنم واسماء بنت يزيد ان النبي صلى

جب امین ہو اور روکو اپنی شرمگاہوں کو اور نیچی کرو اپنی آنکھوں کو اور سمیٹو اپنے ہاتھوں کو اور روایت ہے عبد الرحمن بن غنم اور اسماء بنت یزید سے کہ نبی صلی

الله عليه وآله وسلم قال خيار عباد الله الذين اذا رؤوا ذكر الله وشرار عباد الله المشاؤون بالنميمة المفرقون بين الاحبة

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھے بندے اللہ کے وے ہیں کہ جب ملاقات ہوتی ہے انسے تو ذکر کیا جاتا ہے اللہ کا اور برے بندے اللہ کے وے ہیں جو پھرتے ہیں چغلی کرتے اور جدائی ڈالتے درمیان دوستوں کے

الباغون البرآء العنت رواهما احمد والبيهقي في شعب الايمان وعن ابن عباس ان رجلين صليا صلوة الظهر او العصر

چاہتے ہیں بے عیبوں پر مشقت روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہ دو شخص نے پڑھی نماز ظہر اور عصر کی

وكانا صائمين فلما قضى النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اعيدوا وضوءكما وصلوتكما وامضيا في صومكما واقضياه يوما آخر

اور تھے وے دونوں روزہ دار پھر جب پوری کی نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دہراؤ اپنے اپنے وضو اور نماز کو اور تمام کرو تم اپنے روزوں کو اور رکھو اس روزہ کو دوسرے دن

فقالا لم قال اغتبتم فلانا وعن ابي سعيد وجابر رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الغيبة اشد من الزنا قالوا

تب پوچھا کس واسطے فرمایا غیبت کی تم نے فلانے کی اور روایت ہے ابی سعید اور جابر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے غیبت زیادہ سخت ہے زنا سے بولے

يا رسول الله وكيف الغيبة اشد من الزنا قال ان الرجل ليزني فيتوب فيتوب الله وفي رواية فيتوب فيغفر الله له وان صاحب

یا رسول اللہ اور کیونکر ہوتی ہے غیبت زیادہ سخت زنا سے فرمایا کہ آدمی زنا کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تب بخشتا ہے اللہ اسکو اور ایک روایت میں ہے پھر توبہ کرتا ہے سو بخش دیتا ہے اللہ اسکو اور

الغيبة لا يغفر له حتى يغفرها له صاحبه وفي رواية انس قال صاحب الزنا يتوب وصاحب الغيبة ليس له توبة روى البيهقي

غیبت کرنے والا نہیں بخشا جاتا ہے جبتک کہ نہ بخشیگا اسکو وہ شخص کہ جسکی غیبت کی ہے اور انس کی ایک روایت میں ہے فرمایا آنحضرت نے زنا کرنے والا توبہ کرتا ہے اور غیبت کرنے والے کی توبہ نہیں

الاحاديث الثلثة في شعب الايمان ❊ وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان من كفارة الغيبة ان تستغفر

ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفارہ غیبت کا یہہ ہے کہ معافی چاہے تو

لمن اغتبته تقول اللهم اغفر لنا وله رواه البيهقي في الدعوات الكبير وقال في هذا الاسناد ضعف

اسکے لئے کہ جسکی غیبت کی ہو تو نے کہے تو اے اللہ مغفرت کر ہمری اور اسکی روایت کیا اسکو بیہقی نے دعوات الکبیر میں اور کہا بیہقی نے اس اسناد میں ضعف ہے

باب الوعد

باب بیچ وعدہ کے

الفصل الاول ❊ عن جابر قال لما مات رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وجاء ابا بكر مال من قبل العلاء بن الحضرمي فقال ابو بكر من

پہلی فصل روایت ہے جابر سے اسنے کہا کہ جب انتقال فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور آیا ابوبکر کے پاس مال علاء بن حضرمی کی طرف سے تب کہا ابوبکر نے جسکا

كان له على النبي صلى الله عليه وآله وسلم دين او كانت له قبله عدة فليأتنا قال جابر فقلت وعدني رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قرض یا ہو اسکے لئے آنحضرت کی طرف سے وعدہ تو آوے ہمارے پاس کہا جابر نے تب کہا میں نے وعدہ کیا مجھ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان يعطيني هكذا وهكذا وهكذا فبسط يديه ثلث مرات قال جابر فحثا لي حثية فعددتها فاذا هي خمس مائة وقال خذ مثليها

کہ دیوینگے مجھکو اب اور اب اور اب بھر کر اور پھیلایا جابر نے دونوں ہاتھ اپنے تین بار کہا جابر نے تب بھر دیا ابوبکر نے واسطے میرے دونوں ہاتھوں کو سو شمار کیا میں نے انکو تو وہ پانسو تھے اور کہا

متفق عليه ❊ **الفصل الثاني** ❊ عن ابي جحيفة قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ابيض قد شاب وكان الحسن بن علي يشبهه

متفق علیہ ❊ فصل دوسری روایت ہے ابی جحیفہ سے اسنے کہا کہ دیکھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گورا مگر بڈھے ہو گئے تھے اور تھے حسن بن علی رضی اللہ عنہ مشابہ انکے

وامر لنا بثلثة عشر قلوصا فذهبنا نقبضها فاتانا موته فلم يعطونا شيئا فلما قام ابو بكر قال من كانت له عند رسول الله صلى الله عليه

ہمارے واسطے تیرہ جوان اونٹنی دینے کا سو گئے ہم کہ لیں انکو سو پہنچی ہمکو خبر انکی موت کی پھر نہ دیا ہمکو کچھ سبب مشغول ہونے کے تو ابوبکر تو کہے جسکے واسطے ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ

وآله وسلم عدة فليجئ فقمت اليه فاخبرته فامر لنا بها رواه الترمذي ❊ وعن عبد الله بن ابي الحمساء قال بايعت النبي صلى الله عليه وآله وسلم

وآلہ وسلم کی طرف سے کوئی وعدہ تو آوے میرے پاس تب کھڑا ہوا میں اور خبر دی انکو تب حکم کیا ہمارے واسطے اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن ابی حمساء سے اسنے کہا کہ خرید کی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قبل ان يبعث وبقيت له بقية فوعدته ان آتيه بها في مكانه فنسيت فذكرت بعد ثلث فاذا هو في مكانه فقال لقد

مبعوث ہونے کے پہلے اور باقی رہی انکی کچھ قیمت سو وعدہ کیا میں نے ان سے کہ پہنچا دوں باقی کو انکی جگہ میں سو بھول گیا میں پھر یاد ہوا مجھکو بعد تین دن کے سو جبھی آپ بیٹھے تھے فرمایا

شققت علي انا ههنا منذ ثلث انتظرك رواه ابو داود ❊ وعن زيد بن ارقم عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اذا وعد الرجل اخاه

تو نے مشقت ڈالا مجھ پر میں یہاں تین دن سے منتظر ہوں تیرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب وعدہ کرے کوئی اپنے بھائی سے

ومن نيته ان يفي له فلم يف ولم يجئ للميعاد فلا اثم عليه رواه ابو داود والترمذي ❊ وعن عبد الله بن عامر قال دعتني امي يوما

اور نیت اسکی یہہ ہو کہ پورا کرے اسکو پھر پورا نکرے اور نہ آوے وعدے کے وقت میں تو نہیں گناہ اس پر روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن عامر سے اسنے کہا کہ بلایا مجھے میری ماں نے ایک دن

ورسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قاعد في بيتنا فقالت ها تعال اعطيك فقال لها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما اردت

اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے ہمارے گھر میں تب کہا میری ماں نے سنتا رہ آ دونگی تجھے اعطیک تب فرمایا میری ماں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا

ان تعطيه قالت اردت ان اعطيه تمرا فقال لها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اما انك لو لم تعطيه شيئا كتبت عليك كذبة رواه

دیگی تو اسکو بولی دونگی اسے کھجور سو فرمایا اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سنتا رہ اگر نہ دیتی تو اسے کچھ تو لکھی جاتی تجھ پر جھوٹ روایت کیا اسکو

ابو داود والبيهقي في شعب الايمان ❊ **الفصل الثالث** ❊ عن زيد بن ارقم ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال من وعد رجلا فلم

ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں تیسری فصل روایت ہے زید بن ارقم سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے وعدہ کیا کسی دوسرے سے پھر نہ

بات أحدهما إلى وقت الصلوة وذهب الذي جاء ليصلي فلا إثم عليه رواه رزين **باب المزاح** **الفصل الأول** عن أنس

آیا ایک ان کا نماز کے وقت تک اور چلا گیا وہ شخص جو آیا پہلا تو نہیں ہے گناہ اسپر روایت کیا اسکو رزین نے باب خوش طبعی کرنیکا پہلی فصل روایت ہے انس سے

قال إن كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم ليخالطنا حتى يقول لأخ لي صغير يا أبا عمير ما فعل النغير كان له نغير يلعب به فمات

کہا کہ مقرر تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملے رہتے ہمسے یہانتک فرمانے لگے میرے چھوٹے بھائی سے کہ اے باپ عمیر کے کیا کیا لال نے تھا اسکا ایک لال کھیلتا تھا اسکو سو مر گیا

عليه **الفصل الثاني** عن أبي هريرة قال قالوا يا رسول الله إنك تداعبنا قال إني لا أقول إلا حقا وعن أنس أن رجلا استحمل رسول

دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ مقرر آپ خوش طبعی کرتے ہیں ہم لوگوں سے فرمایا میں نہیں کہتا مگر سچ اور روایت ہے انس سے کہ ایک مرد نے

الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال إني حاملك على ولد ناقة فقال ما أصنع بولد الناقة فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سواری مانگی تب فرمایا کہ میں تجھکو سوار کرونگا بچے پر اونٹنی کے تب کہا اسنے میں کیا کرونگا بچہ اونٹنی کا تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

وهل تلد الإبل إلا النوق رواه الترمذي وأبو داود وعنه أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال له يا ذا الأذنين رواه أبو داود

اور نہیں جنتی اونٹ کو مگر اونٹنی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے اسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا اسکو اے دو کان والے روایت کیا اسکو ابو داؤد

والترمذي وعنه أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لامرأة عجوز إنه لا تدخل الجنة عجوز فقالت وما لهن وكانت تقرأ

اور ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک بڑھیا عورت کو کہ نہیں داخل ہوگی بہشت میں بڑھیا تب عرض کیا بڑھیا نے اور کیا ہے انکو اور تھی پڑھتی

القرآن فقال لها إنا أنشأناهن إنشاء فجعلناهن أبكارا رواه رزين وفي شرح السنة بلفظ المصابيح وعنه أن رجلا من

قرآن تو فرمایا اسکو بھلا نہیں پڑھتی قرآن ہم نے عورتیں اٹھائیں ایک اٹھان پھر کیا ہم نے انکو کنواریاں روایت کیا اسکو رزین نے اور شرح سنت میں ساتھ لفظ مصابیح کے اور روایت ہے اسی سے کہ ایک مرد

أهل البادية كان اسمه زاهر بن حرام وكان يهدي للنبي صلى الله عليه وآله وسلم من البادية فيجهزه رسول الله صلى الله عليه وآله

گاؤں کا رہنے والا تھا نام اسکا زاہر بن حرام اور تھا وہ ہدیہ بھیجتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گاؤں کی چیزوں میں سے پھر سامان درست کر دیتے تھے اسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم إذا أراد أن يخرج فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم إن زاهرا باديتنا ونحن حاضروه وكان النبي صلى الله عليه وآله وسلم يحبه

وسلم جب ارادہ کرتا وہ شہر سے باہر نکلنے کا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر زاہر گاؤں کا رہنے والا ہمارا اور ہم شہر کے رہنے والے ہیں اسکے اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوست رکھتے اسکو

وكان دميما فأتى النبي صلى الله عليه وآله وسلم يوما وهو يبيع متاعه فاحتضنه من خلفه وهو لا يبصره فقال أرسلني من

اور تھا وہ شخص بد شکل پھر تشریف لائے اسکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن اور وہ بیچ رہا تھا اسباب اپنا سو گود میں لے لیا اسکو اسکے پیچھے سے اور وہ نہ دیکھتا تھا حضرت کو تب کہا چھوڑ دے کون ہے

هذا فالتفت فعرف النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجعل لا يألو ما ألزق ظهره بصدر النبي صلى الله عليه وآله وسلم حين عرفه

یہ تب آنکھ پھر کر دیکھا تو پہچانا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پھر شروع کیا قصور نہ کرتا تھا ملانے میں اپنی پیٹھ سینے میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسوقت پہچانا

وجعل النبي صلى الله عليه وآله وسلم يقول من يشتري هذا العبد فقال يا رسول الله إذا والله تجدني كاسدا فقال النبي صلى

اور شروع کیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمانے کو کہ کون خریدتا ہے اس غلام کو تب کہا یا رسول اللہ قسم خدا کی پاؤ گے تم مجھکو ناکارا تب فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وآله وسلم لكن عند الله لست بكاسد رواه في شرح السنة وعن عوف بن مالك الأشجعي قال أتيت رسول الله صلى

علیہ وآلہ وسلم نے لیکن نزدیک اللہ کے تو نہیں ہے ناکارا روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عوف بن مالک اشجعی سے کہا کہ آیا میں رسول خدا صلی

الله عليه وآله وسلم في غزوة تبوك وهو في قبة من أدم فسلمت فرد علي قال ادخل فقلت أكلي يا رسول الله قال كلك فدخلت

اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس غزوہ تبوک میں اور حضرت بیچ ایک خیمہ چمڑے کے اندر تھے پھر سلام کیا میں نے تو جواب دیا فرمایا داخل ہو تو کہا میں نے کیا داخل ہو کل میرا یا رسول اللہ فرمایا تمام بدن تیرا تب داخل ہوا

قال عثمان بن ابي العاتكة انما قال ادخل كلي من صغر القبة رواه ابو داؤد وعن النعمان بن بشير قال استاذن ابو بكر على النبي صلى الله

کہا عثمان بن ابی العاتکہ نے بس عوف نے داخل کرونگا کل کو یعنی خیمہ چھوٹا ہونے سبب سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کہ پروانگی مانگی ابو بکر نے نبی صلی اللہ

عليه وآله وسلم فسمع صوت عائشة عاليا فلما دخل تناولها ليلطمها وقال لا اراك ترفعين صوتك على رسول الله صلى الله

علیہ وآلہ وسلم سے پھر سنی ابو بکر نے آواز عائشہ کی اونچی سو جب داخل ہوا تو ابو بکر اعائشہ کو پکڑا چاہا کہ مارے ان کو اور کہا نہ دیکھوں میں تجھکو کہ اونچی کرے تو آواز اپنی رسول خدا صلی

عليه وآله وسلم فجعل النبي صلى الله عليه وآله وسلم يحجزه وخرج ابو بكر مغضبا فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم حين

علیہ وآلہ وسلم پر تب کھڑے ہوگئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ باز رکھیں ابو بکر کو اور باہر چلا گیا ابو بکر غصہ ہو کر تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب

خرج ابو بكر كيف رأيتني انقذتك من الرجل قالت فمكث ابو بكر اياما ثم استاذن فوجدهما قد اصطلحا فقال لهما

چلے گئے ابو بکر کیسا دیکھا تو نے مجھے کہ چھڑا لیا تجھکو اس مرد سے بولیں پھر نہ آئے ابو بکر کئی روز پھر پروانگی مانگی سو پایا ان دونوں کو کہ ملاپ ہے میں تب کہا ان کو ابو بکر نے

ادخلاني في سلمكما كما ادخلتماني في حربكما فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم قد فعلنا قد فعلنا رواه ابو داؤد

داخل کرو مجھے اپنے ملاپ میں جیسا کہ داخل کیا تم نے مجھے اپنی لڑائی میں تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر کیا ہم نے کیا ہم نے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لا تمار اخاك ولا تمازحه ولا تعده موعدة فتخلفه رواه الترمذي

اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا آنحضرت نے نہ جھگڑ اپنے بھائی مسلمان سے اور خوش طبعی نہ کر اسکے ساتھ اور نہ کر اس سے وعدہ کہ خلاف کرے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب

باب المفاخرة والعصبية

الفصل الاول

عن ابي هريرة قال سئل رسول الله صلى الله عليه وآله

اور کہا یہ حدیث غریب ہے باب ہے بیچ بڑائی کرنے اور اپنی قوم کی پچ کرنے کا پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا پوچھا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم اي الناس اكرم قال اكرمهم عند الله اتقاهم قالوا ليس عن هذا نسألك قال فاكرم الناس يوسف نبي الله ابن

وسلم کہ کون آدمی زیادہ بزرگ ہے فرمایا سب سے زیادہ بزرگ نزدیک اللہ کے جو پرہیزگار زیادہ ہے عرض کیا ہم یہ نہیں پوچھتے ہیں فرمایا تو سب سے زیادہ بزرگ یوسف

نبي الله ابن نبي الله ابن خليل الله قالوا ليس عن هذا نسألك قال فعن معادن العرب تسألوني قالوا نعم قال فخياركم

نبی اللہ کے اور دادا نبی اللہ کے اور پردادا نبی اللہ کے ہیں عرض کیا ہم یہ نہیں پوچھتے فرمایا تو عرب کی جڑ کا حال پوچھتے ہو عرض کیا ہاں فرمایا تو جو شخص تم میں اچھا

في الجاهلية خياركم في الاسلام اذا فقهوا متفق عليه وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الكريم ابن

کفر میں اچھا ہے تم میں اسلام میں بھی جب ہشیار ہو جاوے متفق علیہ ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو خود کریم ہو اور باپ کا

الكريم ابن الكريم ابن الكريم يوسف بن يعقوب بن اسحق بن ابراهيم رواه البخاري وعن البراء بن عازب قال في يوم

کریم ہو دادا بھی کریم ہو پردادا بھی کریم ہو سو یوسف ہیں حضرت یعقوب کے بیٹے اسحاق کے پوتے ابراہیم کے پڑپوتے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا

حنين كان ابو سفيان بن الحارث آخذا بعنان بغلته يعني بغلة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما غشيه المشركون

کہ حنین کی لڑائی کے روز تھا ابو سفیان بن الحارث پکڑ رہا تھا باگ ڈور خچر کا یعنی خچر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پھر جب گھیر لیا مشرکوں نے

نزل وجعل يقول انا النبي لا كذب انا ابن عبد المطلب فما رئي من الناس يومئذ اشد منه متفق عليه وعن انس قال جاء

تو اتر پڑے اور فرمانے لگے میں ہوں پیغمبر اس میں کچھ جھوٹھ نہیں میں ہوں عبد المطلب کا بیٹا کہا پھر نہ دیکھا گیا کسی آدمی کو اس دن زیادہ اور آنحضرت سے متفق علیہ ہے اور روایت

رجل الى النبي فقال يا خير البرية فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ذاك ابراهيم رواه مسلم وعن عمر رض قال قال

ایک شخص آنحضرت کے پاس کو کہا اے بہتر سب خلق کے تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہتر سب خلق کا ابراہیم ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تطروني كما أطرت النصارى ابن مريم فإنما أنا عبده فقولوا عبد الله ورسوله متفق عليه

رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ مجھ کو حد سے مت بڑھاؤ جیسا کہ عیسیٰ بن مریم کو نصاریٰ نے بڑھایا سوائے اس کے نہیں کہ میں تو اسکا بندہ ہی ہوں پس کہو اللہ کا بندہ اور اس کا رسول متفق

وعن عياض بن حمار المجاشعي أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال إن الله تعالى أوحى إلي أن تواضعوا حتى لا يفخر أحد

اور روایت ہے عیاض بن حمار المجاشعی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مقرر اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی میری طرف کہ جھکو اور فخر نہ کرے کوئی

على أحد ولا يبغي أحد على أحد رواه مسلم **الفصل الثاني** عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لينتهين

کسی پر اور زیادتی نہ کرے کوئی کسی پر روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے وہ نقل کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا البتہ چاہیے کہ باز رہیں

أقوام يفتخرون بآبائهم الذين ماتوا إنما هم فحم من جهنم أو ليكونن أهون على الله من الجعل الذي يدهده الخرء بأنفه

لوگ اپنے مرگئے باپ دادوں پر بڑائی کرنے سے بس وہ تو کوئلے تھے دوزخ کے یا ہو جاوینگے ذلیل زیادہ اللہ کے نزدیک کیڑے سے جو لڑھکاتا ہے گوہ اپنی ناک سے

إن الله أذهب عنكم عبية الجاهلية وفخرها بالآباء إنما هو مؤمن تقي وفاجر شقي الناس كلهم بنو آدم وآدم

مقرر اللہ نے دور کی تم سے نخوت کفر کے وقت کی اور دور کیا باپ دادوں پر فخر کرنا بس آدمی یا تو مومن پرہیزگار ہوگا یا گنہگار بدکردار ہوگا سب آدم کی اولاد ہیں اور آدم

من تراب رواه الترمذي وأبو داود وعن مطرف بن عبد الله بن الشخير قال انطلقت في وفد بني عامر إلى رسول الله صلى

مٹی سے پیدا ہوا تھا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے مطرف بن عبد اللہ بن الشخیر سے کہا کہ میں آیا بنی عامر کے ایلچیوں کے ساتھ پیغمبر خدا صلی

الله عليه وآله وسلم فقلنا أنت سيدنا فقال السيد هو الله فقلنا وأفضلنا فضلا وأعظمنا طولا فقال قولوا قولكم

اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس پھر ہم نے کہا تم ہمارے سردار ہو تو فرمایا کہ سردار تو اللہ ہی ہے پھر ہم نے کہا تم ہم سب سے بڑے ہو بزرگی اور سخاوت میں تو فرمایا خیر اسطرح

أو بعض قولكم ولا يستجرينكم الشيطان رواه أبو داود وعن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

کا کلام کہو یا اس سے بھی تھوڑا اور تمکو لپٹ نہ لے اوپر کرے شیطان روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے حسن بصری سے سمرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

الحسب المال والكرم التقوى رواه الترمذي وابن ماجه وعن أبي بن كعب قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول من تعزى

حسب مال ہی ہے اور کرم تقوی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جو فخر کرے

بعزاء الجاهلية فأعضوه بهن أبيه ولا تكنوا رواه في شرح السنة وعن عبد الرحمن بن أبي عقبة عن أبي عقبة وكان مولى

جاہلیت کے نسب پر تو دلاؤ اسکے منہ میں اسکے باپ کی بری چیز اور کنایہ سے کہو نہ روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عقبہ سے اپنے باپ ابو عقبہ سے اور

من أهل فارس قال شهدت مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أحدا فضربت رجلا من المشركين فقلت خذها مني وأنا

فارس کا رہنے والا تھا کہا حاضر ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ احد میں پھر مارا میں نے ایک شخص کو مشرکوں میں سے کہا میں نے لے یہ مار طرف سے میری اور میں

الغلام الفارسي فالتفت إلي فقال هلا قلت خذها مني وأنا الغلام الأنصاري رواه أبو داود وعن ابن مسعود عن

فارسی لڑکا ہوں پس دیکھا میری طرف حضرت نے اور فرمایا کیوں نہ کہا تو نے لے یہ مجھ سے اور میں انصار کا لڑکا ہوں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن مسعود سے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من نصر قومه على غير الحق فهو كالبعير الذي ردى فهو ينزع بذنبه رواه أبو داود وعن

نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جس نے مدد کی اپنی قوم کی ناحق پر سو وہ مانند اونٹ کے ہے جو گرا ہو کوئیں میں پھر کھینچا جاتا ہے اپنی دم سے روایت کیا اسکو

واثلة بن الأسقع قال قلت يا رسول الله ما العصبية قال أن تعين قومك على الظلم رواه أبو داود وعن سراقة بن مالك بن

واثلہ بن الاسقع سے کہا کہ میں نے کہا یا رسول اللہ کس چیز کا نام عصبیت ہے فرمایا کہ مدد کرے تو اپنی قوم کی ظلم پر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے سراقہ بن مالک بن

جعشم قال خطبنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال خيركم المدافع عن عشيرته ما لم يأثم رواه أبو داود وعن

جعشم سے کہا کہ خطبہ سنایا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر فرمایا اچھا تمھارا وہ ہے جو مدد کرے اپنی قوم کی جب تک گناہگار نہووے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے

جبير بن مطعم أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ليس منا من دعا إلى عصبية وليس منا من قاتل عصبية وليس منا من مات على

جبیر بن مطعم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے ہم سے جو بلاوے لوگوں کو پچ کرنے کو اور نہیں ہے ہم سے جو کرے پچ سے اور جو مرے

عصبية رواه أبو داود وعن أبي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال حبك الشيء يعمي ويصم رواه أبو داود الفصل

عصبیت پر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا دوستی چیز کی تجھکو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

الثالث عن عبادة بن كثير الشامي من أهل فلسطين عن امرأة منهم يقال لها فسيلة أنها قالت سمعت أبي يقول سألت رسول

فصل تیسری روایت ہے عبادہ بن کثیر شامی سے جو رہنے والا فلسطین کا ہے اپنی قوم کی ایک عورت سے جسکو کہتے تھے لوگ فسیلہ کہا اسنے سنا میں نے اپنے باپ کو کہتے پوچھا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله أمن العصبية أن يحب الرجل قومه قال لا ولكن من العصبية أن ينصر الرجل

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پھر عرض کیا یا رسول اللہ بھلا یہ عصبیت سے ہے کہ دوست رکھے مرد اپنی قوم کو فرمایا نہیں لیکن عصبیت اسکا نام ہے کہ مدد کرے مرد

قومه على الظلم رواه أحمد وابن ماجه وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أنسابكم هذه ليست

اپنی قوم کی ظلم پر روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نسب تمھارا ایسا نہیں ہے

بمسبة على أحد كلكم بنو آدم طف الصاع بالصاع لم تملؤه ليس لأحد على أحد فضل إلا بدين وتقوى كفى بالرجل أن

جو عیب لگاوے کسی پر تم سب آدم کی اولاد ہو مثل نقصان صاع کی ساتھ صاع کے جسکی ناپ نہ کیا ہے نہیں ہے کسیکو بزرگی مگر بسبب دینداری اور پرہیزگاری کے

يكون بذيا فاحشا بخيلا رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان

باب البر والصلة

الفصل الأول

عن أبي هريرة

ہو بیہودہ اور گالیاں بکنے والا بخیل روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں باب ہے ماں باپ پر احسان اور قرابت والوں سے ملاپ کرنے کا پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رجل يا رسول الله من أحق بحسن صحابتي قال أمك قال ثم من قال أمك قال ثم من قال أمك قال ثم من قال أبوك وفي

کہا کہ کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ کون شخص ہے زیادہ حقدار میری بھلی صحبت کا فرمایا ماں تیری کہا پھر کون ہے فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا باپ اور ایک

رواية قال أمك ثم أمك ثم أمك ثم أباك ثم أدناك أدناك متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رغم أنفه

روایت میں ہے فرمایا ماں تیری پھر ماں تیری پھر ماں تیری پھر باپ تیرا پھر جو زیادہ قریب ہو پھر جو زیادہ قریب ہو ق اور روایت ہے اسی سے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خاک آلودہ ہو

رغم أنفه رغم أنفه قيل من يا رسول الله قال من أدرك والديه عند الكبر أحدهما أو كليهما ثم لم يدخل الجنة رواه مسلم

خاک آلودہ ہو ناک اسکی خاک آلودہ ہو ناک اسکی پوچھا گیا کون یا رسول اللہ فرمایا جسنے اپنے ماں باپ کو بڑھاپے میں پایا ایک کو یا دونو کو سو بہشت میں نہ داخل ہوا روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أسماء بنت أبي بكر قالت قدمت علي أمي وهي مشركة في عهد قريش فقلت يا رسول الله إن أمي قدمت علي وهي

اور روایت ہے اسما بنت ابی بکر سے بولیں کہ آئی میرے پاس میری ماں حالانکہ وہ مشرکہ تھی زمانے عہد قریش کے سو کہا میں نے یا رسول اللہ مقرر میری ماں آئی ہے میرے پاس اور وہ

راغبة أفأصلها قال نعم صليها متفق عليه وعن عمرو بن العاص قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن آل أبي فلان

ناراض ہے کیا بھلائی کروں اسکے ساتھ فرمایا ہاں نیکی کر اسکے ساتھ ق اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ اولاد ابی فلاں کی

ليسوا لي بأولياء إنما وليي الله وصالح المؤمنين ولكن لهم رحم أبلها ببلالها متفق عليه وعن المغيرة قال قال رسول الله

نہیں ہیں دوست میرے مگر دوست اللہ ہے اور نیک ایمان والے لیکن انکی قرابت کا حق جو ہے سو ادا کرتا ہوں اسکو ق اور روایت ہے مغیرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ حرم علیکم عقوق الامھات ووأد البنات ومنع وھات وکرہ لکم قیل وقال وکثرۃ السؤال و

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ نے حرام کیا ہے تم پر ستانا ماؤں کا اور جیتی گاڑنا بیٹیوں کا اور بھیک مانگنا اور برا جانتا تمہارے لئے بیہودہ بکنا اور بہت سوال کرنا اور

اضاعۃ المال متفق علیہ وعن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الکبائر شتم الرجل والدیہ قالوا

برباد کرنا مال کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے گناہوں سے ہے گالی دینی مرد کی اپنے ماں باپ کو عرض کیا

یا رسول اللہ وھل یشتم الرجل والدیہ قال نعم یسب ابا الرجل فیسب اباہ ویسب امہ فیسب امہ متفق علیہ وعن ابن

یا رسول اللہ بھلا گالی دیتا ہے مرد اپنے ماں باپ کو فرمایا ہاں گالی دیتا ہے باپ کو کسی کے پھر گالی دیتا ہے وہ اسکے باپ کو اور گالی دیتا ہے کسی کی ماں کو تو گالی دیتا ہے اسکی ماں کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن

عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من ابر البر صلۃ الرجل اھل ود ابیہ بعد ان یولی رواہ مسلم وعن انس قال

عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی نیکی نیکیوں سے ہے احسان کرنا دوستوں کے ساتھ اپنے باپ کے بعد مرجانے باپ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احب ان یبسط لہ فی رزقہ وینسأ لہ فی اثرہ فلیصل رحمہ متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ

کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے کہ کشادہ ہو روزی اسکی اور دیر ہو عمر اسکی تو نیکی کرے قرابت والوں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلق اللہ الخلق فلما فرغ منہ قامت الرحم فاخذت بحقوی الرحمن فقال مہ قالت

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا اللہ نے خلق کو پھر جب فارغ ہوا ان کے بنانے سے کھڑی ہوئی قرابت اور پکڑ لی رحمن کی دونوں کوکھ فرمایا کیا ہے کہا

ھذا مقام العائذ بک من القطیعۃ قال الا ترضین ان اصل من وصلک واقطع من قطعک قالت بلی یا رب قال فذاک

کہ یہ مقام ہے پناہ چاہنے والے کا قطع برادری سے فرمایا کیا تو راضی نہیں کہ ملوں میں اس سے جو تجھ سے ملے اور کاٹوں اسکو جو تجھ سے کاٹے کہا کیوں نہیں اے پروردگار فرمایا تو

متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرحم شجنۃ من الرحمن فقال اللہ من وصلک وصلتہ ومن قطعک

۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قرابت نشان ہے خدا کی رحمت کا سو فرمایا خدا نے جو تجھے ملے ملوں میں اس سے اور جو چھوڑے تجھکو

قطعتہ رواہ البخاری وعن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرحم معلقۃ بالعرش تقول من وصلنی وصلہ

میں چھوڑوں اسکو ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ناتا رشتہ عرش میں لٹکا ہے کہتا ہے کہ جس نے ملایا مجھے ملاوے اسکو

اللہ ومن قطعنی قطعہ اللہ متفق علیہ وعن جبیر بن مطعم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخل الجنۃ قاطع

اللہ اور جسنے مجھکو کاٹا خدا اسکو کاٹے ۔ ق ۔ اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا جنت میں کاٹنے والا

متفق علیہ وعن ابن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس الواصل بالمکافی ولکن الواصل الذی اذا

۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے حق ادا کرنے والا وہ جو عوض احسان کرے ولیکن حق ادا کرنے والا

قطعت رحمہ وصلھا رواہ البخاری وعن ابی ھریرۃ ان رجلا قال یا رسول اللہ ان لی قرابۃ اصلھم ویقطعون واحسن

کہ جب کاٹا جاوے حق اسکا تو جوڑے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ میری برادری ہے ملتا ہوں میں ان سے اور وہ کاٹتے ہیں مجھکو اور سلوک کرتا ہوں

الیھم ویسیئون الی واحلم عنھم ویجھلون علی فقال لئن کنت کما قلت فکانما تسفھم المل ولا یزال معک من اللہ

ان سے اور وہ بدسلوکی کرتے ہیں مجھ سے اور حلم کرتا ہوں ان سے اور وہ جہل کرتے ہیں مجھ پر فرمایا اگر ہے تو جیسا کہ کہتا ہے تو گویا کہ کھلاتا ہے انکو راکھ گرم اور ہمیشہ رہیگا

ظھیر علیھم ما دمت علی ذلک رواہ مسلم

الفصل الثانی

عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرد

مددگار ان پر جب تک کہ رہے تو اس صفت پر ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پھیرتی

القدر إلا الدعاء ولا يزيد في العمر إلا البر وإن الرجل ليحرم الرزق بالذنب يصيبه رواه ابن ماجه وعن عائشة رضي الله عنها قالت
تقدیر کو مگر دعا اور نہیں بڑھاتی عمر کو مگر نیکی کرنا ماں باپ سے اور مقرر آدمی بے نصیب ہوتا ہے روزی سے سبب گناہ کے جو حاصل کیا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم دخلت الجنة فسمعت فيها قراءة فقلت من هذا قالوا حارثة بن النعمان كذلكم
کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے داخل ہوا میں بہشت میں پھر سنی میں نے آواز قرآن پڑھنے کی تب کہا میں نے کون ہے یہ بولے یہ حارثہ بن نعمان ہیں ایسا ہی ہے

البر كذلكم البر وكان أبر الناس بأمه رواه في شرح السنة والبيهقي في شعب الإيمان وفي رواية قال نمت فرأيتني في
نیکی کرنا ماں باپ سے ایسی ہی ہے نیکی کرنا اور تھا وہ سب لوگوں سے زیادہ سلوک کرنے والا اپنی ماں سے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ایک روایت میں ہے فرمایا سویا میں پھر دیکھا میں نے اپنے تئیں

الجنة وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رضى الرب في رضى الوالد وسخط الرب في
بہشت میں اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے رضامندی اللہ کی باپ کی رضامندی میں ہے اور غصہ اللہ کا

سخط الوالد رواه الترمذي وعن أبي الدرداء أن رجلا أتاه فقال إن لي امرأة وإن أمي تأمر بطلاقها فقال له أبو
غصے میں باپ کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہ ایک شخص آیا اسکے پاس پھر کہا میری ایک عورت ہے اور مقرر ماں میری حکم کرتی ہے اسکو طلاق دینے کا تب کہا اسکو ابو

الدرداء سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الوالد أوسط أبواب الجنة فإن شئت فحافظ على الباب أو ضيع رواه
الدرداء نے سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے باپ بہشت کے دروازوں سے بہتر دروازہ ہے سو اگر چاہے تو تو حفاظت کر اس دروازے کی یا ضایع کر روایت کیا

الترمذي وابن ماجه وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قلت يا رسول الله من أبر قال أمك قلت ثم من قال أمك قلت
ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے اپنے باپ سے اسکے دادے سے کہا میں نے یا رسول اللہ کس کے ساتھ نیکی کروں فرمایا اپنی ماں کے ساتھ میں نے کہا پھر کون فرمایا ماں ہی تیری عرض کیا

ثم من قال أمك قلت ثم من قال أباك ثم الأقرب فالأقرب رواه الترمذي وأبو داود وعن عبد الرحمن بن عوف قال سمعت
پھر کون فرمایا ماں ہی تیری عرض کیا پھر کون فرمایا باپ کے ساتھ پھر جو بہت قریب ہو پھر جو بہت قریب ہو بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن عوف سے کہا سنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قال الله تبارك وتعالى أنا الله وأنا الرحمن خلقت الرحم وشققت لها من اسمي فمن
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے فرمایا اللہ برکت والا اور اونچی شان والے نے میں ہوں خدا اور میں ہوں نہایت رحم والا بنایا میں نے رحم کو اور نکالا میں نے اسکا نام اپنے نام سے

وصلها وصلته ومن قطعها بتته رواه أبو داود وعن عبد الله بن أبي أوفى قال سمعت رسول الله صلى الله عليه و
ملے اس سے ملوں میں اس سے اور جو کاٹے اس کو کاٹوں میں اس کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ سنا میں نے حضرت صلے اللہ علیہ و

سلم يقول لا تنزل الرحمة على قوم فيهم قاطع رحم رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن أبي بكرة قال قال رسول الله
سلم کو فرماتے نہیں اترتی ہے رحمت اس قوم پر کہ جنمیں کاٹنے والا قرابت کا ہو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ما من ذنب أحرى أن يعجل الله لصاحبه العقوبة في الدنيا مع ما يدخر له في الآخرة من البغي و
صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی گناہ اس لائق کہ جلد کرے اللہ اسکے کرنے والے پر عذاب دنیا میں باقی رکھ کر اسکے لئے عذاب کو آخرت میں امام کی نافرمانی اور

قطيعة الرحم رواه الترمذي وأبو داود وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة
قطع برادری سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت میں

منان ولا عاق ولا مدمن خمر رواه النسائي والدارمي وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تعلموا من
منت رکھنے والا اور ستانے والا ماں باپ کا اور نہ ہمیشہ پینے والا شراب کا روایت کیا اسکو نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سیکھ لو

انسابكم ما تصلون به ارحامكم فان صلة الرحم محبة في الاهل مثراة في المال منسأة في الاثر رواه الترمذي وقال هذا

نسبوں میں سے اپنے اس قدر کہ سلوک کرو اس سے ناتے والوں پر اپنے کیونکہ ملنا قرابت سے محل دوستی کا ہے اپنے لوگوں میں اور برکت مال کی اور درازی عمر کی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

حديث غريب وعن ابن عمر ان رجلا اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله اني اصبت ذنبا عظيما فهل لي من

حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر عرض کیا یا رسول اللہ مقرر میں جا پڑا ہوں بڑے گناہ میں سو بھلا ہے میرے لئے

توبة قال هل لك من ام قال لا قال وهل لك من خالة قال نعم قال فبرها رواه الترمذي وعن ابي اسيد الساعدي

سبب توبہ کے ہو فرمایا بھلا ہے تیری ماں کہا نہیں فرمایا اور بھلا ہے تیری خالہ کہا ہاں فرمایا پس نیکی کر اسکے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی اسید ساعدی سے

قال بينا نحن عند رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذ جاءه رجل من بني سلمة فقال يا رسول الله هل بقي من بر ابوي

کہا اس وقت میں کہ تھے ہم نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کہ یکایک حاضر ہوا آپ کے پاس ایک شخص بنی سلمہ سے پھر کہا یا رسول اللہ بھلا باقی رہ گئی ہے نیکی

شيء ابرهما به بعد موتهما قال نعم الصلوة عليهما والاستغفار لهما وانفاذ عهدهما من بعدهما وصلة الرحم التي لا توصل

کچھ کہ کروں میں ابر اسکو بعد موت انکے فرمایا ہاں رحمت بھیجنی ان پر اور دعا مانگنی ان کے لئے اور جاری کرنا عہد کو ان کے بعد انکے اور ملنا ایسی قرابت سے کہ ملنا نہیں

الا بهما واكرام صديقهما رواه ابو داود وابن ماجه وعن ابي الطفيل قال رايت النبي صلى الله عليه وسلم يقسم لحما بالجعرانة اذ

مگر سبب ان کے اور احسان کرنا دوست سے ان کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی الطفیل سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حصہ کرتے گوشت کو جعرانہ میں کہ ناگاہ

اقبلت امرأة حتى دنت الى النبي صلى الله عليه وسلم فبسط لها رداءه فجلست عليه فقلت من هي فقالوا هي امه التي ارضعته رواه ابو داود

سامنے آئی ایک عورت یہاں تک کہ نزدیک ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو بچھا دی حضرت نے اسکے لئے چادر اپنی سو بیٹھی اس پر تو کہا میں نے کون ہے یہ سو کہا لوگوں نے یہی ہے ماں آپ کی جنہوں نے دودھ پلایا آپ کو

الفصل الثالث

عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال بينما ثلثة نفر يتماشون اخذهم المطر فمالوا

فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا جس حال میں کہ تین آدمی چلے جاتے تھے کہ لیا ان کو مینہ نے تو وے گھس گئے

الى غار في الجبل فانحطت على فم غارهم صخرة من الجبل فاطبقت عليهم فقال بعضهم لبعض انظروا اعمالا عملتموها

ایک غار میں پہاڑ کے تو ڈھلک پڑا منہ پر ان کے غار کے ایک پتھر پہاڑ کا سو بند کر لیا ان کو تو کہا بعض نے ان کے بعض سے دیکھو تو کاموں کو جنکو کئے ہو

لله صالحة فادعوا الله بها لعله يفرجها فقال احدهم اللهم انه كان لي والدان شيخان كبيران ولي صبية صغار

خدا کے واسطے نیک سو دعا مانگو اللہ سے ان کے وسیلے سے شاید کہ خدا کھول دیوے اس پتھر کو کہا ایک نے ان میں سے الٰہی ماجرا تو یہ ہے کہ تھے میرے ماں باپ بوڑھے بڑی عمر والے اور میرے لڑکے چھوٹے

ارعى عليهم فاذا رحت عليهم فحلبت بدأت بوالدي اسقيهما قبل ولدي وانه قد نأى بي الشجر فما اتيت حتى امسيت

کہ چرایا کرتا تھا میں ان کے واسطے پھر جب شام کے قریب لاتا تھا ان پاس تو دودھ دوہتا تھا اور شروع کرتا تھا اپنے ماں باپ سے پلاتا تھا ان کو پہلے اپنے لڑکوں سے اور مقرر دور ڈالا مجھے درختوں نے سو میں نہ آیا یہاں تک کہ ہو گئی شام

فوجدتهما قد ناما فحلبت كما كنت احلب فجئت بالحلاب فقمت عند رؤسهما اكره ان اوقظهما واكره ان

تو پایا میں نے ماں باپ کو سوتا پھر دودھ دوہا میں نے جس طرح دوہا کرتا تھا تو لایا میں دودھ سو کھڑا ہوا میں نزدیک ماں باپ کے سرہانے برا لگا مجھ کو نیند سے جگاؤں انکو اور برا لگا کہ

ابدأ بالصبية قبلهما والصبية يتضاغون عند قدمي فلم يزل ذلك دأبي ودأبهم حتى طلع الفجر فان كنت تعلم

شروع کروں لڑکوں سے پہلے اور لڑکے شور کرتے تھے نزدیک دونوں پیروں کے سو ہمیشہ رہا حال میرا اور انکا نکلنے تک صبح کے سو اگر تو جانتا ہو

اني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا فرجة نرى منها السماء ففرج الله لهم حتى يرون السماء وقال الثاني اللهم

کہ کی میں نے ایسی خدمت واسطے تیری رضا مندی کے تو کھول دے ہمارے لئے ایک روزن کہ دیکھیں ہم اس سے آسمان سو کھول دیا اللہ نے ان کے لئے یہاں تک کہ انہوں نے دیکھا آسمان کو اور کہا دوسرے نے الٰہی

إنه كانت لي بنت عم أحبها كأشد ما يحب الرجال النساء فطلبت إليها نفسها فأبت حتى آتيها بمائة دينار فسعيت

اسقدر تھی میری چچیری بہن کہ میں اسکو چاہتا تھا جیسا نہایت محبت مرد عورتوں سے رکھتے ہیں سو چاہا میں نے اسکی ذات کو سو انکار کیا یہاں تک کہ دوں میں اسکو سو اشرفیاں سو کوشش کی میں نے

حتى جمعت مائة دينار فلقيتها بها فلما قعدت بين رجليها قالت يا عبد الله اتق الله ولا تفتح الخاتم فقمت

یہاں تک کہ جمع کیں میں نے سو اشرفیاں سو لایا میں اسکے پاس انکو پھر جب بیٹھا میں اندر دونوں پیروں کے کہا اسنے اے بندے خدا کے ڈر خدا سے اور نہ توڑ مہر کو تو میں اٹھ کھڑا ہوا

عنها اللهم فإن كنت تعلم أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا منها ففرج لهم فرجة وقال الآخر اللهم إني

اسکے اوپر سے الٰہی سو اگر تو جانتا ہو کہ کیا میں نے اسکو واسطے تیری رضامندی کے تو کھول ہمارے واسطے اس سے تو کھول دیا انکے لئے ایک روزن اور کہا تیسرے نے کہ الٰہی

كنت استأجرت أجيرا بفرق أرز فلما قضى عمله قال أعطني حقي فعرضت عليه حقه فتركه ورغب عنه فلم

ٹھہرایا تھا ایک مزدور سولہ رطل چانول پر تو جب کر چکا وہ کام اپنا کہا دے مجھے حق میرا سو آگے کیا میں نے اسکے حق اسکا سو چھوڑ گیا اور منہ موڑا اسکی طرف سے تو

أزل أزرعه حتى جمعت منه بقرا وراعيها فجاءني فقال اتق الله ولا تظلمني وأعطني حقي فقلت اذهب إلى ذلك

ہمیشہ میں بوتا رہا اسکو یہاں تک کہ جمع کیں میں نے اس سے گائے بیل اور چرانے والے انکے پھر آیا وہ میرے پاس پھر کہا ڈر خدا سے اور نہ ظلم کر مجھ پر اور دے حق میرا تب کہا میں نے جا طرف ان

البقر وراعيها فقال اتق الله ولا تهزأ بي فقلت إني لا أهزأ بك فخذ ذلك البقر وراعيها فأخذه فانطلق بها فإن كنت

گائے بیلوں کے اور انکے چرانے والوں کے تو کہا ڈر اللہ سے اور ہنسی نکر مجھ سے تب کہا میں نے کہ میں تجھ سے ٹھٹھا نہیں کرتا لے ان گائے بیلوں اور انکے چرانے والوں کو سو اسنے لیا اور انکو لیکر چلا گیا سو اگر تو

تعلم أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج ما بقي ففرج الله عنهم متفق عليه وعن معاوية بن جاهمة أن جاهمة

جانتا ہو کہ میں نے یہ امانت داری تیری رضامندی کے لئے کی تھی تو کھول دے جتنا باقی رہا ہے سو خدا نے اسے کھول دیا ق اور روایت ہے معاویہ بن جاہمہ سے کہ مقرر جاہمہ

جاء إلى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال يا رسول الله أردت أن أغزو وقد جئت أستشيرك فقال هل لك من

آیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر عرض کیا یا رسول اللہ میں چاہتا ہوں جہاد کو اور آیا ہوں آپ سے مشورت کروں تب فرمایا بھلا ہے تجھکو

أم قال نعم قال فالزمها فإن الجنة عند رجلها رواه أحمد والنسائي والبيهقي في شعب الإيمان وعن ابن عمر قال

ماں کہا ہاں فرمایا تو رہ ماں کے پاس کیونکہ بہشت نزدیک اسکے پاؤں کے ہے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہا

كانت تحتي امرأة وكان عمر يكرهها فقال لي طلقها فأبيت فأتى عمر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فذكر ذلك

کہ تھی میرے نکاح میں ایک عورت اور تھا عمر رض ناخوش اس سے سو کہا مجھکو عمر نے طلاق دے اسکو سو نہ سنا میں نے تب گیا عمر رض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر ذکر کیا اسکا

له فقال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم طلقها رواه الترمذي وأبو داود وعن أبي أمامة أن رجلا قال يا رسول الله

حضرت پاس تب فرمایا مجھے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طلاق دے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ

ما حق الوالدين على ولدهما قال هما جنتك ونارك رواه ابن ماجه وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

کیا حق ہے ماں باپ کا انکے لڑکے پر فرمایا ماں باپ بہشت اور دوزخ تیرے ہیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

إن العبد ليموت والداه أو أحدهما وإنه لهما لعاق فلا يزال يدعو لهما ويستغفر لهما حتى يكتبه الله بارا وعن ابن عباس

کہ بندہ مر جاتے ہیں ماں باپ اسکے یا ایک انکا حالانکہ وہ انکو ستاتا تھا پر ہمیشہ دعا کرتا ہے انکے لئے اور معافی چاہتا ہے انکی یہاں تک کہ لکھتا ہے اسکو اللہ نیکی کرنے والا ماں باپ کا اور روایت ہے ابن عباس سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من أصبح مطيعا لله في والديه أصبح له بابان مفتوحان من الجنة فإن كان

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص صبح کرتا ہے خدا کے تابعدار ہو کر ماں باپ کے حق میں صبح کرتا ہے اس حال میں کہ ہوتے ہیں اسکے لئے دو دروازے کھولے ہوئے بہشت کے پھر اگر ہو

وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ اَصْبَحَ عَاصِيًا لِلّٰهِ فِي وَالِدَيْهِ اَصْبَحَ لَهُ بَابَانِ مَفْتُوحَانِ مِنَ النَّارِ وَاِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ
ایک تو ایک ہی ہے اور جسنے صبح کیا اس حال میں کہ نافرمان ہے اللہ کا ماں باپ کے حق میں ثابت ہوتے ہیں اسکے لئے دو دروازے کھولے ہوئے دوزخ کے اور اگر ہے ایک تو ایک ہی ہے کہا ایک شخص نے

وَاِنْ ظَلَمَاهُ قَالَ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ يَنْظُرُ اِلٰى
اگرچہ ظلم کئے ہوں ماں باپ اسپر فرمایا اگرچہ ظلم کئے ہوں اسپر اگرچہ ظلم کئے ہوں اسپر اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے کوئی لڑکا احسان کرنے والا جو دیکھے

وَالِدَيْهِ نَظْرَةَ رَحْمَةٍ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ نَظْرَةٍ حَجَّةً مَّبْرُوْرَةً قَالُوْا وَاِنْ نَظَرَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَطْيَبُ وَعَنْ
ماں باپ کی طرف رحمت کی نظر سے مگر لکھتا ہے اللہ بدلے ہر نظر کے حج مقبول کہا صحابہ نے اگرچہ نگاہ کرے ہر روز سو بار فرمایا ہاں اللہ بہت بڑا اور بہت پاک ہے اور روایت ہے

اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلُّ الذُّنُوْبِ يَغْفِرُ اللّٰهُ مِنْهَا مَا شَاءَ اِلَّا عُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ فَاِنَّهٗ يُعَجِّلُ لِصَاحِبِهٖ
ابی بکرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب گناہ بخشے گا اللہ ان گناہوں میں سے جو چاہیگا مگر ستانا ماں باپ کا سو شتابی کرتا ہے خدا ستانے والے کے لئے

فِي الْحَيٰوةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَقُّ كَبِيْرِ الْاِخْوَةِ عَلٰى صَغِيْرِهِمْ
زندگی میں پہلے مرنے کے اور روایت ہے سعید بن العاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھائیوں میں سے بڑے کا حق ان کے چھوٹوں پر

حَقُّ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

جیسا کہ حق ماں باپ کا ہے اسکے لڑکے پر روایت کیا اسکو بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ

باب شفقت اور مہربانی کرنے کا خلق اللہ پر

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ
روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے کہا جریر نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ رحم کریگا خدا اسپر جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ف ق اور روایت ہے عائشہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
رض سے بولیں کہ آیا ایک گنوار آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر کہا بھلا کیا تم چوم لیتے ہو تم لڑکوں کو اور ہم چوم نہیں لیتے انکو تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ اَوَ اَمْلِكُ لَكَ اَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْنِي امْرَاَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْاَلُنِيْ فَلَمْ تَجِدْ
وسلم نے بھلا مالک ہوں میں تجھپر اگر کھینچ لیوے خدا تیرے دل سے رحمت ف ق اور انہی سے ہے بولیں کہ آئی ایک عورت میرے پاس اور ساتھ اسکے دو بیٹیاں تھیں اسکی سوال کرتی تھی مجھسے

عِنْدِيْ غَيْرَ تَمْرَةٍ وَّاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى
میرے پاس کچھ سوا ایک کھجور کے سو دی میں نے وہ کھجور اسکو سو اسنے دو ٹکڑے کرکے اپنے دونوں بیٹیوں کو دی اور آپ نہ کھائی اس میں سے پھر کھڑی ہوئی اور چلی گئی تب آئے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهٗ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهٗ سِتْرًا مِّنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اللہ علیہ وآلہ وسلم سو کہا میں نے آپ سے یہہ حال تب فرمایا جو مبتلا کیا جاوے ان بیٹیوں سے کسی چیز میں پھر ان سے بھلائی کرے تو ہوئیں اسکے لئے آڑ دوزخ سے ف ق

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَا وَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ اَصَابِعَهٗ
اور روایت ہے انس رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو پالے دو لڑکی یہانتک کہ بالغ ہوں آویگا قیامت کے دن میرے ساتھ اسطرح اور ملائیں انگلیاں اپنی

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ السَّاعِيْ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالسَّاعِيْ فِيْ سَبِيْلِ
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جو کوشش کرے بیوہ اور محتاج پر برابر ہے جو لڑے راہ میں

اللّٰهِ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ كَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
خدا کے اور گمان کرتا ہوں اسکو کہا جیسے نماز پڑھنے والا جو نہ تھکے اور روزہ دار جو کبھی افطار نہ کرے ف ق اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وآله وسلم أنا وكافل اليتيم له ولغيره في الجنة هكذا وأشار بالسبابة والوسطى وفرج بينهما شيئا رواه البخاري وعن النعمان بن

علیہ وآلہ وسلم نے کہ میں اور پالنے والا یتیم کا اسکا ہو یا اسکے غیر کا ساتھ بہشت میں ایسے ہیں اور اشارہ کیا کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کیطرف اور کشادہ کیا درمیان انکے تھوڑا سا روایت کیا اسکو بخاری نے اور نعمان بن

بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ترى المؤمنين في تراحمهم وتوادهم وتعاطفهم كمثل الجسد إذا اشتكى

بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھیگا تو ایمانداروں کو آپس میں رحم اور دوستی اور مہربانی کرنے میں جیسا حال بدن کا ہے جب دکھتا ہے

عضوا تداعى له سائر الجسد بالسهر والحمى متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المؤمنون

ایک عضو تو ایک دوسرے کو بلاتے ہیں اسکے لئے سارے عضو بسبب بیداری اور بخار کے ق اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب ایماندار

كرجل واحد إن اشتكى عينه اشتكى كله وإن اشتكى رأسه اشتكى كله رواه مسلم وعن أبي موسى عن النبي صلى الله عليه

حکم میں ایک مرد کے ہیں اگر دکھے آنکھ اسکی تو دکھتا ہے سب بدن اسکا اور اگر دکھے سر اسکا تو دکھتا ہے سب بدن اسکا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی سے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال المؤمن للمؤمن كالبنيان يشد بعضه بعضا ثم شبك بين أصابعه متفق عليه وعنه عن النبي صلى

وسلم سے فرمایا سب ایماندار مانند بنا کے ہیں مضبوط کرتا ہے بعض اسکا بعض کو پھر انگلیوں کو ڈالا انگلیوں میں ق اور روایت ہے انہی سے نبی صلی

الله عليه وآله وسلم أنه كان إذا أتاه السائل أو صاحب الحاجة قال اشفعوا فلتؤجروا ويقضي الله على لسان رسوله

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آنحضرت پاس جب آتا کوئی سائل یا حاجت والا فرماتے سفارش کرو تو ثواب پاؤ گے اور حکم کرتا ہے اللہ اپنے رسول کی زبان پر

ما شاء متفق عليه وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انصر أخاك ظالما أو مظلوما فقال رجل يا رسول الله

جو چاہتا ہے ق اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدد کر اپنے بھائی کی ظالم ہو یا مظلوم تو ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ

أنصره مظلوما فكيف أنصره ظالما قال تمنعه من الظلم فذلك نصرك إياه متفق عليه وعن ابن عمر أن رسول الله صلى

مدد کرونگا اسکی جب وہ مظلوم ہوگا پھر کیونکر مدد کروں اسکی جب ظالم ہو فرمایا اسکو ظلم سے روک سو یہی ہے مدد تیری اسکے لئے ق اور روایت ہے ابن عمر سے کہ حضرت رسول

الله عليه وآله وسلم قال المسلم أخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه ومن كان في حاجة أخيه كان الله في حاجته ومن فرج

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان بھائی مسلمان کا ہے ظلم نہ کرے اسکو اور نہ چھوڑ دے اسکو اور جو ہوا اپنے بھائی کی حاجت روائی میں ہوتا ہے اللہ اسکی حاجت روائی میں اور جو

عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة من كربات يوم القيمة ومن ستر مسلما ستره الله يوم القيمة متفق عليه وعن

مسلمان سے تکلیف کھولدیگا اللہ اس سے تکلیف قیامت کی تکلیفوں میں سے اور جو پردہ پوشی کرے مسلمان کی پردہ پوشی کریگا اللہ اسکی قیامت کے دن ق اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المسلم أخو المسلم لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره التقوى ههنا و

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمان بھائی مسلمان کا ہے نہ اسپر ظلم کرے اور نہ اسکو بلا میں ڈالے اور نہ اسکو حقیر جانے پرہیزگاری اس جگہ ہے

يشير إلى صدره ثلث مرار بحسب امرئ من الشر أن يحقر أخاه المسلم كل المسلم على المسلم حرام دمه وماله وعرضه

اشارہ کرتے تھے حضرت سینے کی طرف تین بار کافی ہے آدمی کو برائی سے کہ حقارت کرے اپنے بھائی مسلمان کو سب چیز مسلمان کا مسلمان پر حرام ہے خون اسکا اور مال اسکا اور آبرو

رواه مسلم وعن عياض بن حمار قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أهل الجنة ثلثة ذو سلطان مقسط متصدق موفق و

اور روایت ہے عیاض بن حمار سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہشت والے تین ہیں سلطنت والا عادل خیرات کرنے والا جسکو اللہ نے توفیق دی اور دوسرا

رجل رحيم رقيق القلب لكل ذي قربى ومسلم وعفيف متعفف ذو عيال وأهل النار خمسة الضعيف الذي لا زبر

مرد مہربان نرم دل ہر قرابت والے اور مسلمان کے لئے اور پارسا نہیں مانگنے والا عیالدار اور آگ والے پانچ ہیں کمزور جسکی عقل نہو وے

له الذين هم فيكم تبع لا يبغون أهلا ولا مالا والخائن الذي لا يخفى له طمع وإن دق إلا خانه ورجل لا يصبح ولا يمسي إلا
جو تمہارے تابعدار ہیں نہیں ڈھونڈھتے اہل کو اور نہ مال کو اور خیانت کرنے والا کہ نہیں چھپی ہو اسکے لئے کوئی چیز طمع کی اگرچہ تھوڑی ہو مگر خیانت کرے
وهو يخادعك عن أهلك ومالك وذكر البخل والكذب والشنظير الفحاش رواه مسلم وعن أنس قال قال رسول الله
وہ فریب دیتا ہے تجھکو تیرے اہل اور مال کے واسطے اور ذکر کیا بخل اور جھوٹ کا اور بدخلق بدی بکنے والا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا
صلى الله عليه وآله وسلم والذي نفسي بيده لا يؤمن عبد حتى يحب لأخيه ما يحب لنفسه متفق عليه وعن أبي هريرة
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم اسکی کہ جسکے قابو میں میری جان ہے ایماندار نہو گا کوئی بندہ یہاں تک کہ دوست رکھے اپنے بھائی کے لئے جو چیز کہ دوست رکھتا ہے اپنے
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله لا يؤمن والله لا يؤمن والله لا يؤمن قيل من يا رسول الله قال الذي لا يأمن جاره بوائقه متفق عليه وعن عائشة وابن
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم خدا کی وہ مومن نہیں قسم خدا کی وہ مومن نہیں قسم خدا کی وہ ایماندار نہیں کہا گیا کون یا رسول اللہ کہا جسکے ہمسائے لوگ اسکی تکلیف سے نہ بچیں
عمر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ما زال جبريل يوصيني بالجار حتى ظننت أنه سيورثه متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله
عمر سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا ہمیشہ جبرئیل وصیت کرتا ہے مجھکو ہمسائے کے حق میں یہاں تک کہ گمان کیا میں نے کہ وارث کر دیگا ہمسائے کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ
عليه وسلم إذا كنتم ثلاثة فلا يتناجى اثنان دون الآخر حتى تختلطوا بالناس من أجل أن يحزنه متفق عليه وعن تميم الداري
علیہ وسلم نے جب تم تین آدمی ہو تو چپکے دو آدمی بات نہ کریں ایک کو چھوڑ کر یہاں تک کہ ملیں لوگوں سے اسواسطے کہ یہ غم میں ڈالیگا اسکو ۔ ق ۔ اور روایت ہے تمیم داری
أن النبي صلى الله عليه وسلم قال الدين النصيحة ثلاثا قلنا لمن قال لله ولكتابه ولرسوله ولأئمة المسلمين وعامتهم رواه
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین خیرخواہی ہے فرمایا تین بار کہا ہمنے کسکی خیرخواہی فرمایا اللہ کی اور اسکی کتاب کی اور اسکے رسول کی اور مسلمانوں کے اماموں کی اور تمام مسلمانوں کی
مسلم وعن جرير بن عبد الله قال بايعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم على إقام الصلوة وإيتاء الزكوة والنصح لكل
مسلم نے اور روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا کہ بیعت کی ہمنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نماز کھڑی کرنے اور زکوۃ دینے پر اور خیرخواہی پر ہر
مسلم متفق عليه

الفصل الثاني

عن أبي هريرة قال سمعت أبا القاسم الصادق المصدوق يقول لا تنزع الرحمة
مسلمان کے ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا سنا میں نے ابا القاسم کو کہ سچا اور سچا کیا ہوا فرماتے کھینچی نہیں جاتی مہربانی
إلا من شقي رواه أحمد والترمذي وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الراحمون يرحمهم الرحمن
مگر بدبخت کے دل سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لوگ کہ خلق اللہ پر رحم کرتے ہیں رحمن ان پر
ارحموا من في الأرض يرحمكم من في السماء رواه أبو داود والترمذي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس
رحم کرو زمین والوں پر رحم کریگا تم پر آسمان والا روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے
منا من لم يرحم صغيرنا ولم يوقر كبيرنا ويأمر بالمعروف وينه عن المنكر رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن
ہم سے جو نہ رحم کرے لڑکوں پر ہمارے اور توقیر نہ کرے بڑھوں پر ہمارے اور نہ بتلاوے بھلی بات اور باز نہ رکھے بری بات سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے
أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أكرم شاب شيخا من أجل سنه إلا قيض الله له عند سنه من يكرمه رواه
انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تعظیم کیا کسی جوان نے کسی بڈھے کی اسکے بڈھاپے کے سبب مگر مقرر کرتا ہے اللہ اسکے لئے اسکے بڈھاپے کے وقت جو کوئی
الترمذي وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن من إجلال الله تعالى إكرام ذي الشيبة المسلم وحامل
ترمذی نے اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی تعظیم سے ہے تعظیم بڈھے مسلمان کی اور تعظیم قرآن پڑھنے والے کی

الْقُرْآنِ غَيْرِ الْغَالِي فِيهِ وَلَا الْجَافِي عَنْهُ وَإِكْرَامَ السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

نہ غالی ہو تلاوت میں اور نہ جافی ہو اور تعظیم سلطان عادل کی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِينَ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ يُحْسَنُ إِلَيْهِ وَشَرُّ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِينَ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر گھر مسلمانوں میں وہ گھر ہے جس میں یتیم ہو کہ بھلائی کی جاوے اسکے ساتھ اور بدتر گھر مسلمانوں میں وہ ہے کہ جس میں یتیم ہو

يُسَاءُ إِلَيْهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَأْسَ يَتِيمٍ لَمْ يَمْسَحْهُ إِلَّا لِلّٰهِ كَانَ لَهُ

کہ جسکے ساتھ بدی پہنچائی جاوے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پھیرتا ہے ہاتھ یتیم کے سر پر نہیں پھیرتا ہے مگر اللہ کے واسطے ہو اسکے لئے

بِكُلِّ شَعْرَةٍ تَمُرُّ عَلَيْهَا يَدُهُ حَسَنَاتٌ وَمَنْ أَحْسَنَ إِلَى يَتِيمَةٍ أَوْ يَتِيمٍ عِنْدَهُ كُنْتُ أَنَا وَهُوَ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ وَقَرَنَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ رَوَاهُ

بدلے ہر بال کے جس پر گذرتا ہے ہاتھ اسکا نیکیاں اور جو احسان کرے یتیم لڑکی یا لڑکے پر جو پاس اسکے ہے میں اور وہ بہشت میں ملے رہونگا جیسے دو ور اور ملایا حضرت نے درمیان دونوں انگلیوں کے روایت کیا

أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ آوَى يَتِيمًا إِلَى طَعَامِهِ

احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے جگہ دی یتیم کو اپنے کھانے

وَشَرَابِهِ أَوْجَبَ اللهُ لَهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ إِلَّا أَنْ يَعْمَلَ ذَنْبًا لَا يُغْفَرُ وَمَنْ عَالَ ثَلَاثَ بَنَاتٍ أَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الْأَخَوَاتِ فَأَدَّبَهُنَّ

اور پینے کی چیز سے واجب کی اللہ نے اسکے لئے بہشت البتہ مگر کرے ایسا گناہ جو لائق بخشنے کے نہ ہو اور جو پرورش کرے تین لڑکیوں کی یا مثل انکی بہنوں کی ہو

وَرَحِمَهُنَّ حَتّٰى يُغْنِيَهُنَّ اللهُ تَعَالٰى أَوْجَبَ اللهُ لَهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ أَوِ اثْنَتَيْنِ قَالَ أَوِ اثْنَتَيْنِ حَتّٰى لَوْ قَالُوا أَوْ وَاحِدَةً

اور رحم کرے ان پر یہاں تک کہ بے نیاز کرے خدا تعالیٰ ان کو تو واجب کرتا ہے خدا اسکے لئے بہشت تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ یا دو کی فرمایا یا دو کی یہاں تک کہ اگر لوگ کہتے یا ایک کی

وَمَنْ أَذْهَبَ اللهُ كَرِيمَتَيْهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ مَا كَرِيمَتَاهُ قَالَ عَيْنَاهُ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

تو فرماتے یا پرورش کرے ایک کی اور جسکی لے لیوے اللہ دو چیز پیاری واجب ہوتی ہے اسکے لئے بہشت پوچھا گیا یا رسول اللہ کونسی چیز ہیں پیاری اسکی فرمایا دو آنکھیں اسکی روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْ يُؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِصَاعٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ ادب سکھانا مرد کا اپنے لڑکے کو بھلا ہے اسکے لئے صدقہ دینے سے ایک صاع غلہ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ

حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَنَاصِحٌ الرَّاوِي لَيْسَ عِنْدَ أَصْحَابِ الْحَدِيثِ بِالْقَوِيِّ وَعَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسٰى عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ

حدیث غریب ہے اور ناصح جو راوی اس حدیث کا ہے نہیں ہے نزدیک محدثوں کے قوی اور روایت ہے ایوب بن موسیٰ سے اسنے اپنے باپ سے اسکے دادا سے کہ رسول

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهُ مِنْ نَحْلٍ أَفْضَلَ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہ دیا باپ نے اپنے لڑکے کو کوئی بہتر دینا نیک ادب سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا عِنْدِي حَدِيثٌ مُرْسَلٌ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَامْرَأَةٌ

ترمذی نے یہ حدیث میرے نزدیک مرسل ہے اور روایت ہے عوف بن مالک الاشجعی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے میں اور وہ عورت

سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَوْمَأَ يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ إِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ امْرَأَةٌ آمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ

جسکے کالے ہو گئے ہوں رخسارے مانند ان دو کے قیامت کے دن اور اشارہ کیا یزید بن زریع نے بیچ اور کلمہ کی انگلی کی طرف وہ عورت جو بیوہ ہو گئی ہو اپنے شوہر سے منصب

وَجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوا أَوْ مَاتُوا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور حسن والی ہو کہ اپنے آپ کو یتیم لڑکوں پر روک رکھا ہو یہاں تک کہ جدے ہو جائیں یا مر جائیں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

من كانت له أنثى فلم يئدها ولم يهنها ولم يؤثر ولده عليها يعني الذكور أدخله الله الجنة رواه أبو داود وعن أنس

جسکو ہو لڑکی پھر زندہ نہ گاڑے اسکو اور نہ اہانت کرے اسکی اور نہ مقدم رکھے اسپر لڑکے کو یعنے بیٹے لڑکوں کو داخل کرتا ہے اللہ اسکو بہشت میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انس سے

عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من اغتيب عنده أخوه المسلم وهو يقدر على نصره فنصره نصره الله في الدنيا والآخرة

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا جسکے پاس غیبت کی جاوے مسلمان بھائی کی حالانکہ وہ قدرت رکھتا ہے اسکی مدد پر پھر مدد کی اسکی مدد کرتا ہے خدا اسکی دنیا اور آخرت میں

فإن لم ينصره وهو يقدر على نصره أدركه الله به في الدنيا والآخرة رواه في شرح السنة وعن أسماء بنت يزيد قالت

پھر اگر نہ مدد کرے اسکی حالانکہ وہ قادر ہے اسکی مدد پر تو پکڑیگا اللہ اسکے سبب دنیا اور آخرت میں روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے اسماء بنت یزید سے بولیں

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من ذب عن لحم أخيه بالمغيبة كان حقا على الله أن يعتقه من النار رواه البيهقي

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے باز رکھا اپنے گوشت کو اپنے بھائی کے اسکی پیٹھ پیچھے ہوگا حق اللہ پر یہ کہ آزاد کرے اسکو آگ سے روایت کیا اسکو بیہقی نے

في شعب الإيمان وعن أبي الدرداء قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ما من مسلم يرد عن عرض أخيه إلا كان حقا

شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ منع کرے اپنے بھائی کی غیبت سے مگر

على الله أن يرد عنه نار جهنم يوم القيامة ثم تلا هذه الآية وكان حقا علينا نصر المؤمنين رواه في شرح السنة وعن

اللہ پر کہ باز رکھے اس سے دوزخ کی آگ قیامت کے دن پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت اور ہے ہم پر مدد ایمانداروں کی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے

جابر أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ما من امرئ مسلم يخذل امرأ مسلما في موضع ينتهك فيه حرمته وينتقص فيه

جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے کوئی مرد مسلمان جو نہ مدد کرے مسلمان کی اس جگہ میں کہ لی جاوے حرمت اسکی اور گھٹایا جاوے

من عرضه إلا خذله الله في موطن يحب فيه نصرته وما من امرئ مسلم ينصر مسلما في موضع ينتقص فيه من عرضه

آبرو اسکی مگر نہ مدد کریگا اللہ اسکی اس جگہ جہاں دوست رکھیگا خدا کی مدد کو اور نہیں کوئی مرد مسلمان جو مدد کرے مسلمان کی ایسی جگہ جہاں گھٹایا جاوے آبرو اسکی

وينتهك فيه من حرمته إلا نصره الله في موطن يحب فيه نصرته رواه أبو داود وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله

اور لی جاوے حرمت اسکی مگر مدد کرتا ہے اسکی خدا ایسی جگہ جہاں دوست رکھتا ہے خدا کی مدد کو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم من رأى عورة فسترها كان كمن أحيى موؤدة رواه أحمد والترمذي وصححه وعن أبي هريرة قال

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے دیکھا عیب کو پھر چھپا دیا اسکو مثل ہوتا ہے جیسے کہ جلایا جیتی گاڑی کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن أحدكم مرآة أخيه فإن رأى به أذى فليمط عنه رواه الترمذي وضعفه وفي رواية

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ایک تمہارا آئینہ ہے دوسرے کا سو جب دیکھے دوسرے میں عیب تو دور کرے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور ایک روایت میں

له ولأبي داود المؤمن مرآة المؤمن والمؤمن أخو المؤمن يكف عنه ضيعته ويحوطه من ورائه وعن معاذ بن أنس قال قال

ترمذی اور ابی داود کے ہے ایماندار آئینہ ایماندار کا ہے ایماندار بھائی ایماندار کا ہے رفع کرتا ہے اس سے اسکے ضرر کی چیز اور حفاظت کرتا ہے اسکی غائبانہ اور روایت ہے معاذ ابن انس سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من حمى مؤمنا من منافق بعث الله ملكا يحمي لحمه يوم القيامة من نار جهنم ومن رمى مسلما

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جو نگاہ رکھے مومن کو منافق کی بدی سے اٹھاوے اللہ ایک فرشتہ جو نگاہ رکھے اسکے گوشت کو قیامت کے دن آگ سے دوزخ کی اور جو شخص گالی دے مسلمان کو

بشيء يريد به شينه حبسه الله على جسر جهنم حتى يخرج مما قال رواه أبو داود وعن عبد الله بن عمرو قال قال

کسی چیز پر حالانکہ چاہتا ہے اس سے عیب اسکا ٹھہرا رکھتا ہے اسکو اللہ دوزخ کے پل پر یہاں تک کہ نکلے اس چیز سے جو کہا ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الأصحاب عند الله خيرهم لصاحبه وخير الجيران عند الله خيرهم لجاره رواه الترمذي

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یاروں سے بھلا یار نزدیک خدا کے جو سب سے بھلا ہو اپنے یار کے ساتھ اور ہمسایوں میں سے اچھا ہمسایہ نزدیک خدا کے جو سب سے اچھا ہو اپنے ہمسایہ سے

والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن ابن مسعود قال قال رجل للنبي صلى الله عليه وآله وسلم يا رسول الله

اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ ایک مرد نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یا رسول اللہ

كيف لي أن أعلم إذا أحسنت وإذا أسأت فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم إذا سمعت جيرانك يقولون قد أحسنت

کیونکر معلوم کروں میں کہ جب نیکی کرتا ہوں یا بدی پہنچاتا ہوں تب فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جب سنے تو اپنے ہمسایوں سے بولتے ہیں کہ احسان کیا تو نے تو

فقد أحسنت وإذا سمعتهم يقولون قد أسأت فقد أسأت رواه ابن ماجه وعن عائشة رض أن النبي صلى الله عليه وآله

البتہ احسان کیا تو نے اور جب سنے تو انکو کہتے کہ بدی پہنچائی تو نے تو البتہ بدکار ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ و

سلم قال أنزلوا الناس منازلهم رواه أبو داود

الفصل الثالث

عن عبد الرحمن بن أبي قراد أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم توضأ

سلم نے فرمایا اتارو لوگوں کو انکی منزلوں میں روایت کیا اسکو ابوداود نے فصل تیسری روایت ہے عبد الرحمن بن ابی قراد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے وضو کیا

يوما فجعل أصحابه يتمسحون بوضوئه فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ما يحملكم على هذا قالوا حب الله ورسوله فقال

ایک دن تب اصحاب مسح کرنے لگے آپ کے وضو کے پانی سے تب فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کونسی چیز باعث ہوئی تمکو اس پر کہا دوست رکھنا اللہ اور اسکے رسول کا تب فرمایا

النبي صلى الله عليه وآله وسلم من سره أن يحب الله ورسوله أو يحبه الله ورسوله فليصدق حديثه إذا حدث وليؤد

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسکو خوش لگے کہ دوست رکھے اللہ اور اسکے رسول کو یا دوست رکھے اسکو اللہ اور رسول اسکا تو چاہیے کہ سچا ہو اپنی بات میں جب بات کرے

أمانته إذا اؤتمن وليحسن جوار من جاوره وعن ابن عباس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ليس المؤمن

لوگوں کی امانت ادا کرے جب امین بنے اور اچھی ہمسایگی کرے اپنے ہمسایہ سے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے نہیں مومن

بالذي يشبع وجاره جائع إلى جنبه رواهما البيهقي في شعب الإيمان وعن أبي هريرة قال قال رجل يا رسول الله إن فلانة تذكر

جو پیٹ بھر آسودہ ہو کر اور ہمسایہ اسکا بھوکا ہو اسکے پہلو میں روایت کیاں ان دو حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ فلانی عورت

من كثرة صلاتها وصيامها وصدقتها غير أنها تؤذي جيرانها بلسانها قال هي في النار قال يا رسول الله فإن فلانة

اپنی کثرت نماز و روزے و صدقے کے ساتھ مگر وہ ستاتی ہے ہمسایہ کو اپنے اپنی زبان سے فرمایا وہ آگ میں ہے کہا یا رسول اللہ سو فلانی دوسری

تذكر من قلة صيامها وصدقتها وصلاتها وإنها تصدق بالأثوار من الأقط ولا تؤذي بلسانها جيرانها قال

ذکر کی جاتی ہے قلت روزہ اور صدقہ اور نماز کے ساتھ اور وہ خیرات کرتی ہے اقط کے ٹکڑے اور نہیں ستاتی ہے اپنے ہمسایہ کو اپنے زبان سے فرمایا

هي في الجنة رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان وعنه قال إن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وقف على ناس

وہ بہشت میں ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے اسی سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کھڑے ہوئے لوگوں پر

جلوس فقال ألا أخبركم بخيركم من شركم قال فسكتوا فقال ذلك ثلث مرات فقال رجل بلى يا رسول الله أخبرنا

جو بیٹھے ہوئے تھے پھر فرمایا بھلا نہ بتلاؤں تمکو کہ کون تم سے اچھا اور کون برا ہے تب چپ رہے لوگ پھر فرمایا اس کلمے کو تین بار تب ایک شخص نے کہا کیوں نہیں یا رسول اللہ بتلا ہمکو

بخيرنا من شرنا فقال خيركم من يرجى خيره ويؤمن شره وشركم من لا يرجى خيره ولا يؤمن شره رواه الترمذي والبيهقي

کون اچھا اور کون برا ہے ہم سے فرمایا اچھا تمہارا وہ جس سے امید نیکی کی ہو اور خاطر جمعی ہو بدی سے اور برا تمہارا وہ جس سے امید نیکی کی نہ ہو اور خاطر جمعی نہ ہو بدی سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے

فی شعب الایمان وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تعالیٰ قسم
شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالیٰ قسمت کیا

بینکم اخلاقکم کما قسم بینکم ارزاقکم وان الله تعالیٰ یعطی الدنیا من یحب ومن لا یحب ولا یعطی الدین الا من احب فمن
تم میں اخلاق کو تمھارے جیسے قسمت کی درمیان تمھارے روزیاں تمھاری اور اللہ تعالیٰ دیتا ہے دنیا مومن اور کافر کو اور نہیں دیتا ہے دین مگر مومن کو سو جسکو

اعطاه الله الدین فقد احبه والذی نفسی بیده لا یسلم عبد حتی یسلم قلبه ولسانه ولا یؤمن حتی یأمن جاره بوائقه
دیا خدا نے دین تو دوست رکھتا ہے اسکو اور قسم ہے اسکی کہ جان میری اسکے ہاتھ ہے مسلمان نہوگا بندہ یہانتک کہ مسلمان ہو دل اور زبان اسکی اور ایمان دار نہوگا یہانتک کہ امن میں ہو ہمسایہ اسکا

وعن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال المؤمن مألف ولا خیر فیمن لا یألف ولا یؤلف رواهما احمد والبیهقی
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایماندار محل دوستی کا ہے اور نہیں ہے نیکی اسمیں جو دوستی نکرے اور نہ دوست بنے روایت کیا ان دونو حدیثوں کو احمد نے اور بیہقی نے

فی شعب الایمان وعن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم من قضی لاحد من امتی حاجة یرید ان یسره بها فقد
شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے نکالی مری کسی ایک امتی کی حاجت چاہتا ہو کہ خوش کرے اسکو اس تو

سرنی ومن سرنی فقد سر الله ومن سر الله ادخله الله الجنة وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم من اغاث
اسنے خوش کیا مجھے اور جسنے خوش کیا مجھے سو اسنے خوش کیا اللہ کو اور جسنے خوش کیا اللہ کو داخل کریگا خدا اسکو بہشت میں اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے فریاد

ملهوفا کتب الله له ثلثا وسبعین مغفرة واحدة فیها صلاح امره کله وثنتان وسبعون له درجات یوم القیمة وعن
کسی مظلوم کی تو لکھتا ہے اللہ اسکے لئے تہتر معافی ایک ان میں سے ہے کہ جس میں اسکے سب کام کی اصلاح ہے اور بہتر اسکے لئے موجب زیادتی درجوں میں قیامت کے دن

عبد الله رض قالا قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم الخلق عیال الله فاحب الخلق الی الله من احسن الی عیاله روی البیهقی
اور روایت ہے انس اور عبد اللہ رض سے ہی دونوں نے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خلق اللہ حکم میں عیال خدا کے ہیں سو زیادہ پیارا خلق اللہ کا وہ ہے جو احسان کرے عیال پر روایت کیا بیہقی نے

الاحادیث الثلثة فی شعب الایمان وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم اول خصمین یوم القیمة
ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اول آپسمیں جھگڑنے والے قیامت کے دن

جاران رواه احمد وعن ابی هریرة ان رجلا شکی الی النبی صلی الله علیه وآله وسلم قسوة قلبه قال امسح رأس الیتیم واطعم
دو ہمسائے ہیں روایت کیا اسکو احمد اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے شکایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اپنے دل سخت ہونے کی تو فرمایا حضرت نے ہاتھ پھیر یتیم کے سر پر اور کھانا کھلا

المسکین رواه احمد وعن سراقة بن مالک ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال الا ادلکم علی افضل الصدقة ابنتک مردودة
محتاج کو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے سراقہ بن مالک سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بھلا نہ بتلاؤں تمکو بہتر صدقہ دینا تمھارے صدقہ دینا ہے اپنی بیٹی کو جو پھر آئی ہو

الیک لیس لها کاسب غیرک رواه ابن ماجة

باب الحب فی الله ومن الله　الفصل الاول

وعن عائشة رض قالت قال
تیری طرف نہیں ہے اسکا کمانے والا سوا تیرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے باب دوستی واسطے خدا کے اور اسکی رضا کے لئے ہے پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے بولیں فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم الارواح جنود مجندة فما تعارف منها ائتلف وما تناکر منها اختلف رواه البخاری و
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روحوں کے لشکر ہیں جھنڈ کے جھنڈ سو جو انمیں آشنا تھا وہ الفت والا اور جو انمیں سے نا آشنا تھا جدا رہا روایت کیا اسکو بخاری نے اور

رواه مسلم عن ابی هریرة وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ان الله اذا احب عبدا دعا جبرئیل فقال انی احب
روایت کیا اسکو مسلم نے ابی ہریرہ سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر خدا جب دوست رکھتا ہے بندہ کو بلاتا ہے جبرئیل کو پھر کہتا ہے میں نے دوست رکھا

فُلَانًا فَأَحِبَّهُ قَالَ فَيُحِبُّهُ جِبْرَئِيلُ ثُمَّ يُنَادِي فِي السَّمَاءِ فَيَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوهُ فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ ثُمَّ يُوضَعُ لَهُ

فلانے کو سو دوست رکھ اسکو فرمایا پھر دوست رکھتا ہے اسکو جبرئیل پھر ندا کرتا ہے آسمان میں اور کہتا ہے کہ خدا نے دوست رکھا فلانے کو سو تم سب دوست رکھو اسکو سو دوست رکھتے ہیں اسکو آسمان والے پھر رکھی جاتی ہے محبت اسکی

الْقَبُولُ فِي الْأَرْضِ وَإِذَا أَبْغَضَ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِيلَ فَيَقُولُ إِنِّي أُبْغِضُ فُلَانًا فَأَبْغِضْهُ قَالَ فَيُبْغِضُهُ جِبْرَئِيلُ ثُمَّ يُنَادِي فِي أَهْلِ السَّمَاءِ

زمین والوں کے دل میں اور جب دشمن رکھتا ہے کسی بندے کو بلاتا ہے جبرئیل کو پھر فرماتا ہے کہ میں دشمن رکھتا ہوں فلانے کو سو تو دشمن رکھ اسکو فرمایا سو دشمن رکھتا ہے اسکو جبرئیل پھر ندا کرتا ہے آسمان والوں میں

إِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ فُلَانًا فَأَبْغِضُوهُ قَالَ فَيُبْغِضُونَهُ ثُمَّ يُوضَعُ لَهُ الْبَغْضَاءُ فِي الْأَرْضِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہ خدا دشمن رکھتا ہے فلانے کو سو تم دشمن رکھو اسکو فرمایا پھر رکھی جاتی ہے دشمنی اسکی زمین والوں کے دل میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَيْنَ الْمُتَحَابُّونَ بِجَلَالِي الْيَوْمَ أُظِلُّهُمْ فِي ظِلِّي يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلِّي رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

علیہ وآلہ وسلم نے کہ مقرر اللہ فرماویگا قیامت کے دن کہاں ہیں آپس میں محبت کرنے والے میری عظمت کے سبب سے آج جگہ دونگا انکو اپنے سایہ میں اس دن جو نہیں ہے سوا میرے سایہ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَجُلًا زَارَ أَخًا لَهُ فِي قَرْيَةٍ أُخْرَى فَأَرْصَدَ اللّٰهُ لَهُ عَلَى مَدْرَجَتِهِ مَلَكًا قَالَ أَيْنَ تُرِيدُ قَالَ أُرِيدُ أَخًا لِي فِي

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ ایک مرد نے قصد ملاقات کا کیا اپنے بھائی کا جو دوسری بستی میں تھا سو خدا نے اسکی راہ میں ایک فرشتہ بٹھلا رکھا پوچھا کہ تو کہاں جاتا ہے کہا اپنے بھائی کی ملاقات کو جو

هٰذِهِ الْقَرْيَةِ قَالَ هَلْ لَكَ عَلَيْهِ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَيْرَ أَنِّي أَحْبَبْتُهُ فِي اللّٰهِ قَالَ فَإِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ إِلَيْكَ بِأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَبَّكَ كَمَا أَحْبَبْتَهُ

اس بستی میں ہے کہا کچھ تیرا اس پر احسان ہے جو بڑھایا چاہتا ہے کہا نہیں صرف محبت رکھتا ہوں اس سے خدا کے واسطے کہا کہ میں بھیجا ہوا خدا کا ہوں تیرے پاس یہ پیغام دیکر کہ خدا تجھکو دوست رکھتا ہے جیسے تو نے دوست رکھا اسکو

فِيهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ

خدا کے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پھر عرض کیا یا رسول اللہ کیا فرماتے ہیں آپ اسکے حق میں جو دوست رکھتا ہے

قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ فَقَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَيْلَكَ وَمَا

ایسی قوم کو کہ جنکو نہ دیکھا تب فرمایا مرد اسی کے ساتھ ہے جسکو دوست رکھتا ہے ق اور روایت ہے انس سے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ کب ہوگی قیامت فرمایا کیا تو نے

أَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ مَا أَعْدَدْتُ لَهَا إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ قَالَ أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ فَمَا رَأَيْتُ الْمُسْلِمِينَ فَرِحُوا

تیار کیا تو نے اسکے لئے کہا کچھ تیار نہیں کیا اسکے لئے مگر کہ میں دوست رکھتا ہوں اللہ اور رسول کو فرمایا تو ساتھ اسکے ہے جسکو دوست رکھا کہا انس نے پھر نہ دیکھا میں نے مسلمانوں کو خوش ہوتے

بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ

کسی چیز میں بعد اسلام کے جیسے کہ خوش ہوئے اس کلمے سے ق اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاوت ہمنشین نیک

وَالسُّوءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا

اور بد کی جیسی کہاوت ہے مشک رکھنے والے اور بھٹی پھونکنے والے کی سو مشک رکھنے والا یا دیگا تجھکو یا خریدیگا تو اس سے یا پاوے گا اس سے خوشبو

طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا خَبِيثَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

اچھی اور لوہار یا کہ جلا دیگا کپڑے کو تیرے یا پاویگا تو اس سے بدبو ق دوسری فصل روایت ہے معاذ بن جبل سے

قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى وَجَبَتْ مَحَبَّتِي لِلْمُتَحَابِّينَ فِيَّ وَالْمُتَجَالِسِينَ فِيَّ وَالْمُتَزَاوِرِينَ فِيَّ

کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے فرمایا اللہ تعالی نے واجب ہوئی محبت میری آپس میں محبت رکھنے والوں کے لئے اور آپس میں بیٹھنے والوں اور

وَالْمُتَبَاذِلِينَ فِيَّ رَوَاهُ مَالِكٌ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى الْمُتَحَابُّونَ فِي جَلَالِي لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُورٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّونَ

اور آپس میں مال خرچ کرنے والوں کے لئے میرے واسطے روایت کیا اسکو مالک نے اور ترمذی کی ایک روایت میں فرمایا کہتا ہے اللہ تعالی جو لوگ کہ آپس میں محبت رکھتے ہیں میرے واسطے منبر ان کے لئے نور کے ہونگے رشک کرینگے انپر انبیا

والشهداء. وعن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن من عباد الله لأناسا ما هم بأنبياء ولا شهداء يغبطهم الأنبياء والشهداء

اور شہدا اور روایت ہے عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مقرر خدا کے بندوں سے کتنے آدمی ہیں کہ وے نہ نبی ہیں اور نہ شہید رشک لیتے ہیں ان سے انبیا اور شہدا

يوم القيامة بمكانهم من الله قالوا يا رسول الله تخبرنا من هم قال هم قوم تحابوا بروح الله على غير أرحام بينهم ولا أموال يتعاطونها

قیامت کے دن ان کے مرتبے کے سبب خدا کے پاس بولے یا رسول اللہ بتلائیے ہمکو وے کون ہیں فرمایا وے ایک قوم ہیں جو آپس میں محبت رکھتے تھے خدا کے لئے بغیر قرابت والوں پر اور مالوں کے جو آپس میں دیا لیا

فوالله إن وجوههم لنور وإنهم لعلى نور لا يخافون إذا خاف الناس ولا يحزنون إذا حزن الناس وقرأ هذه الآية ألا إن

سو قسم اللہ کی مقرر منہہ ان کے روشن ہیں اور وے نور پر ہیں نہ ڈر ہوگے جب ڈرینگے لوگ اور غم میں نہ پڑینگے جب غمگین ہوں لوگ اور پڑھی حضرت نے یہہ آیت سن تارہ مقرر

أولياء الله لا خوف عليهم ولا هم يحزنون. رواه أبو داود ورواه في شرح السنة وعن أبي مالك بلفظ المصابيح مع زوائد

اولیا خدا کے نہ ڈر ہوگا ان پر اور نہ وے غم میں پڑینگے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابی مالک سے ساتھ لفظ مصابیح کے زیادتیوں سمیت

وكذا في شعب الإيمان. وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأبي ذر يا أبا ذر أي عرى الإيمان أوثق قال الله و

اور اسی طرح ہے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی ذر کو اے ابو ذر کونسا دستہ ایمان کا مضبوط ہے کہا اللہ اور

رسوله أعلم قال الموالاة في الله والحب في الله والبغض في الله. رواه البيهقي في شعب الإيمان. وعن أبي هريرة أن النبي صلى

رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا دوستی رکھنی آپس میں خدا کے واسطے اور دوست رکھنا واسطے خدا کے اور دشمن رکھنا واسطے خدا کے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی

الله عليه وسلم قال إذا عاد المسلم أخاه أو زاره قال الله تعالى طبت وطاب ممشاك وتبوأت من الجنة منزلا. رواه الترمذي

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی بیمار پرسی کرے اپنے بھائی کی یا اسکی ملاقات کرتا ہے تو فرماتا ہے خدا خوش ہو زندگی تیری اور اچھا ہے چلنا تیرا اور لی تو نے جنت میں منزل روایت کیا اسکو ترمذی

وقال هذا حديث غريب. وعن المقدام بن معديكرب عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إذا أحب الرجل أخاه

اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جب دوست رکھے مرد اپنے بھائی کو

فليخبره أنه يحبه. رواه أبو داود والترمذي. وعن أنس قال مر رجل بالنبي صلى الله عليه وآله وسلم وعنده ناس فقال رجل

تو چاہیے کہ خبر کرے اسکو کہ وہ دوست رکھتا ہے اسکو روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا گذرا ایک مرد حضرت صلے اللہ علیہ والہ وسلم پاس اور حضرت پاس لوگ تھے تب کہا ایک مرد نے

ممن عنده إني لأحب هذا لله فقال النبي صلى الله عليه وسلم أعلمته قال لا قال قم إليه فأعلمه فقام إليه فأعلمه فقال أحبك

ان میں سے جو آپ پاس تھے مقرر میں دوست رکھتا ہوں اسکو واسطے اللہ کے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلا خبر دی تو نے اسکو کہا نہیں فرمایا جا اسکی طرف اور خبر کر اسکو سو گیا اسکی طرف اور خبر کی تب کہا اس نے دوست رکھے تجھے

الذي أحببتني له قال ثم رجع فسأله النبي صلى الله عليه وآله وسلم فأخبره بما قال فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم أنت مع

وہ کہ جسکے لئے تو نے دوست رکھا مجھے کہا پھر لوٹ آیا وہ تب پوچھا اسکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تب خبر دیا حضرت کو جو کہا تھا اس نے تب فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے تو اسی کے ساتھ ہے

من أحببت ولك ما احتسبت. رواه البيهقي في شعب الإيمان وفي رواية الترمذي المرء مع من أحب وله ما اكتسب

جس سے محبت رکھتا ہے اور تیرے لئے ہے جو امید رکھتا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور ترمذی کی ایک روایت میں مرد اسکے ساتھ ہے جس سے محبت رکھتا ہے اور واسطے اسکے ہے جو کمایا

وعن أبي سعيد أنه سمع النبي صلى الله عليه وآله وسلم يقول لا تصاحب إلا مؤمنا ولا يأكل طعامك إلا تقي. رواه الترمذي

اور روایت ہے ابی سعید سے کہ سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے یار نہ بنا مگر مومن کو اور نہ کھائے کھانا تیرا مگر پرہیزگار روایت کیا اسکو ترمذی

وأبو داود والدارمي. وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المرء على دين خليله فلينظر أحدكم من

اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے مرد اپنے دوست کے دین پر ہے سو چاہیے کہ نظر کرے ہر شخص

يحالل رواه احمد والترمذي وابوداود والبيهقي في شعب الايمان وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وقال النووي اسناده

دوست رکھتا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور کہا نووی نے اسناد اسکی

صحيح عن يزيد بن نعامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا آخى الرجل الرجل فليسأله عن اسمه واسم ابيه

صحیح ہے اور روایت ہے یزید بن نعامہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب دوستی رکھے ایک دوسرے کو تو چاہیے کہ پوچھے اسکا نام اور نام اسکے باپ کا

وممن هو فانه اوصل للمودة رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن ابي ذر قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور کس گروہ سے ہے وہ کیونکہ یہ زیادہ ملانے والا ہے دوستی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ باہر نکل آئے ہمارے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

قال أتدرون اي الاعمال احب الى الله تعالى قال قائل الصلوة والزكوة وقال قائل الجهاد فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم

فرمانے لگے بھلا جانتے ہو کون کام بہت پیارا ہے اللہ کو کہا کسی نے نماز اور زکوۃ کہا دوسرے نے جہاد تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ان احب الاعمال الى الله تعالى الحب في الله والبغض في الله رواه احمد وروى ابوداود الفصل الاخير وعن ابي امامة قال

کہ سب کاموں سے بہت پیارا کام خدا کے پاس دوستی خدا کے واسطے اور دشمنی خدا کے واسطے ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا ابوداود نے فصل اخیر کو اور روایت ہے ابی امامہ

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما احب عبد عبدا لله الا اكرم ربه رواه احمد وعن اسماء بنت يزيد انها

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ دوست رکھا کوئی بندہ کسی بندے کو واسطے اللہ کے مگر بزرگ رکھا اپنے رب کو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسماء بنت یزید سے

سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول الا انبئكم بخياركم قالوا بلى يا رسول الله قال خياركم الذين اذا رءوا

سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے بھلا نہ بتلاؤں تمکو تم سے بہتر لوگ ہیں صحابہ نے کہا کیوں نہیں اے رسول اللہ فرمایا بہتر تمہارے وہ ہیں کہ جب ان کو لوگ دیکھیں

ذكر الله رواه ابن ماجه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لو ان عبدين تحابا في الله عز وجل

اللہ کا ذکر کرنے لگیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اگر ہوں دو بندے جو آپس میں دوست ہیں واسطے خدا عز وجل کے

واحد في المشرق وآخر في المغرب لجمع الله بينهما يوم القيمة يقول هذا الذي كنت تحبه في وعن ابي رزين انه قال

ایک انکا مشرق میں اور دوسرا مغرب میں البتہ جمع کرے اللہ ان کو قیامت کے دن کہے اللہ تعالی یہہ وہ ہے جسکو دوست رکھتا تھا تو ہمارے واسطے اور روایت ہے ابی رزین سے کہ فرمایا

له رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الا ادلك على ملاك هذا الامر تصيب به خير الدنيا والآخرة عليك

اسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھلا نہ بتلاؤں میں تمکو ایسی چیز کہ جس سے مضبوطی ہو اس دین کے کام کی کہ پہنچے تو بسبب اسکے دنیا اور آخرت کی بھلائی کو

بمجالس اهل الذكر واذا خلوت فحرك لسانك ما استطعت بذكر الله واحب في الله وابغض في الله يا ابا رزين

بیٹھنا اہل ذکر کے ساتھ اور جب تو تنہا بیٹھے تو ہلا اپنی زبان جہاں تک ہو سکے اللہ کی یاد میں اور دوست رکھ واسطے خدا کے اور دشمن رکھ واسطے خدا کے اے ابا رزین

هل شعرت ان الرجل اذا خرج من بيته زائرا اخاه شيعه سبعون الف ملك كلهم يصلون عليه ويقولون ربنا انه

کیا جانتا ہے تو جب نکلتا ہے مرد اپنے گھر سے ملاقات کو اپنے بھائی کی پیچھے اسکے پہنچتے ہیں ستر ہزار فرشتے کل ان کے معافی چاہتے ہیں اسکے لئے کہتے ہیں اے رب ہمارے اسنے

وصل فيك فصله فان استطعت ان تعمل جسدك في ذلك فافعل وعن ابي هريرة قال كنت مع رسول الله صلى الله

جوڑا واسطے تیرے سو تو جوڑ اسکو سو اگر ہو سکے تجھ سے کہ مشغول کرے اپنے بدن کو اس کام میں تو کر اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھا میں ساتھ رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان في الجنة لعمدا من ياقوت عليها غرف من زبرجد لها ابواب مفتحة

علیہ وآلہ وسلم کے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بہشت میں کتنے ستون ہیں یاقوت کے ان پر جھروکے ہیں زبرجد کے ان کے دروازے ہیں کھلے ہوئے

تضیٔ کما تضیٔ الکوکب الدری فقالوا یا رسول اللہ من یسکنھا قال المتحابون فی اللہ والمتجالسون فی اللہ والمتلاقون
چمک ہے بہن جیسے چمکتے تارے روشن بہ کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کون رہیگا ان میں تحقیق فرمایا الفت دوستی رکھنے والے اور بیٹھنے والے خدا کے واسطے اور ملاقات کرنے والے

فی اللہ رواہ البیہقی الاحادیث الثلاث فی شعب الایمان

باب ما ینہی عنہ من التہاجر والتقاطع واتباع العورات

خدا کے واسطے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں　باب بیان منع کرنے ترک ملاقات اور قطع رحم اور عیب جوئی کے

الفصل الاول

عن ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا یحل للرجل ان یہجر اخاہ فوق ثلث
پہلی فصل روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں حلال ہے کسی مرد کو کہ ملاقات چھوڑ دے اپنے بھائی کی تین

لیال یلتقیان فیعرض ھذا ویعرض ھذا وخیرھما الذی یبدأ بالسلام متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول
رات سے زیادہ ملیں دونوں پھر کنارہ کرے یہ اور کنارہ کرے وہ اور بہتر ان میں وہ ہے جو پہلے سلام کرے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث ولا تحسسوا ولا تجسسوا ولا تناجشوا ولا تحاسدوا
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بچو تم بدگمانی سے کیونکہ بدگمانی بہت جھوٹی بات ہے اور نہ تلاش اخبار کی کرو اور نہ جاسوسی کرو اور قیمت نہ بڑھاؤ اور نہ حسد کرو

ولا تباغضوا ولا تدابروا وکونوا عباد اللہ اخوانا وفی روایۃ ولا تنافسوا متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی
اور آپس میں عداوت نہ رکھو اور آپس میں پیٹھ دے کر نہ بیٹھو اور بھائی بھائی ہو بندے خدا کے اور ایک روایت میں ہے آپس میں دنیا کی رغبت نہ کرو متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

اللہ علیہ وآلہ وسلم تفتح ابواب الجنۃ یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد لا یشرک باللہ شیئا الا رجل کانت بینہ
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھلے جاتے ہیں دروازے بہشت کے دوشنبہ اور پنجشنبہ کے دن تو بخشا جاتا ہے ہر ایک بندے کو جو خدا کے ساتھ شریک نہیں کرتا کسی چیز کو مگر وہ شخص

وبین اخیہ شحناء فیقال انظروا ھذین حتی یصطلحا رواہ مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور درمیان اس کے بھائی کے عداوت ہو حکم ہوتا ہے مہلت دو ان کو یہاں تک کہ آپس میں صلح کریں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

تعرض اعمال الناس فی کل جمعۃ مرتین یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد مؤمن الا عبدا بینہ وبین اخیہ
روبرو کئے جاتے ہیں سب عمل لوگوں کے ہر ہفتہ میں دو بار دوشنبہ اور پنجشنبہ کے دن پھر بخشا جاتا ہے ہر بندہ ایماندار مگر وہ بندہ کہ جس کے درمیان اور اس کے بھائی کے

شحناء فیقال اترکوا ھذین حتی یفیئا رواہ مسلم وعن ام کلثوم بنت عقبۃ بن ابی معیط قالت سمعت رسول اللہ صلی
بغض ہے سو حکم ہوتا ہے چھوڑ دو دونوں کو یہاں تک کہ باز آویں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط سے بولیں سنا میں نے پیغمبر خدا صلے

اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول لیس الکذاب الذی یصلح بین الناس ویقول خیرا وینمی خیرا متفق علیہ وزاد مسلم قالت ولم
اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے وہ شخص جھوٹا نہیں جو ملاپ کرواتا ہو لوگوں میں اور کہتا ہے نیک بات اور اس طرف سے جو بات پہنچاتا ہے نیک بات متفق علیہ اور زیادہ کیا مسلم نے کہا

اسمعہ تعنی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یرخص فی شیء مما یقول الناس کذب الا فی ثلث الحرب والاصلاح بین
سنا میں نے اس کو مراد لیتی تھی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رخصت دیتے کسی چیز میں جس کو بولتے ہیں لوگ جھوٹ مگر تین چیز میں جہاد میں اور ملاپ کرانے میں درمیان

الناس وحدیث الرجل امرأتہ وحدیث المرأۃ زوجھا وذکر حدیث جابر ان الشیطان قد ایس فی باب الوسوسۃ
لوگوں کے اور بات مرد کی اپنی عورت کو اور بات عورت کی اپنے شوہر کو اور ذکر کی گئی حدیث جابر کی کہ تحقیق شیطان ناامید ہوا اور وسوسہ کے باب میں

الفصل الثانی

عن اسماء بنت یزید قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا یحل الکذب الا فی ثلث
دوسری فصل روایت ہے اسماء بنت یزید سے بولیں کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں حلال ہے جھوٹ بولنا مگر تین جگہ

كذب الرجل امرأته ليرضيها والكذب في الحرب والكذب ليصلح بين الناس رواه احمد والترمذي وعن عائشة ان رسول
جھوٹ بولنا مرد کا اپنی عورت کو تاکہ خوش کرے اسکو اور جھوٹ بولنا جنگ میں اور جھوٹ بولنا اس لئے کہ ملاپ کرائے درمیان لوگوں کے روایت کیا اسکو احمد و ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لا يكون لمسلم ان يهجر مسلما فوق ثلثة فاذا لقيه سلم عليه ثلث مرات كل ذلك لا
اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا نہیں لائق ہے کسی مسلمان کو کہ چھوڑ دے مسلمان کو زیادہ تین دن سے پھر جب ملے اس کو سلام کرے اسکو تین بار ہر بار

يرد عليه فقد باء باثمه رواه ابوداود وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لا يحل لمسلم ان يهجر
جواب نہ دے اسکا تو تحقیق لے پھرا اپنے گناہ کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا حلال نہیں ہے کسی مسلمان کو

اخاه فوق ثلث فمن هجر فوق ثلث فمات دخل النار رواه احمد وابوداود وعن ابي خراش السلمي انه سمع رسول الله
اپنے بھائی کو زیادہ تین دن سے سو جسنے چھوڑا تین دن سے زیادہ پھر مرا تو داخل ہوگا دوزخ میں روایت کیا اسکو احمد و ابوداود نے اور روایت ہے ابی خراش سلمی سے انہنے سنا رسول

صلى الله عليه وآله وسلم يقول من هجر اخاه سنة فهو كسفك دمه رواه ابوداود وعن ابي هريرة قال قال رسول الله
صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جسنے چھوڑا اپنے بھائی کو ایک برس سو یہ گویا اسکا خون بہانا ہے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم لا يحل لمؤمن ان يهجر مؤمنا فوق ثلث فان مرت به ثلث فليلقه فليسلم عليه فان رد عليه
صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال ہے ایماندار کو کہ چھوڑ دے مومن کو زیادہ تین رات سے پھر اگر گذر گئے اسپر تین دن تو چاہیے کہ ملے اس کو اور سلام کرے پھر اگر جواب

السلام فقد اشتركا في الاجر وان لم يرد عليه فقد باء بالاثم وخرج المسلم من الهجرة رواه ابوداود وعن ابي الدرداء
سلام کا تو دونوں شریک ہوئے اجر میں اور اگر جواب نہ دیا اسپر تو لے پھرا گناہ اور نکل آیا سلام کرنے والا چھوڑنے کے گناہ سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الا اخبركم بافضل من درجة الصيام والصدقة والصلوة قال قلنا بلى قال
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھلا نہ بتلاؤں تمکو ایسا کام جو بہتر ہو درجے میں روزے اور صدقے اور نماز کے درجے سے کہا ابو الدرداء نے کہا ہمنے کیوں نہیں

اصلاح ذات البين وفساد ذات البين هي الحالقة رواه ابوداود والترمذي وقال هذا حديث صحيح وعن الزبير قال
اصلاح ذات البین کی اور فساد ذات البین کا وہ جڑ کاٹنے والا ہے روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث صحیح ہے اور روایت ہے زبیر سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دب اليكم داء الامم قبلكم الحسد والبغضاء هي الحالقة لا اقول تحلق الشعر
کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پیدا ہوئی تمہیں بیماری اگلی امت کی حسد اور عداوت یہ بیماری جڑ کاٹنے والی دین کی ہے یہ نہیں کہتا ہوں کہ مونڈ دیتی ہے بال کو

ولكن تحلق الدين رواه احمد والترمذي وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اياكم والحسد فان الحسد
لیکن جڑ کاٹتی ہے دین کی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ فرمایا بچو تم حسد سے کیونکہ حسد

ياكل الحسنات كما تاكل النار الحطب رواه ابوداود وعن عمر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اياكم وسوء ذات البين
کھاتا ہے نیکیوں کو جیسے کھاتی ہے آگ لکڑی کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے اسی نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بچو تم ذات البین کی بدی سے

فانها الحالقة رواه الترمذي وعن ابي صرمة ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من ضار ضار الله به ومن شاق شاق الله
کیونکہ وہ جڑ کاٹنے والی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی صرمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ضرر پہنچاوے کسی کو ضرر پہنچاوے گا اسکو خدا اور جو مشقت میں ڈالے کسی کو مشقت میں ڈالے گا خدا

عليه رواه ابن ماجة والترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي بكر الصديق رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله
اسپر روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

ملعون من ضار مؤمنا او مكر به رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابن عمر قال صعد رسول الله صلى الله عليه

ملعون ہے وہ جو ضرر پہنچاوے مسلمان کو یا دغا کرے اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ چڑھے رسول خدا صلے اللہ علیہ و

وسلم المنبر فنادى بصوت رفيع فقال يا معشر من اسلم بلسانه ولم يفض الايمان الى قلبه لا تؤذوا المسلمين ولا تعيروهم

سلم منبر پر پھر پکار دیا اونچی آواز سے پھر فرمایا اے گروہ اسلام لانے والے اپنی زبان سے اور نہ پہنچا ایمان کے دل میں ایذا نہ دو مسلمانوں کو اور ان کو نہ جھڑکو

ولا تتبعوا عوراتهم فانه من يتبع عورة اخيه المسلم يتبع الله عورته ومن يتبع الله عورته يفضحه ولو في

اور نہ ڈھونڈھو ان کے عیب کیونکہ جو ڈھونڈھے عیب اپنے بھائی مسلمان کا خدا ڈھونڈھتا ہے اسکے عیب کو اور جسکا عیب خدا ڈھونڈھتا ہے ذلیل کرتا ہے اسکو اگرچہ ہو

جوف رحله رواه الترمذي وعن سعيد بن زيد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان من اربى الربوا الاستطالة في

وہ اپنے پوشیدہ جگہ میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سعید بن زید سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بیاجوں سے بہت بڑا بیاج زبان درازی کرنی

عرض المسلم بغير حق رواه ابو داود والبيهقي في شعب الايمان وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما

مسلمان کی آبروکی بابت میں ناحق روایت کیا اسکو ابو داود نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب

عرج بي مررت بقوم لهم اظفار من نحاس يخمشون وجوههم وصدورهم فقلت من هؤلاء يا جبريل قال هؤلاء

اوپر چڑھایا مجھے پروردگار نے گذر کیا میں نے ایک قوم پر کہ ان کے ناخن تھے تانبے کے نوچتے تھے اپنے منہ اور سینوں کو تب کہا میں نے کون ہیں یہ لوگ اے جبرئیل کہا یہ

الذين يأكلون لحوم الناس ويقعون في اعراضهم رواه ابو داود وعن المستورد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم من

وے ہیں جو کھاتے ہیں گوشت آدمیوں کے اور گرتے لوگوں کی آبروں میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے مستورد سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے جسنے

اكل برجل مسلم اكلة فان الله يطعمه مثلها من جهنم ومن كسي ثوبا برجل مسلم فان الله يكسوه مثله من جهنم ومن

کھایا کسی مرد مسلمان کے سبب ایک لقمہ تو کھلاویگا اسکو خدا مثل اسکے لقمہ دوزخ کا اور جو کوئی پہنے کپڑا بسبب کسی مسلمان کے تو پہناویگا اسکو خدا مثل اسکے کپڑا دوزخ کا اور

قام برجل مقام سمعة ورياء فان الله يقوم له مقام سمعة ورياء يوم القيمة رواه ابو داود وعن ابي هريرة قال قال

کھڑا ہوا ایک مرد کے لئے مقام میں سنانے اور دکھانے کے تو خدا کھڑا ہوگا اسکے لئے مقام میں سنانے اور دکھانے کے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حسن الظن من حسن العبادة رواه ابو داود وعن عائشة رض قالت اعتل بعير لصفية

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نیک گمان بھلی عبادت سے ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ بیمار ہوا اونٹ صفیہ کا

وعند زينب فضل ظهر فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لزينب اعطيها بعيرا فقالت انا اعطي تلك اليهودية

حالانکہ تھی زینب پاس زیادتی سواری کی تب فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے زینب کو دے صفیہ کو اونٹ تب بولیں کیا میں دونگی اس یہودی عورت کو

فغضب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض صفر رواه ابو داود وذكر حديث معاذ

سو غصے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور الگ کیا زینب کو مہینا ذالحجہ اور محرم کا اور کچھ دن صفر کے مہینے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور ذکر کی گئی حدیث معاذ

بن انس من حمى مؤمنا في باب الشفقة والرحمة

الفصل الثالث

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رأى عيسى

بن انس کی جسکے شروع میں لفظ من حمی مومنا کا ہے باب الشفقۃ والرحمۃ میں فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا عیسے

بن مريم رجلا يسرق فقال له سرقت قال كلا والذي لا اله الا هو فقال عيسى آمنت بالله وكذبت نفسي رواه مسلم

بن مریم نے ایک مرد کو جو چورا تا تھا تو فرمایا اسکو تو نے چورایا کہا نہیں قسم اسکی کہ نہیں ہے کوئی بندگی کے لائق مگر وہ فرمایا عیسے نے ایمان لایا میں خدا پر اور جھٹلایا میں نے اپنے نفس کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن انس قال قال رسول الله صلی الله علیہ وآلہ وسلم کاد الفقر ان یکون کفرا وکاد الحسد ان یغلب القدر وعن جابر

اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریب ہے کہ محتاجی پہنچاوے کفر کو اور قریب ہے کہ حسد غلبہ کرے تقدیر کو اور روایت ہے جابر رض سے

عن رسول الله صلی الله علیہ وآلہ وسلم قال من اعتذر الی اخیہ فلم یعذرہ او لم یقبل عذرہ کان علیہ مثل خطیئۃ صاحب

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا جو عذر خواہی کرے اپنے بھائی کے پاس پھر معذور نہ رکھے اسکو یا قبول نہ کرے اسکے عذر کو ہوتا ہے گناہ عذر نہ

مکس رواھما البیھقی فی شعب الایمان وقال المکاس العشار باب الحذر والتأنی فی الامور الفصل الاول عن ابی ھریرۃ

عشر لینے والے کے روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا صاحب مکس عشر لینے والا ہے باب پرہیز کرنے اور تامل کرنے کا بیچ کاموں میں پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ

قال قال رسول الله صلی الله علیہ وآلہ وسلم لا یلدغ المؤمن من جحر واحد مرتین متفق علیہ وعن ابن عباس رض

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کاٹا نہیں جاتا ایماندار ایک سوراخ سے دوبارہ ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے

ان النبی صلی الله علیہ وآلہ وسلم قال لاشج عبد القیس ان فیک لخصلتین یحبھما الله ورسولہ الحلم والاناۃ رواہ مسلم

کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عبد القیس کے سردار کو کہ مقرر تجھ میں دو خصلتیں ہیں جنکو دوست رکھتا ہے اللہ اور اسکا رسول علم اور تامل روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثانی عن سھل بن سعد الساعدی ان النبی صلی الله علیہ وآلہ وسلم قال الاناۃ من الله والعجلۃ من الشیطان

فصل دوسری روایت ہے سہل بن سعد الساعدی سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تامل کرنا مرضی خدا کی ہے اور جلد بازی مراد شیطان کی ہے

رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب وقد تکلم بعض اھل الحدیث فی عبد المھیمن بن عباس الراوی من قبل حفظہ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور مقرر باتیں کی ہیں بعض اہل حدیث نے عبد المہیمن بن عباس کے حق میں جو راوی ہے حفظ کی جہت سے

وعن ابی سعید رض قال قال رسول الله صلی الله علیہ وآلہ وسلم لا حلیم الا ذو عثرۃ ولا حکیم الا ذو تجربۃ رواہ

اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے تامل کرنے والا مگر صاحب لغزش اور نہیں ہے حکیم مگر صاحب تجربہ روایت کیا اسکو

احمد والترمذی وقال ھذا حدیث حسن غریب وعن انس ان رجلا قال للنبی صلی الله علیہ وآلہ وسلم اوصنی فقال خذ

احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہ ایک شخص نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وصیت کیجئے مجھے تب فرمایا اختیار کر

الامر بالتدبیر فان رأیت فی عاقبتہ خیرا فامضہ وان خفت غیا فامسک رواہ فی شرح السنۃ وعن مصعب بن

کام تدبیر سے پھر اگر دیکھے تو انجام میں اسکے بھلائی تو پورا کر اسکو اور اگر معلوم کرے تو گمراہی تو باز رہ اس سے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے مصعب بن

سعد عن ابیہ قال الاعمش لا اعلمہ الا عن النبی صلی الله علیہ وسلم قال التؤدۃ فی کل شیء خیر الا فی عمل الآخرۃ وعن

سعد سے اسنے اپنے باپ سے کہا اعمش نے نہیں جانتا ہوں اس حدیث کو مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تامل ہر کام میں بہتر ہے مگر آخرت کے کام میں اور روایت ہے

عبد الله بن سرجس ان النبی صلی الله علیہ وآلہ وسلم قال السمت الحسن والتؤدۃ والاقتصاد جزء من اربع وعشرین

عبد اللہ بن سرجس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا روش نیک اور تامل اور میانہ روی ایک جز ہے جو بیس

جزءا من النبوۃ رواہ الترمذی وعن ابن عباس ان النبی صلی الله علیہ وآلہ وسلم قال ان الھدی الصالح والسمت الصالح

جز سے نبوت کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا راہ نیک اور روش نیک

والاقتصاد جزء من خمس وعشرین جزءا من النبوۃ رواہ ابو داود وعن جابر بن عبد الله عن النبی صلی الله علیہ وآلہ

اور میانہ روی ایک جز ہے پچیس جز سے پیغمبری کے روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال اذا حدث الرجل الحديث ثم التفت فهي امانة رواه ابو داود وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال

وسلم سے کہ فرمایا جب بات کرے مرد بات کی پھر غائب ہو گیا سو وہ امانت ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا

لابي الهيثم بن التيهان هل لك خادم قال لا فقال فاذا اتانا سبي فأتنا فأتي النبي صلى الله عليه وآله وسلم براسين فأتاه ابو

ابی الہیثم بن تیہان کو بھلا ہے تیرا خادم کہا نہیں تب فرمایا سو جب آوے میرے پاس بندی تو آ میرے پاس پھر لگے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس دو بندی سو آیا

الهيثم فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم اختر منهما فقال يا نبي الله اختر لي فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان المستشار

الہیثم تب فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پسند کر لے ان دونوں میں سے تب کہا یا نبی اللہ آپ پسند کر دیویں مجھے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس سے مشورہ

مؤتمن خذ هذا فاني رأيته يصلي واستوص به معروفا رواه الترمذي وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

چاہیے کہ وہ امین ہو لے اسکو کیونکہ میں نے دیکھا اسکو نماز پڑھتے اور وصیت کرتا ہوں اسکے حق میں بھلائی کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و

المجالس بالامانة الا ثلثة مجالس سفك دم حرام او فرج حرام او اقتطاع مال بغير حق رواه ابو داود وذكر حديث

مجلسیں ساتھ امانت کے ہیں مگر تین مجلسیں بہانا خون حرام کا یا شرمگاہ عورت حرام کی یا لے لینا مال ناحق کا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ذکر کی گئی حدیث

ابي سعيد ان اعظم الامانة في باب المباشرة في الفصل الاول

ابی سعید کی کہ مقرر بڑی امانت میں باب المباشرت کے پہلی فصل میں

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ و

سلم لما خلق الله العقل قال له قم فقام ثم قال له ادبر فادبر ثم قال له اقبل فاقبل ثم قال له اقعد فقعد ثم قال له ما

سلم سے جب پیدا کی خدا نے عقل کو فرمایا اسکو کھڑی ہو تو کھڑی ہوئی پھر فرمایا اسکو پیٹھ پھیر تو پیٹھ پھیری پھر کہا اسکو کہ سامنے آ تو سامنے آئی پھر فرمایا اسکو بیٹھ

خلقت خلقا هو خير منك ولا افضل منك ولا احسن منك بك آخذ وبك اعطي وبك اعرف وبك اعاتب

پیدا کیا میں نے کسی مخلوق کو بہتر اور نہ افضل تجھ سے اور نہ اچھا تجھ سے تیرے سبب لیتا ہوں اور دیتا ہوں اور پہچانا جاتا ہوں اور غصہ کرتا ہوں

وبك الثواب وعليك العقاب وقد تكلم فيه بعض العلماء وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور تیرے سبب ثواب دیتا ہوں اور تجھ پر ہے عذاب اور مقرر گفتگو کی ہے بعض علماء نے اس حدیث میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ان الرجل ليكون من اهل الصلوة والصوم والزكوة والحج والعمرة حتى ذكر سهام الخير كلها وما يجزى يوم القيمة

کہ مقرر آدمی البتہ ہوتا ہے نمازی اور روزہ دار اور زکوٰۃ دینے والا اور حج و عمرہ کرنے والا یہاں تک کہ ذکر کیا ساری نیکیوں کے حصے اور جزا دیا جائیگا قیامت کے دن

الا بقدر عقله وعن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يا اباذر لا عقل كالتدبير ولا ورع

مگر اندازہ پر اسکی عقل کے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یا اباذر نہیں کوئی عقل مثل تدبیر کے اور نہیں ہے ورع

كالكف ولا حسب كحسن الخلق وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الاقتصاد في النفقة نصف

مثل باز رہنے سے اور نہیں ہے حسب مانند نیک خلق کے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میانہ روی کرنا خرچ میں آدھی

المعيشة والتودد الى الناس نصف العقل وحسن السؤال نصف العلم روى البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان

معیشت ہے اور دوستی ظاہر کرنا لوگوں سے آدھی عقل ہے اور نیک سوال کرنا آدھا علم ہے روایت کیا بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں

باب الرفق والحياء وحسن الخلق

الفصل الاول

عن عائشة رض ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان الله رفيق

باب نرمی اور حیاء اور نیک خلق کا۔ پہلی فصل۔ روایت ہے عائشہ رضی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مقرر اللہ نرمی والا ہے

يحب الرفق ويعطي على الرفق ما لا يعطي على العنف وما لا يعطي على ما سواه رواه مسلم وفي رواية له قال لعائشة
پسند کرتا ہے نرمی کو اور دیتا ہے نرمی پر جو نہیں دیتا ہے سختی پر اور جو نہیں دیتا ہے سوا اس کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا عائشہ کو

عليك بالرفق وإياك والعنف والفحش إن الرفق لا يكون في شيء إلا زانه ولا ينزع من شيء إلا شانه وعن جرير عن
اختیار کر نرمی اور بچا اپنے کو سختی اور بدزبانی سے اسواسطے کہ نرمی نہو گی کسی چیز میں مگر زینت کرتی اس چیز کو اور نہیں کھینچی جاتی نرمی کسی سے مگر بُرا کرتی ہے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من يحرم الرفق يحرم الخير رواه مسلم وعن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر
نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ بے نصیب ہوا نرمی سے تو بے نصیب ہوا نیکی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے

على رجل من الأنصار وهو يعظ أخاه في الحياء فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم دعه فإن الحياء من الإيمان متفق عليه
ایک مرد انصاری پر اور وہ وعظ کر رہا تھا اپنے بھائی کو حیا کے باب میں تب فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو کیونکہ حیا ایمان سے ہے ۔ ق

وعن عمران بن حصين قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحياء لا يأتي إلا بخير وفي رواية الحياء خير كله متفق عليه
اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا نہیں لاتی مگر نیکی اور ایک روایت میں حیا سب قسم کی نیکی ہے ۔ ق

وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن مما أدرك الناس من كلام النبوة الأولى إذا لم تستحي
اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اگلی پیغمبری کے کلام سے جو لوگوں نے باتیں پائیں ہیں یہہ ہے جب تجھکو شرم نرہے

فاصنع ما شئت رواه البخاري وعن النواس بن سمعان قال سألت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن البر والإثم فقال
سو کر جو چاہے ۔ ت روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے نواس بن سمعان سے کہا کہ پوچھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو نیکی اور گناہ سے تب فرمایا

البر حسن الخلق والإثم ما حاك في صدرك وكرهت أن يطلع عليه الناس رواه مسلم وعن عبد الله بن عمرو قال
نیکی بھلی خو ہے اور گناہ جو گذرے دل میں تیرے اور برا جانے تو کہ واقف ہوں لوگ اسپر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن من أحبكم إلي أحسنكم أخلاقا رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله
کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ تم سے زیادہ پیارا مجھکو جو اچھا ہو تم میں اخلاق میں روایت کیا اسکو بخاری اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

عليه وآله وسلم إن من خياركم أحسنكم أخلاقا متفق عليه

الفصل الثاني

عن عائشة قالت قال النبي صلى الله عليه
اللہ علیہ والہ وسلم نے اچھوں سے تمہارے وہ ہے جو بھلا ہو اخلاق میں ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ

وسلم من أعطي حظه من الرفق أعطي حظه من خير الدنيا والآخرة ومن حرم حظه من الرفق حرم حظه من خير الدنيا
وسلم نے جسکو ملا حصہ نرمی کا ملا اسکو حصہ دنیا اور آخرت کی خیر کا اور جو بے نصیب رہا نرمی کے حصے سے تو بے نصیب رہا دنیا

والآخرة رواه في شرح السنة وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحياء من الإيمان والإيمان في الجنة والبذاء
اور آخرت نیکی سے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بدزبانی

من الجفاء والجفاء في النار رواه أحمد والترمذي وعن رجل من مزينة قال قالوا يا رسول الله ما خير ما أعطي الإنسان
بدی سے ہے اور بدی والا آگ میں ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے مزینہ کے ایک مرد سے کہا کہ صحابہ نے کہا یا رسول اللہ کونسی صفت بہت اچھی ہے جو ملی

قال الخلق الحسن رواه البيهقي في شعب الإيمان وفي شرح السنة عن أسامة بن شريك وعن حارثة بن وهب
فرمایا خلق نیک ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور شرح سنت میں اسامہ بن شریک سے ۔ اور روایت ہے حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا یدخل الجنۃ الجواظ ولا الجعظری قال والجواظ الغلیظ الفظ رواہ ابو داود

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا جنت میں جواظ اور نہ جعظری کہا اور جواظ سخت گو ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

فی سننہ والبیہقی فی شعب الایمان وصاحب جامع الاصول فیہ عن حارثۃ وکذا فی شرح السنۃ عنہ ولفظہ قال لا یدخل

اپنے سنن میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور صاحب جامع الاصول نے جامع الاصول میں حارثہ سے اور اسی طرح ہے شرح سنت میں حارثہ سے اور لفظ اسکا فرمایا نہ داخل ہوگا

الجنۃ الجواظ الجعظری یقال الجعظری الفظ الغلیظ وفی نسخ المصابیح عن عکرمۃ بن وھب ولفظہ قال والجواظ الذی

بہشت میں جواظ جعظری کہا جاتا ہے جعظری سخت گو اور نسخہ مصابیح میں عکرمہ بن وہب سے ہے اور لفظ اسکا یہ ہے کہا اور جواظ

جمع ومنع والجعظری الغلیظ الفظ وعن ابی الدرداء عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال ان اثقل شیء یوضع فی میزان

مال دار بخیل ہے اور جعظری سخت گو اور روایت ہے ابی الدرداء سے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بہت بھاری چیز جو رکھی جائیگی ترازو میں

المؤمن یوم القیامۃ خلق حسن وان اللہ یبغض الفاحش البذی رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن صحیح وروی ابو داود

ایماندار کی قیامت کے دن اچھی خصلت ہے اور مقرر اللہ دشمن رکھتا ہے گالی دینے والے بیہودہ بکنے والے کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ابو داود نے

الفصل الاول وعن عائشۃ قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول ان المؤمن لیدرک بحسن خلقہ

پہلی فصل کو اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے کہ ایماندار البتہ پاتا ہے بھلی خو کی سبب سے

درجۃ قائم اللیل وصائم النھار رواہ ابو داود وعن ابی ذر قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتق اللہ حیث

درجہ تہجد گذار اور روزہ دار کا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ڈر اللہ سے جہاں

ما کنت واتبع السیئۃ الحسنۃ تمحھا وخالق الناس بخلق حسن رواہ احمد والترمذی والدارمی وعن عبد اللہ بن مسعود

کہیں کہ ہو تو اور تابع کر بدی کے نیکی کو کہ میٹ دے بدی کو اور معاملہ کر لوگوں سے نیک خوئی کا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الا اخبرکم بمن یحرم علی النار ومن تحرم النار علیہ علی کل ھین لین قریب سھل رواہ احمد

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھلا نہ خبر دوں تم کو کہ کون حرام ہے آگ پر اور کس پر حرام ہے آگ اوپر ہر آہستہ چلنے والے نرمی کرنے والے اور نزدیکی کرنے والے

والترمذی وقال ھذا حدیث حسن غریب وعن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال المؤمن غر کریم والفاجر خب

اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا ایماندار فریب کھانے والا کریم ہے اور بدکار فریبی

لئیم رواہ احمد والترمذی وابو داود وعن مکحول قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المؤمنون ھینون

بخیل ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے مکحول سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ایماندار نرمی کرنے والے

لینون کالجمل الانف ان قید انقاد وان انیخ علی صخرۃ استناخ رواہ الترمذی مرسلا وعن ابن عمر عن النبی صلی اللہ

فرمانبردار ہیں جیسا کہ اونٹ مہار دیا ہوا اگر کھینچا جاوے تو چلے اور اگر بٹھلایا جاے کسی پتھر پر تو بیٹھے روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے ابن عمر سے نبی صلی

علیہ وآلہ وسلم قال المسلم الذی یخالط الناس ویصبر علی اذاھم افضل من الذی لا یخالطھم ولا یصبر علی اذاھم رواہ الترمذی

علیہ والہ وسلم سے فرمایا کہ مسلمان وہی ہے جو ملتا ہے لوگوں سے اور صبر کرتا ہے انکی اذیت پر بہتر اس سے جو نہیں ملتا ان سے اور نہ صبر کرتا انکی اذیت پر روایت کیا اسکو ترمذی

وابن ماجہ وعن سھل بن معاذ عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال من کظم غیظا وھو یقدر علی ان ینفذہ دعاہ اللہ

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سہل بن معاذ سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو پی جاے غصہ حالانکہ قادر ہو اسکے بدلا لینے پر بلاوے گا اسکو خدا

على رؤس الخلائق يوم القيمة حتى يخيره في اي الحور شاء رواه الترمذي وابو داؤد وقال الترمذي هذا حديث غريب
روبرو خلق اللہ کے قیامت کے دن یہانتک کہ اختیار دیگا اسکو جونسی حور نمیں سے کہ چاہیگا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے

وفي رواية لابي داؤد عن سويد بن وهب عن رجل من ابناء اصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن ابيه قال
اور ابی داؤد کی ایک روایت میں سوید بن وہب سے ایک مرد سے جو اولاد سے اصحاب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے تھا نقل ہے اپنے باپ سے کہ فرمایا حضرت نے

ملاء الله قلبه امنا وايمانا وذكر حديث سويد بن وهب ومن ترك لبس ثوب جمال في كتاب اللباس الفصل
بھر دیتا ہے اللہ دل کو اسکے امن اور ایمان سے اور ذکر کی گئی حدیث سوید بن وہب کی کہ جسنے ترک کی یہہ جسنے چھوڑا پہننا اچھے کپڑے کا کتاب اللباس میں ۔ فصل

الثالث عن زيد بن طلحة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان لكل دين خلقا وخلق الاسلام الحياء
تیسری روایت ہے زید بن طلحہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ ہر دین کی ایک خصلت ہے اور خصلت اسلام کی حیا ہے

رواه مالك مرسلا ورواه ابن ماجة والبيهقي في شعب الايمان عن انس وابن عباس وعن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه
روایت کیا اسکو مالک نے مرسل اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں انس اور ابن عباس سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال ان الحياء والايمان قرنا جميعا فاذا رفع احدهما رفع الاخر وفي رواية ابن عباس فاذا سلب احدهما تبعه
والہ وسلم نے فرمایا کہ حیا اور ایمان دونو ایک ہی ساتھ ہیں سو جب اٹھایا جاتا ہے ایک انکا اٹھایا جاتا ہے دوسرا اور ابن عباس کی روایت میں سو جب لیا جاتا ہے ایک تو

الاخر رواه البيهقي في شعب الايمان وعن معاذ قال كان اخر ما وصاني به رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حين وضعت
دوسرا بھی پیچھا کیا ہے اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے معاذ سے کہا تھی آخر وصیت میری جو کی تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب رکھا میں نے

رجلي في الغرز ان قال يا معاذ احسن خلقك للناس رواه مالك وعن مالك بلغه ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال
پانوں اپنا رکاب میں فرمایا ای معاذ بھلی کر خصلت اپنی لوگوں کے لئے روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے مالک سے پہنچا اسکو کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا

بعثت لاتمم حسن الاخلاق رواه في الموطا ورواه احمد عن ابي هريرة وعن جعفر بن محمد عن ابيه قال كان رسول الله
بھیجا گیا ہوں کہ تمام کروں بیان بھلی خصلتوں کا روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی ہریرہ سے اور روایت ہے جعفر بن محمد سے اسنے اپنے باپ سے کہا تھے پیغمبر خدا

صلى الله عليه وآله وسلم اذا نظر في المراة قال الحمد لله الذي حسن خلقي وخلقي وزان مني ما شان من غيري رواه
صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب نظر کرتے آئینہ میں فرماتے سب خوبی اللہ ہی کو ہے جسنے اچھی بنائی صورت میری اور خلق میرا اور دور کیا مجھ سے عیب کو جو لگا دیا میرے غیر کو روایت کیا اسکو

البيهقي في شعب الايمان مرسلا وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول اللهم حسنت خلقي
بیہقی نے شعب الایمان میں مرسل اور روایت ہے عائشہ سے بولیں تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ای خدا نیک کی تو نے صورت میری

فاحسن خلقي رواه احمد وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الا انبئكم بخياركم قالوا بلى
سو نیک کر خو میری روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھلا نہ بتلاؤں تمکو کہ کون بہت اچھا ہے تم میں سے بولے ہاں

يا رسول الله قال خياركم اطولكم اعمارا واحسنكم اخلاقا رواه احمد وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
یا رسول اللہ فرمایا بہت اچھا تم میں سے وہ ہے کہ بڑی عمر ہو اور بہت اچھا ہو تم میں سے اخلاق میں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا رواه ابو داؤد والدارمي وعنه ان رجلا شتم ابا بكر والنبي صلى الله عليه وآله وسلم
بڑا کامل ایمان میں وہ ہے جو بہتر ہو ان سے خلق میں روایت کیا اسکو ابو داؤد اور دارمی نے اور روایت ہے اسی سے کہ ایک شخص نے گالی دی ابا بکر کو حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

جالس یتعجب ویتبسم فلما اکثر رد علیه بعض قوله فغضب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وقام فلحقہ ابوبکر وقال یا رسول اللہ کان یشتمنی
بیٹھے کر متعجب ہو کر مسکراتے تھے پھر جب بہت سی گالیاں دیں ابوبکر نے بھی گالی دی اسکو تب غصے ہیں آئے حضرت اور کھڑے ہو تب گیا ابوبکر حضرت پاس اور کہا یا رسول اللہ

وانت جالس فلما رددت علیه بعض قوله غضبت وقمت قال کان معک ملک یرد علیه فلما رددت علیه وقع الشیطان
حالانکہ آپ بیٹھے تھے پھر جواب دیا میں نے اسکے بعض بات کا تو آپ غصے ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے فرمایا تھا ساتھ تیرے ایک فرشتہ جواب دینے والا تیری طرف سے پھر جب تو نے جواب دیا تو شیطان آیا

ثم قال یا ابابکر ثلث کلهن حق ما من عبد ظلم بمظلمة فیغضی عنها لله عزوجل الا اعز الله بها نصره وما فتح
پھر فرمایا یا ابابکر تین خصلتیں ہیں کہ سب ان کے حق ہیں نہیں کوئی بندہ جو ہو اس پر ظلم پھر چشم پوشی کرے اس واسطے اللہ عزوجل کے مگر کہ مضبوط کرتا ہے خدا اس سبب سے فتح اسکی اور نہیں کھولتا

رجل باب عطیة یرید بها صلة الا زاده الله بها کثرة وما فتح رجل باب مسئلة یرید بها کثرة الا زاده الله بها قلة رواه احمد
مرد دروازہ دہش کا چاہتا ہے اس سے احسان اگر زیادہ کرتا ہے اللہ اس سبب سے برکت اور نہ کھولا مرد دروازہ سوال کا چاہتا ہے اس سے کثرۃ مال کی مگر بڑھاتا ہے خدا اس سبب سے کمی
روایت کیا اسکو احمد نے

وعن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لا یرید الله باهل بیت رفقا الا نفعهم ولا یحرمهم ایاه
اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے بولیں کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں چاہتا ہے خدا گھر والوں کے ساتھ نرمی مگر نفع بخشتا انکو اور نہیں نصیب کرتا ان کو نرمی

الا ضرهم رواه البیهقی فی شعب الایمان

باب الغضب والکبر

الفصل الاول

عن ابی هریرة ان رجلا قال للنبی صلی الله
مگر ضرر پہنچاتا ہے انکو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں ٭ باب غصہ اور کبر کا ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے کہا نبی صلی اللہ

علیه وآله وسلم اوصنی قال لا تغضب فردد ذلک مرارا قال لا تغضب رواه البخاری وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه
علیہ وآلہ وسلم سے کچھ نصیحت کیجئے مجھکو فرمایا غصہ نہ کر پھر کئی مرتبے کہا اسنے اس بات کو تو بھی فرمایا غصہ نہ کر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم لیس الشدید بالصرعة انما الشدید من یملک نفسه عند الغضب متفق علیه وعن حارثة بن وهب
وآلہ وسلم نے نہیں ہے پہلوان جو لوگوں کو پچھاڑے پہلوان تو وہ ہے جو اپنی جان پر قابو رکھے وقت غصے کے ٭ ق ٭ اور روایت ہے حارثہ بن وہب سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم الا اخبرکم باهل الجنة کل ضعیف متضعف لو اقسم علی الله لابره الا اخبرکم
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں تمکو بہشتی لوگ بتلاؤں جو غریب ہے لوگوں کی نظر میں حقیر اگر وہ قسم کھا بیٹھے خدا پر تو اسکو سچا کر دیوے ہاں تمکو بتلاؤں

باهل النار کل عتل جواظ مستکبر متفق علیه وفی روایة لمسلم کل جواظ زنیم متکبر وعن ابن مسعود قال قال رسول الله
دوزخی لوگ جو بدخو ہیں حرام خور گھمنڈ والے ٭ ق ٭ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے حرام خور حرام زادہ تکبر والا ٭ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا فرمایا پیغمبر خدا

صلی الله علیه وآله وسلم لا یدخل النار احد فی قلبه مثقال حبة من خردل من ایمان ولا یدخل الجنة احد فی قلبه مثقال
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ داخل ہوگا آگ میں کوئی کہ جسکے دل میں برابر دانہ رائی کے بھی ایمان ہوگا اور نہ داخل ہوگا بہشت میں کوئی ایک کہ جسکے دل میں برابر

حبة من خردل من کبریاء رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لا یدخل الجنة من کان فی قلبه
دانے رائی کے بھی کبر ہوگا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت میں وہ شخص کہ جسکے دل میں

مثقال ذرة من کبر فقال رجل ان الرجل یحب ان یکون ثوبه حسنا ونعله حسنا قال ان الله جمیل یحب الجمال الکبر
ایک ذرہ برابر بھی کبر ہوگا تب کہا ایک مرد نے کہ مرد دوست رکھتا ہے کہ ہو کپڑا اسکا اچھا اور جوتی اسکی اچھی فرمایا کہ اللہ جمیل ہے دوست رکھتا ہے جمال کو ٭ کبر مغرور

بطر الحق وغمط الناس رواه مسلم وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ثلثة لا یکلمهم الله یوم القیمة
باطل کرنا ہے حق بات کو اور حقیر جاننا لوگوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تین شخص ہیں جن سے خدا کلام نہ کریگا
قیامت کے دن

ولا يزكيهم وفي رواية ولا ينظر إليهم ولهم عذاب أليم شيخ زان وملك كذاب وعائل مستكبر رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال

اور نہ انکو پاک کریگا اور ایک روایت میں ہے اور نہ انکو رحمت کی نظر سے دیکھیگا اور انکو دکھ کی مار ہوگی بوڑھا حرامکار اور دروغگو بادشاہ اور محتاج مغرور

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله تعالى الكبرياء ردائي والعظمة إزاري فمن نازعني واحدا منهما أدخلته النار وفي رواية

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کبریا چادر میری اور عظمت ازار میری ہے سو جو کوئی شریک ہے مجھ سے ان دونوں میں سے ایک میں تو داخل کرونگا اسکو

قذفته في النار رواه مسلم **الفصل الثاني** عن سلمة بن الأكوع قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يزال الرجل

ڈالونگا اسے آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مرد ہمیشہ

يذهب بنفسه حتى يكتب في الجبارين فيصيبه ما أصابهم رواه الترمذي وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن

لیجاتا ہے اپنے نفس کو یہاں تک کہ لکھا جاتا ہے وہ متکبروں میں پھر پہنچتا ہے اسکو جو پہنچتا ہے ان کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال يحشر المتكبرون أمثال الذر يوم القيامة في صور الرجال يغشاهم الذل من كل مكان

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا اٹھائے جائینگے تکبر والے جیسے چھوٹی چونٹیاں قیامت کے دن مردوں کی صورتوں میں ڈھانکیگی ان کو خواری ہر جگہ سے

يساقون إلى سجن في جهنم يسمى بولس تعلوهم نار الأنيار يسقون من عصارة أهل النار طينة الخبال رواه الترمذي وعن

ہانکے جائینگے طرف قید خانہ کے جو دوزخ میں ہے جسکا نام بولس ہے چڑھیگی ان پر آگ آگوں کی اور پلائے جاوینگے زرد پانی دوزخیوں کے طینۃ الخبال روایت کیا اسکو ترمذی نے

عطية بن عروة السعدي قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن الغضب من الشيطان وإن الشيطان خلق من النار

عطیہ بن عروہ السعدی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ غصہ کرنا شیطان سے ہے اور مقرر شیطان بنا آگ سے

وإنما تطفأ النار بالماء فإذا غضب أحدكم فليتوضأ رواه أبو داود وعن أبي ذر أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور بجھائی جاتی ہے آگ پانی سے سو جب غصے میں آوے کوئی تمہارا تو چاہیے کہ وضو کرے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ

قال إذا غضب أحدكم وهو قائم فليجلس فإن ذهب عنه الغضب وإلا فليضطجع رواه أحمد والترمذي وعن أسماء بنت

فرمایا جب غصے میں آوے کوئی تمہارا اور وہ کھڑا ہو تو چاہیے کہ بیٹھ جائے پھر اگر جاتا رہا اس سے غصہ اور نہیں تو لیٹ جائے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے

عميس قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول بئس العبد عبد تخيل واختال ونسي الكبير المتعال بئس العبد

عمیس سے بولیں سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے برا بندہ ہے جو خیال کرے اپنے کو اچھا اور گھمنڈ کرے اور بھول جاوے بزرگ بلند قدر کو

عبد تجبر واعتدى ونسي الجبار الأعلى بئس العبد عبد سها ولها ونسي المقابر والبلى بئس العبد عبد عتا وطغى ونسي

جسنے تکبر کیا اور حد سے گذر گیا اور بھول گیا متکبر حقیقی کو جو زیادہ بلند ہے برا ہے وہ بندہ جو بھولا اور غافل ہوا اور بھول گیا مقبروں کو اور برا ہونے کو اور برا ہے بندہ

المبتدأ والمنتهى بئس العبد عبد يختل الدنيا بالدين بئس العبد عبد يختل الدين بالشبهات بئس العبد عبد

ابتدا حال اور انتہا کو برا ہے وہ بندہ جو فریب دے دنیا کو بدلے دین کے برا ہے وہ بندہ جو فریب دے دین کو شبہوں سے برا ہے وہ بندہ جسکو

طمع يقوده بئس العبد عبد هوى يضله بئس العبد عبد رغب يذله رواه الترمذي والبيهقي في شعب الإيمان وقالا

طمع کھینچتی ہے برا ہے وہ بندہ جسکو نفس کی خواہش بہکاتی ہے برا ہے وہ بندہ جسکو دنیا کی رغبت خوار کرتی ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں

ليس إسناده بالقوي وقال الترمذي أيضا هذا حديث غريب **الفصل الثالث** عن ابن عمر قال قال رسول الله

نہیں ہے سند اسکی قوی اور کہا ترمذی نے بھی یہ حدیث غریب ہے فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ما تجرع عبد افضل عند اللہ من جرعة غیظ یکظمہا ابتغاء وجہ اللہ رواہ احمد وعن ابن

صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں کوئی گھونٹ بندے نے بہتر نزدیک خدا کے غصہ کی گھونٹ سے جو پیتا ہے اسکو خدا کی رضامندی چاہکر روایت کیا اسکو احمد اور روایت ہے ابن

عباس فی قولہ تعالی ادفع بالتی ہی احسن قال الصبر عند الغضب والعفو عند الاساءة فاذا فعلوا عصمہم اللہ وخضع لہم عدوہم

عباس سے تفسیر میں قول حق سبحانہ تعالی کے جواب تو کہ اسے بہتر کہا صبر وقت غصہ کے اور عفو نزدیک بدی پہنچانے کے پھر جب کرینگے اسکو بچاویگا انکو اللہ اور

کانہ ولی حمیم قریب رواہ البخاری تعلیقا وعن بہز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جیسے دوستدار ہے نہایت قریب روایت کیا اسکو بخاری نے تعلیقا اور روایت ہے بہز بن حکیم سے باپ سے اسکے دادے سے اسکے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ان الغضب لیفسد الایمان کما یفسد الصبر العسل وعن عمر رض قال وہو علی المنبر یا ایہا الناس تواضعوا فانی سمعت رسول

غصہ بگاڑتا ہے ایمان کو جیسے بگاڑتا ہے ایلوا شہد کو اور روایت ہے عمر رض سے کہا حالانکہ وہ منبر پر خطبہ پڑھ رہے تھے اے لوگو خاکساری اختیار کرو

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول من تواضع للہ رفعہ اللہ فہو فی نفسہ صغیر وفی اعین الناس عظیم ومن تکبر وضعہ

اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جسنے خاکساری اختیار کی خدا کے لیے تو اونچا کرتا ہے خدا اسکو سو وہ اپنے میں چھوٹا ہے اور لوگوں کی آنکھوں میں بڑا ہے

اللہ فہو فی اعین الناس صغیر وفی نفسہ کبیر حتی لہو اہون علیہم من کلب او خنزیر وعن ابی ہریرة قال قال رسول اللہ

خدا سو وہ لوگوں کی آنکھوں میں چھوٹا ہے اور اپنے جی میں بڑا ہے یہاں تک کہ البتہ وہ زیادہ ذلیل ہے لوگوں پر کتے یا سور سے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال موسی یا رب من اعز عبادک عندک قال من اذا قدر غفر وعن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہا موسی نے اے رب بندوں تیرے کون زیادہ عزیز نزدیک تیرے فرمایا وہ جب قابو پاوے بخش دے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم قال من خزن لسانہ ستر اللہ عورتہ ومن کف غضبہ کف اللہ عنہ عذابہ یوم القیمة ومن اعتذر الی

والہ وسلم نے فرمایا جو کوئی نگاہ رکھے اپنی زبان کو ڈھانکتا ہے خدا اسکے عیب کو اور جو باز رکھے اپنے غصہ کو تو روکیگا اس سے عذاب اپنا قیامت کے دن اور جو عذر کرے

اللہ قبل اللہ عذرہ وعن ابی ہریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال ثلث منجیات وثلث مہلکات فاما المنجیات

اللہ کی طرف تو قبول کریگا اللہ اسکا عذر اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تین باتیں ہیں نجات والیاں اور تین ہیں ہلاک کرنے والیاں سو نجات دینے والیاں

فتقوی اللہ فی السر والعلانیة والقول بالحق فی الرضا والسخط والقصد فی الغنی والفقر واما المہلکات فہوی متبع وشح

سو تقوی اللہ کا چھپے اور کھلے میں اور بولنا حق کو خوشی وناخوشی میں اور میانہ روی تونگری ومحتاجی میں اور مہلکات جو ہیں سو خواہش جسکی پیروی کیجاوے اور حرص

مطاع واعجاب المرء بنفسہ وہی اشدہن روی البیہقی الاحادیث الخمسة فی شعب الایمان

اطاعت کیجاوے اور عجب مرد کا اپنے نفس میں اور یہ بہت سخت ہے ان سے روایت کیا بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

باب الظلم

الفصل الاول

باب ظلم کا — فصل پہلی

عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال الظلم ظلمات یوم القیمة متفق علیہ وعن ابی موسی قال قال رسول

روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ظلم اندھیریاں ہوگا قیامت کے دن متفق علیہ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لیملی للظالم حتی اذا اخذہ لم یفلتہ ثم قرأ وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وہی

خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے خدا ظالم کو فرصت دیتا ہے یہاں تک کہ جب پکڑتا ہے اسکو نہیں چھوڑتا پھر پڑھی یہ آیت اور ایسی ہی ہے پکڑ تیرے رب کی جب پکڑتا ہے بستیوں کو

ظالمة الآیة متفق علیہ وعن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لما مر بالحجر قال لا تدخلوا مساکن الذین ظلموا انفسہم

ظالم ہیں تمام آیت متفق علیہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب گذرے حجر پر فرمایا نہ جاؤ ان مکانوں میں جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم

نہیں کرتا بعضے مرادی ضدا کی ہی۔ اگر یہ ہو تو خلق ہی ہے نہی اور تابعد اسباب الظلم ہوگی اور اگر یہ نہیں تو نہ وہ نہ یہ۔

الا ان تكونوا باكين ان يصيبكم ما اصابهم ثم قنع راسه واسرع السير حتى اجتاز الوادي متفق عليه وعن ابي هريرة

مگر روتے ہوئے کہ تم پر عذاب نہ پڑے جیسا ان پر عذاب پڑا پھر چھپایا سر اپنا اور جلد چلے یہاں تک کہ نکل گئے اس میدان سے ف ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من كانت له مظلمة لاخيه من عرضه او شيء فليتحلله منها اليوم قبل ان لا يكون

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جس پر ہو کچھ مظلمہ اپنے بھائی کا اسکی آبرو یا اور کسی چیز کا تو چاہئے کہ بخشوالیوے اس سے آج اس دن سے پہلے کہ نہ ہوگی

دينار ولا درهم ان كان له عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته وان لم يكن له حسنات اخذ من سيئات صاحبه فحمل

اشرفی اور نہ روپیہ اگر ظالم کے پاس کچھ نیک کام ہوگا تو لیا جاویگا اس سے بقدر ظلم کے اور اگر نہ ہونگے اسکے نیک کام تو لئے جاوینگے گناہ مظلوم کے پھر لادے جاوینگے

عليه رواه البخاري وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال اتدرون ما المفلس قالوا المفلس فينا من لا درهم له

ظالم پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے اصحاب نے کہا مفلس ہم میں وہ ہے جسکے پاس نہ درہم ہو

ولا متاع فقال ان المفلس من امتي من ياتي يوم القيمة بصلوة وصيام وزكوة وياتي قد شتم هذا وقذف هذا واكل مال

اور نہ اسباب فرمایا مفلس میری امت میں وہ ہے جو آوے قیامت کے دن نماز اور روزہ اور زکوۃ لیکر حالانکہ اسنے کسی کو گالی دی اور کسی کو عیب لگایا اور کسی کا مال کھایا

هذا وسفك دم هذا وضرب هذا فيعطى هذا من حسناته وهذا من حسناته فان فنيت حسناته قبل ان يقضي

اور کسیکا خون بہایا اور کسی کو مارا سو دلایا جائیگا مظلوم کو اسکی نیکیوں سے اور دوسرے کو اسکی نیکیوں سے پھر اگر تمام ہوئیں اسکی نیکیاں پہلے فیصلہ کرنے کے

ما عليه اخذ من خطاياهم فطرحت عليه ثم طرح في النار رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

لئے جاوینگے گناہ ان مظلوموں کے پھر ڈالے جاوینگے اس ظالم پر پھر ڈالا جائیگا آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

لتؤدن الحقوق الى اهلها يوم القيمة حتى يقاد للشاة الجلحاء من الشاة القرناء رواه مسلم وذكر حديث جابر اتقوا الظلم

دلائے جاوینگے حق حقداروں کو قیامت کے دن یہاں تک کہ بدلا لیا جائیگا منڈی کا سینگدار بکری سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ذکر کی گئی ہے حدیث جابر کی ڈرو ظلم سے

في باب الانفاق

الفصل الثاني

عن حذيفة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تكونوا امعة تقولون ان احسن الناس

باب الانفاق میں۔ فصل دوسری روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ ہو تم مرد ہر جائی کہ بولو اگر نیکی کریں لوگ ہم سے

احسنا وان ظلموا ظلمنا ولكن وطنوا انفسكم ان احسن الناس ان تحسنوا وان اساءوا فلا تظلموا رواه الترمذي وعن

نیکی کرینگے ہم ان سے اور اگر ظلم کریں ہم پر تو ہم ظلم کرینگے لیکن قرار دو اپنے دلوں کو اس کہ اگر نیکی کرینگے لوگ تم نیکی کرو ان سے اور اگر برائی کریں تو تم ظلم نہ کرو روایت کیا اسکو ترمذی نے

معاوية انه كتب الى عائشة ان اكتبي الي كتابا توصيني فيه ولا تكثري فكتبت سلام عليك اما بعد فاني سمعت رسول

معاویہ سے کہ اسنے لکھا عائشہ کو یہ کہ لکھو مجھے مکتوب کہ اس میں نصیحت ہو میری اور مختصر سو لکھا عائشہ نے سلام تجھ پر بعد حمد و صلوۃ کے سو سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول من التمس رضى الله بسخط الناس كفاه الله مؤنة الناس ومن التمس رضى الناس بسخط

اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جو کوئی ڈھونڈتا ہے خوشی خدا کی ساتھ ناخوشی لوگوں کے بس کرتا ہے خدا اسکو لوگوں کی گرانی سے اور جو شخص ڈھونڈے

الله وكله الله الى الناس والسلام عليك رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن ابن مسعود قال لما نزلت الذين امنوا ولم

اللہ کے چھوڑ دیتا ہے اسکو خدا لوگوں کی طرف اور سلام تجھ پر روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ فصل تیسری روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ جب اتری یہ آیت جو لوگ کہ ایمان لائے اور نہ

يلبسوا ايمانهم بظلم شق ذلك على اصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وقالوا يا رسول الله اينا لم يظلم نفسه فقال

ملائے اپنے ایمان کو ساتھ ظلم کے تو سخت آیا یہ معنی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور بولے یا رسول اللہ کون شخص ایسا ہے ہم میں سے جو ظلم نہیں کیا اپنی جان پر تب فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ليس ذلك انما هو الشرك الم تسمعوا قول لقمان لابنه يا بني لا تشرك بالله ان الشرك لظلم

رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں ہے یہ بس یہ ظلم شرک ہے کیا نہ سنے ہو قول لقمان کا اپنے بیٹے کے لئے اے بیٹے شرک نہ ٹھہرا اللہ کا بیشک شرک ظلم ہے

عظيم وفي رواية ليس هو كما تظنون انما هو كما قال لقمان لابنه متفق عليه وعن ابي امامة ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

بڑی ہے اور ایک روایت میں نہیں ہے مراد اس سے جو گمان کرتے ہو تم جیسا کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو ۔ متفق ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

قال من شر الناس منزلة يوم القيامة عبد اذهب آخرته بدنيا غيره رواه ابن ماجة وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله

فرمایا بدترین آدمیوں سے مرتبے میں قیامت کے دن وہ بندہ ہے جو برباد کیا اپنی آخرت کو سبب غیر کی دنیا کے ۔ روایت کیا ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں فرمایا رسول

عليه وآله وسلم الدواوين ثلثة ديوان لا يغفر الله الاشراك بالله يقول الله عز وجل ان الله لا يغفر ان يشرك به و

صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نامہ اعمال کے تین ہیں ایک نامہ ہے جو نہ بخشیگا اللہ وہ شریک ٹھہرانا اللہ کے ساتھ ہے فرماتا ہے اللہ عزوجل تحقیق اللہ نہیں بخشتا ہے یہ کہ اسکا شریک کیجئے

ديوان لا يتركه الله تعالى ظلم العباد فيما بينهم حتى يقتص بعضهم من بعض وديوان لا يعبأ الله به ظلم العباد فيما بينهم

دوسرا وہ ہے جو نہیں چھوڑیگا خدا اسکو وہ ظلم بندوں کا آپس میں یہاں تک کہ بدلا لیگا ایک کا دوسرے سے اور تیسرا وہ ہے جو پروا نہیں کرتا خدا اسکا وہ ظلم بندوں کا اپنی

وبين الله فذلك الى الله ان شاء عذبه وان شاء تجاوز عنه وعن علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور درمیان خدا کے سو یہ اللہ کی طرف ہے اگر چاہے عذاب کرے اسکو اور اگر چاہے درگذر کرے اس سے اور روایت ہے علی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

اياك ودعوة المظلوم فانما يسأل الله حقه وان الله لا يمنع ذا حق حقه وعن اوس بن شرحبيل انه سمع رسول الله

بچو تم مظلوم کی دعا سے کیونکہ بس وہ مانگتا ہے خدا سے اپنا حق اور خدا نہیں منع کرتا ہے کسی حق والے کو اسکے حق سے اور روایت ہے اوس بن شرحبیل سے کہ سنا انہوں نے رسول اللہ

صلى الله عليه وآله وسلم يقول من مشى مع ظالم ليقويه وهو يعلم انه ظالم فقد خرج من الاسلام وعن ابي هريرة انه سمع

صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جو چلا ظالم کے ساتھ تاکہ مدد کرے اسکی حالانکہ جانتا ہو کہ وہ ظالم ہے تو تحقیق نکل گیا اسلام سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ سنا

رجلا يقول ان الظالم لا يضر الا نفسه فقال ابو هريرة بلى والله حتى الحبارى لتموت في وكرها هزلا لظلم الظالم روى

ایک شخص کو کہتے کہ ظالم ضرر نہیں پہنچاتا مگر اپنی جان پر تو کہا ابو ہریرہ نے ہاں قسم خدا کی یہاں تک کہ چڑیا البتہ مر جاتی ہے اپنے آشیانہ میں لاغری سے سبب ظلم ظالم کے ۔ روایت

البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان

باب الامر بالمعروف

الفصل الاول

عن ابي سعيد الخدري عن

کی بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں　باب امر بالمعروف کا　فصل پہلی　روایت ہے ابی سعید خدری سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال من رأى منكم منكرا فليغيره بيده فان لم يستطع فبلسانه فان لم يستطع فبقلبه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے جو تم لوگوں میں سے دیکھے خلاف شرع تو چاہیے کہ بگاڑ دے اسکو اپنے ہاتھ سے پھر اگر طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے پھر اگر طاقت نہ رکھتا ہو تو دل سے

وذلك اضعف الايمان رواه مسلم وعن النعمان بن بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مثل المدهن في حدود


اور یہ بہت سست ایمان ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مثل اسکی جو سستی کرتا ہے حدود میں

الله والواقع فيها مثل قوم استهموا سفينة فصار بعضهم في اسفلها وصار بعضهم في اعلاها فكان الذي في اسفلها

خدا کے اور جو گر پڑا ان حدود میں اس قوم کی مثل ہے جنہوں نے حصہ بانٹ لیا کشتی میں ٹھہرا سو بعضوں نے اسکے تلے کا مکان پایا اور بعضوں نے اوپر کا سو جو تلے رہا

يمر بالماء على الذين في اعلاها فتأذوا به فاخذ فاسا فجعل ينقر اسفل السفينة فاتوه فقالوا مالك قال تأذيتم بي ولا بد

گذرتا پانی لینے کو اپنے اوپر والوں پر پھر اوپر والے اذیت کھینچے اس سے تب اسنے کلہاڑی لی اور پھوڑنا شروع کیا تلے کو جہاز کے سو آئے اوپر والے اسکے پاس بولے تیرا کیا حال ہے کہا تمہیں اذیت ہوئی میرے سبب سے



لى من المكرهين فإن أخذوا على يديه أنجوه ونجوا أنفسهم وإن تركوه أهلكوه وأهلكوا أنفسهم رواه البخاري وعن
مجھکو پانی پی پھر اگر اوپر والے اسکے ہاتھ پکڑ لیں بچا لیں اسکو اور خود بھی بچیں اور اگر اسکو چھوڑ دیں ہلاک کریں اسکو اور آپ بھی ہلاک ہوں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت

أسامة بن زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يجاء بالرجل يوم القيامة فيلقى في النار فتندلق أقتابه في النار
اسامہ بن زید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے لایا جائیگا مرد قیامت کے دن سو ڈالا جائیگا دوزخ میں سو نکل پڑینگی آنتیں اسکی

فيطحن فيها كطحن الحمار برحاه فيجتمع أهل النار عليه فيقولون يا فلان ما شأنك أليس كنت تأمرنا بالمعروف وتنهانا عن
سو پھریگا اسمیں جیسے گدھا پھرتا ہے چکی کی گرد تو جمع ہونگے دوزخی لوگ اس پر پھر کہینگے اے فلانے کیا ہوگیا ہے تجھکو کیا نہ بتلاتا تھا تو ہمکو نیک باتیں اور منع کرتا ہمکو

المنكر قال كنت آمركم بالمعروف ولا آتيه وأنهاكم عن المنكر وآتيه متفق عليه

الفصل الثاني

عن حذيفة أن
بد کاموں سے تو کہیگا ہاں لیکن تھا میں تمکو بتلاتا نیکی اور خود نہ کرتا تھا اور منع کرتا تھا تمکو بد کاموں سے لیکن خود کرتا تھا فصل دوسری روایت ہے حذیفہ سے کہ

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال والذي نفسي بيده لتأمرن بالمعروف ولتنهون عن المنكر أو ليوشكن الله أن يبعث
نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا قسم اسکی کہ جان میری جسکے ہاتھ ہے البتہ بتلاؤگے تم بھلی بات اور منع کروگے بدکاموں سے یا نزدیک ہے کہ خدا بھیجے

عليكم عذابا من عنده ثم لتدعنه ولا يستجاب لكم رواه الترمذي وعن العرس بن عميرة عن النبي صلى الله عليه وآله
تم پر عذاب اپنے پاس سے پھر البتہ پکاروگے تم اسکو سو نہ سنیگا تمہاری روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عرس بن عمیرہ سے نبی صلے اللہ علیہ و آلہ

وسلم قال إذا عملت الخطيئة في الأرض من شهدها فكرهها كان كمن غاب عنها ومن غاب عنها فرضيها كان كمن
وسلم سے فرمایا کہ جب کیا جاتا ہے گناہ زمین میں جسنے دیکھا اس گناہ کو پھر برا جانا تو ہے مثل اسکے جو غائب ہے اس گناہ سے اور جو اس سے غائب رہا اور راضی ہے

شهدها رواه أبو داود وعن أبي بكر الصديق رض قال يا أيها الناس إنكم تقرؤون هذه الآية يا أيها الذين آمنوا
دیکھنے والے کی روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی بکر صدیق رضی سے انہے کہا اے لوگو مقرر تم پڑھتے ہو اس آیت کو اے ایمان والو

عليكم أنفسكم لا يضركم من ضل إذا اهتديتم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن الناس إذا رأوا
تم پر لازم ہے فکر اپنی جان کی تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہو راہ پر کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے مقرر لوگ دیکھیں

منكرا فلم يغيروه يوشك أن يعمهم الله بعقابه رواه ابن ماجه والترمذي وصححه وفي رواية أبي داود إذا رأوا الظالم فلم يأخذوا
خلاف شرع کو پھر نہ بگاڑ دیں اسکو نزدیک ہے کہ ان سبھوں پر پھیرے اللہ اپنے عذاب روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے ابو داود کی ایک

على يديه أوشك أن يعمهم الله بعقاب وفي أخرى له ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصي ثم يقدرون على أن يغيروا ثم لا
ہاتھ اسکا تو قریب ہے کہ اللہ پکڑے ان سبھوں کو عذاب اور دوسری روایت میں ہے نہیں ہے کوئی قوم کہ گناہ کئے جاویں درمیان ان کے پھر قدرت رکھتے ہوں بگاڑنے پر پھر نہ

يغيروا إلا يوشك أن يعمهم الله بعقاب وفي أخرى له ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصي هم أكثر ممن يعمله وعن جرير بن
بگاڑیں مگر قریب ہے کہ پکڑے ان سبھوں کو خدا عذاب اور ابو داود کی دوسری روایت میں ہے نہیں ہے کوئی قوم کہ جن کے درمیان ہو گناہ کیا جاتا ہے اور وے اکثر ہوں گناہ کرنے والوں سے اور روایت ہے جریر بن

عبد الله قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ما من رجل يكون في قوم يعمل فيهم بالمعاصي يقدرون
عبد اللہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے نہیں رہتا کوئی شخص کسی قوم میں جو کرتا ہو ان میں گناہ قدرت رکھتے ہوں

على أن يغيروا عليه ولا يغيرون إلا أصابهم الله منه بعقاب قبل أن يموتوا رواه أبو داود وابن ماجه وعن أبي ثعلبة
کہ بگاڑ دیں اسکو اور نہ بگاڑیں مگر پہنچاتا ہے ان پر اللہ عذاب پہلے ان کے مرنے کے روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ثعلبہ

في قوله تعالى عليكم أنفسكم لا يضركم من ضل إذا اهتديتم فقال أما والله لقد سألت عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم
قول میں اللہ تعالیٰ کے تم پر لازم ہے فکر اپنی جانکی تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہو راہ پر کہا سنتے رہو قسم خدا کی البتہ مقرر پوچھا میں نے اس آیت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

فقال بل ائتمروا بالمعروف وتناهوا عن المنكر حتى إذا رأيت شحا مطاعا وهوى متبعا ودنيا مؤثرة وإعجاب كل ذي رأي
تو فرمایا بلکہ بتلاؤ بھلی بات اور منع کرو بدکام سے یہاں تک کہ جب دیکھے تو بخیلی کی تابعداری کی جاوے اور خواہش نفس کی متابعت ہو اور دنیا اختیار کی جاوے اور عجب کرنا ہر صاحب رائے کا

برأيه ورأيت أمرا لا بد لك منه فعليك نفسك ودع أمر العوام فإن وراءكم أيام الصبر فمن صبر فيهن كان كمن قبض
اپنی رائے پر اور دیکھے تو ایسے امر کو کہ ضرورت ہو تجھے اسکی استعداد نہیں لازم پکڑ اپنی ذات کو اور چھوڑ دے کام کو خلق اللہ کے کیونکہ آگے تمہارے دن صبر کے ہیں سو جو کہ صبر کریگا ان دنوں میں ہوگا مانند اسکے جو تھامے

على الجمر للعامل فيهن أجر خمسين رجلا يعملون مثل عمله قالوا يا رسول الله أجر خمسين منهم قال أجر خمسين منكم
چنگاری کے واسطے عمل کرنے والے کے ان دنوں میں اجر ہے پچاس مرد کا جو عمل کرتے ہیں مانند عمل اسکے صحابہ نے کہا یا رسول اللہ مزدوری پچاس مرد کی جو ان میں سے ہیں فرمایا اجر پچاس مرد کا جو تم میں سے ہیں

رواه الترمذي وابن ماجه وعن أبي سعيد الخدري قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم خطيبا بعد العصر
روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کھڑے ہوئے ہم میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ سنانے کو بعد نماز عصر کے

فلم يدع شيئا يكون إلى يوم القيامة إلا ذكره حفظه من حفظه ونسيه من نسيه وكان فيما قال إن الدنيا حلوة خضرة وإن
پھر نہ چھوڑی کوئی چیز جو ہونے والی ہے قیامت تک مگر ذکر فرمایا اسکو یاد رکھا یاد رکھنے والا اور بھول گیا اسکو بھولنے والا اور تھی اس خطبے میں جو فرمایا کہ مقرر دنیا شیرین سبز ہے اور مقرر

الله مستخلفكم فيها فناظر كيف تعملون ألا فاتقوا الدنيا واتقوا النساء وذكر إن لكل غادر لواء يوم القيامة
خدا خلیفہ کیا ہے تمکو اس میں سو دیکھتا ہے کہ کیونکر تصرف کرتے ہو سنتے رہو سو بچتے رہو دنیا سے اور بچتے رہو عورتوں سے اور ذکر کیا کہ ہر عہد توڑنے والے کے لئے جھنڈا ہے قیامت کے دن

بقدر غدرته في الدنيا ولا غدر أكبر من غدر أمير العامة يغرز لواؤه عند استه قال ولا يمنعن أحدا منكم هيبة
باندازے اسکے غدر کے دنیا میں اور نہیں ہے کوئی غدر بڑا غدر سے امیر عامہ کے گاڑا جاویگا جھنڈا اسکا اسکی دبر پاس فرمایا اور نہ باز رکھے کسی کو تمہارے ہیبت

الناس أن يقول بحق إذا علمه وفي رواية إن رأى منكرا أن يغيره فبكى أبو سعيد وقال قد رأيناه فمنعتنا هيبة الناس
لوگوں کی حق بولنے سے جب معلوم کیا حق کو اور ایک روایت میں ہے اگر دیکھے بدکام بگاڑنے سے اسکے پس رو دیا ابو سعید نے اور کہا مقرر دیکھا ہمنے بدکام کو سو باز رکھا ہمکو ہیبت نے لوگوں کی

أن نتكلم فيه ثم قال ألا إن بني آدم خلقوا على طبقات شتى فمنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت مؤمنا
کہ بات کریں اسمیں پھر کہا سنتے رہو مقرر بنی آدم ہیں کئی اقسام پر پھر کوئی انمیں سے پیدا ہوتا ہے مومن اور زندہ رہتا ہے مومن اور مرتا ہے مومن

ومنهم من يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت كافرا ومنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت كافرا ومنهم من
اور کوئی ان سے پیدا ہوتا ہے کافر اور زندہ رہتا ہے کافر اور مرتا ہے کافر اور کوئی ان سے پیدا ہوتا ہے مومن اور زندہ رہتا ہے مومن اور مرتا ہے کافر اور کوئی ان سے

يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت مؤمنا قال وذكر الغضب فمنهم من يكون سريع الغضب سريع الفيء
پیدا ہوتا ہے کافر اور زندہ رہتا ہے کافر اور مرتا ہے مومن اور کہا راوی نے اور ذکر کیا غصے کا سو بعضا آدمی جلد غصے میں آتا ہے اور پھر جلد جاتا رہتا ہے

فإحداهما بالأخرى ومنهم من يكون بطيء الغضب بطيء الفيء فإحداهما بالأخرى وخياركم من يكون بطيء
سو ایک ان دونوں کا مقابل ہے دوسرے کے اور کسی کو دیر میں غصہ آتا ہے اور دیر میں دفع ہوتا ہے سو ایک ان دونوں کا مقابل ہے دوسرے کا اور بہترین تمہارا وہ ہے جو دیر میں

الغضب سريع الفيء وشراركم من يكون سريع الغضب بطيء الفيء قال اتقوا الغضب فإنه جمرة على قلب ابن
غصے میں آوے اور جلد دور کرے اور بدترین تمہارا وہ ہے جو جلد غصے میں آوے پھر غصہ اسکا دیر تک رہے فرمایا بچتے رہو غصے سے کیونکہ وہ ہے دل پر بنی

ادم الا ترون الى انتفاخ اوداجه وحمرة عينيه فمن احس بشئ من ذلك فليضطجع وليتلبد بالارض قال وذكر

آدم کے بھلا نہیں دیکھتے ہو اسکی گردن کی رگیں پھولنے اور اسکی سرخی چشم کی طرف سو جو کوئی پاوے کچھ لگاؤ غصہ تو چاہئے کہ لیٹ جاوے پہلو پر اور چمٹ جاوے زمین میں کہا ابو سعید نے اور ذکر کیا

الدين فقال منكم من يكون حسن القضاء واذا كان له افحش في الطلب فاحديهما بالاخرى ومنهم من يكون

قرض کا سو فرمایا کوئی تم میں سے ہے نیک ادا کرنے والا اور جب ہو قرض اسکا دوسرے پر سو برا طلب کرنے والا ہے سو ایک ان دونو خصلتوں کا مقابل ہے دوسری کا اور کوئی تمھارا

سيئ القضاء وان كان له اجمل في الطلب فاحديهما بالاخرى وخياركم من اذا كان عليه الدين احسن القضاء

برا ادا کرنے والا ہے اور اگر ہو اسکا قرض دوسرے پر تو نیک ہے طلب کرنے میں سو ایک انکا مقابل ہے دوسرے کا اور بہترین تمھارا وہ جب ہو اسپر قرض تو بھلی طرح سے ادا کرتا ہے

واذا كان له اجمل في الطلب وشراركم من اذا كان عليه الدين اساء القضاء وان كان له افحش في الطلب

اور جب ہو قرض اسکا دوسرے پر تو بھلی طرح سے طلب کرتا ہے اور بدترین تمھارا وہ ہے کہ جب ہو اسپر قرض تو بری طرح سے ادا کرتا ہے اور اگر ہو قرض اسکا دوسرے پر بری طرح طلب کرتا ہے

حتى اذا كانت الشمس على رؤس النخيل واطراف الحيطان فقال اما انه لم يبق من الدنيا فيما مضى منها الا كما

یہاں تک جب ہوا سورج درخت خرمے پر اور کناروں پر دیوار کے تب فرمایا سنتے رہو نہ باقی رہا دنیا کے زمانے سے بہ نسبت ان زمانوں کے جو گذرا مگر جب کہ

بقي من يومكم هذا فيما مضى منه رواه الترمذي وعن ابي البختري عن رجل من اصحاب النبي صلى الله عليه وآله

باقی رہا اس دن سے تمھارے بہ نسبت ان زمانوں کے جو گذرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے بختری سے ایک مرد سے جو اصحاب سے ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لن يهلك الناس حتى يعذروا من انفسهم رواه ابوداود وعن

وسلم کے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہرگز ہلاک نہ ہونگے لوگ یہاں تک کہ بہت ہوں گناہ انکی ذات کے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے

عدي بن عدي الكندي قال حدثنا مولى لنا انه سمع جدي يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله

عدی بن عدی الکندی سے کہا کہ حدیث سنائی مجھے میرے مولانے کہ اسنے سنا میرے دادے سے کہ کہتا تھا سنا میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم يقول ان الله تعالى لا يعذب العامة بعمل الخاصة حتى يروا المنكر بين ظهرانيهم وهم قادرون على

وسلم کو فرماتے کہ مقرر خدا تعالی نہیں عذاب کرتا اکثر قوم کو سبب عمل ان کے بعض کے یہاں تک کہ دیکھیں خلاف شرع کو روبرو اپنے حالانکہ قادر ہوں

ان ينكروه فلا ينكروه فاذا فعلوا ذلك عذب الله العامة والخاصة رواه في شرح السنة وعن عبد الله بن

اسکے انکار کرنے پر پھر نہ انکار کریں اسکو سو جبکہ کریں ایسا تو عذاب کرے اللہ عوام و خواص کو روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عبد اللہ بن

مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما وقعت بنو اسرائيل في المعاصي نهتهم علماؤهم فلم ينتهوا

مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب گرے بنی اسرائیل گناہوں میں تو منع کیا ان کو ان کے علمانے سو باز نہ آئے

فجالسوهم في مجالسهم وواكلوهم وشاربوهم فضرب الله قلوب بعضهم ببعض فلعنهم على لسان داود وعيسى بن مريم

تب بیٹھے ان کے ساتھ مجلسوں میں ان کے اور کھانے پینے لگے ان کے ساتھ تب ملا دیا اللہ نے بعض کے دل کو ساتھ بعض کے سو لعنت کی ان کو زبان پر داؤد اور عیسی بن مریم کے

ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون قال فجلس رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وكان متكئا فقال لا والذي

یہ اس سبب سے کہ بے حکم تھے اور حد پر نہ رہتے تھے ابن مسعود نے کہا پھر بیٹھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تھے تکیہ مار کے تب فرمایا نہیں ف قسم ہے اسکی

نفسي بيده حتى تأطروهم اطرا رواه الترمذي وابوداود وفي روايته قال كلا والله لتأمرن بالمعروف

کہ جان میری جسکے ہاتھ ہے جب تک روکو انکو روکنا کرف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور ابوداود کی ایک روایت میں فرمایا کوئی نہیں قسم ہے خدا کی البتہ بتلاؤگے بھلی بات

وَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَأْخُذُنَّ عَلٰى يَدَيِ الظَّالِمِ وَلَتَأْطُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ اَطْرًا وَلَتَقْصُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا اَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللّٰهُ

اور منع کروگے بدکام سے اور پکڑ لوگے دونو ہاتھ ظالم کے اور جھکاؤگے اسکو حق کی طرف جھکانا اور ٹھہراؤگے اسکو حق پر ٹھہرانا اگر یا ملا دیگا خدا

بِقُلُوْبِ بَعْضِكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ لَيَلْعَنَنَّكُمْ كَمَا لَعَنَهُمْ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ

تمہارے بعض کے دل کو ساتھ بعض کے پھر لعنت کریگا تم پر جیسے لعنت کی ان پر اور روایت ہے انس سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے فرمایا دیکھا میں نے

لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ يَاْمُرُوْنَ

معراج کی رات میں کتنے مردوں کو تراشے جاتے تھے لب ان کے آگ کی مقراضوں سے پوچھا میں نے کون ہیں یہ لوگ اے جبرئیل فرمایا یہ واعظ ہیں تیری امت کے بتلاتے تھے

النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ اَنْفُسَهُمْ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ

لوگوں کو نیکی اور بھول جاتے تھے اپنی جان کو روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور بیہقی کی ایک روایت میں ہے کہا جبرئیل نے واعظ تیری امت کے

الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَقْرَءُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جو بولتے تھے منہ سے جو نہیں کرتے اور پڑھتے تھے کتاب اللہ کی اور عمل نہیں کرتے اور روایت ہے عمار بن یاسر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَّلَحْمًا وَّاُمِرُوْا اَنْ لَّا يَخُوْنُوْا وَلَا يَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا

واٰلہ وسلم نے اترا خوان آسمان سے روٹی اور گوشت سے اور حکم ہوا ان پر کہ خیانت نکریں اور نگاہ نرکھیں کل کے واسطے سو خیانت کی اور نگاہ رکھی اور اٹھا رکھا

لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کل کے لئے سو صورت بدلی گئیں انکی بندر اور سور کی روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و

اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ تُصِيْبُ اُمَّتِيْ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ مِنْ سُلْطَانِهِمْ شَدَائِدُ لَا يَنْجُوْ مِنْهُ اِلَّا رَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَجَاهَدَ عَلَيْهِ

اٰلہ وسلم نے کہ حال تو یہ ہے پہنچینگے میری امت میں آخر زمانے میں انکے بادشاہوں کی طرف سے سختیاں اور نجات نپائیگا ان بلاؤں سے مگر مرد کہ پہنچانا دین اللہ کا سو لڑا

بِلِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَقَلْبِهٖ فَذٰلِكَ الَّذِيْ سَبَقَتْ لَهُ السَّوَابِقُ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَصَدَّقَ بِهٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ

اپنی زبان اور ہاتھ اور دل سے سو وہ مرد ہے کہ جسکو پہلے پہنچا چکی ہیں نیکیاں اور وہ مرد ہے کہ پہچانا دین کو اللہ کے پھر سچا جانا اسکو اور وہ مرد کہ پہچانا

دِيْنَ اللّٰهِ فَسَكَتَ عَلَيْهِ فَاِنْ رَاٰى مَنْ يَّعْمَلُ الْخَيْرَ اَحَبَّهٗ عَلَيْهِ فَاِنْ رَاٰى مَنْ يَّعْمَلُ بِبَاطِلٍ اَبْغَضَهٗ عَلَيْهِ فَذٰلِكَ يَنْجُوْ عَلٰى

دین کو اللہ کے پھر چپکا بیٹھا اس پر پھر اگر دیکھا کسیکو کہ کرتا ہے عمل نیک دوست رکھا اسکو اس سبب سے اور اگر دیکھا اسکو کہ کرتا ہے ناحق دشمن رکھا اسکو اس سبب سے سو یہ نجات

اِبْطَانِهٖ كُلِّهٖ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنِ

رکھنے اپنے باطن تمامی کو اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے وحی بھیجی اللہ غالب بزرگ نے طرف جبرئیل علیہ السلام کے کہ

اِقْلِبْ مَدِيْنَةَ كَذَا وَكَذَا بِاَهْلِهَا فَقَالَ يَا رَبِّ اِنَّ فِيْهِمْ عَبْدَكَ فُلَانًا لَمْ يَعْصِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ قَالَ اِقْلِبْهَا عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ

الٹ دے شہر ایسے ایسے کو ساتھ اسکے لوگوں کے تب کہا اے رب مقرر ان میں ایک بندہ ہے تیرا ایسے حکمی نکی ہے تیری ایک پلک آنکھ کی فرمایا الٹ دے اسکو اس پر اور ان پر

فَاِنَّ وَجْهَهٗ لَمْ يَتَمَعَّرْ فِيَّ سَاعَةً قَطُّ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَسْاَلُ

کیونکہ چہرہ اسکا متغیر ہوا واسطے میرے ایک ساعت کبھی اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے کہ اللہ غالب و بزرگ پوچھیگا

الْعَبْدَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ مَا لَكَ اِذْ رَاَيْتَ الْمُنْكَرَ فَلَمْ تُنْكِرْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُلَقّٰى حُجَّتَهٗ فَيَقُوْلُ

بندے کو قیامت کے دن کیا ہوا تھا تجھکو جب دیکھا تو نے خلاف شرع کو تو برا جانکر نہ بگاڑ دیا اسکو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر آئی جاویگی اسکے دل میں حجت تب کہیگا

يا رب خفت الناس ورجوتك روى البيهقي الاحاديث الثلثة في شعب الايمان وعن ابي موسى الاشعري قال

اے رب ڈرا تھا میں لوگوں سے اور امید رکھا تھا تیری مغفرت کی روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم والذي نفس محمد بيده ان المعروف والمنكر خليقتان تنصبان للناس يوم

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے قسم ہے اسکی جان محمد کی جسکے ہاتھ ہے کہ بھلے کام اور برے کام دو مخلوق ہو نگے آدمیوں کی صورت پر کھڑے کئے

القيامة فاما المعروف فيبشر اصحابه ويوعدهم الخير واما المنكر فيقول اليكم اليكم وما يستطيعون له الا لزوما

قیامت کے سو بہر صورت کام اچھا سو خوشخبری سنائیگا اپنے صاحب کو اور وعدہ دیگا ان کو نیکی کا اور بہر صورت جو برا ہے کہیگا دور ہو تم دور ہو تم ہم سے اور طاقت نہ رکھینگے

رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان كتاب الرقاق الفصل الاول عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله

روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں کتاب الرقاق پہلی فصل روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وآله وسلم نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس الصحة والفراغ رواه البخاري وعن المستورد بن شداد

علیہ والہ وسلم نے دو نعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگوں کو نقصان ہوتا ہے تندرستی اور خاطر جمعی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے مستورد بن شداد سے

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول والله ما الدنيا في الآخرة الا مثل ما يجعل احدكم اصبعه

کہا کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تھے قسم خدا کی نہیں دنیا مقابل میں آخرت کے مگر مانند اسکے جو ڈالتا ہے کوئی تمہارا انگلی اپنی

في اليم فلينظر بم يرجع رواه مسلم وعن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مر بجدي اسك ميت

دریا میں سو چاہیے کہ دیکھے کسقدر لیکر آتی ہے دریا سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے گذر کیا ایک بکری کا بچہ مردہ چھوٹے کان والے پر

قال ايكم يحب ان هذا له بدرهم فقالوا ما نحب انه لنا بشيء قال فوالله للدنيا اهون على الله من هذا

فرمایا تم میں سے کون چاہتا ہے کہ اسکو ملے یہہ ایک درم کے بدلے تو لوگوں نے کہا ہم نہیں چاہتے کہ یہہ ہمکو کسی چیز کے بدلے ملے فرمایا قسم ہے خدا کی البتہ دنیا خدا کے نزدیک اس سے زیادہ تر

عليكم رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر

جو نزدیک تمہارے ہے ذلیل ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ دنیا ایماندار کا قید خانہ ہے اور بہشت ہے کافر کی

رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله لا يظلم مؤمنا حسنة يعطى بها في الدنيا و

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مقرر اللہ ظلم نہیں کرتا ہے مومن پر نیکی میں دیا جاتا ہے اسکے سبب سے دنیا میں اور

يجزى بها في الآخرة واما الكافر فيطعم بحسنات ما عمل بها لله في الدنيا حتى اذا افضى الى الآخرة لم يكن له

ثواب دیا جائیگا اسکے سبب سے آخرت میں اور بہرصورت کافر سو کھلایا جاتا ہے بسبب نیکی ان عملوں کے کہ کیا ہے جنکو اللہ کے لئے دنیا میں یہانتک کہ جب چلا آخرت کو نہیں رہتی ہے اسکی

حسنة يجزى بها رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حجبت النار بالشهوات

کوئی نیکی جو اسکے سبب بدلا دیا جاوے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے روکی گئی دوزخ خواہش نفس سے

وحجبت الجنة بالمكاره متفق عليه الا عند مسلم حفت بدل حجبت وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه و

اور بہشت مشقت سے ق مگر نزدیک مسلم کے حفت ہے جگہ میں حجبت کے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و

آله وسلم تعس عبد الدينار وعبد الدرهم وعبد الخميصة ان اعطي رضي وان لم يعط سخط تعس وانتكس واذا

آلہ وسلم نے منہہ کے بل گرا بندہ اشرفی کا اور بندہ روپیہ کا اور بندہ سیاہ کمل دھاریدار کا اگر اسکو دیجئے تو راضی ہے اور اگر نہ دیجئے تو ناخوش ہوا اوندھا گرا الٹا ہو گیا اور جب

شيك فلا انتقش طوبى لعبد آخذ بعنان فرسه في سبيل الله أشعث رأسه مغبرة قدماه إن كان في الحراسة

اسکے پاؤں میں کانٹا چبھے تو نہ نکال سکے خوشی ہو بیچ اس بندہ کو جو تھامے اپنے گھوڑے کی باگ خدا کی راہ میں اسکے سر کے بال بکھرے اور اسکے دونوں قدم گرد میں بھرے اگر اسکو

كان في الحراسة وإن كان في الساقة كان في الساقة إن استأذن لم يؤذن له وإن شفع لم يشفع رواه البخاري وعن أبي سعيد

تو چوکیداری میں رہے اور اگر رکھے اسکو کرکے پیچھے تو وہیں رہے اگر اجازت مانگے اجازت نہ ملے اور اگر کسی کی سفارش کرے تو قبول نہ ہو روایت کیا اسکو بخاری نے

الخدري أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال إن مما أخاف عليكم من بعدي ما يفتح عليكم من زهرة الدنيا

خدری سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مقرر جس سے کہ ڈرتا ہوں تم پر بعد میرے وہ چیز ہے جو کھولی جائے تمہارے واسطے دنیا کی زینت

وزينتها فقال رجل يا رسول الله أو يأتي الخير بالشر فسكت حتى ظننا أنه ينزل عليه قال فمسح عنه الرحضاء

اور آرائش سے تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ بھلا لاوے گی نیکی چیز بدی کو تو سکوت کیا یہاں تک گمان کیا ہمنے کہ وحی اتاری جاتی ان پر کہا پھر پونچھا پسینہ اپنے

وقال أين السائل وكأنه حمده فقال إنه لا يأتي الخير بالشر وإن مما ينبت الربيع ما يقتل حبطا أو يلم إلا آكلة

اور فرمایا کہاں ہے وہ پوچھنے والا اور گویا کہ تعریف کی اسکی پھر فرمایا کہ نہیں لاتی نیکی بدی کو اور مقرر بعض گھاس جسکو اگاتی ہے بہار البتہ مار ڈالتی ہے پیٹ پھلا کر یا قریب ہوتی ہے کہ مار ڈالے مگر جو کھاوے

الخضر أكلت حتى امتدت خاصرتاها استقبلت عين الشمس فثلطت وبالت ثم عادت فأكلت وإن هذا

سبزی کو کہ کھایا یہاں تک کہ تن گئیں دونوں کوکھیں اسکی تو جا کھڑا ہوا آفتاب کے سامنے پھر لید کی اور پیشاب کیا پھر پلٹ گیا پھر کھانا شروع کیا بے شک یہ

المال خضرة حلوة فمن أخذه بحقه ووضعه في حقه فنعم المعونة هو ومن أخذه بغير حقه كان كالذي

مال ہرا بھرا شیریں ہے سو جسنے اسکو بجا لیا اور بجا صرف کیا تو اچھی مددگار ہے یہ مال اور جسنے اسکو ناحق لیا وہ ہے اسکی مانند جو

يأكل ولا يشبع ويكون شهيدا عليه يوم القيامة متفق عليه وعن عمرو بن عوف قال قال رسول الله صلى الله

کھاتا ہے اور آسودہ نہیں ہوتا اور ہوگا وہ مال اسپر گواہ قیامت کے دن ق اور روایت ہے عمرو بن عوف سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم فوالله لا الفقر أخشى عليكم ولكن أخشى عليكم أن تبسط عليكم الدنيا كما بسطت على من

علیہ والہ وسلم نے سو قسم ہے خدا کی مجھکو ڈر نہیں محتاجی کا ولیکن میں ڈرتا ہوں تم پر کہ کشادہ کی جائے تم پر دنیا جیسی کہ کشادہ کی گئی تھی ان پر جو

كان قبلكم فتنافسوها كما تنافسوها وتهلككم كما أهلكتهم متفق عليه وعن أبي هريرة أن رسول الله

پہلے تمہارے تھے سو رغبت کرو تم اس میں جیسی کہ انہوں نے رغبت کی اس میں اور ہلاک کرے تمکو جیسا کہ ہلاک کیا ان کو ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم قال اللهم اجعل رزق آل محمد قوتا وفي رواية كفافا متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو قال

صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا الہی محمد کے اہلبیت کی روزی بقدر زیست کے کر اور ایک روایت میں قوتا کی جگہ کفافا ہے ق اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قد أفلح من أسلم ورزق كفافا وقنعه الله بما آتاه رواه مسلم وعن أبي هريرة

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے البتہ مراد کو پہنچا جو مسلمان ہوا اور روزی ملی اسکو بقدر ضرورت کے اور خدا نے اسکو قناعت دی اسپر جو دیا اسکو م اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول العبد مالي مالي وإن ماله من ماله ثلث ما أكل فأفنى أو لبس فأبلى

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہتا ہے بندہ کہ یہ میرا مال ہے یہ میرا مال بیچ مقرر اسکے مال میں اسکو تین فائدہ ہیں جو کھایا سو مٹایا یا پہنا سو پرانا کیا

أو أعطى فاقتنى وما سوى ذلك فهو ذاهب وتاركه للناس رواه مسلم وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله

یا راہ خدا میں دیا سو آخرت کا ذخیرہ کیا اور اسکے سوا وہ جانے والا ہے اور لوگوں کے واسطے چھوڑ جانے والا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم يتبع الميت ثلثة فيرجع اثنان ويبقى معه واحد يتبعه اهله وماله وعمله فيرجع اهله وماله
علیہ وآلہ وسلم نے پیچھے لگے جاتے ہیں مردہ کے تین سو پلٹ آتے ہیں دو اور ایک رہ جاتا ہے پیچھے لگے جاتے ہیں اسکے قرابتی اور مال اور عمل اسکا سو پلٹ آتے ہیں

ويبقى عمله متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ايكم مال وارثه
اور رہ جاتا ہے عمل اسکا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ کون تم میں سے ایسا ہے کہ

احب اليه من ماله قالوا يا رسول الله ما منا احد الا ماله احب اليه من مال وارثه قال فان ماله ما قدم ومال
اپنے مال سے زیادہ تر پیارا ہو سو کہا یا رسول اللہ کوئی ہم میں ایسا نہیں مگر مال اسکا زیادہ پیارا ہے اپنے وارث کے مال سے فرمایا سو البتہ اسکا مال تو وہی ہے جو اس نے آگے بھیجا

وارثه ما اخر رواه البخاري وعن مطرف عن ابيه قال اتيت النبي صلى الله عليه وآله وسلم وهو يقرأ الهكم التكاثر
وارث کا وہی جو چھوڑ گیا ۔ ق ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے مطرف سے باپ سے اپنے کہا آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس حالانکہ آپ پڑھ رہے تھے الہکم التکاثر

قال يقول ابن آدم مالي مالي قال وهل لك يا ابن آدم الا ما اكلت فافنيت او لبست فابليت او تصدقت فامضيت
فرمایا حضرت نے کہتا ہے آدمی کہ میرا مال ہے میرا مال ہے فرمایا اور تجھکو نہیں فائدہ اے آدمی مگر جتنا کہ تو نے کھایا سو فنا کیا یا کہ تو نے پہنا سو گلایا یا کہ تو نے راہ خدا میں دیا سو آگے بھیجا

رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ليس الغنى عن كثرة العرض ولكن الغنى
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے بے پروائی اسباب دنیا کی زیادتی سے ولیکن بے پروائی

غنى النفس متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من يأخذ عني
بے پروائی دل کی ہے ۔ ق ۔ فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سیکھ لیوے مجھ سے

هؤلاء الكلمات فيعمل بهن او يعلم من يعمل بهن قلت انا يا رسول الله فاخذ بيدي فعد خمسا فقال اتق المحارم
ان باتوں کو پھر عمل کرے ان پر یا سکھاوے ایسے کو جو عمل کرے ان پر کہا میں نے میں ہوں یا رسول اللہ سو پکڑ لیا ہاتھ میرا پھر گنا پانچ کو تب فرمایا پرہیز کر حرام چیزوں سے

تكن اعبد الناس وارض بما قسم الله لك تكن اغنى الناس واحسن الى جارك تكن مؤمنا واحب للناس ما تحب لنفسك تكن
ہوگا تو زیادہ عابد لوگوں سے اور راضی رہ اس پر کہ خدا نے دیا تجھکو ہوگا تو زیادہ بے پروا لوگوں سے اور احسان کر اپنے ہمسایہ پر ہوگا تو ایماندار اور دوست رکھ لوگوں کے لئے جو

مسلما ولا تكثر الضحك فان كثرة الضحك تميت القلب رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه قال
مسلمان اور کثرت سے ہنسی نہ کر اسواسطے کہ کثرت ہنسی مارتی ہے قلب کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله يقول يا ابن آدم تفرغ لعبادتي املأ صدرك غنى واسد فقرك وان
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر خدا فرماتا ہے اے آدمی فارغ ہو میری عبادت کے لئے کہ بھر دوں میں تیرے دل کو غنی سے اور بند کروں احتیاج تیری اور اگر

لا تفعل ملأت يديك شغلا ولم اسد فقرك رواه احمد وابن ماجة وعن جابر قال ذكر رجل عند رسول الله
نہ کریگا تو بھر دونگا دونوں ہاتھ تیرے شغل سے اور نہ بند کرونگا حاجت تیری روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ ذکر کیا گیا ایک شخص نزدیک رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم بعبادة واجتهاد وذكر آخر برعة فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم لا تعدل بالرعة يعني
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کثرت عبادت اور مشقت کے اور ذکر کیا گیا دوسرا ساتھ پرہیزگاری کے تب فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برابر نہیں ہوتی کثرت عبادت

الورع رواه الترمذي وعن عمرو بن ميمون الاودي قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لرجل وهو يعظه اغتنم
ساتھ پرہیزگاری کے ۔ ت ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن میمون الاودی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو حالانکہ آپ اسکو نصیحت کرتے تھے غنیمت جان

خمسا قبل خمس شبابك قبل هرمك وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحياتك قبل موتك

پانچ چیز کو پہلے پانچ چیز کے جوانی کو اپنی پہلے بڑھاپے کے اور تندرستی اپنی پہلے اپنی بیماری کے اور تونگری کو پہلے محتاجی کے اور اپنی فراغت کو پہلے شغل کے اور زندگی کو اپنی پہلے اپنی موت کے

رواه الترمذي مرسلا ٥ وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ما ينتظر احدكم الا غنى مطغيا او فقرا

روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں انتظاری کرتا ہے کوئی تمھارا مگر بے پروائی کی جو سرکش کرنے والی یا محتاجی کی

منسيا او مرضا مفسدا او هرما مفندا او موتا مجهزا او الدجال فالدجال شر غائب ينتظر او الساعة والساعة

بھلانے والی کی یا بیماری بگاڑنے والی کی یا بڑھاپا بے عقل کرنے والے کی یا موت ناگہان آنے والی کی یا دجال کی سو دجال بد غائب ہے جسکی انتظاری کیجاتی یا قیامت کی اور قیامت

ادهى وامر رواه الترمذي والنسائي وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال الا ان الدنيا ملعونة ملعون ما

بڑی آفت ہے اور بہت کڑوی روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خبردار کہ دنیا ملعون ہے ملعون ہے جو کچھ

فيها الا ذكر الله وما والاه وعالم او متعلم رواه الترمذي وابن ماجة وعن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلى الله

اسمیں ہے مگر ذکر اللہ کا اور جو چیز کہ دوست رکھتا ہے اللہ اسکو اور جاننے والا یا علم سیکھنے والا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم لو كانت الدنيا تعدل عند الله جناح بعوضة ما سقى كافرا منها شربة رواه احمد والترمذي

علیہ وآلہ وسلم نے اگر ہوتی دنیا برابر خدا کے پاس مقدار پر مچھر کے تو نہ پلاتا خدا کسی کافر کو اس سے ایک چلو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی

وابن ماجة وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تتخذوا الضيعة فترغبوا في الدنيا رواه

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ اختیار کرو سوداگری پھر رغبت کرو دنیا میں روایت کیا اسکو

الترمذي والبيهقي في شعب الايمان وعن ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من احب دنياه اضر

ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے دوست رکھا اپنی دنیا کو تو

بآخرته ومن احب آخرته اضر بدنياه فآثروا ما يبقى على ما يفنى رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان وعن

اسنے بگاڑی اپنی آخرت اور جسنے دوست رکھی اپنی آخرت تو بگاڑی دنیا اپنی سو مقدم رکھو جو کہ ہمیشہ رہنے والی ہے اوپر مٹنے والی کے روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے

ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لعن عبد الدينار ولعن عبد الدرهم رواه الترمذي وعن كعب بن

ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا لعنت ہے بندے دینار کے پر اور لعنت ہے بندے درہم کے پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے کعب بن

مالك عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما ذئبان جائعان ارسلا في غنم بافسد لها من حرص

مالک سے اسنے اپنے باپ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہیں دو بھیڑیے بھوکے جو چھوڑے گئے بکریوں میں زیادہ تر تباہ کرنے والے حرص

المرء على المال والشرف لدينه رواه الترمذي والدارمي وعن خباب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

مرد کے مال پر اور جاہ سے دین کو اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے خباب سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

قال ما انفق مؤمن من نفقة الا اجر فيها الا نفقته في هذا التراب رواه الترمذي وابن ماجة وعن انس قال قال

کہ فرمایا نہیں کرتا ہے کوئی ایماندار خرچ مگر اجر پاویگا اسمیں مگر خرچ کرنا اس خاک میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم النفقة كلها في سبيل الله الا البناء فلا خير فيه رواه الترمذي وقال هذا حديث

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خرچ کرنا خدا کی راہ میں ہے مگر عمارت کی بنائیں کیونکہ نہیں ہے ثواب اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

غریب وعن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خرج یوما ونحن معہ فرای قبۃ مشرفۃ فقال ما ھذہ قالوا

غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہ مقرر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے ایک روز اور ہم ساتھ آپ کے تھے سو دیکھا ایک گول گھر بلند فرمایا کیا ہے یہ بولے

ھذہ لفلان رجل من الانصار فسکت وحملھا فی نفسہ حتی لما جاء صاحبھا فسلم علیہ فی الناس فاعرض عنہ

فلانے آدمی کا ہے انصار میں سے تو چپ رہے اور اٹھا رکھا اس بات کو اپنے دل میں سو تنگ کہ فیلما آیا مالک اسکا تو سلام کیا حضرت کو لوگوں میں تو منہ پھیر لیا حضرت نے اس سے

صنع ذلک مرارا حتی عرف الرجل الغضب فیہ والاعراض عنہ فشکی ذلک الی اصحابہ وقال واللہ انی لانکر

کیا حضرت نے یہ کئی بار یہاں تک پہنچا کہ اس نے غصہ اس میں اور منہ پھیرنا اپنی طرف سے تب شکایت کی اسنے اسکی حضرت کے اصحاب پاس اور کہا کہ قسم خدا کی مقرر میں ناآشنا پاتا ہوں

رسول اللہ قالوا خرج فرای قبتک فرجع الرجل الی قبتہ فھدمھا حتی سواھا بالارض فخرج رسول اللہ صلی

حضرت کو بولے نکلے حضرت سو دیکھا تیرے قبے کو تب پلٹ گیا وہ شخص اپنے قبے کی طرف سو ڈھا دیا اسکو یہاں تک کہ برابر کر دیا اسکو ساتھ زمین کے پھر نکلے رسول خدا صلی

اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات یوم فلم یرھا قال ما فعلت القبۃ قالوا شکی الینا صاحبھا اعراضک عنہ فاخبرناہ فھدمھا

اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن سو نہ دیکھا اسکو تب فرمایا کیا ہوا وہ قبہ عرض کیا لوگوں نے شکایت کی ہم پاس اسکے مالک نے آپکے منہ پھیر لینے کی اس سے سو ہمنے اسکو خبر دی تب ڈھا دیا اسکو

فقال اما ان کل بناء وبال علی صاحبہ الا ما لا یعنی الا ما لا بد منہ رواہ ابو داود وعن ابی ھاشم بن عتبۃ

تب فرمایا سنتے رہو ہر بنا وبال ہے مالک پر اسکے مگر جو چیز نہ ہو کہ چارہ نہیں ہے اس سے اور ضرور ہو اسکی روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہاشم بن عتبہ سے

قال عھد الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال انما یکفیک من جمع المال خادم ومرکب فی سبیل اللہ رواہ

کہا وصیت کی مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بس کفایت کرتا ہے تجھکو جمع کرنے سے مال کے ایک خدمتگار اور ایک سواری خدا کی راہ میں روایت کیا اسکو

احمد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ وفی بعض نسخ المصابیح عن ابی ھاشم بن عتبد بالدال بدل التاء وھو

احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور بعض نسخوں میں مصابیح کے ابی ہاشم بن عتبد سے ساتھ دال کے بدلے تا کے اور یہ

تصحیف وعن عثمان رض ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لیس لابن آدم حق فی سوی ھذہ الخصال بیت یسکنہ

تصحیف ہے اور روایت ہے عثمان رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے بیٹے آدم کا حق سوا ان کئی چیزوں کے گھر ایک کہ رہے اس میں

وثوب یواری بہ عورتہ وجلف الخبز والماء رواہ الترمذی وعن سھل بن سعد قال جاء رجل فقال یا رسول

اور کپڑا کہ چھپاوے اپنی شرمگاہ اور ٹکڑا روٹی خشک کا بغیر سالن کے اور پانی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا آیا ایک مرد پھر عرض کیا یا رسول

اللہ دلنی علی عمل اذا انا عملتہ احبنی اللہ واحبنی الناس قال ازھد فی الدنیا یحبک اللہ وازھد فیما عند الناس

اللہ بتلائیے مجھکو آپ عمل کہ جب کروں میں اسکو دوست رکھے مجھے اللہ اور دوست رکھیں مجھکو لوگ فرمایا رغبت نکر دنیا کی تو دوست رکھے تجھے اللہ اور خواہش نکر اس میں جو لوگوں پاس ہو

یحبک الناس رواہ الترمذی وعن ابن مسعود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نام علی حصیر فقام وقد اثر

کہ دوست رکھیں تجھے لوگ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سویا حصیر پر پھر اٹھے اور داغ پڑ گیا تھا

فی جسدہ فقال یا رسول اللہ لو امرتنا ان نبسط لک ونعمل فقال مالی وللدنیا وما انا والدنیا الا کراکب استظل

آپکے بدن میں تب کہا یا رسول اللہ اگر فرماتے ہمکو تو بچھاتے آپکے لئے نرم فرش اور تیار کرتے ہم تب فرمایا مجھکو کیا کام ہے دنیا سے اور نہیں ہوں میں ساتھ دنیا کے مگر جیسا ایک سوار سایہ لیا

تحت شجرۃ ثم راح وترکھا رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ وعن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال

نیچے جھاڑ کے پھر چلا گیا اسکو چھوڑ کر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا

اغبط اولیائی عندی لمؤمن خفیف الحاذ ذو حظ من الصلوٰۃ احسن عبادۃ ربہ واطاعہ فی السر وکان غامضا
زیادہ رشک کیا ہوا میرے دوستوں سے میرے نزدیک ایماندار ہے جسکے پاس سامان کم ہو نماز اچھی طرح ادا کرنے والا اچھی طرح عبادت کرنے والا اپنے رب کی اور اسکی اطاعت کرے چھپے

فی الناس لا یشار الیہ بالاصابع وکان رزقہ کفافا فصبر علی ذلک ثم نقد بیدہ فقال عجلت منیتہ قلت بواکیہ
لوگوں میں نہیں اشارہ کیا جاتا اسکی طرف کوئی انگلیوں سے اور روزی ملی اسکو بقدر حاجت پھر صبر کیا اس پر پھر نقد کیا ہاتھ اپنے پھر فرمایا جلد آوے موت اسکی تھوڑی ہیں رونے والیاں

قل تراثہ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرض علی ربی لیجعل
کم ہو میراث اسکا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظاہر کیا مجھ پر میرے رب نے کہ کر دے

لی بطحاء مکۃ ذہبا قلت لا یا رب ولکن اشبع یوما واجوع یوما فاذا جعت تضرعت الیک وذکرتک واذا
میرے لئے سنگریزے مکہ کے سونے کا کہا میں نے نہیں اے رب میرے ولیکن پیٹ بھر کھاؤں ایک دن اور بھوکا رہوں ایک دن سو جب کہ بھوکا ہوں گڑگڑاؤں تیری طرف اور یاد کروں

شبعت حمدتک وشکرتک رواہ احمد والترمذی وعن عبد اللہ بن محصن قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من
آسودہ ہوں تیری تعریف کروں اور شکر کروں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن محصن سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کہ

اصبح منکم آمنا فی سربہ معافی فی جسدہ وعندہ قوت یومہ فکانما حیزت لہ الدنیا بحذافیرہا رواہ
صبح کرے تم میں سے امن میں اپنے گھر میں تندرست بدن میں اور نزدیک اسکے خوراک ہو اس دن کا تو گویا کہ جمع کی گئی تمام دنیا اسکے لئے روایت کیا اسکو

الترمذی وقال ہذا حدیث غریب وعن المقدام بن معد یکرب قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وآلہ وسلم یقول ما ملأ آدمی وعاء شرا من بطن بحسب ابن آدم اکلات یقمن صلبہ فان کان لا محالۃ فثلث
وآلہ وسلم کو فرماتے تھے نہیں بھرا آدمی نے کوئی باسن بدتر پیٹ سے کافی ہے ابن آدم کو چند لقمے کہ قائم رکھیں اسکی پیٹھ کو پس اگر ضرور

طعام وثلث شراب وثلث لنفسہ رواہ الترمذی وابن ماجہ وعن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کھانا اور تہائی ہو پینا اور تہائی ہو واسطے سانس لینے کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

سمع رجلا یتجشأ فقال اقصر من جشائک فان اطول الناس جوعا یوم القیامۃ اطولہم شبعا فی الدنیا رواہ فی شرح
سنی ایک شخص کی ڈکار فرمایا بازرکھ ڈکار اپنی اسواسطے کہ بہت زیادہ بھوکا ہوگا قیامت کے دن وہی جو سب سے زیادہ آسودہ تھا دنیا میں روایت کیا اسکو شرح

السنۃ وروی الترمذی نحوہ وعن کعب بن عیاض قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول ان لکل امۃ
سنہ میں اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے اور روایت ہے کعب بن عیاض سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے تھے مقرر ہر امت کے لئے

فتنۃ وفتنۃ امتی المال رواہ الترمذی وعن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال یجاء بابن آدم یوم القیامۃ
فتنہ ہے اور فتنہ میری امت کا مال ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لایا جاویگا آدمی قیامت کے دن

کانہ بذج فیوقف بین یدی اللہ فیقول لہ اعطیتک وخولتک وانعمت علیک فما
گویا کہ وہ بھیڑ کا بچہ ہوگا کھڑا کیا جاویگا روبرو خدا کے سو فرماویگا اسکو دیا میں نے تجھکو مال اور خادم اور انعام کیا میں نے تجھ پر سو کیا

صنعت فیقول رب جمعتہ وثمرتہ وترکتہ اکثر ما کان فارجعنی آتک بہ کلہ فیقول لہ ارنی ما قدمت فیقول
عمل کیا تو نے تو کہیگا اے رب میرے جمع کیا میں نے مال بڑھایا اسکو اور چھوڑا میں نے زیادہ تر اسکے جو تھا سو بھیج مجھکو کہ لے آؤں میں اسکو تیرے پاس سب فرماویگا دکھا مجھکو

رب جمعته وثمرته وترکته اکثر ما کان فارجعني آتک به کله فاذا عبد لم يقدم خيرا فيمضي به الی النار رواه

اے رب میں نے جمع کیا تھا اس مال کو اور بڑھایا تھا اسکو اور چھوڑا زیادہ ترکہ سو پھیر مجھکو کہ لے آؤں سب تیرے پاس پھر جب ظاہر ہو گا کہ بندے نے آگے نہیں بھیجی کوئی نیکی پھر جاویگا

الترمذي وضعفه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم ان اول ما يسأل العبد يوم القيمة من

ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پہلا پوچھا جاوے گا بندے کا قیامت کے دن

النعيم ان يقال له الم نصح جسمك ونروك من الماء البارد رواه الترمذي وعن ابن مسعود عن النبي صلی الله عليه

نعمتوں سے یہ ہے کہ کہا جاوے گا اسکو کیا نہ کیا ہم نے تیرا جسم تندرست اور سیراب کیا تجھکو سرد پانی سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن مسعود سے نبی صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال لا تزول قدما ابن آدم يوم القيمة حتی يسأل عن خمس عن عمره فيما افناه وعن شبابه فيما ابلاه

والہ وسلم سے فرمایا نہ ٹلینگے دو پاؤں آدمی کے قیامت کے دن یہاں تک کہ پوچھا جاویگا پانچ چیزوں سے اسکی عمر سے کس میں خرچ کیا اور جوانی کس میں بڈھا کیا

وعن ماله من اين اكتسبه وفيما انفقه وماذا عمل فيما علم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب الفصل

اور مال سے کس طریق سے کمایا اور کس راہ میں خرچ کیا اور کیا عمل کیا اس علم میں جو سیکھا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے فصل

الثالث عن ابي ذر ان رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم قال له انك لست بخير من احمر ولا اسود الا ان

تیسری روایت ہے ابی ذر سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اسکو مقرر تو بہتر نہیں ہے عجم سے اور نہ عرب سے مگر یہ کہ

تفضله بتقوی رواه احمد وعنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم ما زهد عبد في الدنيا الا انبت

فضیلت رکھے تو اس پر سبب تقوی کے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ چھوڑا کسی بندے نے دنیا کو مگر اگاتا ہے

الله الحكمة في قلبه وانطق بها لسانه وبصره عيب الدنيا وداءها ودواءها واخرجه منها سالما الی دار السلام رواه

خدا سمجھ دین کی اسکے دل میں اور گویا کرتا ہے اسکی زبان کو اور دکھا دیتا ہے اسکو عیب دنیا کا اور بیماری اور دوا اسکی اور نکالتا ہے اسکو سلامتی سے بہشت میں

البيهقي في شعب الايمان وعنه ان رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم قال قد افلح من اخلص الله قلبه للايمان

بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مقرر مراد کو پہنچا جسکے دل کو خالص کیا اللہ نے واسطے ایمان کے

وجعل قلبه سليما ولسانه صادقا ونفسه مطمئنة وخليقته مستقيمة وجعل اذنه مستمعة وعينه ناظرة

اور کیا دل کو اسکے سالم اور اسکی زبان کو سچا اور اسکے نفس کو تابعدار اور اسکی طبیعت کو سیدھی اور کیا اسکے کان کو سنتا اور آنکھ کو نظر کرنے والی

فاما الاذن فقمع واما العين فمقرة لما يوعي القلب وقد افلح من جعل قلبه واعيا رواه احمد والبيهقي في شعب

سو بہر حال کان سو سبب پہنچانیکے ہیں اور آنکھ سو ثابت رکھنے والی ہے اسکو جو رکھتا ہے دل اور مراد کو پہنچا جسنے کیا دل کو اپنے نگاہ رکھنے والا روایت کیا اسکو احمد نے اور بیہقی نے شعب

الايمان وعن عقبة بن عامر عن النبي صلی الله عليه وآله وسلم قال اذا رأيت الله عز وجل يعطي العبد من الدنيا

الایمان میں اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جب دیکھے تو کہ خدا عزوجل دیتا ہے بندہ کو دنیا سے

علی معاصيه ما يحب فانما هو استدراج ثم تلا رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم فلما نسوا ما ذكروا به فتحنا

باوجود اسکے گناہ کے جسکو بندہ چاہتا ہے سو وہ سیڑھی لگاتا ہے پھر پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے پھر جب بھول گئے جو نصیحت کی گئی تھی انکو کھول دیے ہم نے

عليهم ابواب كل شيء حتی اذا فرحوا بما اوتوا اخذناهم بغتة فاذا هم مبلسون رواه احمد وعن ابي امامة

ان پر دروازے ہر چیز کے یہاں تک کہ خوش ہوئے اس چیز سے جو دی گئی پکڑا ہم نے انکو بے خبر پھر تبھی وہ رہ گئے ناامید روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے

اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ دِيْنَارًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَيَّةٌ قَالَ ثُمَّ تُوُفِّيَ اٰخَرُ فَتَرَكَ

کہ ایک مرد نے دہلیز والون مین سے انتقال کیا اور چھوڑ گیا ایک دینار تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے یہہ داغ ہے کہا ابو امامہ نے پھر انتقال کیا دوسرے نے اور چھوڑ گیا

دِيْنَارَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَيَّتَانِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ

دو دینار تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے یہ دو داغ ہین روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان مین اور روایت ہے معاویہ سے

اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى خَالِهٖ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ يَعُوْدُهٗ فَبَكٰى اَبُوْ هَاشِمٍ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ يَا خَالُ اَوَجَعٌ يُشْئِزُكَ اَمْ حِرْصٌ

کہ وہ داخل ہوا اپنے ماموں پاس جو ہاشم بن عتبہ ہے کہ عیادت کرے انکی سو رو دیا ابو ہاشم نے تب کہا معاویہ نے کسنے رولایا تجھکو اے ماموں کیا درد بیقرار کرتا ہے تجھے

عَلَى الدُّنْيَا قَالَ كَلَّا وَّلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيْنَا عَهْدًا لَمْ اٰخُذْ بِهٖ قَالَ وَمَا ذٰلِكَ قَالَ

دنیا کی کہا ابو ہاشم نے نہین ولیکن پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وصیت کی تھی ہمکو سو نہ عمل کر سکا مین موافق اسکے کہا معاویہ نے کیا تھی وہ وصیت

سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَّمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ اَرَانِيْ قَدْ جَمَعْتُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ

فرماتے تھے بس ہے کفایت کرتا ہے تجھکو جمع کرنے مین مال کے ایک خادم اور ایک سواری اللہ کی راہ مین اور مقرر مین پاتا ہون اپنے کو کہ جمع کیا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ قُلْتُ لِاَبِي الدَّرْدَاءِ مَا لَكَ لَا تَطْلُبُ كَمَا يَطْلُبُ فُلَانٌ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ

اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ام درداء سے بولین کہ کہا مین نے ابی الدرداء کو کیا ہو گیا تجھکو جو طلب نہین کرتا جیسا کہ طلب کرتا ہے فلانا تب کہا کہ سنا مین نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَمَامَكُمْ عَقَبَةً كَؤُوْدًا لَا يَجُوْزُهَا الْمُثْقَلُوْنَ فَاُحِبُّ اَنْ اَتَخَفَّفَ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے کہ مقرر سامنے تمہارے گھاٹی سخت ہے نہ گذر سکینگے اس سے بوجھ والے سو مین دوست رکھتا ہون کہ ہلکا ہون

لِتِلْكَ الْعَقَبَةِ وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَمْشِيْ عَلَى الْمَاءِ اِلَّا ابْتَلَّتْ

واسطے اس گھاٹی کے اور روایت ہے انس رضی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے بھلا ہے کوئی ایسا جو چلے پانی پر مگر نہ بھیگین

قَدَمَاهُ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَذٰلِكَ صَاحِبُ الدُّنْيَا لَا يَسْلَمُ مِنَ الذُّنُوْبِ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

دونو قدم اسکے کہا صحابہ نے نہین یا رسول اللہ فرمایا تو ایسا ہی ہے دنیادار سلامت نہین رہ سکتا گناہون سے روایت کیا ان دونو حدیثون کو بیہقی نے شعب الایمان مین

وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ مُّرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ اَجْمَعَ الْمَالَ وَاَكُوْنَ مِنَ

اور روایت ہے جبیر بن نفیر سے مرسل کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وحی نہین کی گئی مجھپر کہ جمع کرون مال اور ہون

التَّاجِرِيْنَ وَلٰكِنْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السَّاجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ

سوداگر ولیکن وحی کی گئی مجھپر کہ تو یاد کر خوبیان اپنے رب کی اور ہو سجدہ کرنے والون مین اور بندگی کر اپنے رب کی جب تک کہ پہنچے تجھکو یقین روایت کیا

السُّنَّةِ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالًا اِسْتِعْفَافًا عَنِ الْمَسْئَلَةِ وَسَعْيًا عَلٰى

شرح سنت مین اور ابو نعیم نے حلیہ مین ابی مسلم سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جسنے طلب کیا دنیا کو حلال کی راہ سے سوال بچنے کی نیت سے اور واسطے سعی

اَهْلِهٖ وَتَعَطُّفًا عَلٰى جَارِهٖ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهٗ مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَمَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالًا مُّكَاثِرًا مُّفَاخِرًا مُّرَائِيًا لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

اپنے گھر والون کے اور ہمسایہ پر مہربانی کے لئے ملیگا خدا سے قیامت کے دن حالانکہ ہوگا منہ اسکا مانند چودھوین تاریخ کے چاند کے اور جسنے طلب کیا دنیا حلال کی راہ سے بہت اور فخر اور دکھاوے کی نیت سے ملیگا خدا تعالی سے حالانکہ اللہ تعالی غصے مین ہوگا اوپر اسکے

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم قَالَ اِنَّ هٰذَا الْخَيْرَ خَزَائِنُ لِتِلْكَ الْخَزَائِنِ مَفَاتِيْحُ

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان مین اور ابو نعیم نے حلیہ مین اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر یہہ مال خزینہ ہین واسطے ان خزینون کے کنجیان ہین

طوبى لعبد جعله الله مفتاحا للخير مغلاقا للشر وويل لعبد جعله الله مفتاحا للشر مغلاقا للخير رواه ابن ماجة

سو خوشی ہے اس بندے کو کہ کیا اسکو اللہ نے کنجی خیر کی اور بند کرنے والا بدی کا اور خرابی ہے اس شخص کو کہ کیا خدا نے اسکو کنجی بدی کی اور خیر کے بند کرنے کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا لم يبارك للعبد في ماله جعله في الماء والطين وعن

اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب برکت نہیں دی جاتی ہے بندے کے مال میں کر دیتا ہے اسکو پانی اور کیچڑ میں اور

ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اتقوا الحرام في البنيان فانه اساس الخراب رواهما البيهقي في شعب الايمان

ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بچو تم حرام سے بنا میں کیونکہ وہ بنیاد خرابی کی ہے روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن عائشة رض عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال الدنيا دار من لا دار له ومال من لا مال له ولها

اور روایت ہے عائشہ رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا دنیا گھر ایسے کا ہے کہ جس کا گھر نہیں اور مال اس کا ہے جس کا مال نہیں اور

يجمع من لا عقل له رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان وعن حذيفة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

وہی جمع کرتا ہے جسکو عقل نہو روایت کیا اسکو احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے حذیفہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآله وسلم يقول في خطبته الخمر جماع الاثم والنساء حبائل الشيطان وحب الدنيا رأس كل خطيئة قال

وآلہ وسلم کو فرماتے اپنے خطبے میں شراب پینا مجموعہ ہے گناہ کا اور عورت پھانسی ہے شیطان کی اور دوستی دنیا کی سر ہے ہر گناہ کا کہا

وسمعته يقول اخروا النساء حيث اخرهن الله رواه رزين وروى البيهقي منه في شعب الايمان عن الحسن مرسلا

اور سنا میں حضرت کو فرماتے پیچھے رکھو عورتوں کو جس جگہ پیچھے کیا انکو اللہ نے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت کیا بیہقی نے بعض ٹکڑے کو شعب الایمان میں

حب الدنيا رأس كل خطيئة وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان اخوف ما اتخوف

محبت دنیا کی سر ہے ہر خطا کا اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بہت ڈرنیکی چیز جس سے ڈرتا ہوں

على امتي الهوى وطول الامل فاما الهوى فيصد عن الحق واما طول الامل فينسي الآخرة وهذه الدنيا مرتحلة

اپنی امت پر خواہش نفس اور درازی امید ہے پھر خواہش نفس سو روکتا ہے حق سے اور درازی امید سو بھلا دیتی ہے آخرت کو اور یہ دنیا کوچ کرکے

ذاهبة وهذه الآخرة مرتحلة قادمة ولكل واحدة منهما بنون فان استطعتم ان لا تكونوا من بني الدنيا

جانیوالی ہے اور یہ آخرت کوچ کرکے آنیوالی ہے اور ہر ایک کے لئے ان دونوں میں سے بیٹے ہیں پھر اگر ہو سکے تم سے کہ نہو بیٹے دنیا کے

فافعلوا فانكم اليوم في دار العمل ولا حساب وانتم غدا في دار الآخرة ولا عمل رواه البيهقي في شعب الايمان

تو کرو کیونکہ آج تم عمل کی جگہ میں ہو اور حساب نہیں ہے اور تم کل کو پچھلے گھر میں ہوگے کہ جس میں عمل نہیں روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن علي رض قال ارتحلت الدنيا مدبرة وارتحلت الآخرة مقبلة ولكل واحدة منهما بنون فكونوا من

اور روایت ہے علی رض سے کہا کوچ کرنے والی ہے دنیا پیٹھ دے کر اور کوچ کرنے والی ہے آخرت سامنے ہو کر اور ہر ایک کے لئے ان دونوں میں سے بیٹے ہیں سو

ابناء الآخرة ولا تكونوا من ابناء الدنيا فان اليوم عمل ولا حساب وغدا حساب ولا عمل رواه البخاري في

بیٹے آخرت کے اور نہ ہو بیٹے دنیا کے کیونکہ آج عمل ہے اور حساب نہیں اور کل کو حساب ہے اور عمل نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے

ترجمة باب وعن عمرو ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم خطب يوما فقال في خطبته الا ان الدنيا عرض حاضر

ترجمہ باب میں اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ پڑھا ایک دن پھر فرمایا اپنے خطبے میں ہوشیار ہو تحقیق دنیا متاع ہے حاضر

يأكل منه البر والفاجر ألا وإن الآخرة أجل صادق ويقضي فيها ملك قادر ألا وإن الخير كله بحذافيره في الجنة ألا
کھاتا ہے اس سے نیک و بد ہوشیار رہو اور آخرت ایک مدت ہے سچی اور حکم کریگا اسمیں بادشاہ قدرت والا سنتے ہو بھلائی ساری اپنے اطراف و انواع کے ساتھ بہشت میں ہے سنتے ہو

وإن الشر كله بحذافيره في النار ألا فاعملوا وأنتم من الله على حذر واعلموا أنكم معروضون على أعمالكم فمن يعمل
بدی ساری اپنے اطراف و انواع کے ساتھ دوزخ میں ہے ہوشیار رہو پھر عمل کرو حالانکہ تم سمجھے خدا کے ڈرتے ہو اور جان لو کہ تم حاضر کئے جاؤ گے عملوں اپنے پر جسنے

مثقال ذرة خيرا يره ومن يعمل مثقال ذرة شرا يره رواه الشافعي وعن شداد قال سمعت رسول الله صلى الله
ذرہ بھر بھلائی وہ دیکھ لیگا اسے اور جسنے کی ذرہ بھر برائی وہ دیکھ لیگا اسے روایت کیا اسکو شافعی نے اور روایت ہے شداد سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم يقول يا أيها الناس إن الدنيا عرض حاضر يأكل منها البر والفاجر وإن الآخرة وعد صادق يحكم
علیہ و آلہ وسلم کو فرماتے تھے اے لوگو دنیا متاع ہے حاضر کھاتا ہے اس سے نیک اور بد سنتے رہو بیشک آخرت وعدہ سچا ہے فیصلہ کریگا

فيها ملك عادل قادر يحق فيها الحق ويبطل الباطل كونوا من أبناء الآخرة ولا تكونوا من أبناء الدنيا فإن كل
اس میں بادشاہ عادل قدرت والا ثابت رکھتا ہے اسمیں حق اور مٹاتا ہے باطل کو سو تم بیٹے آخرت کے اور نہ ہو بیٹے دنیا کے کیونکہ ہر ایک

أم يتبعها ولدها وعن أبي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما طلعت الشمس إلا وبجنبتيها
ماں کی پیروی کرتی ہے اولاد اسکی اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے نہ نکلا سورج مگر دونوں پہلو میں اسکے

ملكان يناديان يسمعان الخلائق غير الثقلين يا أيها الناس هلموا إلى ربكم ما قل وكفى خير مما كثر وألهى رواهما
دو فرشتے آواز دیتے ہیں سناتے ہیں خلائق کو سوا جن اور آدمی کے اے لوگو آؤ طرف رب اپنے کے جو چیز تھوڑی ہو اور کفایت کرے بھلی ہے اس سے جو کثیر ہو اور غافل کرنے والی روایت کیا ان دونوں کو

أبو نعيم في الحلية وعن أبي هريرة يبلغ به قال إذا مات الميت قالت الملائكة ما قدم وقال بنو آدم ما خلف
ابو نعیم نے حلیہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے رفع کرتا ہے اسکو جب مرتا ہے آدمی تو بولتے ہیں فرشتے کیا آگے بھیجا اور کہتے ہیں بنی آدم کیا پیچھے چھوڑا

رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن مالك أن لقمان قال لابنه يا بني إن الناس قد تطاول عليهم ما
روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے مالک سے کہ لقمان حکیم نے کہا اپنے بیٹے کو اے چھوٹے بیٹے میرے لوگوں پر لانبی ہوئی وہ چیز جسکا

يوعدون وهم إلى الآخرة سراعا يذهبون وإنك قد استدبرت الدنيا منذ كنت واستقبلت الآخرة
ان کو وعدہ دیا گیا اور وے آخرت کی طرف جلد جاتے ہیں اور بیشک تو پیٹھ دینے والا ہے دنیا کو جس وقت سے کہ پیدا ہوا اور منہ کرنے والا ہے آخرت کو

فإن دارا تسير إليها أقرب إليك من دار تخرج منها رواه رزين وعن عبد الله بن عمرو قال قيل لرسول
اور مقرر جس گھر کی طرف جاتا ہے تو بہت نزدیک ہے تجھکو اس گھر سے کہ نکلا تو جس سے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا پوچھا گیا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم أي الناس أفضل قال كل مخموم القلب صدوق اللسان قالوا صدوق اللسان
خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کو کہ کون آدمی بہتر ہے فرمایا مخموم القلب راست گو عرض کیا صحابہ نے راست گو کو

نعرفه فما مخموم القلب قال هو التقي النقي لا إثم عليه ولا بغي ولا غل ولا حسد رواه ابن ماجه والبيهقي
پہچانتے ہم پس کیا معنی ہے مخموم القلب کا فرمایا جسکا دل پاک اور خالص ہو نہیں ہے اسپر گناہ اور نہ زیادتی اور نہ خفگی اور نہ حسد روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے

في شعب الإيمان وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال أربع إذا كن فيك فلا عليك ما فاتك الدنيا
شعب الایمان میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا چار خصلتیں ہیں جب ہوں تجھ میں تو ضرر نہیں تجھ پر فوت دنیا کی
فوت ہونے سے

حفظ امانة وصدق حديث وحسن خليقة وعفة في طعمة رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان وعن مالك

امانت کی حفاظت اور سچ بولنا اور اچھی طبیعت اور پارسائی لقمہ میں روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے مالک سے

قال بلغني انه قيل للقمان الحكيم ما بلغ بك ما نرى يعني الفضل قال صدق الحديث واداء الامانة وترك ما لا يعنيني

کہا پہنچی مجھے یہ بات کہ پوچھا گیا لقمان حکیم سے کہ کس چیز نے تجھے پہنچایا اس مرتبے کو جو دیکھتا ہوں میں یعنی فضل کہا سچ بولنا اور ادا کرنا امانت اور چھوڑنا جو بے کار ہو

رواه في الموطا وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم تجيء الاعمال فتجيء الصلوة فيقول يا رب

روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے حاضر ہونگے اعمال پھر آویگی نماز سو کہیگی اے رب میں

انا الصلوة فيقول انك على خير فتجيء الصدقة فيقول يا رب انا الصدقة فيقول انك على خير ثم يجيء

ہوں نماز تب فرماویگا کہ تو خیر پر ہے پھر آویگی زکوۃ تب کہیگی اے رب میں ہوں زکوۃ تب فرماویگا کہ تو خیر پر ہے پھر حاضر ہوگا

الصيام فيقول يا رب انا الصيام فيقول انك على خير ثم تجيء الاعمال على ذلك يقول الله عز وجل انك على خير

روزہ اور کہیگا اے رب میں ہوں روزہ تب فرماویگا کہ تو خیر پر ہے پھر حاضر ہونگے اعمال اسی وجہ پر فرماویگا اللہ عزوجل کہ تو خیر پر ہے

ثم يجيء الاسلام فيقول يا رب انت السلام وانا الاسلام فيقول الله تعالى انك على خير بك

پھر آوے گا اسلام اور کہے اے رب تو ہی سلام اور میں ہوں اسلام تب فرماویگا اللہ تعالی کہ تو خیر پر ہے تیری ہی سبب سے ہی

اليوم آخذ وبك اعطي قال الله تعالى في كتابه ومن يبتغ غير الاسلام دينا فلن يقبل منه وهو في الآخرة من الخاسرين

آج مواخذہ کرتا ہوں اور تیرے ہی وسیلے دیتا ہوں میں فرمایا اللہ تعالی نے اپنی کتاب میں اور جو کوئی چاہے سوائے اسلام اور دین سو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں

وعن عائشة قالت كان لنا ستر فيه تماثيل طير فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يا عائشة حوليه فاني

اور روایت ہے عائشہ سے بولیں تھا ہمارے پاس ایک پردہ کہ اس میں مورتیں تھیں جانوروں کی سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اے عائشہ دفع کر اسکو کیونکہ میں

اذا رأيته ذكرت الدنيا وعن ابي ايوب الانصاري قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال عظني و

جب دیکھتا ہوں اسکو خیال آتا ہے مجھے دنیا کا اور روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہا کہ آیا ایک مرد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم پاس سو عرض کیا نصیحت کر مجھے

اوجز فقال اذا قمت في صلاتك فصل صلوة مودع ولا تكلم بكلام تعذر منه غدا واجمع الاياس مما في ايدي

مختصر تب فرمایا جب کھڑا ہو تو اپنی نماز میں تو ادا کر نماز رخصت کرنیوالے کی اور مت بول کلام کہ پھر تجھکو عذر خواہی کا کل کو اور نا امید ہو اس سے جو

الناس وعن معاذ بن جبل قال لما بعثه رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الى اليمن خرج معه رسول الله صلى الله

لوگوں کے ہاتھ میں ہے اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ جب بھیجا اسکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے یمن کی طرف نکلے ساتھ اسکے رسول اللہ صلے اللہ

عليه وآله وسلم يوصيه ومعاذ راكب ورسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يمشي تحت راحلته فلما فرغ قال يا

علیہ والہ وسلم وصیت فرماتے ہوئے اور معاذ سوار تھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ والہ وسلم پیادہ تھے نیچے انکی سواری کے پھر جب فارغ ہو فرمایا اے

معاذ انك عسى ان لا تلقاني بعد عامي هذا ولعلك ان تمر بمسجدي هذا وقبري فبكى معاذ جشعا لفراق

معاذ قریب ہے کہ نہ پاوے تو مجھے بعد اس برس کے اور شاید کہ گذرے تو میری اس مسجد اور میری قبر پر تب رو دیا معاذ نے جدائی کے غم سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثم التفت فاقبل بوجهه نحو المدينة فقال ان اولى الناس بي المتقون من كانوا

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر پھر کر دیکھی منہ کر کے مدینے کی طرف اور فرمایا کہ بہت قریب لوگوں میں سے میرے ساتھ متقی لوگ ہیں جو ہوں

حيث كانوا روى الاحاديث الاربعة احمد وعن ابن مسعود قال تلا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فمن يرد الله

جہاں کہیں کہ ہوں روایت کیا ان چاروں حدیثوں کو احمد نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا پڑھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سو جسکو اللہ چاہے

ان يهديه يشرح صدره للاسلام فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان النور اذا دخل الصدر انفسح فقيل

کہ راہ دے کھول دے اسکا سینہ حکم برداری کو پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ نور جب داخل ہوتا ہے سینے میں کھول دیتا ہے تو کہا گیا

يا رسول الله هل لتلك من علم يعرف به قال نعم التجافي من دار الغرور والانابة الى دار الخلود والاستعداد للموت

یا رسول اللہ کیا ہے اسکی کوئی نشانی کہ پہچانا جاوے اس سے فرمایا ہاں دور رہنا دنیا سے اور متوجہ ہونا آخرت کی طرف اور تیاری کرنی موت کی

قبل نزوله وعن ابي هريرة وابي خلاد ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال اذا رأيتم العبد يعطى زهدا في

قبل مرنے کے اور روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی خلاد سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب دیکھو تم بندے کو کہ ملی اسکو بے رغبتی

الدنيا وقلة منطق فاقتربوا منه فانه يلقى الحكمة رواهما البيهقي في شعب الايمان باب فضل الفقراء وما

دنیا میں اور کم بولنا تو نزدیکی ڈھونڈو اس سے کیونکہ اسکو ملی ہے حکمت روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں باب فقیروں کی فضیلت میں اور جو

كان من عيش النبي صلى الله عليه وآله وسلم الفصل الاول عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله

تھی زندگی گذرانے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم رب اشعث اغبر مدفوع بالابواب لو اقسم على الله لابره رواه مسلم وعن مصعب بن سعد قال

علیہ والہ وسلم نے کہ بہت پریشان غبار آلودہ دھکیلے ہوئے دروازوں سے اگر قسم کھاوے خدا کی سچا کر دیوے اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے مصعب بن

رأى سعد ان له فضلا على من دونه فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هل تنصرون وترزقون الا بضعفائكم

معلوم کی سعد نے اپنی فضیلت ادنوں پر اپنے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں نصرت ملتی تمکو اور نہ روزی مگر برکت سے تمہارے ضعیفوں کی

رواه البخاري وعن اسامة بن زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قمت على باب الجنة فكان عامة

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کھڑا ہوا میں بہشت کے دروازے پر سو اکثر لوگ

من دخلها المساكين واصحاب الجد محبوسون غير ان اصحاب النار قد امر بهم الى النار وقمت على باب النار فاذا عامة

اسکے داخل ہونے والے محتاج تھے اور عیش والے روکے گئے ہیں لیکن دوزخ والوں کو دوزخ کی طرف جانے کا حکم ہوا اور کھڑا ہوا میں دوزخ کے دروازے پر تو

من دخلها النساء متفق عليه وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اطلعت في الجنة

داخل ہونے والے عورتیں تھیں متفق اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ میں نے بہشت میں جھانکا

فرأيت اكثر اهلها الفقراء واطلعت في النار فرأيت اكثر اهلها النساء متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو

تو دیکھے اکثر لوگ اسکے محتاج اور میں نے دوزخ میں جھانکا تو دیکھیں اسکے اکثر لوگ عورتیں متفق اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان فقراء المهاجرين يسبقون الاغنياء يوم القيمة الى الجنة

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ محتاج ہجرت کرنے والے آگے ہو ینگے دولت مند آدمیوں کے قیامت کے دن طرف جنت کے

باربعين خريفا رواه مسلم وعن سهل بن سعد قال مر رجل على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال لرجل

چالیس برس روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پاس تب فرمایا اس مرد کو

عِنْدَهٗ جَالِسٌ مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَشْرَافِ النَّاسِ هٰذَا وَاللّٰهِ حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ يُّنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ يُّشَفَّعَ

جو آپ پاس بیٹھا تھا کیا گمان ہے تیرا اسکے حق میں سو کہا یہہ مرد ہے اشراف لوگوں سے یہہ قسم ہے خدا کی سزاوار ہے کہ اگر پیغام کرے تو نکاح دیا جاوے اور اگر سفارش کرے تو قبول ہو

قَالَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ فَقَالَ لَهٗ مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا

کہا پھر چپ رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پھر آیا ایک مرد تب فرمایا اسی کو کیا گمان ہے تیرا اس کے حق میں عرض کیا یا رسول اللہ یہہ

رَجُلٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ هٰذَا حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ لَّا يُنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ لَّا يُشَفَّعَ وَاِنْ قَالَ اَنْ لَّا يُسْمَعَ لِقَوْلِهٖ فَقَالَ

ایک مرد ہے فقیر مسلمانوں سے یہہ سزاوار ہے کہ اگر پیغام کرے نکاح نکیا جاوے اور اگر سفارش کرے تو قبول نہو اور اگر بات کرے تو نسنی جاوے تب فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ مِّلْءِ الْاَرْضِ مِثْلَ هٰذَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ عَائِشَةَ** قَالَتْ مَا شَبِعَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہہ مرد بہتر ہے پوری زمین بھر مانند اسکے سے ق × اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نا سودہ ہوے

اٰلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ سَعِيْدٍ**

گھر والے محمد کے جو کی روٹی سے دو دن لگتے تار یہاں تک کہ قبض ہوی روح رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ق × اور روایت ہے سعید

الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ مَرَّ بِقَوْمٍ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ شَاةٌ مَصْلِيَّةٌ فَدَعَوْهُ فَاَبٰى اَنْ يَّاْكُلَ وَقَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

مقبری سے ابی ہریرہ سے کہ وہ گذرے ایک قوم پر کہ روبرو انکے ایک بکری تھی تلی سو بلایا اسکو تو کھایا اور کہا تشریف لے گئے نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْ اَنَسٍ** رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ مَشٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

علیہ والہ وسلم دنیا سے اور نہ آسودہ ہوے جو کی روٹی سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہ حاضر کی اسنے نبی صلی اللہ علیہ والہ

وَسَلَّمَ بِخُبْزِ الشَّعِيْرِ وَاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دِرْعًا بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ وَاَخَذَ مِنْهُ

وسلم کی خدمت میں روٹی جو کی اور گلی چربی اور متغیر ہو گئی تھی اور گرو رکھی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے زرہ اپنی مدینے میں ایک یہودی پاس اور لیا

شَعِيْرًا لِّاَهْلِهٖ وَلَقَدْ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَا اَمْسٰى عِنْدَ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَّلَا صَاعُ حَبٍّ وَّاِنَّ عِنْدَهٗ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

جو اپنے گھر والوں کے لئے اور البتہ سنا میں نے آپ کو فرماتے شام کیا نزدیک آل محمد کے ایک صاع گیہوں اور نہ ایک صاع دانے کا حالانکہ آپ پاس نو بیبیاں تھیں کہا اسکو بخاری نے

وَعَنْ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رِمَالِ حَصِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ

اور روایت ہے عمر سے کہا حاضر ہوا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں کہ آپ لیٹے تھے چٹائی پر نہ بچھا تھا بیچ

فِرَاشٌ قَدْ اَثَّرَ الرِّمَالُ بِجَنْبِهٖ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِّنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى اُمَّتِكَ

کوئی کپڑا مقرر داغ پڑ گیا تھا بوریا کا پہلو میں آپکے ٹیک دے کر چمڑے کے تکیہ پر کہ اندر اسکے لیف تھا کہا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجیے خدا سے کہ فراخی کرے امت پر آپکی

فَاِنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ فَقَالَ اَوَفِيْ هٰذَا اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ يَعْنِيْ اُولٰئِكَ قَوْمٌ

کیونکہ فارس اور روم عیش و آرام میں ہیں حالانکہ وے نہیں پوجتے اللہ کو تب فرمایا کیا جانتا ہے تو اس دنیا میں اے بیٹے خطاب کے یعنی وے ایک قوم ہیں

عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِيْ رِوَايَةٍ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کہ جلد ملیں انکو ستھرے اشیاء انکی دنیا کی زندگی میں اور ایک روایت میں کہا تو راضی نہیں ہوتا کہ انکے لئے ہو دنیا اور ہمارے لئے ہو آخرت ق ×

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ سَبْعِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَاءٌ اِمَّا اِزَارٌ وَّاِمَّا كِسَاءٌ قَدْ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ البتہ دیکھا میں نے ستر صفہ والوں کو نہ تھا ان میں سے کوئی کہ ہو اسپر چادر یا تہبند یا کمبل مقرر [illegible]

رَبَطُوا فِي أَعْنَاقِهِمْ فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَيْنِ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ فَيَجْمَعُهُ بِيَدِهِ كَرَاهَةَ أَنْ تُرَى عَوْرَتُهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

باندھتے تھے اپنی گردنوں پر انمیں سے بعض کنارہ ڈھانپتا آدھی پنڈلیوں کو اور بعض ڈھانپتا دونو ٹخنوں کو پھر درست کرتے اسکو واسطے برا جاننے کے نظر آوے ستر نگاہ کی

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلَى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ

اور روایت ہی اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ جب کوئی دیکھے مال اور صورت میں اپنے سے بہتر کو تو چاہیے کہ اپنے سے کمتر کو دیکھے

مِنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوا إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوا إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ

ق ہ اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دیکھو اپنے سے کمتر کو اور نہ دیکھو اپنے سے بہتر کو

فَهُوَ أَجْدَرُ أَنْ لَا تَزْدَرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

سو یہ دیکھنا سزاوار ہی کہ حقیر نجانو اللہ کی نعمت کو جو تمپر ہی فصل دوسری روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

يَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ نِصْفِ يَوْمٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

داخل ہونگے محتاج لوگ بہشت میں پہلے بڑے آدمیوں کے پانسو برس جو آدھا دن ہی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہی انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

قَالَ اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مِسْكِينًا وَأَمِتْنِي مِسْكِينًا وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَةِ الْمَسَاكِينِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّهُمْ يَدْخُلُونَ

فرمایا اے اللہ زندہ رکھ مجھکو مسکین اور مار مجھکو مسکین اور حشر کر میرا گروہ میں مسکینوں کے سو پوچھا عائشہ نے کیوں آپ فرماتے یا رسول اللہ فرمایا کہ وے داخل ہونگے

الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِأَرْبَعِينَ خَرِيفًا يَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّي الْمِسْكِينَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ يَا عَائِشَةُ أَحِبِّي الْمَسَاكِينَ وَقَرِّبِيهِمْ

بہشت میں پہلے دولتمندوں کے چالیس برس اے عائشہ مت پھیر مسکینوں کو اگرچہ آدھا ٹکڑا خرمے کا ہو اے عائشہ دوست رکھ مسکینوں کو اور نزدیک کر انکو

فَإِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَى قَوْلِهِ فِي زُمْرَةِ

کہ اللہ تعالی نزدیک کریگا تجھے روز قیامت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابی سعید سے قول تک جو فی زمرۃ

الْمَسَاكِينِ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْغُونِي فِي ضُعَفَائِكُمْ فَإِنَّمَا تُرْزَقُونَ أَوْ تُنْصَرُونَ

المساکین ہے اور روایت ہی ابی الدرداء سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا ڈھونڈھو مجھے ضعیفوں میں اپنے کیونکہ تمکو روزی یا اور مدد ملتی ہے

بِضُعَفَائِكُمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أُمَيَّةَ بْنِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَسِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ

برکت سے تمہارے ضعیفوں کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہی امیہ بن خالد بن عبد اللہ بن اسید سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ تھے آپ

يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيكِ الْمُهَاجِرِينَ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا

فتح مانگتے برکت سے درویش ہجرت کرنے والوں کی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ

تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَةٍ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا هُوَ لَاقٍ بَعْدَ مَوْتِهِ إِنَّ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ قَاتِلًا لَا يَمُوتُ يَعْنِي النَّارَ رَوَاهُ فِي شَرْحِ

رشک کر کسی بدکار کی نعمت دیکھ کر کیونکہ تو نہیں جانتا کہ کیا پانے والا ہی بعد موت کے اپنی نزدیک خدا کے عذاب کرنے والا جو نہ مریگا یعنے آگ روایت کیا اسکو شرح

السُّنَّةِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَسَنَتُهُ فَإِذَا فَارَقَ الدُّنْيَا

سنت میں اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دنیا قیدخانہ ایماندار کا ہی اور خشک سال اسکا اور جب چھوڑتا ہی دنیا

فَارَقَ السِّجْنَ وَالسَّنَةَ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ

ثُمَّ يَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُّمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا ثُمَّ يَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَمَنْ

پھر فرماویگا لوٹ جاؤ سو جسکے دل میں پاؤ تم برابر آدھے دینار بھلائی تو نکالو اسکو تب نکال لینگے خلقت بہتری کو پھر فرماویگا پھر جاؤ سو جسکے

وَجَدْتُّمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا لَمْ نَذَرْ فِيْهَا خَيْرًا فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى

دل میں پاؤ تم برابر ایک ذرہ کے بھلائی سو نکالو اسکو تب نکال لینگے خلقت بہتری کو پھر بولینگے ایمان والے ای رب ہمارے نہ چھوڑی ہمنے اسمیں کوئی نیکی تب فرماویگا اللہ تعالی

شَفَعَتِ الْمَلَائِكَةُ وَشَفَعَ النَّبِيُّوْنَ وَشَفَعَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَلَمْ يَبْقَ إِلَّا أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ فَيُخْرِجُ مِنْهَا قَوْمًا

شفاعت کی فرشتوں نے اور سفارش کی نبیوں نے اور سفارش کی ایمان والوں نے اور نہ باقی رہا مگر زیادہ رحم والا رحم والوں سے پھر لیگا اللہ تعالی ایک مٹھی آگ سے سو نکالیگا اس سے ایک قوم کو

لَمْ يَعْمَلُوْا خَيْرًا قَطُّ قَدْ عَادُوْا حُمَمًا فَيُلْقِيْهِمْ فِي نَهْرٍ فِي أَفْوَاهِ الْجَنَّةِ يُقَالُ لَهُ نَهْرُ الْحَيٰوةِ فَيَخْرُجُوْنَ مِنْهُ كَمَا تَخْرُجُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيْلِ

جنہوں نے کوئی نیکی کبھی مقرر نہیں کی ہوگئے ہیں جیسے کوئلے پھر ڈالیگا ان کو اس نہر میں جو راہوں میں بہشت کی ہے کہتے ہیں اسکو نہر الحیوۃ سو نکلینگے اس سے جیسا کہ نکلتا ہے خود رو دانہ کوڑے میں

السَّيْلِ فَيَخْرُجُوْنَ كَاللُّؤْلُؤِ فِي رِقَابِهِمُ الْخَوَاتِمُ فَيَقُوْلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ هٰؤُلَاءِ عُتَقَاءُ الرَّحْمٰنِ أَدْخَلَهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ عَمَلٍ عَمِلُوْهُ وَلَا خَيْرٍ

بہتے پانی کے سو نکلینگے جیسے موتی گردنوں میں انکی علامتیں ہونگی تب کہینگے بہشتی یہ لوگ آزاد کئے ہوئے رحمان کے ہیں داخل کیا ان کو بہشت میں بغیر عمل کے کہ کیا ہو انہوں نے اور بغیر نیکی کے

قَدَّمُوْهُ فَيُقَالُ لَهُمْ لَكُمْ مَا رَأَيْتُمْ وَمِثْلُهُ مَعَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ

جو آگے بھیجی ہو اس سے تب کہا جاویگا ان کو تمہارے لئے ہے جو کچھ دیکھا تم نے اور اتنا ہی اسکے ساتھ ق۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب داخل ہوں بہشتی

الجنة واهل النار النار يقول الله تعالى من كان في قلبه مثقال حبة من خردل من ايمان فاخرجوه فيخرجون قد امتحشوا وعادوا

بہشت میں اور دوزخی دوزخ میں فرماویگا اللہ تعالے جسکے دل میں ہو برابر دانہ سرسوں کے ایمان سو نکالو اسکو تب نکالے جاوینگے حالانکہ ہو گئے جل بھن کر مانند

حمما فيلقون في نهر الحيوة فينبتون كما تنبت الحبة في حميل السيل الم تروا انها تخرج صفراء ملتوية متفق عليه وعن

کوئلے کے پھر ڈالے جاوینگے نہر حیات میں تو جم اٹھینگے جیسے جمتا ہے دانہ پانی کے بہاو کے کوڑے میں کیا نہیں دیکھتے ہو دانہ نکلتا زرد لپٹا ہو　　متفق علیہ اور روایت ہے

ابي هريرة ان الناس قالوا يا رسول الله هل نرى ربنا يوم القيمة فذكر معنى حديث ابي سعيد غير كشف الساق وقال يضرب الصراط

ابی ہریرہ سے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ بھلا دیکھینگے ہم رب اپنے کو قیامت کے دن پھر ذکر فرمایا معنی حدیث ابی سعید سوائے کشف ساق کے اور کہا رکھا جاویگا پل صراط

بين ظهري جهنم فاكون اول من يجوز من الرسل بامته ولا يتكلم يومئذ الا الرسل وكلام الرسل يومئذ اللهم سلم سلم

پشت پر دوزخ کے سو ہونگا میں پہلے پار ہو پیغمبروں سے اپنی امت کے ساتھ اور نہ بول سکیگا اسدن سوائے پیغمبروں کے اور قول پیغمبروں کا اسدن　الہی بچاؤ بچاؤ

وفي جهنم كلاليب مثل شوك السعدان لا يعلم قدر عظمها الا الله تخطف الناس باعمالهم فمنهم من يوبق بعمله ومنهم

اور دوزخ میں آنکڑے ہیں جیسے کانٹے سعدان کے نہیں جانتا کوئی کہ کتنے بڑے ہیں سوائے خدا کے کھینچ لینگے لوگوں کو انکے بد اعمال کے سبب سے تو بعض آدمی ہلاک کیا جاویگا اپنے عمل سے بعض

من يخردل ثم ينجو حتى اذا فرغ الله من القضاء بين عباده واراد ان يخرج من النار من اراد ان يخرجه ممن كان يشهد ان

ریزہ ریزہ کیا جاویگا پھر نجات پاویگا یہانتک کہ جب فراغت کریگا اللہ فیصلے سے اپنے بندوں کے اور چاہیگا کہ نکالے دوزخ سے جسکو چاہے کہ نکالے انہیں سے کہ گواہی دیتے ہیں کہ

لا اله الا الله امر الملئكة ان يخرجوا من يعبد الله فيخرجونهم ويعرفونهم بآثار السجود وحرم الله على النار ان تاكل اثر السجود

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ فرماویگا فرشتوں کو کہ نکالیں جو پوجتا تھا خدا کو تب نکال لینگے انکو اور پہچانینگے انکو نشانیوں سے سجدے کے اور حرام کیا ہے خدا نے آگ پر کہ جلاوے نشان سجدے کے

فيخرجون من النار قد امتحشوا فيصب عليهم ماء الحيوة فينبتون كما تنبت الحبة في حميل السيل ويبقى رجل بين الجنة والنار

سو نکالے جاوینگے آگ سے حالانکہ جل کر کالے ہو گئے ہونگے پھر ڈالا جاویگا ان پر آب حیات سو جم اٹھینگے جیسا کہ جمتا ہے دانہ پانی کے بہاو کے کوڑے میں اور باقی رہیگا ایک شخص درمیان بہشت اور دوزخ کے

وهو آخر اهل النار دخولا الجنة مقبل بوجهه قبل النار فيقول يا رب اصرف وجهي عن النار فقد قشبني ريحها واحرقني ذكاؤها

اور وہ سب سے پیچھے دوزخیوں میں داخل ہونے والا ہے بہشت میں سامنا کئے ہوا دوزخ کی طرف تو وہ کہیگا اے رب پھیر دے میرا منہ دوزخ کی طرف سے اور تحقیق زہر آلود کیا مجھے اسکی بدبو نے اور جلا ڈالا مجھکو اسکی لپٹ نے

فيقول هل عسيت ان افعل ذلك ان تسأل غير ذلك فيقول لا وعزتك فيعطي الله ما شاء الله من عهد وميثاق فيصرف

پھر فرماویگا شاید اگر کروں میں اسکے سوال کرے تو اسکے سوا اسکو کہیگا نہیں قسم تیری عزت کی سو دیگا اللہ کو جسطرح خدا چاہیگا قول و قرار تو پھیر دیگا

الله وجهه عن النار فاذا اقبل به على الجنة رأى بهجتها سكت ما شاء الله ان يسكت ثم قال يا رب قدمني عند باب الجنة

خدا منہ کو اسکے دوزخ کی طرف سے تو سامنا کر دیگا اسکو بہشت کا دیکھیگا خوبی اسکی چپ رہیگا جتنا کہ چاہیگا چپ رہنا اسکا پھر کہیگا اے رب میرے آگے بڑھا دے مجھکو نزدیک دروازے بہشت کے

فيقول الله تبارك وتعالى اليس قد اعطيت العهود والميثاق ان لا تسأل غير الذي كنت سألت فيقول يا رب لا اكون اشقى خلقك

تو فرماویگا اللہ تبارک و تعالیٰ نے کیا دیا نہیں تو نے قول و قرار کہ سوال نہ کریگا تو سوائے پہلے سوال کے تو وہ کہیگا اے رب میرے نہ ہوں میں بے نصیب خلق میں تیرے

فيقول فما عسيت ان اعطيت ذلك ان تسأل غيره فيقول لا وعزتك لا اسأل غير ذلك فيعطي ربه ما شاء من عهد وميثاق

تب فرماویگا اللہ سو شاید اگر ملے تجھکو یہ سوال کرے تو سوا اسکے تو وہ کہیگا نہیں قسم تیری عزت کی نہ مانگونگا میں سوا اسکے سو کریگا اپنے رب سے جسقدر کہ چاہیگا قول و قرار

فيقدمه الى باب الجنة فاذا بلغ بابها فرأى زهرتها وما فيها من النضرة والسرور فسكت ما شاء الله ان يسكت فيقول

سو آگے بڑھا دیگا اسکو بہشت کے دروازے تک سو جب پہنچیگا دروازے تک تو دیکھیگا خوبی اور جو کچھ اسمیں ہے تازگی اور خوشی تب چپ رہیگا جبتک کہ چاہیگا خدا کہ چپ رہے پھر کہیگا

يا رب ادخلني الجنة فيقول الله ويلك يا ابن آدم ما اغدرك أليس قد اعطيت العهود والميثاق ان لا تسأل غير الذي اعطيت
اے رب میرے داخل کر مجھے بہشت میں سو فرماویگا اللہ تیرا برا ہووے اے آدمی تو کیا ہی دغاباز ہے کیا نہیں دیا تو نے قول و قرار کہ نہ سوال کریگا سوائے اُسکے جو ملا تجھے

فيقول يا رب لا تجعلني اشقى خلقك فلا يزال يدعو حتى يضحك الله منه واذا ضحك اذن له في دخول الجنة فيقول تمن فيتمنى
تو وہ کہیگا اے میرے رب نہ کر مجھے بڑا بدبخت خلق میں تیری سو ہمیشہ دعا کیا کریگا یہانتک کہ راضی ہوگا خدا اُس سے سو جب راضی ہوگا تو اذن دیگا اسکو بہشت میں جانیکا سو فرماویگا خدا آرزو کر سو تمنا کریگا

حتى اذا انقطع امنيته قال الله تمن من كذا وكذا اقبل يذكره ربه حتى اذا انتهت به الاماني قال الله تعالى لك ذلك ومثله
یہانتک کہ جب ہوچکینگی اُسکی خواہشیں فرماویگا اللہ تعالیٰ آرزو کر فلانی اور فلانی چیز کی لگے اگر یاد دلاویگا اسکو رب اسکا یہانتک کہ جب ختم ہوچکینگی اُسکی خواہشیں فرماویگا اللہ تعالیٰ ملا تجھکو یہ تو اور اتنا اور بھی

معه وفي رواية ابي سعيد قال الله تعالى لك ذلك وعشرة امثاله متفق عليه وعن ابن مسعود رض ان رسول الله صلى الله
ساتھ اُسکے اور ابی سعید کی روایت میں فرماویگا اللہ تعالیٰ تیرے لئے یہہ اور دس اتنا اور بھی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم قال آخر من يدخل الجنة رجل فهو يمشي مرة ويكبو مرة وتسفعه النار مرة فاذا جاوزها التفت اليها فقال
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پچھلا ان میں جو داخل ہوگا بہشت میں ایک مرد ہے سو وہ چلیگا ایک مرتبہ اور منہ کے بل گریگا ایک مرتبہ اور ظاہر ہوگی آگ اسکو ایک مرتبہ پھر جب گذر جاویگا اُس سے دیکھیگا آگ کی طرف

تبارك الذي نجاني منك لقد اعطاني الله شيئا ما اعطاه احدا من الاولين والآخرين فترفع له شجرة فيقول اي رب
بزرگ ہے وہ خدا کہ نجات دیا مجھے تجھ سے تحقیق دیا مجھکو خدا نے ایسی چیز کہ نہ دیا وہ چیز کسی کو اگلے اور پچھلوں میں سے پھر بلند کیا جاویگا اسکے لئے ایک درخت سو کہیگا اے رب

ادنني من هذه الشجرة فلاستظل بظلها واشرب من مائها فيقول الله يا ابن آدم لعلي ان اعطيتكها سألتني غيرها فيقول
نزدیک کر مجھے اس درخت سے کہ سایا لوں اُسکے سایہ میں اور پیوں اُسکا پانی پھر کہیگا خدا اے آدم کے بیٹے شاید اگر دوں تجھے اس درخت کو مانگیگا تو مجھ سے دوسری چیز سو کہیگا

لا يا رب ويعاهده ان لا يسأله غيرها وربه يعذره لانه يرى ما لا صبر له عليه فيدنيه منها فيستظل بظلها ويشرب من
نہ اے رب میرے اور عہد کریگا رب سے کہ نہ مانگونگا دوسری چیز اور رب رکھیگا اسکو معذور اسلئے کہ دیکھیگا ایسی چیز کہ صبر نہیں اسکو اس پر سو نزدیک کردیگا اسکو پھر پناہ لیگا اسکے سایہ میں اور پیویگا

مائها ثم ترفع له شجرة هي احسن من الاولى فيقول اي رب ادنني من هذه الشجرة لاشرب من مائها واستظل بظلها
اسکے تلے کا پانی پھر بلند کیا جاویگا اسکے لئے ایک درخت دوسرا پہلے سے بہتر سو کہیگا اے خدا نزدیک کر مجھکو اس درخت سے کہ پیوں اسکے تلے کا پانی اور آرام کروں اسکے سایہ میں

لا اسألك غيرها فيقول يا ابن آدم الم تعاهدني ان لا تسألني غيرها فيقول لعلي ان ادنيتك منها تسألني غيرها فيعاهده
نہ مانگونگا تجھسے دوسری چیز سو کہیگا اے آدمی کیا عہد نہ کیا تو نے کہ نہ مانگیگا تو مجھ سے دوسری چیز سو کہیگا شاید اگر نزدیک کردوں تجھے اس درخت سے مانگیگا دوسری چیز پھر عہد کریگا

ان لا يسأله غيرها وربه يعذره لانه يرى ما لا صبر له عليه فيدنيه منها فيستظل بظلها ويشرب من مائها ثم ترفع له شجرة
یہہ کہ نہ مانگے دوسری چیز اور خدا معذور رکھیگا اسکو کیونکہ دیکھیگا وہ چیز کہ نہیں بچ سکتا صبر کر کر پھر نزدیک کریگا اسکو اُس سے پھر بیٹھے اسکے تلے اور پیویگا پانی اسکے پھر بلند کیا جاویگا ایک درخت

عند باب الجنة هي احسن من الاوليين فيقول اي رب ادنني من هذه الشجرة فلاستظل بظلها واشرب من مائها لا اسألك
جنت کے دروازے میں وہ دو پہلے سے اچھا پھر کہیگا اے خدا نزدیک کر مجھے اس درخت سے کہ بیٹھوں اُسکے تلے اور پیوں اُسکا پانی نہ مانگونگا تجھ سے

غيرها فيقول يا ابن آدم الم تعاهدني ان لا تسألني غيرها قال بلى يا رب هذه لا اسألك غيرها وربه يعذره لانه يرى ما لا
دوسری چیز سو فرماویگا اے آدمی کیا عہد نہ کیا مجھ سے یہہ کہ نہ مانگے تو مجھ سے سوا اسکے کہیگا ہاں اے میرے رب ایسا ہی ہے یہی نہ مانگونگا تجھ سے دوسری چیز اور خدا معذور رکھیگا کیونکہ دیکھے ایسی چیز کہ نہیں

صبر له عليه فيدنيه منها فاذا ادناه منها سمع اصوات اهل الجنة فيقول اي رب ادخلنيها فيقول يا ابن آدم ما يصريني منك
صبر اسکو اس پر نزدیک کریگا اس سے پھر جب نزدیک کردیگا اسکو سنیگا آواز جنتیوں کی پھر کہیگا اے رب میرے داخل کر مجھکو جنت میں فرماویگا اے آدمی کون چیز بچا مرا جھگڑا اینگی تجھ سے

أَيُرْضِيكَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا قَالَ أَيْ رَبِّ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَضَحِكَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ أَلَا تَسْأَلُونِّي

کیا راضی کریگا دینا میرا تجھکو دنیا اور اتنا ہی ساتھ اسکے اور بھی کہیگا ای رب بھلا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھسے حالانکہ تو رب سارے جہان کا ہے پھر ہنس پڑے ابن مسعود اور کہا کیوں نہیں پوچھتے

مِمَّ أَضْحَكُ فَقَالُوا مِمَّ تَضْحَكُ فَقَالَ هَكَذَا ضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا مِمَّ تَضْحَكُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ مِنْ ضَحِكِ

کیوں میں ہنسا سو پوچھا کہ آپ کاہے سے ہنستے ہیں فرمایا یونہی ہنسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ واله وسلم سو پوچھا لوگوں نے کیوں ہنستے ہیں آپ یا رسول اللہ فرمایا ہنسنے سے

رَبِّ الْعَالَمِينَ حِينَ قَالَ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَيَقُولُ إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ مِنْكَ وَلَكِنِّي عَلَى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي

رب العالمین کے جب کہ بندہ کہا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھکو اور تو رب العالمین ہے سو فرمایا مقرر نہیں ہنسی کرتا ہوں تجھسے مگر جو چاہوں کر سکتا ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور

رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فَيَقُولُ يَا ابْنَ آدَمَ مَا يَصْرِينِي مِنْكَ إِلَى آخِرِ الْحَدِيثِ وَزَادَ فِيهِ وَيُذَكِّرُهُ اللَّهُ سَلْ

ایک روایت میں مسلم کی ابی سعید سے مانند اسکے مگر یہ کہ نہ ذکر کیا فیقول یا ابن آدم ما یصرینی آخر حدیث تک اور بڑھایا اسمیں اور سکھائیگا اسکو خدا مانگ

كَذَا وَكَذَا حَتَّى إِذَا انْقَطَعَتْ بِهِ الْأَمَانِيُّ قَالَ اللَّهُ هُوَ لَكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ قَالَ ثُمَّ يَدْخُلُ بَيْتَهُ فَتَدْخُلُ عَلَيْهِ زَوْجَتَاهُ مِنَ

ایسا اور ایسا یہانتک کہ جب پوری ہوویگی اسکی تمنا فرماویگا خدا وہ تیرے لئے ہے اور دس اتنا اور بھی فرمایا حضرت نے پھر پیٹھیگا اپنے گھر میں پھر آوینگی اسکے پاس دو عورت اسکی

الْحُورِ الْعِينِ فَتَقُولَانِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَاكَ لَنَا وَأَحْيَانَا لَكَ قَالَ فَيَقُولُ مَا أُعْطِيَ أَحَدٌ مِثْلَ مَا أُعْطِيتُ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ

حور عین سے پھر کہینگی دونو شکر اس خدا کا جسنے بنایا تجھے میرے لئے اور ہمکو تیرے لئے فرمایا پھر کہیگا خوشی کے مارے نہ دیا گیا کوئی ایسا جیسا ملا مجھکو اور روایت ہے انس سے کہ

النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيُصِيبَنَّ أَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ بِذُنُوبٍ أَصَابُوهَا عُقُوبَةً ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ اللَّهُ الْجَنَّةَ

نبی صلے اللہ علیہ واله وسلم نے کہا البتہ پہنچیگی مسلمانوں کو ان پر آگ دوزخ کی بسبب گناہوں کے جو کئے تھے سزا دینے کو پھر لاویگا انکو خدا جنت میں

بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ فَيُقَالُ لَهُمُ الْجَهَنَّمِيُّونَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ

اپنی زیادہ رحمت سے بولا جاویگا انکو جہنمی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ واله وسلم نے نکلینگے

قَوْمٌ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَيُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّينَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِي

لوگ دوزخ سے سفارش سے محمد کے اور داخل ہونگے بہشت میں اور بولے جاوینگے جہنمی روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایک روایت میں نکلیگی ایک قوم میری امت سے

مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِي يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّينَ وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ

دوزخ سے بسبب میری سفارش کے نام رکھے جائینگے جہنمی اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ واله وسلم نے بیشک جانتا ہوں

آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا مِنْهَا وَآخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا فَيَقُولُ اللَّهُ اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ فَيَأْتِيهَا فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ

آخر دوزخی کو جو نکلیگا اس سے اور آخر جنتی کو جو پیٹھیگا اسمیں ایک مرد نکلیگا دوزخ سے اور چلیگا چوتڑوں کے بل پھر کہیگا خدا جا داخل ہو جنت میں پھر آویگا جنت میں سو خیال کریگا

أَنَّهَا مَلْأَى فَيَقُولُ يَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلْأَى فَيَقُولُ اللَّهُ اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ فَإِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا فَيَقُولُ

کہ جنت بھری ہے کہیگا ای رب پایا میں اسکو لوگوں سے بھری ہوئی تب فرماویگا خدا جا داخل ہو جنت میں سو مقرر تیرے لئے مانند دنیا کے ہے اور دس اتنا اور بھی سو کہیگا بندہ

أَتَسْخَرُ مِنِّي أَوْ تَضْحَكُ مِنِّي وَأَنْتَ الْمَلِكُ فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ وَكَانَ

کیا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھسے یا ہنسی کرتا ہے تو مجھسے اور تو بادشاہ ہے سو مقرر دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ واله وسلم کو ہنس پڑے اتنا کہ کھل پڑے دانت مبارک انکے اور

يُقَالُ ذَلِكَ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ

کہا جاتا تھا یہ مرد ادنی جنتی مرتبہ میں ہے ق اور روایت ہے ابی ذر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ واله وسلم نے البتہ جانتا ہوں بہشتیوں میں سے اسکو جو سب سے پیچھے

دخول الجنة واخر اهل النار خروجا منها رجل يؤتى به يوم القيمة فيقال اعرضوا عليه صغار ذنوبه وارفعوا عنه كبارها فتعرض

جنت میں جائیگا اور دوزخیوں میں سے جو سب کے پیچھے دوزخ سے نکلیگا وہ ایک مرد ہے کہ لایا جائیگا قیامت کے دن پھر حکم ہوگا پیش کرو اسپر چھوٹے گناہ اسکے اور چھپاؤ اسکے بڑے سو پیش کیا جائیگا

عليه صغار ذنوبه فيقال عملت يوم كذا وكذا كذا وكذا وعملت يوم كذا وكذا كذا وكذا فيقول نعم لا يستطيع ان ينكر وهو مشفق

اسپر اسکا چھوٹا گناہ پھر کہا جائیگا کیا تونے فلانے فلانے دن ایسا کام اور کیا تونے فلانے فلانے دن فلانا فلانا کام سو کہیگا ہاں انکار نکر سکیگا حالانکہ ڈرتا ہوگا

من كبار ذنوبه ان تعرض عليه فيقال له فان لك مكان كل سيئة حسنة فيقول رب قد عملت اشياء لا اراها ههنا ولقد رأيت

بڑے گناہوں سے اپنے یہہ کہ پیش کیا جاوے اسپر سو کہا جائیگا اسکو تیرے لئے بدلے ہر بدی کے ایک نیکی ہے سو کہیگا ای پروردگار کیا میں نے گناہوں کی چیزیں کہ نہیں دیکھتا یہاں اور تحقیق دیکھا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ضحك حتى بدت نواجذه رواه مسلم **وعن** انس ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال يخرج من النار

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو ہنس دئے اتنا کہ کھل گئے مبارک داڑھیں آپ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا نکلینگے دوزخ سے

اربعة فيعرضون على الله ثم يؤمر بهم الى النار فيلتفت احدهم فيقول اي رب لقد كنت ارجو اذ اخرجتني منها ان لا تعيدني فيها

چار مرد پھر حاضر کئے جاوینگے اللہ کے پاس پھر حکم ہوگا انکو پھر دوزخ میں جانیکا پھر کر دیکھیگا ایک انکا اور کہیگا ای رب میرے بیشک مجھکو امید تھی جب نکالا تونے مجھے آگ سے پھر نہ لیجائیگا دوزخ میں

قال فينجيه الله منها رواه مسلم **وعن** ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يخلص المؤمنون من النار فيحبسون على

فرمایا حضرت نے پھر نجات دیگا اسکو خدا دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے رہائی پاوینگے ایمانوالے دوزخ سے پھر ٹھہرائے جاوینگے

قنطرة بين الجنة والنار فيقتص لبعضهم من بعض مظالم كانت بينهم في الدنيا حتى اذا هذبوا ونقوا اذن لهم في دخول الجنة

ایک پل پر جو درمیان جنت اور دوزخ کے ہے سو قصاص لیا جاویگا بعض کے لئے بعض سے گناہوں کا جو ہوا تھا ان کے درمیان دنیا میں یہاں تک کہ جب پاک ہو چکینگے پھر انکو پروانگی ملیگی انکو جنت جانیکی

فوالذي نفس محمد بيده لاحدهم اهدى بمنزله في الجنة منه بمنزله كان له في الدنيا رواه البخاري **وعن** ابي هريرة

سو قسم ہے اسکی جسکے ہاتھ میں جان محمد کی ہے البتہ ایمانوں میں سے راہ پاویگا اپنے مکانکی جو جنت میں ہوگا زیادہ اپنے مکانکی جو تھا اسکا دنیا میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل احد الجنة الا اري مقعده من النار لو اساء ليزداد شكرا ولا يدخل النار احد الا اري

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں آتا ہے جنت میں کوئی مگر دکھلایا جاتا ہے ٹھکانا اسکا دوزخ سے اگر بدی کرتا تا زیادہ کرے شکر اور نجائیگا دوزخ میں کوئی مگر دکھلایا جاتا ہے

مقعده من الجنة لو احسن ليكون عليه حسرة رواه البخاري **وعن** ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا

ٹھکانا اسکا جنت سے اگر نیکی کرتا تا ہو اسپر حسرت روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جب

صار اهل الجنة الى الجنة واهل النار الى النار جيئ بالموت حتى يجعل بين الجنة والنار ثم يذبح ثم ينادي مناد يا اهل الجنة لا موت ويا اهل النار

جاوینگے جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں لائی جائیگی موت یہانتک کہ رکھی جائیگی جنت اور دوزخ کے بیچ میں پھر ذبح کی جائیگی پھر پکاریگا پکارنیوالا ای جنت والو نہیں ہے موت بعد اسکے اور ای دوزخ والو

لا موت فيزداد اهل الجنة فرحا الى فرحهم ويزداد اهل النار حزنا الى حزنهم متفق عليه

الفصل الثاني

عن ثوبان

اب موت نہیں سو ہوگی بہشتیوں کو خوشی پر خوشی اور کرینگے دوزخی غم پر غم ق * فصل دوسری روایت ہے ثوبان سے

عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال حوضي من عدن الى عمان البلقاء ماؤه اشد بياضا من اللبن واحلى من العسل واكوابه

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا مسافت حوض کی میری اتنا ہے جتنا عدن سے عمان البلقاء تک پانی اسکا بہت ہی سفید ہے دودھ سے اور میٹھا زیادہ شہد سے اور کوزے

عدد نجوم السماء من شرب منه شربة لم يظمأ بعدها ابدا اول الناس ورودا فقراء المهاجرين الشعث رؤسا

برابر گنتی آسمان کے تاروں کے ہیں جو پئے اسکا ایک گھونٹ نہ پیاسا ہوگا بعد اسکے کبھی پہلے جو آوینگے حوض پر وہ فقراء مہاجرین ہیں گرد آلودہ ہیں سر انکے

الدنس ثيابا الذين لا ينكحون المتنعمات ولا يفتح لهم السدد رواه احمد والترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث

میلے ہیں کپڑے اُن کے جنکو نکاح نہیں کرتیاں مال والیاں اور کھولے نہیں جاتے اُن کے لیے دروازے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث

غريب وعن زيد بن ارقم قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فنزلنا منزلا فقال ما انتم جزء من مائة الف جزء

غریب ہے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہا تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سو اترے ہم ایک منزل پر سو فرمایا حضرت نے نہیں ہو تم ایک جز سو ہزار جز سے

ممن يرد على الحوض قيل كم كنتم يومئذ قال سبعمائة او ثمانمائة رواه ابو داود وعن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه

نسبت ان کے جو آوینگے حوض پر کسی نے پوچھا کتنے تھے تم اسدن کہا سات سو یا آٹھ سو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے سمرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وآله وسلم ان لكل نبي حوضا وانهم ليتباهون ايهم اكثر واردة واني لارجو ان اكون اكثرهم واردة رواه الترمذي وقال هذا

وآلہ وسلم نے بیشک ہر نبی کے لیے حوض ہے اور فخر کرینگے ایک دوسرے پر کون ان میں زیادہ ہے امت میں جو وارد ہو حوض پر اور امید رکھتا ہوں کہ میں ہوں زیادہ ان سب سے امت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے

حديث غريب وعن انس قال سألت النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان يشفع لي يوم القيمة فقال انا فاعل قلت يا رسول الله فاين

اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ پوچھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ شفاعت کرینگے میری قیامت کے دن فرمایا البتہ کرونگا کہا میں نے یا رسول اللہ کہاں

اطلبك قال اطلبني اول ما تطلبني على الصراط قلت فان لم القك على الصراط قال فاطلبني عند الميزان قلت فان لم

پاؤنگا آپکو فرمایا ڈھونڈھنا مجھے پہلے تلاش کے وقت صراط پر کہا میں پھر اگر نہ پاؤں آپکو صراط پر فرمایا تو پھر تلاش کر میزان کے پاس کہا میں نے پھر اگر نہ

القك عند الميزان قال فاطلبني عند الحوض فاني لا اخطئ هذه الثلث المواطن رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

ملاقات ہو آپکی میزان کے پاس فرمایا تب ڈھونڈھنا حوض کے پاس سو بیشک میں نہ چھوڑونگا ان تینوں مکان کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے

وعن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال قيل له ما المقام المحمود عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا قال

اور روایت ہے ابن مسعود سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کسی نے پوچھا آپ کو مقام محمود کیا ہے جسکی خبر دی خدا نے قریب ہے کہ دے تجھکو تیرا رب مقام محمود فرمایا

ذلك يوم ينزل الله تعالى على كرسيه فيئط كما يئط الرحل الجديد من تضايقه وهو كسعة ما بين السماء والارض ويجاء بكم

مقام محمود وہ ہے کہ جسدن اتریگا خدا اپنی کرسی پر پس آواز کریگی کرسی جیسا بولتا ہے پالان نیا تنگی سے اپنے اور چوڑائی اسکی جیسے چوڑائی آسمان و زمین کے درمیان ہے اور لائے جاؤ گے تم

حفاة عراة غرلا فيكون اول من يكسى ابرهيم يقول الله تعالى اكسوا خليلي فيؤتى بريطتين بيضاوين من رياط الجنة ثم اكسى

ننگے پاؤں ننگے بدن بن ختنہ کے سو پہلے کپڑا پہنائے جاوینگے ابراہیم فرمایا اللہ تعالے کپڑے پہناؤ میرے دوست کو سو لائی جاوینگی دو چادریں سفید جنت کی چادروں سے پھر پہنایا جاؤنگا

على اثره ثم اقوم عن يمين الله مقاما يغبطني الاولون والآخرون رواه الدارمي وعن المغيرة بن شعبة قال قال رسول الله

انکے پیچھے پھر کھڑا ہونگا داہنے اللہ کے ایک مقام میں کہ رشک کرینگے اگلے اور پچھلے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم شعار المؤمنين يوم القيمة على الصراط رب سلم سلم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علامت مسلمانوں کی قیامت کے دن پل صراط پر اے رب سلم سلم ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

انس ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال شفاعتي لاهل الكبائر من امتي رواه الترمذي وابو داود ورواه ابن ماجه عن جابر وعن

انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا شفاعت میری ہے واسطے کبیرہ گناہ والوں کے میری امت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے جابر سے اور روایت

عوف بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اتاني آت من عند ربي فخيرني بين ان يدخل نصف امتي الجنة وبين

عوف بن مالک سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آیا میرے پاس جبرئیل میرے رب کے پاس سے سو اختیار دیا مجھے اس میں کہ داخل ہو آدھی امت میری جنت میں اور درمیان

الشفاعة فاخترت الشفاعة وهي لمن مات لا يشرك بالله شيئا رواه الترمذي وابن ماجة وعن عبد الله بن ابي الجدعاء قال سمعت

شفاعت کے سو اختیار کیا میں نے شفاعت کو اور شفاعت میری اسکے لئے ہو جو مر گیا شریک نہ کیا اللہ کے ساتھ کچھ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی الجدعاء سے کہا سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول يدخل الجنة بشفاعة رجل من امتي اكثر من بني تميم رواه الترمذي والدارمي وابن ماجة

رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے داخل ہوگا جنت میں شفاعت سے ایک مرد کی امت میری سے زیادہ بنی تمیم سے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی اور ابن ماجہ نے

وعن ابي سعيد ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان من امتي من يشفع للفئام ومنهم من يشفع للقبيلة ومنهم من يشفع

اور روایت ہے ابی سعید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ بعضے امت میری سے شفاعت کریگا ایک جماعت کی اور بعضے ان میں سے شفاعت کریگا ایک قبیلہ کی اور بعضے ان میں سے

للعصبة ومنهم من يشفع للرجل حتى يدخلوا الجنة رواه الترمذي وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله

عصبہ کی اور بعض ان میں سے شفاعت کرے ایک مرد کی یہاں تک کہ داخل ہوگی جنت میں ساری امت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیشک خدا

عز وجل وعدني ان يدخل الجنة من امتي اربعمائة الف بلا حساب فقال ابو بكر زدنا يا رسول الله قال وهكذا فحثا بكفيه فجمعهما فقال

عز وجل نے وعدہ کیا مجھ کو کہ داخل کرے جنت میں میری امت میں سے چار لاکھ بے حساب سو کہا ابو بکر نے زیادہ کیجیے ای رسول خدا کے فرمایا اور ایسے ہی اور بھر دیا دونو ہاتھوں کو پھر کہا

ابو بكر زدنا يا رسول الله قال وهكذا فقال عمر دعنا يا ابا بكر فقال ابو بكر وما عليك ان يدخلنا الله كلنا الجنة قال عمر ان الله

ابو بکر نے زیادہ کیجیے ای رسول خدا کے فرمایا اور ایسے ہی تب کہا عمر نے چھوڑ دے ای ابو بکر تب کہا ابو بکر نے کیا ہے تجھ پر یہ کہ داخل کرے اللہ سب کو جنت میں کہا عمر نے بیشک خدا

عز وجل ان شاء ان يدخل خلقه الجنة بكف واحد فعل فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم صدق عمر رواه في شرح السنة

بزرگ تر اگر چاہے داخل کرے سارے خلق کو ملک کف دست سے تو کر سکتا ہے تب سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سچ کہا عمر نے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يصف اهل النار فيمر بهم الرجل من اهل الجنة فيقول الرجل منهم يا فلان اما تعرفني

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صف باندھ کر کھڑے ہونگے دوزخی پھر گذریگا ایک مرد جنتی سو کہیگا ایک مرد ان میں سے ای فلانے کیا نہیں پہچانتا ہے تو مجھ

انا الذي سقيتك شربة وقال بعضهم انا الذي وهبت لك وضوءا فيشفع له فيدخله الجنة رواه ابن ماجة وعن ابي هريرة

میں وہی ہوں کہ پلایا تھا تجھے ایک بار پانی اور کہیگا بعض ان میں وہی ہوں جو دیا تھا تجھے وضو کا پانی پھر شفاعت کریگا اسکی تب داخل کریگا اسکو جنت میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان رجلين ممن دخل النار اشتد صياحهما فقال الرب اخرجوهما فقال لهما لاي شيء

کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا بیشک دو شخص دوزخ والوں میں سے بہت چیخینگے سو فرماویگا خدا نکالو ان کو سو فرماویگا ان کو کس لئے

اشتد صياحكما قالا فعلنا ذلك لترحمنا قال فان رحمتي لكما ان تنطلقا فتلقيا انفسكما حيث كنتما من النار فيلقي احدهما

چیخے تم دونو کہینگے کیا ہمنے فریاد کہ رحم کرے تو ہم پر فرماویگا بیشک رحمت میری تم پر یہ ہے کہ جاؤ اور ڈالدو اپنی جان کو جہاں تھے دوزخ میں پھر ڈالدیگا ایک انکا

نفسه فيجعلها الله عليه بردا وسلاما ويقوم الآخر فلا يلقي نفسه فيقول له الرب تعالى ما منعك ان تلقي نفسك كما القى

اپنی جان سو کر دیگا آگ کو اللہ اسپر ٹھنڈی اور سلامت اور کھڑا ہوگا دوسرا سو نہ ڈالیگا اپنے کو سو فرماویگا اسکو رب تعالی کسنے روکا تجھے اس سے کہ ڈالے تو اپنے کو جیسا ڈالا

صاحبك فيقول اني لارجو ان لا تعيدني بعد ما اخرجتني منها فيقول له الرب تعالى لك رجاؤك فيدخلان جميعا الجنة

ساتھی تیرے نے سو کہیگا میں امیدوار ہوں کہ پھر نہ ڈالے تو مجھے نکال کر دوزخ سے سو فرماویگا اسکو خدای تعالی تیرے لئے وہی ہے جو امید رکھتا تھا پھر داخل ہونگے دونو جنت میں

برحمة الله تعالى رواه الترمذي وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يرد الناس النار ثم يصدرون منها

خدا کی رحمت سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وارد ہونگے لوگ دوزخ میں پھر نجات پاوینگے

بأعمالهم فأولهم كلمح البرق ثم كالريح ثم كحضر الفرس ثم كالراكب في رحله ثم كشد الرجل ثم كمشيه رواه الترمذي والدارمي

اپنے عملوں کے سبب سے سو بعض انکا گذر ہوگا بجلی کی چمک کی طرح پھر ہوا کی طرح پھر گھوڑے کی دوڑ کی طرح پھر سوار کی مانند پھر دوڑ مرد کی طرح پھر جیسے چلتے ہیں مرد کی چلنے میں روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے

الفصل الثالث عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال إن أمامكم حوضي ما بين جنبيه كما بين جرباء وأذرح قال بعض

فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آگے تمہارے حوض میرا ہے فاصلہ دو کناروں کی حوض کے جیسے فاصلہ درمیان جربا اور اذرح ہے کہا بعض

الرواة هما قريتان بالشام بينهما مسيرة ثلث ليال وفي رواية فيه أباريق كنجوم السماء من ورده فشرب منه لم يظمأ بعدها

راویوں نے وے دو نوں دو گانوں ہیں شام میں ان دونوں کے درمیان رستہ ہے تین رات کا اور ایک روایت میں اس میں آبخورے ہیں جیسے آسمان میں تارے جو پہنچیگا اس پر اور اس سے پیا تو بعد اسکے

أبدا متفق عليه وعن حذيفة وأبي هريرة قالا قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يجمع الله الناس فيقوم المؤمنون حتى

کبھی نہ ق × اور روایت ہے حذیفہ سے اور ابی ہریرہ سے دونوں نے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اکٹھا کریگا خدا لوگوں کو پھر کھڑے ہونگے ایمان والے اتنا

تزلف لهم الجنة فيأتون آدم فيقولون يا أبانا استفتح لنا الجنة فيقول وهل أخرجكم من الجنة إلا خطيئة أبيكم لست

کہ نزدیک ہوں انسے جنت تب آوینگے آدم پاس اور کہینگے اے باپ ہمارے کھلوا ہمارے لئے جنت تب بولیگا آدم اور نہ نکالا تمکو جنت سے مگر تمہارے باپ کے گناہ نے سو نہیں ہیں

بصاحب ذلك اذهبوا إلى ابني إبراهيم خليل الله قال فيقول إبراهيم لست بصاحب ذلك إنما كنت خليلا من وراء وراء

اس کام کے لائق جاؤ میرے بیٹا ابراہیم خلیل اللہ کی طرف فرمایا حضرت نے سو کہیگا ابراہیم مجھکو اسکی لیاقت نہیں بس تھا میں خلیل دور دور سے

اعمدوا إلى موسى الذي كلمه الله تكليما فيأتون موسى فيقول لست بصاحب ذلك اذهبوا إلى عيسى كلمة الله وروحه فيقول

جاؤ طرف موسی کے جس سے کیا اللہ نے بات سو آوینگے موسی پاس سو کہیگا میں اسکے لائق نہیں ہوں جاؤ طرف عیسی کے جو کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہیں تب کہیگا

عيسى لست بصاحب ذلك فيأتون محمدا فيقوم ويؤذن له وترسل الأمانة والرحم فيقومان جنبتي الصراط يمينا وشمالا فيمر

عیسے میں بھی اس کا سزاوار نہیں پھر آوینگے محمد پاس پھر کھڑے ہونگے اور اذن ملیگی ان کو اور بھیجی جائیگی امانت اور رحم سو کھڑی ہونگی دونوں کنارے پر صراط کے داہنے بائیں سو گذرے

أولكم كالبرق قال قلت بأبي أنت وأمي أي شيء كمر البرق قال ألم تروا إلى البرق كيف يمر ويرجع في طرفة عين ثم كمر الريح ثم

اول تمہارا برق کی طرح کہا میں نے اور صدقہ ہوں باپ ماں میرے کون چیز ہے برق کی گذرنے کی سی فرمایا نہ دیکھا تمنے برق کو کیونکر گذرتی ہے اور پلٹ آتی ہے پلک میں پھر ہوا کی طرح پھر

كمر الطير وشد الرجال تجري بهم أعمالهم ونبيكم قائم على الصراط يقول يا رب سلم سلم حتى تعجز أعمال العباد حتى يجيء

پرند کی طرح اور دوڑ نے مردان کی طرح لیجائیگا انکو زور انکے اعمال کا اور نبی تمہارا کھڑا رہیگا صراط پر کہیگا اے میرے رب سلامت رکھ اور سلامت رکھ یہاں تک کہ عاجز ہونگے اعمال بندوں کے یہاں تک کہ آویگا

الرجل فلا يستطيع السير إلا زحفا وفي حافتي الصراط كلاليب معلقة مأمورة تأخذ من أمرت به فمخدوش ناج ومكردس

ایک مرد سو چل نہ سکیگا مگر چوتڑوں کے بل اور دو نو کناروں پر آنکڑے ہیں لٹکے ہوئے پکڑتی ہیں جسکے پکڑنے کا حکم ہے انکو سو بعضے خدشہ کئے ہوئے چھلے ہوئے ہیں اور بعضے دست و پا بستہ

في النار والذي نفس أبي هريرة بيده إن قعر جهنم لسبعين خريفا رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله

دوزخ میں اور قسم اسکی جسکے ہاتھ میں ابی ہریرہ کی جان ہے تحقیق قعر جہنم کا البتہ ستر برس کی راہ کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم يخرج من النار قوم بالشفاعة كأنهم الثعارير قلنا ما الثعارير قال إنه الضغابيس متفق عليه وعن عثمان بن عفان

وسلم نے نکلینگے دوزخ سے لوگ شفاعت سے گویا کہ وے ثعاریر ہیں کہا ہمنے کیا ہیں ثعاریر فرمایا وہ ضغابیس ہیں × ق × اور روایت ہے عثمان بن عفان سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يشفع يوم القيمة ثلثة الأنبياء ثم العلماء ثم الشهداء رواه ابن ماجة

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شفاعت کریگی قیامت کے دن تین قوم انبیا پھر علما پھر شہدا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

مضارع کا صیغہ

باب صفة الجنة واهلها

الفصل الاول

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالى اعددت
باب احوال میں جنت اور جنتیوں کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالی تیار کی ہیں میں نے

لعبادي الصالحين ما لا عين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر فاقرؤا ان شئتم فلا تعلم نفس ما اخفي لهم من قرة اعين
اپنے نیک بندوں کے لئے وہ چیزیں کہ کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی آدمی کے دل پر گذری ہو پس پڑھو اگر چاہو سو نہیں جانتا کوئی جی جو کچھ چھپا رکھا ہے انکے لئے ٹھنڈک آنکھوں کی

متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم موضع سوط في الجنة خير من الدنيا وما فيها متفق عليه وعن انس
ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کوڑا رکھنے کی جگہ جنت میں بہتر ہے دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا میں ہے ق اور روایت ہے انس سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لغدوة في سبيل الله او روحة خير من الدنيا وما فيها ولو ان امرأة من نساء اهل الجنة
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کرنا راہ خدا میں یا رات گذارنا بہتر ہے دنیا وما فیہا سے اور اگر کوئی عورت جنتی عورتوں سے

اطلعت على الارض لاضاءت ما بينهما ولملأت ما بينهما ريحا ولنصيفها على رأسها خير من الدنيا وما فيها رواه البخاري وعن
ظاہر ہووے زمین پر تو البتہ روشن کر دے جو کچھ کہ درمیان انکے ہے اور البتہ بھر ڈالے خوشبوئی سے جو کچھ کہ درمیان انکے ہے اور البتہ اوڑھنی اسکے سر کی بہتر ہے دنیا وما فیہا سے اسکو بخاری نے روایت کیا اور روایت ہے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة شجرة يسير الراكب في ظلها مائة عام لا يقطعها ولقاب قوس احدكم
ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایک جھاڑ ہے بہشت میں کہ سیر کریگا سوار اسکے سایہ میں سو برس تو نہ پار ہوگا اس سے اور البتہ تمہارا ایک کمان اتنی جگہ

في الجنة خير مما طلعت عليه الشمس او تغرب متفق عليه وعن ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان للمؤمن في الجنة لخيمة
جنت میں بہتر ہے اس سے کہ جس پر طلوع کیا آفتاب یا غروب کرتا ہے ق اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر مسلمان کے لئے جنت میں خیمہ ہے

من لؤلؤة واحدة مجوفة عرضها وفي رواية طولها ستون ميلا في كل زاوية منها اهل ما يرون الآخرين يطوف عليهم المؤمن وجنتان
ایک ہی بڑے موتی کھوکھلے کا چوڑائی اسکی اور ایک روایت میں ہے درازی اسکی ساٹھ میل کی ہو اسکے ہر کونے میں لوگ ہیں جو نہیں دیکھینگے دوسرے کونے والوں کو پھرا کریگا ان پر مسلمان اور دو باغ ہیں

من فضة آنيتهما وما فيهما وجنتان من ذهب آنيتهما وما فيهما وما بين القوم وبين ان ينظروا الى ربهم الا رداء الكبرياء على وجهه في جنة
روپے کے انکے باسن اور اسباب سمیت اور دو باغ ہونگے سونے کے انکے باسن اور اسباب سمیت اور نہ رہیگا درمیان لوگوں کے اور درمیان اپنے پروردگار کو دیکھنے کے مگر چادر بزرگی کی جو اسکی ابرو پر ہے جنت

عدن متفق عليه وعن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في الجنة مائة درجة ما بين كل درجتين كما بين السماء
عدن میں ق اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت میں سو درجے ہیں ہر دو درجوں کے درمیان جیسے مسافت آسمان

والارض والفردوس اعلاها درجة منها تفجر انهار الجنة الاربعة ومن فوقها يكون العرش فاذا سألتم الله فاسألوه الفردوس رواه
اور زمین کی اور فردوس بلند تر ہے اسکے درجوں میں اسی سے نکلی ہیں چار نہریں بہشت کی اور اسکے اوپر ہے عرش پھر جب اللہ سے جنت مانگو تو اس سے فردوس کو مانگو روایت کیا

الترمذي ولم اجده في الصحيحين ولا في كتاب الحميدي وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة لسوقا يأتونها
ترمذی نے اور نہیں پایا میں نے اس حدیث کو بخاری اور مسلم میں اور نہ کتاب حمیدی میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر بہشت میں ایک بازار ہے کہ آوینگے وہاں بہشتی

كل جمعة فتهب ريح الشمال فتحثو في وجوههم وثيابهم فيزدادون حسنا وجمالا فيرجعون الى اهليهم وقد ازدادوا حسنا
ہر جمعہ کو پھر چلیگی ہوا شمال کی تو مشک ڈالیگی انکے مونہوں پر اور کپڑوں پر تو بڑھ جاوینگے حسن و جمال میں پھر پلٹ کر آوینگے اپنے گھر والوں پاس حسن و جمال میں بڑھ گئے ہونگے

وجمالا فيقول لهم اهلوهم والله لقد ازددتم بعدنا حسنا وجمالا رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
وجمال میں تو کہینگے انکو انکے گھر والے قسم ہے خدا کی ہے مقرر زیادہ کئے ہو تم بعد جدا ہونے کے ہمارے سے حسن و جمال کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

بیشک تمنے بھی بڑھا لئے ہو ہم جدا ہونے کے بعد اپنے حسن و جمال کو

إن أول زمرة يدخلون الجنة على صورة القمر ليلة البدر ثم الذين يلونهم كأشد كوكب دري في السماء إضاءة قلوبهم على
بیشک پہلی جماعت جو بہشت میں جائیگی ہوگی صورت پر چودھویں رات کے چاند کی پھر وہ لوگ جو انکو لگے ہونگے یعنی انکے بعد بہت چمکتے تارے آسمان کے روشنی میں دلیں انکے

قلب رجل واحد لا اختلاف بينهم ولا تباغض لكل امرئ منهم زوجتان من الحور العين يرى مخ سوقهن من وراء العظم واللحم
دل پر ایک ہی آدمی کے ف۱ نہ خلاف ہوگا درمیان انکے اور نہ دشمنی آپس میں ہر کسی کے لئے دو عورت ہونگے حور عین سے ف۲ کہ دیکھ پڑیگا مغز انکے پنڈلیوں کا پار اور گوشت کے پرے سے

من الحسن يسبحون الله بكرة وعشيا لا يسقمون ولا يبولون ولا يتغوطون ولا يتفلون ولا يتمخطون آنيتهم الذهب والفضة
خوبی کی راہ سے ف۳ تسبیح کرینگے اللہ کی صبح اور شام نہ بیمار ہونگے اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ پاخانے کو جاوینگے اور نہ تھوکینگے اور نہ ناک چھنکینگے باسنیں انکے سونے اور روپے کے ہونگے

وأمشاطهم الذهب ووقود مجامرهم الألوة ورشحهم المسك على خلق رجل واحد على صورة أبيهم آدم ستون ذراعا في السماء
اور کنگھیاں انکے سونے کے اور ایندھن بخوردان کے انکے عود ہندی یا اگر ہوگی اور پسینہ انکا مشک سا سب ایک ہی مرد کے سبھاؤ پر اپنے باپ آدم کی صورت پر ساٹھ گز کے طول میں

متفق عليه وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن أهل الجنة يأكلون فيها ويشربون ولا يتفلون ولا يبولون ولا يتغوطون
متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر جنتی لوگ کھاوینگے اور پئینگے جنت میں اور نہ تھوکینگے اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ پاخانے کو جاوینگے

ولا يمتخطون قالوا فما بال الطعام قال جشاء ورشح كرشح المسك يلهمون التسبيح والتحميد كما تلهمون النفس رواه مسلم وعن
اور نہ ناک چھنکینگے صحابہ عرض کئے پھر کیا حال ہوگا کھانے کا فرمایا ڈکار ہے اور پسینہ مانند عرق مشک کے الہام کئے جاوینگے تسبیح کرنے اور حمد کرنے کا مانند دم لینے کے تمکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يدخل الجنة ينعم ولا يبأس ولا تبلى ثيابه ولا يفنى شبابه رواه مسلم وعن أبي
ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی داخل ہوگا جنت میں آرام پاویگا اور نہ سختی اٹھاویگا اور نہ پرانے ہونگے کپڑے اسکے اور نہ فنا ہوگی جوانی اسکی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ابی

سعيد وأبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ينادي مناد إن لكم أن تصحوا فلا تسقموا أبدا وإن لكم أن تحيوا فلا تموتوا
سعید اور ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پکاریگا ایک پکارنے والا اے بہشتیو مقرر تمکو تندرستی ہے کبھی بیمار نہوگے اور بیشک تمکو جینا ہے سو کبھی نہ مروگے

أبدا وإن لكم أن تشبوا فلا تهرموا أبدا وإن لكم أن تنعموا فلا تبأسوا أبدا رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري أن رسول الله صلى الله
اور تمہارے لئے جوانی ہے تم کبھی بوڑھے نہوگے اور تمہارے لئے راحت ہے سو تم کبھی محنت نہ اٹھاؤگے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم قال إن أهل الجنة يتراءون أهل الغرف من فوقهم كما تتراءون الكوكب الدري الغابر في الأفق من المشرق أو المغرب لتفاضل ما
علیہ وسلم نے فرمایا بیشک جنتی لوگ دیکھینگے بالاخانے والوں کو اپنے اوپر جیسا دیکھتے ہو تم چمکتے تارے چمکنے والے کو مشرق یا مغرب کے کنارے میں ف زیادتی مرتبے کے سبب درمیان

بينهم قالوا يا رسول الله تلك منازل الأنبياء لا يبلغها غيرهم قال بلى والذي نفسي بيده رجال آمنوا بالله وصدقوا المرسلين متفق عليه
انکے کے صحابہ عرض کئے یا رسول اللہ یہ بالاخانے مکانیں انبیا کے ہیں نہیں پہنچیگا ان میں سوا انکے کوئی فرمایا ہاں قسم اس ذات کی جسکے ہاتھ میں جان میری ہے پہنچینگے وہ مرد جو ایمان لائے ہیں اللہ پر اور سچے جانے رسولوں کو

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يدخل الجنة أقوام أفئدتهم مثل أفئدة الطير رواه مسلم وعن أبي سعيد
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے داخل ہونگے جنت میں ایسے لوگ کہ جنکے دلیں پرندوں کے دل کے مانند ہیں ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله تعالى يقول لأهل الجنة يا أهل الجنة فيقولون لبيك ربنا وسعديك والخير كله
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالی فرماویگا بہشتیوں کو اے بہشتیو سو کہینگے اے رب ہم حاضر ہیں خدمت میں اور سب دین کی مددگاری میں اور سب بھلائی

في يديك فيقول هل رضيتم فيقولون وما لنا لا نرضى يا رب وقد أعطيتنا ما لم تعط أحدا من خلقك فيقول ألا أعطيكم
تیرے قابو میں ہے تو فرماویگا تم راضی ہوئے سو عرض کرینگے کیا ہے ہمکو کہ راضی نہوں اے رب بیشک تو نے اتنا کچھ دیا کہ کسی کو اپنے مخلوقات سے نہیں دیا تو فرماویگا کیا نہ دوں میں تمکو

أفضل من ذلك فيقولون يا رب وأي شيء أفضل من ذلك فيقول أحل عليكم رضواني فلا أسخط عليكم بعده أبدا متفق عليه وعن

اس سے بھی بہتر تو عرض کرینگے اے رب اور کیا چیز عمدہ ہے اس سے بھی تو فرماویگا اتاری میں نے تم پر اپنی رضامندی سو غصہ نہونگا میں تم پر بعد اسکے کبھی ف ۔ اور روایت ہے

أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن أدنى مقعد أحدكم من الجنة أن يقول له تمن فيتمنى ويتمنى فيقول له هل تمنيت

ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کمتر جگہ تم میں کی جنت میں وہ ہے کہ فرماویگا پروردگار اسکو جو کچھ چاہتا ہے چاہ تو چاہیگا آرزو کریگا اور آرزو کریگا پھر فرماویگا کیا چاہ چکا

فيقول نعم فيقول له فإن لك ما تمنيت ومثله معه رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سيحان وجيحان والفرات

تو عرض کریگا ہاں چاہ چکا تب فرماویگا اسکو بیشک تجھکو ملا جو کچھ چاہا تو نے اور اتنا اور بھی ساتھ اسکے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سیحون اور جیحون اور فرات

والنيل كل من أنهار الجنة رواه مسلم وعن عتبة بن غزوان قال ذكر لنا أن الحجر يلقى من شفة جهنم فيهوي فيها سبعين خريفا لا يدرك

اور نیل ہر ایک ان میں سے جنت کے نہروں سے ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عتبہ بن غزوان سے کہا کہ روایت کی گئی ہم سے حضرت سے کہ اگر پتھر ڈالا جاوے کنارہ سے دوزخ کے تو چلا جاوے ستر برس تک اور نہ پہنچے

لها قعرا والله لتملأن ولقد ذكر لنا أن ما بين مصراعين من مصاريع الجنة مسيرة أربعين سنة وليأتين عليها يوم وهو كظيظ

اسکی تہ کو تو قسم خدا کی البتہ بھر جاویگی دوزخ ۲ اور بیشک روایت کی گئی ہم سے کہ بیچ دو بازووں دروازے جنت کے مسافت چالیس برس کی ہے اور البتہ آویگا اس پر ایک دن کہ وہ بھر جاوے

من الزحام رواه مسلم

الفصل الثاني

عن أبي هريرة قال قلت يا رسول الله مم خلق الخلق قال من الماء قلنا الجنة ما بناؤها

اژدحام سے روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کس چیز سے پیدا ہوئی خلق فرمایا پانی سے عرض کیا ہم نے کہ بناوٹ جنت کی کس چیز سے ہے

قال لبنة من ذهب ولبنة من فضة وملاطها المسك الأذفر وحصباؤها اللؤلؤ والياقوت وتربتها الزعفران من يدخلها ينعم ولا يبأس

فرمایا سونے کی ایک اینٹ اور روپے کی ایک اینٹ سے اور چونا اسکا مشک خالص ہے اور کنکر اسکے موتی اور یاقوت ہیں اور مٹی اسکی زعفران کی ہے جو کوئی پہنچیگا جنت میں نعمت پاویگا اور نہ رنجیدہ ہوگا

ويخلد ولا يموت ولا يبلى ثيابهم ولا يفنى شبابهم رواه أحمد والترمذي والدارمي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما في الجنة

ہمیشہ جیتا رہیگا اور کبھی نہ مریگا اور پرانے نہ ہونگے کپڑے انکے اور نہ ڈھلیگی جوانی انکی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جنت میں

شجرة إلا وساقها من ذهب رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن في الجنة مائة درجة ما بين كل درجتين مائة عام رواه

کوئی درخت مگر تنہ اسکا سونے کا ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک جنت میں سو درجے ہیں بیچ ہر دو درجوں کے مسافت سو برس کی ہے

الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن في الجنة مائة درجة لو أن العالمين

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک جنت میں سو درجے ہیں اگر سارے جہان

اجتمعوا في إحداهن لوسعتهم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم في قوله وفرش مرفوعة

جمع ہو جاویں انمیں کے ایک درجے میں تو سما لیوے انکو سب کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خدا کے اس قول کی تفسیر میں اور بچھونے بلند

قال ارتفاعها لكما بين السماء والأرض مسيرة خمسمائة سنة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه قال قال رسول الله صلى

فرمایا حضرت نے بلندی انکی جتنا کہ درمیان آسمان اور زمین کے فاصلہ پانسو برس کی راہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

الله عليه وسلم إن أول زمرة يدخلون الجنة يوم القيامة ضوء وجوههم على مثل ضوء القمر ليلة البدر والزمرة الثانية على مثل

اللہ علیہ وسلم نے بیشک پہلی گروہ جو پہنچیگی جنت میں قیامت کے دن روشنی انکے مونہوں کی چودھویں رات کے چاند کی روشنی کے مانند ہوگی اور دوسری گروہ جیسے

أحسن كوكب دري في السماء لكل رجل منهم زوجتان على كل زوجة سبعون حلة يرى مخ ساقها من ورائها رواه الترمذي

بہت اچھا چمکتا تارہ آسمان میں انمیں کے ہر مرد کو دو عورتیں ہیں ہر عورت پر ستر پوشاکیں ہونگی کہ دکھائی دیگا مغز اسکے پنڈلیوں کا اسکے پردے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يعطى المؤمن في الجنة قوة كذا وكذا من الجماع قيل يا رسول الله او يطيق ذلك قال يعطى
اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ دیا جاوے گا مسلمان جنت میں قوت جماع کرنے کی اتنا اور اتنا کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ آیا طاقت رکھتا ہے جماع کرنے کی فرمایا

قوة مائة رواه الترمذي وعن سعد بن ابي وقاص عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لو ان ما يقل ظفر مما في الجنة بدا لتزخرف
قوت سو مرد کا دیا جاوے گا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا اگر ظاہر ہو جنت کی چیزوں میں سے اتنی چیز کہ اٹھاتا ہے اسکو ناخن البتہ زینت

له ما بين خوافق السموات والارض ولو ان رجلا من اهل الجنة اطلع فبدا اساوره لطمس ضوءه ضوء الشمس كما تطمس الشمس
پکڑے اسکے سبب سے جو کچھ کہ کناروں میں آسمان اور زمین کے ہے اور اگر کوئی مرد جنت والوں سے جھانکے اور ظاہر ہو کنگن اسکے ہاتھ کا تو البتہ روشنی اسکی بے نور کردے آفتاب کی روشنی کو جیسا کہ

ضوء النجوم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل الجنة جرد مرد
ستاروں کی روشنی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنتی لوگ جوان چھوکرے

كحل لا يفنى شبابهم ولا تبلى ثيابهم رواه الترمذي والدارمي وعن معاذ بن جبل ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يدخل اهل
بے ریش سرمہ دار آنکھیں والے ہونگے نہ فنا ہوگی جوانی انکی اور نہ پرانے ہونگے کپڑے انکے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داخل ہونگے

الجنة الجنة جردا مردا مكحلين ابناء ثلاثين او ثلث وثلاثين سنة رواه الترمذي وعن اسماء بنت ابي بكر قالت سمعت رسول
جنتی لوگ جنت میں نوجوان بے ریش بے بال سرمہ دار آنکھوں والے تیس برس کی عمر کے یا تینتیس برس کے ہو کر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے کہا کہ سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم وذكر له سدرة المنتهى قال يسير الراكب في ظل الفنن منها مائة سنة او يستظل بظلها مائة راكب
خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے جس حال میں کہ مذکور ہوا آپ سے سدرۃ المنتہی کا فرمایا کہ سیر کریگا سوار نیچے اسکی شاخوں کے سو برس یا فرمایا پناہ لیتے ہیں اسکے سایہ میں سو سوار

شك الراوي فيها فراش الذهب كان ثمرها القلال رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن انس قال سئل رسول الله صلى
شک ہے راوی کو اس میں پتنگے سونے کے ہیں گویا کہ پھل اسکے مثل مٹکوں کے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ سوال کیا کسی نے نبی

الله عليه وسلم ما الكوثر قال ذاك نهر اعطانيه الله يعني في الجنة اشد بياضا من اللبن واحلى من العسل فيه طير اعناقها
صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہے کوثر فرمایا وہ ایک نہر ہے دیا ہے مجھکو اللہ تعالے نے جنت میں اسکا پانی دودھ سے بھی بہت سفید اور شہد سے بھی بہت میٹھا اس میں پرندے ہیں انکی گردنیں

كاعناق الجزر قال عمر ان هذه لناعمة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اكلتها انعم منها رواه الترمذي وعن بريدة ان رجلا
اونٹوں کی گردنوں کے سے ہیں عرض کیا عمر نے کہ بیشک یہ پرندے البتہ موٹے تازے ہونگے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کھانے والے انکے بہت موٹے تازے ہونگے انسے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے بریدہ سے کہ کسی

قال يا رسول الله هل في الجنة من خيل قال ان الله ادخلك الجنة فلا تشاء ان تحمل فيها على فرس من ياقوتة حمراء يطير بك
عرض کیا یا رسول اللہ کیا جنت میں گھوڑا بھی ہے فرمایا اگر اللہ تعالی داخل کرے تجھکو بہشت میں اور چاہیگا تو سوار ہونا اسمیں سرخ یاقوت کے گھوڑے پر کہ لے اڑے تجھکو

في الجنة حيث شئت الا فعلت وساله رجل فقال يا رسول الله هل في الجنة من ابل قال فلم يقل له ما قال لصاحبه فقال ان يدخلك
جنت میں جہاں کہیں چاہے تو سے گر دیا جائیگا تو اور پوچھا کسی نے یا رسول اللہ کیا جنت میں اونٹ بھی ہے کہا بریدہ نے پس نہ فرمایا آپ نے اسکو جیسا کہ فرمایا تھا اسکے یار کے لئے پس فرمایا اگر داخل کرے

الله الجنة يكن لك فيها ما اشتهت نفسك ولذت عينك رواه الترمذي وعن ابي ايوب قال اتى النبي صلى الله عليه
خدا جنت میں تو ہوگا تیرے لئے وہاں جو کچھ کہ چاہے نفس اور جو کچھ لذت اٹھاوے تیری آنکھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ آیا نبی صلے اللہ علیہ

وسلم اعرابي فقال يا رسول الله اني احب الخيل افي الجنة خيل قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ادخلت الجنة اتيت
وسلم پاس ایک گنوار آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ مقرر میں دوست رکھتا ہوں گھوڑوں کو کیا جنت میں گھوڑے بھی ہیں فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر داخل ہوگا تو جنت میں تو دیا جائیگا

بفرس من ياقوتة له جناحان فحملت عليه ثم طار بك حيث شئت رواه الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي وابو
گھوڑا یاقوت کا کہ اسکو دو پرین ہو سو سوار ہوگا تو اسپر پھر لے اڑیگا وہ تجھکو جہاں کہیں جاہا تو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں اسناد اسکے قوی اور ابو

سورة الراوي يضعف في الحديث وسمعت محمد بن اسماعيل يقول ابو سورة هذا منكر الحديث يروي مناكير وعن بريدة
سورہ راوی اس حدیث کا ضعیف ٹھہرایا گیا ہے حدیث بیان کرنے میں اور میں نے سنا محمد بن اسمٰعیل کو کہتا ہو کہ ابو سورہ منکر الحدیث ہے کہ منکر احادیث کو روایت کرتا ہے اور روایت ہے بریدہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل الجنة عشرون ومائة صف ثمانون منها من هذه الامة واربعون من سائر الامم
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جنتی لوگ ایکسو بیس صف ہونگے انمیں اسی صف اس امت کے اور چالیس باقی سب امتوں کے

رواه الترمذي والدارمي والبيهقي في كتاب البعث والنشور وعن سالم عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم باب امتي
روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں ۔ اور روایت ہے سالم سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میری امت کا دروازہ

الذين يدخلون منه الجنة عرضه مسيرة الراكب المجود ثلثا ثم انهم ليضغطون عليه حتى تكاد مناكبهم تزول رواه الترمذي
جس سے داخل ہونگے جنت میں اسکی چوڑائی تین مدت کی اچھے دوڑانے والے سوار کے سیر برابر ہے پھر بھی دھکیلے جاوینگے دروازہ پر یہانتک کہ قریب ہے کہ کھسکنے لگیں مونڈھے انکے روایت کی ترمذی نے

وقال هذا حديث ضعيف وسألت محمد بن اسمعيل عن هذا الحديث فلم يعرفه وقال مخلد بن ابي بكر يروي المناكير وعن علي
اور کہا یہ حدیث ضعیف ہے اور میں نے پوچھا محمد بن اسمٰعیل کو اس حدیث سے سو اسنے نہیں پہچانا اسکو اور کہا مخلد بن ابی بکر منکر حدیثیں روایت کرتا ہے اور روایت ہے علی سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة لسوقا ما فيها شرى ولا بيع الا الصور من الرجال والنساء فاذا اشتهى
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایک بازار ہے جنت میں کہ اسمیں خرید و فروخت نہیں مگر مردوں اور عورتوں کے پاکیزہ صورتیں ہونگی پھر جب پسند کرے

الرجل صورة دخل فيها رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن سعيد بن المسيب انه لقي ابا هريرة فقال ابو هريرة اسأل الله
آدمی کسی صورت کو تو بیٹھ جاویگا اس میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ ملاقات کیا اسنے ابو ہریرہ سے تو ابو ہریرہ نے کہا میں خدا سے مانگتا ہوں

ان يجمع بيني وبينك في سوق الجنة فقال سعيد افيها سوق قال نعم اخبرني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اهل الجنة اذا دخلوها
علیہ وسلم دو موبال جو تھے روبرو آپکے سر اور داڑھی کے اور جب تیل لگاتے نہیں ظاہر ہوتی سفیدی اور جب بکھرے بال اپنے سر کے تو ظاہر ہوتی سفیدی اور بہت بال تھے

اللحية فقال رجل وجهه مثل السيف فقال لا بل كان مثل الشمس والقمر وكان مستديرا ورأيت الخاتم عند
داڑھی کے سو کہا ایک مرد نے کہ منہ آپ کا چمکتا تھا مثل تلوار کے کہا جابر نے نہیں بلکہ چمکتا تھا مثل سورج اور چاند کے اور تھا چہرہ آپکا گول اور دیکھی میں نے مہر نبوت نزدیک

كتفه مثل بيضة الحمامة يشبه جسده رواه مسلم وعن عبد الله بن سرجس قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم
شانہ آپکے مانند کبوتر کے انڈے کے ایسی ہی مشابہت تھی جسد مبارک سے آپ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن سرجس سے کہا دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو

وأكلت معه خبزا ولحما أو قال ثريدا ثم درت خلفه فنظرت إلى خاتم النبوة بين كتفيه عند ناغض كتفه
اور کھایا میں نے آپکے ساتھ روٹی اور گوشت یا کہا ثرید پھر پھر گیا میں پیچھے آپکے پس دیکھا میں نے مہر نبوت کو درمیان دونوں شانوں کے نزدیک نرم ہڈی بائیں مونڈھے کے

اليسرى جمعا عليه خيلان كأمثال الثآليل رواه مسلم وعن أم خالد بنت خالد بن سعيد قالت أتي
مانند مٹھی کے اس پر خال تھے مانند مسوں کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام خالد بنت خالد بن سعید سے بولیں کہ لائے گئے

النبي صلى الله عليه وسلم بثياب فيها خميصة سوداء صغيرة فقال ائتوني بأم خالد فأتي بها تحمل فأخذ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کپڑے کہ ان میں کالی کملی تھی چھوٹی پھر فرمایا لاؤ مجھ پاس ام خالد کو پھر لائی گئی وہ اٹھا کر پس لی حضرت

الخميصة بيده فألبسها قال أبلي وأخلقي ثم أبلي وأخلقي وكان فيها علم أخضر أو أصفر فقال يا أم خالد
اس کملی کو اپنے ہاتھ میں اور پہنایا اسکو فرمایا پرانا کر اور پرانا کر پھر پرانا کر اور پرانا کر اور تھیں اس کملی میں دھاریاں ہری یا پیلی پھر فرمایا اے ام خالد

هذا سناه وهي بالحبشية حسنة قالت فذهبت ألعب بخاتم النبوة فزبرني أبي فقال رسول الله
یہ کپڑا اچھا ہے اور کلمہ سناہ کا لغت حبش میں معنی اچھے کے ہیں بولیں ام خالد پھر کھیلنے لگی میں مہر نبوت سے تو منع کیا مجھ کو باپ میرے نے سو فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم دعها رواه البخاري وعن أنس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس بالطويل
صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نہ بہت لانبے قد کے تھے

البائن ولا بالقصير وليس بالأبيض الأمهق ولا بالآدم وليس بالجعد القطط ولا بالسبط بعثه الله على
اور نہ کوتاہ قد کے اور نہ ایسے سفید رنگ کے کہ بہت سفید ہوں اور نہ بہت گندم گون اور نہ ایسے گھونگر والے بال کہ بہت پیچدار ہوں اور نہ لٹکے بال بھیجا آپکو خدا نے

رأس أربعين سنة فأقام بمكة عشر سنين وبالمدينة عشر سنين وتوفاه الله على رأس ستين سنة وليس
سر پر چالیس برس کے پھر اقامت کی بیچ مکہ کے دس برس اور مدینے میں دس برس اور وفات دیا آپ کو اللہ نے سر پر ساٹھ برس کے اور نہ تھے

في رأسه ولحيته عشرون شعرة بيضاء وفي رواية عنه يصف النبي صلى الله عليه وسلم قال كان ربعة
سر اور داڑھی میں آپکے بیس بال سفید اور ایک روایت میں انہی سے ہے کہ صفت بیان کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی کہا کہ تھے حضرت میانہ قد

من القوم ليس بالطويل ولا بالقصير أزهر اللون وقال كان شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى أنصاف
لوگوں میں نہ لانبے اور نہ کوتاہ چمکتے رنگ کے اور کہا تھے بال رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آدھی دور تک

أذنيه وفي رواية بين أذنيه وعاتقه متفق عليه وفي رواية للبخاري قال كان ضخم الرأس والقدمين لم أر
آپکے کانوں کے اور ایک روایت میں ہے درمیان دونوں کانوں اور شانوں کے تھے متفق علیہ ہے یہ اور ایک روایت میں بخاری کی ہے کہا تھے بھاری سر اور قدمین نہیں دیکھا میں نے

بعده ولا قبله مثله وكان بسط الكفين وفي أخرى له قال كان شثن القدمين والكفين وعن البراء قال

بعد حضرت کے اور نہ آگے آپ کے کسیکو مانند آپ کے اور تھے حضرت کشادہ ہتھیلیوں کے اور بخاری کی دوسری روایت میں ہے کہا کہ تھے حضرت پُر گوشت قدموں اور ہتھیلیوں کے اور روایت ہے براء سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مربوعا بعيد ما بين المنكبين له شعر بلغ شحمة أذنيه رأيته في حلة حمراء

کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میانہ قد کے فراخی تھی درمیان دونوں مونڈھوں کے آپ کو بال تھے پہنچے ہوئے تک آپ کے کانوں کے دیکھا میں آپ کو سرخ لباس میں

لم أر شيئا قط أحسن منه متفق عليه وفي رواية لمسلم قال ما رأيت من ذي لمة أحسن في حلة حمراء من رسول

کہ نہیں دیکھا کسی کو ہرگز بہتر آپ سے ۔ق۔ اور ایک روایت میں مسلم کی ہے کہا کہ نہیں دیکھا میں کسی بالوں والے کو بہت اچھا سرخ لباس میں رسول

الله صلى الله عليه وسلم شعره يضرب منكبيه بعيد ما بين المنكبين ليس بالطويل ولا بالقصير وعن سماك بن

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بال آپکے نزدیک پہنچے تھے آپ کے مونڈھوں کے فراخی تھی درمیان دو مونڈھوں کے نہ لانبے قد کے اور نہ کوتاہ اور روایت ہے سماک بن

حرب عن جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ضليع الفم أشكل العين منهوش العقبين

حرب سے اسنے جابر بن سمرہ سے کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فراخ دہان کے سرخ سفید آنکھ کے سبک ایڑیوں کے

قيل لسماك ما ضليع الفم قال عظيم الفم قيل ما أشكل العين قال طويل شق العين قيل ما منهوش العقبين

کسی نے پوچھا سماک سے کیا ہے معنے ضلیع الفم کا کہا بڑے منہ کا کسی نے پوچھا کیا ہے معنے اشکل العین کا کہا درازی شگاف چشم کی کسی نے پوچھا کیا معنے ہیں منہوش عقبین کا

قال قليل لحم العقب رواه مسلم وعن أبي الطفيل قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم كان أبيض مليحا

کہا کم ہونا ایڑیوں کے گوشت کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی الطفیل سے کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ تھے گورے ملاحت بھرے

مقصدا رواه مسلم وعن ثابت قال سئل أنس عن خضاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إنه لم

میانہ معتدل روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ثابت سے کہا کہ پوچھے گئے انس خضاب کرنے سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کہا انس نے کہ حضرت نہ

يبلغ ما يخضب لو شئت أن أعد شمطاته في لحيته وفي رواية لو شئت أن أعد شمطات كن في رأسه

پہنچے تھے اس حد کو کہ خضاب کرے اگر چاہتا میں شمار کرنا آپکے سفید بالوں کا آپ کی داڑھی میں اور ایک روایت میں ہے اگر چاہتا میں شمار کرنا سفید بالوں کو جو سر میں آپکے تھے

فعلت متفق عليه وفي رواية لمسلم قال إنما كان البياض في عنفقته وفي الصدغين وفي الرأس نبذ وعن

تو البتہ شمار کر سکتا ۔ق۔ اور ایک روایت میں مسلم کی ہے کہا کہ نہیں تھی سفیدی مگر آپ کے لب زیرین بالوں میں اور کان اور آنکھ کے درمیان کے بالوں میں اور کچھ سر میں اور روایت ہے

أنس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم أزهر اللون كان عرقه اللؤلؤ إذا مشى تكفأ وما مسست ديباجا

انس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چمکتے رنگ کے گویا کہ پسینا آپ کا موتیاں ہیں جب راہ چلتے قدم اٹھا کر اور نہ پایا میں کوئی دیبا اور

ولا حريرا ألين من كف رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا شممت مسكا ولا عنبرة أطيب من رائحة النبي

حریر کو ملائم زیادہ ہتھیلی سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور نہ سونگھا میں مشک کو نہ عنبر کو خوشبو زیادہ بدن مبارک کی باس سے نبی

صلى الله عليه وسلم متفق عليه وعن أم سليم أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يأتيها فيقيل عندها فتبسط

صلے اللہ علیہ وسلم کے ۔ق۔ اور روایت ہے ام سلیم سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم آتے تھے نزدیک اسکے اور قیلولہ کرتے تھے اسکے پاس پس بچھاتی

نطعا فيقيل عليه وكان كثير العرق فكانت تجمع عرقه فتجعله في الطيب فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا أم سليم

بچھونا چمڑے کا تو قیلولہ کرتے اسپر اور تھے حضرت بہت پسینے والے تھیں جمع کرتی ام سلیم پسینا آپ کا اور ڈالتی اسکو خوشبو کی چیزوں میں پس کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ام سلیم

ما هذا قالت عرق نجعله في طيبنا وهو من أطيب الطيب وفي رواية قالت يا رسول الله نرجو بركته

کیا ہے یہ بولیں پسینا آپ کا ہے ڈالتے ہیں ہم اس کو ہماری خوشبو میں کہ پسینا آپ کا بہت خوشبو ہے اور ایک روایت میں ہے کہا انہوں نے یا رسول اللہ ہم امید رکھتے ہیں برکت کی

لصبياننا قال أصبت متفق عليه وعن جابر بن سمرة قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الأولى

اپنے بچوں کے لئے فرمایا حضرت نے اچھا کیا تو نے ۔ اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا نماز پڑھی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ظہر کی

ثم خرج إلى أهله وخرجت معه فاستقبله ولدان فجعل يمسح خدي أحدهم واحدا واحدا وأما أنا فمسح خدي

پھر نکلے حضرت اپنے اہل بیت کی طرف اور نکلا میں بھی ساتھ آپ کے پھر آگے آئے آپ کے لڑکے تو لگے حضرت گال ملنے ان کے ایک ایک کے اور لیکن میں سو میرا گال کو بھی ملے

فوجدت ليده بردا أو ريحا كأنما أخرجها من جونة عطار رواه مسلم وذكر حديث جابر سموا باسمي في باب

تو پایا میں نے آپ کے ہاتھ میں ٹھنڈک یا خوشبو گویا کہ نکالا ہی حضرت نے ہاتھ اپنا طبلہ سے عطار کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث جابر کی سموا باسمی باب

الأسامي وحديث السائب بن يزيد نظرت إلى خاتم النبوة في باب أحكام المياه **الفصل الثاني** عن علي بن

الاسامی میں اور حدیث سائب بن یزید کی نظرت الی خاتم النبوۃ باب احکام المیاہ میں ۔ فصل دوسری روایت ہے علی بن

أبي طالب قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس بالطويل ولا بالقصير ضخم الرأس واللحية شثن الكفين

ابی طالب سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نہ دراز قد تھے نہ کوتاہ بڑے سر اور داڑھی کے بھرے ہتھیلیوں

والقدمين مشربا حمرة ضخم الكراديس طويل المسربة إذا مشى تكفأ تكفؤا كأنما ينحط من صبب لم أر قبله

اور قدموں کے سفید سرخی ملے ہوئے بڑے ہاڑوں کے جوڑوں کے دراز سینے کے بال جب چلتے قدم اٹھا کر رکھتے آگے کو قدم رکھتا گویا کہ اتر رہے ہیں بلندی سے نہیں دیکھا میں نے قبل

ولا بعده مثله صلى الله عليه وسلم رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وعنه كان إذا وصف النبي

اور نہ بعد آپ کے کسیکو مانند آپ کے صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے انہی سے کہ علی کرم اللہ وجہہ کی عادت تھی جب صفت بیان کرتے نبی

صلى الله عليه وسلم قال لم يكن بالطويل الممغط ولا بالقصير المتردد وكان ربعة من القوم ولم يكن بالجعد

صلے اللہ علیہ وسلم کی کہتے نہ تھے حضرت بہت لانبے اور نہ بہت کوتاہ اور تھے میانہ قد لوگوں میں اور نہ تھے بہت گھنگرالے

القطط ولا بالسبط كان جعدا رجلا ولم يكن بالمطهم ولا بالمكلثم وكان في الوجه تدوير أبيض مشرب

بال کے اور نہ لٹکتے ہوئے لیکن تھے بال میانہ اور نہ بہت جوڑے منہ کے تھے اور نہ ہلکے چہرے کے ولیکن تھی چہرہ میں آپ کے کچھ گولائی سفید سرخی ملے ہوئے

أدعج العينين أهدب الأشفار جليل المشاش والكتد أجرد ذو مسربة شثن الكفين والقدمين إذا مشى تقلع

بہت سیاہ آنکھوں کے لانبے پلکوں کے بڑی ہڈیوں کے سینے اور مونڈھے کے بڑی بال کے نہ بالوں کی لکیر سینہ سے ناف تک بھرے ہتھیلیوں اور قدموں کے جب چلتے اٹھا کر رکھتے قدم کو

كأنما يمشي في صبب وإذا التفت التفت معا بين كتفيه خاتم النبوة وهو خاتم النبيين أجود الناس صدرا

گویا کہ چلتے ہیں پستی میں اور جب متوجہ ہوتے کسی طرف تو متوجہ ہوتے تمام بدن سے بیچ درمیان دونوں مونڈھوں آپ کے مہر نبوت تھی وہ ہی ختم کرنے والی نبیوں کی بھی بہت سخی دل کے لوگوں سے

وأصدق الناس لهجة وألينهم عريكة وأكرمهم عشيرة من رآه بديهة هابه ومن خالطه معرفة أحبه يقول

اور بہت راست تھے لوگوں سے بات میں اور نرم طبیعت کے لوگوں سے اور بزرگ قبیلے کے تھے لوگوں سے جو کوئی دیکھتا آپ کو اچانک ڈر جاتا اس سے اور جو کوئی ملتا آپ سے پہچان کر دوست رکھتا آپ کو کہتا

ناعته لم أر قبله ولا بعده مثله صلى الله عليه وسلم رواه الترمذي وعن جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم لم يسلك

وصف کرنے والا آپ کا نہ دیکھا میں نے آگے حضرت کے اور نہ بعد آپ کے کسیکو مانند حضرت کے صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ چلتے تھے

طريقا فيتبعه احد الا عرف انه قد سلكه من طيب عرفه او قال من ريح عرقه رواه الدارمي وعن ابي عبيدة

کوئی راہ اور پیچھے جاتا آپکے کوئی تو البتہ اسنے پہچان لیتا کہ حضرت تحقیق چلے ہیں بسبب خوشبوی سے آپکے یا کہا پسینے کی بو سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابی عبیدہ

بن محمد بن عمار بن ياسر قال قلت للربيع بنت معوذ بن عفراء صفي لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت يا بني

بن محمد بن عمار بن یاسر سے کہا ابو عبیدہ نے کہا میں نے ربیع بنت معوذ بن عفراء صحابیہ کو صفت بیان کر ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی کہا اسنے اے بیٹے

لو رأيته رأيت الشمس طالعة رواه الدارمي وعن جابر بن سمرة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في ليلة

اگر دیکھتا تو حضرت کو دیکھتا تو گویا آفتاب نکلا ہی روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو چاندنی رات میں

اضحيان فجعلت انظر الى رسول الله صلى الله عليه وسلم والى القمر وعليه حلة حمراء فاذا هو احسن عندي من القمر

اور لگا میں نے نظر کرنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اور چاند کی طرف جس حال میں کہ آپ پر لباس سرخ تھا پس یکایک حضرت بہت زیادہ خوبصورت تھے

رواه الترمذي والدارمي وعن ابي هريرة قال ما رأيت شيئا احسن من رسول الله صلى الله عليه وسلم كأن الشمس

روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کوئی چیز کو خوبصورت زیادہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے گویا کہ آفتاب

تجري في وجهه وما رأيت احدا اسرع في مشيته من رسول الله صلى الله عليه وسلم كأنما الارض تطوى له انا لنجهد

چلتا ہی چہرہ مبارک میں آپکے اور نہیں دیکھا میں نے کسیکو جلدی کرنے والا چلنے میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے گویا کہ زمین لپیٹی جاتی ہے آپکے لئے بیشک ہم

انفسنا وانه لغير مكترث رواه الترمذي وعن جابر بن سمرة قال كان في ساقي رسول الله صلى الله عليه وسلم

اپنے ذاتوں کو اور حضرت بے تکلف راہ چلنے والے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ تھی دونوں پنڈلیوں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

حموشة وكان لا يضحك الا تبسما وكنت اذا نظرت اليه قلت اكحل العينين وليس باكحل رواه الترمذي

باریکی اور حضرت ہنستے نہ تھے مگر مسکرا کر اور میں جب نظر کرتا تھا آپکے کہتا تھا کہ سرمہ لگے ہوئے آنکھیں ہیں حالانکہ سرمہ نہیں تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

عن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم افلج الثنيتين اذا تكلم رئي كالنور

فصل تیسری روایت ہی ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ دو دانتوں کے بیچ جب باتیں کرتے معلوم ہوتا مانند نور کے

يخرج من بين ثناياه رواه الدارمي وعن كعب بن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سر

نکلتا ہی آپکے دونوں دانتوں کے درمیان سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے کعب بن مالک سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب خوش ہوتے

استنار وجهه حتى كان وجهه قطعة قمر وكنا نعرف ذلك متفق عليه وعن انس ان غلاما يهوديا كان

روشن ہوتا منہ آپکا یہاں تک کہ گویا منہ آپکا ٹکڑا چاند کا ہی اور ہم پہچانتے تھے اسکو متفق علیہ اور روایت ہے انس سے کہ ایک لڑکا یہودی

يخدم النبي صلى الله عليه وسلم فمرض فاتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده فوجد اباه عند رأسه يقرأ التوراة

خدمت کرتا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی پھر بیمار ہوا تو آئے اسکے پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم اسکی بیمار پرسی کرنے پھر پایا اسکے باپ کو اسکے سر کے پاس پڑھتا تھا توریت

فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم يا يهودي انشدك بالله الذي انزل التوراة على موسى هل تجد في التوراة نعتي

سو فرمایا اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے یہودی قسم دیتا ہوں میں تجھکو اس خدا کی جسنے اتارا توریت کو موسی پر آیا پاتا ہی تو توریت میں نعت میری

وصفتي ومخرجي قال لا قال الفتى بلى والله يا رسول الله انا نجد لك في التوراة نعتك وصفتك ومخرجك واني

اور صفت میری اور نکلنا میرا کہے سے کہا یہودی نے نہیں کہا اس بیمار لڑکے نے ہاں قسم خدا کی ہی یا رسول اللہ مقرر ہم پاتے ہیں تیرے لئے توریت میں نعت آپ کی اور صفت آپ کی اور نکلنا آپکا

تشهد ان لا اله الا الله وانك رسول الله فقال النبي صلى الله عليه وسلم لاصحابه اقيموا هذا من عند رأسه ولوا اخاكم

گواہی دیتا ہو کہ نہیں کوئی لائق بندگی کے مگر اللہ اور بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے یاروں کو اٹھاؤ اس شخص کو اسکے سر پاس سے اور متوجہ ہو تم اپنے بھائی کی طرف

رواه البيهقي في دلائل النبوة ❊ وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال انما انا رحمة مهداة رواه

روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا نہیں ہوں میں مگر رحمت بھیجا ہوا حق کی طرف سے روایت کیا اسکو

الدارمي والبيهقي في شعب الايمان ❊ باب في اخلاقه وشمائله صلى الله عليه وسلم ❊ الفصل الاول ❊ عن

دارمی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں باب اخلاق اور عادات میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے　فصل پہلی　روایت ہے

انس قال خدمت النبي صلى الله عليه وسلم عشر سنين فما قال لي اف ولا لم صنعت ولا الا صنعت متفق عليه ❊ وعنه

انس سے کہا کہ خدمت کی میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی دس برس سو نفرمایا حضرت نے مجھکو اف وا اور نفرمایا کہ کس لیے کیا تو یہ کام اور نفرمایا کیوں نہیں کیا تو نے یہ کام

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم من احسن الناس خلقا فارسلني يوما لحاجة فقلت والله لا اذهب وفي

کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہترین لوگوں سے خلق میں پس بھیجا تھا مجھکو ایک دن کسی کام کے لئے تو میں نے کہا قسم ہے خدا کی نہ جاؤنگا میں اور

نفسي ان اذهب لما امرني به رسول الله صلى الله عليه وسلم فخرجت حتى امر على صبيان وهم يلعبون في السوق

دل میں میرے یہ تھا کہ جاؤنگا میں اس کام کے لئے کہ حکم کیا ہے مجھکو جس کام کا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سو نکلا میں تاکہ گذر کیا میں لڑکوں پر جو کھیلتے تھے بازار میں

فاذا رسول الله صلى الله عليه وسلم قد قبض بقفاي من ورائي قال فنظرت اليه وهو يضحك فقال يا انيس ذهبت

تو یکایک دیکھتا ہوں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پکڑ لئے میری گردن کو میرے پیچھے سے کہا انس نے پھر دیکھا میں نے طرف آپ کے جس حال میں آپ ہنستے تھے اور فرمانے لگے ای انیس کیا جاتا ہے تو

حيث امرتك قلت نعم انا اذهب يا رسول الله رواه مسلم ❊ وعنه قال كنت امشي مع رسول الله صلى الله عليه وسلم

جس جگہ حکم کیا تھا میں نے تجھکو عرض کی میں نے ہاں اب جاتا ہوں یا رسول اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ چلتا تھا میں ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

وعليه برد نجراني غليظ الحاشية فادركه اعرابي فجبذه بردائه جبذة شديدة ورجع نبي الله صلى الله عليه وسلم في

اور آپ پر چادر نجران کی تھی بھاری حاشیوں کی پھر پایا آپ کو ایک جنگلی نے اور کھینچا حضرت کو آپ کی چادر سے سخت کھینچنا اور پلٹ گئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

نحر الاعرابي نظرت الى صفحة عاتق رسول الله صلى الله عليه وسلم قد اثرت بها حاشية البرد من شدة جبذته ثم

سینے پر اعرابی کے یہاں تک کہ دیکھا میں نے ایک جانب میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی گردن کے تحقیق نشان کر دیا تھا بیچ گردن مبارک پر حاشیہ چادر کا سخت کھینچنے سے اسکے پھر

قال يا محمد مر لي من مال الله الذي عندك فالتفت اليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم ضحك ثم امر له بعطاء

کہا یا محمد حکم کر میرے لئے کہ دیویں اللہ کے مال سے جو آپ کے پاس ہے سو التفات کیا اسکی طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر ہنسے بعد حکم کیا اسکے لئے کچھ دینے کا

متفق عليه ❊ وعنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم احسن الناس واجود الناس واشجع الناس ولقد فزع

متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت خوبصورت لوگوں کے اور بہت سخی لوگوں کے اور بڑے جوانمرد لوگوں کے اور تحقیق ڈر گئے

اهل المدينة ذات ليلة فانطلق الناس قبل الصوت فاستقبلهم النبي صلى الله عليه وسلم قد سبق الناس الى الصوت

مدینے والے ایک رات سو چلے گئے لوگ طرف آواز کے تو روبرو آئے انکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ آگے گئے تھے لوگوں کے طرف آواز کے

وهو يقول لم تراعوا لم تراعوا وهو على فرس لابي طلحة عري ما عليه سرج وفي عنقه سيف فقال لقد وجدته

جس حال میں کہ فرماتے تھے نہ ڈرو نہ ڈرو اور آپ سوار تھے ابی طلحہ کے گھوڑے ننگی پیٹھ پر کہ نہ تھی اس پر زین اور گردن میں آپ کے شمشیر تھی سو فرمایا تحقیق پایا میں اسکو

بحر متفق عليه وعن جابر قال ما سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئا قط فقال لا متفق عليه وعن انس ان رجلا

دریا ہے ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ نہیں سوال کئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کسی چیز سے ہرگز اور کہتے نہیں ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہ ایک مرد

سأل النبي صلى الله عليه وسلم غنما بين جبلين فاعطاه اياه فاتى قومه فقال اي قوم اسلموا فوالله ان محمدا ليعطي

مانگا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بکریان جو درمیان دو پہاڑ کے تھے سو عطا کئے اسکو وہ بکریان پھر آیا وہ شخص اپنے قوم پاس اور کہا اے قوم مسلمان ہو قسم ہے خدا کی کہ محمد دیتے ہیں

عطاء ما يخاف الفقر رواه مسلم وعن جبير بن مطعم بينما هو يسير مع رسول الله صلى الله عليه وسلم مقفله

ایسا دینا کہ نہیں ڈرتے فقیر ہو جانے سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہ درمیان اسکے کہ وہ سفر کرتا تھا ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پھرتے وقت

من حنين فعلقت الاعراب يسألونه حتى اضطروه الى سمرة فخطفت رداءه فوقف النبي صلى الله عليه وسلم

جنگ حنین سے تو حائل ہو کر دیہاتی مانگنے لگے آپ سے یہانتک کہ عاجز کر دیا آپ کو کانٹوں کے جھاڑ کے پاس اور نکال لی چادر آپ کی تو کھڑے ہوگئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

فقال اعطوني ردائي لو كان لي عدد هذه العضاه نعما لقسمته بينكم ثم لا تجدوني بخيلا ولا كذوبا ولا جبانا

اور فرمایا دیدو مجھکو چادر میری اگر ہوتے مجھ پاس موافق ان جھاڑ درختوں کے چوپائے تو البتہ بانٹ دیتا تم میں پھر نہ پاتے تم مجھکو بخیل اور نہ جھوٹا اور نہ بزدل

رواه البخاري وعن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى الغداة جاء خدم المدينة بآنيتهم فيها

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے صبح کی تو لاتے خادم مدینے والوں کے اپنے برتن کہ جنمیں

الماء فما يأتون باناء الا غمس يده فيها فربما جاؤه بالغداة الباردة فيغمس يده فيها رواه مسلم وعنه قال

پانی رہتا سو نہیں لاتے کوئی برتن مگر ڈالتے حضرت دست مبارک اپنا اسمیں پھر بہت دفعہ لاتے اپنے برتنوں میں پانی سردی کی صبح تو تب بھی ڈالتے دست مبارک اپنا ان برتنوں میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا

كانت امة من اماء اهل المدينة تأخذ بيد رسول الله صلى الله عليه وسلم فتنطلق به حيث شاءت رواه

ایک باندی تھی باندیوں سے مدینے والوں کی پکڑتی ہاتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اور لیجاتی آپ کو جس جگہ کہ چاہتی تھی روایت کیا اسکو

البخاري وعنه ان امرأة كانت في عقلها شيء فقالت يا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لي اليك حاجة فقال يا ام

بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ ایک عورت تھی کہ اسکے عقل میں کچھ قصور تھا سو عرض کی یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہ مجھکو آپ سے کچھ حاجت ہے پس فرمایا اے ام

فلان انظري اي السكك شئت حتى اقضي لك حاجتك فخلا معها في بعض الطرق حتى فرغت من

فلان تلاش کر کہ کونسی گلی میں لیجانا چاہتی ہے تو تا کہ نکالوں میں تیری حاجت کہیں پھر اکیلے گئے ہمراہ اسکے بعضی راہوں میں یہانتک کہ فارغ ہوئی وہ عورت

حاجتها رواه مسلم وعنه قال لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم فاحشا ولا لعانا ولا سبابا كان يقول

اپنی حاجت سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ نہیں تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیہودہ کہنے والے اور نہ لعنت کرنے والے اور نہ گالی دینے والے فرماتے تھے

عند المعتبة ماله ترب جبينه رواه البخاري وعن ابي هريرة قال قيل يا رسول الله ادع على المشركين قال

غصہ کرنے کے وقت کیا ہوا اسکو خاک آلودہ ہو پیشانی اسکی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ عرض کیا گیا یا رسول اللہ بددعا کرو مشرکوں پر فرمایا

اني لم ابعث لعانا وانما بعثت رحمة رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري قال كان النبي صلى الله عليه وسلم

مقرر میں نہیں بھیجا گیا ہوں لعنت کرنے والا ولیکن بھیجا گیا ہوں واسطے رحمت عالم روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

اشد حياء من العذراء في خدرها فاذا رأى شيئا يكرهه عرفناه في وجهه متفق عليه وعن عائشة قالت

بہت حیا والے باکرہ عورت اپنے پردے میں رہنے والی سے پھر جب دیکھتے کوئی ناپسند کام تو پہچانتے ہم اسکو آپ کے چہرے میں ق ۔ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں

مضارع کا صیغہ

مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا قَطُّ ضَاحِكًا حَتّٰى أَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ وَإِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

نہیں دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پورا ہنسنے والا ہرگز نادیکھتی میں آپ کی تالو وغیرہ کو اور نہیں تھے مگر مسکراتے روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْهَا قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيْثَ كَسَرْدِكُمْ كَانَ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا لَوْ عَدَّهُ الْعَادُّ

اور عائشہ ہی سے بولیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پے درپے نہیں کرتے بات کو مانند پے درپے بات کرنے تمہارے کے بیان کرتے بات کو کہ اگر شمار کرتا

لَأَحْصَاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِيْ بَيْتِهٖ قَالَتْ

تو البتہ اسکو شمار کر سکتا ہے متفق اور روایت ہے اسود سے کہا کہ پوچھا میں نے عائشہ کو کہ کیا کرتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں بولیں

كَانَ يَكُوْنُ فِيْ مِهْنَةِ أَهْلِهٖ تَعْنِيْ خِدْمَةَ أَهْلِهٖ فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ خَرَجَ إِلَى الصَّلٰوةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

کہ رہتے تھے حضرت خدمت میں اپنے گھر والوں کے مراد رکھا اسنے لفظ مہنہ سے خدمت اپنے اہل کی پھر جب آیا وقت نماز کا تو نکلتے نماز کے لئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور

عَائِشَةَ قَالَتْ مَا خُيِّرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ قَطُّ إِلَّا أَخَذَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا فَإِنْ

عائشہ سے بولیں کہ نہیں اختیار دئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم دو کام کے درمیان ہرگز مگر اختیار کرتے آسان کو انہیں سے جب تک نہ ہوتا گناہ کا پس اگر

كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ

ہوتا وہ کام سبب گناہ کا تو ہوتے بہت دور رہنے والے لوگوں کا اس کام سے اور نہیں بدلا لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اپنی ذات کے لئے کسی چیز میں ہرگز مگر جبکہ توڑی جاتی حرمت

اللهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ بِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ بِيَدِهٖ وَلَا امْرَأَةً

خدا کی تو بدلا لیتے اللہ کے لئے ساتھ اسکے اور عائشہ ہی سے بولیں کہ نہیں مارا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کسی چیز کو ہرگز اپنے ہاتھ سے اور نہ کسی عورت

وَلَا خَادِمًا إِلَّا أَنْ يُّجَاهِدَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَمَا نِيْلَ مِنْهُ شَيْءٌ قَطُّ فَيَنْتَقِمَ مِنْ صَاحِبِهٖ إِلَّا أَنْ يُّنْتَهَكَ شَيْءٌ مِّنْ

اور نہ خادم کو مگر یہ کہ جہاد کرے اللہ کی راہ میں اور نہیں پہنچی حضرت کو کچھ جانب سے کوئی چیز ہرگز پھر بدلا لیتے ہوں حضرت اسکے کرنے والے سے مگر یہ کہ جب توڑی جاتی کوئی

مَحَارِمِ اللهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **الْفَصْلُ الثَّانِيْ** عَنْ أَنَسٍ قَالَ خَدَمْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا

چیز حرام کی ہوئی اللہ کی تو بدلا لیتے حضرت اللہ کے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ خادم ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا جبکہ میں

ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ فَخَدَمْتُهٗ عَشْرَ سِنِيْنَ فَمَا لَامَنِيْ عَلٰى شَيْءٍ قَطُّ أُتِيَ فِيْهِ عَلٰى يَدَيَّ فَإِنْ لَامَنِيْ لَائِمٌ مِّنْ أَهْلِهٖ قَالَ دَعُوْهُ فَإِنَّهٗ

آٹھ برس کی تھی عمر پس خدمت کی میں نے آپ کی دس برس پھر ملامت نہ کی مجھکو کسی چیز پر ہرگز کہ ضائع ہو جاتی کوئی چیز اور اگر ملامت کرتا مجھکو کوئی ملامت کرنے والا اہل سے تو فرماتے چھوڑ دو

لَوْ قُضِيَ شَيْءٌ كَانَ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ مَعَ تَغْيِيْرٍ يَّسِيْرٍ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَكُنْ

اگر فیصلہ کیا گیا ہوتی کوئی چیز تقدیر میں تو وہ ہوتی یہ لفظ مصابیح کے ہیں اور روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان میں تھوڑے تغیر کے ساتھ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نہیں تھے

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا وَّلَا مُتَفَحِّشًا وَّلَا سَخَّابًا فِي الْأَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِيْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَّعْفُوْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بری باتیں کہنے والے اور نہ قصداً فحش کہنے والے اور شور آواز کرنے والے بازاروں میں اور نہ بدلا لیتے بدی کا بدی سے ولیکن عفو کرتے

وَيَصْفَحُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ يُّحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ كَانَ يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَيَتْبَعُ الْجَنَازَةَ وَ

اور درگذر کرتے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہ حدیث بیان کرتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت بیمار پرسی کرتے تھے بیماروں کی اور پیچھے جاتے جنازہ کے اور

يُجِيْبُ دَعْوَةَ الْمَمْلُوْكِ وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ لَقَدْ رَأَيْتُهٗ يَوْمَ خَيْبَرَ عَلٰى حِمَارٍ خِطَامُهٗ لِيْفٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ

دعوت قبول کرتے غلام کی اور سوار ہوتے گدھے پر البتہ تحقیق دیکھا میں نے آپ کو خیبر کے دن گدھے پر کہ لگام اسکی کھجور کے ناریل کی تھی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے

شعب الایمان وعن عائشة قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخصف نعلہ ویخیط ثوبہ ویعمل فی

شعب الایمان میں اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ٹانکا مارتے تھے اپنی نعل کو اور سیتے اپنے کپڑے کو اور کام کرتے

بیتہ کما یعمل احدکم فی بیتہ وقالت کان بشرا من البشر یفلی ثوبہ ویحلب شاتہ ویخدم نفسہ رواہ

اپنے گھر جیسا کہ کام کرتا ہے کوئی ایک تم میں کا اپنے گھر میں اور بولیں کہ حضرت بھی بشر تھے آدمیوں میں سے تو لیتے اپنے کپڑے میں جوئیں اور دودھ دوہتے اپنی بکری کو اور خدمت کرتے اپنی

الترمذی وعن خارجة بن زید بن ثابت قال دخل نفر علی زید بن ثابت فقالوا لہ حدثنا احادیث رسول اللہ

ترمذی نے اور روایت ہے خارجہ بن زید بن ثابت سے کہا آئی ایک جماعت زید بن ثابت پاس اور کہنے لگی اس سے کہ بیان کر ہمکو حدیثیں رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم قال کنت جارہ فکان اذا نزل علیہ الوحی بعث الی فکتبتہ لہ فکان اذا ذکرنا الدنیا ذکرھا

صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا زید نے تھا میں پروسی آپ کا سو تھے حضرت کہ جب اترتی آپ پر وحی بلا بھیجتے مجھکو پھر لکھتا میں آپ کے لئے اور تھے حضرت جب ذکر کرتے ہم دنیا کا تو ذکر کرتے آپ بھی دنیا کا

معنا واذا ذکرنا الاخرة ذکرھا معنا واذا ذکرنا الطعام ذکرہ معنا فکل ھذا احدثکم عن رسول اللہ صلی اللہ

ہمارے ساتھ اور جب ذکر کرتے ہم آخرت کا ذکر کرتے آپ بھی آخرت کا ہمارے ساتھ اور جب ذکر کرتے ہم کھانے کا تو ذکر کرتے اسکو بھی ہمارے ساتھ پھر یہ احوال بیان کرتا ہوں تمکو رسول خدا صلی اللہ

علیہ وسلم رواہ الترمذی وعن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا صافح الرجل لم ینزع یدہ من یدہ

علیہ وسلم سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب مصافحہ کرتے تھے کسی سے تو نہ نکالتے تھے اپنے ہاتھ کو اسکے ہاتھ سے

حتی یکون ھو الذی ینزع یدہ ولا یصرف وجھہ عن وجھہ حتی یکون ھو الذی یصرف وجھہ عن وجھہ ولم یر مقدما

یہاں تک کہ وہی شخص نکالنے والا ہوتا اپنے ہاتھ کو اور نہ پھیرتے حضرت کسی سے اپنے منہ کو یہاں تک کہ وہی شخص منہ پھیرنے والا ہوتا آپ کے چہرہ مبارک سے اور کسی نے نہ دیکھا حضرت کو

رکبتیہ بین یدی جلیس لہ رواہ الترمذی وعنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان لا یدخر شیئا لغد رواہ

آگے کئے ہوئے گھٹنے اپنے روبرو اپنے ہمنشین کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نگاہ نہیں رکھتے تھے کوئی چیز کل کے لئے روایت کیا اسکو

الترمذی وعن جابر بن سمرة قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طویل الصمت رواہ فی شرح السنة

ترمذی نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بہت خاموش رہنے والے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن جابر قال کان فی کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترتیل وترسیل رواہ ابوداؤد وعن عائشة

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ کلام میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے آراستگی اور آہستگی تھی روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عائشہ سے

قالت ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسرد سردکم ھذا ولکنہ کان یتکلم بکلام بینہ فصل یحفظہ

بولیں کہ نہیں تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اگلے بات کلام کرنے والے مانند کلام کرنے تمہارے ایسے ولیکن حضرت کلام کرتے تھے ایسا کلام کہ جدا جدا ہوتا تھا یاد کرتا اسکو

من جلس الیہ رواہ الترمذی وعن عبد اللہ بن الحارث بن جزء قال ما رایت احدا اکثر تبسما من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جو بیٹھتا آپ کے پاس روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو بہت مسکرانے والا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

رواہ الترمذی وعن عبد اللہ بن سلام قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جلس یتحدث یکثر ان یرفع

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن سلام سے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے کلام کرنے تو بہت بار اٹھاتے

طرفہ الی السماء رواہ ابوداؤد

اپنی نظر کو آسمان کی طرف روایت کیا اسکو ابوداود نے

الفصل الثالث

عن عمرو بن سعید عن انس قال ما رایت احدا کان ارحم بالعیال

فصل تیسری روایت ہے عمرو بن سعید سے انس سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو کہ بہت مہربان ہو اپنے جورو بچوں پر

مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِبْرَاهِيْمُ ابْنُهُ مُسْتَرْضِعًا فِي عَوَالِي الْمَدِيْنَةِ فَكَانَ يَنْطَلِقُ وَنَحْنُ مَعَهُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تھے ابراہیم بیٹے آپکے شیر خوار اوپر کے طرف میں مدینے کے پھر وہاں جاتے تھے حضرت اور ہم رہتے ساتھ آپکے

فَيَدْخُلُ الْبَيْتَ وَإِنَّهُ لَيُدَّخَنُ وَكَانَ ظِئْرُهُ قَيْنًا فَيَأْخُذُهُ فَيُقَبِّلُهُ ثُمَّ يَرْجِعُ قَالَ عَمْرٌو فَلَمَّا تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيْمُ قَالَ

پھر جاتے گھر میں اور وہ ایسے حال میں کہ گھر دھوئیں بھرا رہتا اور تھی دایہ ابراہیم کی لوہار سو لیتے حضرت ابراہیم کو اور بوسہ دیتے انکو پھر پھر آتے کہا عمرو بن سعید نے پھر جب وفات پائے ابراہیم فرمائے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ ابْنِيْ وَإِنَّهُ مَاتَ فِي الثَّدْيِ وَإِنَّ لَهُ لَظِئْرَيْنِ تُكَمِّلَانِ رَضَاعَهُ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ابراہیم بیٹا میرا ہے اور اسنے مرا ہے شیر خواری میں اور بیشک اسکے لئے دو دائیاں ہیں پورا کرنے والی مدت شیر خواری کو اسکے بیچ بہشت کے روایت کیا اسکو

مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّ يَهُوْدِيًّا كَانَ يُقَالُ لَهُ فُلَانٌ حَبْرٌ كَانَ لَهُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَنَانِيْرُ فَتَقَاضَى

مسلم نے اور روایت ہے علی سے کہ ایک یہودی تھا کہتے تھے اسکو فلانا حبر کہ تھے واسطے اسکے اوپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر کئی دینار پس تقاضا کیا اسنے

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ يَا يَهُوْدِيُّ مَا عِنْدِيْ مَا أُعْطِيْكَ قَالَ فَإِنِّيْ لَا أُفَارِقُكَ يَا مُحَمَّدُ حَتّٰى تُعْطِيَنِيْ فَقَالَ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تو فرمایا اسکو حضرت نے اے یہودی نہیں ہے میرے پاس کوئی چیز کہ دوں میں تجھکو کہا اسنے پس تحقیق میں نہ سرکوں گا تیرے پاس سے اے محمد جب تک کہ دیوے تو مجھکو پس فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذًا أَجْلِسُ مَعَكَ فَجَلَسَ مَعَهُ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اب بیٹھتا ہوں میں ساتھ تیرے پھر بیٹھے حضرت ساتھ اسکے سو نماز پڑھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر

وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ الْآخِرَةَ وَالْغَدَاةَ وَكَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَدَّدُوْنَهُ وَيَتَوَعَّدُوْنَهُ فَفَطِنَ

اور مغرب اور عشا کی اور فجر کی اور تھے اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ڈراتے اور جھڑکتے تھے اسکو سو پہچان لئے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الَّذِيْ يَصْنَعُوْنَ بِهِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَهُوْدِيٌّ يَحْبِسُكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جو کچھ کہ وے کرتے تھے اس یہودی کے ساتھ پھر عرض کئے صحابہ یا رسول اللہ یہودی نے آپکو روک دیا تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنَعَنِيْ رَبِّيْ أَنْ أَظْلِمَ مُعَاهِدًا وَغَيْرَهُ فَلَمَّا تَرَجَّلَ النَّهَارُ قَالَ الْيَهُوْدِيُّ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ

علیہ وسلم نے منع کیا ہے مجھکو رب میرے نے ظلم کروں میں ذمی پر اور غیر کو اسکے پھر جب اونچا ہوا دن چڑھا کہا یہودی نے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور گواہی

أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَشَطْرُ مَالِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمَا وَاللّٰهِ مَا فَعَلْتُ بِكَ الَّذِيْ فَعَلْتُ بِكَ إِلَّا لِأَنْظُرَ إِلٰى نَعْتِكَ

کہ بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں اور آدھا مال میرا اللہ کی راہ میں ہے غرض سنو کہ خدا کی قسم نہیں کیا میں آپسے جو کچھ کہ کیا میں سختی کا وشی آپکے ساتھ مگر اسلئے کہ دیکھوں صفت آپکی

فِي التَّوْرَاةِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلِدُهُ بِمَكَّةَ وَمُهَاجَرُهُ بِطَيْبَةَ وَمُلْكُهُ بِالشَّامِ لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيْظٍ وَلَا سَخَّابٍ فِي

جو توریت میں ہے محمد بن عبد اللہ پیدائش انکی مکہ میں ہے اور ہجرت گاہ آپکی مدینہ اور ملک اسکا شام ہے نہ بدخو ہوگا اور نہ بدگو اور نہ پکارنے والا

الْأَسْوَاقِ وَلَا مُتَزَيٍّ بِالْفُحْشِ وَلَا قَوْلِ الْخَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَهٰذَا مَالِيْ فَاحْكُمْ فِيْهِ

بازاروں میں اور نہ آراستہ ہر بولی میں اور بیہودہ بات کہنے میں گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں اور یہ مال میرا ہے سو حکم کرو اسمیں

بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ وَكَانَ الْيَهُوْدِيُّ كَثِيْرَ الْمَالِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفٰى قَالَ كَانَ

جیسا کہ خبر دار کیا ہے آپکو اللہ اور تھا یہودی بہت مال والا روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الذِّكْرَ وَيُقِلُّ اللَّغْوَ وَيُطِيْلُ الصَّلٰوةَ وَيُقَصِّرُ الْخُطْبَةَ وَلَا يَأْنَفُ أَنْ يَمْشِيَ مَعَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت کرتے تھے ذکر خدا کا اور نہیں کرتے تھے بیفایدہ بات اور دراز کرتے تھے نماز کو اور چھوٹا کرتے خطبہ کو اور برا سمجھتے چلنے کو

الارملة والمسكين فيقضي له الحاجة رواه النسائي والدارمي وعن علي ان ابا جهل قال للنبي صلى الله

بیوہ اور مسکین کے ساتھ پھر ادا کرتے انکی حاجت کو روایت کیا اسکو نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے علی سے کہ ابو جہل نے کہا نبی صلے اللہ

عليه وسلم انا لا نكذبك ولكن نكذب بما جئت به فانزل الله تعالى فيهم فانهم لا يكذبونك ولكن الظالمين

علیہ وسلم کو کہ ہم تجھکو جھوٹا نہیں جانتے ہیں ولیکن جھٹلاتے ہیں اس چیز کو کہ لایا تو اسکو پھر اتارا اللہ تعالےٰ نے بیچ انکے یہ آیت کہ تحقیق وے نہیں جھٹلاتے ہیں تجھکو ولیکن ظالم

بآيات الله يجحدون رواه الترمذي وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عائشة لو شئت

اللہ کی آیتوں کے منکر ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ اگر چاہتا میں دنیا کو

لسارت معي جبال الذهب جاءني ملك وان حجزته لتساوي الكعبة فقال ان ربك يقرأ عليك السلام

تو البتہ چلتے ہمراہ میرے پہاڑ سونے کے آیا تھا مجھ پاس ایک فرشتہ کہ کمر اسکی البتہ برابر تھی کعبہ کے سو کہا بیشک تیرے رب نے سلام کہا ہے تجھکو

ويقول ان شئت نبيا عبدا وان شئت نبيا ملكا فنظرت الى جبرئيل عليه السلام فاشار الي ان ضع نفسك

اور فرماتا ہے اگر چاہتا ہے رہنا پیغمبر بندہ ہو کر تو رہ اور اگر چاہتا ہے تو رہنا پیغمبر بادشاہ ہو کر تو رہ تو دیکھا میں جبرئیل علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا مجھکو جبرئیل نے

وفي رواية ابن عباس فالتفت رسول الله صلى الله عليه وسلم الى جبرئيل كالمستشير له فاشار جبرئيل

اور ایک روایت میں ابن عباس کی ہے کہ ملتفت کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف جبرئیل کے انسے مشورت لینے والے کے مانند تو اشارہ کیا جبرئیل نے

بيده ان تواضع فقلت نبيا عبدا قالت فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذلك لا يأكل متكئا

اپنے ہاتھ سے کہ فروتنی اختیار کر تو کہا میں نے رہونگا میں پیغمبر بندہ ہو کر کہا عائشہ نے پھر تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بعد اسکے نہیں کھاتے تکیہ لگا کے

يقول آكل كما يأكل العبد واجلس كما يجلس العبد رواه في شرح السنة

فرماتے کھاتا ہوں میں جیسا کہ کھاتا ہے بندہ اور بیٹھتا ہوں میں جیسا کہ بیٹھتا ہے بندہ روایت کیا اسکو شرح سنت میں

باب المبعث وبدأ الوحي

باب پیغمبری اور آغاز وحی کے بیان میں

الفصل الاول

فصل

عن ابن عباس قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم لاربعين سنة فمكث بمكة ثلث عشرة سنة

پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ پیغمبر ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چالیس برس کی عمر میں سو رہے مکہ میں تیرا برس

يوحى اليه ثم امر بالهجرة فهاجر عشر سنين ومات وهو ابن ثلث وستين سنة متفق عليه وعنه قال اقام

جس حال میں کہ وحی آتی تھی آپ پر پھر حکم ہوا ہجرت کرنے کا تو ہجرت کر کے آ گئے مدینے میں دس برس اور وفات ہوا جس حال میں کہ عمر تریسٹھ برس کی تھی ق × اور روایت ہے اُنہی سے کہا ٹھہرے

رسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة خمس عشرة سنة يسمع الصوت ويرى الضوء سبع سنين ولا يرى شيئا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے بیچ پندرہ برس سنتے تھے آواز اور دیکھتے تھے روشنائی سات برس اور نہ دیکھتے تھے کوئی چیز

وثمان سنين يوحى اليه واقام بالمدينة عشرا وتوفي وهو ابن خمس وستين سنة متفق عليه وعن انس

اور آٹھ برس وحی کی گئی آپ پر اور اقامت کی مدینے میں دس برس اور وفات ہوا جس حال میں کہ عمر پینسٹھ برس کی تھی ق × اور روایت ہے انس سے

قال توفاه الله على راس ستين سنة متفق عليه وعنه قال قبض النبي صلى الله عليه وسلم وهو ابن ثلث وستين

کہا کہ وفات دیا آپ کو اللہ تعالی نے سر پر ساٹھوں سال کے ق × اور روایت ہے اُنہی سے کہا کہ وفات پائے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جس حال میں کہ عمر آپکی تریسٹھ برس کی تھی

وابو بكر وهو ابن ثلث وستين وعمر وهو ابن ثلث وستين رواه مسلم قال محمد بن اسمعيل البخاري ثلث

اور وفات پائے ابوبکر جس حال میں کہ عمر انکی تریسٹھ برس کی تھی اور وفات پائے عمر جس حال میں کہ عمر انکی تریسٹھ برس کی تھی روایت کیا اسکو مسلم نے کہا محمد بن اسمعیل بخاری نے روایتیں

وستين اكثر وعن عائشة قالت اول ما بدئ به رسول الله صلى الله عليه وسلم من الوحي الرؤيا الصادقة
تریسٹھ برس کی عمر کے بہت ہیں اور روایتیں بھی عائشہ سے بولیں پہلے جو شروع ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو وحی کی قسم سے سچے خواب ہیں

في النوم فكان لا يرى رؤيا الا جاءت مثل فلق الصبح ثم حبب اليه الخلاء وكان يخلو بغار حراء فيتحنث
نیند میں سو نہیں دیکھتے تھے حضرت کوئی خواب مگر آتی تعبیر اسکی صبح کی روشنی کے مانند پھر پسند ہوا آپ کو اکیلے رہنا اور خلوت کرتے تھے غار حرا میں اور عبادت

فيه وهو التعبد الليالي ذوات العدد قبل ان ينزع الى اهله ويتزود لذلك ثم يرجع الى خديجة فيتزود
اسمیں اور معنی تحنث کا عبادت کرنا کئی راتیں گنتی کی پہلے اسکے کہ رجوع کریں اپنے گھر کو اور توشہ لیتے تھے اسکے لئے پھر پلٹ کر آتے خدیجہ کے پاس اور توشہ لیتے

لمثلها حتى جاءه الحق وهو في غار حراء فجاءه الملك فقال اقرأ فقال ما انا بقارئ قال فاخذني فغطني حتى
برابر اُن دنوں کے یہاں تک کہ آیا آپ کے پاس حق یعنی جبرئیل اور آپ غار حرا میں تھے پھر آیا آپ کے پاس فرشتہ اور کہا پڑھ تو فرمایا حضرت نے نہیں ہوں میں پڑھنے والا پھر پکڑا مجھکو اور دبایا یہاں تک کہ

بلغ مني الجهد ثم ارسلني فقال اقرأ فقلت ما انا بقارئ فاخذني فغطني الثانية حتى بلغ مني الجهد ثم
مجھکو طاقت نہ رہی پھر اسنے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ سو میں نے کہا میں نہیں ہوں پڑھنے والا پھر پکڑا اسنے مجھکو اور دبایا دوسری بار یہاں تک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر

ارسلني فقال اقرأ فقلت ما انا بقارئ فاخذني فغطني الثالثة حتى بلغ مني الجهد ثم ارسلني فقال اقرأ
چھوڑ دیا مجھکو اور کہا پڑھ میں نے کہا نہیں ہوں پڑھنے والا تو پھر پکڑا اسنے مجھکو اور سخت دبایا تیسری بار یہاں تک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر اسنے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ

باسم ربك الذي خلق خلق الانسان من علق اقرأ وربك الاكرم الذي علم بالقلم علم الانسان ما لم يعلم
اپنے رب کے نام سے جسنے پیدا کیا. بنایا آدمی کو لہو کی پھٹکی سے پڑھ اور تیرا رب سب سے بزرگ ہے جسنے علم دیا قلم کے سبب سے سکھلایا آدمی کو جسکی خبر نہ تھی

فرجع بها رسول الله صلى الله عليه وسلم يرجف فؤاده فدخل على خديجة فقال زملوني زملوني فزملوه حتى
سو پلٹے اس کلمات کے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم دھڑکتا تھا دل انکا پھر گئے خدیجہ کے پاس اور فرمانے لگے کپڑا اڑھاؤ مجھکو کپڑا اڑھاؤ پھر اڑھایا تو یہاں تک کہ

ذهب عنه الروع فقال لخديجة واخبرها الخبر لقد خشيت على نفسي فقالت خديجة كلا والله
چلے گیا آپ سے ڈر تو فرمانے لگے خدیجہ سے اور سنائی اسکو خبر اپنے حال کی تحقیق ڈرا میں اپنی جان پر تو کہا خدیجہ نے ایسا نہیں قسم ہے خدا کی

لا يخزيك الله ابدا انك لتصل الرحم وتصدق الحديث وتؤدي الامانة وتحمل الكل وتكسب المعدوم
نہ رسوا کریگا تجھکو اللہ کبھی بیشک تو البتہ صلہ رحمی کرتا ہے اور سچی بات کہتا ہے اور امانت ادا کرتا ہے اور بوجھ اٹھاتا ہے ناتوانوں کا اور دلواتا ہے محتاج کو

وتقري الضيف وتعين على نوائب الحق ثم انطلقت به خديجة الى ورقة بن نوفل ابن عم خديجة فقالت
اور مہمانی کرتا ہے مہمان کی اور کمک کرتا ہے حق حادثوں پر پھر خدیجہ لے گئیں آپکو اپنے چچیرے بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس اور کہا

له يا ابن عم اسمع من ابن اخيك فقال له ورقة يا ابن اخي ماذا ترى فاخبره رسول الله صلى الله عليه وسلم خبر
اسکو ای چچا کے بیٹے سن اپنے بھتیجے سے تو ورقہ نے حضرت کو کہا ای میرے بھتیجے کیا چیز دیکھی تو نے پس خبر دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خبر

ما رأى فقال ورقة هذا الناموس الذي انزل الله على موسى يا ليتني فيها جذعا يا ليتني اكون حيا اذ يخرجك قومك
اسکی جو دیکھا تھا تو ورقہ نے کہا یہ وہی فرشتہ ہے جو اللہ نے موسی پر اتارا تھا ای کاش ہوتا میں جوان زمانہ نبوت میں کاش زندہ رہوں جب نکالدے تجھکو تیری قوم

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم او مخرجي هم قال نعم لم يأت رجل قط بمثل ما جئت به الا عودي وان
پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا وے مجھکو نکالدینگے کہا اسنے ہاں نہیں لایا کوئی مرد ہرگز تیرے لائے کے مانند مگر دشمن رکھا گیا اور اگر

يُدْرِكْنِي يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَ الْوَحْيُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ حَتّٰى

پاؤں میں تیرے روز کو البتہ مدد کروں گا تیری یاری کر کے پھر ورقہ نے دیر نہ کی کہ انتقال کیا گیا اور چند روز وحی موقوف رہی ۔ق۔ اور بخاری نے زیادہ کیا یہاں تک کہ

حَزِنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا بَلَغَنَا حُزْنًا غَدَا مِنْهُ مِرَارًا كَيْ يَتَرَدّٰى مِنْ رُءُوسِ شَوَاهِقِ الْجِبَالِ فَكُلَّمَا أَوْفٰى

غمگین ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس روایت کہ پہنچی ہم کو ایسا غمگین ہونا کہ صبح کئے اس سے کئی بار تا گرا دیویں اپنے کو پہاڑ کی چوٹی پر سے پھر جبکہ

بِذِرْوَةِ جَبَلٍ لِكَيْ يُلْقِيَ نَفْسَهُ مِنْهُ تَبَدّٰى لَهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ حَقًّا فَيَسْكُنُ لِذٰلِكَ

پہاڑ کی چوٹی پر پہنچتے تا اپنے کو وہاں سے ڈال دیویں تو جبرئیل آپ کو ظاہر ہوتے اور کہتے اے محمد بیشک آپ اللہ کے سچے رسول ہیں تو چلی جاتی اس سے

جَأْشُهُ وَتَقِرُّ نَفْسُهُ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ قَالَ فَبَيْنَا

بیقراری آپ کی اور تسکین پاتا نفس آپ کا اور روایت ہے جابر سے کہ اسنے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو بیان کرتے تھے وحی موقوف رہنے کے حال کو فرمایا حضرت نے کہ ایک دن

أَنَا أَمْشِي سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِي فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِي جَاءَنِي بِحِرَاءٍ قَاعِدًا عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ

میں نے جاتا تھا سنا آسمان سے ایک آواز تو اپنی نظر اٹھا کر کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ ہے جو غار حرا میں میرے پاس آیا تھا بیٹھا ہوا ہے ایک کرسی پر آسمان

وَالْأَرْضِ فَجُئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا حَتّٰى هَوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ فَجِئْتُ إِلٰى أَهْلِي فَقُلْتُ زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور زمین کے درمیان تو ڈر گیا میں اسکی دھاک سے یہاں تک کہ زمین پر گر پڑا پھر چلا آیا میں نے اپنے گھر کو اور کہنے لگا کہ مجھکو کپڑا اڑھاؤ مجھکو کپڑا اڑھاؤ تو مجھکو کپڑے اڑھائے پھر اتاری اللہ تعالیٰ نے

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ثُمَّ حَمِيَ الْوَحْيُ وَتَتَابَعَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اے کپڑا لپیٹے ہوئے اٹھ اور ڈرا اور بڑائی بول اپنے رب کی اور پاک رکھ اپنے کپڑوں کو اور چھوڑ دے پلیدی کو تب پھر گرم ہوئی وحی اور پے در پے آنے لگی ۔ق۔ اور روایت ہے

عَائِشَةَ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَأْتِيكَ الْوَحْيُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ أَحْيَانًا

عائشہ سے کہ حارث بن ہشام نے پوچھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ وحی آپ کیونکر آتی ہے تو فرمایا پیغمبر خدا نے کہ کبھی

يَأْتِينِي مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ فَيُفْصَمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ مَا قَالَ وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ الْمَلَكُ رَجُلًا

وحی آتی مجھ پر گھنٹی کے آواز کے مانند اور وہ مجھ پر بھاری ہوتی پھر منقطع ہو جاتی مجھ سے اور تحقیق یاد رکھتا میں اس سے جو کہا تھا اور کبھی آدمی کی صورت لیکر سامنے آتا فرشتہ

فَيُكَلِّمُنِي فَأَعِي مَا يَقُولُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيدِ الْبَرْدِ فَيُفْصَمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِينَهُ

اور کلام کرتا مجھ سے پھر یاد رکھتا میں جو کچھ کہ اسنے کہا کہا عائشہ نے اور بتحقیق میں نے انکو دیکھا ہے کہ اترتی آپ پر وحی سخت سردی کے دنوں میں پھر بند ہو جاتی آپ سے جس حال میں پیشانی آپکی

لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ كُرِبَ

پسینا پسینا ہو جاتی تھی ۔ق۔ اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ جب وحی اترتی آپ پر سختی ہوتی

لِذٰلِكَ وَتَرَبَّدَ وَجْهُهُ وَفِي رِوَايَةٍ نَكَسَ رَأْسَهُ وَنَكَسَ أَصْحَابُهُ رُءُوسَهُمْ فَلَمَّا أُتْلِيَ عَنْهُ رَفَعَ رَأْسَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

بسبب اسکے اور بدل جاتا چہرہ آپکا اور ایک روایت میں ہے کہ نیچے کر لیتے اپنے سر کو اور نیچے کر لیتے اصحاب آپکے اپنے اپنے سروں کو پھر جب دور ہوتی وہ حالت آپ سے اٹھاتے اپنے سر کو روایت کی اسکو مسلم نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى صَعِدَ الصَّفَا

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ جب اتری یہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین یعنے ڈرا اپنے نزدیک کی قرابت والوں کو باہر نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ صفا پہاڑ پر چڑھے

فَجَعَلَ يُنَادِي يَا بَنِي فِهْرٍ يَا بَنِي عَدِيٍّ لِبُطُونِ قُرَيْشٍ حَتَّى اجْتَمَعُوا فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ

اور پکارنے لگے اے فہر کی اولاد اے عدی کی اولاد کر کے قریش کی جماعتوں کو یہاں تک کہ سب جمع ہوئے پھر کوئی مرد جب آ نہ سکا اس مجمع میں تو بھیجا —

رسولًا لينظر ما هو فجاء ابو لهب وقريش فقال ارأيتم ان اخبرتكم ان خيلًا تخرج من صفح هذا الجبل وفي رواية

اپنے ایلچی کو تاکہ دیکھے کیا ہے جمع کرنا پھر آیا ابو لہب اور سارے قریش پس فرمایا حضرت نے بتلاؤ تم کہ اگر خبر دوں میں تمکو کہ ایک لشکر آتا ہے اس پہاڑ کی دامن اور ایک روایت میں ہے

ان خيلًا تخرج بالوادي تريد ان تغير عليكم اكنتم مصدقي قالوا نعم ما جربنا عليك الا صدقا قال فاني

کہ ایک لشکر آتا ہے جنگل میں اس ارادے سے کہ تاراج کرے تمکو کیا تم مجھکو سچ کہنے والا جانوگے اس خبر میں تو سب نے کہا ہاں سچا جانینگے نہیں پایا ہم نے تجھکو مگر سچا فرمایا پس میں

نذير لكم بين يدي عذاب شديد قال ابو لهب تبا لك الهذا جمعتنا فنزلت تبت يدا ابي لهب وتب

ڈرانے والا ہوں تمکو روبرو آنے والے سخت عذاب سے کہا ابو لہب نے ہلاکی ہو تیری کیا اسلئے تو نے ہمکو جمع کیا پس اتری یہ سورۃ ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا

متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال بينما رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي عند الكعبة وجمع قريش في

متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ ایک وقت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے کعبے کے پاس اور قریش کی ایک جماعت

مجالسهم اذ قال قائل الا تنظرون الى هذا المرائي ايكم يقوم الى جزور آل فلان فيعمد الى فرثها ودمها وسلاها ثم يمهل

بیٹھی ہوئی تھی یکایک کہا ایک کہنے والے نے کیا نہیں دیکھتے ہو اس ریاکار کی طرف کون ہے تم میں جانے والا اٹھ کر اونٹ پاس فلانے قبیلے کے اور گوبر اسکا اور خون اسکا اور بچہ دان اسکا لا کر رکھے اسکو

حتى اذا سجد وضعه بين كتفيه فانبعث اشقاهم فلما سجد وضعه بين كتفيه وثبت النبي صلى الله عليه

یہاں تک کہ جب سجدہ کرے رکھے اسکو اسکے دونوں مونڈھوں کے درمیان پھر اٹھا بڑا بدبخت انکا پھر جب سجدہ کیا حضرت نے تو رکھا اسکو آپکے دونوں مونڈھوں کے درمیان اور ٹھہرے رہے نبی صلے اللہ علیہ

وسلم ساجدا فضحكوا حتى مال بعضهم على بعض من الضحك فانطلق منطلق الى فاطمة فاقبلت تسعى و

وسلم سجدہ میں تو ہنسنے لگے منکر یہاں تک کہ جھک پڑا ایک ایک پر شدت ہنسی سے پھر گیا ایک جانے والا فاطمہ پاس تو آئی فاطمہ دوڑتی ہوئی اور

ثبت النبي صلى الله عليه وسلم ساجدا حتى القته عنه واقبلت عليهم تسبهم فلما قضى رسول الله صلى

ٹھہرے ہوئے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سجدہ میں یہاں تک کہ پھینک دیا اسکو حضرت پر سے اور منہ پھرائی بدبختوں کی طرف انکو گالیاں دیتی ہوئی پھر جب تمام کر چکے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم الصلوة قال اللهم عليك بقريش ثلثا وكان اذا دعا دعا ثلثا واذا سال سال ثلثا اللهم عليك

اللہ علیہ وسلم نے نماز کو فرمایا الہی پکڑ لے قریش کو تین بار فرمایا اور عادت شریفہ تھی حضرت کی جب دعا کرتے تین بار دعا کرتے اور جب کچھ سوال کرتے خدا سے تو تین بار مانگتے الہی پکڑ

بعمرو بن هشام وعتبة بن ربيعة وشيبة بن ربيعة والوليد بن عتبة وامية بن خلف وعقبة بن ابي معيط

عمرو بن ہشام کو اور عتبہ بن ربیعہ کو اور شیبہ بن ربیعہ کو اور ولید بن عتبہ کو اور امیہ بن خلف کو اور عقبہ بن ابی معیط کو

وعمارة بن الوليد قال عبد الله فوالله لقد رأيتهم صرعى يوم بدر ثم سحبوا الى القليب قليب بدر ثم قال رسول

اور عمارہ بن ولید کو کہا عبد اللہ بن مسعود نے کہ خدا کی قسم ہے بیشک دیکھا میں نے ان سب کو لاشیں پڑے ہوئے بدر کے دن پھر گھسیٹ کر کنویں میں ڈالے گئے بدر کے کنویں میں پھر فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم واتبع اصحاب القليب لعنة متفق عليه وعن عائشة انها قالت يا رسول الله هل

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور پیچھے پڑی ہے ان کنویں والوں کے لعنت متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ کیا

اتى عليك يوم كان اشد من يوم احد فقال لقد لقيت من قومك وكان اشد ما لقيت منهم يوم العقبة

آیا آپ پر ایسا دن کہ سختی زیادہ ہو احد کے دن سے تو فرمایا حضرت نے مقرر تکلیف پائی میں نے قریش سے اور نہایت سخت تکلیف اٹھائی تھی میں نے انسے عقبہ کے دن

اذ عرضت نفسي على ابن عبد ياليل ابن كلال فلم يجبني الى ما اردت فانطلقت وانا مهموم على وجهي فلم استفق الا بقرن

کہ میں نے آپکو ابن عبد یالیل بن کلال کے سامنے پیش کیا کہ مانا جو میں نے چاہا تھا سو میں رنجیدہ ہو کر اپنی راہ چلا تو میں نے ہوش میں نہ آیا مگر اس مکان کہ قرن

الثَّعَالِبِ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ فَنَادَانِي فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ

ثعالب جسکا نام ہے وہاں ہوش مجھکو درست ہوا سو میں نے اپنا سر اٹھایا تو ناگاہ میں ہوں بیچ ایک بدلی کہ سایہ کر لیا تھا مجھ پر سو میں نے دیکھا تو اسمیں جبریل تھے سو انہوں نے مجھکو پکارا اور کہا کہ اللہ نے سنا

قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَمَا رَدُّوا عَلَيْكَ وَقَدْ بَعَثَ إِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ قَالَ فَنَادَانِي مَلَكُ

تیری قوم کا قول جو تیری حق میں کہا اور جو تیری بات کو رد کیا اور اللہ نے تیرے پاس پہاڑوں کا داروغہ فرشتہ بھیجا تاکہ تو اس فرشتے کو حکم کرے جو تیرا جی چاہے ان کے حق میں فرمایا پھر مجھکو پکارا

الْجِبَالِ فَسَلَّمَ عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ وَأَنَا مَلَكُ الْجِبَالِ وَقَدْ بَعَثَنِي رَبُّكَ إِلَيْكَ لِتَأْمُرَنِي بِأَمْرِكَ

الله عليه وسلم المعول فضرب فعاد كثيبا اهيل فانكفأت الى امرأتي فقلت هل عندك شيء فاني رأيت بالنبي
صلے اللہ علیہ وسلم نے کدال اور مارا پتھر پر پس ہو گیا وہ پتھر ریت بھسلنے والا تب پھرا میں اپنی بی بی کے پاس اور کہا میں نے کیا تیرے پاس کچھ ہے کہ تحقیق دیکھا میں نے نبی

صلى الله عليه وسلم خمصا شديدا فاخرجت جرابا فيه صاع من شعير ولنا بهيمة داجن فذبحتها وطحنت
صلے اللہ علیہ وسلم پر سخت بھوک کا ہونا تب نکالا اس بی بی نے ایک تھیلا کہ اس میں تھا ایک صاع جو اور تھا ہمارے پاس ایک بکری کا بچہ پلا ہوا گھر کا سو ذبح کیا میں نے اسکو اور

الشعير حتى جعلنا اللحم في البرمة ثم جئت النبي صلى الله عليه وسلم فساررته فقلت يا رسول الله ذبحنا

جو وہاں تنگ کے ڈالا ہمنے گوشت ہانڈی میں پھر آیا میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور چپکے سے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ ذبح کیا ہے ہمنے

بهيمة لنا وطحنت صاعا من شعير فتعال أنت ونفر معك فصاح النبي صلى الله عليه وسلم يا أهل الخندق

ایک چھوٹا سا بچہ بکری کا اور پیسی ہے میری بی بی نے قریب ساڑھے تین سیر جو سو آپ اور کچھ لوگ ساتھ آپ کے پکارا آواز سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے خندق والو

إن جابرا صنع سورا فحي هلا بكم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تنزلن برمتكم ولا تخبزن عجينكم حتى

کہ جابر نے تیاری کی ہے مہمانی کی پھر جلدی چلو تم اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ اتاریں تم ہانڈی اپنی اور نہ پکانا تم آٹا اپنا یہانتک کہ

أجيء وجاء فأخرجت له عجينا فبصق فيه وبارك ثم عمد إلى برمتنا فبصق وبارك ثم قال ادع خابزة فلتخبز

آؤں میں اور تشریف لائے حضرت پھر نکال لایا میں واسطے حضرت کے آٹا گندھا ہوا سو لعاب مبارک ڈالا آپ نے اس میں اور دعا کی برکت کی اسکے لئے پھر قصد کیا ہماری ہانڈی کا اور لعاب مبارک ڈالا اور دعا برکت کی پھر فرمایا بلا روٹی پکانے والی کو کہ روٹی پکائے

معك واقدحي من برمتكم ولا تنزلوها وهم ألف فأقسم بالله لأكلوا حتى تركوه وانحرفوا وإن برمتنا

ساتھ تیرے اور چمچے سے نکال گوشت کو اپنے ہانڈی میں سے اور نہ اتارو ہانڈی چولہے سے کہا جابر نے اور اہل خندق ہزار مرد تھے سو قسم کھاتا ہوں میں اللہ کی کہ کھایا سب نے یہانتک کہ چھوڑا اسکو اور پھرے اور ہماری ہانڈی

لتغط كما هي وإن عجيننا ليخبز كما هو متفق عليه وعن أبي قتادة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

جوش مارتی تھی جیسا کہ تھی اور تحقیق آٹا ہمارا پکایا جاتا تھا جیسا کہ تھا متفق علیہ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لعمار حين يحفر الخندق فجعل يمسح رأسه ويقول بؤس ابن سمية تقتلك الفئة الباغية رواه مسلم

عمار بن یاسر کو جس وقت کہ کھودتے تھے خندق سو لگے ہاتھ پھیرنے سر عمار پر اور فرماتے تھے ای سختی سمیہ کے بیٹے کی قتل کریگی تجھکو جماعت باغی روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن سليمان بن صرد قال قال النبي صلى الله عليه وسلم حين أجلي الأحزاب عنه الآن نغزوهم ولا يغزوننا

اور روایت ہے سلیمان بن صرد سے کہا انہنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسوقت کہ چلے گئی گروہ کفار کی مقابلے انکے جہاد کرینگے ہم ان سے اور وے نہیں لڑینگے ہم سے

نحن نسير إليهم رواه البخاري وعن عائشة قالت لما رجع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الخندق

بلکہ ہم چلینگے انکی طرف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا انہوں نے جس وقت کہ پھرے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم غزوہ خندق سے

ووضع السلاح واغتسل أتاه جبريل وهو ينفض رأسه من الغبار فقال قد وضعت السلاح والله ما

اور رکھدئے ہتھیار اور غسل کرتے تھے کہ اتنے میں آئے آپ کے پاس جبرئیل اور حال یہ کہ وہ جھاڑتے تھے سر اپنا غبار سے اور کہا جبرئیل نے تحقیق آپنے رکھدئے ہتھیار قسم اللہ کی

وضعت أخرج إليهم فقال النبي صلى الله عليه وسلم فأين فأشار إلى بني قريظة فخرج النبي عليه السلام إليهم

میں نے نہیں رکھے ہیں ہتھیار اب نکلو طرف انکی فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر کہاں تب اشارہ کیا جبرئیل نے بنی قریظہ کی طرف سو پھر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم طرف انکے

متفق عليه وفي رواية للبخاري قال أنس كأني أنظر إلى الغبار ساطعا في زقاق بني غنم موكب جبريل عليه السلام

متفق علیہ اور ایک روایت میں بخاری کی ہے کہ کہا انس نے گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف غبار کے کہ اٹھا تھا کوچے میں بنی غنم کے سواروں کی جماعت سے ہمراہ جبرئیل علیہ السلام تھے

حين سار رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى بني قريظة وعن جابر قال عطش الناس يوم الحديبية ورسول

جس وقت کہ چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بنی قریظہ کی طرف اور روایت ہے جابر سے کہا انہنے پیاسے ہوئے لوگ حدیبیہ کے دن اور رسول

الله صلى الله عليه وسلم بين يديه ركوة فتوضأ منها ثم أقبل الناس نحوه قالوا ليس عندنا ماء نتوضأ به

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو ایک چھاگل تھی سو وضو کیا حضرت نے اس سے پھر متوجہ ہوئے لوگ طرف حضرت کے اور عرض کیا انہوں نے کہ نہیں ہے ہمارے پاس پانی کہ وضو کریں ہم اس سے

ونشرب الا ما في ركوتك فوضع النبي صلى الله عليه وسلم يده في الركوة فجعل الماء يفور من بين اصابعه

اور پیویں ہم اس سے مگر یہی پانی ہے جو آپ کی چھاگل میں ہے پس رکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اپنا چھاگل میں سو لگا پانی جوش مارنے حضرت کی انگلیوں کے درمیان سے

كامثال العيون قال فشربنا وتوضأنا قيل لجابر كم كنتم قال لو كنا مائة الف لكفانا كنا خمس عشرة

مانند چشموں کے کہا جابر نے پھر پیا ہم نے اور وضو کیا ہم نے کسی نے پوچھا جابر سے کہ تم کتنے تھے کہا جابر نے اگر ہوتے ہم ایک لاکھ البتہ کفایت کرتا ہمکو تھے ہم پندرہ

مائة متفق عليه وعن البراء بن عازب قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم اربع عشرة مائة يوم

سو ق۔ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا انہوں نے تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چودہ سو دن

الحديبية والحديبية بئر فنزحناها فلم نترك فيها قطرة فبلغ النبي صلى الله عليه وسلم فاتاها فجلس

حدیبیہ کے اور حدیبیہ ایک کنواں ہے پھر کھینچا ہم نے پانی اس کا اور نہ چھوڑا اس میں ایک قطرہ پھر پہنچی یہ خبر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پھر تشریف لائے حضرت اس پر اور بیٹھے

على شفيرها ثم دعا باناء من ماء فتوضأ ثم مضمض ودعا ثم صبه فيها ثم قال دعوها ساعة فارووا

کنویں کے کنارے پر پھر منگایا آپ نے باسن پانی کا اور وضو کیا پھر پانی منہ میں لیا اور دعا کی پھر ڈال دیا اس کو کنویں میں اور فرمایا چھوڑ دو اس کنویں کو ایک ساعت پھر سیراب کیا لوگوں نے

انفسهم وركابهم حتى ارتحلوا رواه البخاري وعن عوف عن ابي رجاء عن عمران بن حصين قال كنا

اپنے تئیں اور اپنے جانوروں کو یہاں تک کہ کوچ کیا وہاں سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عوف تابعی سے انہوں نے ابی رجاء تابعی سے انہوں نے عمران بن حصین صحابی سے کہا تھے

في سفر مع النبي صلى الله عليه وسلم فاشتكى اليه الناس من العطش فنزل فدعا فلانا كان يسميه ابو رجاء

ایک سفر میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر شکایت کی آپ سے لوگوں نے پیاس کی پھر اترے حضرت اور بلایا فلانے شخص کو جو نام لیتا تھا اس کا ابو رجاء نے

ونسيه عوف ودعا عليا فقال اذهبا فابتغيا الماء فانطلقا فتلقيا امرأة بين مزادتين او سطيحتين من ماء

اور بھول گیا وہ نام عوف اور بلایا حضرت علی کو بھی پھر فرمایا جاؤ تم دونوں اور ڈھونڈو پانی کو پھر چلے وہ دونوں اور ملاقات کی ایک عورت سے کہ بیچ میں دو مشکوں یا دو پکھالوں پانی کے تھی

فجاءا بها الى النبي صلى الله عليه وسلم فاستنزلوها عن بعيرها ودعا النبي صلى الله عليه وسلم باناء ففرغ فيه

پھر لائے اس کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر اتارا اس کو اس کے اونٹ سے اور منگوایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک باسن پھر حکم فرمایا پانی ڈالنے کا اس میں

من افواه المزادتين ونودي في الناس اسقوا فاستقوا قال فشربنا عطاشا اربعين رجلا حتى روينا

دہانوں سے پکھالوں کے اور آواز دی گئی لوگوں میں کہ پانی لو پھر پانی لیا سبھوں نے کہا عمران نے پھر پانی پیا ہم نے جس حال میں کہ پیاسے تھے چالیس مرد یہاں تک کہ سیر ہوئے

فملأنا كل قربة معنا واداوة وايم الله لقد اقلع عنها وانه ليخيل الينا انها اشد ملأة منها حين ابتدأ

اور بھر لی ہر مشک اور چھاگل جو ہمارے ساتھ تھی اور قسم ہے اللہ کی البتہ تحقیق الگ ہو گئے ہم اس پکھال سے اور حال یہ معلوم ہوتا تھا ہمکو کہ وہ پکھال زیادہ بھری تھی اس سے جب کہ شروع کیا تھا

متفق عليه وعن جابر قال سرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى نزلنا واديا افيح فذهب رسول الله صلى

ق۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ چلے ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہاں تک کہ اترے ہم ایک میدان کشادہ میں پھر تشریف لے گئے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم يقضي حاجته فلم ير شيئا يستتر به واذا شجرتان بشاطئ الوادي فانطلق رسول الله صلى الله

اللہ علیہ وسلم رفع حاجت کے لئے اور نہ دیکھی کوئی چیز کہ پردہ کریں اس سے اور ناگہاں دیکھے حضرت نے دو جھاڑ کنارے پر میدان کے پھر تشریف لے گئے رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم الى احديهما فاخذ بغصن من اغصانها فقال انقادي علي باذن الله تعالى فانقادت معه كالبعير المخشوش

علیہ وسلم طرف ایک کے ان دونوں میں سے پھر پکڑی ایک شاخ اس کی شاخوں سے اور فرمایا کہ فرمانبردار ہو مجھ پر اللہ کے حکم سے پھر فرمانبردار ہوا ساتھ آپ کے مانند اونٹ نکیل والے کے

الذي يصانع قائده حتى اتى الشجرة الاخرى فاخذ بغصن من اغصانها فقال انقادي علي باذن الله فانقادت

جو نکیل دار ہی کرتا ہے اپنے کھینچنے والے کی یہانتک کہ تشریف لائے حضرت دوسرے درخت کے پاس پھر پکڑی ایک شاخ اسکی شاخوں میں سے اور فرمایا کہ تابعدار ہو تو مجھ پر حکم سے اللہ تعالی کے تو تابعدار ہوا

معه كذلك حتى اذا كان بالمنصف مما بينهما قال التئما علي باذن الله فالتامتا فجلست احدث

حضرت کی وہ بھی ویسا ہی یہانتک کہ جب بیچ میں ان دونوں کے فرمایا کہ قریب ہو جاؤ آپس میں مجھ پر حکم سے اللہ تعالی کے پھر قریب ہو گئے دونوں پھر بیٹھا میں باتیں کرتا

نفسي فحانت مني لفتة فاذا انا برسول الله صلى الله عليه وسلم مقبلا واذا الشجرتان قد افترقتا فقامت

اپنے دل سے پھر ظاہر ہوا مجھ سے التفات تو ناگہاں دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تشریف لاتے ہوئے اور یکایک دیکھا میں ان دونوں درختوں کو جدا ہو گئے تھے کھڑا ہو گیا

كل واحدة منهما على ساق رواه مسلم وعن يزيد بن ابي عبيد قال رايت اثر ضربة في ساق سلمة

ہر ایک ان میں سے اپنی جگہ پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے یزید بن ابی عبید سے کہا دیکھا میں نے نشان مار کا پنڈلی میں سلمہ

بن الاكوع فقلت يا ابا مسلم ما هذه الضربة قال ضربة اصابتني يوم خيبر فقال الناس اصيب سلمة

بن الاکوع کے پھر کہا میں نے اے ابو مسلم کیا ہے یہ زخم کہا یہ زخم ہے جو پہنچا مجھے خیبر کے دن تب لوگ کہنے لگے کہ پہنچایا گیا سلمہ

فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم فنفث فيه ثلث نفثات فما اشتكيتها حتى الساعة رواه البخاري

پھر آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تب پھونکا حضرت نے اس زخم کی جگہ میں تین بار پھر نہ پایا میں دکھ اسکا اب تک روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن انس رض قال نعى النبي صلى الله عليه وسلم زيدا وجعفرا وابن رواحة للناس قبل ان ياتيهم

اور روایت ہے انس رض سے کہا کہ خبر پہنچائی نبی صلے اللہ علیہ وسلم زید اور جعفر اور ابن رواحہ کی شہادت کی لوگوں کو پہلے آنے

خبرهم فقال اخذ الراية زيد فاصيب ثم اخذ جعفر فاصيب ثم اخذ ابن رواحة فاصيب وعيناه

انکی خبر کے پھر فرمایا حضرت نے لیا جھنڈا اسکا زید نے پھر شہید ہو گیا بعد اسکے لیا جعفر نے وہ بھی شہید ہو گیا بعد اسکے لیا ابن رواحہ نے وہ بھی شہید ہو گیا اور حال یہ کہ دونوں آنکھیں

تذرفان حتى اخذ الراية سيف من سيوف الله يعني خالد بن الوليد حتى فتح الله عليهم رواه

آنسو گراتی تھیں پھر فرمایا حضرت نے یہانتک کہ لیا جھنڈا ایک تلوار نے تلواروں سے اللہ تعالی کی یعنی خالد بن ولید نے یہانتک کہ فتح دی اللہ نے ان پر روایت کیا اسکو

البخاري وعن عباس قال شهدت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم حنين فلما التقى المسلمون و

بخاری نے اور روایت ہے عباس سے کہا حاضر تھا میں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوہ حنین کے دن پھر جب ملے مسلمان اور

الكفار ولى المسلمون مدبرين فطفق رسول الله صلى الله عليه وسلم يركض بغلته قبل الكفار وانا اخذ بلجام

کافر پھر گئے مسلمان پیٹھ دے کر تب شروع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایڑ کرنا اپنے خچر کو طرف کافروں کے اور میں پکڑا ہوا تھا لگام

بغلة رسول الله صلى الله عليه وسلم اكفها ارادة ان لا تسرع وابو سفيان بن الحارث اخذ بركاب رسول الله

خچر کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے تھامتا تھا میں اسکو اس ارادہ سے کہ جلدی نہ کرے اور ابو سفیان بن الحارث پکڑا ہوا تھا رکاب رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اي عباس ناد اصحاب السمرة فقال عباس وكان

صلے اللہ علیہ وسلم کی پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے عباس پکار اصحاب سمرہ کو ۱۲ پس کہا عباس نے اور تھا وہ

رجلا صيتا فقلت باعلى صوتي اين اصحاب السمرة فقال والله لكان عطفتهم حين سمعوا صوتي عطفة

مرد بلند آواز سو پکارا میں نے اپنی بلند آواز سے کہاں ہیں اصحاب سمرہ پھر کہا عباس نے قسم ہے خدا کی ہر آئینہ تھا پھرنا انکا جس وقت سنی میری آواز کو مانند پھرنے

البقر على أولادها فقالوا يا لبيك يا لبيك قال فاقتتلوا والكفار والدعوة في الانصار يقولون يا معشر
گایوں کے بلانا اپنے بچوں پر پھر کہا انھوں نے ای قوم حاضر ہیں ای قوم حاضر ہیں کہا پھر لڑے مسلمان ساتھ کافروں کے اور پکارنا انصار کا ایسا تھا کہ کہتے تھے ای گروہ

الانصار يا معشر الانصار ثم قال قصرت الدعوة على بني الحارث بن الخزرج فنظر رسول الله صلى الله عليه
انصار کی ای جماعت انصار کی پھر کہا موقوف ہوا پکارنا اولاد حارث بن خزرج کے پس دیکھتے تھے رسول خدا صلے الله علیه

وسلم وهو على بغلته كالمتطاول عليها إلى قتالهم فقال هذا حين حمي الوطيس ثم أخذ حصيات فرمى بهن
وسلم نے اس حال میں کہ آپ اپنے خچر پر تھے مانند کسی کے جو دراز کرتا ہی گردن اپنی اوپر کسی چیز کے دیکھنے کو طرف قتال صحابہ کے اور فرمایا یہ وقت ہی گرم ہونے لڑائی کا پھر لئے حضرت کنکریاں اور پھینکا انکو

وجوه الكفار ثم قال انهزموا ورب محمد فوالله ما هو إلا أن رماهم بحصياته فما زلت أرى حدهم كليلا
کافروں کے مونہوں پر پھر فرمایا شکست کھائی کافروں نے قسم ہے محمد کے رب کی پھر قسم الله کی نہیں شکست انکی مگر پھینکنے سے کنکریوں کے سو ہمیشہ دیکھتا رہا میں تیزی انکے شمشیروں کی

وأمرهم مدبرا رواه مسلم وعن أبي إسحق قال قال رجل للبراء يا أبا عمارة فررتم يوم حنين قال لا والله
اور حال انکا ذلیل روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی ابی اسحق سے کہا کہا ایک شخص نے براء بن عازب صحابی کو ای اباعمارہ کیا بھاگے تھے تم کافروں سے دن حنین کے کہا براء نے نہیں قسم ہی الله کی

ما ولى رسول الله صلى الله عليه وسلم ولكن خرج شبان أصحابه ليس عليهم كثير سلاح فلقوا قوما رماة لا
نہیں پیٹھ دی رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے ولیکن نکلے چند نوجوان صحابی ایسے تھے کہ جن پر نہیں تھے بہت ہتھیار سو ملے ایک قوم تیرانداز سے کہ نہیں

يكاد يسقط لهم سهم فرشقوهم رشقا ما يكادون يخطئون فأقبلوا هناك إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم
لگتا تھا کہ نیچے پڑے تیر انکی سو مارنے لگے وے ان نوجوانوں کو بہت تیر سے نہیں لگتے تھے کہ خطا کریں سو متوجہ ہوئے جوان اس وقت رسول خدا صلے الله علیه وسلم کی طرف

ورسول الله صلى الله عليه وسلم على بغلته البيضاء وأبو سفيان بن الحارث يقوده فنزل واستنصر وقال أنا
اور رسول خدا صلے الله علیه وسلم سوار تھے اپنے خچر سفید پر اور ابوسفیان بن حارث لگام پکڑے تھے خچر کی سو اترے حضرت اور طلب مدد کی الله سے اور فرمانے لگے میں

النبي لا كذب أنا ابن عبد المطلب ثم صفهم رواه مسلم وللبخاري معناه وفي رواية لهما قال البراء كنا
نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں میں بیٹا ہوں عبد المطلب کا پھر بعد اسکے صف باندھا پھر ایک حضرت نے صحابہ کو روایت کیا اسکو مسلم اور بخاری نے معنی اسکے اور ایک روایت میں ان دونوں کی کہا براء نے تھے ہم

والله إذا احمر البأس نتقي به وإن الشجاع منا للذي يحاذي به يعني النبي صلى الله عليه وسلم وعن سلمة بن
قسم خدا کی جب سخت ہوتی لڑائی پناہ ڈھونڈھتے تھے ہم آپکے اور تحقیق جوانمرد ہم میں کا وہ ہوتا تھا کہ برابر ہوتا آپکے یعنی نبی صلے الله علیه وسلم کے اور روایت ہی سلمہ بن

الأكوع قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حنينا فولى صحابة رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما غشوا
الاکوع سے کہا کہ جہاد کیا ہم نے رسول خدا صلے الله علیه وسلم کے ساتھ ہوکر دن حنین کے پھر پیٹھ دی چند صحابہ رسول خدا صلے الله علیه وسلم کے پھر جب گھیرا کافروں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم نزل عن البغلة ثم قبض قبضة من تراب من الأرض ثم استقبل به وجوههم
رسول خدا صلے الله علیه وسلم کو تو اترے حضرت خچر سے پھر لی ایک مٹھی مٹی زمین سے پھر سامنے پھینکا اسی مٹی کو مونہوں پر کافروں کے

فقال شاهت الوجوه فما خلق الله منهم إنسانا إلا ملأ عينيه ترابا بتلك القبضة فولوا مدبرين
اور فرمایا شاہت الوجوہ پھر نہیں پیدا کیا الله نے انمیں سے کسی کو مگر بھر دیا الله نے دونوں آنکھوں کو اسکی مٹی سے بسبب اسی مٹھی مٹی کے سو منہ پھیر کر بھاگے اور پیٹھ دیکر

فهزمهم الله وقسم رسول الله صلى الله عليه وسلم غنائمهم بين المسلمين رواه مسلم وعن أبي هريرة
پھر شکست دی انکو الله تعالے نے اور بانٹیں رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے غنیمتیں انکی درمیان مسلمانوں کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی ابی ہریرہ سے

قال شهدنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حنينا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لرجل ممن معه

کہا حاضر ہوئے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوہ حنین کو تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حق میں ایک مرد کے اپنے ہمراہیوں سے

يدعي الاسلام هذا من اهل النار فلما حضر القتال قاتل الرجل من اشد القتال وكثرت به الجراح

دعوا کرتا ہے وہ اسلام کا حالانکہ یہ دوزخیوں میں سے ہے پھر جب آیا وقت جنگ کا لڑا وہ شخص کافروں سے بہت سخت لڑنا اور بہت لگے اسکو زخم پھر آیا ایک شخص

فقال يا رسول الله ارايت الذي تحدث انه من اهل النار قد قاتل في سبيل الله من اشد القتال فكثرت

اور عرض کی یا رسول اللہ خبر دو مجھکو حقیقت حال اسکی جو فرماتے ہو آپ کہ وہ دوزخیوں میں سے ہے حالانکہ تحقیق لڑا وہ مرد راہ خدا میں بہت سخت لڑنا اور بہت لگے

به الجراح فقال اما انه من اهل النار فكاد بعض الناس يرتاب فبينما هو على ذلك اذ وجد الرجل الم الجراح

اسکو زخم تب فرمایا حضرت نے سن رکھو کہ وہ دوزخیوں میں سے ہے پس قریب تھا کہ بعضے ضعیف الایمان لوگ شک کریں پس درمیان اس حالت کے پایا اس مرد نے درد زخموں کا

فاهوى بيده الى كنانته فانتزع سهما فانتحر بها فاشتد رجال من المسلمين الى رسول الله صلى الله عليه

پھر قصد کیا اپنے ہاتھ سے طرف ترکش اپنے کی اور نکالا ایک تیر اور کاٹا اس سے سینہ اپنا سو دوڑ گئے کئی مرد مسلمان طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم فقالوا يا رسول الله صدق الله حديثك قد انتحر فلان وقتل نفسه فقال رسول الله صلى الله

وسلم کے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ سچ کیا اللہ تعالی نے بات آپکی جو فرماتے تھے کہ تحقیق کاٹ لیا فلانے نے سینہ اپنا اور ہلاک کر لیا اپنے کو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم الله اكبر اشهد اني عبد الله ورسوله يا بلال قم فاذن لا يدخل الجنة الا مؤمن وان الله

علیہ وسلم نے اللہ اکبر یعنے اللہ بہت بڑا ہے گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ میں بندہ ہوں اللہ کا اور رسول اسکا اے بلال اٹھ اور اعلام کر دے لوگوں کو کہ نہیں داخل ہوگا بہشت میں مگر مومن اور تحقیق اللہ

ليؤيد هذا الدين بالرجل الفاجر رواه البخاري وعن عائشة قالت سحر رسول الله صلى الله عليه وسلم

تائید کرتا ہے اس دین کو بسبب مرد فاجر کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں سحر کیے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

حتى انه ليخيل اليه انه فعل الشيء وما فعله حتى اذا كان ذات يوم عندي دعا الله ودعاه ثم قال اشعرت

یہاں تک کہ خیال ڈالا جاتا تھا آپ کو واسطے کہ کر لیا ایک کام حالانکہ نہیں کیا ہے اسکو یہاں تک کہ تھے حضرت ایک روز نزدیک میرے دعا کی اللہ سے اور دعا کی اس سے پھر فرمایا کیا جانتی ہے

يا عائشة ان الله قد افتاني فيما استفتيته جاءني رجلان جلس احدهما عند راسي والآخر عند رجلي

اے عائشہ کہ اللہ تعالی نے بیان کیا میرے لیے اس امر میں جو طلب کیا میں نے ظاہر ہونا اسکا یعنی فرمایا کہ آئے میرے پاس دو مرد بیٹھا ایک ان میں کا میرے سر کے پاس اور دوسرا میرے پاؤں پاس

فقال احدهما لصاحبه ما وجع الرجل قال مطبوب قال ومن طبه قال لبيد بن الاعصم اليهودي قال

پھر کہا ایک نے دونوں میں سے اپنے یار سے کیا بیماری ہے اس شخص کو کہا اسکو سحر کیا گیا ہے کہا کس نے سحر کیا ہے اسکو کہا اسنے لبید ابن عاصم یہودی نے کہا

فيما ذا قال في مشط ومشاطة وجف طلعة ذكر قال فاين هو قال في بئر ذروان فذهب النبي صلى الله عليه وسلم

کس چیز میں سحر کیا ہے کہا کنگھی میں اور ان بالوں میں کہ کنگھی کرنے میں جھڑتے ہیں اور کھجور کے نر شگوفہ کے اندر کہا کہاں رکھا ہے اسکو کہا کنوئیں ذروان میں پس تشریف لے گئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

في اناس من اصحابه الى البئر فقال هذه البئر التي اريتها وكان ماءها نقاعة الحناء وكان نخلها رؤوس الشياطين فاستخرجه

چند آدمیوں کے ساتھ اپنے صحابہ سے طرف اس کنوئیں کے اور فرمایا یہی کنواں ہے جو دکھلایا گیا مجھکو اور گویا کہ پانی اسکا مہندی کے پانی کا سا تھا اور گویا کہ کھجوریں اسکی سر شیطانوں کے تھے پھر نکالا اسکو

متفق عليه وعن ابي سعيد الخدري قال بينما نحن عند رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يقسم قسما

متفق علیہ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا اسوقت کہ ہم حاضر تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ بانٹ رہے تھے مال غنیمت کا

أتاه ذو الخويصرة وهو رجل من بني تميم فقال يا رسول الله اعدل فقال ويلك من يعدل إذا لم أعدل قد

آیا آپ کے پاس ذو الخویصرہ اور وہ ایک شخص تھا بنی تمیم میں سے ف اور کہا یا رسول اللہ عدل کرو۔ پس فرمایا حضرت نے خرابی ہو تیری پھر کون عدل کرے گا اگر میں عدل نہ کروں تحقیق

خبت وخسرت إن لم أكن أعدل فقال عمر ائذن لي أن أضرب عنقه فقال دعه فإن له أصحابا يحقر أحدكم

نا امید ہوا تو اور زیاں کار رہا تو اگر عدل نہ کروں میں … عرض کیا عمرؓ نے حکم دو مجھ کو کہ گردن ماروں اس کی پس فرمایا حضرت نے چھوڑ دے اس کو کیونکہ اس کے لئے یار ہیں کہ حقیر جانے گا ایک تمہارا

صلاته مع صلاتهم وصيامه مع صيامهم يقرؤون القرآن لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الدين كما يمرق

اپنی نماز کو مقابلہ میں ان کی نمازوں کے اور اپنے روزے مقابلہ میں ان کے روزوں کے پڑھیں گے قرآن نہ اترے گا ان کے حلقوں سے نکلیں گے دین سے جیسے کہ نکلتا ہے

السهم من الرمية ينظر إلى نصله إلى رصافه إلى نضيه وهو قدحه إلى قذذه فلا يوجد فيه شيء قد سبق

تیر شکار سے دیکھا جاتا ہے اس کے پیکان کی طرف … اور اس کی لکڑی کی طرف … پس نہیں پایا جاتا ہے اس میں کچھ تحقیق آگے بڑھ گیا

الفرث والدم آيتهم رجل أسود إحدى عضديه مثل ثدي المرأة أو مثل البضعة تدردر ويخرجون

نجاست اور خون سے اور نشان ان کا ایک مرد سیاہ رنگ کا ایک دو بازو میں سے اس کے مانند پستان عورت کے ہوگا یا مانند ٹکڑے گوشت کے ہلتا ہوگا اور نکلیں گے

على خير فرقة من الناس قال أبو سعيد أشهد أني سمعت هذا الحديث من رسول الله صلى الله عليه وسلم

اوپر بہتر فرقہ کے لوگوں میں سے کہا ابو سعید خدری نے گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ سنی میں نے یہ حدیث رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

وأشهد أن علي بن أبي طالب قاتلهم وأنا معه فأمر بذلك الرجل فالتمس فأتي به حتى نظرت إليه على نعت النبي

اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ علی بن ابی طالب لڑے ان سے اور میں ساتھ ان کے تھا پس حکم کیا … تلاش کرنے کا … پس لایا گیا … یہاں تک کہ دیکھا میں نے اس کو موافق اس وصف کے کہ نبی

صلى الله عليه وسلم الذي نعته وفي رواية أقبل رجل غائر العينين ناتئ الجبهة كث اللحية مشرف الوجنتين

صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا تھا اور ایک روایت میں ہے ف آیا ایک مرد اندر دھنسی ہوئی آنکھوں والا بلند پیشانی گنجان داڑھی اٹھے ہوئے رخسارے

محلوق الرأس فقال يا محمد اتق الله فقال فمن يطع الله إذا عصيته فيأمنني الله على أهل الأرض ولا تأمنوني

منڈھا ہوا سر پس کہا اس نے اے محمد ڈر اللہ سے پس فرمایا حضرت نے پھر کون فرمانبرداری کرے گا اللہ کی جب نافرمانی کروں میں اس کی … امین بنایا مجھ کو اللہ نے … اور تم امین نہیں جانتے مجھ کو

فسأل رجل قتله فمنعه فلما ولى قال إن من ضئضئ هذا قوما يقرؤون القرآن لا يجاوز حناجرهم يمرقون

پس پوچھا ایک شخص نے … اس کے قتل کرنے کو تو منع فرمایا حضرت نے … پس جب پیٹھ پھیر کر وہ گیا فرمایا حضرت نے تحقیق اس کی اصل سے ایک قوم ہوگی پڑھیں گے قرآن نہ اترے گا ان کے حلقوں سے نکلیں گے

من الإسلام مروق السهم من الرمية فيقتلون أهل الإسلام ويدعون أهل الأوثان لئن أدركتهم لأقتلنهم

اسلام سے مانند نکل جانے تیر کے شکار سے قتل کریں گے مسلمانوں کو اور چھوڑ دیں گے بت پرستوں کو ف فرمایا حضرت نے اگر پاؤں میں ان کو تو البتہ قتل کروں میں ان کو

قتل عاد متفق عليه وعن أبي هريرة قال كنت أدعو أمي إلى الإسلام وهي مشركة فدعوتها يوما فأسمعتني

مانند قتل کرنے عاد کے … اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھا میں بلاتا اپنی ماں کو طرف اسلام کے اس حال میں کہ وہ مشرکہ تھی پس بلایا میں نے اس کو ایک دن پس سنائی اس نے مجھ کو

في رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أكره فأتيت رسول الله وأنا أبكي فقلت يا رسول الله ادع الله أن يهدي

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں وہ چیز کہ ناخوش رکھتا تھا میں … پس آیا میں رسول خدا کے پاس اس حال میں کہ روتا تھا میں پس کہا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ سے کہ ہدایت دے

أم أبي هريرة فقال اللهم اهد أم أبي هريرة فخرجت مستبشرا بدعوة النبي صلى الله عليه وسلم فلما صرت

ابی ہریرہ کی ماں کو پس فرمایا حضرت نے خداوندا ہدایت کر ابو ہریرہ کی ماں کو پس نکلا میں خوشحال بسبب دعا کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر جب پہنچا میں

إلى الباب فإذا هو مجاف فسمعت أمي خشف قدمي فقالت مكانك يا أبا هريرة وسمعت خضخضة الماء

دروازے تک گیا تو ناگہاں دروازہ بند تھا پس سنی میری ماں نے آواز میرے پاؤں کی اور کہی وہیں رہ اے ابا ہریرہ اور سنی میں نے آواز پانی کی

فاغتسلت فلبست درعها وعجلت عن خمارها ففتحت الباب ثم قالت يا أبا هريرة أشهد أن لا إله إلا الله

سو غسل کیا میری ماں نے اور پہنا کرتا اپنا اور جلدی کی اوڑھنی سے پھر کھولا دروازہ اور بولیں اے ابوہریرہ گواہی دیتی ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے

وأشهد أن محمدا عبده ورسوله فرجعت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وأنا أبكي من الفرح فحمد الله وقال خيرا

اور گواہی دیتی ہوں کہ بیشک محمد بندے اسکے اور رسول اسکے ہیں پھر پلٹ کر آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس خوشی کے مارے روتا تھا پھر تعریف کی حضرت نے خدا کی اور فرمایا بہتر

رواه مسلم وعنه قال إنكم تقولون أكثر أبو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم والله الموعد وإن إخوتي

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا تحقیق تم کہتے ہو بہت نقل کرتا ہے ابوہریرہ حدیثیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اللہ ہی وعدہ گاہ ہمارا ہے اور تحقیق بھائی میرے

من المهاجرين كان يشغلهم الصفق بالأسواق وإن إخوتي من الأنصار كان يشغلهم عمل أموالهم وكنت

مہاجرین باز رکھتا تھا انکو ہاتھ پر ہاتھ مارنا بازاروں میں اور تحقیق بھائی میرے انصار کے باز رکھتا تھا انکو کام انکے مالوں کا اور تھا میں

امرأ مسكينا ألزم رسول الله صلى الله عليه وسلم على ملء بطني وقال النبي صلى الله عليه وسلم يوما لن

ایک شخص مسکین لگا رہتا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے پیٹ بھرنے کو اور فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک دن کہ ہرگز نہ

يبسط أحد منكم ثوبه حتى أقضي مقالتي هذه ثم يجمعه إلى صدره فينسى من مقالتي شيئا أبدا فبسطت

پھیلا رکھے کوئی ایک تم میں کا کپڑا اپنا یہاں تک کہ تمام کروں میں اپنی بات یہ پھر اٹھا کرے اسکو طرف سینے اپنے اور پھر بھولے میری حدیثوں میں سے کچھ کبھی سو کھولی میں نے

نمرة ليس علي ثوب غيرها حتى قضى النبي صلى الله عليه وسلم مقالته ثم جمعتها إلى صدري فوالذي بعثه

کملی کہ نہ تھا مجھ پر کوئی کپڑا سوائے اسکے یہاں تک کہ تمام کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم بات اپنی پھر سمیٹا میں نے اسکو طرف اپنے سینے کے پس قسم ہے اس ذات کی کہ بھیجا حضرت کو

بالحق ما نسيت من مقالته تلك إلى يومي هذا متفق عليه وعن جرير بن عبد الله قال لي رسول الله صلى

ساتھ حق کے نہیں بھولا میں حضرت کی حدیثوں سے اس دن تک ق اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول خدا صلے

الله عليه وسلم ألا تريحني من ذي الخلصة فقلت بلى وكنت لا أثبت على الخيل فذكرت ذلك للنبي صلى

اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں آرام دیتا تو مجھکو ذی الخلصہ سے پس کہا میں نے ہاں اور تھا میں کہ نہیں ٹھہر سکتا تھا گھوڑے پر پس ذکر کیا میں نے اسکو نبی صلے

الله عليه وسلم فضرب يده على صدري حتى رأيت أثر يده في صدري وقال اللهم ثبته واجعله هاديا

اللہ علیہ وسلم سے پھر مارا حضرت نے دست مبارک اپنا میرے سینے پر یہاں تک کہ دیکھا میں نے نشان دست مبارک کا حضرت کے اپنے سینے میں اور فرمایا حضرت نے یا اللہ ثابت رکھ اسکو اور کر اسکو راہ دکھانے والا

مهديا قال فما وقعت عن فرسي بعد فانطلق في مائة وخمسين فارسا من أحمس فحرقها بالنار وكسرها

راہ پایا ہوا کہا جابر نے سو نہ گرا میں اپنے گھوڑے سے بعد اسکے پس روانہ ہوا جریر ڈیڑھ سو سوار کے ساتھ احمس سے پھر جلا دیا اسکو آگ سے اور توڑ ڈالا اسکو

متفق عليه وعن أنس قال إن رجلا كان يكتب للنبي صلى الله عليه وسلم فارتد عن الإسلام ولحق بالمشركين

ق اور روایت ہے انس سے کہا کہ تحقیق ایک شخص لکھتا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے سو مرتد ہو گیا اسلام سے اور جا ملا ساتھ مشرکوں کے

فقال النبي صلى الله عليه وسلم إن الأرض لا تقبله فأخبرني أبو طلحة أنه أتى الأرض التي مات فيها فوجده

بس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق زمین نہیں قبول کریگی اسکو کہا انس نے پھر خبر دی مجھکو ابو طلحہ نے کہ ابو طلحہ آئے اس زمین میں کہ مرا تھا وہ شخص اس میں سو پایا

مَنْبُوذًا فَقَالَ مَا شَأْنُ هٰذَا فَقَالُوْا دَفَنَّاهُ مِرَارًا فَلَمْ تَقْبَلْهُ الْاَرْضُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى
باہر قبر کے پڑا ہوا سو پوچھا ابو طلحہ کو کیا حال اس شخص کا بس لوگوں نے کہ دفن کیا ہمنے اسکو کئی بار سو قبول نہ کیا اسکو زمین نے متفق۔ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا نکلے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ يَهُوْدُ تُعَذَّبُ فِيْ قُبُوْرِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَدِمَ
اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ غروب ہوا تھا آفتاب پھر سنی حضرت نے ایک آواز سو فرمایا کہ یہ یہود ہیں کہ عذاب کئے جاتے ہیں اپنے قبروں میں متفق۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تشریف لائے

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ فَلَمَّا كَانَ قُرْبَ الْمَدِيْنَةِ هَاجَتْ رِيْحٌ تَكَادُ اَنْ تَدْفِنَ الرَّاكِبَ فَقَالَ رَسُوْلُ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم کسی سفر سے پھر جس وقت کہ پہنچے نزدیک مدینے کے چلی ایک ہوا سخت قریب تھی کہ دفن کرے سوار کو تب سو فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثَتْ هٰذِهِ الرِّيْحُ لِمَوْتِ مُنَافِقٍ فَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِذَا عَظِيْمٌ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ قَدْ مَاتَ
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بھیجی گئی ہے یہ باؤ وقت موت ایک منافق کے پھر پہنچے حضرت مدینے میں سو تھا ایک بڑا سردار منافقوں میں سے مر گیا تھا۔ روایت

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَدِمْنَا عُسْفَانَ فَاَقَامَ
کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے یہاں تک کہ پہنچے ہم عسفان میں پھر ٹھہرے حضرت

بِهَا لَيَالِيَ فَقَالَ النَّاسُ مَا نَحْنُ هٰهُنَا فِيْ شَيْءٍ وَاِنَّ عِيَالَنَا لَخُلُوْفٌ مَا نَاْمَنُ عَلَيْهِمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى
اس مقام میں کئی راتیں سو کہا لوگوں نے نہیں ہیں ہم یہاں کسی شغل میں اور تحقیق اہل و عیال ہمارے البتہ پیچھے رہے ہوئے ہیں نہیں خاطر جمع ہماری ان پر سو پہنچی یہ خبر نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا فِي الْمَدِيْنَةِ شِعْبٌ وَلَا نَقْبٌ اِلَّا عَلَيْهِ مَلَكَانِ يَحْرُسَانِهَا حَتّٰى
اللہ علیہ وسلم کو پس فرمایا حضرت نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہیں مدینہ میں کوئی راہ اور نہ کوچہ مگر یہ کہ متعین ہیں اسپر دو فرشتے نگہبانی کرتے مدینے کی زمین کی یہاں تک

تَقْدَمُوْا اِلَيْهَا ثُمَّ قَالَ ارْتَحِلُوْا فَارْتَحَلْنَا وَاَقْبَلْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَوَالَّذِيْ يُحْلَفُ بِهٖ مَا وَضَعْنَا رِحَالَنَا حِيْنَ
پہنچو تم طرف مدینے کے پھر فرمایا حضرت نے کوچ کرو تم سو کوچ کیا ہمنے اور متوجہ ہوئے ہم طرف مدینے کے پس قسم ہے اس ذات کی کہ قسم کھائی جاتی ہے اسکی نہیں رکھی ہمنے اسباب ہمارا جس وقت

دَخَلْنَا الْمَدِيْنَةَ حَتّٰى اَغَارَ عَلَيْنَا بَنُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَطَفَانَ وَمَا يُهَيِّجُهُمْ قَبْلَ ذٰلِكَ شَيْءٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ
داخل ہوئے ہم مدینے میں یہاں تک کہ چڑھ آئی ہم پر بنو عبد اللہ بن غطفان اور نہ اٹھائی تھی انکو پہلے اسکے کوئی چیز نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ اَصَابَتِ النَّاسَ سَنَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
انس سے کہا کہ پہنچا لوگوں کو قحط زمانے میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس ایکو قت نبی صلے اللہ علیہ و سلم

يَخْطُبُ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَامَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَ الْمَالُ وَجَاعَ الْعِيَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ
خطبہ فرماتے تھے جمعہ کے دن کھڑا ہوا ایک گنوار اور عرض کیا یا رسول اللہ ہلاک ہوا مال اور بھوکے ہوئے عیال سو دعا کیجئے ہمارے لئے پس اٹھائے حضرت نے ہاتھ

وَمَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا وَضَعَهَا حَتّٰى ثَارَ السَّحَابُ اَمْثَالَ الْجِبَالِ ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ عَنْ مِنْبَرِهٖ
حال یہ کہ نہیں دیکھتے تھے ہم آسمان میں ایک ٹکڑا ابر کا پس قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہیں رکھے حضرت نے ہاتھ یہاں تک کہ اٹھا ابر مانند پہاڑوں کے پھر نہ اترے حضرت اپنے منبر سے

حَتّٰى رَاَيْتُ الْمَطَرَ يَتَحَادَرُ عَلٰى لِحْيَتِهٖ فَمُطِرْنَا يَوْمَنَا ذٰلِكَ وَمِنَ الْغَدِ وَمِنْ بَعْدِ الْغَدِ حَتَّى الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى وَقَامَ
یہاں تک کہ دیکھا میں نے مینہ کو کہ گرتا تھا حضرت کے داڑھی مبارک پر سو مینہ برسا ہم پر اس دن اور دوسرے دن اور تیسرے دن دوسرے جمعہ تک اور کھڑا ہوا

ذٰلِكَ الْاَعْرَابِيُّ اَوْ غَيْرُهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ وَغَرِقَ الْمَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ
وہی اعرابی یا اور کوئی سوا اسکے اور کہا یا رسول اللہ گر پڑے مکان اور ڈوب گیا مال پس دعا کیجئے اللہ تعالی سے ہمارے لئے پس پھر اٹھائے آپ نے دونوں ہاتھ اپنے کہا خداوندا

حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَمَا يُشِيْرُ إِلٰى نَاحِيَةٍ مِّنَ السَّحَابِ إِلَّا انْفَرَجَتْ وَصَارَتِ الْمَدِيْنَةُ مِثْلَ الْجَوْبَةِ وَسَالَ الْوَادِيْ قَنَاةُ

ہمارے گرد برسا اور نہ ہم پر برسا پس نہیں اشارہ کرتے تھے حضرت طرف کسی جانب کے ابر سے مگر کھل جاتا تھا اور ہو گیا مدینہ مانند گڑھے کے اور بہا وادی قناۃ

شَهْرًا وَلَمْ يَجِئْ أَحَدٌ مِّنْ نَاحِيَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ

ایک مہینے تک اور نہیں آیا کوئی کسی طرف سے مگر خبر دی بہت مینہ برسنے کی اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا حضرت نے الٰہی برسا گرد ہمارے اور نہ برسا ہم پر الٰہی برسا ٹیلوں پر

وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ فَأَقْلَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِيْ فِي الشَّمْسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ

اور پہاڑوں پر اور اندر نالوں کے اور درخت اگنے کی جگہوں میں کہا انس نے پھر کھل گیا ابر اور باہر نکلے ہم اس حال میں کہ چلتے تھے ہم دھوپ میں متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے

قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ اسْتَنَدَ إِلٰى جِذْعِ نَخْلَةٍ مِّنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَلَمَّا صُنِعَ لَهُ الْمِنْبَرُ

کہا تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جو وقت کہ خطبہ پڑھتے تھے تکیہ کرتے اوپر تنہ کھجور کے ستونوں سے مسجد کے پھر جب بنایا گیا منبر آپ کے لئے

فَاسْتَوٰى عَلَيْهِ صَاحَتِ النَّخْلَةُ الَّتِيْ كَانَ يَخْطُبُ عِنْدَهَا حَتّٰى كَادَتْ أَنْ تَنْشَقَّ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو کھڑے ہوئے حضرت اس پر فریاد کی اس ستون نے کہ خطبہ فرماتے تھے حضرت اس کے پاس یہاں تک کہ قریب تھا کہ پھٹ جاوے تو اترے نبی صلے اللہ علیہ وسلم منبر سے

حَتّٰى أَخَذَهَا فَضَمَّهَا إِلَيْهِ فَجَعَلَتْ تَئِنُّ أَنِيْنَ الصَّبِيِّ الَّذِيْ يُسَكَّتُ حَتَّى اسْتَقَرَّتْ قَالَ بَكَتْ عَلٰى مَا كَانَتْ

یہاں تک کہ پکڑا اس کو اور لگایا اس کو اپنے گلے سے سو لگا وہ ستون ہچکیاں لینے مانند ہچکیاں لینے لڑکے کے کہ چپ کیا جاتا ہے یہاں تک کہ ٹھہر گیا فرمایا رویا اس پر جو سنتا تھا

تَسْمَعُ مِنَ الذِّكْرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّ رَجُلًا أَكَلَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ سنتا تھا ذکر سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہ ایک شخص نے کھایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

بِشِمَالِهِ فَقَالَ كُلْ بِيَمِيْنِكَ قَالَ لَا أَسْتَطِيْعُ قَالَ لَا اسْتَطَعْتَ مَا مَنَعَهُ إِلَّا الْكِبْرُ قَالَ فَمَا رَفَعَهَا إِلٰى فِيْهِ

اپنے بائیں ہاتھ سے پس فرمایا حضرت نے کہ کھا اپنے داہنے ہاتھ سے عرض کیا کہ نہیں کھا سکتا ہوں فرمایا نہ کھا سکے تو نہ باز رکھا اس کو مگر تکبر نے کہا راوی نے پس نہ اٹھا سکا اس کو طرف منہ کے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ فَزِعُوْا مَرَّةً فَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِيْ طَلْحَةَ بَطِيْئًا

روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ اہل مدینہ گھبرائے ایک بار پھر سوار ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر ابی طلحہ کے جو سست رو تھا

وَكَانَ يَقْطِفُ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ وَجَدْنَا فَرَسَكُمْ هٰذَا بَحْرًا فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ لَا يُجَارٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ فَمَا سُبِقَ بَعْدَ

اور قدم نزدیک رکھتا تھا پس جب پھر آئے فرمایا کہ پایا ہم نے تمہارے اس گھوڑے کو دریا سو ہو گیا وہ بعد اس کے کہ اس کے ساتھ چل نہ سکتا تھا اور ایک روایت میں ہے کہ نہ آگے بڑھا گیا بعد

ذٰلِكَ الْيَوْمِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ تُوُفِّيَ أَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَعَرَضْتُ عَلٰى غُرَمَائِهِ أَنْ يَأْخُذُوا التَّمْرَ بِمَا عَلَيْهِ

اس دن کے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا فوت ہوا باپ میرا اور اس پر قرض تھا سو پیش کیا میں نے اس کے قرضخواہوں پر کہ لیویں کھجور بدلے اس قرض کے جو ان کا ہے

فَأَبَوْا فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ وَالِدِيْ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ دَيْنًا كَثِيْرًا

سو نہ مانا انہوں نے پھر آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ آپ جانتے ہیں کہ باپ میرا شہید کیا گیا بیچ احد کے اور چھوڑا ہی قرض بہت

وَإِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ يَّرَاكَ الْغُرَمَاءُ فَقَالَ لِيَ اذْهَبْ فَبَيْدِرْ كُلَّ تَمْرٍ عَلٰى نَاحِيَةٍ فَفَعَلْتُ ثُمَّ دَعَوْتُهُ فَلَمَّا نَظَرُوْا إِلَيْهِ كَأَنَّهُمْ

اور میں چاہتا ہوں کہ دیکھیں آپ کو قرضخواہ پس فرمایا حضرت نے جا اور ڈھیر لگا ہر قسم کی کھجور کا علیحدہ علیحدہ پس کیا میں نے اور بلایا میں نے حضرت کو پھر جب دیکھا قرضخواہوں نے حضرت کو گویا کہ

أُغْرُوْا بِيْ تِلْكَ السَّاعَةَ فَلَمَّا رَأٰى مَا يَصْنَعُوْنَ طَافَ حَوْلَ أَعْظَمِهَا بَيْدَرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ادْعُ

دلیر کئے گئے مجھ پر اس وقت پھر جب دیکھا حضرت نے جو کرتے تھے پھرے حضرت اطراف ان کی بڑی ڈھیر کے تین بار پھر بیٹھے اس پر اور حکم فرمایا کہ بلا اپنے پاس

أصحابك فما زال يكيل لهم حتى أدى الله عن والدي أمانته وأنا أرضى أن يؤدي الله أمانة والدي ولا

اپنے قرضخواہوں کو دینے لگے ناپنے کو انکے لئے یہانتک کہ ادا کیا اللہ تعالی نے میرے باپ سے دین کا اور میں راضی تھا کہ ادا کرے اللہ تعالی دین میرے باپ کا اور نہ

أرجع إلى أخواتي بتمرة فسلم الله البيادر كلها وحتى إني أنظر إلى البيدر الذي كان عليه النبي صلى الله عليه وآله وسلم

لیجاؤں بلنا کر طرف اپنے بہنوں کے ایک کھجور بھی سو سالم رکھے اللہ تعالی نے سب ڈھیر اور یہانتک کہ تحقیق میں دیکھتا تھا طرف اس ڈھیر کے جس پر بیٹھے تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

كأنها لم تنقص تمرة واحدة. رواه البخاري. وعنه قال إن أم مالك كانت تهدي للنبي صلى الله عليه وآله وسلم

گویا کہ نہیں کم ہوا اسمیں سے ایک کھجور. روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ ام مالک ہدیہ بھیجتی تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

في عكة لها سمنا فيأتيها بنوها فيسألون الأدم وليس عندهم شيء فتعمد إلى الذي كانت تهدي فيه للنبي صلى الله

اپنی کپی میں گھی سو آتے ام مالک پاس بیٹے اسکے اور مانگتے سالن کو حالانکہ نہ ہوتا انکے پاس کچھ سو قصد کرتی طرف اس ظرف کے جو ہدیہ بھیجتی تھی اسمیں نبی صلی اللہ

عليه وآله وسلم فتجد فيه سمنا فما زال يقيم لها أدم بيتها حتى عصرته فأتت النبي صلى الله عليه وآله وسلم

علیہ وآلہ وسلم کے لئے سو پاتی اسمیں گھی سو ہمیشہ رہتا تھا وہ قایم ام مالک کے لئے سالن گھر کا یہانتک کہ نچوڑا ام مالک نے اسکو پھر آئی ام مالک نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس

فقال عصرتيها قالت نعم قال لو تركتيها ما زال قائما. رواه مسلم. وعن أنس قال قال أبو طلحة لأم سليم

سو فرمایا حضرت نے کیا نچوڑا تو نے اس کپی کو کہا اسنے ہاں فرمایا حضرت نے اگر چھوڑتی تو اسکو البتہ ہمیشہ رہتا سالن گھر کا قایم. روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا ابوطلحہ نے ام سلیم کے لئے

لقد سمعت صوت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ضعيفا أعرف فيه الجوع فهل عندك من شيء فقالت

تحقیق سنی میں نے آواز رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ناتوان پہچانتا ہوں بیچ اسمیں بھوک سو کیا ہے تیرے پاس کچھ کہا ام سلیم نے

نعم فأخرجت أقراصا من شعير ثم أخرجت خمارا لها فلفت الخبز ببعضه ثم دسته تحت يدي

کہ ہاں ہے کچھ سو نکالیں ام سلیم نے کئی روٹیاں جو کی پھر نکالی اوڑھنی اپنی اور لپیٹی روٹیوں کو اسکے ایک کونے میں پھر چھپا دیا اسکو میرے ہاتھ کے نیچے

ولاثتني ببعضه ثم أرسلتني إلى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فذهبت به فوجدت رسول الله

اور عمامہ کیا میرا ساتھ اس بعض کے پھر بھیجا مجھکو طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سو لیگیا میں وے روٹیاں حضرت کے پاس تو پایا میں رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم في المسجد ومعه الناس فسلمت عليهم فقال لي رسول الله صلى الله عليه وآله

صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں اس حال میں کہ تھے ساتھ حضرت کے لوگ سو سلام کی میں نے ان پر پس فرمایا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ

وسلم أرسلك أبو طلحة قلت نعم قال بطعام قلت نعم فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لمن معه

وسلم نے کیا بھیجا ہے تجھکو ابوطلحہ نے عرض کیا میں نے ہاں فرمایا کیا ساتھ طعام کے بھیجا عرض کیا میں نے ہاں پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو جو ساتھ تھے

قوموا فانطلق وانطلقت بين أيديهم حتى جئت أبا طلحة فأخبرته فقال أبو طلحة يا أم سليم قد جاء

کھڑے ہو سو چلے حضرت اور چلا میں بھی آگے حضرت کے یہانتک کہ آیا میں ابوطلحہ کے پاس اور خبر دی میں نے اسکو پس کہا ابوطلحہ نے ای ام سلیم تحقیق تشریف لائے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بالناس وليس عندنا ما نطعمهم فقالت الله ورسوله أعلم فانطلق أبو طلحة

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ لوگوں کے اور نہیں ہے ہمارے پاس کچھ کہ کھلاویں ہم انکو کہا ام سلیم نے اللہ اور رسول اسکا دانا تر ہے سو چلے ابوطلحہ

حتى لقي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فأقبل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وأبو طلحة معه

یہانتک کہ ملے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس تشریف لائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوطلحہ ساتھ آپ کے

فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هلمي يا أم سليم ما عندك فأتت بذلك الخبز فأمر به رسول الله

سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لا اے ام سلیم جو کچھ کہ تیرے پاس ہے پس لائیں وہی روٹیاں اور حکم کیا روٹیاں توڑنے کا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم ففت وعصرت أم سليم عكة فأدمته ثم قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر ریزہ ریزہ کی گئیں اور نچوڑا ام سلیم نے ظرف گھی کا پس سالن کیا اس گھی کو پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

فيه ما شاء الله أن يقول ثم قال ائذن لعشرة فأذن لهم فأكلوا حتى شبعوا ثم خرجوا ثم قال ائذن لعشرة

اس روٹی سالن میں جو کچھ کہ چاہا اللہ نے کہ کہیں پھر فرمایا حضرت نے کہ اذن دے دس کو سو بلایا دس کو سو انہوں نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہوئے پھر باہر گئے پھر فرمایا اذن دے دس کو

ثم لعشرة فأكل القوم كلهم وشبعوا والقوم سبعون أو ثمانون رجلا متفق عليه وفي رواية لمسلم أنه قال

پھر دس کو پس کھایا سارے لوگوں نے اور سیر ہوئے اور قوم ستر یا اسی آدمی تھے ق اور ایک روایت میں مسلم کی ہے کہ حضرت نے فرمایا

ائذن لعشرة فدخلوا فقال كلوا وسموا الله فأكلوا حتى فعل ذلك بثمانين رجلا ثم أكل النبي صلى الله

کہ اذن دے دس کو پھر آئے وہ دس تب فرمایا حضرت نے کھاؤ اور نام لو اللہ کا سو کھایا انہوں نے یہاں تک کہ کیا یہ اسی آدمی کے ساتھ پھر کھایا نبی صلے اللہ

عليه وآله وسلم وأهل البيت وترك سؤرا وفي رواية للبخاري قال أدخل علي عشرة حتى عد أربعين ثم

علیہ وآلہ وسلم نے اور گھر والوں نے اور چھوڑ دیا باقی اور ایک روایت میں بخاری کی ہے کہ فرمایا حضرت نے داخل کر مجھ پر دس آدمی یہاں تک کہ گنے چالیس پھر

أكل النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجعلت أنظر هل نقص منها شيء وفي رواية لمسلم ثم أخذ ما بقي فجمعه ثم

کھایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور میں دیکھتا تھا کیا کم ہوا اس میں سے کچھ یا نہیں اور ایک روایت میں مسلم کی ہے پھر لیا حضرت نے ما بقی کو اور جمع کیا اس کو پھر

دعا فيه بالبركة فعاد كما كان فقال دونكم هذا وعنه قال أتي النبي صلى الله عليه وآله وسلم بإناء وهو بالزوراء

دعا کی اس میں برکت کی پس ہو گیا جیسا کہ تھا سو فرمایا حضرت نے کہ لو اور کھاؤ اس کو اور روایت ہے انہی سے کہا کہ لایا گیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک برتن اور حال یہ کہ آپ زوراء میں تھے

فوضع يده في الإناء فجعل الماء ينبع من بين أصابعه فتوضأ القوم قال قتادة قلت لأنس كم كنتم قال

سو رکھا حضرت نے ہاتھ اپنا برتن میں تو لگا پانی نکلنے کو آپ کی انگلیوں کے درمیان سے پس وضو کیا قوم نے کہا قتادہ نے کہا میں نے انس کو کہ کتنے تھے تم کہا

ثلاثمائة أو زهاء ثلاثمائة متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال كنا نعد الآيات بركة وأنتم تعدونها

تین سو یا بقدر تین سو کے ق اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ تھے ہم گنتے معجزوں کو سبب برکت کا اور تم ان کو شمار کرتے ہو

تخويفا كنا مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في سفر فقل الماء فقال اطلبوا فضلة من ماء فجاؤوا بإناء

سبب ڈرانے کا تھے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی سفر میں سو کم ہوا پانی تب فرمایا حضرت نے کہ ڈھونڈو بچا ہوا پانی سو لائے صحابہ ایک برتن

فيه ماء قليل فأدخل يده في الإناء ثم قال حي على الطهور المبارك والبركة من الله ولقد رأيت الماء ينبع


کہ اس میں تھوڑا سا پانی تھا پس داخل کیا حضرت نے دست مبارک اپنا برتن میں اور فرمایا کہ آؤ پانی پاک برکت والے پر اور برکت خدا تعالی کی طرف سے ہے اور تحقیق دیکھا میں نے پانی کو کہ نکلتا تھا

من بين أصابع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ولقد كنا نسمع تسبيح الطعام وهو يؤكل رواه البخاري

درمیان سے انگلیاں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور البتہ تحقیق تھے ہم سنتے تسبیح کھانے کی جس حال میں کہ کھایا جاتا تھا طعام روایت کیا اس کو بخاری نے

وعن أبي قتادة قال خطبنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال إنكم تسيرون عشيتكم وليلتكم وتأتون

اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا خطبہ پڑھا ہمارے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ تحقیق تم چلو گے اس اول شب اور رات کو بھی اور پاؤ گے تم



الماء إن شاء الله غدًا فانطلق الناس لا يلوي أحد على أحد قال أبو قتادة فبينما رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

پانی کو ان شاء اللہ تعالیٰ کل کو پس چلے لوگ اس حال میں کہ نہیں التفات کرتا تھا کوئی کسی کی طرف کہا ابو قتادہ نے پس وقت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

يسير حتى ابهار الليل مال عن الطريق فوضع رأسه ثم قال احفظوا علينا صلاتنا فكان أول من استيقظ

چلے جاتے تھے یہاں تک کہ آدھی آگئی رات ایک طرف کو راہ سے ہٹ گئے پس رکھا سر اپنا اور فرمایا کہ نگہبانی کرو ہم پر ہماری نماز کی پس سوا اول جاگنے والوں کے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم والشمس في ظهره ثم قال اركبوا فركبنا فسرنا حتى إذا ارتفعت الشمس نزل

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اور حال یہ کہ دھوپ پہنچی تھی حضرت کی پیٹھ پر پھر فرمایا حضرت نے سوار ہو سو سوار ہوئے ہم یہاں تک کہ جب بلند ہوا آفتاب اترے

ثم دعا بميضأة كانت معي فيها شيء من ماء فتوضأ منها وضوءًا دون وضوء قال وبقي فيها شيء من

پھر منگایا باسن وضو کا تھا ساتھ میرے اس میں تھا کچھ پانی پس وضو کیا حضرت نے اس پانی سے وضو کم بہ نسبت اور وضوؤں کے کہا ابو قتادہ نے اور باقی رہا اس میں کچھ

ماء ثم قال احفظ علينا ميضأتك فسيكون لها نبأ ثم أذن بلال بالصلاة فصلى رسول الله صلى الله عليه

پانی پھر فرمایا حضرت نے نگاہ رکھو ہمارے لئے میضاۃ اپنا پس عنقریب ہوگی واسطے اس کے ایک خبر پھر اذان کہی بلال نے واسطے نماز کے اور نماز پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم ركعتين ثم صلى الغداة وركب وركبنا معه فانتهينا إلى الناس حين امتد النهار وحمي كل شيء

وآلہ وسلم نے دو رکعتیں پھر پڑھی نماز فرض صبح کی اور سوار ہوئے حضرت اور سوار ہوئے ہم ساتھ آپ کے سو پہنچے ہم طرف لوگوں کے جب خوب چڑھا دن اور گرم ہوئی ہر چیز

وهم يقولون يا رسول الله هلكنا وعطشنا فقال لا هلك عليكم ودعا بالميضأة فجعل يصب وأبو قتادة

اور حال یہ کہ لوگ کہتے تھے یا رسول اللہ ہلاک ہوئے ہم اور پیاسے ہوئے ہم پس فرمایا حضرت نے نہیں ہلاکت تم پر اور منگوایا وضو کا باسن اور لگے حضرت پانی ڈالنے اور ابو قتادہ

يسقيهم فلم يعد أن رأى الناس ماء في الميضأة تكابوا عليها فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أحسنوا

پانی پلاتے تھے لوگوں کو پس نہ گذرا مگر دیکھا لوگوں نے پانی کو میضاۃ میں کہ ازدحام کیا اس باسن پر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نیک کرو

الملأ كلكم سيروى قال ففعلوا فجعل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يصب وأسقيهم حتى ما بقي غيري

خلق کو قریب ہے کہ تم سب سیراب ہو جاؤ گے کہا راوی نے پس کیا سب نے ایسا ہی پس ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ڈالتے تھے پانی اور میں پلاتا جاتا تھا لوگوں کو یہاں تک کہ نہ باقی رہا

وغير رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثم صب فقال لي اشرب فقلت لا أشرب حتى تشرب يا رسول الله

اور سوا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر ڈالا پانی اور فرمایا مجھ کو پی پس عرض کیا میں نے نہ پیوں گا میں جب تک نہ پیویں آپ یا رسول اللہ

فقال إن ساقي القوم آخرهم قال فشربت وشرب قال فأتى الناس الماء جامين رواء رواه مسلم هكذا

پس فرمایا کہ تحقیق پلانے والا قوم کا آخر ان سب کا پیتا ہے کہا ابو قتادہ نے پس پیا میں نے اور پیا حضرت نے کہا ابو قتادہ نے پس آئے لوگ پانی کو اس حال میں کہ آرام پائے ہوئے اور سیراب روایت کیا اس کو مسلم نے

في صحيحه وكذا في كتاب الحميدي وجامع الأصول وزاد في المصابيح بعد قوله آخرهم لفظة شربًا

صحیح مسلم میں اور ایسا ہی کتاب حمیدی اور جامع اصول میں ہے اور زیادہ کیا مصابیح میں بعد لفظ آخرہم کے لفظ شربا کا

وعن أبي هريرة قال لما كان يوم غزوة تبوك أصاب الناس مجاعة فقال عمر يا رسول الله ادعهم بفضل

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا جبکہ ہوا دن غزوہ تبوک کا پہنچی لوگوں کو بھوک کہا عمر نے یا رسول اللہ منگوائیے لوگوں سے بچا ہوا

أزوادهم ثم ادع الله لهم عليها بالبركة فقال نعم فدعا بنطع فبسط ثم دعا بفضل أزوادهم فجعل الرجل

توشہ ان کا پھر دعا کیجئے اللہ سے ان کے لئے اس پر برکت پس فرمایا حضرت نے اچھا پھر منگوایا دسترخوان چمڑے کا اور بچھایا گیا پھر منگوایا بچا ہوا توشہ ان کا پس شروع کیا کسی

يجيء بكف ذرة ويجيء الآخر بكف تمر ويجيء الآخر بكسرة حتى اجتمع على النطع شيء يسير فدعا رسول
کہ لاتا تھا ایک مٹھی چینے کی اور لاتا تھا دوسرا مٹھی کھجور کی اور لاتا تھا کوئی شخص ٹکڑا روٹی کا یہاں تک کہ جمع ہوئے دسترخوان پر تھوڑی سی چیز پس دعا کئے رسول
الله صلى الله عليه وآله وسلم بالبركة ثم قال خذوا في أوعيتكم فأخذوا في أوعيتهم حتى ما تركوا في
خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برکت کی پھر ارشاد فرمایا لو اپنے باسنوں میں سو لیا لوگوں نے اپنے باسنوں میں یہاں تک کہ نہ چھوڑا
العسكر وعاء إلا ملؤوه قال فأكلوا حتى شبعوا وفضلت فضلة فقال رسول الله صلى الله عليه وآله
لشکر میں کوئی باسن مگر بھر دیا اسکو کہا ابوہریرہ نے پس کھایا ساری لشکر نے یہاں تک کہ سیر ہوئے اور باقی رہا بقیہ بہت پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم أشهد أن لا إله إلا الله وأني رسول الله لا يلقى الله بهما عبد غير شاك فيحجب عن الجنة رواه مسلم
وسلم نے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور تحقیق میں ہوں رسول اللہ کا نہ ملیگا اللہ تعالے سے ان دونوں گواہیوں کے ساتھ کوئی بندہ جو نہیں شک کرنیوالا کہ روکا جائے جنت سے

وعن أنس قال كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم عروسا بزينب فعمدت أمي أم سليم إلى تمر وسمن وأقط فصنعت
اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نیا نکاح کئے ہوئے ساتھ زینب کے سو ارادہ کیا میری ماں ام سلیم نے طرف کھجور اور گھی اور قروت کے اور بنایا
حيسا فجعلته في تور فقالت يا أنس اذهب بهذا إلى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقل بعثت بهذا إليك
مالیدہ پھر رکھا اسکو ایک پیالے میں اور کہا اے انس لیجا اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور عرض کر کہ بھیجا ہے اسکو طرف آپ کے
أمي وهي تقرئك السلام وتقول إن هذا لك منا قليل يا رسول الله فذهبت به فقلت فقال ضعه ثم قال اذهب
میری ماں نے اور وہ آپکو سلام کہتی ہے اور عرض کیا ہے کہ یہ تحقیق آپکے لئے ہے ہماری طرف سے تھوڑا یا رسول اللہ پس لے گیا میں اسکو اور عرض کیا میں نے پس فرمایا رکھ دو اسکو پھر فرمایا جا
فادع لي فلانا وفلانا وفلانا رجالا سماهم وادع لي من لقيت فدعوت من سمى ولقيت فرجعت فإذا البيت
اور بلا لا میرے پاس فلانے اور فلانے اور فلانے شخصوں کو جو نام لیا تھا حضرت نے ان کا اور بلا لا میرے پاس جس سے کہ ملے تو سو بلایا میں نے ان کو کہ جن کا نام لیا تھا حضرت نے اور انکو بھی جن سے ملا پھر پھر آیا میں تو گھر
غاص بأهله قيل لأنس عدد كم كانوا قال زهاء ثلاثمائة فرأيت النبي صلى الله عليه وآله وسلم وضع يده على تلك
بھرا ہوا تھا لوگوں سے کسی نے پوچھا انس سے شمار کتنا تھا کہا بقدر تین سو کے پس دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو رکھتے تھے دست مبارک اپنا اس
الحيسة وتكلم بما شاء الله ثم جعل يدعو عشرة عشرة يأكلون منه ويقول لهم اذكروا اسم الله وليأكل كل
حلوے پر اور کلام ساتھ اس چیز کے کہ چاہا اللہ تعالے نے پھر شروع کیا حضرت نے بلانا دس دس کو درحالیکہ کھاتے تھے وہ اس سے اور فرماتے تھے حضرت انکو یاد کرو نام اللہ کا اور چاہئے کہ کھائے ہر
رجل مما يليه قال فأكلوا حتى شبعوا فخرجت طائفة ودخلت طائفة حتى أكلوا كلهم قال لي يا أنس ارفع فرفعت
شخص اس طرف سے کہ نزدیک ہے اسکے کہا انس نے پس کھایا انہوں نے یہاں تک کہ سیر ہوئے پس نکلتی تھی ایک جماعت اور داخل ہوتی تھی ایک جماعت یہاں تک کہ کھایا سب نے فرمایا مجھکو اے انس اٹھا لے سو اٹھایا میں نے
فما أدري حين وضعت كان أكثر أم حين رفعت متفق عليه وعن جابر قال غزوت مع رسول الله صلى الله عليه و
پس نہیں جانتا میں کہ جب رکھا تھا میں نے زیادہ تھا یا جب اٹھایا میں نے متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہا غزوہ کیا میں نے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ و
آله وسلم وأنا على ناضح قد أعيى فلا يكاد يسير فتلاحق بي النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال ما لبعيرك قلت قد
وآلہ وسلم کے اس حال میں کہ میں سوار تھا اوپر اونٹ آب کشی کے کہ تھک گیا تھا نزدیک تھا کہ نہ چل سکے پس ملے مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا ہے تیرے اونٹ کو عرض کی میں نے
عيي فتخلف رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فزجره فدعا له فما زال بين يدي الإبل قدامها يسير فقال لي كيف
تھک گیا ہے پس پیچھے ٹھہرے اسکے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہانکا اسکو اور دعا کی اسکے لئے پس ہمیشہ تھا وہ آگے اونٹوں کے چلتا تھا پھر فرمایا مجھکو کیسا

تری بعیرک قلت خیر قد اصابته برکتک قال افتبیعنیه بوقیة فبعته ...

قدم رسول الله المدینة غدوت علیه بالبعیر فاعطانی ثمنه وردّه علیّ متفق علیه وعن ابی حمید الساعدی

پہنچے رسول خدا مدینے کو صبح کو لیکر گیا میں حضرت کے پاس اونٹ کو پس دیا مجھکو قیمت اسکی اور پھر دیا اونٹ مجھکو متفق علیہ اور روایت ہے ابی حمید ساعدی سے

قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم غزوة تبوك فاتينا وادي القرى على حديقة لامرأة فقال

کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوہ تبوک میں پس آئے ہم وادی قری میں ایک باغیچہ پر کسی عورت کے پس فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اخرصوها فخرصناها وخرصها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عشرة اوسق

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اندازہ کرو اسکے لئے درختوں کے میوے کا سو اندازہ کیا ہم نے اسکو اور اندازہ کیا اسکا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دس وسق

وقال احصيها حتى نرجع اليك ان شاء الله تعالى وانطلقنا حتى قدمنا تبوك فقال رسول الله صلى الله عليه

اور فرمایا حفظ کر یاد رکھ اسکو یہانتک کہ پھر آویں ہم طرف تیری اگر چاہے اللہ تعالیٰ اور چلے ہم یہانتک کہ پہنچے ہم تبوک میں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وآله وسلم ستهب عليكم الليلة ريح شديدة فلا يقم فيها احد فمن كان له بعير فليشد عقاله فهبت

واٰلہ وسلم نے قریب ہے کہ چلے تم پر آج کی رات باد سخت سو نہ کھڑا ہووے اسمیں کوئی اور جس شخص کے ہو اونٹ پس چاہیے کہ مضبوط باندھے بندھن اسکا پس چلی

پس بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے عثمان کو اور ہوئی بیعت الرضوان بعد جانے عثمان کے طرف مکے کے تب اشارہ کیا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدہ الیمنی ہذہ ید عثمان فضرب بہا علی یدہ وقال ہذہ لعثمان ثم قال ابن عمر اذہب بہا الآن

صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے سیدھے ہاتھ سے یہ ہاتھ عثمان کا ہے پس مارا اسکو اپنے ہاتھ پر اور فرمایا یہ بیعت ہے واسطے عثمان کے پھر کہا ابن عمر نے لیجا ان کو اب

معک رواہ البخاری وعن ابی سہلۃ مولی عثمان قال جعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم یسر الی عثمان ولون عثمان یتغیر

ساتھ اپنے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سہلہ مولی عثمان سے کہا کہ شروع کیا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے سرگوشی کرتے تھے عثمان سے اور رنگ عثمان کا متغیر ہوتا

فلما کان یوم الدار قلنا الا نقاتل قال لا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عہد الی امرا فانا صابر نفسی علیہ

پھر جبکہ ہوا یوم الدار کہا ہمنے کیا نہ لڑیں ہم ان سے کہا عثمان نے نہ لڑو واسطے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وصیت کی مجھکو ایک امر کی پس روکنے والا ہوں اپنے نفس کو اس پر

وعن ابی حبیبۃ انہ دخل الدار وعثمان محصور فیہا وانہ سمع ابا ہریرۃ یستاذن عثمان فی الکلام فاذن

اور روایت ہے ابی حبیبہ تابعی سے کہ وہ داخل ہوا گھر میں عثمان کے اس حال میں کہ عثمان گھیرے گئے تھے گھر میں اور تحقیق ابی حبیبہ نے سنا ابوہریرہ کو کہ اجازت مانگتے ہیں عثمان سے کلام کرنے میں پس اذن دیا

لہ فقام فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول انکم ستلقون بعدی فتنۃ واختلافا

اسکو پس کھڑے ہوئے ابوہریرہ اور حمد کی اللہ کی اور ثنا کی اسپر پھر کہا ابوہریرہ نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تحقیق تم دیکھو گے پیچھے میرے بلائیں اور بہت اختلاف

او قال اختلافا وفتنۃ فقال لہ قائل من الناس فمن لنا یا رسول اللہ او ما تامرنا بہ قال علیکم بالامیر واصحابہ وہو یشیر الی عثمان

یا فرمایا پہلے اختلاف اور بعد فتنہ پس کہا حضرت سے کوئی کہنے والا لوگوں میں سے پس کون ہے ہمارے لئے یا رسول اللہ یا کیا حکم کرتے ہو ہمکو ساتھ اسکے فرمایا لازم پکڑو تم امیر کو اور اسکے یاروں کو اور حضرت اشارہ کرتے تھے طرف عثمان کی

ذلک رواہما البیہقی فی دلائل النبوۃ

یہ دونوں حدیثیں روایت کیا ان دو کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں

باب مناقب ہؤلاء الثلثۃ رضی اللہ عنہم

باب مناقب میں ان تینوں کے رضی اللہ عنہم

الفصل الاول

فصل پہلی

عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صعد احدا وابو بکر وعمر وعثمان فرجف بہم فضربہ برجلہ فقال اثبت

روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے چڑھے احد پر اور چڑھے ابوبکر اور عمر اور عثمان بھی ساتھ حضرت کے پس ہلا احد سبب ان کے پس مارا حضرت نے اسکو اپنے پاؤں سے پس فرمایا ٹھہر

احد فانما علیک نبی وصدیق وشہیدان رواہ البخاری وعن ابی موسی الاشعری قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے احد پس نہیں ہے تجھ پر مگر نبی اور صدیق اور دو شہید روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا تھا میں ساتھ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے

فی حائط من حیطان المدینۃ فجاء رجل فاستفتح فقال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افتح لہ وبشرہ بالجنۃ ففتحت لہ

ایک باغ میں باغوں سے مدینہ کے پس آیا ایک شخص اور کھلوایا دروازہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی پس کھولا میں نے

فاذا ابو بکر فبشرتہ بما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم جاء رجل فاستفتح فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

دروازہ تو وہ ابوبکر تھے پس خوشخبری دی میں نے اسکو ساتھ اس چیز کے جو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے پس شکر کیا ابوبکر نے اللہ کا پھر آیا ایک شخص اور کھلوایا دروازہ تو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

افتح لہ وبشرہ بالجنۃ ففتحت لہ فاذا ہو عمر فاخبرتہ بما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم استفتح رجل

کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی پس کھولا میں نے اسکے لئے دروازہ تو ناگہاں وہ عمر تھے پس خبر دی میں نے ساتھ اس چیز کے جو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس شکر کیا عمر نے اللہ کا پھر کھلوایا

فقال لی افتح لہ وبشرہ بالجنۃ علی بلوی تصیبہ فاذا عثمان فاخبرتہ بما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم

تو فرمایا مجھکو حضرت نے کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی ساتھ بلائے عظیم کے جو پہنچیگی اسکو تو وہ عثمان تھے پس خبر دی میں نے ان کو جو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس شکر کیا عثمان نے اللہ کا پھر

قال الله المستعان متفق علیه **الفصل الثانی** عن ابن عمر قال کنا نقول ورسول الله صلی الله علیه وسلم حی

کہا الله سے طلب مدد کی جاتی ہے متفق علیہ فصل دوسری روایت ہے ابن عمرؓ سے کہا کہ کہتے تھے ہم جس وقت کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم زندہ تھے

ابوبکر وعمر وعثمان رضی الله عنهم رواه الترمذی **الفصل الثالث** عن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم

ابوبکر اور عمر اور عثمان راضی رہے اللہ ان سے روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے جابرؓ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال اُری اللیلة رجل صالح کان ابا بکر نیط برسول الله صلی الله علیه وسلم ونیط عمر بابی بکر ونیط عثمان بعمر قال جابر فلما

قمنا من عند رسول الله صلی الله علیه وسلم قلنا اما الرجل الصالح فرسول الله صلی الله علیه وسلم واما نوط بعضهم ببعض

اٹھے ہم نزدیک سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہتے ہم لیکن رجل صالح مراد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور لیکن لٹکانا بعضوں کا ساتھ بعضوں کے

فهم ولاة الامر الذی بعث الله به نبیه صلی الله علیه وسلم رواه ابو داود **باب مناقب علی بن ابی طالب الفصل**

پس یہ والی اس کام کے ہیں کہ بھیجا اللہ تعالیٰ نے ساتھ اسکے نبی کو اپنے صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو ابو داود نے باب مناقب علی بن ابی طالب کے فصل

الاول عن سعد بن ابی وقاص قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعلی انت منی بمنزلة هارون من موسی الا

پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسیٰ سے مگر فرق

انه لا نبی بعدی متفق علیه وعن زر بن حبیش قال قال علی والذی فلق الحبة وبرأ النسمة انه لعهد النبی

الامی صلی الله علیه وسلم الی ان لا یحبنی الا مؤمن ولا یبغضنی الا منافق رواه مسلم وعن سهل بن سعد

ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یوم خیبر لاعطین هذه الرایة غدا رجلا یفتح الله علی یدیه یحب الله ورسوله ویحبه

کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن غزوہ خیبر کے کہ دونگا میں یہ نشان کل کے دن ایک مرد کو کہ فتح کریگا اللہ تعالیٰ اسکے ہاتھوں پر دوست رکھتا ہے اللہ کو اور اسکے رسول کو اور دوست رکھتا ہے

الله ورسوله فلما اصبح الناس غدوا علی رسول الله صلی الله علیه وسلم کلهم یرجون ان یعطاها فقال این علی بن ابی طالب

فقالوا هو یا رسول الله یشتکی عینیه قال فارسلوا الیه فاتی به فبصق رسول الله صلی الله علیه وسلم فی عینیه فبرئ

حتی کان لم یکن به وجع فاعطاه الرایة فقال علی یا رسول الله اقاتلهم حتی یکونوا مثلنا قال انفذ علی رسلك حتی

تنزل بساحتهم ثم ادعهم الی الاسلام واخبرهم بما یجب علیهم من حق الله فیه فوالله لان یهدی الله بك رجلا

واحدا خیر لك من ان یکون لك حمر النعم متفق علیه وذکر حدیث البراء قال لعلی انت منی وانا منك فی باب بلوغ الصغیر

بہتر ہے تیرے لئے اس سے کہ ہوویں تیرے واسطے اونٹ سرخ مو اور ذکر کی گئی حدیث براءؓ کی فرمایا علی کو تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے باب بلوغ الصغیر میں

الفصل الثانی عن عمران بن حصين ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ان عليا مني وانا منه وهو ولي كل مؤمن

فصل دوسری ۔ روایت ہے عمران بن حصین سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور علی دوست ہے ہر مومن کا

رواه الترمذي **وعن** زيد بن ارقم ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من كنت مولاه فعلي مولاه رواه احمد والترمذي

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ میں ہوں دوست اسکا پس علی دوست اسکا ہے روایت کی اسکی احمد اور ترمذی نے

وعن حبشي بن جنادة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم علي مني وانا من علي ولا يؤدي عني الا انا او علي رواه

اور روایت ہے حبشی بن جنادہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور نہ ادا کرے عہد کو میری طرف سے مگر میں یا علی

الترمذي ورواه احمد عن ابي جنادة **وعن** ابن عمر قال آخى رسول الله صلى الله عليه وسلم بين اصحابه فجاء علي تدمع

ترمذی اور احمد نے ابی جنادہ سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ بھائی چارہ کروایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان اپنے یاروں کے پس آئے علی آنسو

عيناه فقال آخيت بين اصحابك ولم تؤاخ بيني وبين احد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انت اخي في الدنيا

آنکھیں انکی پس کہا علی نے کہ بھائی چارہ کروایا آپ نے درمیان اپنے یاروں کے اور بھائی چارہ کروایا آپ نے درمیان میرے اور کسی کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو بھائی ہے میرا دنیا

والآخرة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب **وعن** انس قال كان عند النبي صلى الله عليه وسلم طير فقال

اور آخرت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا تھا نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک جانور پرند پس فرمایا

اللهم ائتني باحب خلقك اليك ياكل معي هذا الطير فجاءه علي فاكل معه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب **وعن** علي رض

خداوندا لا میرے پاس اسکو کہ بہت پیارا ہو نزدیک تیرے کہ کھاوے وہ ساتھ میرے اس جانور کو پھر آئے حضرت کے پاس علی اور کھایا ساتھ ان کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی سے

قال كنت اذا سالت رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطاني واذا سكت ابتداني رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن

کہا تھا میں جب مانگتا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ دیتے مجھکو اور جب خاموش ہو رہتا میں دیتے مجھکو بے سوال روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن

غريب **وعنه** قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا دار الحكمة وعلي بابها رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

غریب ہے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں گھر حکمت کا ہوں اور علی دروازہ اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وقال روى بعضهم هذا الحديث عن شريك ولم يذكروا فيه عن الصنابحي ولا نعرف هذا الحديث عن احد

اور کہا ترمذی نے روایت کی بعضوں نے یہ حدیث شریک تابعی سے اور نہیں ذکر کی اپنے اسناد میں صنابحی سے اور نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو کسی

من الثقات غير شريك **وعن** جابر قال دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا يوم الطائف فانتجاه فقال الناس لقد

ثقات سے سوا شریک کے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی کو غزوہ طائف کے دن پس سرگوشی کی ان سے پس کہا لوگوں نے

طال نجواه مع ابن عمه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما انتجيته ولكن الله انتجاه رواه الترمذي **وعن** ابي سعيد

دراز ہوئی سرگوشی آپکی ساتھ اپنے چچا کے بیٹے کے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں سرگوشی کی میں نے اس سے لیکن اللہ نے سرگوشی کی اس سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لعلي يا علي لا يحل لاحد يجنب في هذا المسجد غيري وغيرك قال علي بن

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے علی کو اے علی نہیں حلال ہے کسی کو کہ جنبی ہو اس مسجد میں سوا میرے اور سوا تیرے کہا علی بن

المنذر فقلت لضرار بن صرد ما معنى هذا الحديث قال لا يحل لاحد يستطرقه جنبا غيري وغيرك رواه الترمذي

منذر نے پس کہا میں نے ضرار بن صرد کو کہ کیا معنے ہیں اس حدیث کا کہا نہیں حلال ہے کسی کو کہ راہ کرے مسجد کو حالت جنب میں سوا میرے اور سوا تیرے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث حسن غريب وعن ام عطية قالت بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم جيشا فيهم علي قالت
اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ام عطیہ سے کہا کہ بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر کو کہ انمیں علی تھے کہا ام عطیہ نے

فسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو رافع يديه يقول اللهم لا تمتني حتى تريني عليا رواه الترمذي
پس سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں اٹھائے ہوئے تھے دونوں ہاتھ اپنے فرماتے تھے الہی نہ مار مجھکو یہانتک کہ دکھاوے تو مجھے علی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحب عليا منافق ولا يبغضه مؤمن رواه
فصل تیسری روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں دوست رکھتا علی کو منافق اور نہیں دشمن رکھتا انکو مومن روایت کیا اسکو

احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب اسنادا وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سب عليا
احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے باعتبار اسناد کے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے برا کہا علی کو

فقد سبني رواه احمد وعن علي رض قال قال لي النبي صلى الله عليه وسلم فيك مثل من عيسى ابغضته اليهود
پس تحقیق برا کہا وہ مجھکو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تجھ میں ایک مشابہت ہے عیسی سے دشمن رکھا انکو یہود نے

حتى بهتوا امه واحبته النصارى حتى انزلوه بالمنزلة التي ليست له ثم قال يهلك في رجلان محب مفرط يقرظني
یہانتک کہ تہمت لگائی انکی ماں کو اور دوست رکھا انکو نصاری نے یہانتک کہ اتارا انکو اس مرتبہ پر کہ نہ ثابت تھا انکے لئے پھر کہا علی نے ہلاک ہونگے میرے حق میں دو شخص ایک محبت رکھنے والا حد سے زیادہ تعریف کرنیوالا میری

بما ليس في ومبغض يحمله شناني على ان يبهتني رواه احمد وعن البراء بن عازب وزيد بن ارقم ان رسول الله
ساتھ اس چیز کے کہ نہیں ہے مجھ میں اور دوسرا دشمن کہ باعث ہوگی اسکو دشمنی میری اسپر کہ بہتان لگاویگا مجھپر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے براء ابن عازب اور زید بن ارقم سے کہ رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لما نزل بغدير خم اخذ بيد علي رض فقال الستم تعلمون اني اولى بالمؤمنين من انفسهم قالوا بلى
صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اترے غدیر خم میں پکڑا آنحضرت نے ہاتھ حضرت علی رض کا پھر فرمایا کیا نہیں جانتے ہو تم کہ میں زیادہ تر نزدیک ہوں مومنوں کے انکی جانوں سے بھی کہا صحابہ نے ہاں

قال الستم تعلمون اني اولى بكل مؤمن من نفسه قالوا بلى فقال اللهم من كنت مولاه فعلي مولاه اللهم وال من
فرمایا کیا نہیں جانتے ہو تم کہ میں زیادہ تر دوست ہوں ہر مومن کا اسکی جان سے بھی کہا صحابہ نے مقرر آپ ایسے ہی ہیں پھر فرمایا بارخدایا جو شخص کہ ہوں میں دوست اسکا پس علی دوست اسکا خداوندا دوست رکھ

والاه وعاد من عاداه فلقيه عمر رض بعد ذلك فقال له هنيئا يا ابن ابي طالب اصبحت وامسيت مولى كل مؤمن ومؤمنة
دوست رکھے علی کو اور دشمن رکھ اسکو جو دشمن رکھے انکو پس ملاقات کی علی سے عمر رض نے بعد اسکے پس کہا عمر نے علی کو خوشی ہو ای ابن ابی طالب صبح کی تمنے اور شام کی تمنے دوست ہر مومن مرد اور عورت کا

رواه احمد وعن بريدة قال خطب ابوبكر وعمر فاطمة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انها صغيرة ثم خطبها علي
روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ پیغام نسبت کا بھیجا ابوبکر اور عمر نے فاطمہ سے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ چھوٹی ہے پھر پیغام بھیجا انکی طلب کا فاطمہ کے لئے علی نے

فزوجها منه رواه النسائي وعن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بسد الابواب الا باب علي رواه
پس نکاح کر دیا حضرت نے فاطمہ کو علی سے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا دروازوں بند کرنے کا سوائے دروازہ علی کے روایت کیا

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن علي رض قال كانت لي منزلة من رسول الله صلى الله عليه وسلم لم تكن لاحد من
ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی رض سے کہا تھا میرے لئے ایک مرتبہ نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ تھا کسی کے لئے

الخلائق آتيه باعلى سحر فاقول السلام عليك يا نبي الله فان تنحنح انصرفت الى اهلي والا دخلت عليه رواه النسائي وعنه
خلائق سے آتا تھا میں حضرت کے پاس اول وقت سحر کے پس کہتا تھا میں السلام علیک یا نبی اللہ پھر اگر کھنکارتے آنحضرت پھر جاتا میں [illegible]

قال كنت شاكيا فمر بي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا اقول اللهم ان كان اجلي قد حضر فارحني وان كان متاخرا فارفعني
کہا تھا میں بیمار گذرے مجھ پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور میں کہہ رہا تھا الہی اگر اجل میری تحقیق آپہنچی ہے راحت دے مجھکو اور اگر ڈھیل ہے تو فراخ کر زندگانی میری

وان كان بلاء فصبرني فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف قلت فاعاد عليه ما قال فضربه برجله وقال اللهم عافه
اور اگر ہے یہ بیماری واسطے آزمائش کے تو صبر دے مجھکو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کہا تو نے پھر دوبارہ کہا اسکو [illegible] پس مارا اسکو پاؤں سے اور فرمایا الہی عافیت دے اسکو

او اشفه شك الراوي قال فما اشتكيت وجعي بعد رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح

یا فرمایا شفا بخش اسکو شک کیا راوی نے کہا علی نے پس نہیں بیمار ہوا میں اس درد سے بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب مناقب العشرة رضي الله عنهم

باب مناقب عشرہ مبشرہ کے خوش ہووے اللہ ان سے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عمر رض قال ما احد احق بهذا الامر من هؤلاء النفر الذين توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو عنهم راض فسمى عليا وعثمان والزبير وطلحة وسعدا وعبد الرحمن رواه البخاري
روایت ہے عمر رض سے کہا نہیں ہے کوئی سزاوار تر اس کام کا ان چند شخصوں سے کہ وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس حال میں کہ آپ راضی تھے ان سے پس نام لیا علی اور عثمان اور زبیر اور طلحہ اور سعد اور عبد الرحمن کا روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن قيس بن ابي حازم قال رايت يد طلحة شلاء وقى بها النبي صلى الله عليه وسلم يوم احد رواه البخاري
اور روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہا دیکھا میں نے ہاتھ طلحہ کا شل ہوگیا تھا بچایا تھا اسکے ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جنگ احد کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن جابر قال قال النبي صلى الله عليه وسلم من ياتيني بخبر القوم يوم الاحزاب قال الزبير انا فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان لكل نبي حواريا وحواري الزبير متفق عليه
اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ لاوے میرے پاس خبر قوم کفار کی غزوہ خندق کے دن کہا زبیر نے میں لاتا ہوں خبر تو پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر نبی کے لیے مددگار خاص ہوتا ہے اور مددگار میرا زبیر ہے ق

وعن الزبير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ياتي بني قريظة فياتيني بخبرهم فانطلقت فلما رجعت جمع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ابويه فقال فداك ابي وامي متفق عليه
اور روایت ہے زبیر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کون جاوے بنی قریظہ کے پاس اور لاوے میرے پاس خبر انکی پس چلا میں پھر جب پھر آیا خبر لیکر جمع کئے میرے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ماں باپ کو اور فرمایا قربان تجھ پر باپ اور ماں میری ق

وعن علي رض قال ما سمعت النبي صلى الله عليه وسلم جمع ابويه لاحد الا لسعد بن مالك فاني سمعته يقول يوم احد يا سعد ارم فداك ابي وامي متفق عليه
اور روایت ہے علی سے کہا نہیں سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ جمع کیا ہو اپنے ماں باپ کو کسی کے لیے مگر واسطے سعد بن مالک کے پس تحقیق سنا میں نے حضرت کو فرماتے تھے روز جنگ احد کے اے سعد پھینک تیر قربان ہوں تجھ پر باپ اور ماں میرے ق

وعن سعد بن ابي وقاص قال اني لاول العرب رمى بسهم في سبيل الله متفق عليه
اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا تحقیق میں اول عرب کا ہوں کہ پھینکا تیر خدا کی راہ میں ق

وعن عائشة قالت سهر رسول الله صلى الله عليه وسلم مقدمه المدينة ليلة فقال ليت رجلا صالحا يحرسني الليلة اذ سمعنا صوت سلاح فقال من هذا قال انا سعد قال ما جاء بك قال وقع في نفسي خوف على رسول الله صلى الله عليه وسلم فجئت احرسه فدعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم نام متفق عليه
اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نہ سوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم وقت آنے مدینہ میں کسی غزوہ سے ایک رات پس فرمایا حضرت نے کاش کہ ایک مرد نیک نگہبانی کرے میری آج کی رات ناگاہ سنا ہم نے آواز ہتھیار کی پس فرمایا کون ہے یہ کہا میں سعد ہوں فرمایا کس چیز نے لایا تجھکو کہا میرے دل میں خوف ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے پس آیا میں کہ نگہبانی کروں آپکی پس دعا کی اسکے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر آرام فرمایا ق

وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لكل امة امين وامين هذه الامة ابو عبيدة بن الجراح متفق عليه وعن ابن ابي مليكة قال سمعت عائشة وسئلت من
واسطے ہر امت کے ایک امانت دار ہے اور امانت دار اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے ۔ ق × اور روایت ہے ابی ملیکہ تابعی سے کہا سنا میں نے عائشہ سے جس حال میں کہ پوچھی گئیں

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مستخلفا لو استخلفه قالت ابو بكر فقيل ثم من بعد ابي بكر قالت عمر قيل من بعد
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خلیفہ بنایا کسے اگر فرضاً خلیفہ کرتے اسکو اپنے سامنے کہا عائشہ نے ابو بکر کو پھر کہا گیا پھر کسکو کرتے بعد ابی بکر کے کہا عائشہ نے عمر کو پوچھا گیا کون بعد

عمر قالت ابو عبيدة بن الجراح رواه مسلم وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان على حراء هو وابو بكر وعمر
عمر کے بولیں ابو عبیدہ بن الجراح کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے حرا پر آپ اور ابو بکر اور عمر

وعثمان وعلي وطلحة والزبير فتحركت الصخرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اهدأ فما عليك الا نبي او صديق او
اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر پس ہلا پتھر حرا کا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھہر جا پس نہیں ہے تجھ پر مگر پیغمبر یا صدیق یا

شهيد وزاد بعضهم وسعد بن ابي وقاص ولم يذكر عليا رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عبد الرحمن
شہید اور زیادہ کیا بعضوں نے یہ لفظ اور سعد بن ابی وقاص اور ذکر نہیں کیا علی کو روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے عبد الرحمن

ابن عوف ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ابو بكر في الجنة وعمر في الجنة وعثمان في الجنة وعلي في الجنة وطلحة في الجنة
ابن عوف سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو بکر بہشت میں ہے اور عمر بہشت میں ہے اور عثمان بہشت میں ہے اور علی بہشت میں ہے اور طلحہ جنت میں ہے

والزبير في الجنة وعبد الرحمن بن عوف في الجنة وسعد بن ابي وقاص في الجنة وسعيد بن زيد في الجنة وابو عبيدة بن
اور زبیر بہشت میں ہے اور عبد الرحمن بن عوف بہشت میں ہے اور سعد ابن ابی وقاص بہشت میں ہے اور سعید بن زید بہشت میں ہے اور ابو عبیدہ بن

الجراح في الجنة رواه الترمذي ورواه ابن ماجة عن سعيد بن زيد وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ارحم
الجراح بہشت میں ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے سعید بن زید سے ۳ اور روایت ہے انس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا مہربان زیادہ

امتي بامتي ابو بكر واشدهم في امر الله عمر واصدقهم حياء عثمان وافرضهم زيد بن ثابت واقرؤهم ابي بن كعب
میری امت کا میری امت پر ابو بکر ہے اور سخت تر میری امت کا دین خدا کے کام میں عمر ہے اور بہت سچا انکا حیا میں عثمان ہے اور بہت فرائض جاننے والا امت کا زید بن ثابت ہے اور بہت قاری ابی بن کعب ہے

واعلمهم بالحلال والحرام معاذ بن جبل ولكل امة امين وامين هذه الامة ابو عبيدة بن الجراح رواه احمد والترمذي
اور بہت جاننے والا امت کا حلال حرام میں معاذ بن جبل ہے اور ہر امت کے لئے ایک امین ہے اور امین اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وقال هذا حديث حسن صحيح وروي عن معمر عن قتادة مرسلا وفيه واقضاهم علي وعن الزبير قال كان على النبي
اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے معمر سے قتادہ سے بطریق ارسال کے اور اسمیں ہے اور حکم کرنے والا زیادہ امت میں علی ہے اور روایت ہے زبیر سے کہا تھیں نبی

صلى الله عليه وسلم يوم احد درعان فنهض الى الصخرة فلم يستطع فقعد طلحة تحته حتى استوى على الصخرة فسمعت
صلی اللہ علیہ وسلم پر جنگ احد کے دن دو زرہیں پھر متوجہ ہوئے طرف پتھر کے پس نہ چڑھ سکے پس بیٹھے طلحہ نیچے حضرت کے یہاں تک کہ ٹھہر گئے اس پتھر پر پس سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اوجب طلحة رواه الترمذي وعن جابر قال نظر رسول الله صلى الله عليه وسلم الى
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے واجب کی طلحہ نے بہشت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف

طلحة بن عبيد الله قال من احب ان ينظر الى رجل يمشي على وجه الارض وقد قضى نحبه فلينظر الى هذا وفي رواية من
طلحہ بن عبید اللہ کے فرمایا جو کوئی دوست رکھے کہ دیکھے طرف اس شخص کے کہ چلتا ہے روئے زمین پر جس حال میں کہ تحقیق مر چکا ہے وہ تو چاہیے کہ دیکھے طرف اسکے اور ایک روایت میں ہے جسکو

سرّه ان ينظر الى شهيد يمشي على وجه الارض فلينظر الى طلحة بن عبيد الله رواه الترمذي وعن علي رض قال

خوش کرے اسکو کہ دیکھے طرف شہید کے چلتا ہو اوپر زمین پر تو چاہیے کہ دیکھے طرف طلحہ بن عبید اللہ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا

سمعت اذني من في رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول طلحة والزبير جاراي في الجنة رواه الترمذي وقال هذا حديث

سنا میرے دونوں کانوں نے منہ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے فرماتے تھے طلحہ اور زبیر ہمسایہ میرے ہیں بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غريب وعن سعد بن ابي وقاص ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يومئذ يعني يوم احد اللهم اشدد رميته

غریب ہے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن یعنے روز احد کے خداوندا قوی کر تیر اندازی اسکی

واجب دعوته رواه في شرح السنة وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اللهم استجب لسعد اذا دعاك

اور قبول کر دعا اسکی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الہی قبول کر دعا سعد کی جب دعا کرے تجھ سے

رواه الترمذي وعن علي رض قال ما جمع رسول الله صلى الله عليه وسلم اباه وامه الا لسعد قال له يوم احد ارم فداك

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا نہیں جمع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے باپ اور ماں اپنے کو مگر واسطے سعد کے فرمایا اسکو احد کے دن پھینک تیر فدا ہوں

ابي وامي وقال له ارم ايها الغلام الحزور رواه الترمذي وعن جابر قال اقبل سعد فقال النبي صلى الله عليه وسلم

باپ میرا اور ماں اور فرمایا واسطے اسکے پھینک تیر اے نوجوان قوی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا آئے سعد پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

هذا خالي فليرني امرء خاله رواه الترمذي وقال كان سعد من بني زهرة وكانت ام النبي صلى الله عليه وسلم من بني

یہ ہے ماموں میرا پس چاہیے کہ دکھاوے کوئی شخص اپنا ماموں کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا تھے سعد قبیلہ بنی زہرہ سے اور والدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبیلہ بنی

زهرة فلذلك قال النبي عليه السلام هذا خالي وفي المصابيح فليكرمن بدل فليرني

الفصل الثالث

عن

زہرہ سے پس اسی سبب سے فرمایا نبی علیہ السلام نے کہ یہ ماموں میرا ہے اور مصابیح میں ہے فلیکرمن بدلے فلیرنی کے فصل تیسری روایت ہے

قيس بن ابي حازم قال سمعت سعد بن ابي وقاص يقول اني لاول رجل من العرب رمى بسهم في سبيل الله ورأيتنا نغزو مع

قیس بن ابی حازم سے کہا سنا میں نے سعد بن ابی وقاص کو کہتے تھے تحقیق میں اول شخص ہوں عرب میں سے کہ پھینکا تیر راہ خدا میں اور دیکھا میں نے اپنے تئیں جہاد کرتے تھے ہم

رسول الله صلى الله عليه وسلم وما لنا طعام الا الحبلة وورق السمر وان كان احدنا ليضع كما تضع الشاة ما له خلط ثم

ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہ تھا ہمارے لئے کچھ کھانا مگر پھل کیکر کے اور پتے ببول کے اور تحقیق ایک ہمارا پاخانہ پھرتا تھا جیسے بکری [illegible]

اصبحت بنو اسد تعزرني على الاسلام لقد خبت اذا وضل عملي وكانوا وشوا به الى عمر وقالوا لا يحسن يصلي متفق

ہو گئے بنو اسد توبیخ کرتے ہیں مجھکو اسلام پر البتہ محروم ہوا میں اس صورت میں اور گم ہوا عمل میرا اور تھے کہ شکایت کی تھی اسکی طرف عمر کے اور کہتے تھے کہ نہیں اچھی طرح نماز پڑھتا [illegible]

عليه وعن سعد قال رأيتني وانا ثالث الاسلام وما اسلم احد الا في اليوم الذي اسلمت فيه ولقد مكثت

اور روایت ہے سعد سے کہا دیکھا میں نے اپنے تئیں اور میں تیسرا تہائی اسلام کا اور نہیں اسلام لایا کوئی مگر اسی دن جس دن میں اسلام لایا اور تحقیق ٹھیرا

سبعة ايام واني لثلث الاسلام رواه البخاري وعن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول لنسائه

سات دن اس حال میں کہ میں تہائی اسلام کا تھا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنی بیبیوں کو

ان امركن مما يهمني من بعدي ولن يصبر عليكن الا الصابرون الصديقون قالت عائشة يعني المتصدقين ثم

کہ حال تمہارا ان چیزوں میں سے ہے کہ فکر میں ڈالتی ہیں مجھکو بعد میرے اور ہرگز نہیں صبر کرینگے احوال پر تمہارے مگر صبر کرنے والے صدیق کہا عائشہ نے یعنی صدقہ دینے والے پھر

قالت عائشة لابي سلمة بن عبد الرحمن سقى الله اباك من سلسبيل الجنة وكان ابن عوف قد تصدق على امهات

کہا عائشہ نے ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے کہ سیراب کرے الله تعالی تیرے باپ کو سلسبیل جنت سے اور تھا عبد الرحمن بن عوف کہ تصدق کیا تھا انہوں نے

المؤمنين بحديقة بيعت باربعين الفا رواه الترمذي وعن ام سلمة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

مومنین پر ایک باغ کہ بیچا گیا چالیس ہزار کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی الله علیہ وسلم کو

يقول لازواجه ان الذي يحثو عليكن بعدي هو الصادق البار اللهم اسق عبد الرحمن بن عوف من سلسبيل الجنة

فرماتے تھے اپنی بیبیوں کو تحقیق وہ شخص کہ دے گا تمکو اپنے لپوں سے بعد میرے وہی سچا نیکوکار ہے الہی سیراب کر عبد الرحمن بن عوف کو چشمہ جنت سے

رواه احمد وعن حذيفة قال جاء اهل نجران الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا يا رسول الله ابعث الينا رجلا

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ آئے نجران والے رسول خدا صلی الله علیہ وسلم کے پاس پس عرض کیا انہوں نے یا رسول الله بھیج طرف ہمارے ایک شخص

امينا فقال لابعثن اليكم رجلا امينا حق امين فاستشرف لها الناس قال فبعث ابا عبيدة ابن الجراح متفق عليه وعن

امانت دار کو پس فرمایا البتہ بھیجونگا [illegible] پس بھیجا ابا عبیدہ بن جراح کو [illegible] اور روایت ہے

علي رض قال قيل يا رسول الله من نؤمر بعدك قال ان تؤمروا ابا بكر تجدوه امينا زاهدا في الدنيا راغبا في الاخرة

علی رض سے کہا کسی نے پوچھا یا رسول الله کسکو امیر کریں ہم بعد آپ کے فرمایا اگر امیر کرو تم ابوبکر کو پاؤ گے تم اسکو امانت دار بے رغبت دنیا سے رغبت کرنے والا آخرت کی

وان تؤمروا عمر تجدوه قويا امينا لا يخاف في الله لومة لائم وان تؤمروا عليا ولا اراكم فاعلين تجدوه هاديا

اور اگر امیر کرو عمر کو پاؤ گے تم اسکو قوی اور امانت دار کہ نہیں ڈرتا بیچ دین خدا کے ملامت کسی ملامت کرنے والے کی اور اگر امیر کرو گے علی کو حالانکہ میں نہیں دیکھتا تمکو کرنیوالے پاؤ گے اسکو ہادی

مهديا ياخذ بكم الطريق المستقيم رواه احمد وعن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رحم الله ابا بكر زوجني

ہدایت پایا گیا راہ بتلائیگا تمکو راہ سیدھی روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے رحمت کرے الله ابا بکر کو کہ نکاح کر دیا مجھے

ابنته وحملني الى دار الهجرة وصحبني في الغار واعتق بلالا من ماله رحم الله عمر يقول الحق وان كان مرا تركه الحق وماله

اپنی بیٹی سے اور سوار کر لایا مجھکو اونٹنی پر طرف دار ہجرت کے اور ساتھ رہا میرے غار میں اور آزاد کیا بلال کو اپنے مال سے رحمت کرے الله عمر کو کہتا ہے حق اگرچہ ہو تلخ چھوڑ دیا اسکو حق نے کہ نہیں اسکا

من صديق رحم الله عثمان تستحييه الملائكة رحم الله عليا اللهم ادر الحق معه حيث دار رواه الترمذي وقال

کوئی دوست رحمت کرے الله عثمان کو حیا کرتے ہیں اس سے فرشتے رحمت کرے الله علی کو خداوندا پھیر حق کو ساتھ علی کے جس طرف پھرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

هذا حديث غريب

باب مناقب اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم

الفصل الاول

عن سعد بن ابي وقاص قال لما

یہ حدیث غریب ہے باب مناقب اہل بیت نبی صلی الله علیہ وسلم کے فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا جب وقت کہ

نزلت هذه الاية ندع ابناءنا وابناءكم دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا وفاطمة وحسنا وحسينا فقال

اتری یہ آیت بلاویں ہم اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو بلایا پیغمبر خدا صلی الله علیہ وسلم نے علی کو اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو پس فرمایا

اللهم هؤلاء اهل بيتي رواه مسلم وعن عائشة قالت خرج النبي صلى الله عليه وسلم غداة وعليه مرط مرحل من

خداوندا یہ ہیں اہل بیت میرے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ باہر نکلے نبی صلی الله علیہ وسلم ایک صبح کو اور حال یہ کہ آپ پر کملی تھی منقش

شعر اسود فجاء الحسن بن علي رض فادخله ثم جاء الحسين فدخل معه ثم جاءت فاطمة فادخلها ثم جاء علي فادخله

سیاہ بالوں سے پھر آئے حسن بن علی رض پس داخل کیا انکو ساتھ اپنے پھر آئے حسین پس داخل ہوئے ساتھ انکے پھر آئیں فاطمہ پس داخل کیا انکو پھر آئے علی پس داخل کیا انکو

ثم قال إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا رواه مسلم وعن البراء قال لما توفي إبراهيم

پھر پڑھی یہ آیت نہیں چاہتا ہے خدا تعالیٰ مگر یہ کہ دور کرے تم سے گناہوں کی پلیدی اے اہل بیت اور پاک کرے تم کو پاک کرنا روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے براء سے کہا جب فوت ہوئے ابراہیم

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن له مرضعا في الجنة رواه البخاري وعن عائشة قالت كنا أزواج النبي صلى الله

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ابراہیم کے لئے دودھ پلانے والی ہے بہشت میں روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں تھے ہم بیبیاں نبی صلی اللہ

عليه وسلم عنده فأقبلت فاطمة ما تخفى مشيتها من مشية رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما رآها قال مرحبا بابنتي

علیہ وسلم کے نزدیک حضرت کے پس آئیں فاطمہ نہیں چھپتی تھی چال فاطمہ کی چال سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جبکہ دیکھا حضرت نے فاطمہ کو فرمایا فراخی ہو میری بیٹی کو

ثم أجلسها ثم سارها فبكت بكاء شديدا فلما رأى حزنها سارها الثانية فإذا هي تضحك فلما قام رسول الله صلى الله

پھر بٹھایا فاطمہ کو حضرت نے پھر بات کی ان سے چپکے سے پس رونے لگیں فاطمہ رونا سخت پھر جب دیکھا حضرت نے بہت غمگینی فاطمہ کی چپکے سے کہا ان سے دوسری بار پس ناگاہ فاطمہ ہنسنے لگیں

عليه وسلم سألتها عما سارك قالت ما كنت لأفشي على رسول الله صلى الله عليه وسلم سره فلما توفي قلت عزمت عليك

علیہ وسلم وہاں سے پوچھا میں نے فاطمہ سے کیا سرگوشی کی حضرت نے تم سے کہا فاطمہ نے نہیں ہوں میں کہ ظاہر کروں بھید رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر جب وفات پائی حضرت نے کہا میں نے قسم دیتی ہوں

بما لي عليك من الحق لما أخبرتني قالت أما الآن فنعم أما حين سارني في الأمر الأول فإنه أخبرني أن جبريل كان يعارضه

تم کو اس حق کے جو واسطے میرے ہے تجھ پر نہیں چاہتی ہوں میں مگر یہ کہ خبر دو تم مجھ کو کہا فاطمہ نے لیکن اب پس ہاں کہتی ہوں لیکن جس وقت کہ چپکے سے کہا حضرت نے مجھ کو اول بار پس خبر دی

القرآن كل سنة مرة وإنه عارضني به العام مرتين ولا أرى الأجل إلا قد اقترب فاتقي الله واصبري فإني نعم السلف أنا لك

قرآن کا ہر برس میں ایک بار اور تحقیق کہ دور کیا مجھ پر قرآن کا اس برس دو بار اور نہیں دیکھتا ہوں میں اجل کو مگر تحقیق نزدیک پہنچی پس تقویٰ کر اے فاطمہ اللہ سے اور صبر کر پس تحقیق میں بہتر آگے جانے والا ہوں تیرے لئے

فبكيت فلما رأى جزعي سارني الثانية قال يا فاطمة ألا ترضين أن تكوني سيدة نساء أهل الجنة أو نساء المؤمنين

پس رونے لگی میں پھر جبکہ دیکھی حضرت نے میری گھبراہٹ سرگوشی کی مجھ سے دوسری بار کہ فرمایا اے فاطمہ کیا راضی نہیں ہوتی ہو کہ ہو تو سردار جنتی عورتوں کی یا فرمایا تمام مسلمان عورتوں کی

وفي رواية فسارني فأخبرني أنه يقبض في وجعه فبكيت ثم سارني فأخبرني أني أول أهل بيته أتبعه فضحكت متفق عليه

اور ایک روایت میں ہے کہا فاطمہ نے پس سرگوشی کی حضرت نے مجھ سے اور خبر دی مجھ کو کہ وفات پاویں گے اس بیماری میں پس روئی میں پھر سرگوشی کی مجھ سے اور خبر دی مجھ کو کہ میں اول اہل بیت ان کے ہوں گی کہ پیچھے جاؤں گی ان کے پس ہنسی میں

وعن المسور بن مخرمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فاطمة بضعة مني فمن أغضبها أغضبني وفي رواية يريبني

اور روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے پس جس نے غصہ دلایا اس کو غصہ دلایا مجھ کو اور ایک روایت میں ہے

ما أرابها ويؤذيني ما آذاها متفق عليه وعن زيد بن أرقم قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما فينا خطيبا بماء

جو چیز کہ بری لگتی ہے اس کو اور ایذا دیتی ہے مجھ کو جو چیز ایذا دیتی ہے فاطمہ کو متفق علیہ اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہا کہ کھڑے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن بیچ ہمارے خطبہ پڑھنے کو

يدعى خما بين مكة والمدينة فحمد الله وأثنى عليه ووعظ وذكر ثم قال أما بعد ألا أيها الناس إنما أنا بشر يوشك أن يأتي

نام کیا جاتا تھا اس کا خم درمیان مکہ اور مدینہ کے پس تعریف کی اللہ کی اور ثنا کی اس پر اور نصیحت کی لوگوں کو اور یاد دلایا پھر فرمایا اما بعد آگاہ ہو اے لوگو سوا اس کے نہیں میں آدمی ہوں نزدیک ہے کہ آوے

رسول ربي فأجيب وأنا تارك فيكم الثقلين أولهما كتاب الله فيه الهدى والنور فخذوا بكتاب الله واستمسكوا به فحث

بھیجا ہوا پروردگار کا پس قبول کروں میں اور میں چھوڑنے والا ہوں بیچ تمہارے دو چیزیں بھاری اول قرآن کہ اس میں راہ بتانا ہے اور نور ہے پس پکڑو تم کتاب اللہ کو اور مضبوط پکڑو اس کو پس رغبت دلائی

على كتاب الله ورغب فيه ثم قال وأهل بيتي أذكركم الله في أهل بيتي وفي رواية كتاب الله هو حبل الله من اتبعه كان

صحابہ کو حضرت نے کتاب اللہ پر اور رغبت دلائی اس میں پھر فرمایا اور اہل بیت میرے یاد دلاتا ہوں تم کو خدا اہل بیت میرے کے حق میں اور ایک روایت میں ہے کتاب اللہ وہ رسی ہے اللہ کی جو پیروی کرے اس کی ہو

عَلَى الْهُدٰى وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى الضَّلَالَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنِ** ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا سَلَّمَ عَلَى ابْنِ جَعْفَرٍ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

راہ راست پر اور جو کوئی چھوڑ دے اسکو ہوگا وہ گمراہی پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق وہ جب سلام کرتے عبد اللہ ابن جعفر پر کہتے سلام تجھ پر اے بیٹے

ذِي الْجَنَاحَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنِ** الْبَرَاءِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهِ يَقُولُ اللّٰهُمَّ

دو بازوؤں والے کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے براء سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ حسن بن علی انکے کندھے پر تھے کہتے تھے خداوندا

إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةٍ مِنَ النَّهَارِ حَتّٰى

تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس دوست رکھ تو اسکو اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا باہر نکلا میں ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک ٹکڑے میں دن کے یہاں تک کہ

أَتٰى خِبَاءَ فَاطِمَةَ فَقَالَ أَثَمَّ لُكَعُ أَثَمَّ لُكَعُ يَعْنِي حَسَنًا فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ جَاءَ يَسْعٰى حَتّٰى اعْتَنَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ

آئے حضرت فاطمہ کے گھر کو پس فرمایا کیا یہاں لڑکا ہے کیا یہاں لڑکا ہے مراد رکھتے تھے حسن کو پس نہ دیر کی حضرت نے کہ آئے امام حسن دوڑتے ہوئے یہاں تک کہ گلے سے لگ گئے ہر ایک ان دونوں میں سے اپنے صاحب کے

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ وَأَحْبِبْ مَنْ يُحِبُّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ** أَبِي بَكْرَةَ قَالَ رَأَيْتُ

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خداوندا تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس دوست رکھ تو بھی اسکو اور دوست رکھ اس شخص کو جو دوست رکھتا ہے اسکو متفق علیہ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ دیکھا میں نے

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ إِلٰى جَنْبِهِ وَهُوَ يُقْبِلُ عَلَى النَّاسِ مَرَّةً وَعَلَيْهِ أُخْرٰى وَيَقُولُ إِنَّ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو منبر پر اور حسن بن علی حضرت کے پہلو میں تھے اور حضرت متوجہ ہوتے تھے لوگوں پر ایکبار اور حسن بن علی پر دوسری بار اور فرماتے تھے تحقیق

ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

یہ بیٹا میرا سید ہے اور شاید کہ اللہ صلح کرا دے اسکے سبب سے درمیان دو بڑے جماعتوں کے مسلمانوں میں سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد الرحمن

بْنِ أَبِي نُعْمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْمُحْرِمِ قَالَ شُعْبَةُ أَحْسِبُهُ يَقْتُلُ الذُّبَابَ فَقَالَ أَهْلُ الْعِرَاقِ

بن ابی نعم سے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن عمر سے جس حال میں کہ سوال کیا تھا انسے کوئی شخص محرم کے حق میں کہا شعبہ نے گمان کرتا ہوں میں سائل کو کہ پوچھتا تھا مکھی کو کہا ابن عمر نے اہل عراق

يَسْأَلُونِّي عَنِ الذُّبَابِ وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ

پوچھتے ہیں مجھ سے مکھی کے مارنے سے اور تحقیق قتل کیا انہوں نے نواسہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حالانکہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں دو پھول ہیں میرے

مِنَ الدُّنْيَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْ** أَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ أَشْبَهَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَقَالَ فِي

دنیا سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا نہیں تھا کوئی بہت مشابہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حسن بن علی سے اور کہا انس نے

الْحُسَيْنِ أَيْضًا كَانَ أَشْبَهَهُمْ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَمَّنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حسین میں بھی کہ تھے وہ بہت مشابہ لوگوں کے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا لپٹا لیا مجھکو نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى صَدْرِهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ وَفِي رِوَايَةٍ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْهُ** قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

علیہ وسلم نے اپنے سینے سے اور فرمایا الہی سکھلا اسکو حکمت اور ایک روایت میں ہے سکھلا اسکو کتاب روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ دَخَلَ الْخَلَاءَ فَوَضَعْتُ لَهُ وَضُوءًا فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ مَنْ وَضَعَ هٰذَا فَأُخْبِرَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

وسلم نے داخل ہوئے پاخانہ میں پس رکھا میں نے آپ کے لئے پانی وضو کا جب باہر نکلے حضرت پاخانہ سے فرمایا کس نے رکھا یہ پانی پس خبر دی گئی پس دعا فرمائی الہی سمجھ دے اسکو دین میں

وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْخُذُهُ وَالْحَسَنَ فَيَقُولُ اللّٰهُمَّ أَحِبَّهُمَا فَإِنِّي أُحِبُّهُمَا وَفِي رِوَايَةٍ

اور روایت ہے اسامہ بن زید سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تھے حضرت لیتے تھے اسکو اور حسن کو پھر کہتے خداوندا دوست رکھ تو ان دونوں کو اسلئے کہ تحقیق میں دوست رکھتا ہوں ان دونوں کو اور ایک روایت میں

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأخذني فيقعدني على فخذه ويقعد الحسن بن علي على فخذه الأخرى ثم يضمهما

کہا اسامہ نے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لیتے مجھکو اور بٹھاتے مجھکو اپنی ران پر اور بٹھاتے حسن بن علی کو اپنی دوسری ران پر پھر ملاتے دونوں کو

ثم يقول اللهم ارحمهما فإني أرحمهما رواه البخاري وعن عبد الله بن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث

اور فرماتے الٰہی مہربانی کر ان دونوں پر واسطے کہ میں مہربانی کرتا ہوں ان دونوں پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجی

بعثا وأمر عليهم أسامة بن زيد فطعن بعض الناس في إمارته فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن كنتم تطعنون

ایک لشکر اور امیر کیا ان کا اسامہ بن زید کو پھر طعن کیا بعض لوگوں نے انکی امارت میں پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو تم طعن کرتے

في إمارته فقد كنتم تطعنون في إمارة أبيه من قبل وايم الله إن كان لخليقا للإمارة وإن كان لمن أحب الناس إلي

امارت میں اسکے پس تحقیق تھے تم طعن کرتے امارت میں اسکے باپ کے پہلے اس سے قسم ہے اللہ کی تحقیق تھا باپ اسکا لائق امارت کے اور تحقیق تھا البتہ محبوب تر لوگوں سے مجھ کو

وإن هذا لمن أحب الناس إلي بعده متفق عليه وفي رواية لمسلم نحوه وفي آخره أوصيكم به فإنه من صالحيكم وعن

اور تحقیق یہ بھی البتہ محبوب تر لوگوں سے ہے مجھکو بعد اسکے باپ کے متفق علیہ اور ایک روایت میں مسلم کی اسی طرح ہے اور آخر میں اسکے ہے وصیت کرتا ہوں تمکو ساتھ اسکے پس تحقیق وہ تمہارے صالحوں سے ہے

ابن عمر أن زيد بن حارثة مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم ما كنا ندعوه إلا زيد بن محمد حتى نزل القرآن ادعوهم

تحقیق زید بن حارثہ غلام آزاد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے ہم نہ پکارتے اسکو مگر زید بن محمد یہاں تک کہ اترا قرآن پکارو انکو

لآبائهم متفق عليه وذكر حديث البراء قال لعلي أنت مني في باب بلوغ الصغير وحضانته

ان کے باپوں کے نام سے متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث براء بن عازب کی کہ فرمایا علی کو تو مجھ سے ہے باب بلوغ الصغیر اور اسکی حضانت میں

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن جابر قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجته يوم عرفة وهو على ناقته القصواء يخطب فسمعته

روایت ہے جابر سے کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع میں عرفہ کے دن اس حال میں کہ حضرت سوار تھے اپنی اونٹنی قصوا پر خطبہ پڑھتے پس سنا میں نے

يقول يا أيها الناس إني تركت فيكم ما إن أخذتم به لن تضلوا كتاب الله وعترتي أهل بيتي رواه الترمذي وعن

فرماتے تھے اے لوگو تحقیق میں نے چھوڑی ہے بیچ تمہارے وہ چیز کہ اگر پکڑو گے تم اسکو ہرگز گمراہ نہ ہو گے تم کتاب اللہ اور عترت یعنی اہل بیت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

زيد بن أرقم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني تارك فيكم ما إن تمسكتم به لن تضلوا بعدي أحدهما أعظم

زید بن ارقم سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے میں چھوڑتا ہوں بیچ تمہارے وہ چیز کہ اگر تم پکڑو گے اسکو ہرگز گمراہ نہ ہو گے تم بعد میرے ایک ان دونوں میں سے بڑی ہے

من الآخر كتاب الله حبل ممدود من السماء إلى الأرض وعترتي أهل بيتي ولن يتفرقا حتى يردا علي الحوض فانظروا

دوسری سے وہ کتاب اللہ کی ہے رسی دراز آسمان سے زمین تک اور میری عترت یعنی اہل بیت میرا اور ہرگز جدا نہ ہونگے یہ دونوں یہاں تک کہ آ پہنچیں مجھ پر حوض پر پس دیکھو

كيف تخلفوني فيهما رواه الترمذي وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لعلي وفاطمة والحسن والحسين

کیونکر خلیفہ ہو تم میرے بیچ ان دونوں کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کے حق میں

أنا حرب لمن حاربهم وسلم لمن سالمهم رواه الترمذي وعن جميع بن عمير قال دخلت مع عمتي على عائشة

کہ میں لڑنے والا ہوں اس شخص سے جو لڑے ان سے اور صلح کرنے والا اس سے جو صلح کرے ان سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جمیع بن عمیر سے کہا داخل ہوا میں ہمراہ اپنی پھوپھی کے عائشہ کے پاس

فسألت أي الناس كان أحب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت فاطمة فقيل من الرجال قالت زوجها رواه الترمذي

پس پوچھا میں نے کون لوگوں میں تھا بہت پیارا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا فاطمہ پھر پوچھا گیا مردوں میں سے کہا خاوند اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن عبد المطلب بن ربيعة ان العباس دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم مغضبا وانا عنده فقال ما اغضبك

اور روایت ہے عبد المطلب بن ربیعہ سے کہ تحقیق عباس آئے نزدیک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس حال میں کہ غصہ ہو رہے تھے اور میں نزدیک حضرت کے تھا پس فرمایا حضرت نے کس چیز نے غصہ دلایا تجھکو

قال يا رسول الله صلى الله عليه وسلم ما لنا ولقريش اذا تلاقوا بينهم تلاقوا بوجوه مبشرة واذا لقونا لقونا بغير ذلك

کہا عباس نے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیا حال ہے واسطے ہمارے اور واسطے قریش کے جب ملاقات کرتے ہیں قریش تو ملتے ہیں ساتھ تازہ چہروں کے اور جب ملاقات کرتے ہیں ہم سے تو ملتے ہیں سوائے اسکے

فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى احمر وجهه ثم قال والذي نفسي بيده لا يدخل قلب رجل الايمان حتى

پس غصہ ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ بہت سرخ ہوا چہرہ مبارک آپ کا پھر فرمایا قسم اس ذات کی کہ جان میری بیچ ہاتھ اسکے ہے نہیں داخل ہوگا کسی شخص کے دل میں ایمان یہانتک کہ

يحبكم لله ولرسوله ثم قال يا ايها الناس من اذى عمي فقد اذاني فانما عم الرجل صنو ابيه رواه الترمذي وفي المصابيح

دوست رکھے تمکو واسطے محبت اللہ کے اور واسطے محبت اسکے رسول کے پھر فرمایا اے لوگو جو کوئی ستاوے میرے چچا کو پس تحقیق وہ ایذا دیگا مجھکو اسلئے کہ تحقیق چچا مرد کا مانند باپ کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے

عن المطلب وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العباس مني وانا منه رواه الترمذي وعنه

مطلب سے ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ عباس مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للعباس اذا كان غداة الاثنين فأتني انت وولدك حتى ادعو لكم بدعوة

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عباس کو جس وقت کہ ہو صبح پیر کے دن پس آ میرے پاس تو اور اولاد تیری یہانتک کہ دعا کروں میں تمہارے لئے ایسی دعا

ينفعك الله بها وولدك فغدا وغدونا معه والبسنا كساءه ثم قال اللهم اغفر للعباس وولده مغفرة

کہ نفع دے تجھکو اللہ اسکے سبب سے اور نفع دے تیری اولاد کو کہا ابن عباس نے پس صبح کو آئے عباس اور آئے ہم ساتھ انکے اور اوڑھائی حضرت نے چادر اپنی پھر فرمایا الٰہی بخش عباس کو اور اسکی اولاد کو

ظاهرة وباطنة لا تغادر ذنبا اللهم احفظه في ولده رواه الترمذي وزاد رزين واجعل الخلافة باقية في

ظاہر اور باطن کا کہ نہ چھوڑے کسی گناہ کو الٰہی نگاہ رکھ اسکو اسکی اولاد میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور زیادہ کیا رزین نے اور گردان بادشاہت باقی

عقبه وقال الترمذي هذا حديث غريب وعنه انه رأى جبريل مرتين ودعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم مرتين

اولاد میں اسکی اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہ اسنے دیکھا جبرئیل کو دوبار اور دعا کی اسکے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دوبار

رواه الترمذي وعنه انه قال دعا لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يؤتيني الله الحكمة مرتين رواه الترمذي

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ اسنے کہا کہ دعا کی میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دیوے مجھکو اللہ حکمت دوبار روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابي هريرة قال كان جعفر يحب المساكين ويجلس اليهم ويحدثهم ويحدثونه وكان رسول الله صلى الله عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھے جعفر بہت دوست رکھتے مسکینوں کو اور بیٹھتے ان کے پاس اور باتیں کرتے ان سے اور وے باتیں کرتے اس سے اور تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم يكنيه بابي المساكين رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأيت جعفرا يطير في الجنة

وسلم کنیت کرتے تھے انکی ابو المساکین روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے جعفر کو کہ اڑتے ہیں بہشت میں

مع الملائكة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحسن و

فرشتوں کے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حسن اور

الحسين سيدا شباب اهل الجنة رواه الترمذي وعن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الحسن والحسين

حسین دونوں سردار ہیں بہشت کے جوانوں کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حسن اور حسین

هما ريحانتاي من الدنيا رواه الترمذي وقد سبق في الفصل الاول ۔ وعن اسامة بن زيد قال طرقت النبي صلى الله

وہ دونوں پھول ہیں میرے دنیا سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور تحقیق گذری یہ حدیث پہلی فصل میں اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا آیا میں نبی صلے اللہ

عليه وسلم ذات ليلة في بعض الحاجة فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وهو مشتمل على شيء لا ادري ما هو فلما فرغت

علیہ وسلم کے پاس ایک رات کسی حاجت کے لئے پس نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ وہ لپیٹے ہوئے تھے ایک چیز پر کہ نہیں جانتا تھا میں کیا ہے وہ پس جب فارغ ہوا میں

من حاجتي قلت ما هذا الذي انت مشتمل عليه فكشفه فاذا الحسن والحسين على وركيه فقال هذان ابناي وابنا ابنتي

اپنی حاجت سے کہا میں نے کیا ہے یہ چیز کہ آپ لپیٹے والے ہو اس پر پس کھولا حضرت نے اسکو تو ناگہاں حسن اور حسین اوپر دونوں کولہوں آپکے تھے پس فرمایا یہ دونوں بیٹے میرے اور دونوں بیٹے ہیں بیٹی میری کے

اللهم اني احبهما فاحبهما واحب من يحبهما رواه الترمذي ۔ وعن سلمى قالت دخلت على ام سلمة وهي تبكي فقلت ما

خداوندا بیشک میں دوست رکھتا ہوں ان دونوں کو پس تو دوست رکھ ان دونوں کو اور دوست رکھ اس شخص کو جو دوست رکھے ان دونوں کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سلمی سے کہا داخل ہوئی میں ام سلمہ پر اور وہ روتی تھیں پس

يبكيك قالت رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم تعني في المنام وعلى رأسه ولحيته التراب فقلت ما لك يا رسول الله صلى

رولایا تم کو کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو مراد رکھتی تھی ام سلمہ کہ دیکھا میں نے حضرت کو خواب میں اس حال میں کہ آپ کے سر اور داڑھی مبارک پر خاک تھی پس کہا میں نے کیا ہوا تم کو یا رسول اللہ

الله عليه وسلم قال شهدت قتل الحسين آنفا رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ۔ وعن انس قال سئل رسول الله صلى

صلے اللہ علیہ وسلم کہا حاضر ہوا میں حسین کے قتل میں ابھی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ پوچھے گئے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم اي اهل بيتك احب اليك قال الحسن والحسين وكان يقول لفاطمة ادعي لي ابني فيشمهما ويضمهما

اللہ علیہ وسلم کون سا تمہارے اہل بیت میں بہت پیارا ہے آپ کو فرمایا حسن اور حسین اور تھے حضرت فرماتے فاطمہ کو بلا میرے لئے میرے دونوں بیٹوں کو پس سونگھتے تھے حضرت ان دونوں کو اور لگاتے

اليه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ۔ وعن بريدة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطبنا اذ جاء

طرف اپنے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے بریدہ سے کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے آگے ہمارے ناگہاں آگئے

الحسن والحسين وعليهما قميصان احمران يمشيان ويعثران فنزل رسول الله صلى الله عليه وسلم من المنبر فحملهما

حسن اور حسین جسم پر انکے کرتے دونوں سرخ تھے چلتے تھے اور گر گر پڑتے تھے پس اترے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم منبر سے اور اٹھا لیا ان دونوں کو

ووضعهما بين يديه ثم قال صدق الله انما اموالكم واولادكم فتنة نظرت الى هذين الصبيين يمشيان ويعثران

اور رکھا ان کو روبرو اپنے پھر فرمایا سچ فرمایا اللہ تعالی نے سوا اسکے نہیں مال تمہارے اور اولاد تمہارے فتنہ ہیں دیکھا میں نے طرف ان دونوں لڑکوں کی کہ چلتے ہیں اور گر پڑتے ہیں

فلم اصبر حتى قطعت حديثي ورفعتهما رواه الترمذي وابو داود والنسائي ۔ وعن يعلى بن مرة قال قال رسول الله

سو نہ صبر کر سکا میں یہاں تک کہ موقوف کی میں نے بات اپنی اور اٹھا لیا ان دونوں کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے یعلی بن مرہ سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم حسين مني وانا من حسين احب الله من احب حسينا حسين سبط من الاسباط رواه

صلے اللہ علیہ وسلم نے حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں دوست رکھا اللہ نے اس شخص کو جو دوست رکھا حسین کو حسین ایک قبیلہ ہے قبیلوں سے روایت کیا اسکو

الترمذي ۔ وعن علي رض قال الحسن اشبه رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين الصدر الى الرأس والحسين اشبه

ترمذی نے اور روایت ہے علی سے کہا کہ حسن بہت مشابہ ہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اس چیز میں کہ سینے سے سر تک ہے اور حسین بہت مشابہ ہے

النبي صلى الله عليه وسلم ما كان اسفل من ذلك رواه الترمذي ۔ وعن حذيفة قال قلت لامي دعيني آتي النبي صلى

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس چیز میں کہ نیچے ہے سینے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہا میں نے ماں اپنی کو چھوڑ مجھ کو تاکہ آؤں میں

عليه وسلم فاصلي معه المغرب واسأله ان يستغفر لي ولك فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم فصليت معه المغرب فصلى

علیہ وسلم کے اور نماز پڑھوں میں انکے ساتھ مغرب کی اور سوال کروں میں ان سے کہ مغفرت چاہیں میرے اور تیرے لئے پس آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پڑھی میں نے ساتھ ان کے نماز مغرب کی

حتى صلى العشاء ثم انفتل فتبعته فسمع صوتي فقال من هذا حذيفة قلت نعم قال ما حاجتك غفر الله لك ولامك

یہاں تک کہ نماز پڑھی عشا کی پھر پھرے حضرت نماز سے پس پیچھے چلا میں آپ کے پس سنی حضرت نے آواز میری اور فرمایا کون ہے یہ حذیفہ ہے عرض کیا میں نے ہاں حضرت نے فرمایا کیا حاجت ہے تیری بخشے اللہ تجھ کو اور تیری ماں کو

ان هذا ملك لم ينزل الارض قط قبل هذه الليلة استأذن ربه ان يسلم علي ويبشرني بان فاطمة سيدة نساء

وقال هذا حديث غريب وليس اسناده بالقوي وعن جابر قال لقيني رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا جابر

اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکی قوی اور روایت ہے جابر سے کہا کہ ملاقات کی مجھ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا ای جابر

مالي اراك منكسرا قلت استشهد ابي وترك عيالا ودينا قال افلا ابشرك بما لقي الله به اباك قلت بلى يا رسول الله

کیا ہے مجھ کو کہ دیکھتا ہوں میں تجھکو شکستہ دل عرض کیا میں نے شہید کیا گیا باپ میرا اور چھوڑی اسنے عیال اور قرض فرمایا حضرت نے کیا خوشخبری نہ دوں تجھکو ساتھ اسکے کہ ملا اللہ ساتھ اسکے باپ سے تیرے عرض کیا میں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال ما كلم الله احدا قط الا من وراء حجاب واحيى اباك فكلمه كفاحا قال يا عبدي تمن علي

صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا حضرت نے کلام نہیں کیا خدا نے کسی سے کبھی مگر پیچھے سے پردہ کے اور زندہ کیا خدا نے تیرے باپ کو پس کلام کیا اس سے روبرو فرمایا خدا نے ای بندے میرے آرزو کر مجھ پر

اعطك قال يا رب تحييني فاقتل فيك ثانية قال الرب تبارك وتعالى انه قد سبق مني انهم لا يرجعون فنزلت

کہ دوں گا میں تجھکو عرض کیا اے پروردگار زندہ کر مجھکو تا مارا جاؤں تیری راہ میں دوبارہ فرمایا پروردگار تبارک و تعالی نے تحقیق گذر چکا حکم میرا کہ نہ پھریں گے

ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا الآية رواه الترمذي وعن جابر قال استغفر لي رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور گمان نہ کر تو ان لوگوں کو جو مارے گئے راہ خدا میں مردے آیت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ بخشش چاہی میرے لئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

خمسا وعشرين مرة رواه الترمذي وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كم من اشعث اغبر ذي طمرين لا

پچیس بار روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پراگندہ بال گرد آلود دو پرانے کپڑے والے نہیں

يؤبه له لو اقسم على الله لابره منهم البراء بن مالك رواه الترمذي والبيهقي في دلائل النبوة وعن ابي سعيد قال

پروا کی جاتی اسکی اگر قسم کھاوے اللہ پر البتہ سچی کرے اسکی قسم کو ان میں سے براء بن مالک ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابی سعید سے کہا

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا إِنَّ عَيْبَتِيَ الَّتِي آوِي إِلَيْهَا أَهْلُ بَيْتِي وَإِنَّ كَرِشِيَ الْأَنْصَارُ فَاعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ وَاقْبَلُوا

فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سن رکھو تحقیق کہ محل سو امانت میرے کا کہ ٹھکانا پکڑتا ہوں میں طرف اس کے میرے اہل بیت اور میرے خاص اصحاب انصار ہیں پس عفو کرو گناہ ان کے بدکاروں سے اور عذر

مِنْ مُحْسِنِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُبْغِضُ الْأَنْصَارَ

ان کے نیک کاروں سے قبول کرو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دشمنی نہیں رکھتا انصار کی

أَحَدٌ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَعَنْ أَنَسٍ عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ

جو کوئی کہ ایمان رکھتا ہو اللہ پر اور روز قیامت پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث صحیح ہے اور روایت ہے انس سے ابی طلحہ سے کہا کہ مجھکو رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْرِئْ قَوْمَكَ السَّلَامَ فَإِنَّهُمْ مَا عَلِمْتُ أَعِفَّةٌ صُبُرٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ عَبْدًا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پہنچا اپنی قوم کو میری طرف سے سلام اسلئے کہ وہ جو کچھ کہ جانتا ہوں میں پاکدامن ہیں صبر کرنیوالے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہ غلام

لِحَاطِبٍ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُو حَاطِبًا إِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَيَدْخُلَنَّ حَاطِبٌ النَّارَ فَقَالَ رَسُولُ

حاطب بن ابی بلتعہ کا آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں کہ شکایت کرتا تھا حاطب کی نزدیک حضرت کے اور عرض کیا یا رسول اللہ البتہ داخل ہوگا حاطب آگ میں پس فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبْتَ لَا يَدْخُلُهَا فَإِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹا ہے تو کہ نہیں داخل ہوگا وہ آگ میں اسلئے کہ وہ حاضر ہوا ہے بدر میں اور حدیبیہ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ

کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی یہ آیت اور اگر منہ پھیرو تم تو لاویگا اللہ تمہارے بدلے ایک گروہ کو سوا تمہارے پھر وہ نہیں ہونگے مانند تمہارے

قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ ذَكَرَ اللّٰهُ إِنْ تَوَلَّيْنَا اسْتُبْدِلُوا بِنَا ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَنَا فَضَرَبَ عَلَى فَخِذِ

عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کون ہیں وے لوگ جو ذکر کیا خدا نے اگر منہ پھیر ینگے ہم تو لائے جاوینگے بدلے ہمارے اور نہیں ہونگے مانند ہمارے پس ہاتھ مارا آنحضرت نے ران پر

سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وَقَوْمُهُ وَلَوْ كَانَ الدِّينُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِنَ الْفُرْسِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ

سلمان فارسی کے پھر فرمایا یہ اور قوم اسکی اور اگر ہوتا دین نزدیک ثریا کے تو البتہ لیتے اسکو کتنے مرد فارس والوں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

قَالَ ذُكِرَتِ الْأَعَاجِمُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنَا بِهِمْ أَوْ بِبَعْضِهِمْ

کہا کہ ذکر کئے گئے اہل عجم نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ میں ساتھ انکے یا ساتھ بعض

أَوْثَقُ مِنِّي بِكُمْ أَوْ بِبَعْضِكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کے زیادہ اعتماد رکھنے والا ہوں بہ نسبت تمہارے یا بعض تمہارے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے علی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ سَبْعَةً نُجَبَاءَ رُقَبَاءَ وَأُعْطِيتُ أَنَا أَرْبَعَةَ عَشَرَ قُلْنَا مَنْ هُمْ قَالَ أَنَا وَابْنَايَ وَجَعْفَرٌ وَحَمْزَةُ وَأَبُو بَكْرٍ

کہ بیشک ہر پیغمبر کے لئے سات آدمی ہوتے تھے بزرگ حسب و نسب اور نگاہبان اور دیا گیا ہوں میں چودہ ہم نے کہا کون ہیں وے کہا علی نے میں اور دو بیٹے میرے اور جعفر اور حمزہ اور ابوبکر

وَعُمَرُ وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَبِلَالٌ وَسَلْمَانُ وَعَمَّارٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَأَبُو ذَرٍّ وَالْمِقْدَادُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

اور عمر اور مصعب بن عمیر اور بلال اور سلمان اور عمار اور عبد اللہ بن مسعود اور ابوذر اور مقداد ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ كَلَامٌ فَأَغْلَظْتُ لَهُ فِي الْقَوْلِ فَانْطَلَقَ عَمَّارٌ يَشْكُونِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ

خالد بن ولید سے کہا کہ تھا درمیان میرے اور درمیان عمار بن یاسر کے کچھ گفتگو پس سختی کی میں نے عمار سے کلام میں پس چلے عمار شکوہ کرتے ہوئے میرا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فجاء خالد وهو يشكوه إلى النبي صلى الله عليه وسلم قال فجعل يغلظ له ولا يزيده إلا غلظة

والنبي صلى الله عليه وسلم ساكت لا يتكلم فبكى عمار وقال يا رسول الله ألا تراه فرفع النبي صلى الله عليه وسلم رأسه

وقال من عادى عمارا عاداه الله ومن أبغض عمارا أبغضه الله قال خالد فخرجت فما كان شيء أحب إلي من رضى

عمار فلقيته بما رضي فرضي وعن أبي عبيدة أنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول خالد سيف من

سيوف الله عز وجل ونعم فتى العشيرة رواهما أحمد وعن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله

تبارك وتعالى أمرني بحب أربعة وأخبرني أنه يحبهم قيل يا رسول الله سمهم لنا قال علي منهم يقول ذلك ثلاثا و

أبو ذر والمقداد وسلمان أمرني بحبهم وأخبرني أنه يحبهم رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن جابر

قال كان عمر يقول أبو بكر سيدنا وأعتق سيدنا يعني بلالا رواه البخاري وعن قيس بن أبي حازم أن بلالا قال لأبي بكر

إن كنت إنما اشتريتني لنفسك فأمسكني وإن كنت إنما اشتريتني لله فدعني وعمل الله رواه البخاري وعن

أبي هريرة قال جاء رجل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إني مجهود فأرسل إلى بعض نسائه فقالت والذي بعثك

بالحق ما عندي إلا ماء ثم أرسل إلى أخرى فقالت مثل ذلك وقلن كلهن مثل ذلك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

من يضيفه يرحمه الله فقام رجل من الأنصار يقال له أبو طلحة فقال أنا يا رسول الله فانطلق به إلى رحله فقال

لامرأته هل عندك شيء قالت لا إلا قوت صبياني قال فعلليهم بشيء ونوميهم فإذا دخل ضيفنا فأريه أنا

نأكل فإذا أهوى بيده ليأكل فقومي إلى السراج كي تصلحيه فأطفئيه ففعلت فقعدوا وأكل الضيف فباتا طاويين

فلما اصبح غدا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد عجب الله او ضحك الله من فلان
بس جب صبح کی آئے آنحضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پاس تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ تحقیق عجب کیا اللہ نے یا کہا ہنسا اللہ تعالے فلانے مرد
وفلانة وفي رواية مثله ولم يسم ابا طلحة وفي اخرها فانزل الله تعالى ويؤثرون على انفسهم ولو كان بهم خصاصة متفق عليه
اور فلانی عورت سے اور ایک روایت میں مثل اسکے ہی ہے لیکن نام نہیں لیا ابوہریرہ نے اسمیں ابو طلحہ کا اور آخر میں اس حدیث کے ہے پس نازل کی اللہ تعالے نے یہ آیت اور ترجیح دیتے ہیں اپنی جانوں پر اگرچہ ہوان کو حاجت

وعنه قال نزلنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم منزلا فجعل الناس يمرون فيقول رسول الله صلى الله عليه وسلم من هذا
اور روایت ہے اسی سے کہا کہ اترے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک منزل میں پس لگے لوگ گذرنے ہم پر تب فرماتے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کون ہے یہ
يا ابا هريرة فاقول فلان فيقول نعم عبد الله هذا ويقول من هذا فاقول فلان فيقول بئس عبد الله هذا حتى مر
ای ابوہریرہ تو کہتا میں فلانا ہے پس فرماتے حضرت اچھا بندہ خدا کا ہے یہ اور فرماتے کون یہ ہے تو عرض کرتا میں فلانا ہے پس فرماتے برا بندہ خدا کا ہے یہ یہاں تک گذرے
خالد بن الوليد فقال من هذا فقلت خالد بن الوليد فقال نعم عبد الله خالد بن الوليد سيف من سيوف الله
خالد بن ولید تو فرمایا حضرت نے کون ہے یہ پس کہا میں نے خالد بن ولید ہے تب فرمایا حضرت نے اچھا بندہ اللہ کا خالد بن ولید ایک شمشیر ہے اللہ کی شمشیروں سے
رواه الترمذي وعن زيد بن ارقم قال قالت الانصار يا نبي الله لكل نبي اتباع وانا قد اتبعناك فادع الله ان يجعل اتباعنا
روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہا کہ عرض کیا انصار نے یا نبی اللہ ہر نبی کے لیے تابعدار تھے اور تحقیق ہم نے تابعداری کی آپ کی پس دعا کیجے خدا سے کہ کرے ہمارے تابع
منا فدعا به رواه البخاري وعن قتادة قال ما نعلم حيا من احياء العرب اكثر شهيدا اعز يوم القيمة من الانصار
ہم میں سے پس دعا کی حضرت نے ساتھ اسکے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے قتادہ سے کہا کہ نہیں جانتے ہم کسی قبیلہ کو قبائل عرب سے کہ بہت ہوں ان شہید کے اور بہت عزیز ہوں قیامت کو انصار سے
قال وقال انس قتل منهم يوم احد سبعون ويوم بئر معونة سبعون ويوم اليمامة على عهد ابي بكر سبعون رواه
کہا قتادہ نے اور کہا انس نے مارے گئے انصار سے روز احد کے ستر شخص اور بئر معونہ کے دن ستر اور جنگ یمامہ کے دن ابوبکر کے زمانے میں ستر شخص روایت کیا اسکو
البخاري وعن قيس بن ابي حازم قال كان عطاء البدريين خمسة الاف خمسة الاف وقال عمر لافضلنهم على
بخاری نے اور روایت ہے قیس ابن ابی حازم سے کہا اسنے کہ تھی عطا بدر والوں کی پانچ پانچ ہزار اور کہا عمر نے البتہ فضیلت دیتا ہوں ان کو

من بعدهم رواه البخاري تسمية من سمي من اهل بدر في جامع للبخاري النبي محمد بن عبد الله
ان پر جو بعد ان کے ہیں روایت کیا اسکو بخاری نے ذکر ان صحابہ کے نام کا جن بدر والوں کے نام مذکور ہوے ہیں کتاب جامع بخاری کے نبی محمد بیٹے عبد اللہ کے ہاشمی
صلى الله عليه وسلم عبد الله بن عثمان ابو بكر الصديق القرشي عمر بن الخطاب العدوي عثمان بن عفان القرشي خلفه
صلے اللہ علیہ وسلم عبد اللہ بیٹے عثمان ابوبکر صدیق قریشی عمر بیٹے خطاب کے عدوی عثمان بیٹے عفان کے قریشی پیچھے چھوڑ گئے تھے
النبي صلى الله عليه وآله وسلم على ابنته رقية وضرب له بسهمه علي بن ابي طالب الهاشمي اياس بن البكير بلال بن رباح مولى ابي بكر
نبی صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں نزدیک بیٹی اپنے جو رقیہ تھیں اور لگایا ان کے حصہ لگایا علی بیٹے ابی طالب کے ہاشمی ایاس بیٹے بکیر کے بلال بیٹے رباح غلام آزاد ابوبکر
الصديق حمزة بن عبد المطلب الهاشمي حاطب بن ابي بلتعة حليف لقريش ابو حذيفة بن عتبة بن ربيعة القرشي
صدیق کے حمزہ بیٹے عبد المطلب کے ہاشمی حاطب بیٹے ابی بلتعہ کے ہم قسم قریش کے ابو حذیفہ بیٹے عتبہ بن ربیعہ کے قریشی
حارثة بن الربيع الانصاري قتل يوم بدر وهو حارثة بن سراقة وكان في النظارة خبيب بن عدي الانصاري خنيس
حارثہ بیٹے ربیع کے انصاری شہید ہوے بدر کے دن اور یہ حارثہ ہی بیٹا سراقہ کا اور تھا وہ نظر کرنے والوں میں خبیب بیٹے عدی کے انصاری خنیس

حداقة السهمي رفاعة بن رافع الانصاري رفاعة بن عبد المنذر ابو لبابة الانصاري الزبير بن العوام القرشي زيد بن سهل

حذاقہ سہمی کے رفاعہ بیٹے رافع کے انصاری رفاعہ بیٹے عبد المنذر کے ابو لبابہ انصاری زبیر بیٹے عوام کے قریشی زید بیٹے سہل

ابو طلحة الانصاري ابو زيد الانصاري سعد بن مالك الزهري سعد بن خولة القرشي سعد بن زيد بن عمرو بن

ابو طلحہ انصاری ابو زید انصاری سعد بیٹے مالک کے زہری سعد بیٹے خولہ کے قریشی سعد بیٹے زید بن عمرو بن

نفيل القرشي سهل بن حنيف الانصاري ظهير بن رافع الانصاري واخوه عبد الله بن مسعود الهذلي عبد الرحمن بن

نفیل کے قریشی سہیل بیٹے حنیف کے انصاری ظہیر بیٹے رافع کے انصاری اور بھائی انکا عبد اللہ بن مسعود ہذلی عبد الرحمن بیٹے

عوف الزهري عبيدة بن الحارث القرشي عبادة بن الصامت الانصاري عمرو بن عوف حليف بني عامر بن لؤي عقبة بن

عوف کے زہری عبیدہ بیٹے حارث کے قریشی عبادہ بیٹے صامت کے انصاری عمرو بیٹے عوف کے ہم قسم بنی عامر بن لوی کے عقبہ بیٹے

عمرو الانصاري عامر بن ربيعة العنزي عاصم بن ثابت الانصاري عويم بن ساعدة الانصاري عتبان بن مالك الانصاري

عمرو انصاری عامر بیٹے ربیعہ کے عنزی عاصم بیٹے ثابت کے انصاری عویم بیٹے ساعدہ کے انصاری عتبان بیٹے مالک کے انصاری

قدامة بن مظعون قتادة بن النعمان الانصاري معاذ بن عمرو بن الجموح معوذ بن عفراء واخوه مالك بن ربيعة ابي

قدامہ بیٹے مظعون کے قتادہ بیٹے نعمان کے انصاری معاذ بیٹے عمرو بن جموح کے معوذ بیٹے عفراء کے اور بھائی انکے مالک بیٹے ربیعہ کے ابو

اسيد الانصاري مسطح بن اثاثة بن عباد بن المطلب بن عبد مناف مرارة بن الربيع الانصاري معن بن عدي الانصاري

اسید انصاری مسطح بیٹے اثاثہ کے بیٹے عبادہ کے بیٹے مطلب کے بیٹے عبد مناف کے مرارہ بیٹے ربیع کے انصاری معن بیٹے عدی کے انصاری

مقداد بن عمرو الكندي حليف بني زهرة هلال بن امية الانصاري

مقداد بیٹے عمرو کے کندی ہم قسم بنی زہرہ کے ہلال بیٹے امیہ کے انصاری

باب ذکر الیمن والشام وذکر اویس القرنی

باب ذکر میں یمن اور شام کے اور ذکر میں اویس قرنی کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عمر بن الخطاب رضی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان رجلا یاتیکم من الیمن یقال له اویس لا یدع بالیمن غیر ام له قد کان به بیاض فدعا الله فاذهبه الا موضع الدینار او الدرهم فمن لقیه منکم فلیستغفر لکم وفی روایة قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان خیر التابعین رجل یقال له اویس وله والدة وکان به بیاض فمروه فلیستغفر لکم رواه مسلم

پہلی روایت عمر بن خطاب رضی سے ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر ایک شخص آوے گا تمہارے پاس یمن کی جانب سے کہا جاوے گا اسکو اویس نہ چھوڑے گا یمن میں سوائے اپنی ماں کے تحقیق تھا بیچ اسکے برص پس دعا کی اللہ سے تو دور کیا اللہ نے اسکو مگر مقدار ایک دینار کے یا درہم کے پس جو شخص کہ ملے اس سے تم میں سے تو چاہیئے کہ وہ بخشش کرے تمہارے لئے اور ایک روایت میں ہے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق بہتر تابعین کا ایک شخص ہے کہا جاوے گا اسکو اویس اور اسکے لئے ماں ہے اور تھا اسکے بیچ سفیدی برص حکم کرو تم اسکو پس استغفار کرے تمہارے لئے

وعن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اتاکم اهل الیمن هم ارق افئدة والین قلوبا الایمان یمان والحکمة یمانیة والفخر والخیلاء فی اصحاب الابل والسکینة والوقار فی اهل الغنم متفق علیه وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم راس الکفر نحو المشرق والفخر والخیلاء فی اهل الخیل والابل والفدادین اهل الوبر والسکینة فی اهل الغنم متفق علیه

ابی ہریرہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آئے تمہارے پاس اہل یمن کہ وہ بہت نرم دل ہیں اور بہت نرم قلب ایمان یمن کا ہے اور حکمت بھی یمن کی ہے اور فخر اور تکبر اونٹ والوں میں ہے اور چین اور وقار بکری والوں میں ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سر

کفر کا طرف مشرق کے ہے اور فخر اور تکبر گھوڑے والوں اور اونٹ والوں اور چلانے والوں میں ہے اور چین بکری والوں میں ہے

وعن ابي مسعود الانصاري عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من ههنا جاءت الفتن نحو المشرق والجفاء وغلظ القلوب
اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اسی جگہ سے آئے ہیں فتنے اشارہ کیا طرف مشرق کے اور سخت زبانی اور سختی دلی

في الفدادين اهل الوبر عند اصول اذناب الابل والبقر في ربيعة ومضر متفق عليه وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله
چلانے والوں میں ہے جو خیمہ نشینوں کے ہیں جو پیچھے لگے رہتے ہیں اونٹوں اور گایوں کی دموں کے ربیعہ و مضر میں ہے متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم غلظ القلوب والجفاء في المشرق والايمان في اهل الحجاز رواه مسلم وعن ابن عمر رضي الله عنهما قال
علیہ وسلم نے سختی دلوں کی اور سختی زبان کی مشرق میں ہے اور ایمان اہل حجاز میں ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا

قال النبي صلى الله عليه وسلم اللهم بارك لنا في شامنا اللهم بارك لنا في يمننا قالوا يا رسول الله وفي نجدنا قال
کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خداوندا برکت دے ہمکو ملک شام میں ہمارے اور الٰہی برکت دے ہمکو ملک یمن میں ہمارے کہا بعض صحابہ نے یا رسول اللہ برکت دے ہمکو نجد میں ہمارے فرمایا

اللهم بارك لنا في شامنا اللهم بارك لنا في يمننا قالوا يا رسول الله وفي نجدنا فاظنه قال في الثالثة هناك الزلازل
حضرت نے الٰہی برکت دے ہمکو ملک شام میں ہمارے الٰہی برکت دے ہمکو ملک یمن میں ہمارے کہا بعض صحابہ نے یا رسول اللہ اور ملک نجد میں ہمارے ابن عمر کہتے ہیں کہ گمان کرتا ہوں میں حضرت نے فرمایا تیسری بار وہاں زلزلے ہیں

والفتن وبها يطلع قرن الشيطان رواه البخاري

الفصل الثاني

عن انس عن زيد بن ثابت ان النبي صلى الله عليه وسلم
اور فتنے ہیں اور وہیں نجد سے ظاہر ہوگا سینگ شیطان کا روایت کیا اسکو بخاری نے فصل دوسری روایت ہے انس سے زید بن ثابت سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم

نظر قبل اليمن فقال اللهم اقبل بقلوبهم وبارك لنا في صاعنا ومدنا رواه الترمذي وعن زيد بن ثابت قال قال
نے نظر کی طرف یمن کے اور فرمایا الٰہی متوجہ کر انکے دلوں کو اور برکت دے ہمکو ہمارے صاع اور ہمارے مد میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے زید بن ثابت سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم طوبى للشام قلنا لاي ذلك يا رسول الله قال لان ملائكة الرحمن باسطة اجنحتها عليها رواه احمد
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خوشحالی ہے اہل شام کے لئے عرض کیا ہم نے کس سبب سے یہ خوشحالی یا رسول اللہ فرمایا اسلئے کہ فرشتے رحمٰن کے پھیلائے ہوئے ہیں اپنے بازو اوپر زمین شام کے روایت کیا اسکو احمد

والترمذي وعن عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ستخرج نار من نحو حضرموت او من حضرموت
اور ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ نکلیگی ایک آگ حضرموت کی طرف سے یا حضر

تحشر الناس قلنا يا رسول الله فما تامرنا قال عليكم بالشام رواه الترمذي وعن عبد الله بن عمرو بن العاص قال
موت سے کہ جمع کریگی وہ آگ لوگوں کو کہا ہم نے یا رسول اللہ پس کیا حکم کرتے ہو ہمکو فرمایا حضرت نے لازم ہے تمکو جانا شام کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہا کہ

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انها ستكون هجرة بعد هجرة فخيار الناس الى مهاجر ابراهيم وفي رواية
سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ ہوگی ہجرت بعد ہجرت کے پس بہتر لوگوں کا وہ ہوگا کہ ہجرت کرکے جائیگا ہجرت گاہ ابراہیم کے اور ایک روایت میں ہے

فخيار اهل الارض الزمهم مهاجر ابراهيم ويبقى في الارض شرار اهلها تلفظهم ارضوهم تقذرهم نفس الله تحشرهم
پس بہتر زمین والوں کے وہ ہونگے کہ بہت لازم پکڑنے والے ہونگے ابراہیم کے ہجرت گاہ کو اور باقی رہینگے زمین پر بدتر زمین والے پھینک دیگی انکو زمین انکی

النار مع القردة والخنازير تبيت معهم اذا باتوا وتقيل معهم اذا قالوا رواه ابو داود وعن ابن حوالة قال قال رسول
ساتھ بندروں اور سوروں کے رات گذاریگی آگ ساتھ انکے جب رات گذاریں گے اور قیلولہ کریگی آگ ساتھ انکے جب قیلولہ کرینگے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابن حوالہ سے

الله صلى الله عليه وسلم سيصير الامر ان تكونوا جنودا مجندة جند بالشام وجند باليمن وجند بالعراق فقال ابن حوالة
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ ہو جاویگا کام دین کا اب کہ ہوگے تم لشکر جمع کئے ہوئے ایک لشکر شام میں اور ایک لشکر یمن میں اور ایک لشکر عراق میں کہا ابن حوالہ

خِرْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلَيْكَ بِالشَّامِ فَإِنَّهَا خِيرَةُ اللّٰهِ مِنْ أَرْضِهِ يَجْتَبِي إِلَيْهَا خِيرَتَهُ مِنْ عِبَادِهِ فَأَمَّا إِنْ أَبَيْتُمْ

کہ اختیار کر و میرے لئے یا رسول اللہ اگر پاؤں میں اسکو پس فرمایا حضرت نے لازم پکڑ تو شام کو اسلئے کہ ملک شام بہتر ہے خدا کا پسند کرتا ہے اسکی طرف اپنے برگزیدہ بندوں کو

فَعَلَيْكُمْ بِيَمَنِكُمْ وَاسْقُوا مِنْ غُدُرِكُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَوَكَّلَ لِي بِالشَّامِ وَأَهْلِهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

پس تم پر لازم ہے رہنا اپنے یمن میں اور پانی دو اپنے حوضوں سے اسلئے کہ اللہ عزوجل متکفل ہوا ہے میرے سبب سے شام کا اور اسکے رہنے والوں کا روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے فصل تیسری

عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ ذُكِرَ أَهْلُ الشَّامِ عِنْدَ عَلِيٍّ رض وَقِيلَ الْعَنْهُمْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ لَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

روایت ہے شریح بن عبید سے کہا کہ ذکر کئے گئے شام والے نزدیک علی رض کے اور کہا گیا علی سے کہ لعنت کرو انکو اے امیر المومنین کہا علی نے نہیں لعنت کرتا ہوں میں انکو کہ تحقیق میں نے سنا رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْأَبْدَالُ يَكُونُونَ بِالشَّامِ وَهُمْ أَرْبَعُونَ رَجُلًا كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللّٰهُ مَكَانَهُ رَجُلًا يُسْقَى بِهِمُ الْغَيْثُ

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ابدال ہوتے ہیں شام میں اور وہ چالیس مرد ہیں جب کہ مرتا ہے ایک مرد بدلا دیتا ہے خدا تعالیٰ اسکے بدلے میں ایک اور مرد کو برسایا جاتا ہے انکے سبب سے مینہ

وَيُنْتَصَرُ بِهِمْ عَلَى الْأَعْدَاءِ وَيُصْرَفُ عَنْ أَهْلِ الشَّامِ بِهِمُ الْعَذَابُ وَعَنْ رَجُلٍ مِنَ الصَّحَابَةِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور مدد دی جاتی ہے انکے سبب سے دشمنوں پر اور دور کیا جاتا ہے شام والوں سے انکے سبب سے عذاب اور روایت ہے ایک مرد صحابی سے کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتُفْتَحُ الشَّامُ فَإِذَا خُيِّرْتُمُ الْمَنَازِلَ فِيهَا فَعَلَيْكُمْ بِمَدِينَةٍ يُقَالُ لَهَا دِمَشْقُ فَإِنَّهَا مَعْقِلُ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الْمَلَاحِمِ

علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے کہ فتح کیا جاویگا شام پھر جب اختیار دئے جاؤ تم مکانوں کا اس شہر میں تو لازم ہے تم پر رہنا ایک شہر کا کہ کہا جاتا اسکو دمشق کہ وہ جائے پناہ مسلمانوں کی ہے

وَفُسْطَاطُهَا مِنْهَا أَرْضٌ يُقَالُ لَهَا الْغُوطَةُ رَوَاهُمَا أَحْمَدُ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخِلَافَةُ بِالْمَدِينَةِ

اور شہر جامع ہے شام کا دمشق کی زمینوں سے ایک زمین ہے کہ کہا جاتا اسکو غوطہ روایت کی ان دونوں حدیثوں کو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خلافت مدینے میں

وَالْمُلْكُ بِالشَّامِ وَعَنْ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ عَمُودًا مِنْ نُورٍ خَرَجَ مِنْ تَحْتِ رَأْسِي سَاطِعًا

اور بادشاہت شام میں اور روایت ہے عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے ایک ستون نور کا کہ باہر نکلا ہے میرے سر کے نیچے سے بلند ہوتا ہوا

حَتَّى اسْتَقَرَّ بِالشَّامِ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ

یہاں تک کہ جا ٹھہرا شام میں روایت کی ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

فُسْطَاطَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ الْمَلْحَمَةِ بِالْغُوطَةِ إِلَى جَانِبِ مَدِينَةٍ يُقَالُ لَهَا دِمَشْقُ مِنْ خَيْرِ مَدَائِنِ الشَّامِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ

شہر جامع مسلمانوں کا روز جنگ دجال کے غوطہ ہے طرف ایک جانب شہر کے کہ کہا جاتا ہے اسکو دمشق جو بہتر ہے شہروں شام کے سے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ سَيَأْتِي مَلِكٌ مِنْ مُلُوكِ الْعَجَمِ فَيَظْهَرُ عَلَى الْمَدَائِنِ كُلِّهَا إِلَّا دِمَشْقَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

عبد الرحمن بن سلیمان سے کہا کہ قریب ہے آویگا ایک بادشاہ عجم کے بادشاہوں سے پس غالب ہوگا تمام شہروں پر سوائے دمشق کے روایت کیا اسکو ابو داود نے

بَابُ ثَوَابِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

باب ثواب میں اس امت کے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا أَجَلُكُمْ فِي أَجَلِ مَنْ خَلَا مِنَ الْأُمَمِ مَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْعَصْرِ إِلَى مَغْرِبِ الشَّمْسِ وَإِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالًا فَقَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِي إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ فَعَمِلَتِ الْيَهُودُ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِي مِنَ

روایت ہے ابن عمر سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پس مقدار مدت عمر کا تمہاری بہ نسبت عمر ان لوگوں کے جو گذرے سابق امتوں سے اتنا ہی ہے جتنا کہ مقدار درمیان نماز عصر کے غروب آفتاب تک ہے اور نہیں ہے کہاوت تمہاری اور کہاوت یہود و نصاری کی مگر مانند ایک مرد کے کہ کام میں لگایا اس نے مزدوروں کو پس فرمایا کہ کون ہے کہ کام کریگا میرا دوپہر تک ایک ایک قیراط پر سو کام کیا یہود نے دوپہر تک ایک ایک قیراط پر پھر کہا اس نے کون ہے کہ کام کرے میرا

نصف النهار الى صلوة العصر على قيراط قيراط فعملت النصارى من نصف النهار الى صلوة العصر على قيراط

دوپہر سے نماز عصر تک ایک ایک قیراط پر سو کام کیا نصاری نے دوپہر سے نماز عصر تک ایک ایک قیراط

قيراط ثم قال من يعمل لي من صلوة العصر الى مغرب الشمس على قيراطين قيراطين الا فانتم الذين تعملون من صلوة

پر پھر کہا اس مرد نے کون ہے کہ کام کرے میرا نماز عصر سے غروب آفتاب تک دو دو قیراط پر آگاہ ہو پس تم ہو کہ ساتھ ہو تم لوگوں کہ کام کیا نماز

العصر الى مغرب الشمس الا لكم الاجر مرتين فغضبت اليهود والنصارى فقالوا نحن اكثر عملا واقل عطاء قال الله

عصر سے غروب آفتاب تک سن بعوض تمہارے ہی لئے ہی مزدوری دوہری پس غصہ ہوے یہود و نصاری اور کہا انہوں نے کہ ہم زیادہ کام کرنے والے اور کم پانے والے ہیں

تعالى فهل ظلمتكم من حقكم شيئا قالوا لا قال الله تعالى فانه فضلي اعطيه من شئت رواه البخاري وعن ابي هريرة

تعالی نے پس کیا ظلم کیا ہے میں نے تم پر تمہارے حق سے کچھ کہا انہوں نے نہیں فرمایا اللہ تعالی نے پس تحقیق وہ بخشش ہے میری دیتا ہوں میں جس کو چاہتا ہوں روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان من اشد امتي لي حبا ناس يكونون بعدي يود احدهم لو رآني باهله وماله

کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری زیادہ محبت رکھنے والی میری امت سے وے لوگ ہیں کہ پیدا ہوں گے بعد میرے آرزو کرے گا ایک ان میں سے کہ دیکھے مجھ کو عوض اپنے اہل اور مال کے

رواه مسلم وعن معاوية قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول لا يزال من امتي امة قائمة بامر الله

تک روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے معاویہ سے کہا سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ہمیشہ رہیگی میری امت سے ایک جماعت قائم ساتھ حکم اللہ کے

لا يضرهم من خذلهم ولا من خالفهم حتى ياتي امر الله وهم على ذلك متفق عليه وذكر حديث انس ان من عباد

نہ ضرر کریگا ان کو وہ شخص کہ یاری چھوڑ دیا ان کی اور وہ شخص کہ مخالفت کیا ان کی یہاں تک کہ آوے حکم خدا کا اور وے اسی پر ہونگے متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث انس کی ان من عباد

الله في كتاب القصاص

الفصل الثاني

عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل امتي مثل

اللہ لو اقسم علی اللہ لابرہ کتاب قصاص میں فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثل میری امت کی مانند

المطر لا يدرى اوله خير ام آخره رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن جعفر عن ابيه عن جده قال قال

مینہ کے ہی نہیں جانا جاتا ہی اول اسکا بہتر ہی یا آخر اسکا روایت کیا اس کو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے جعفر سے اس نے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ابشروا وابشروا انما مثل امتي مثل الغيث لا يدرى آخره خير ام اوله او كحديقة

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو خوش ہو سوا اس کے نہیں کہ مثال میری امت کی مانند مینہ کے ہی نہیں جانا جاتا کہ آخر اسکا بہتر ہی یا اول اسکا یا مانند باغ کی

اطعم منها فوج عاما ثم اطعم منها فوج عاما لعل آخرها فوجا ان يكون اعرضها عرضا واعمقها عمقا واحسنها حسنا

کہ کھائی اس سے ایک فوج ایک برس پھر کھائی دوسری فوج دوسرے برس قریب ہی کہ جماعت پچھلی کہ باغ کھایا ہو بہت چوڑا اس سے چوڑائی میں اور گہرا اس سے گہرائی میں اور اچھا اس سے خوبی میں

كيف تهلك امة انا اولها والمهدي وسطها والمسيح آخرها ولكن بين ذلك فيج اعوج ليسوا مني ولا انا منهم

کیونکر ہلاک ہوگی وہ امت کہ میں ہوں اول اسکے اور مہدی ہیں بیچ اسکے اور ہونگے مسیح آخر میں اسکے ولیکن درمیان اسکے ایک جماعت ہوگی ٹیڑھی چلنے والی جو نہیں ہیں مجھ سے اور نہیں ہوں میں ان سے

رواه رزين وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اي الخلق اعجب اليكم

روایت کیا اس کو رزین نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اس نے اپنے باپ سے اس نے دادا سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کون مخلوق بہت پسند ہی تمہارے آگے

ايمانا قالوا الملائكة قال وما لهم لا يؤمنون وهم عند ربهم قالوا فالنبيون قال وما لهم لا يؤمنون والوحي ينزل

ایمان کی راہ سے کہا بعض صحابہ نے فرشتے فرمایا حضرت نے اور کیا ہوا ان فرشتوں کو کہ ایمان نہ لاویں حالانکہ وے نزدیک اپنے رب کے ہیں کہا بعض صحابہ نے پس پیغمبر فرمایا حضرت نے اور کیا ہوا ان کو کہ ایمان نہ لاویں اور وحی اترتی ہی

عليهم قالوا فنحن قال وما يمنعكم وانا بين اظهركم ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اعجب الخلق الي ايمانا لقوم يكونون من بعدي يجدون صحفا فيها كتاب يؤمنون بما فيها وعن عبد الرحمن بن العلاء الحضرمي قال حدثني من سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول انه سيكون في آخر هذه الامة قوم لهم مثل اجر اولهم يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر ويقاتلون اهل الفتن رواهما البيهقي في دلائل النبوة وعن ابي امامة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال طوبى لمن رآني وطوبى سبع مرات لمن لم يرني وآمن بي رواه احمد وعن ابن محيريز قال قلت لابي جمعة رجل من الصحابة حدثنا حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نعم احدثك حديثا جيدا تغدينا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعنا ابو عبيدة بن الجراح فقال يا رسول الله احد خير منا اسلمنا معك وجاهدنا معك قال نعم قوم يكونون من بعدكم يؤمنون بي ولم يروني رواه احمد والدارمي وروى رزين عن ابي عبيدة من قوله قال يا رسول الله احد خير منا الى آخره وعن معاوية بن قرة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا فسد اهل الشام فلا خير فيكم ولا تزال طائفة من امتي منصورين لا يضرهم من خذلهم حتى تقوم الساعة قال ابن المديني هم اصحاب الحديث رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وعن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الله تجاوز عن امتي الخطاء والنسيان وما استكرهوا عليه رواه ابن ماجه والبيهقي وعن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في قوله تعالى كنتم خير امة اخرجت للناس قال انتم تتمون سبعين امة انتم خيرها واكرمها على الله تعالى رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن

تم الكتاب شكر الله سعيه [illegible] وقد وقع الفراغ من جمع احاديث النبي صلى الله عليه وسلم يوم الجمعة من [illegible] هلال شوال سنة سبع وثلثين وسبعمائة بحمد الله وحسن توفيقه الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على محمد وآله وصحبه اجمعين

خاتمة الطبع الحمد لله [illegible]

خ انس هل فيكم من احد لم يقارف الليلة يعني الذنب فقال ابو طلحة انا قال فانزل في قبرها يعني قبر بنت النبي صلى الله عليه
وآله وسلم بخاری مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کوئی تم مین ایسا شخص ہے جسنے آج رات کو گناہ نکیا ہو سو ابو طلحہ نے کہا کہ مین ہون حضرت نے فرمایا تو اسکی قبر مین
اتر یعنے حضرت کے بیٹی کی قبر مین ف انس سے روایت ہے کہ ہم حضرت کے بیٹی کے جنازے پر حاضر ہوئے اور حضرت قبر پر بیٹھے تھے اور آنسو جاری تھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یہہ جو
حضرت نے فرمایا کہ جسنے رات کو حرکت نکی ہو یعنے عورت سے صحبت نکی ہو معلوم ہوا کہ قبر مین داخل ہونا اسکا افضل ہے جسنے اوس رات کو صحبت نکی ہو ق سہل بن سعد هل معك
شيء من القرآن قاله لرجل اراد ان يتزوج المرأة التي عرضت نفسها على النبي صلى الله عليه وآله وسلم بخاری و مسلم مین سہل بن سعد رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کیا تجھکو کچھ قرآن یاد ہے یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے اوس عورت کے نکاح کا ارادہ کیا تھا جسنے چاہا تھا کہ حضرت پاس رہے ف اسکا قصہ مفصل ہو چکا کہ حضرت
نے اوس عورت کو نہ قبول کیا پھر اوسکا نکاح دوسرے شخص سے کر دیا اور مہر یہہ مقرر کیا کہ مرد عورت کو قرآن سکھلا دے م الشريد بن سويد الثقفي هل معك من شعر
امية بن ابي الصلت قاله مسلم مین شرید بن سوید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیا تجھکو کچھ امیہ بن صلت کے شعر یاد ہین یہہ حضرت نے شرید بن سوید سے فرمایا
ف مصابیح مین شرید سے روایت ہے کہ مین ایک روز حضرت کے پیچھے سوار تھا حضرت نے فرمایا کہ تجھکو امیہ کا شعر یاد ہے مینے کہا کہ ہان یاد ہے مینے ایک شعر پڑھا حضرت نے فرمایا اور پڑھ مینے دوسرا
شعر پڑھا فرمایا اور پڑھ مینے سو شعر پڑھے اسیطرح سو شعر پڑھے معلوم کیا چاہئے کہ امیہ زمانہ کفر مین ایک شاعر تھا اوسکے شعر مین حمد الہی اور مذمت دنیا کا مضمون تھا اسواسطے
حضرت نے اوسکو سنا پھر فرمایا کہ اوسکی زبان ایمان لائی اور دل کافر رہا یعنے زبان سے مضمون تو اچھے نکلے لیکن دل سے کفر اور حب دنیا نہ گئی اور یہی حال ہے اکثر شاعرونکا کہ اشعار
مین بعضے مضمون تو نہایت خوب و درست زبان سے نکلتے ہین لیکن دل اسیلہ شعر کو زبان تیری درفشان ہوئی ہاے پر دل کی سیاہی نہ گئی م ابو هريرة هل نظرت
اليها فان في عيون الانصار شيئا قاله لرجل اخبره انه تزوج امرأة من الانصار فقال قد نظرت اليها قال له على كم تزوجتها قال
على اربع اواق فقال له على اربع اواق كانما تنحتون الفضة من عرض هذا الجبل ما عندنا ما نعطيك ولكن عسى ان نبعثك في بعث تصيب
منه قال فبعث بعثا الى بني عبس وبعث ذلك الرجل فيهم مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو نے اوسکو دیکھ لیا ہے اسواسطے کہ انصار کے
آنکھون مین کچھ ہے یعنے چھوٹی یا کرنجی آنکھہ ہوتی ہے یہہ حضرت نے اوس مرد سے کہا جسنے حضرت کو خبر دی کہ مینے ایک انصاری عورت سے نکاح کیا تو اوسنے کہا مین اوس عورت کو
دیکھہ چکا ہون حضرت نے فرمایا کہ کتنے مہر پر تو نے اوس سے نکاح کیا اوسنے کہا ایک سو ساٹھہ درم پر تو حضرت نے فرمایا کہ ایک سو ساٹھہ درم پر مہر باندھا گویا کہ تم لوگ اس پہاڑ کے
طرف سے چاندی کھود لیتے ہو ہمارے پاس تو نہین جو ہم تجھکو دیوین و لیکن عنقریب ہے کہ تجھکو ہم کسی دو ترین بھیجینگے وہان تجھکو فائدہ ہوگا راوی نے کہا پھر حضرت نے بنی عبس کی
قوم پر دوڑ بھیجی اور اوس مرد کو اوسمین بھیجا ف معلوم ہوا کہ جس عورت سے نکاح کا ارادہ کرے اوسکو دیکھ لیوے تاکہ آخر کو افسوس کرنے پر اور طلاق کی نوبت نہ پہنچے اور اسی
سبب سے نقصان بیان کر دینا بھی درست ہے اور معلوم ہوا کہ آدمی اپنی مقدور سے زیادہ مہر نہ باندھے اسیواسطے حضرت نے اوسپر عتاب کیا لیکن از راہ کرم پھر اوسکا نباہ کر دیا
ق ابن عمر هل وجدتم ما وعد ربكم حقا ثم قال انهم الان ليسمعون ما اقول قاله لما وقف على قليب بدر بخاری مین اور مسلم مین عبد اللہ بن
عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بھلا تمنے پایا جو تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا پھر حضرت نے فرمایا کہ یہ لوگ ابھی سنتے ہین جو مین کہتا ہون یہہ حضرت نے اوسوقت
فرمایا جب بدر کے کنوئے پر کھڑے ہوئے ف جب جنگ بدر مین اسلام کی فتح ہوئی تو ستر کافر گرفتار ہوئے اور ستر مارے گئے حضرت نے اون کی لاشون کو کوئے مین
ڈلوا دیا پھر یہہ حدیث فرمائی

فصل في فعل الامر

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سرے فعل ہے امر کا ح ابو سعيد ائتموا بي وليأتم بكم من بعدكم
بخاری مین ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تم میری اقتدا کرو اور چاہئے کہ تمہاری اقتدا کرین جو تمہارے بعد مین ف بعضے اصحاب صف سے پیچھے کھڑے تھے حضرت نے
فرمایا کہ آگے بڑھو پھر یہہ حدیث فرمائی جسنے اول صف کے لوگ نماز مین میری پیروی کرین اور دوسرے صف والے پہلی صف والون کی اقتدا کرین اسیطرح آخر تک حضرت کا معمول
تہا کہ ہوشیار اور دانا اصحاب کو صف اول مین کھڑا کرتے تھے تاکہ حضرت سے آداب نماز کی سیکھین اور غیرونکو سکھلاوین ق علي ائتوا روضة خاخ فان بها ظعينة معها
كتاب فخذوه منها قاله لعلي والزبير والمقداد ويروى انطلقوا حتى تأتوا روضة خاخ قاله لعلي ولابي مرثد الغنوي والزبير
بخاری و مسلم مین علی مرتضے رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جاؤ خاخ کے باغ مین سو البتہ وہان ایک عورت شتر سوار ہے اوسکے پاس خط ہے سو اوس سے اوس خط
کو لے لو یہہ حضرت نے علی مرتضے اور زبیر اور مقداد رض سے فرمایا اور دوسری روایت یون ہے کہ حضرت نے علی مرتضے اور ابو مرثد اور زبیر رض سے فرمایا چلو یہانتک کہ خاخ کے
باغ مین جاؤ ف یہہ عورت جاسوسی کا خط مکے لئے جاتی ہے حضرت کو وحی سے معلوم ہوا اسواسطے اصحاب کو بھیجکر خط چھنوا لیا باقی تفصیل ہو چکا ق ابن عباس ائتوني
بكتاب اكتب لكم كتابا لا تضلوا بعده ابدا قاله في مرضه بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے پاس کاغذ لاؤ کہ مین
تمہارے واسطے نوشتہ لکھدون تاکہ اوس تحریر کے بعد تم کبھی نہ بہکو یہہ حضرت نے اپنی مرض الموت مین فرمایا ف بخاری مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ پنجشنبے کے دن

پانچون زندہ رہے اگر لکھنا واجب ہوتا دوسرے وقت اسکو ضرور لکھوا دیتے بلکہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ جن تین چیزون کی حضرت نے وصیت کی وہ نہیں لکھوا اور یہہ جو عمر فاروق نے
کہا کہ ہمکو قرآن کفایت کرتا ہے اسکا یہہ مطلب نہیں کہ سوائے قرآن کے حضرت کی حدیث کی بھی حاجت نہیں بلکہ اسکا یہہ مطلب ہے کہ اسکے بعد قرآن میں اکملت لکم دینکم کی آیت اتری
یعنی تمہارے دین کو پورا کر چکا یعنے اب کوئی تازہ حکم دین کا باقی نہیں ہا قرآن اور حدیث میں دین کی تفصیل ہو چکی اسواسطے عمر فاروق رضہ نے حضرت کو عین شدت بیماری میں لکھانے
کی تکلیف دینا مناسب نہ دیکھا اسکو نافرمانی نہیں کہتے بلکہ یہہ عین محبت و خیر خواہی ہے اسواسطے کہ دستور ہے کہ بیماری میں اپنے بزرگ و عزیز کو مشقت سے بچاتے ہیں چنانچہ اگر
استاد بیمار ہوا اور شاگرد کو سبق پڑہانے کے واسطے بلاوے تو شاگرد بخیال اوسکے تکلیف کے سبق سے انکار کرتا ہے یہہ نافرمانی نہیں یہہ سراسر محبت اور دلسوزی ہے **شعر** چشم بد اندیش
کہ برکندہ باد ✽ عیب نماید ہنرش در نظر ✽ **ق** عَائِشَةُ اِئْذَنُوا لَهُ فَلَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ اَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيرَةِ وَيُرْوٰى بِئْسَ اَخُو الْقَوْمِ وَابْنُ الْعَشِيرَةِ
یعنے رَجُلًا اِسْتَاْذَنَ عَلَيْهِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ ایک مرد نے حضرت پاس آنیکی اجازت مانگی حضرت نے فرمایا اوسکو آنے دو سو برا بیٹا ہے اپنے
قوم کا یعنے اپنے قوم میں برا آدمی ہے یا یون فرمایا کہ اپنی قوم میں برا مرد ہے اور دوسری روایت یون ہے کہ اپنے قوم کا برا بھائی اور برا بیٹا ہے **ف** حضرت عائشہ رضہ کہو رہی تھیں
یون ہے کہ ایک شخص تحضرت کی خدمت میں حاضر ہونیکی اجازت مانگی حضرت نے اوسکو اجازت دی اور فرمایا کہ برا آدمی ہے جب وہ حضرت پاس بیٹھا تو حضرت نے اوس سے خوش خلقی کی اور خندہ
پیشانی سے کلام کیا مینے کہا کہ یا حضرت آپنے تو اوسکو برا کہا تھا پھر جب وہ آیا تب حضرت نے اوس سے اخلاق کئے تو حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ مجھکو تو نے بدخلق اور فحش گو کب پایا
بدترین خلق سے خدا کے نزدیک وہ شخص ہے قیامت کے دن جسکی لوگ تعظیم و تواضع کریں اوسکی بدی اور فحش گوئی کی ڈر سے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدذات آدمی کی عزت اور توقیر کرنا
اپنے حفظ آبرو کے واسطے درست ہے اور فاسق کی جو بے پردہ فسق کرتا ہو غیبت کرنا درست ہے تاکہ اور لوگ اوسکا حال سنکر عبرت پکڑیں **ق** عَائِشَةُ اِئْذَنِيْ لَهُ فَاِنَّهُ عَمُّكِ
تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ يعنے اَفْلَحَ اَخَا اَبِي الْقُعَيْسِ بخاری و مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ افلح ابو قعیس کے بھائی کے حق میں حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ اوسکو آنے دو اسواسطے
کہ وہ تیرا شیر نوشی کے رشتے سے چچا ہے تیرا داہنا ہاتھ خاک آلودہ ہو اگر تو حکم نمانی **ف** حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ مینے ابو قعیس کے جورو کا دودہ پیا تھا جب عورتون
کو پردہ کا حکم ہوا تو افلح ابو قعیس کا بھائی میرے دروازے پر آیا اور اوسنے گھر میں آنیکی اجازت مانگی مینے کہا واللہ میں اوسکو اجازت نہ دونگی جب تک کہ حضرت نہ اجازت دینگے
اسواسطے کہ مجھکو ابو قعیس نے دودہ نہیں پلایا بلکہ اوسکی جورو نے پلایا جب حضرت گھر میں تشریف لائے تب مینے یہہ حال حضرت سے عرض کیا اوس وقت حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
اسیواسطے حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ جو نسب سے حرام ہے وہ شیر خوارگی سے بھی حرام ہے معلوم ہوا کہ دایہ کی خاوند اور اوسکی بھائی اور دایہ کی اولاد سے عورت کو پردہ کرنا ضرور نہیں
کہ وہ محرم ہو گئی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِبْدَءْ بِمَنْ تَعُوْلُ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول اپنے اہل و عیال سے دینا شروع کر **ف** یعنے اہل
و عیال کا دینا فرض ہے اور غیرون کا دینا نفل اور فرض نفل سے مقدم ہے چنانچہ اگلی حدیث میں اسکی تفصیل موجود ہے **م** جَابِرٌ اِبْدَءْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا
فَاِنْ فَضَلَ شَيْءٌ فَلِاَهْلِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ اَهْلِكَ شَيْءٌ فَلِذِيْ قَرَابَتِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذِيْ قَرَابَتِكَ شَيْءٌ فَهٰكَذَا وَهٰكَذَا **قاله** لِاَبِيْ مَذْكُوْرٍ الْاَنْصَارِيِّ
حِيْنَ اَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ يُقَالُ لَهُ يَعْقُوْبُ مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول اپنی ذات سے شروع کر سو اوسپر خرچ کر پھر اگر کچھہ بچے تو اپنے اہل و عیال کو دے
پھر اگر کچھہ اہل و عیال سے بچے تو اپنے رشتے دارون کو دے سو اگر تیرے رشتے دارون سے بھی بچے تو اسطرح اور اسطرح یعنے داہنے اور بائیں ہر ایک محتاج کو دے یہہ حضرت نے ابو مذکور انصاری سے
فرمایا جب اوسنے اپنی یعقوب غلام کو آزاد کیا اپنے مرنیکے بعد یعنے اوسنے یون کہا تھا کہ جب میں مر جاؤن تو میرا غلام آزاد ہے ایسے غلام کو مدبر کہتے ہیں **ف** مصابیح میں جابر رضہ سے
روایت ہے کہ ایک انصاری نے اپنے غلام کو مدبر کیا اور اوسکے پاس اوس غلام کے سوائے کچھہ مال نہ تھا جب حضرت کو یہہ خبر پہنچی تو حضرت نے اوسکا آزاد کرنا درست نہ رکھا اور فرمایا کہ اسکو کون
مول لیتا ہے ایک شخص نے آٹھ سو درم کو مول لیا پھر حضرت نے وہ روپیے اوس انصاری کو دیئے اور یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ محتاج کی خیرات کرنے سے اپنے اہل و عیال کا دینا مقدم ہے اول
خویش بعد درویش **ق** اُمُّ عَطِيَّةَ اِبْدَءْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا **قاله** لِلنِّسَاءِ اللَّاتِيْ غَسَّلْنَ ابْنَتَهُ وَهِيَ زَيْنَبُ زَوْجَةُ اَبِي الْعَاصِ بْنِ
الرَّبِيْعِ وَكَانَتْ اَكْبَرَ بَنَاتِهِ بخاری و مسلم میں ام عطیہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکے داہنے طرفون سے اور وضو کے مقامون سے غسل دینا شروع کرو یہہ حضرت نے ان
عورتون سے فرمایا جو حضرت کی بیٹی کو غسل دیتی تھیں اونکا نام زینب تھا ابو العاص بن ربیع کی بی بی حضرت کے بیٹیون میں سب سے بڑی تھیں **ف** معلوم ہوا میت کا داہنی طرف سے
غسل شروع کرنا سنت ہے اور داہنی طرف میں وضو کے مقامون کو یعنے منہہ اور ہاتھہ کو مقدم کرے **ق** اَبُوْذَرٍّ اَبْرِدْ اَبْرِدْ اَوْ قَالَ اِنْتَظِرْ اِنْتَظِرْ **قاله** لِلْمُؤَذِّنِ بِالظُّهْرِ
بخاری اور مسلم میں ابوذر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھنڈا ہونے دے ٹھنڈا ہونے دے یا یون فرمایا کہ انتظار کر انتظار کر یہہ حضرت نے ظہر کی اذان دینے والے سے فرمایا **ف** یعنے
گرمی کی موسم میں ٹھنڈے وقت اذان دینا اور نماز پڑہنا مستحب ہے **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَبْرِدُوْا بِالصَّلٰوةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھنڈے وقت نماز پڑہا کرو اسواسطے کہ گرمی کی شدت دوزخ کی جوش سے ہے **ف** یعنے گرمی کی موسم میں ظہر کی نماز میں تاخیر مستحب ہے تاکہ جماعت زیادہ
ہو اور یہہ دونو حدیثیں امام اعظم کی مذہب کے ماخذ و دلیلیں ہیں **ق** كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ اَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ **قاله** لَهُ بخاری اور مسلم میں کعب

میرے واسطے پتھر کہ میں اوس سے استنجا کروں اور نہ لا آئیے سو میں لی اور گوبر کو ف معلوم ہوا کہ ڈہیلے سے پاک کرنا پاخانے کے بعد سنت ہی اور ہڈی اور گوبر سے استنجا کرنا درست نہیں اوس طرح
کوئلے سے م انس انصروھا فان جاءت بہ ابیض سبطا قضئ العینین فھو لھلال بن امیۃ وان جاءت بہ اکحل جعدا حمش الساقین فھو لشریک
بن السحماء مسلم میں انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ دیکھتے رہو اوس عورت کو کہ اگر وہ جنی سفید رنگ لڑکا سیدہی بال معیوب آنکہوں والا تو وہ ہلال بن امیہ کا
لڑکا ہی اور اگر وہ عورت جنی سیاہ چشم لڑکا گھنگرالے بال پتلی پنڈلیوں والا تو وہ لڑکا شریک بن سحما کا ہی ف ہلال بن امیہ نے اپنی جورو کو شریک بن سحما سے عیب لگایا چنانچہ حضرت نے
اون دونوں میں جدائی کروا دی اوسکی جورو حاملہ تہی اسواسطے حضرت نے اصحاب سے یہہ حدیث فرمائی جب وسکے لڑکا پیدا ہوا تو حضرت کو خبر ہوئی کہ شریک بن سحما سے مشابہ ہی حضرت نے
فرمایا کہ اگر قرآن کا حکم اوس پر جاری نہو گیا ہوتا تو میں اوس عورت پر کچہہ حکم کرتا یعنے سزا دیتا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ مشابہت بہی حجت ہی اور یہی مذہب امام شافعی کا ہی
لیکن امام اعظم کے نزدیک قیافہ اور مشابہت حجت نہیں اور حضرت کو یہہ حال وحی سے معلوم ہوا ہوگا خ ام خالد بنت سعید بن العاص قیل بنت خالد بن
سعید ابلی واخلقی ثم ابلی واخلقی بخاری میں ام خالد سعید بن عاص یا خالد بن سعید کی بیٹی سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کرے تو بہی پہاڑے پہر خدا کرے تو بہی
پہاڑے پہر خدا کرے تو بہی پہاڑے ف ام خالد سے روایت ہی کہ حضرت کے پاس بہت کپڑے آئے اون میں ایک چہوٹی سیاہ لوئی تہی حضرت نے فرمایا تم جانتے ہو کہ یہہ کس کو پہناؤں گا اصحاب چپ رہے
پہر حضرت نے مجہکو بلا کر اپنے ہاتہہ سے پہنایا یہہ دعا دی م عبد اللہ بن عمرو واتقوا الشح فان الشح اھلک من کان قبلکم مسلم میں عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہی کہ حضرت
نے فرمایا کہ بچو بخیلی سے اسواسطے کہ بخیلی نے تم سے اگلے لوگوں کو ہلاک کیا ف جب آدمی پر بخل غالب ہوا تو زکوۃ بہی نہ دے سکے گا تو فرض کو ترک کیا اسواسطے لائق عذاب کے ہوا ق عائشۃ
اتقوا النار ولو بشق تمرۃ بخاری و مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو دوزخ سے کہجور کے پہانک ہی دیکر سہی ف یعنے کم خیرات بہی دوزخ سے بچاتی ہی
م ابو ھریرۃ اتقوا اللاعنین قالوا وما اللاعنان قال الذی یتخلی فی طریق الناس او فی ظلھم مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو دو لعنت کروانیوالے
کاموں سے اصحاب نے کہا کہ وہ کام لعنت کروانیوالے کون ہیں حضرت نے فرمایا جو آدمی کہ لوگوں کے راہ میں پاخانہ پہرے یا اون کے سایہ کے مقام میں ف راہ اور سایہ دار درخت کے نیچے حاجت ضرور
پہرنا ایذا رسانی کا سبب ہی اسواسطے لوگ اوسپر لعنت کرتے ہیں اور بد کہتے ہیں خ انس اتموا الرکوع والسجود فوالذی نفسی بیدہ انی لاراکم من بعد ظہری اذا ما رکعتم واذا
ما سجدتم بخاری میں انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ پورا رکوع اور سجدہ کیا کرو سو قسم ہی اوس ذات پاک کی جسکے قابو میں میری جان ہی کہ البتہ میں اپنے پس پشت سے دیکہتا ہوں تم کو
جب رکوع کرتے ہو اور سجدہ کرتے ہو ف بعضے دیہات کے لوگ نو مسلم رکوع اور سجدے میں جلدی کرتے تہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی خ انس اثبت احد فانما علیک نبی وصدیق
وشہیدان ویروی فما علیک الا نبی او صدیق او شہید وکان علیہ النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم وابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم بخاری میں
انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تہم جا ای احد تجہہ پر تو پیغمبر ہی اور صدیق رض اور دو شہید اور دوسری روایت میں یوں ہی تجہہ پر تو سوائے پیغمبر یا صدیق یا شہید کے کوئی نہیں
اور احد پہاڑ پر حضرت تہے اور ابوبکر صدیق رض اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم ف حضرت اصحاب کے ساتہہ احد پہاڑ پر تہے سو اوسکو جنبش ہوئی تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی چنانچہ پہاڑ تہم گیا یہہ معجزہ ہی کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا کہ حضرت عمر رض اور حضرت عثمان رض شہید ہوئے چنانچہ مشہور ہی جنبش پہاڑ کی از راہ فخر تہی کہ ایسے
بزرگواروں نے اوسکو مشرف کیا ق ابو ھریرۃ اجب عنی اللھم ایدہ بروح القدس قالہ لحسان بن ثابت بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے
روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جواب دے میری طرف سے الہی اوسکے جبرئیل سے مدد کر یہہ حضرت نے حسان بن ثابت سے فرمایا ف کفار قریش نے حضرت کی ہجو کی تہی تب حضرت نے اوسکا
جواب حسان سے دلوایا ق ابو ھریرۃ اجتنبوا السبع الموبقات قالوا یا رسول اللہ ما ھن قال الشرک باللہ والسحر وقتل النفس التی حرم
اللہ الا بالحق واکل الربوا واکل مال الیتیم والتولی یوم الزحف وقذف المحصنات المؤمنات الغافلات بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض
روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو سات کبیرہ گناہوں سے جو ایمان کو ہلاک کر ڈالتے ہیں اصحاب نے کہا کہ یا رسول اللہ وے کون گناہ ہیں فرمایا کہ خدا کے ساتہہ شرک کرنا اور جادو
اور اوس جان کو مارنا جسکا مارنا خدا نے حرام کیا ہی لیکن حق پر مارنا درست ہی اور بیاج کہانا اور یتیم کا یعنے بن باپ کے لڑکے کا مال کہانا اور لڑائی کے دن کافروں کے سامنے سے
بہاگنا اور خاوند والی ایماندار عورتوں کو جو بدکاری سے واقف نہیں اونکو عیب لگانا ف ہرچند اس حدیث میں گناہ کبیرہ سات ہی فرمائے لیکن اور حدیثوں میں زیادہ بہی آئے
ہیں اوس وقت اتنے ہی گناہوں کا ذکر کرنا مصلحت ہوگا ق ابن عمر اجعلوا آخر صلوتکم باللیل وترا بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا
کہ اپنی رات کی نماز میں پچہلی نماز وتر کو کرو ف یعنے تہجد کے بعد وتر چاہیے لیکن جو شخص کبہی رات کو اوٹہتا ہو اور کبہی سوجاتا ہو اوسکو لازم ہی کہ وتر کو عشا کے وقت پڑہ لیا کرے
لیکن حضرت کے فعل سے ثابت ہی کہ وتر کے بعد دو رکعت بیٹہہ کر پڑہتے تہے ق ابن عمر اجیبوا ھذہ الدعوۃ اذا دعیتم لھا بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہی
کہ حضرت نے فرمایا کہ اس دعوت کو قبول کیا کرو جب کہ اوسکے واسطے بلائے جاؤ ف یعنے شادی کا کہانا قبول کرنا ضرور ہی خ عروۃ بن الزبیر لاحبسن ابا سفیان
عند حطم الجبل حتی ینظر الی المسلمین قالہ للعباس بن عبد المطلب یوم الفتح کذا وقع مرسلا وھو من حدیث عائشۃ عن النبی

مسلم مین ابو قتادہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ تہامے رہ اپنی وضو کی برتن کو اسکا کچہہ حال ظاہر ہونا ہی یہہ حضرت نے اوس رات کے صبح کی وقت فرمایا جس رات کے پچھلے وقت
مقام ہوا تھا **ف** صبح کو حضرت نے یہہ فرمایا اور دن کو پیاس غالب ہوئی اور پانی نہ تھا اوسی برتن سے پانی ویلنے لگا اور ابو قتادہ پلانے لگے یہانتک کے تمام لشکر آسودہ ہوگیا اس حدیث سے
دو معجزہ ثابت ہوئے ایک تو پانی کا جوش کرنا دوسری آیندہ کی خبر دینا **خ** جَابِرٌ اَخْبِرْ ذٰلِكَ ابْنَ الْخَطَّابِ **قَالَ** لِجَابِرٍ لَمَّا اَخْبَرَهُ بِقَضَاءِ دَيْنِهِ بخاری مین
جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی خبر دے خطاب کے بیٹے یعنی عمر فاروق رض کو یہہ حضرت نے جابر سے فرمایا جب جابر نے اپنے قرض ادا ہوجانے کی حضرت کو خبر دی **ف** جابر کے باپ
جنگ احد مین شہید ہوئے اون پر بہت قرض تہا جتنا خرما اون کے باغ مین ہوا وہ نہین چاہا کہ قرض خواہون کو دین قرض بہت تھا اور خرما کم اونہون نے نہ قبول کیا جابر حضرت سے شفاعت
کروائے قرض خواہ یہودی تھے اونہون نے نہ مانا حضرت نے جابر سے فرمایا کہ تو ہر قسم کے خرمون کی علیحدہ علیحدہ ڈہیر کر جب جابر نے ڈہیر لگائے تو حضرت ایک بڑے ڈہیر کی گرد گھومے اور
اوسکے اوپر جا کر بیٹھے پھر جابر سے فرمایا کہ قرض خواہون کو تول تول کے دینا شروع کر جابر نے دینا شروع کیا یہانتک کہ سب قرض ادا ہوگیا جابر رض سے روایت ہی کہ باوجودیکہ سب
قرض ادا ہوا لیکن وہ ڈہیر سب اوسیطرح پر تہا کچھہ کمی اوسمین نہوئی جابر نے کہا یا حضرت سب قرض ادا ہوچکا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی عمر فاروق کو اس حال
کی خبر کردے اسواسطے کہ عمر فاروق رض کو جابر کے قرض ادا ہونیکی بڑی فکر تھی جب جابر نے عمر فاروق کو خبر دی اونہون نے کہا کہ جب حضرت تشریف لیگئے تھے اوسیوقت مین
جان گیا تھا کہ اب ضرور برکت ہوگی **ق** عَائِشَةُ اُدْعِيْ لِيْ اَبَا بَكْرٍ اَبَاكِ وَاَخَاكِ حَتّٰى اَكْتُبَ كِتَابًا فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَتَمَنّٰى مُتَمَنٍّ وَيَقُوْلُ قَائِلٌ اَنَا
اَوْلٰى وَيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلَّا اَبَا بَكْرٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بلا لا میرے پاس اپنے باپ ابوبکر اور اپنے بھائی کو تاکہ مین
اونکو نوشتہ لکھدون یعنی خلافت نامہ اسواسطے کہ مین خوف کرتا ہون کہ آرزو کرے کوئی آرزو کرنے والا یا کہے کوئی کہنے والا کہ مین لائق تر ہون خلافت کا اور نہ ملنے گا خدا اور
مسلمان کسیکو مگر ابوبکر کو **ف** اول حضرت نے چاہا تہا کہ صدیق رض کو خلافت نامہ لکھدین تاکہ دوسرے کو دعوی نرہے پھر تقدیر اور اجماع مومنین پر چھوڑا یعنی تقدیر مین تو
یہی ہی کہ صدیق اکبر رض خلیفہ ہونگے اور اجماع مومنین بھی اونہی کی خلافت پر ہوگا پھر لکھنا کیا ضرور ہی اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ سوا صدیق اکبر کے کسیکی خلافت
حضرت کو منظور نہ تھی **ق** عَائِشَةُ اُذْكُرُوْا اَنْتُمُ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تم ذکر کر لیا کرو خدا کے نام کو اور
کھایا کرو **ف** حضرت عائشہ رض نے کہا کہ یا رسول اللہ چند قوم مین کہ تازہ ایمان لائے ہین ہمارے پاس گوشت لاتے ہین ہم نہین جانتے کہ ذبح کے وقت خدا کا نام لیتے ہین یا نہین تب
حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اہل اسلام پر خیر گمان کیا چاہئے وے لوگ خدا کے نام کو ذبح کے وقت نہ ترک کرتے ہونگے تم اپنے رفع شبہے کے واسطے خدا کا نام لے لیا کرو
اور یہہ مطلب نہین کہ اگرچہ اونہون نے ذبح کے وقت خدا کا نام نہ لیا ہو تو بھی تمہارے بسم اللہ کہنے سے پاک ہوجاویگا اسواسطے کہ بسم اللہ کہنا ذبح کے وقت شرط ہی
ق اَنَسٌ اُذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَلْيَاْكُلْ كُلُّ رَجُلٍ مِمَّا يَلِيْهِ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کھانے کے وقت بسم اللہ کہا کرو اور چاہئے کہ
ہر شخص اپنے قریب طرف سے کہایا کرے **ف** یعنی کابی سے جو کہانا کہایا کرے اور دوسرے طرف سے نہ بلکہ اپنے طرف سے **ق** عَائِشَةُ اِذْهَبْ فَاحْثُ فِيْ اَفْوَاهِهِنَّ
مِنَ التُّرَابِ يَعْنِيْ نِسَاءَ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ حِيْنَ كَثُرَ الْبُكَاءُ عَلَيْهِ **قَالَ** لِرَجُلٍ قَالَ لَقَدْ غَلَبْنَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بخاری اور مسلم مین
حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جا اور اون کے منہہ مین خاک جہونک دے یعنی جعفر بن ابیطالب کے عورتون کے جب اونہون نے بکثرت زور زور سے جعفر پر
رونا شروع کیا یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے کہا تھا یا رسول اللہ عورتین ہم پر غالب ہوگئین یعنی کہنا نہین مانتے اور رونے سے باز نہین رہتے ہین **ف** جعفر
طیار کو حضرت نے لڑائی پر بھیجا تھا جب اونکے شہادت کی خبر آئی تو حضرت کو بہت غم ہوا اور جعفر کے گھر کے عورتین نوحہ کرکے رونے لگین ایک شخص نے حضرت کو اس حال
کی خبر دی حضرت نے فرمایا کہ اونکو جا کر باز رکھہ اوسنے جا کر منع کیا عورتون نے نمانا اوسنے پھر حضرت سے عرض کی کہ نہین مانتے ہین حضرت نے فرمایا پھر جا اور منع کر اسیطرح
تین بار حضرت نے اوسکو بھیجا اوسنے کہا کہ یا حضرت عورتین نہین مانتے ہین اور ہم پر غلبہ کرتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور عورتون پر غصہ کیا اس حدیث سے نوحہ
اور چلا کر رونے کی حرمت بتاکید تمام ثابت ہوئی **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذْهَبْ فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ يَعْنِيْ عَرَقًا فِيْهِ تَمْرٌ **قَالَ** لِلَّذِيْ اَصَابَ اَهْلَهُ
فِيْ رَمَضَانَ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جا اور اپنے گہر والون کو کھلا یعنی اون کھجورون کو جو ٹوکری مین تہین یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا
جسنے اپنی جورو سے رمضان مین صحبت کی تھی **ف** ایک مرد آیا اوسنے کہا یا حضرت مین ہلاک ہوا حضرت نے فرمایا کیا ہوا اوسنے کہا کہ مینے رمضان مین اپنی عورت سے صحبت کی اور مین روزہ دار تھا حضرت نے فرمایا غلام آزاد کر اوسنے کہا مجھکو
مقدور نہین حضرت نے فرمایا تو دو مہینے برابر روزے رکھہ اوسنے کہا مجھکو طاقت نہین حضرت نے فرمایا تو ساٹھہ محتاجون کو کھانا دے اوسنے کہا کہ مجھکو مقدور نہین حضرت نے فرمایا تو
بیٹھہ جا پھر تھوڑی دیر کے بعد حضرت کے پاس ٹوکرا کھجورون کا آیا حضرت نے اوس سے فرمایا کہ اسکو لیجا اور محتاجون کو دے اوسنے کہا کہ یا حضرت مدینہ مین مجھسے زیادہ کوئی
محتاج نہین حضرت نے تبسم کیا پھر یہہ حدیث فرمائی کفارہ غیر کو دینا چاہئے خود کھانا درست نہین اسواسطے بعضے علما نے کہا ہی کہ یہہ حدیث منسوخ ہی اور بعضون نے کہا کہ اوسی شخص
کو یہہ حکم خاص ہی اور بعضون نے کہا کہ حضرت نے اوسکی محتاجی دیکھہ کر اوسے بطور قرض دیا تھا یعنی جب مقدور ہو تو کفارہ ادا کرنا چاہئے **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ اِذْهَبْ

اسکو حضرت پاس لے آئی حضرت نے پیالہ سے پانی لیکر لوگونکو پلانا شروع کیا یہانتک کہ لوگ آسودہ ہو گئے اور دیکھا مین اوسیطرح پانی لبریز تہین پہر حضرت نے فرمایا کہ اس عورت کو کچھہ دو کہ سینے
ہو رسینے آ لگے سینا اوسکو دی تب حضرت نے اوس عورت سے یہہ حدیث فرمائی **ه** الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ ارْجِعْ اِلٰی ثَوْبِكَ فَخُذْهُ وَلَا تَمْشُوا عُرَاةً **قاله** لہ مسلم مین مسور بن
مخرمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا پلٹ جا اپنی کپڑے کی طرف سو اوسکو لے اور نہ چلا کرو ننگے یہہ حضرت نے مسور سے فرمایا **ف** مسور سے روایت ہے کہ مین بہاری پتہر اوٹہا لئے
جاتا تہا میرا تہمد کہل پڑا مین اوسکو نہ باندہ سکا اور برہنہ اوسکو لئے گیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ستر عورت فرض ہے **م** عُمَرُ ارْجِعْ فَاَحْسِنْ وُضُوْءَكَ
قاله لِرَجُلٍ تَوَضَّأَ فَتَرَكَ مَوْضِعَ ظُفُرٍ عَلٰی قَدَمِهٖ فَرَجَعَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ صَلّٰی مسلم مین عمر فاروق رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا سو اچھی طرح سے اپنا
وضو کر یہہ حضرت نے اوس مرد سے کہا جسنے وضو کیا اور ایک ناخن برابر اپنے قدم کو خشک چہوڑا پہر وہ شخص پلٹا سو اوسنے وضو کیا پہر نماز پڑہی **ف** معلوم ہوا کہ اعضاء وضو کی اندک خشکی بہی
وضو کو باطل کرتی ہی **ق** ابْنُ عَبَّاسٍ ارْجِعْ فَحُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ **قاله** لِرَجُلٍ قَالَ اِنِّیْ كُتِبْتُ فِیْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَامْرَاَتِیْ حَاجَّةٌ بخاری اور
مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا اور اپنی جورو کے ساتھ حج کر یہہ حضرت نے اوس مرد سے کہا جسنے کہا تہا کہ یا حضرت میرا نام فلانے اور فلانے لڑائی مین لکہا گیا
اور میری جورو حج کو جاتی ہی **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کو بدون اپنی خاوند یا محرم کی حج کرنا درست نہین **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا پہر نماز پڑہ اسواسطے کہ تیری نماز نہین ہوی **ف** حضرت مسجد مین تہے ایک شخص نماز پڑہ کے چلا حضرت کو سلام کیا
حضرت نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ تو اپنی نماز پہر پڑہ تیری نماز نہین ہوی اوس شخص نے پہر جلدی جلدی نماز پڑہی اور سلام کرکے چلا حضرت نے فرمایا پہر نماز پڑہ تیری نماز نہین ہوی
اسیطرح تین بار اوسنے نماز پڑہی پہر اوسنے کہا خدا کی قسم مجہکو اس سے زیادہ بہتر نہین پڑہ آتی تب حضرت نے فرمایا کہ جب نماز کیواسطے کہڑا ہوا کر تو اللہ اکبر کہا کر پہر پڑہا کر جو کچہہ تجہکو قرآن
یاد ہو پہر رکوع کیا کر آرام اور تسکین سے پہر سر اوٹہا یہانتک کہ خوب سیدہا کہڑا ہو جاوے پہر سجدہ کیا کر اطمینان سے پہر سر اٹہا یا کر اطمینان سے بیٹہا کر پہر اسیطرح ہر رکعت مین کیا کر اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان نماز مین واجب ہے نہایت جلدی کرنیسے یا نماز باطل ہوتی ہی یا مکروہ **ق** عَائِشَةُ اَرْضِعِيْهِ تَحْرُمِيْ عَلَيْهِ وَيَذْهَبِ الَّذِيْ فِيْ نَفْسِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ **قاله**
لِسَهْلَةَ بِنْتِ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو حِيْنَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَرٰى فِيْ وَجْهِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُوْلِ سَالِمٍ فَقَالَ اَرْضِعِيْهِ قَالَتْ كَيْفَ اُرْضِعُهُ وَهُوَ رَجُلٌ كَبِيْرٌ
فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ رَجُلٌ كَبِيْرٌ بخاری و مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو اپنا دودہ پلادے سالم کو تاکہ
تو اوسپر حرام اور ناجائز ہو جاوے اور وہ کہٹکا بہی جاتا رہیگا جو ابو حذیفہ کی جی مین آتا ہی یہہ حضرت نے سہلہ بیٹی سہیل بن عمرو کی سے فرمایا جب اوسنے کہا کہ یا رسول اللہ مین ابو حذیفہ کے
منہہ پر کچہہ کراہت سے دیکہتی ہون سالم کی اندر آنیسے تب حضرت نے فرمایا تو اوسکو اپنا دودہ پلادے اوسنے کہا اور کیونکر اوسکو پلاؤن و حالانکہ وہ بڑا مرد ہی یعنے اپنی چہاتی کی جوان مرد کو
کیونکر پلاؤن تو حضرت نے تبسم کیا اور فرمایا البتہ مین جانتا ہی کہ وہ جوان مرد ہی یعنے چہاتی پلانا ضرور نہین جو تجہکو چہاتی کی کسی برتن مین کہے پلادے **ف** ابو حذیفہ کا سالم آزاد غلام تہا اوسکو
اندر جانیسے گمان بد آتا تہا اسواسطے حضرت نے تدبیر بتلائی شیر خوارگی سے حرمت طفلی مین ثابت ہوتی ہی جوانی مین نہین جیسا اور احادیث مین ظاہر ہی تو اوس حدیث کا حکم سالم کو خاص ہی یا یہہ حکم منسوخ ہی
ه اَبُوْ هُرَيْرَةَ ارْكَبْ اَيُّهَا الشَّيْخُ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكَ وَعَنْ نَذْرِكَ مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوار ہو اے بڈہی سو اسطے کہ خدا تجہسے اور تیری نذر سے
بے پرواہ ہی **ف** حضرت نے ایک بڈہی کو دیکہا کہ پیدل جاتا ہی اور دونون طرف اوسکے دو بیٹے اوسکو تہامے جاتے ہین حضرت نے پوچہا اسکا کیا سبب ہی لوگون نے کہا کہ اسنے پیادہ
چلنے کی بیت اللہ تک نذر کی ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے کیون اپنے تئین مصیبت مین ڈالتا ہی خدا کو اسکی کچہہ پروا نہین معلوم ہوا کہ جب طاقت نہو تو نذر ادا کرنا واجب نہین **م**
جَابِرٌ ارْكَبْهَا بِالْمَعْرُوْفِ اِذَا اُلْجِئْتَ اِلَيْهَا حَتّٰی تَجِدَ ظَهْرًا يَعْنِي الْبَدَنَةَ **قاله** حِيْنَ سُئِلَ عَنْ رُكُوْبِ الْهَدْيِ مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
ہونے قربانی کے اونٹ پر دستور سے یعنے حاجت سے زیادہ اوسکو تکلیف نہ دے سوار ہونا اوسوقت درست ہے جب تو مضطر ہو اوسکی طرف یہانتک کہ تجہکو دوسری سواری ملی یہہ حضرت نے
اوسوقت فرمایا جب کسینے بیت اللہ جانے والے قربانی کا مسئلہ پوچہا **ق** اُمُّ سَلَمَةَ اسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ **قاله** حِيْنَ رَاٰى جَارِيَةً فِيْ بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ فِيْ وَجْهِهَا
سَفْعَةٌ بخاری اور مسلم مین حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکیواسطے جہاڑ پہونک کرو اور اسکو نظر لگی ہی یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب حضرت ام سلمہ کے گہر میں ایک لڑکی کے
منہہ پر زردی دیکہی **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نظر کی تاثیر درست ہے اور قرآن اور اسماء الٰہی سے جہاڑ پہونک کرنا جائز ہی لیکن جسمین شرک کا مضمون ہو یا اوسکے معنے غیر معلوم ہون تو مکروہ
درست نہین **م** جَابِرٌ اسْتَكْثِرُوْا مِنَ النِّعَالِ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جوتیان پہننے کی زیادہ تر عادت کرو اسواسطے کہ آدمی
جب تک جوتہ پہنے رہتا ہی سوار رہتا ہی **ف** عرب مین دیہات کے لوگون کو جوتہ پہننے کی کم عادت تہی اسواسطے حضرت نے اسکی تعلیم کی خصوصاً اونکو جہاد اور سفر لازم رہتا تہا تو اس
سبب سے زیادہ تر حاجت تہی کہ جوتہ پہن کے آدمی سوار کیطرح چلنے پہرنے مین مضبوط ہو جاتا ہی **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ فَاِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ
وَاِنَّ اَعْوَجَ مَا فِي الضِّلَعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهٗ كَسَرْتَهٗ وَاِنْ تَرَكْتَهٗ لَمْ يَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ میری وصیت قبول کرو عورتونکے مقدمہ مین اسواسطے کہ عورت پیدا ہوئی ہی پسلی سے اور ٹیڑہی پسلی مین زیادہ تر کجی اوپر کے طرف مین ہی سو اگر تو اوسکا سیدہا کرے

وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ بِرَوَاهِدَا أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ مسلم میں ابوہریرہ رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
ٹہر جا ای حرا اسو جہہ پر تو سوا نبی اور صدیق اور شہید کی کوئی نہیں اور اوس پر تہا یعنے حرا پر حضرت تہے اور ابوبکر اور عمر اور عثمان اور طلحہ اور زبیر اور سعید بن ابی وقاص رض تہے اور دوسری روایت ہی
کہ حضرت نے فرمایا کہ تہم جا او پہاڑ اوپر ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر رض تہے **ف** ابوبکر کا صدیق ہونا عالم پر ظاہر ہے باقی بزرگوار شہید ہین سوا سعد بن ابی وقاص کے وہ اسہال کے بیماری سے
مرے وہ بہی شہید و نیمین داخل ہو چنانچہ اور حدیث مین آیا ہی کہ جو اسہال سے مرے وہ بہی شہید ہے **ھ** أَبُو هُرَيْرَةَ اسْمَعُوا إِلَى مَا يَقُولُ سَيِّدُكُمْ إِنَّهُ لَغَيُورٌ وَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ وَاللَّهُ أَغْيَرُ
مِنِّي يَعْنِي لِسَيِّدِكُمْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ مسلم مین ابوہریرہ رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سنو اپنے سردار کی قول کو مقرر وہ غیرت دار ہی اور مین اوس سے زیادہ غیرت دار ہون اور خدا مجہہ سے
بہی زیادہ غیرت دار ہی سردار سے مراد سعد بن عبادہ ہی **ف** سعد بن عبادہ انصار کے سردار تہے اونہون نے حضرت سے کہا یا رسول اللہ اگر مین اپنے جورو کی پاس کسی اجنبی مرد کو پاؤن تو اوسکو چہوڑ دون
چار گواہ ملا کر لاؤن حضرت نے فرمایا کہ ہان یعنے زنا کا دعوی اوس وقت ثابت ہوگا جب چار گواہ ہون سعد نے کہا یہہ کیونکر ہو قسم اوس ذات پاک کی جسنے تجہکو دین حق دیکر بہیجا کہ اگر اوس حال
مین مین ہون تو تلوار ہی مارون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے یہہ قول غیرت کے سبب سے ہی اور غیرت خدا اور رسول کو پسند ہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدکاری کے وقت قتل کرنیسے عند اللہ
گناہ نہیں لیکن اگر گواہ نہون گے تو حاکم قصاص لیویگا **م** وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ **قاله** لِسَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ
الْجُعْفِيِّ مسلم مین وائل بن حجر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہنا سنو اور اطاعت کرو اپنی بادشاہون کی سو واسطے کہ اون پر فرض ہی جسکا بوجہہ اون پر ہی اور تم پر فرض ہے جسکا تم پر بوجہہ
ہی یہہ حضرت نے سلمہ بن یزید سے فرمایا **ف** سلمہ نے کہا کہ یا حضرت اگر ہمارے ایسے سردار ہون کہ ہم سے اپنی اطاعت لیوین اور ہمارا حق نہ دیوین تو اوس وقت مین ہم کیا کرین تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی یعنے اگرچہ وے ظلم کرین تو بہی تم پر اطاعت واجب ہے اگر وے عدالت نہ کرینگے تو خدا اونسے سمجہہ لیگا **ق** أُمُّ الْحُصَيْنِ اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَإِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ
كَأَنَّ رَأْسَهُ زَبِيبَةٌ بخاری اور مسلم مین ام الحصین رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہنا مانو اور اطاعت کرو اگرچہ حبشی غلام تم پر سردار ہووے گویا کہ اوسکا سر سیاہ منقی ہی **ف** غلام
حبشی کا خلیفہ اور بادشاہ ہونا درست نہیں تو اس حدیث مین ریاست جزی مراد ہی یعنے اگر حبشی تمہارا جمعدار یا صوبہ دار ہو تو اوسکی بہی اطاعت ضروری ہی اگرچہ بد ظاہر اور کم لیاقت ہو
اسواسطے کہ اوسکی اطاعت در حقیقت خلیفہ کی اطاعت ہی جسنے اوسکو سردار بنایا **ق** عَائِشَةُ اشْتَرِيهَا فَأَعْتِقِيهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے
روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تو اوس لونڈی کو مول لے پہر اوسکو آزاد کر دے اسواسطے کہ آزاد لونڈی غلام کے مال کا وہی وارث ہوتا ہی جو آزاد کرے **ف** ایک لونڈی کو حضرت عائشہ رض چاہا کہ
مول لیوین اور آزاد کرین اوسکی مالکون نے کہا کہ ہم اس شرط پر بیچتے ہین کہ اسکی وراثت کا حق ہمکو ملے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے وراثت کا حق آزاد کرنیوالیکو ہی اوسکی مالک کا حق شرط کرنے
ق أَبُو مُوسَى اشْرَبَا مِنْهُ وَأَفْرِغَا عَلَى وُجُوهِكُمَا وَنُحُورِكُمَا وَأَبْشِرَا يَعْنِي مَا اجْتَمَعَ مِنْ وُضُوئِهِ بَعْدَ مَا مَجَّ فِيهِ **قاله** لِأَبِي مُوسَى وَبِلَالٍ بخاری اور مسلم مین
ابو موسی رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونوں اس پانی کو پیو اور اپنے منہہ اور سینون پر ڈالو اور خوش ہو یعنے وہ پیالے کا پانی جسمین حضرت نے منہہ دہویا اور کلی ڈالی تہی یہہ حضرت نے ابو موسی اور
بلال سے فرمایا **ف** حضرت کے لعاب سے پانی متبرک ہوگیا ہی قسمت ابو موسی اور بلال کی جنکو یہہ نعمت ملی **خ** أَبُو مُوسَى اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا بخاری مین ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
سفارش کیا کرو لوگون کی ثواب پاؤ گے **ف** یعنے سعی سفارش سے اہل حاجت کا کام نکال دینا ثواب کا موجب ہے **ق** ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ مَسْعُودٍ اشْهَدُوا وَاشْهَدُوا وَأَوْ رُوِيَ اللَّهُمَّ اشْهَدْ
قاله عِنْدَ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لوگون سے کہ گواہ رہنا اور دوسری روایت یون ہے کہ الہی تو گواہ
رہیو یہہ حضرت نے چاند کے پہٹنے کے وقت فرمایا **ف** عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ ہم منا مین تہے جب کہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا ایک ٹکڑا پہاڑ پر تہا اور دوسرا پہاڑ کے نیچے تب حضرت نے
ہم سے فرمایا کہ دیکہو اور شاہد رہو اور بخاری مین انس رض روایت ہے کہ کفار مکہ نے حضرت سے معجزہ مانگا تو حضرت نے اونکو شق قمر دکہلایا قاضی عیاض کی شفا مین ابن مسعود رض سے روایت ہے کہ
کفار قریش نے کہا کہ ہم پر محمد نے جادو کیا جو ہمکو چاند دو ٹکڑے دکہلا دیا ہی ایک شخص نے کہا کہ اگر تمکو سحر کیا ہی تو ساری جہان کو تو نہیں سحر کیا ہوگا پہر ہر طرف کے مسافرون سے دریافت کیا
سب نے گواہی دی اور ابو جہل نے ہر طرف آدمی تحقیق کے واسطے بہیجی سو ہر طرف سے یہی ثابت ہوا تو قریش نے کہا یہہ سحر مستمر ہی شق قمر کی حدیث نہایت مشہور ہی بہت اصحاب سے اسکی روایت
ثابت ہی چنانچہ عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن عمر اور علی مرتضے اور حذیفہ اور عبد اللہ بن عباس اور انس اور جبیر بن مطعم وغیرہ سے حدیث کی کتابون مین بکثرت روایت ہی اور قرآن مین بہی
اسکی خبر ہی چنانچہ سورہ قمر مین حق تعالے نے فرمایا اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَإِنْ يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ یعنے پاس آلگی قیامت اور دو ٹکڑے ہو گیا
چاند اور اگر دیکہیں کفار مکہ معجزہ تو منہ پہیر لیویں اور کہیں یہہ مضبوط دائمی جادو ہی حق تعالے نے شق القمر کی خبر بلفظ ماضی دی یعنے یہہ امر ہو چکا اگر آیندہ حال کی خبر ہوتی تو کفار اسکو جادو نہ کہتے
چنانچہ جمہور مفسرین کا اسپر اتفاق ہی بعضے جاہل بے دین اور نصاری اعتراض کرتے ہین کہ اگر شق القمر ہوا ہوتا تو اکثر اہل زمین پر مخفی نہ رہتا اسواسطے کہ آسمانی حال سبکے پیش نظر ہوتا ہی
اور نقل عجائبات انسان کی جبلی خبری اوسکا جواب یہہ ہی کہ اہل زمین سے یہہ بہی منقول نہیں کہ اوس رات کو سب لوگ بتامل دیکہتے رہے اور کسی نے نہ دیکہا اور اگر یہہ امر منقول بہی ہوتا تو
بہی معتبر نہوتا اسواسطے کہ تمام زمین پر قمر کا حال یکسان نہیں بعضے ملک مین قبل طلوع ہوتا ہی اور بعضے ملک مین گہری کے بعد اسواسطے کہ سطح زمین برابر نہیں بلکہ کری شکل ہی یعنے
گول ہی جیسے کہ زمین ہر ایک قدر ... طلوع و غروب کیونکر ہو سکے اور یہہ بہی ہوتا ہی کہ بعضے وقت بعضے ملک مین ابر اور پہاڑ حائل ہو جاتا ہی انہیں وجہون سے کسوف اور خسوف

ستھا مگر یہ میں عجیب صلح لکھا ہی جسکو اس سے زیادہ تحقیق کا شوق ہو وہ اوسکو وہان سے دیکھے خ المسور بن مخرمة ومروان بن الحکم اشیروا ایھا الناس علی اترون ان امیل الی عیالھم و
ذراری ھؤلاء الذین یریدون ان یصدونا عن البیت فان یاتونا کان اللہ قد قطع عنقا من المشرکین والا ترکناھم محروبین بخاری میں مسور بن مخرمہ رض سے اور
مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو صلاح دو ای لوگو بہلا تم یہہ بتلاؤ ہو کہ میں اون کے اہل وعیال کیطرف جہکپڑون اور ان لوگون کے لڑکے بالون کو گرفتار کرون جو کہ ہمکو خانہ خدا سے روکتے ہیں
پہر اگر وہ ہم سے لڑنے آوینگے تو حق تعالی مشرکین کی جماعت کو توڑ دیگا اور نہیں تو ہم اونکو مفلس کرکے چہوڑ دینگے یعنے دونون صورتمین اونکا نقصان ہی ف حضرت جنگ حدیبیہ میں پندرہ سو آدمی سے
احرام باندہ کے عمرہ کرنے چلے اور جاسوس خبر کے واسطے بہیجا جاسوسون نے حضرت کو خبر دی کہ کفار قریش نے بڑا جتھا کیا ہی حضرت سے لڑینگے اور حضرت کو خانہ خدا میں عمرہ کرنے نہ جانے دینگے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور اصحاب سے مشورہ پوچھا ابوبکر صدیق رض نے کہا کہ یا رسول اللہ آپ تو بیت اللہ کا قصد کرکے نکلے ہیں لڑنے کا حضرت کو قصد نہ تہا سو آپ بیت اللہ کے طرف چلئے اگر کفار ہمکو
روکینگے تو ہم اونکو مارینگے حضرت نے فرمایا تو بسم اللہ چلو چنانچہ کفار نے حضرت کو روکا حضرت اونسے صلح کرکے پلٹ آئے دوسرے سال عمرہ قضا کیا ہ انس اصنعوا کل شی الا النکاح
یعنی بالحائض مسلم میں انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے حیض والی عورتکے حق میں فرمایا کہ صحبت کے سوا سب کچھ کرو ف یعنے حیض کے حالت میں صحبت حرام ہی بوسہ اور مساس درست ہی
ق انس اعتدلوا فی السجود ولا یبسطن احدکم ذراعیہ انبساط الکلب بخاری و مسلم میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ درست و ٹہیک ہو جایا کرو
سجدے میں اور تم میں سے کوئی اپنے دونوں ہاتون کو نہ بچھایا کرے کتی کی طرح ف سجدہ میں کہنیونکو زمین سے اور پیٹ کو رانون سے ملانا مگر دہی علیحدہ رکہے ق ابوھریرة اعتقیھا
فانھا من ولد اسمعیل قالہ لعائشة فی سبیة من بنی تمیم بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای عائشہ اس لونڈی کو آزاد کردے سو البتہ
وہ حضرت اسمعیل کے اولاد سے ہی یہہ حضرت نے قوم بنی تمیم کی قیدی عورت کے حق میں فرمایا خ عوف بن مالک الاشجعی اعدد ستا بین یدی الساعة موتی ثم فتح بیت المقدس ثم موتان
یاخذ فیکم کقعاص الغنم ثم استفاضة المال حتی یعطی الرجل مائة دینار فیظل ساخطا ثم فتنة لا یبقی بیت من العرب الا دخلتہ ثم ھدنة تکون بینکم
وبین بنی الاصفر فیغدرون فیاتونکم تحت ثمانین غایة تحت کل غایة اثنا عشر الفا بخاری میں عوف بن مالک رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا گن رکہہ چہہ چیزون کو
قیامت سے پہلی اول تو میری موت پہر بیت المقدس کا فتح ہونا پہر تم میں مرگ پڑیگا جیسے بہیڑ بکریوں میں مری پڑتی ہی پہر مال کی ریل پیل ہو یہانتک کہ ایک مرد کو سو اشرفیاں دیجاوینگی پہر بہی
ناخوش رہیگا یعنے کم سمجہکر پہر فساد ہوگا کہ عرب کا کوئی گہر نہ رہیگا جسمین وہ داخل نہو گا پہر تمہارے اور روم والونکے درمیان صلح کا ہونا سو وہ دغا کرینگے تو وہ تم سے لڑنے آوینگے اسی
علم کے نیچے ہر علم کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہوگا یعنے نو لاکہہ ساٹہہ ہزار کا لشکر ہوگا ف عمر فاروق رض کی خلافت میں بیت المقدس فتح ہوا اور وبا شام میں پڑی کہ ستر ہزار آدمی تین
دن میں مرگئے اور مال کی کثرت حضرت عثمان رض کی خلافت میں ہوئی اور زیادہ تر امام مہدی کے وقت میں ہوگی اور عرب میں فساد حضرت عثمان کی شہادت سے شروع ہوا اور رومیون سے یعنے نصاری
سے صلح اور جنگ قیامت کی قریب ہوگی یہہ حدیث معجزہ ہی جیسا حضرت نے فرمایا تہا ویسا ہی ہوا ق النعمان بن بشیر اعدلوا فی اولادکم وفی روایة الا فلیس یمین ابنائکم
بخاری و مسلم میں نعمان بن بشیر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ برابری کیا کرو اپنی اولاد میں اور اقلیس کی روایت یون ہی کہ برابری کرو اپنے لڑکون میں ف یعنے برابر سب کو
دیا کرو بعضون کو زیادہ اور بعضون کو کم دینا شفقت پدری کے مناسب نہیں ہ عوف بن مالک الاشجعی اعرضوا علی رقاکم لا باس بالرقی ما لم یکن فیہ شرک
مسلم میں عوف بن مالک رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم اپنے منتر میرے آگے ظاہر کرو کچہہ مضایقہ نہیں منتر میں جبتک کہ اوسمین شرک کا مضمون نہو ف مالک نے کہا ہمنے حضرت سے عرض کی کہ ہم زمانہ
کفر میں جہاڑ پہونک کیا کرتے تہے اسکا کیا حکم ہوتا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہندی منتر اکثر حرام ہیں بلکہ صاف کفر ہیں اونمین شرک کا مضمون ہوتا ہی جیسے کلوا بیر اور نونا چماری اور
ہا سکہہ دیو اور ہنومان کی دہائی ہوتی ہی اور اسیطرح وہ منتر بہی حرام ہیں جنکی معانی نہ معلوم ہون کہ شاید اونمین بہی شرک ہو ق زید بن خالد اعرف عفاصھا ووکاءھا ثم عرفھا
سنة فان لم تعرف فاستنفقھا ولتکن ودیعة عندک فان جاء طالبھا یوما من الدھر فادھا الیہ یعنی لقطة الذھب والفضة بخاری اور مسلم میں زید بن
خالد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے افتادہ سونے اور چاندی کے مقدمہ میں فرمایا کہ اوسکی تہیلی اور باندہنے کی تاگے کو شناخت کرکہہ پہر اوسکو ایکبرس شہرت دے سو اگر کوئی اوسکو نہ پہچانی تو اپنے خرچ میں لا
اور چاہیے کہ وہ مال تیرے پاس امانت کے طور پر ہی سو اگر عمر بہر میں کبہی کسی دن اوسکا مالک طلب کرتا آوے تو اوسکو دے ف یعنے جو شخص روپیہ یا اشرفی پاوے تو اوسکی تہیلی اور تاگے کو پہچانے
کرے اگر مالک ملے تو اوسکو حوالہ کرے اور نہیں تو سال بہر کے بعد اپنے خرچ میں لاوے لیکن اوسکو قرض جانے جب مالک مانگے تو دیوے ہ ابوبرزة الاسلمی اعزل الاذی عن
طریق المسلمین قالہ حین قال یا نبی اللہ علمنی شیئا انتفع بہ مسلم میں ابو برزہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تکلیف دینے والی چیز کو
مسلمانون کے راہ سے ہٹا دیا کر یہہ حضرت نے ابو برزہ سے فرمایا جب کہ اوسنے کہا کہ یا حضرت مجھکو کچہہ ایسا بتلائیے جس سے مجھکو فائدہ ہو ف یعنے کانٹا اور
پتہر اور نجاست راہ سے دور کر دیا کر کہ مسلمانون کو آرام ہو تجہکو ثواب ہوگا معلوم ہوا کہ نفع رسانی مسلمین نجات کا عمدہ وسیلہ ہی ہ جابر اعزل
عنھا ان شئت فانہ سیاتیھا ما قدر لھا مسلم میں جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا اگر تیرا جی چاہے تو انزال کے وقت اپنی لونڈی سے
علیحدہ ہو جایا کر سو بات یہہ ہی کہ جو اوسکے مقدر میں ہی سو ہوتا ہی یعنے اگر اوس سے اولاد ہونی ہی تو ضرور رہوگی پہر تدبیر کچہہ کام نہ دے گی ف

دریافت کرتو کیا دیکھا ہون کہ حضرت مین منیسے اپنی کم ہمہ سیکو آزاد اکیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے تو بہی خدا کا گنہگار غلام ہی اور خدا کو عذاب کرنیکی تجہہ سی زیادہ قدرت ہی اس حدیث مین ارشاد ہی کہ لونڈی غلام کو حد سے زیادہ نہ مارے کہ اوسکا انجام دوزخ ہی **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِنِّیْ اُرِيْدُ اَنْ اُجْلِيَكُمْ فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّمَا الْاَرْضُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ **قَالَهُ** لِلْيَهُوْدِ بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے یہود سے فرمایا کہ جانو لوگو کہ یہہ زمین اللہ اور اوسکے رسول کی ہی اور مین چاہتا ہون کہ تمکو وطن سے نکالون سو جو شخص کہ تم لوگون مین سے اپنا مال کچھہ رکہے سو چاہئے کہ بیچ ڈالے اور نہین تو جانو کہ زمین تو خدا اور اوسکے رسول کی ہی **ف** یہود بنی نضیر مدینے کے قریب رہتے تہے اونہون نے حضرت سے دغا کا ارادہ کیا حضرت نے اونکو جلا وطن کیا تب یہہ حدیث فرمائی یعنے تمہارا اسباب تمہارا ہی اور زمین اور باغات کے تم مالک نہین ہو پہر وہ لوگ شام ملک مین نکل گئے اور اونکے مکانات اور باغات حضرت کے تصرف مین آئے **خ** ابْنُ عَبَّاسٍ اِعْمَلُوْا فَاِنَّكُمْ عَلٰی عَمَلٍ صَالِحٍ لَوْلَا اَنْ تُغْلَبُوْا لَنَزَلْتُ حَتّٰی اَضَعَ الْحَبْلَ عَلٰی هٰذِهٖ يَعْنِیْ عَاتِقَهٗ بخاری مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کئے جاؤ اسواسطے کہ تم نیک عمل پر ہو اگر تمہارا مغلوب ہونیکا ڈر نہوتا تو مین بہی اترتا یہان تک کہ رسی کو اپنی کندہی پر رکہتا **ف** حضرت عباس زمزم کی سبیل پر حاجیون کو پانی پلاتے تہے حضرت نے اسکی تعریف کی اور فرمایا کہ پانی نکالنے مین مین بہی تمہارا شریک ہوتا لیکن مجہکو یہہ ڈر ہی کہ اگر مین یہہ کام کرونگا تو مجہکو دیکہہ کر سب لوگ اسمین ہجوم کرینگے پہر تمکو پانی پلانا مشکل پڑیگا **م** سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ مسلم مین سعد بن ابی وقاص رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا عمل کئے جاؤ کہ ہر ایک شخص پر وہی آسان معلوم ہوگا جسکے واسطے وہ پیدا ہوا **ف** اصحاب نے کہا کہ حضرت جب ہر چیز مقدر ٹہری تو عمل اور عبادت کیا ضرور ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے عمل کو تقدیر کی مخالف مت سمجہو بلکہ تمہارا یہہ نیک عمل بہی اثر ہی تقدیر کا **خ** اَنَسٌ اَعِيْدُوْا سَمْنَكُمْ فِیْ سِقَائِهٖ وَتَمْرَكُمْ فِیْ وِعَائِهٖ فَاِنِّیْ صَائِمٌ **قَالَهُ** حِيْنَ دَخَلَ عَلٰی اُمِّ سُلَيْمٍ فَاَتَتْهُ بِسَمْنٍ وَتَمْرٍ بخاری مین انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ پہیر ڈال دو اپنے گہی کو اوسکے برتن مین اور خرما کو اوسکے برتن مین اسواسطے کہ مین روزہ دار ہون یہہ حضرت نے فرمایا اوسوقت جبکہ ام سلیم کی گہر مین گئے تو وی حضرت کے آگے خرما اور گہی لائین **ف** معلوم ہوا کہ نفل روزہ دار کو دعوت مین روزہ افطار کرنا ضرور نہین لیکن اگر افطار کرے تو درست ہی پر اوسکے قضا لازم ہی **ق** جَابِرٌ اِغْتَسِلِیْ وَاسْتَثْفِرِیْ بِثَوْبٍ وَاَحْرِمِیْ **قَالَهُ** لِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ حِيْنَ وَلَدَتْ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِیْ بَكْرٍ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِذِی الْحُلَيْفَةِ بخاری و مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ غسل کر اور کپڑے کا لنگوٹ باندہ اور احرام کر یہہ حضرت نے اسماء بنت عمیس سے فرمایا جب وی محمد بن ابی بکر کو جنین حجۃ الوداع مین ذو الحلیفہ کے منزل پر **ف** معلوم ہوا کہ نفاس اور حیض مین احرام باندہنا درست ہی اور وقوف عرفہ بہی جائز ہی لیکن بیت اللہ کا طواف بے پاک ہوے جائز نہین **هـ** بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ اُغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اُغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰی ثَلٰثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰی دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَی الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا اَنْ يَتَحَوَّلُوْا مِنْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِیْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِیْ يَجْرِیْ عَلَی الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِی الْغَنِيْمَةِ وَالْفَیْءِ شَیْءٌ اِلَّا اَنْ يُجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَسَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّكُمْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ اَصْحَابِكُمْ اَهْوَنُ مِنْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰی حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰی حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلٰی حُكْمِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِیْ اَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ اَمْ لَا مسلم مین بریدہ بن حصیب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کہکر خدا کی راہ مین لڑو اور جو خدا کو نمانے اوس سے لڑو تو غنیمت مین چوری نکیجیو اور قول نتوڑیو اور ناک کان نکاٹیو اور لڑکے کو نمار یو اور جب کہ تو اپنے مشرک دشمن سے ملے تو اون سے تین چیز کی درخواست کر سو ونمین سے جس بات کو مانین تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ ایک تو یہہ کہ اون سے اسلام کی درخواست کر اگر وی مانین تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ پہر اونسے درخواست کر کہ اپنے وطن کو چہوڑ کر مہاجرین کے مقام مین یعنے مدینے مین آ رہین اور اونسے خبر کر دے کہ اگر وی یہہ کام کرینگے تو اونکو ملیگا جو مہاجرین کو ملتا ہی یعنے ثواب اور غنیمت اور اونپر واجب ہوگا جو مہاجرین پر واجب ہی یعنے جہاد سو اگر وی لوگ ایمان لاکر وطن چہوڑنا قبول نکرین تو اونسے خبر کر دے کہ وے جنگلی مسلمانون کے طرح ہونگے اونپر حکم خدا کا جاری ہوگا جیسے مومنین پر جاری ہوتا ہی اور اونکو غنیمت اور صلح کی مال سے کچہہ حصہ نملیگا مگر اوسی صورت مین کہ مسلمانون کے ساتھہ ہو کر جہاد کرین سو اگر وے لوگ مسلمان ہونیسے انکار کرین تو اونسے جزیہ مانگ سو اگر وے مانین تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ اور اگر وے جزیہ دینا بہی نہ قبول کرین تو خدا سے مدد مانگ اور اونکو قتل کر اور جب کہ تو قلعہ والون کو گہیرے اور وے تجہسے چاہین کہ تو اونسے خدا کا اور اوسکے رسول کا عہد کرے تو اونسے خدا کا اور خدا کے رسول کا عہد نکر ولیکن اونسے اپنا قول اور اپنے ساتہی لشکر والون کا قول قرار کر اسواسطے کہ اگر تم سے اپنی اور اپنے ساتہیون کی عہد شکنی ہو جاوے تو خدا اور خدا کے رسول کی عہد شکنی سے گناہ مین کمتر اور آسان تر ہی اور جب کہ تو کسی قلعہ والون کو گہیرے سو وے تجہسے چاہین کہ تو اونکو خدا کے حکم پر اتارے تو اونکو

عبد اللہ بن عباس بن قیس بن شماس لثابت بن قیس قال لہ اقبل الحدیقۃ وطلقہا تطلیقۃ خ ابن عباس برمن سب محرم اور غیر محرم نزدیک امام مالک کے اور امام اعظم
عباس رضہ سے روایت ہے کہ ثابت بن قیس کی جورو نے کہا کہ حضرت میں ثابت کی دینداری ف فرمایا ثابت بن قیس بن شماس سے حضرت نے پھر طلاق دی کہ قبول کر لے باغ کو اور اوسکو چھوڑ دے طلاق دی فرمایا کہ حضرت نے
اور خوش خلقی کی برگوئی نہین کرتی لیکن مین اسلام مین خاوند کو تکلیف دینا برا جانتی ہون یعنے میری اور اوسکی موافقت نہین ہو سکتی حضرت نے فرمایا کہ جو باغ اوسنے تیری مہر مین دیا ہے اوسکو پھیر دے
اوسنے کہا ہان تب حضرت نے ثابت بن قیس سے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خلع درست ہے یعنے عورت سے طلاق دینے کے عوض مین مال لینا م ابن عمر اقتلوا الحیات واقتلوا
ذا الطفیتین والابتر فانہما یلتمسان البصر ویستسقطان الحبالی مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مار ڈالو سانپون کو
ف یعنے اون دونون سانپون مین یہہ صفت ہے کہ جب اونکی آنکھہ دشمن کی آنکھہ پر پڑے اور مقابل ہو تو آنکھہ کی روشنی جاتی رہے اور حمل ساقط ہوجاوے تو ایسے موذی کو مار ہی ڈالنا چاہئے مارو دو دہاری والے اور دم بریدہ سانپ کو کہ وے دونون آنکھہ پہوڑ ڈالتے ہیں اور حاملہ عورتونکے پیٹ گرا دیتے ہین
ق ابن مسعود اقرأ علی القرآن قال لہ فقلت یا رسول اللہ اقرأ علیک وعلیک انزل قال انی احب ان اسمعہ من غیری فقرأت النساء حتی اذا بلغت فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشہید
وجئنا بک علی ہؤلاء شہیدا رفعت رأسی او غمزنی رجل الی جنبی فرفعت رأسی فرأیت دموعہ تسیل بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن مسعود
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ پڑھ میرے آگے قرآن تو مینے کہا یا رسول اللہ مین آپکے آگے قرآن پڑھون اور حالانکہ قرآن آپ پر اترا ہے حضرت نے فرمایا کہ مجھکو یہہ بھلا معلوم ہوتا ہے کہ
قرآن کو غیر آدمی سے سنون تو مینے سورہ نسا پڑھی یہانتک کہ مین جب اس آیت پر پہنچا کہ کیا حال ہوگا اوسوقت جب ہم ہر امت کی گواہ یعنے پیغمبر کو لاوینگے اور تجھکو اس امت پر گواہ لاوینگے
تو مینے اپنا سر اوٹھایا یا یون کہا کہ ایک مرد نے میرے پہلو مین ہاتھہ لگایا تو مینے اپنا سر اوٹھایا سو مینے دیکھا کہ حضرت کے آنسو جاری ہین ف حضرت اس آیت سے قیامت کی شدت
یاد کرکے روئے اور مزید شفقت سے اپنے امت پر روئے کہ انکے افعال کا مین کیا بیان کرونگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیر سے قرآن سنا اور مطلب کو غور کر کے رونا مستحب ہی اور ثابت ہوا کہ آپ
پڑھنے سے غیر کے سننے مین تاثیر زیادہ ہوتی ہی م ابو امامۃ اقرؤا القرآن فانہ یأتی یوم القیمۃ شفیعا لاصحابہ اقرؤا الزہراوین البقرۃ وسورۃ
آل عمران فانہما یأتیان یوم القیمۃ کانہما غمامتان او غیابتان او کانہما فرقان من طیر صواف تحاجان عن اصحابہما اقرؤا سورۃ
البقرۃ فان اخذہا برکۃ وترکہا حسرۃ ولا یستطیعہا البطلۃ مسلم مین ابو امامۃ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑھو قرآن کو کہ یہہ بخشاونگا اپنے پڑھنے والون کو قیامت
کے دن پڑھو نورانی دو سورتون کو یعنے سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران کو وے دونون سورتین قیامت مین آوینگے جیسے دو ابر یا جیسے دو سایبان یا جیسے دو قطارین صف بستہ جانورونکے عذر کرے
ہٹاوینگے اپنے پڑھنے والون پر سے پڑھا کرو سورہ بقرہ کو اسواسطے کہ اوسکا لینا برکت ہے اور اوسکا چھوڑنا حسرت ہے اور اوسپر قابو نہین چلتا جادوگرونکا یعنے اسکی برکت سے جادو نہین اثر کرتا خ جندب
بن عبد اللہ اقرؤا القرآن ما ائتلفت قلوبکم فاذا اختلفتم فقوموا عنہ بخاری و مسلم مین جندب بن عبد اللہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑھو قرآن کو جبتک
تمہارے دل اور زبان سے موافقت کرین اور جب تمہارے دل اور زبان مین اختلاف پڑے تو اوس سے اوٹھہ کھڑے ہو ف یعنے قراءت قرآن حضور دل سے چاہئے اور جب دل پریشان ہو تو صرف زبان پر پڑھنا لایق
نہین کیونکہ کثرت خیالات سے کچھہ کا کچھہ پڑہ جاوے م ابو ہریرۃ اقیموا الصف فی الصلوۃ فان اقامۃ الصف من حسن الصلوۃ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ سیدھی کرو صف کو نماز مین اسواسطے کہ سیدھی کرنا صف کا نماز کی خوبصورتی ہی ف راستی صف کی یہہ کہ برابر لوگ کہڑے ہوویں اور درمیان مین فرق نہو خ حذیفۃ اکتبوا لی من یلفظ بالاسلام وفی روایۃ
احصوا لی کم یلفظ الاسلام فکانوا خمس مائۃ وفی روایۃ ما بین ستمائۃ الی السبع مائۃ وفی روایۃ الفا وخمس مائۃ بخاری مین حذیفہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ لکہہ لاؤ میرے واسطے اونکو جو اسلام کا کلمہ پڑہتے ہون اور دوسری روایت یون ہی کہ شمار کرو کتنے لوگ اسلام کا کلمہ کہتے ہین تو پانچسو تھے اور ایک روایت یون ہی کہ چھہ سو اور سات سو کے اندر
تھے اور ایک روایت یون ہی کہ پندرہ سو تھے ق انس التمس لنا غلاما من غلمانکم یخدمنی قال لہ لابی طلحۃ بخاری و مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
تلاش کر لا ایک لڑکے کو اپنے لڑکون مین سے تاکہ میری خدمت کیا کرے یہہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا ف مکے سے مدینے مین آکر یا خیبر کے جانیکے وقت یہہ حدیث فرمائی ق ابن عباس
الحقوا الفرائض باہلہا فما بقی فہو لاولی رجل ذکر بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ملا دو فرائض کو فرائض والون سے پھر جو مال باقی رہے سو قریب
رشتہ دار مرد کا ہی ف فرائض مقرری حصونکو کہتے ہین جو قرآن مین مفصل مذکور ہین جیسے آدہا حصہ لڑکے کا اور چوتھا حصہ ماکا اور آٹھوان حصہ جورو کا سو فرمایا کہ میت کے مال سے اول
فرائض والونکو دیجئے اور اونکو دیکر اگر کچھہ مال باقی رہے اوسکو عصبہ پاوینگا چنانچہ اسکی تفصیل علم فرائض مین موجود ہی خ میمونۃ القوہا وما حولہا وکلوا سمنکم بخاری مین
حضرت میمونہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکال کے پھینک دو چوہے کو اور اوسکے پاس کے گھی کو اور باقی گھی کو کہاؤ ف چوہا گھی مین گر پڑا اور مر گیا حضرت سے مسئلہ پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یہہ اوسصورت مین ہی کہ گھی جما ہوا ہو اور اگر گھی پتلا اور پگہلا ہو تو تمام گھی ناپاک ہوگیا ق کعب بن مالک امسک علیک بعض مالک فہو خیر لک قال لہ بخاری اور مسلم مین
کعب بن مالک رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رکھہ لے اپنے تہوڑا مال کہ یہہ بہتر ہے تیرے حق مین یہہ حضرت نے کعب سے فرمایا ف کعب رضہ جنگ تبوک مین حضرت کے ساتھہ نگئے تہے خدا اور رسول کا
اونپر عتاب رہا بہت دنون تک جب اونکی توبہ قبول ہوئی تو خوشی کی مارے اونہون نے چاہا کہ اپنا تمام مال خیرات کرین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی خ انس امیطی عنا قرامک فانہ

عائشۃ خذی فرصۃ من مسک و بروے مسکۃ فتطہری بہا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ لے ٹکرا کپڑے کا مشک سے آلودہ پہر اوس سے پاکی حاصل کر

ایک عورت نے پوچھا کہ یا حضرت مین حیض کے بعد کسطرح طہارت کیا کرون حضرت نے فرمایا کہ غسل کے بعد مین مشک لگا کر رکہلیا کر یعنے تاکہ خون کی بدبو دفع ہو **ق** عائشۃ خذی من

مالہ بالمعروف ما یکفیک و یکفی ولدک و بروے خذی ما یکفیک و ولدک بالمعروف **قالہ** لہند بنت عتبۃ امرأۃ ابی سفیان بخاری اور مسلم مین

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا لے لیا کر خاوند کے مال سے دستور کے موافق جتنا تجکو اور تیری اولاد کو کفایت کرے یہہ حضرت نے ہندہ عتبہ کی بیٹی سفیان کی جورو سے کہا **ف** ہندہ نے کہا کہ

یا حضرت سفیان مرد بخیل ہی تمام خرچ نہین دیتا جو مجھکو اور میری اولاد کو کفایت کرے مگر یہہ ہو سکتا ہی کہ اوسکی نادانستگی مین بقدر حاجت لے لون یعنے اسطرح لینا درست ہی یا نہین تب حضرت نے

یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ عورت خاوند کے مال سے اگر بقدر حاجت ضروری کے بدون اوسکے اجازت لیوے تو درست ہی اسواسطے کہ اوسکا حق خاوند پر فرض ہی **ق** ابن عباس رضہ فالذی

انا فیہ خیر و اوصیکم بثلاث اخرجوا المشرکین من جزیرۃ العرب واجیزوا الوفد بنحو ما کنت اجیزہم قال وسکت عن الثالثۃ او قالہا فانسیتہا

من قول سلیمان بن ابی مسلم بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ چہیڑ و مجھکو جسمین کہ مین ہون بہتر ہی اور مین تمکو تین چیزکی وصیت کرتا ہون

کہ نکالدیجیو مشرکین کو عرب کے ٹاپو سے اور انعام دیا کرنا ایلچیون کو جسطرح مین اونکو انعام دیتا تہا راوی نے کہا کہ تیسری چیز سے حضرت نے سکوت کیا یا کہ اوسکو فرمایا مگر مین بہول گیا یہہ

قول ہی سلیمان بن ابی مسلم کا جو اس حدیث کا راوی ہی **ف** اسکا پورا قصہ حدیث قرطاس اسی باب مین ہو چکا **خ** ابو ہریرۃ دعونی ما ترکتم انما اہلک من کان

قبلکم سؤالہم واختلافہم علی انبیائہم فاذا نہیتکم عن شیء فاجتنبوہ واذا امرتکم بامر فأتوا منہ ما استطعتم بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی

کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھسے سوال کرنا چہوڑو جبتک کہ تمکو چہوڑ دیا اور نہ بتلاؤن تم سے اگلے امتون کو تو اونکی سوال اور اختلاف ہی نے غارت کیا کہ اپنے پیغمبرون پر اختلاف کرتے تہے سو جب مین تمکو

کسی چیز سے منع کرون تو اوس سے بچا کرو اور جب مین کسی چیز کا حکم کرون تو اوسکو کیا کرو جتنا کہ تمسے ہو سکے **ف** حضرت نے خطبہ پڑہا اور فرمایا کہ ای لوگو تم پر حج فرض ہوا سو تم حج کو ادا کرو تو

ایک شخص نے کہا کہ یا حضرت کیا ہر سال حج فرض ہی حضرت چپ رہے یہانتک کہ اوسنے تین بار پوچھا پہر حضرت نے فرمایا کہ اگر مین ہان کہتا تو تم پر ہر سال حج کرنا فرض ہوجاتا اور تمسے کبہی نہو سکتا پہر یہہ حدیث فرمائی یعنے

بیہودہ سوال نکیا کرو جو تمہارے حق مین بہتر ہی وہ سب مین خود بیان کردیتا ہون تمکو اوسکا دریافت کرنا کیا ضرور ہی **ق** جابر رضہ دعوہا فانہا منتنۃ یعنی دعوی الجاہلیۃ قولہ الانصاری حین

کسعہ المہاجری یا للانصار بخاری و مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ چہوڑو اوس بات کو کہ وہ بات تو گندی ہی **ف** حضرت سفر مین تہے ایک انصاری و مہاجر مین کچہ گفتگو

ہوگئی مہاجر نے انصاری کے چوتڑ پر لات ماری انصاری نے چیخ ماری کہ ای انصاریو دوڑو اور مہاجر نے اسیطرح مہاجرین کو بلایا دونو طرف کے لوگ جمع ہوگئے حضرت نے یہہ شور سنکر فرمایا کہ یہہ کفر کا قول یعنے کہا بلانا

کسواسطے ہوا اصحاب نے اون دونون شخصون کا حال عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **خ** ابو ہریرۃ دعوہ وأریقوا علی بولہ سجلا من ماء او ذنوبا من ماء فانما بعثتم میسرین

ولم تبعثوا معسرین بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ چہوڑ دو اوسکو اور اوسکے پیشاب پر چہوٹا ڈول پانی کا یا بڑا ڈول پانی کا بہا دو اسواسطے کہ تم تو بہیجے گئے آسانی کرنے والے

اور نہین بہیجے گئے سختی کرنیوالے **ف** ایک گنوار نے حضرت کے مسجد مین پیشاب کردیا اصحاب نے اوسکو للکارا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پہر حضرت نے اوسکو بلا کر کہا کہ مسجد عبادت کا مقام ہی یہان پیشاب

کرنا مناسب نہین معلوم ہوا کہ نادان کے قصور پر سختی کرنا نچاہیے اور ثابت ہوا کہ زمین کی نجاست پانی ڈالنے و خشک ہونیسے دور ہوجاتی ہی **ق** ابن عمر رضہ دعہ فان الحیاء من الایمان **قالہ**

لرجل کان یعظ اخاہ فی الحیاء بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا اوسکو چہوڑ دو اسواسطے کہ شرم تو ایمان کی نشانی ہی یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جو اپنے بہائی سے نصیحت کرتا تہا کہ

زیادہ شرم نکیا کر **ف** یعنے حیا صفت ایمانی ہی ہر حالت مین بہتر ہی اور بیحیائی ہر طرح معیوب ہی **ق** ابو سعید رضہ دعہ فان لہ اصحابا یحقر احدکم صلوتہ مع صلوتہم وصیامہ مع

صیامہم یقرؤن القرآن لا یجوز تراقیہم یمرقون من الاسلام کما یمرق السہم من الرمیۃ ینظر الی نصلہ فلا یوجد فیہ شیء ثم ینظر الی رصافہ فلا یوجد

فیہ شیء ثم ینظر الی نضیہ فلا یوجد فیہ شیء ثم ینظر الی قذذہ فلا یوجد فیہ شیء سبق الفرث والدم آیتہم رجل اسود احدی عضدیہ مثل ثدی

المرأۃ او مثل البضعۃ تدردر یخرجون علی خیر فرقۃ من الناس و یروی علی حین فرقۃ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکو چہوڑ دو اور دو کر

سو سفر اوسکے چند ساتہی ہونگے کہ تم مین سے ہر ایک آدمی اپنے نماز کو اونکے نماز کے ساتہہ حقیر جانیگا اور اپنے روزہ کو اونکے روزہ کے ساتہہ حقیر سمجہیگا وہی لوگ قرآن پڑہینگے اونکے گلے کے ہنسلیون سے نیچے نہ اتریگا

یعنے دلمین قرآن کا کچہہ اثر نہوگا وہی لوگ اسلام سے نکل جاوینگے جیسے جانور کے تیر پار ہوجاتا ہی اوسکے کانسے کو دیکہیے تو کچہہ خون کا اثر نپاوے پہر اوسکے پارہ کو دیکہیے تو کچہہ اثر نپاوے پہر اوس تیر کے

لکڑی کو دیکہیے تو کچہہ اثر نپاوے پہر تیر کے پر کو دیکہیے تو کچہہ اثر نپاوے تیر پار نکل گیا بیٹ کی گوبر اور خون سے یعنے جیسے پار ہوئی تیر مین جانور کا کچہہ اثر نہین لگا رہتا اسیطرح اوس قوم مین اسلام کا کچہہ اثر

نہ باقی رہیگا اوس قوم کی پہچان یہہ ہی کہ اونمین ایک سیاہ مرد ہوگا جسکے ایک بازو جیسے عورت کی چہاتی یا جیسے گوشت کا لوتہڑا کہ جنبش کیا کریگا آدمیون کے عمدہ گروہ پر خروج کرینگے یعنے

علی مرتضے رضہ سے باغی ہونگے اور دوسری روایت یون ہی کہ وہی لوگ اختلاف اور پہوٹ کے زمانے مین ظاہر ہونگے **ف** حضرت نے کچہہ مال تقسیم کیا ایک شخص جسکا ذوالخویصرہ نام تہا اوسنے حضرت

سے کہا کہ انصاف سے تقسیم کرو عمر فاروق رضہ نے کہا کہ یا حضرت اگر حکم ہو تو مین اسکا سر کو مار ڈالون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور خارجی قوم کی خبر دی علی مرتضے نے اوس قوم کو قتل کیا اس حدیث مین جس

نشانی کا مرد حضرت نے فرمایا تہا ویسی نشان کا آدمی اوس قوم مین موجود تہا باقی قصہ اس حدیث کا دوسرے باب مین ہو چکا **ق** جابر رضہ دعہ لا یتحدث الناس ان محمدا یقتل اصحابہ

کہ احتلام ہو اور منی کا پانی دیکھے تو غسل کرے حضرت نے فرمایا کہ ہاں غسل کرے حضرت عائشہ نے اوس عورت سے کہا تیرا برا ہو کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی اگر عورت کی منی نہوتی تو لڑکا ماموؤں کے صورت سے کسطرح مشابہ ہوتا **خ** سَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ اِرْمُوْا بَنِیْ اِسْمٰعِیْلَ فَاِنَّ اَبَاکُمْ کَانَ رَامِیًا بخاری مین سلمہ بن اکوع رض
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیر اندازی سیکھو ای اسمعیل کی اولاد اسواسطے کہ تمہارا باپ تیر انداز تہا **ف** چند انصار تیر اندازی کرتے تہے تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی اور فرمایا کہ ہم فلانی قوم کی ساتہہ ہین تو دوسری قوم نی تیر اندازی موقوف کی حضرت نے فرمایا کہ تم کیون نہین تیر اندازی کرتے اونہون نے کہا یا رسول اللہ ہم کیونکر تیر
لگاوین اور آپ تو اوس قوم کی ساتھ ہین اور ہمارے ساتہہ نہین حضرت نے فرمایا کہ تیر لگاؤ مین تم سبکی ساتھ ہون اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انصار حضرت اسمعیل کے اولاد مین تیر
اندازی کی اسواسطے تاکید فرمائی کہ جہاد کا وسیلہ ہی **ق** جَابِرٌ سَمِّ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ **قَالَہٗ** لہ بخاری و مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی
بیٹے کا عبدالرحمن نام رکہہ **ف** جابر رض سے روایت ہے کہ ہماری قوم مین ایک شخص کے بیٹا پیدا ہوا اوسنے قاسم نام رکہا پہر اوسنے حضرت کو خبر دی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
ق عُمَرُ بْنُ اَبِیْ سَلَمَۃَ سَمِّ اللّٰہَ وَکُلْ بِیَمِیْنِكَ وَکُلْ مِمَّا یَلِیْكَ بخاری اور مسلم مین عمر بن ابی سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کہہ اور اپنی داہنی ہاتہہ سے کہا
اور اوس طرف سے کہا جو تیرے قریب ہو **ف** عمر بن ابی سلمہ رض سے روایت ہے کہ مین لڑکا تھا اور رکابی کی ہر طرف سے کہاتا تہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
لڑکونکو ادب کہلانا سنت ہے **ق** اَنَسٌ سَمُّوْا بِاِسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نام رکہا کرو میرے نام پر اور کنیت
رکہو میری کنیت کو **ف** کنیت اوسکو کہتے ہین جسپر اب کی لفظ ہو جیسے ابو القاسم اور ابو الحسن حضرت کی کنیت ابو القاسم تہی سو فرمایا کہ اپنی اولاد کا محمد نام رکہو ابو القاسم
اوسکو مصابیح مین روایت ہے کہ حضرت بازار مین تہے ایک شخص نے پکارا یا ابا القاسم حضرت اوسکی طرف متوجہ ہوئے اوسنے کہا کہ یا حضرت مینے آپکو نہین پکارا فلانے شخص کو پکارا تہا
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت کی نام اور کنیت رکہنے مین علما کی بہت قول ہین لیکن صحیح قول یہی ہے کہ حضرت کا نام رکہنا تو درست ہی لیکن کسیکو ابو القاسم کہنا بہتر نہین
چنانچہ اسکا مفصل بیان سفر السعادت مین موجود ہی **ق** اَنَسٌ سَوُّوْا صُفُوْفَکُمْ فَاِنَّ تَسْوِیَۃَ الصُّفُوْفِ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوۃِ بخاری و مسلم مین انس رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ برابر کیا کرو اپنی صفونکو اسواسطے کہ صفونکو برابر کرنا نماز کا کمال ہی **م** اَبُوْ هُرَیْرَۃَ سِیْرُوْا هٰذَا جُمْدَانُ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ
یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الذَّاکِرُوْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَالذَّاکِرَاتُ مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جمدان پہاڑ ہی سیر کرو کسی آگی اصحاب نے کہا یا حضرت آگی کون ہین
حضرت نے فرمایا کہ خدا کی بہت یاد کرنی والے مرد اور عورتین **ف** حضرت مکے کی راہ مین چلے جاتے تہے وہان ایک پہاڑ نمود ہوا جسکا جمدان نام ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
اور پہاڑ کے پاس کوئی پہاڑ نہین یعنی جیسے یہہ پہاڑ تنہا ہی اسیطرح خدا کی یاد کرنے والے ہی اوسکی یاد مین تنہائی دوست اور گوشہ گیر رہتے ہین ترمذی مین روایت ہے کہ حضرت
نے فرمایا کہ ایکی لوگ وہ مین جو خدا کی یاد پر حریص اور خدا مین یاد الٰہی اون کے گناہوں کے بوجہہ کو اتار ڈالیگی سو وے لوگ قیامت مین ہلکی پہلکے آوینگے **م** عَلِیٌّ شَقَقْتُہٗ خُمُرًا بَیْنَ
الْفَوَاطِمِ یَعْنِیْ ثَوْبَ حَرِیْرٍ اَهْدَاہُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اُکَیْدِرُ دُوْمَۃَ **قَالَہٗ** لہ وَالْفَوَاطِمُ اَحَدُهُنَّ فَاطِمَۃُ
الزَّهْرَاءُ وَالثَّانِیَۃُ فَاطِمَۃُ بِنْتُ اَسَدٍ اُمُّ عَلِیٍّ وَالثَّالِثَۃُ فَاطِمَۃُ بِنْتُ حَمْزَۃَ مسلم مین علی مرتضی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس ریشمی کپڑے کو پہاڑ
اور اوڑھنیان بنا کر اون عورتون مین تقسیم کر جنکی فاطمہ نام ہین مراد وہ ریشمی کپڑا ہے اکیدر دومہ کی بادشاہ نے حضرت کو تحفہ بہیجا تہا یہہ حضرت نے علی مرتضے سے فرمایا اور
فاطمہ کے نام کیتین عورتین ہے مین ایک تو فاطمہ زہرا رض اور دوسری فاطمہ بنت اسد رض علی مرتضے رض کی ماں تیسری فاطمہ حمزہ کی بیٹی رض **ف** ہر چند ریشمی کپڑا مرد کو حرام ہی لیکن
اگر کوئی تحفہ دیوے تو قبول کرے اور عورتون کو حوالہ کرے کہ اونکو حلال ہی **م** عَمْرُو بْنُ عَبَسَۃَ صَلِّ صَلٰوۃَ الصُّبْحِ ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوۃِ حِیْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ
حَتّٰی تَرْتَفِعَ فَاِنَّهَا تَطْلُعُ حِیْنَ تَطْلُعُ بَیْنَ قَرْنَیْ شَیْطٰنٍ وَحِیْنَئِذٍ یَسْجُدُ لَهَا الْکُفَّارُ ثُمَّ صَلِّ فَاِنَّ الصَّلٰوۃَ مَشْهُوْدَۃٌ مَحْضُوْرَۃٌ
حَتّٰی یَسْتَقِلَّ الظِّلُّ بِالرُّمْحِ ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوۃِ فَاِنَّہٗ حِیْنَئِذٍ تُسْجَرُ جَهَنَّمُ فَاِذَا اَقْبَلَ الْفَیْءُ فَصَلِّ فَاِنَّ الصَّلٰوۃَ مَشْهُوْدَۃٌ مَحْضُوْرَۃٌ
حَتّٰی تُصَلِّیَ الْعَصْرَ ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوۃِ حَتّٰی تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَاِنَّهَا تَغْرُبُ بَیْنَ قَرْنَیِ الشَّیْطَانِ وَحِیْنَئِذٍ یَسْجُدُ لَهَا الْکُفَّارُ مسلم مین عمرو بن
عبسہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ صبح کی نماز پڑہہ پھر نماز کو موقوف کر جب کہ آفتاب نکلے یہانتک کہ اونچا ہو جاوے اسواسطے کہ آفتاب جب کہ نکلتا ہی تو شیطان کے دونو سینگونکے اندر
نکلتا ہی اور اوسوقت کافر آفتاب کو سجدہ کرتے ہین پھر جب آفتاب بلند ہو تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اوسوقت نماز مین عبادت والے موجود اور حاضر ہوتے ہین یہانتک کہ سایہ نیزہ کے سایہ کم
قائم ہو جاوے یعنی دوپہر ہو اور زمین پر سایہ نہ رہے پھر اوسوقت نماز موقوف کر اسواسطے کہ اوسوقت دوزخ بہڑکائی جاتی ہی پھر جب سایہ دوپہر کا ڈہلے اور پڑہ چلے تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اوسوقت
عبادت والے نماز مین موجود اور حاضر ہوتے ہین یہانتک کہ عصر کی نماز سے تو فراغت پاوے پھر نماز کو موقوف کر یہانتک کہ آفتاب ڈوب جاوے اسواسطے کہ آفتاب شیطان کے دونو
سینگونکے اندر ڈوبتا ہی اور اوسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہین **ف** عمرو بن عبسہ رض سے روایت ہے کہ حضرت مدینے مین تشریف لائے تو مینے حضرت سے نماز کے وقت پوچھے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر وقت نماز پڑھنا درست ہے لیکن تین وقت ... طلوع اور ڈوبنے کے وقت تو اسواسطے منع ہی کہ اسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہین

تو سر کھلنا تھا تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جب کچھ نہ ہو تو لوگوں میں لیکر کیا کفایت کرنا **م** سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ مِنْ خَبِیْثٍ اَخَذَہٗ **قَالَ** لَہٗ یَعْنِیْ سَیْفًا اُسْنُوْجَبَہٗ مِنَ الْغَنَائِمِ مسلم میں سعد بن ابی وقاص رضہ سے روایت ہے حضرتؐ نے فرمایا کہ اوسکو رکھدے جہان سے تو نے اوسکو لیا ہے **ف** غنیمت کے مال سے سعد ابن ابی وقاص نے ایک تلوار لی تھی اور حضرتؐ سے مانگی تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یعنے غنیمت کے مال میں سب غازیون کا حق ہے بے تقسیم تجھکو کیونکر ملے **م** عُثْمَانُ بْنُ اَبِی الْعَاصِ ضَعْ یَدَکَ عَلَی الَّذِیْ یَاْلَمُ مِنْ جَسَدِکَ وَقُلْ بِسْمِ اللّٰہِ ثَلٰثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ **قَالَ** لَہٗ مسلم میں عثمان بن ابی العاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے مجھسے فرمایا کہ تم اپنا ہاتھ رکھو جہان تیرے بدن میں درد ہوتا ہے اور بسم اللہ تین بار کہو اور سات بار کہو اعوذ باللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحاذر یعنے مین پناہ مانگتا ہون خدا کی اور اوسکے قدرت کی اوس چیز کی شر سے جسکا مجھکو غم اور خوف ہے **ف** مصابیح میں عثمان بن ابی العاص رضہ سے روایت ہے کہ مینے اپنی درد اور بیماری کی حضرتؐ سے شکایت کی تب حضرتؐ نے یہہ دعا فرمائی مینے اوس پر عمل کیا مجھکو شفا حاصل ہوئی **ق** اُمِّ سَلَمَۃَ طُوْفِیْ مِنْ وَّرَاءِ النَّاسِ وَاَنْتِ رَاکِبَۃٌ **قَالَ** لَھَا لَمَّا قَالَتْ اِنِّیْ اَشْتَکِیْ بخاری و مسلم میں حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ تو طواف کر لوگون کے پیچھے سوار ہو کر یہہ حضرتؐ نے ام سلمہ سے فرمایا جب اونہون نے کہا تھا کہ مین بیمار ہون **ف** معلوم ہوا کہ حج میں بیمار کو سوار ہو کر طواف کرنا درست ہے **م** اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ پناہ مانگو خدا کی خدا کی عذاب سے پناہ مانگو خدا کی قبر کی عذاب سے پناہ مانگو خدا کی دجال کے فتنے سے پناہ مانگو خدا کی زندگی اور موت کے فتنے اور فساد سے **م** جَابِرٌ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْکُوا السِّقَاءَ فَاِنَّ فِی السَّنَۃِ لَیْلَۃً یَّنْزِلُ فِیْھَا وَبَاءٌ لَا یَمُرُّ بِاِنَاءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ غِطَاءٌ اَوْ سِقَاءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ وِکَاءٌ اِلَّا نَزَلَ فِیْہِ مِنْ ذٰلِکَ الْوَبَاءِ قَالَ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ فَالْاَعَاجِمُ عِنْدَنَا یَتَّقُوْنَ ذٰلِکَ فِیْ کَانُوْنَ الْاَوَّلِ مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ بند رکھا کرو اور دہانہ باندھا کرو مشک کا اسواسطے کہ تمام سال میں ایک ایسی رات ہے کہ اوسمین وبا اترتی ہے جس برتن اور مشک کو کھلا پاتی ہے اوسکے اندر وبا گھس جاتی ہے لیث بن سعد محدث نے کہا کہ جو عجم کے لوگ ہمارے پاس ہین کانون اول میں اوسکا بچاؤ کرتے ہین **ف** کانون اول رومی مہینہ ہے خریف کی آخر فصل میں ہوتا ہے خلاصہ مطلب یہہ ہے کہ حدیث میں اوس رات کو معین نہیں فرمایا کہ کب ہوتی ہے لیکن عجم کے لوگ کانون اول میں جانتے ہین شاید یہہ ہو کہ اوس فصل میں وبا اکثر جاتی ہے لیکن یہہ یقین نہیں تو برتنون کو ہر رات بند رکھنا چاہیئے **ق** جَابِرٌ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْکُوا السِّقَاءَ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَحُلُّ سِقَاءً وَّلَا یَفْتَحُ بَابًا وَّلَا یَکْشِفُ اِنَاءً فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ اَحَدُکُمْ اِلَّا اَنْ یَّعْرُضَ عَلٰی اِنَائِہٖ عُوْدًا وَّیَذْکُرَ اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْہِ فَلْیَفْعَلْ فَاِنَّ الْفُوَیْسِقَۃَ تُضْرِمُ عَلٰی اَھْلِ الْبَیْتِ بَیْتَھُمْ بخاری و مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ بند رکھو برتنون کو اور منہہ باندھو مشکون کا اور بند کرو دروازون کو اور گل کیا کرو چراغ کو اسواسطے کہ شیطان مشک اور دروازہ اور برتن کو نہیں کھولتا اور اگر کوئی برتن ڈھانکنے کو کچھہ نپاوے تو لکڑی کو برتن پر آڑا رکھہ دیوے اور بسم اللہ کہے مقرر چوہا گھر والون کو جلا دیتا ہے یعنے اگر سوتے وقت چراغ روشن رہا تو چوہا بتی لیجاتا ہے گھر میں اکثر آگ لگ جاتی ہے **ف** حضرتؐ نے اس حدیث میں آداب سکھلائی کہ بسم اللہ کہکے رات کو یہہ کام کرنا چاہیئے اسمین برکت ہے **م** جَابِرٌ غَیِّرُوْا ھٰذَا الشَّیْبَ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ بدل ڈالو اسکا کسی چیز سے اور بچو سیاہی سے **ف** فتح مکہ میں ابو قحافہ صدیق اکبر رضہ کے باپ مسلمان ہوئے اونکی ڈاڑھی اور سر کے بال نہایت سفید تھے تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ خضاب کرنا درست ہے لیکن سیاہ خضاب کرنا مکروہ ہے فقہا کہتے ہین وسمے کا خضاب درست ہے اسواسطے کہ بعضے اصحاب کرتے تھے وسمے کے سوا اور خضاب سیاہ رنگ درست نہیں واللہ اعلم **خ** اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ کَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ لَمْ یُوْصِلْ سَنَدَہٗ ھٰذَا الْحَدِیْثُ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ بھاگ کوڑھی سے جیسے تو شیر سے بھاگتا ہے بخاری نے اس حدیث کی پوری سند نہیں بیان کی **ف** اس بیمار سے آدمی کو نفرت آتی ہے تو بیمار کو زیادہ رنج آتا ہے اسواسطے اوسکی صحبت منع فرمائی **خ** اَبُوْ مُوْسٰی فُکُّوا الْعَانِیَ وَاَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِیْضَ بخاری میں ابو موسی سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ چھڑاؤ قیدی کو اور کھانا کھلاؤ بھوکے کو اور خبر عافیت لو بیمار کی **ف** دشمن سے مظلوم کو چھڑانا قادر پر فرض ہے اور اطعام اور عیادت فرض کفایہ ہے **م** اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ قَاتِلْھُمْ حَتّٰی یَشْھَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِکَ فَقَدْ مَنَعُوْا مِنْکَ دِمَاءَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ اِلَّا بِحَقِّھَا وَحِسَابُھُمْ عَلَی اللّٰہِ **قَالَ** لِعَلِیٍّ یَوْمَ خَیْبَرَ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ قتل کرو اونکو یہانتک کہ وے گواہی دیوین کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد خدا کا رسول ہے پھر جب اونہون نے یہ کیا تو تجھسے اپنے خون اور مال بچائی مگر حق بات پر اور حساب اونکا خدا پر ہے یہہ حضرتؐ نے علی مرتضی رضہ سے فرمایا جنگ خیبر کے دن **ف** یعنے جب کافر نے کلمہ پڑھا تو اوسکی جان مارنا اور مال لوٹنا درست نہیں لیکن خون کے بدلے خون ہوگا اور اگر مال ہوگا زکوۃ لیجاویگے اور اگر وے اپنے جان اور مال بچانیکے واسطے کلمہ پڑھ لیوینگے اور دل سے کافر رہینگے تو خدا اون سے حساب کریگا ہمکو ظاہر کا حکم ہے **م** اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ قَارِبُوْا وَسَدِّدُوْا مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ میانہ روی اختیار کرو اور راہ راست پر چلو **ف** یعنے عبادت بلکہ ہر چیز میں افراط اور تفریط سے بچو [illegible] **م** جُوَیْرِیَۃَ زَوْجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَرِّبِیْہِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّھَا یَعْنِیْ عَظْمًا مِّنْ شَاۃِ الْعَطِیَّۃِ مَوْلَاتِھَا مِنَ الصَّدَقَۃِ مسلم میں حضرت جویریہ رضہ حضرتؐ کی بی بی سے روایت ہے کہ

خداہی کیوسطے ہین پاک ہی خدا جہان کا مالک گناہ سے بچاؤ نہ بندگی طاقت بدون خدا کے مدد کے جو سب پر غالب حکمت والا ہی اوس جنگلی ادمی نے کہا کہ یہ تو خدا کے تعریفین ہوئین میرے
مجھکو کیا یعنے میرے فائدہ کی چیز مجھکو فرما حضرت نے فرمایا یون کہا کر کہ الٰہی مجھکو بخش اور مجھپر رحم کر اور مجھکو ہدایت کر اور مجھکو روزی دے اور مجھکو عافیت مین رکھ روای کو شک ہی
کہ حضرت نے عافیت کی لفظ فرمائی یا نہین یہ حضرت نے اوس جنگلی ادمی سے فرمایا جو حضرت پاس آیا تو اوسنے کہا کہ ای خدا کے پیغمبر مجھکو کوئی ایسا کلام سکہلائیے جسکو مین کہا کرون ھ
حُذَیْفَةُ قُمْ یَا حُذَیْفَةُ فَأْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ قَالَهُ لَیْلَةَ الْاَحْزَابِ مسلم مین حذیفہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوٹھ ای حذیفہ اوس قوم کی ہمارے پاس خبر لے
آ یہ حضرت نے جنگ خندق کی رات فرمایا ھ حُذَیْفَةُ ثُمَّ یَکُوْمَانِ قَالَهُ لَهُ صُبَیْحَةَ لَیْلَةِ الْاَحْزَابِ مسلم مین حذیفہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ او ٹہر او سنو یہ
حضرت نے حذیفہ رض سے فرمایا جنگ خندق کی فجر کو ف جنگ خندق مین کفار نے کئی دن تک مدینہ گہیر لیا ایک رات نہایت سرد ہوا چلی لوگ بد حواس ہو گئے تب حضرت نے حذیفہ کو خبر کے
واسطے بہیجا پہر حذیفہ کو اپنا کمبل اڑہا دیا اونکو خوب نیند غفلت کی آگئی تب حضرت نے حدیث فرمائی باقی مفصل قصہ چوتھے باب مین گذرا خ اَبُوْ سَعِیْدٍ قُوْلُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ بخاری مین ابو سعید رض سے روایت ہی
کہ حضرت نے فرمایا کہ یون درود پڑہو کہ الٰہی اپنی مہر کر محمد پر جو تیرا بندہ اور تیرا پیغمبر ہی جیسے تو نے ابراہیم پر مہر کی اور برکت کر محمد پر اور محمد کے آل پر جیسے تو نے برکت کی ابراہیم پر اور ابراہیم
کے آل پر ق اَبُوْ حُمَیْدِنِ السَّاعِدِیُّ قُوْلُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَزْوَاجِهٖ وَ
ذُرِّیَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ بخاری و مسلم مین ابو حمید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ درود کو یون کہا کرو کہ الٰہی تو مہر کر محمد پر اور اوسکی بیبیون
پر اور اوسکی اولاد پر جیسے تو نے مہر کی ابراہیم پر اور برکت کر محمد پر اور اوسکی بیبیون پر اور اوسکی اولاد پر جیسے تو نے برکت کی ابراہیم کی آل پر بیشک تو سب خوبیون سراہا بڑائی والا ہی ھ اُمِّ
سَلَمَةَ قُوْلِیْ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلَهٗ وَاَعْقِبْنِیْ مِنْهُ عُقْبٰی حَسَنَةً قَالَهُ لَهَا حِیْنَ مَاتَ اَبُوْ سَلَمَةَ مسلم مین حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یون کہہ
الٰہی مجھکو بخش اور اوسکو یعنے خاوند کو اور اوسکے بعد مجھکو اوسکا نیک بدلا دے یہ حضرت نے حضرت ام سلمہ رض سے فرمایا جب ابو سلمہ کا انتقال ہوا ف حضرت ام سلمہ کے اول خاوند یعنے ابو سلمہ کا
جب انتقال ہوا تب حضرت نے اونکو یہ تعلیم کی حق تعالیٰ نے دعا قبول کی حضرت سے اونکا نکاح ہوا ق اَبُوْ سَعِیْدٍ قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِكُمْ وَاِلٰی خَیْرِكُمْ یعنی سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ جَاءَ
عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰی حُكْمِكَ بخاری و مسلم مین ابو سعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوٹھو اپنے سردار کے طرف یا یون
فرمایا کہ اپنے سے افضل اور بہتر کی طرف یعنے سعد بن معاذ کی طرف پہر سعد حضرت پاس بیٹھے تو حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہ یہودی تیری تجویز پر راضی ہوکر اترے ہین ف بنی قریظہ ایک قوم تھی
یہودی کی حضرت سے اونہون نے عہد شکنی کی تہی حضرت نے اونکا قلعہ گہیر لیا تہا وہ لوگ اس بات پر راضی ہوئے کہ سعد بن معاذ جو ہمارے حق مین تجویز کرین سو ہمکو قبول ہی سعد زخمی تہے
حضرت نے اونکو مدینے سے بلایا جب وے آئے تب حضرت نے انصار سے یہ حدیث فرمائی سعد نے اونکے قتل کرنے کا حکم دیا چنانچہ اوس قوم کے مرد قتل ہوئے اور عورتین اور لڑکے لونڈی غلام
ہوئے بعضے علما نے کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار اور علما کی تعظیم کے واسطے قیام کرنا درست ہی اور بعضون نے جواب دیا ہی کہ یہ قیام تعظیم کے واسطے نہ تہا بلکہ سعد زخمی تہے
اونکے سنبہالنے کے واسطے حضرت نے قیام کا حکم کیا تہا چنانچہ دوسری حدیث مین آیا ہی کہ ایک دوسرے کے واسطے نہ قیام کیا کرو جیسے عجم کے لوگ کرتے ہین اور بعضے علما نے
فرمایا ہی کہ قیام افراط تعظیم کے واسطے مکروہ ہی و اہل علم اور دین کی تکریم کے واسطے درست ہی م اَنَسٌ قُوْمُوْا اِلٰی جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ قَالَهُ حِیْنَ
دَنَا الْمُشْرِكُوْنَ یَوْمَ بَدْرٍ صحیح مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوٹھو اوس بہشت کی طرف جسکا پہیلاؤ آسمان اور زمین کی برابر ہی یہ حضرت نے اوس وقت
فرمایا جس وقت جنگ بدر مین مشرک نزدیک آگئے ف یعنے اونکو قتل کرو اسواسطے کہ انکا قتل کرنا یا شہید ہونا ہر طرح بہتر ہی کہ اوسکا عوض بہشت ہی ق اِبْنُ عَبَّاسٍ
قُوْمُوْا عَنِّیْ وَلَا یَنْبَغِیْ عِنْدِیْ التَّنَازُعُ وَیُرْوٰی عِنْدَ نَبِیٍّ تَنَازُعٌ بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوٹھو میرے پاس سے اور
لائق نہین میرے پاس جہگڑا کرنا اور دوسری روایت یون ہی کہ پیغمبر پاس جہگڑا مناسب نہین ف حضرت نے مرض الموت مین دوات قلم مانگا بعضون نے کہا لاؤ بعضون
کہا کچھ ضرور نہین حضرت کو لکہانے مین تکلیف ہوگی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی باقی اسکا قصہ اسی باب مین مفصل ہو چکا ق اَبُوْ هُرَیْرَةَ كِخْ كِخْ اِرْمِ بِهَا اَمَا عَلِمْتَ
اَنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ وَیُرْوٰی لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ قَالَهُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِیْنَ اَخَذَ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ
فَجَعَلَهَا فِیْ فِیْهِ بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چھی چھی اسکو پہینک دے کیا تو نہین جانتا کہ ہم لوگ زکوۃ نہین کہاتے اور دوسری
روایت مین یہ ہی کہ ہمکو زکوۃ حلال نہین یہ حضرت نے امام حسن ع سے فرمایا جب اونہون نے زکوۃ کی کہجور مین سے ایک کہجور اٹہالے اور منہ مین رکہلی ف حضرت امام حسن اوس وقت
مین لڑکے تھے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سادات کو زکوۃ کا مال حرام ہی ق جَابِرٌ كُلْ فَاِنِّیْ اُنَاجِیْ مَنْ لَا تُنَاجِیْ یَعْنِی الثُّوْمَ الْمَطْبُوْخَ قَالَهُ لِمَنْ كَرِهَ مِنْ اَصْحَابِهٖ
بخاری اور مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کہا اسواسطے کہ مین کانا پہوسی کرتا ہون اوس سے جس سے تو کانا پہوسی نہین کرتا ف حضرت کے روبرو پکا ساگ
لایا اوس مین لہسن کی بو آتی حضرت نے اوسکو نہ کہایا کسی صحابی نے اس سے فرمایا کہ تو کہا صحابی نے دیکہا کہ حضرت نہین کہاتے ہین تو اوسنے بہی ہاتھ کہینچا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی

سامان کر حدیث مین یہ جو فرمایا کہ مسافر اور راہ چلنے والے کی طرح گذران کر یعنی جیسے مسافر سفر مین زیادہ بکہیڑا نہین کرتا اور ہر دم اپنا وطن یاد کرکے زاد راہ کی فکر مین رہتا ہی اسیطرح مومن کو لازم ہی کہ دنیا کو سرا جانکر بیہودہ حرص کو مار کر اپنے اصلی وطن سے غافل نہو ہر دم وہانکا سامان کرتا رہے اور یہ جو فرمایا کہ اپکو مردون مین شمار کر یعنی پریشانی اور تشویش دنیا کے سبب موت کی غفلت اور جب موت یاد رکہے تو سب مشکل آسان ہی **شعر** چو آہنگ رفتن کند جان پاک ٭ چہ بر تخت مردن چہ بر روی خاک ٭ یہ حدیث ہما اور درویشی کی جڑ ہی اللہ تعالیٰ ہمارے تئین اوس کو سمجہاوے اور اوسپر عمل نصیب کرے آمین **خ** اَبُو اَیُّوبَ کِیلُوا طَعَامَکُمْ یُبَارَکْ لَکُمْ فِیْہِ بخاری مین ابو ایوب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تولا کرو اپنی اناج کو تمہارے لئے اوسمین برکت ہوگی **ف** یعنی مول لیکر تولنا چاہئے تا اگر کم ہو تو طلب کیجئے اور اگر زیادہ ہو تو غیر کا حق پہیر دیجئے اور ہر روز تول کر گہر مین خرچ کرنا بہی حکمت سے خالی نہین کہ حساب سے خرچ ہو ضرورت سے زیادہ ہونہ کم **م** اَبُو سَعِیْدٍ لَقِّنُوْا مَوْتَاکُمْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سکہلاؤ اپنے مردونکو لا الہ الا اللہ **ف** یعنی مرنیکے وقت لا الہ الا اللہ پکار کے کہو تا کہ مرنے والا بہی سنکے کہے اور یون نہ اوس سے کہنا چاہئے کہ لا الہ الا اللہ کہہ شاید بد حواسی سے انکار کر بیٹہے **م** اَبُو ھُرَیْرَۃَ لِیَاْخُذْ کُلُّ رَجُلٍ بِرَاْسِ رَاحِلَتِہٖ فَاِنَّ ھٰذَا مَنْزِلٌ حَضَرَنَا فِیْہِ الشَّیْطَانُ **قالہ** غَدَاۃَ لَیْلَۃِ التَّعْرِیْسِ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ پکڑے ہر ایک مرد اپنے اونٹ کے سر کو سو مقرر یہ منزل ہے کہ اسمین ہمارے پاس شیطان آیا یہ حضرت نے لیلۃ التعریس کی فجر کو فرمایا **ف** جنگ خیبر سے پلٹتے آخر شب حضرت اور تمام سو گئے فجر کی نماز قضا ہو گئی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی یہ مکان ہی شیطان کا ایسا نہو کہ شیطان کسیکے اونٹ کو بہگا دیوے تو ہوشیاری کرنا چاہئے **ق** عَائِشَۃُ لِیُصَلِّ اَحَدُکُمْ نَشَاطَہٗ فَاِذَا کَسِلَ اَوْ فَتَرَ قَعَدَ وَیُرْوٰی فَلْیَقْعُدْ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ نماز پڑہا کرے ہر ایک شخص جب تک خوش اور چست رہے پہر جب کاہل یا سست ہو تو بیٹہ رہے اور دوسری روایت یون ہی کہ اوسکو بیٹہ رہنا چاہئے **ف** انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے مسجد مین رسی لٹکی دیکہی پوچہا یہ کیا ہی لوگون نے کہا کہ حضرت زینب کا دستور ہی کہ جب تہجد کی نماز مین سست ہو جاتی ہین تو اوسکو تہامہ لیتی ہین تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی سستی مین نفل نماز پڑہنا بے لطف ہی **م** لِیُصَلِّ مَنْ شَاءَ مِنْکُمْ فِیْ رَحْلِہٖ **قالہ** فِیْ یَوْمٍ مَطِیْرٍ فِیْ سَفَرٍ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ نماز پڑہ لیوے جو شخص کہ تم مین سے چاہے اپنے بستر پر یہ حضرت نے مینہ برسنے کے دن سفر مین فرمایا **ف** معلوم ہوا کہ مینہ کے عذر سے جماعت مین حاضر ہونا درست ہی **م** اِبْنُ مَسْعُوْدٍ لِیَلِیَنِّیْ مِنْکُمْ اُولُوا الْاَحْلَامِ وَالنُّھٰی ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ وَاِیَّاکُمْ وَھَیْشَاتِ الْاَسْوَاقِ مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ تم مین سے عقلمند اور ہوشیار لوگ میرے قریب ہوا کرین پہر اونکے بعد وہ لوگ ہوا کرین جو اون سے میل رکہتے ہون اور تم بچو بازارون کے بک بک سے یعنی مسجد اور جماعت مین بازار کی طرح شور او ہجوم نکرو **ف** عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ حضرت کا دستور تہا کہ جماعت کے وقت ہمارے مونڈہونکو ملاتے تہے اور فرماتے تہے کہ برابر ہو جاؤ اور قیام مین مختلف نہو نہین تو تمہارے دلون مین اختلاف پڑ جاویگا پہر حضرت یہ حدیث فرماتے تہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کی قریب اہل علم اور عقل کہڑے ہون تا کہ مسائل کو سیکہین اور اگر امام کو سہو واقع ہو تو اوسکو خبردار کرین اور علما کی بعد درجہ بدرجہ لوگ صف مین کہڑے ہون ابوبکر صدیق رضہ کا دستور تہا کہ نماز مین حضرت کے پیچہے برابر کہڑے ہوتے تہے اور اونکی جگہہ دوسرا شخص نہین کہڑا ہوتا تہا **م** اَبُوْ سَعِیْدٍ لِیَنْبَعِثْ مِنْ کُلِّ رَجُلَیْنِ اَحَدُھُمَا وَالْاَجْرُ بَیْنَھُمَا یَعْنِیْ فِی الْجِہَادِ **قالہ** لِبَنِیْ لِحْیَانَ حِیْنَ بَعَثَ اِلَیْھِمْ بَعْثًا مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ دو آدمیون مین سے ایک آدمی جہاد کو جاوے اور ثواب دونون مین برابر ہی حضرت نے اوسوقت فرمایا جب قوم بنی لحیان پر لشکر بہیجا **ف** یعنی ہر قوم سے آدہی آدمی جہاد کو جاوین اور آدہی آدمی مجاہدین کی جورو لڑکون کی خبر گیری کرین تو ثواب دونونکو برابر ملیگا **ق** عَائِشَۃُ مُرُوْا اَبَا بَکْرٍ یُصَلِّ بِالنَّاسِ بخاری و مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ کہو ابوبکر رضہ سے کہ لوگون کو نماز پڑہاوے **ف** حضرت نے مرض الموت مین یہ حدیث فرمائی اور پانچ دن اونسے امامت کروائی چنانچہ اسکا مفصل قصہ دوسرے باب مین گذرا جو عہدہ حضرت کو خاص تہا یعنی امامت کا سو اپنے حیات مین ابوبکر صدیق رضہ کو دیا اسمین صاف اشارہ ہی خلافت کا گویا حضرت نے اونکو اپنا ولی عہد کیا **خ** اِبْنُ عَبَّاسٍ مُرْہُ فَلْیَتَکَلَّمْ وَلْیَسْتَظِلَّ وَلْیَقْعُدْ وَلْیُتِمَّ صَوْمَہٗ یَعْنِیْ اَبَا اِسْرَائِیْلَ بخاری مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کہہ دے کہ بولے اور اپنے اوپر سایہ کرے اور بیٹہے اور اپنا روزہ تمام کرے **ف** حضرت نے ایک شخص کو دیکہا کہ دہوپ مین کہڑا ہی اسکا سبب پوچہا لوگون نے کہا کہ یہ ابو اسرائیل ہی اسنے نذر مانی ہی کہ روزہ رکہے دہوپ مین کہڑا رہے اور کسی سے کلام نہ کرے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی روزہ عبادت تہا اوسکی اجازت دی ورنہ بولنا اور دہوپ مین کہڑا ہونا عبادت نتہا اسواسطے منع فرمایا معلوم ہوا کہ غیر مشروع نذر کا ادا کرنا نہی ہی **م** اِبْنُ عُمَرَ مُرْہُ فَلْیُرَاجِعْھَا ثُمَّ لِیَدَعْھَا حَتّٰی تَطْھُرَ ثُمَّ تَحِیْضَ حَیْضَۃً اُخْرٰی فَاِذَا طَھُرَتْ فَلْیُطَلِّقْھَا قَبْلَ اَنْ یُّجَامِعَھَا اَوْ یُمْسِکْھَا فَاِنَّھَا الْعِدَّۃُ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰہُ اَنْ تُطَلَّقَ لَھَا النِّسَاءُ مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کہہ دے کہ اپنی جورو سے رجعت کرے یعنی طلاق کو باطل کرکے پہر اوسکو اپنی جورو بناوے پہر اوسکو حیض سے پاک ہونے دے پہر دوسرا حیض اوسکو آوے پہر جب دوسری حیض سے پاک ہو تو صحبت کرنیسے پہلے چاہے اوسکو طلاق دیوے یا اوسکو اپنی گہر مین رکہے سو تقرری ہی عدت ہی جسکا خدا نے حکم کیا ہی عورتون کی طلاق مین ہوا کرے **ف** عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ مینے اپنی جورو کو حیض مین طلاق دی عمر فاروق رضہ نے یہ حال حضرت سے کہا حضرت خفا ہوئے پہر یہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض مین طلاق دینا بشدت مکروہ ہی اسکو فقہ مین طلاق بدعی کہتے ہین سنت یہ ہی کہ جب عورت حیض سے پاک ہو تو بدون صحبت کی اوسکو طلاق دیوے **ق**

نفل میں پہنچایا اور اون مشکون سے پانی ڈالنا شروع کیا یہانتک کہ حضرت نے اشارہ کیا کہ بس پھر حضرت باہر نکلے اور نماز پڑھائی اور خطبہ پڑھا معلوم ہوا کہ حضرت کو بیماری میں گرمی کی کمال شدت تھی یہ زہر کا اثر تھا جو خیبر میں یہودی عورت نے دیا تھا **ق** أَنَسٌ يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا وَسَكِّنُوا وَلَا تُنَفِّرُوا البخاری اور مسلم میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لوگوں سے نرمی اور آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور تسکین اور دلاسا دو اور نہ بہکاؤ **ف** یعنے نرمی چاہئے تاکہ لوگ دین سیکھیں بدخلقی اور سختی لازم نہیں کیونکہ لوگ وحشت کرین

الْبَابُ الْعَاشِرُ

یہ دسواں باب ہے اسکی اول میں حدیثیں ہیں جنکے سر پر لام تاکید ہے **م** عُمَرُ لَأُخْرِجَنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ حَتَّى لَا أَدَعَ فِيهَا إِلَّا مُسْلِمًا مسلم میں عمر فاروق رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں مقرر نکال دونگا یہودی و نصاری کو عرب کے ٹاپو سے یہانتک کہ سوا مسلمان کے اوسمیں کسیکو نہ چھوڑونگا **ف** عرب مبدا اسلام ہے تو حکمت یہی تھی کہ وہاں سوائے مسلمانوں کے کوئی نرہے چنانچہ فاروق اعظم نے بموجب اس حدیث کے یہود کو خیبر وغیرہ سے نکالا اور شام میں رکھا **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ یعنے عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَهُ يَوْمَ خَيْبَرَ بخاری اور مسلم میں سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر میں کل علم دونگا اوس مرد کو جسکے ہاتھوں پر خدا فتح کریگا وہ خدا اور رسول کو چاہتا ہے اور خدا اور رسول اوسکو چاہتے ہیں یعنے علی مرتضے کو یہ حضرت نے جنگ خیبر کے دن فرمایا **ف** جنگ خیبر میں حضرت نے جب یہ فرمایا تو رات کو اصحاب آپس میں چرچا کیا کئے کہ دیکھئے یہ دولت کسکو نصیب ہو صبح کے وقت حضرت کے حضور میں اصحاب حاضر ہوئے ہر ایک شخص اسکا امیدوار تھا سو حضرت نے فرمایا کہ علی مرتضے رض کہاں ہیں لوگوں نے کہا کہ یا حضرت اونکی آنکھیں آئی ہیں حضرت نے اونکو بلایا اور لعاب مبارک اونکی آنکھ پر لگائی اوسیوقت صحت ہو گئی پھر حضرت نے اونکو علم دیا خدا نے اونکے ہاتھ پر فتح نصیب کی اس حدیث سے علی مرتضے رض کی بڑی عمدہ فضیلت ثابت ہوئی **خ** أَبُو سَعِيدِ بْنُ الْمُعَلَّى لَأُعَلِّمَنَّكَ سُورَةً هِيَ أَعْظَمُ السُّوَرِ فِي الْقُرْآنِ قَالَهُ لَهُ بخاری میں ابو سعید بن معلی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ البتہ میں تجھکو ایک سورت سکھلاؤنگا جو قرآن کے سب سورتوں سے بزرگ اور افضل ہے **ف** مراد سورۂ فاتحہ ہے چنانچہ ساتویں باب میں مذکور ہو چکا **م** أَبُو هُرَيْرَةَ لَأَنْ أَقُولَ سُبْحَانَ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا اله الا اللہ کا کہنا میرے نزدیک سارے دنیا سے زیادہ پیارا ہے جسپر آفتاب کی چمک پہنچتی ہے **م** الزُّبَيْرُ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ أَحْبُلَهُ ثُمَّ يَأْتِيَ الْجَبَلَ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةٍ مِنْ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا فَيَكُفَّ اللَّهُ بِهَا وَجْهَهُ وَفِي رِوَايَةٍ فَيَسْتَغْنِيَ بِثَمَنِهَا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ مسلم میں زبیر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر کوئی اپنی رسیاں لیکر پہاڑ میں جائے وسواپنی پیٹھ پر لکڑیوں کا گٹھا لاوے پھر اوسکو بیچے تاکہ خدا اوسکے سبب سے اوسکی آبرو رکھے اور دوسری روایت ہے کہ اوسکی قیمت سے اپنا کام چلاوے تو بہتر اوسکی حق میں لوگوں کے سوال کرنے سے بہتر ہے وہ اوسکو دیویں یا نہ دیویں **ف** یعنے لکڑیاں بیچ کھانا سوال سے بہتر ہے اسواسطے کہ سوال میں ایک تو ذلت ہے دوسری حصول مطلب کا یقین نہیں ملے یا نہ ملے **م** أَبُو هُرَيْرَةَ لَأَنْ يَجْلِسَ أَحَدُكُمْ عَلَى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهُ فَتَخْلُصَ إِلَى جِلْدِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَجْلِسَ عَلَى قَبْرٍ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا بیٹھنا چنگاری پر کہ اوسکا کپڑا جلا کر کھال کو لگی یہ بہتر ہے اوسکے حق میں قبر پر بیٹھنے سے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر پر بیٹھنا یا قبروں پر چلنا پھرنا سخت گناہ ہے **م** أَبُو هُرَيْرَةَ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا حَتَّى يَرِيَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا مسلم میں ابوہریرہ اور سعد بن ابی وقاص رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا پیٹ بھرنا پیپ سے یہانتک کہ اوسکے پھیپھڑی تک پہنچے یہ اوسکے حق میں بہتر ہے اپنے پیٹ کو شعر کے بھرنے سے **ف** یعنے شعر گوئی یا شعر خوانی کا شغل غالب رکھنا اور قرآن اور علوم شرعی پر کم متوجہ ہونا سخت قبیح ہے اسواسطے کہ اکثر اشعار مدح بیہودہ اور ہجو مذموم اور مبالغہ سے خالی نہیں تو شعر گوئی اور شعر خوانی گویا کذب و افترا پردازی کی ورزش ہے اور پریشان خاطری تو نقد وقت ہے کہ تلاش مضمون تازہ میں شاعر لوگ کیا کیا کوئیں جھانکتے پھرتے ہیں لیکن اگر گاہ گاہ شعر سخن سے دل لگاوے مگر اکثر اوقات علوم دین میں صرف کرے تو منع نہیں کہ حضرت نے بھی اشعار گاہ گاہ سنے ہیں لیکن خوش مضمون کے **ق** ابْنُ عَبَّاسٍ لَأَنْ يَمْنَحَ الرَّجُلُ أَخَاهُ أَرْضَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهَا خَرْجًا مَعْلُومًا بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مفت دینا مرد کا اپنی زمین اپنے بھائی مسلمان کو بہتر ہے وسکے حق میں اوس سے معین محصول لینے سے **ف** باب اول میں زمین کی محصول لینے کا مسئلہ مذکور ہو چکا **خ** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَأَنْ يَهْدِيَ اللَّهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ بخاری میں سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا ہدایت کرنا ایک مرد کو تیرے سبب سے تیرے واسطے بہتر ہے تجھکو سرخ اونٹ ملنے سے **ف** عرب کے نزدیک سرخ اونٹ عمدہ مال ہے یعنے تیرے سبب سے اگر ایک آدمی مسلمان ہووے تو یہ دنیا کے مال سے بہتر ہے اسواسطے کہ ثواب کو بقا اور دنیا کو فنا ہے حضرت نے علی مرتضے رض سے فرمایا جب اونکو جنگ خیبر میں علم دیا **م** أَبُو هُرَيْرَةَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوقَ إِلَى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر حقداروں کو حق دلائے جاوینگے قیامت کے دن یہانتک کہ بدلا لیا جاویگا منڈی بکری کا سینگدار بکری سے **ف** یعنے ظلم اور حق تلفی سب کچھ قیامت میں انصاف ہوگا آدمی تو کیا طرف

بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق تعالے اپنے ایماندار بندہ کی توبہ کرنے سے اوس شخص سے بھی زیادہ فرحت ناک ہوتا ہی جو چٹیل میدان ہلاکت کے مکان مین اترا اوسکی سواری تھی جسپر اوسکا کھانا اور پانی تھا سو وہ سر دہرکے اپنے سرکو زمین پر رکھا پھر ایک نیند سو کر اس حال مین جاگا کہ اوسکی سواری جاچکی تھی سو اوسنے اوسکی تلاش کی یہانتک کہ جب اوسے سخت گرمی اور پیاس وغیرہ کی شدت ہوئی اوسنے کہا اپنی اوسی جگہ پھرجاؤن جہان تھا سو وہین سو رہون تا اینکہ مرجاؤن سو اوسنے اپنا سر اپنے کلائی پر رکھا تاکہ مرجاوے پھر جاگ پڑا تو کیا دیکھتا ہی کہ اوسکی سواری موجود ہی جسپر اوسکا زاد راہ اور پانی ہی تو حق تعالی اپنے مومن بندہ کی توبہ کی سبب اس مرد سے بھی زیادہ تر خوش ہوتا ہی جو اپنی سواری اور زاد راہ پاکر خوش ہوگیا **ف** یعنے مومن کی توبہ سے کمال رضا الہی حاصل ہوتی ہی سو واسطے کہ توبہ سے گناہ مٹ جاتے ہین بندہ عذاب سے بچ جاتا ہی **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ لَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِي الْمَرْءُ بِمَا اَخَذَ الْمَالَ اَمِنْ حَلَالٍ اَمْ مِنْ حَرَامٍ بخاری مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ آدمی کچھ پروا نہ کریگا کہ اوسنے کہان سے مال کو لیا حلال سے یا حرام سے **ف** یعنے بے دینی رائج ہوگی مال حاصل کرنے مین شدت حرص اور ضعف ایمان کے سبب سے حلال اور حرام کی کچھ تمیز باقی نرہیگی خواہ رشوت سے ملے خواہ چوری سے خواہ خرچی خواہ سودخوری خواہ ظلم خواہ دغابازی سے چنانچہ اس زمانہ کا حال ہی کہ جسطرح پانی مین مچھلی ہین گویا موت اور قیامت سے خبر نہین **ھ** اَبُوْهُرَيْرَةَ لَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَدْرِي الْقَاتِلُ فِي اَيِّ شَيْءٍ قَتَلَ وَلَا الْمَقْتُوْلُ عَلَى اَيِّ شَيْءٍ قُتِلَ روایت ہے مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگون پر ایک زمانہ آویگا کہ نجانیگا قاتل کہ کس بات مین اوسنے قتل کیا اور نہ مقتول جانیگا کہ کس بات پر مارا گیا **ف** یعنے ایسا زمانہ بگڑیگا کہ بسبب آوے رحمت خونریزی ہوگی ایسا بڑا گناہ لوگونکو آسان معلوم ہوگا چنانچہ خانہ جنگی اکثر بے سبب ہوجاتی ہی دہلی و لکہنو کی بانکون مین صرف نکہہ ملانے پر تلوار چلتی ہی آدمی کے جانکو چیونٹی برابر بھی نہین جانتے گویا بہی انسانکو بناتے ہین جو ناحق حلال کردیا ہین **خ** اَبُوْ سَعِيْدٍ لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوْجِ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ بخاری مین ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر کعبے کا حج اور عمرہ ہوا کریگا یاجوج ماجوج نکلنے کے بعد **ف** معلوم ہوا کہ یاجوج ماجوج کی ہلاکی کی بعد اسلام قائم رہیگا حج اور عمرہ ادا ہوگا بعضے علما کہتے ہی کہ اون کی ہلاک ہونیکے بعد بیس برس تک آدمیون کا قیام رہیگا واللہ اعلم **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ اَلْفًا اَوْ سَبْعُمِائَةِ اَلْفٍ اَشُكُّ مِنْ اَيِّهِمَا مُتَمَاسِكُوْنَ اٰخِذٌ بَعْضُهُمْ بَعْضًا لَا يَدْخُلُ اَوَّلُهُمْ حَتّٰى يَدْخُلَ اٰخِرُهُمْ وُجُوْهُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ بخاری و مسلم مین سہل بن سعد رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہشت مین داخل ہونگے میری امت سے ستر ہزار یا یون فرمایا کہ ستر لاکھ یہ شک ہی حازم تابعی کو پڑے جو اس حدیث کا ایک راوی ہی حضرت نے فرمایا وی لوگ بہشت مین جاوینگے ملے ہوئے ایک دوسرے کو تہامے ہوئے اونکے اگلے نہ داخل ہونگے جبتک کہ اونکے پچھلے داخل ہونگے یعنے ایک قطار ہوکر برابر یکبارگی اندر جاوینگے اونکے چہرے چودہوین رات کے چاندکی صورت پر ہونگے **ق** ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَيُرْفَعَنَّ اِلَيَّ رِجَالٌ مِنْكُمْ حَتّٰى اِذَا اَهْوَيْتُ لِاُنَاوِلَهُمْ اُخْتُلِجُوْا دُوْنِيْ فَاَقُوْلُ اَيْ رَبِّ اَصْحَابِيْ فَيُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے سامنے آجاوینگے تم مین سے چند لوگ یہانتک کہ جب مین اونکے طرف جھکونگا کہ حوض کوثر کا پانی اونکو دون تو وی لوگ میرے پاس سے ہٹائے جاوینگے تو مین کہونگا کہ اے میرے رب یے تو میرے ساتھی ہین تو حکم ہوگا کہ تو نہین جانتا کہ انہون نے تیرے بعد کیا بدعتین نکالین **ف** عرب کے چند گروہ تو مسلم حضرت کے بعد مرتد ہوگئے تھے جنکو صدیق اکبر نے قتل کیا یے وہی لوگ ہین مراد ہین **خ** لَيُصِيْبَنَّ اَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ بِذُنُوْبٍ اَصَابُوْهَا عُقُوْبَةً ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ فَيُقَالُ لَهُمُ الْجَهَنَّمِيُّوْنَ بخاری مین انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چند لوگونکو سوختگی دوزخ کا اثر لگجاویگا گناہون کے سبب سے جو اونسے ہوگئے ہین عذاب ہوگا یہ بدلا پھر خدا اونکو بہشت مین داخل کریگا اپنے مزید رحمت سے سو اونکا لقب جہنمی ہوگا **ف** نوادر الاصول مین سو ہی کہ یہ لوگ جناب الہی مین عرض کرینگے کہ الہی جیسے تونے اپنے کرم سے ہمکو دوزخ سے نکالا ویسی ہی یہ لقب بھی دور کر تو حق تعالی ایک فرشتے کو بھیجیگا وہ اونکے ماتھون سے اس لقب کو مٹا دیگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان بدکار ہمیشہ دوزخ مین نرہینگے ایمان کی برکت سے آخر کو نجات پاوینگے **ہ** اَبُوْهُرَيْرَةَ لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ رَفْعِهِمْ اَبْصَارَهُمْ عِنْدَ الدُّعَاءِ فِي الصَّلٰوةِ اِلَى السَّمَاءِ اَوْ لَتُخْطَفَنَّ اَبْصَارُهُمْ مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مقرر باز رہین لوگ اپنے آنکھہ اٹھانیسے نمازمین دعا کے وقت آسمان کی طرف نہین تو اونکی نظرین چھین لیجاوینگے **ف** نماز مین دعا کے وقت آسمان کی طرف آنکھہ اٹھانا درست نہین اسواسطے کہ حق تعالی مکان سے پاک ہی **ہ** اَبُوْهُرَيْرَةَ لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ وَدْعِهِمُ الْجُمُعَاتِ اَوْ لَيَخْتِمَنَّ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ثُمَّ لَيَكُوْنُنَّ مِنَ الْغَافِلِيْنَ مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ضرور باز رہین لوگ جمعہ چھوڑ دینے سے نہین تو خدا اونکے دلون پر مہر کردیگا پھر بیشک وے غافلون مین ہوجاوینگے **ف** یعنے جمعہ چھوڑنیکی یہ سزا ہی کہ دل پر غفلت کی مہر ہوجاتی ہی اور جب غفلت ہوگی تو رحمت الہی سے دور پڑا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی نماز فرض ہی بدون شرعی عذر کے اوسکا ترک کرنا ہرگز درست نہین **ہ** اَبُوْهُرَيْرَةَ لَيُهِلَّنَّ ابْنُ مَرْيَمَ بِفَجِّ الرَّوْحَاءِ حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا اَوْ لَيُثَنِّيَنَّهُمَا مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لبیک کہینگے عیسے بن مریم روحا کی راہ مین خواہ حج کرتے خواہ عمرہ کرتے یا عمرہ اور حج ساتھی کرکے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب جب حضرت عیسی علیہ السلام آسمان سے اترینگے تو شریعت محمدی پر عمل کرینگے اور کعبے کا حج یا عمرہ کرینگے روحا ایک مقام کا نام ہی بیچ مدینے اور مکے کے درمیان

فصل فی انواع شتّٰی

اس فصل مین بہت قسم کے حدیثین ہین **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلٰثٌ اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ

سخت گذرتی ہی پہر موقوف ہوجاتی ہی جب کہ مین یاد کرچکتا ہون اور کبھی میرے پاس فرشتہ مرد کی صورت بنکے آتا ہی سو مجھسے کلام کرتا ہی تو مین یاد کرلیتا ہون جو کہ مجھسے کہتا ہی حضرت نے
اوسوقت فرمایا جب حارث بن ہشام نے حضرت سے پوچھا کہ آپکو وحی کسطرح آتی ہی **ف** بخاری مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ مینے حضرت کو دیکھا کرتے جاڑے مین وحی آتی کہ
حضرت کے پیشانی سے پسینہ بہہ نکلتا تہا **م** ابن مسعود اِذنك علی ان ترفع الحجاب وتستمع سوادی حتی انہاك **ق لہ** مسلم مین عبد اللہ بن مسعود
رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تجہکو اجازت میرے پاس آنیکی یہی ہی کہ تو پردہ اٹہاوے اور میرے بہید کی بات سنے جبتک کہ مین تجہکو منع کرون یہہ حضرت نے عبد اللہ بن مسعود سے فرمایا **ف** عبد اللہ بن مسعود حضرت کے
خادم تہے جب قرآن مین یہ حکم ہوا کہ حضرت کے گہر مین بے اجازت نہ آوین تب حضرت نے عبد اللہ سے یہہ عہد فرمایا یعنی تجہکو بار بار اجازت مانگنیکی حاجت نہین کیونکہ تو خدمت مین ہمیشہ ہوگا تیرا اندر آنا اور
میرا منع نکرنا یہی دلیل ہی اجازت کی اور جبکہ مین تجہکو منع کرون اوسوقت آنا درست نہین **خ** ابو ایوب … لہ **ف** تعبد اللہ ولا تشرك بہ شیئا وتقیم
الصلوة وتؤتی الزکوة وتصل الرحم دع الناقة **ق لہ** کان علی اخذ بخطام ناقتہ فقال یا رسول اللہ دلنی علی عمل یدنینی من
الجنة ویباعدنی من النار **مخ** بخاری مین ابو ایوب رض سے روایت ہی کہ حضرت نے جنگلی آدمی کو فرمایا کہ تا مراد ہو جو کیا اسکو ہوا ہی اور بخاری اور مسلم دونون مین متفق
یون روایت ہی کہ تو عبادت کرے خدا کی اور اوسکی ساتہہ کسیکو شریک نکرے اور نماز کو قائم کرے اور زکوة دیوے اور برادری کا حق ادا کرے چہوڑ دے اس اونٹنی کو حضرت نے اوس جنگلی آدمی سے
فرمایا جسنے حضرت کی اونٹنی کی مہار پکڑ کے کہا کہ یا رسول اللہ مجہکو وہ عمل بتلائیے جو بہشت سے مجہکو قریب کردیوے اور دوزخ سے مجہکو دور ڈالے **ف** حضرت کو اوسکے سوال سے
تعجب آیا کہ احکام اسلام کی ظاہر ہو چکی صریح بات کو اس دلیر سے کیون پوچہتا ہی پہر فرمایا کہ توحید اور نماز اور زکوة اور برادری پروری سے بہشت کا قرب اور دوزخ سے دوری حاصل ہوتی ہی
م ابو ہریرة اسلم سالمہا اللہ وغفار غفر اللہ لہا اما انی لم اقلہا ولکن قالہا اللہ وفی روایة خفاف بن ایماء غفار غفر اللہ لہا واسلم
سالمہا وعصیة عصت اللہ ورسولہ اللہم العن بنی لحیان والعن رعلا وذکوان مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اسلم سے خدا راضی
ہوا اور غفار کو خدا نے بخشا خبردار رہو کہ مینے یہ کلام نہین کہا ولیکن خدا نے یہ کہا ہی یعنی بحکم خدا مینے یہ کہا اور خفاف بن ایماء کی روایت مین یون ہی کہ غفار کو خدا نے بخشا اور اسلم سے خدا راضی
ہوا اور عصیہ نے خدا اور رسول کی نافرمانی کی الہی لعنت کر بنی لحیان پر اور لعنت کر رعل اور ذکوان پر **ف** اسلم اور غفار دو قوم تہی بے لڑے ایمان لائے حضرت نے اونکے واسطے بشارت اور
دعا دی اور عصیہ اور بنی لحیان اور رعل اور ذکوان چار قوم تہے اونہون نے حضرت کے اصحاب کو دغا سے قتل کیا اسواسطے حضرت نے اونکو بد دعا دی **م** ابو ہریرة اکل کل ذی ناب من
السباع حرام مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سب نکیلی دانتوالے درندے جانورون کا کہانا حرام ہی **ف** یعنی جس جانور کی نوک دار دانت ہون اور وہ درندہ بہی
ہو یعنی دوسرے جانور کو چیر پہاڑ کے کہاتا ہو سو حرام ہی جیسے شیر اور چیتا اور بہیڑیا اور کتا اور بلی اور لومڑی اور گیدڑ وغیرہ اور یہی مذہب ہی امام اعظم اور امام شافعی اور امام احمد کا
لیکن امام مالک کے مذہب مین دو روایتین ہین ایک حرمت کی دوسری کراہت کی اور جسکے نوک دار دانت ہون لیکن درندہ نہو جیسے اونٹ سو حلال ہی **م** عبد اللہ بن زمعة
الام یجلد احدکم امرأتہ جلد العبد ولعلہ یضاجعہا من اخر یومہا مسلم مین عبد اللہ بن زمعہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی شخص اپنی جورو کو
غلام کیطرح کب تلک اور کسواسطے کوڑے ماریگا اور شاید کہ وہی شخص اوسی دن کے اخیر مین اوسکو اپنے پاس سلاویگا **ف** یعنی شرعا اور عقلا مناسب نہین کہ جسکو اپنے
پاس لٹائی اوسکو ایسی سخت مار مارے کہ صبح کو مارا اور شام کو پاس لٹانا آدمیت سے بعید ہی **م** عبد اللہ بن زمعة الام یضحك احدکم مما یفعل مسلم مین عبد اللہ
بن زمعہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کب تک ہنسیگا آدمی جس چیز کو خود کرتا ہی **ف** ایک شخص نے گوز کیا دوسرا ہنسا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جو خود
کیجئے اوس پر کیا ہنسئے معلوم ہوا کہ گوز پر ہنسنا درست نہین کہ بے ادبی ہی اور دوسرے کو شرمندگی **م** ابو حمید الساعدی الا خمرتہ ولو ان تعرض علیہ
عودا **ق لہ** حین اتاہ بقدح من لبن مسلم مین ابو حمید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تونے اوسکو کیون نہ ڈھک دیا اگرچہ اوسپر ایک آڑی لکڑی ہی
رکہہ دیتا یہہ حضرت نے ابو حمید سے فرمایا جب کہ وہ حضرت پاس دودہ کا پیالہ لایا **ف** حضرت نے یہہ ادب سکہلایا کہ برتن کو کہلا رکہنا نہ چاہئے کہ
کوئی چیز اوسمین نگرے اگرچہ کچہہ نہ ملے تو اوسپر لکڑی کو رکہہ دیوے **م** ابو ہریرة امتی الغر المحجلون یوم القیمة من اثار الوضوء بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ
رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت کی منہہ اور ہاتہہ اور پانو روشن ہونگے قیامت کے دن وضو کے اثر سے **ف** یعنی جس جس مقام پر وضو کا پانی لگتا ہی سو
قیامت مین روشن ہوجاویگا **ق** البراء بن عازب انت اخونا ومولانا **ق لہ** لزید بن حارثة بخاری اور مسلم مین براء بن عازب رض سے روایت ہی کہ حضرت نے زید بن حارثہ سے
فرمایا کہ تو ہمارا بہائی اور ہمارا آزاد کردہ ہی **خ** عروة بن الزبیر انت اخی فی دین اللہ وکتابہ وہی لی حلال **ق لہ** لابی بکر لما خطب عائشة
فقال لہ ابو بکر انما انا اخوک کذا وقع مرسلا وہو من حدیث عائشة عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخاری مین عروہ بن زبیر رض سے روایت ہی
کہ حضرت نے فرمایا کہ تو میرا بہائی ہی خدا کی دین اور خدا کی کتاب مین اور وہ یعنی عائشہ مجہکو حلال ہی یہہ حضرت نے ابی بکر صدیق رض سے فرمایا جب کہ اپنے ساتہہ حضرت عائشہ رض کے
نکاح کا پیغام دیا تو ابی بکر صدیق رض نے کہا کہ یا حضرت مین تو آپکا بہائی ہون یہ حدیث اسیطرح مرسل آئی ہی یعنی عروہ تابعی نے صحابی کا نام نہین ذکر کیا اور حقیقت مین یہہ حضرت عائشہ

مِنْكَ **قَالَ** لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بخاری اور مسلم مین براء بن عازب رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا علی مرتضے رضؓ سے کہ تو میرا ہی مین تیرا ہون **ف** یعنے کمال اتحاد اور بے تکلفی ہی اس حدیث سے کمال قرب اور فضیلت مرتضوی ثابت ہوئی **م** اَنَسٌ اَنْتِ هِيَهْ لَقَدْ كَبِرْتِ لَا كَبِرَتْ سِنُّكِ **قَالَ** لِيَتِيْمَةٍ كَانَتْ عِنْدَ اُمِّ سُلَيْمٍ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مسلم مین انس رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جو ام سلیم انس کی ماکے پاس رہتے تہے **ف** یہ حضرت نے خوش طبعی سے فرمایا بد دعا دینا منظور نہ تہا چنانچہ اسکا مفصل بیان پانچوین باب مین ہوچکا **م** اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي الدِّمَاءِ مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول فیصلہ آدمیونکے درمیان قیامت کے دن خونون مین ہوگا **ف** معلوم ہوا کہ ناحق خون کرنا خدا کو نہایت ناپسند ہی اور ایسا سخت گناہ ہی کہ قیامت مین پہلے خونریزی کی مقدمات رجوع ہوکر فیصلہ ہونگے عبادات مین اول نماز سے سوال ہوگا اور معاملات مین خون کا فیصلہ ہوگا **ق** اَبُوْ سَعِيْدٍ اَوَّهْ عَيْنُ الرِّبٰوا لَا تَفْعَلْ وَلٰكِنْ اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَشْتَرِيَ التَّمْرَ فَبِعْهُ بِبَيْعٍ اٰخَرَ ثُمَّ اشْتَرِ بِهٖ **قَالَ** لِبِلَالٍ حِيْنَ جَاءَهٗ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ وَقَالَ كَانَ عِنْدَنَا تَمْرٌ رَدِيٌّ فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ لِمَطْعَمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَفِيْ رِوَايَةِ الْبُخَارِيِّ اَوَّهْ اَوَّهْ مَرَّتَيْنِ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ واہ یہ تو عین سود ہی ایسا نکیا کرو لیکن جب تو عمدہ خرما خرید کرنا چاہے تو ناکارہ خرمون کو بیچ کے دوسری بیع سے پہر اوسکی قیمت سے عمدہ خرما مول لیا کر یہ حضرت نے بلال رضؓ سے فرمایا جب وے حضرت کے پاس عمدہ قسم کا خرما جسکو عرب برنی کہتے ہین اور بلال رضؓ نے کہا کہ ہمارے پاس ناکاری خرما تہی سو مینے اوسکے دو صاع ایک صاع سے بیچے حضرت کے کہانیکے واسطے اور بخاری کی روایت مین یون ہی کہ حضرت نے دوبار واہ واہ فرمایا **ف** یعنے ایک جنس کو زیادہ اور کم کرکے بیچنا اور بدلنا اسیکا نام سود ہی بلکہ ناکاری چیز کو عمدہ چیز سے بدلا چاہے تو اوسکی یہ تدبیر ہی کہ ناکارہ کو بیچ ڈالے اور اسکی قیمت سے عمدہ چیز کو مول لیوے کہ یہ بیاج نہین اسواسطے کہ جنس بدل گئی اس صورت مین زیادتی کمی کا کچہہ مضایقہ نہین **ه** نُبَيْشَةُ الْهُذَلِيُّ اَيَّامُ التَّشْرِيْقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ وَذِكْرِ اللّٰهِ مسلم مین نبیشہ رضؓ سے روایت ہے کہ ایام تشریق کے کہانے پینے اور یاد الٰہی کے دن ہین **ف** عید قربانی کے بعد تین دن جو بیچے گیارہوین بارہوین تیرہوین کو ایام تشریق کہتے ہین یعنے کہانے پینے کے دن ہین انمین روزہ رکہنا درست نہین سال مین پانچ دن روزہ رکہنا حرام ہی عید الفطر اور عید الضحی اور ایام تشریق مین **ق** عَائِشَةُ اَيْنَ اَنَا غَدًا اَيْنَ اَنَا غَدًا **قَالَ** فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین کل کہان ہونگا مین کل کہان ہونگا یہ حضرت نے اپنی بیماری مین فرمایا جسمین انتقال ہوا **ف** حضرت کا دستور تہا کہ ایک ایک دن سب بی بیونکے گہر رہتے ولیکن حضرت عائشہ کو سب سے زیادہ چاہتے تہے جب مرض الموت مین بیمار ہوئے تب یہ حدیث فرمائی یعنے کل کس بی بی کی باری ہوگی اس کلام سے بیبیان سمجہہ گئین حضرت کا دل یہی چاہتا ہی کہ حضرت عائشہ کے گہر مین رہین سب نے خوشی سے اجازت دی کہ آپ عائشہ کے گہر مین رہین ہمنے اپنی باری معاف کی حضرت نہایت خوش ہوگئے پہر وہین تشریف لیگئے اور وہین انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے اس حدیث سے بڑی فضیلت حضرت عائشہ رضؓ کی ثابت ہوئی **م** اَبُوْ قَتَادَةَ بُؤْسَ ابْنِ سُمَيَّةَ تَقْتُلُكَ فِئَةٌ بَاغِيَةٌ مسلم مین ابو قتادہ رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای سمیہ کے بیٹے تجہکو بڑی سختی ہونا ہی تجہکو باغی گروہ قتل کریگا **ف** عمار کے ماکا نام سمیہ تہا عمار علی مرتضے رضؓ کے رفیق تہے جب معاویہ اور علی مرتضے رضؓ سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام برحق علی مرتضے رضؓ تہے اور معاویہ کا لشکر باغی تہا **ه** اِبْنُ مَسْعُوْدٍ بِحَسْبِ الْمُؤْمِنِ مِنَ الْكَذِبِ اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار کو اتنا جہوٹہ کفایت کرتا ہی کہ جو بات سنے اوسکو کہنے لگے **ف** یعنے جہوٹہ صرف اسی چیز کا نام نہین کہ اپنے طرف سے بات بنالے اور جہوٹہ باندہے بلکہ یہہ بہی جہوٹہ مین داخل ہی جو خبر سنے بدون تحقیق کئے اوسکو کہنے لگے اسواسطے کہ اکثر اخبار جہوٹہ مشہور ہوجاتی ہین تو مومن عاقل کو اوسکی تحقیق لازم ہی بے تحقیق کسی بات کو زبان سے نہ نکالے اسیواسطے علماء اہل حدیث نے حدیث کے تحقیق مین بڑی محنت کی ہی اور خوب جانچ پرکہہ کرکے صحیح حدیث کو ضعیف اور موضوع سے جدا کردیا ہی حق تعالی اونکے درجے بلند کرے تو عاقل مسلمانکو لازم ہی کہ جو کسی سے حدیث سنے یا کسی کتاب مین دیکہے تو اوسکو نہ مانے جبتک کہ علم حدیث کے معتبر کتابون مین اوسکی سند نپاوے **ف** اَنَسٌ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ **قَالَ** لِاَبِيْ طَلْحَةَ بخاری اور مسلم مین انس رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شاباش یہ مال تو فائدہ دینے والا ہی شاباش یہ مال تو فائدہ دینے والا ہی اور مینے سنا جو تونے کہا اور مجہکو یہہ بہتر معلوم ہوتا ہی کہ تو اسکو اپنے قرابت والون مین تقسیم کردے یہہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا **ف** قرآن مین جب اس مضمون کی آیت اُتری کہ نیکوکاری نہ حاصل کرسکوگے جبتک اپنے پسندیدہ اور محبوب مال کو راہ خدا مین نہ خرچ کروگے تو ابو طلحہ انصاری نے کہا کہ خداوند تعالی نے فرمایا ہی اور میرے سب قسم کے مال سے مجہکو وہ باغ بہت پیارا ہی جسکا بیرحا نام ہی اوسکو مینے خدا کی راہ مین دیا سو یا حضرت اوسکو جو چاہے سو کیجیے اور جسکو مناسب دیکہئے اوسکو دیجیے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی حضرت نہایت خوش ہوئے اونکی تعریف کی اور اوس باغ کو ابو طلحہ کے رشتہ دارونکو دلایا معلوم ہوا کہ خیرات دینے مین غیرونکی نسبت اپنے رشتہ دار لوگ مقدم ہین یہ باغ مدینے مین نہایت عمدہ تہا حضرت کے مسجد کے سامنے تہا اور اوسکا پانی نہایت شیرین تہا حضرت اکثر اوسمین تشریف لیجاتے تہے اور اوسکا پانی پیتے تہے ایمان کامل کی یہی علامت ہی کہ اپنے پیاری چیز کو راہ خدا مین نثار کرے **م** جَابِرٌ بَلْ لِحُجْرِيْ نَخْلَاتِكَ فَاِنَّكِ عَسٰى اَنْ تَصَدَّقِيْ اَوْ تَفْعَلِيْ مَعْرُوْفًا **قَالَ** لِخَالَتِهٖ جَابِرٍ

حضرتؐ نے تعبیر یا رؤیا کی کہ تو جاتا ہے سو یہ یعنی وحی نہیں ق عبد اللہ بن سلام تلک الروضۃ روضۃ الاسلام وذلک العمود عمود الاسلام
وتلک العروۃ عروۃ الوثقی وانت علی الاسلام حتی تموت قالہ لہ حین قص رؤیاہ علیہ بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن سلام رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا
وہ باغ تو اسلام کا باغ ہی اور وہ ستون اسلام کا ستون ہی اور وہ حلقہ مضبوط حلقہ دین کا ہی اور تو اسلام پر قایم رہیگا مرتے دم تک یہ حضرتؐ نے عبد اللہ بن سلام سے فرمایا جب انھون نے اپنا
خواب حضرتؐ سے بیان کیا ف خواب میں باغ اور ستون اور حلقہ دیکھا تھا حضرتؐ نے اوسکی تعبیر کہی چنانچہ اسکا مفصل بیان ساتوین باب میں ہو چکا ق للبراء بن عازب تلک الملئکۃ
کانت تستمع لک ولو قرأت لاصبحت یراھا الناس ما تستتر منھم قالہ لاسید بن حضیر حین قرأ سورۃ الکہف باللیل وعندہ فرس مربوط
بشطنین فتغشتہ سحابۃ فجعلت تدنو وتدنو وجعل فرسہ ینفر منھا بخاری اور مسلم میں براء بن عازب رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ وہ فرشتے
تیرا قرآن پڑھنا سنتے تھے اور اگر تو پڑھے جاتا تو صبح کو لوگ فرشتوں کو دیکھتے فرشتے اون سے نہ چھپتے یہ حضرتؐ نے اسید بن حضیر سے فرمایا جب وے سورۂ کہف پڑھتے تھے اور انکے پاس گھوڑا
دو رسیون میں بندھا تھا تو اسید کو ایک بدلی نے چھا لیا اور اوسمین چراغ روشن تھے تو دمبدم بدلی قریب ہوتی جاتی تھی اور انکا گھوڑا اوس سے بھڑکتا تھا ف بخاری میں یہ قصہ
یون ہی کہ اسید بن حضیر کا لڑکا اونکے پاس سوتا تھا گھوڑے کے بھڑکنے سے ڈرے کہ کہیں لڑکا نہ کچلا جاوے قرآن پڑھنا موقوف کیا بدلی بھی غائب ہو گئی صبح کو یہ حال حضرتؐ سے عرض کیا تب
حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ قرآن کے سننے کو فرشتے حاضر ہوتے ہیں پر کسیکو نظر نہیں آتے م عائشۃ تلک الکلمۃ من الحق یخطفھا الجنی فیقذفھا فی اذن ولیہ
فیزیدون فیھا مائۃ کذبۃ قالہ لھا حین قالت ان الکھان کانوا یحدثوننا بالشیء فنجدہ حقا مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ
فرمایا کہ اس سچی بات کو کہ شیطان آسمان سے جھپٹ لیتا ہی تو اپنے دوست کے کان میں ڈال دیتا تو وہ اوسمین سو جھوٹ زیادہ کرتا ہی یہ حضرتؐ نے حضرت عائشہ رض سے کہا جب انھون نے کہا کہ کاہن لوگ ہمکو
کسی چیز کی خبر دیتے تھے تو اوسکو ہم سچ پاتے تھے ف عرب میں چند لوگ تھے جنون سے راہ رکھتے تھے اون سے دریافت کرکے آیندہ خبرین لوگون کو بتلاتے تھے دین اسلام میں حکم ہوا کہ سوا خدا کے غیب کوئی
نہیں جانتا کاہن جھوٹے اور حقیقت میں اون سے کچھ دریافت کرنا درست نہیں حضرت عائشہ رض نے پوچھا کہ یا حضرتؐ اگر کاہن جھوٹے ہیں تو اسکا کیا سبب ہے کہ اونکی بات سچ بھی ہوتی ہی حضرتؐ نے یہ
حدیث فرمائی یعنی جو اس عالم میں ہوتا ہی اوسکا حکم فرشتونکو ہوتا ہی نکے فرشتے اول آسمان پر آپسمین اوسکی گفتگو کرتے ہین شیطان اوڑھکر جا کر سن آتے ہین اور اپنے پوجنے والے دوستونکو ملاتے
ہین وے لوگ ایک سچ کی ساتھ سو جھوٹھ ملا کر لوگون سے کہتے ہین وہی ایک بات تو سچ ہوتی ہی اور باقی واہیات نادان لوگ ایک سچ بات کو دلیل پکڑ کے معتقد ہوتے ہین اور انکے اکثر جھوٹے باتونکو اپنی
نادانی و حماقت سے یاد نہین رکھتے م ابن مسعود تلک محض الایمان یعنی الوسوسۃ قالہ حین سئل عنھا وھی ما یجد الانسان فی نفسہ مما یتعاظم
ان یتکلم ویروی ذلک صریح الایمان رواہ ابو ھریرۃ تفرد بہ مسلم ایضا مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ اس وسوسے کو برا جاننا تو محض
ایمان ہی یہ حضرتؐ نے اوسوقت فرمایا جب وسوسے کا حضرتؐ سے سوال ہوا وسوسہ اوسکو کہتے ہین جسکا خیال آدمی اپنے دل میں پاتا ہی اور اوسکے کہنے کو برا جانتا ہی اور دوسری روایت ابو ہریرہ
رض سے یون ہی کہ یہ تو صریح ایمان ہی اس حدیث کو بھی صرف مسلم نے روایت کیا ف مشکوۃ میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ چند اصحاب نے حضرتؐ پاس آکر پوچھا کہ یا حضرتؐ ہمارے دلونمین نہایت برے
برے خیال آتے ہین کہ ہم اونکو زبان پر لانا بڑا گناہ جانتے ہین تب حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی یعنی برے خیال کو برا جاننا اور زبان پر نہ لانا ایمان کی نشانی ہی اگر دلمین ایمان نہوتا تو کون روکتا اور یہ
مطلب نہیں کہ برے خیالات آنا صریح ایمان ہی چنانچہ ابو داؤد میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ ایک مرد نے حضرتؐ سے کہا کہ میرے دل میں بعضا ایسا برا خیال آتا ہی کہ اگر میں جل کے کوئلا
ہو جاؤن تو بھی زبان سے نہ نکالون حضرتؐ نے فرمایا شکر خدا کو جسنے شیطان کا کام وسوسے ہی پر رکھا یعنی شیطان کافرون سے تو شرک اور بت پرستی کرواتا ہی لیکن مومن پر سوا برے خیال ڈالنے کے
اوسکا کچھ زور نہیں چلتا وسوسے کا علاج یہ ہی کہ اوسکی طرف دھیان نکرے اور اللہ کی پناہ مانگے لاحول پڑھے اور لا الہ الا اللہ کی کثرت کرے کہ اکسیر ہی م رافع بن خدیج ثمن
الکلب خبیث ومھر البغی خبیث وکسب الحجام خبیث مسلم میں رافع بن خدیج رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ قیمت کتے کی حرام ہی اور خرچی حرام کار عورت کی حرام
ہی اور پچھنی لگانے والے کا کسب پلید ہی ف امام شافعی کے نزدیک بموجب اس حدیث کے کتے کی قیمت حلال نہیں اور امام اعظم کے نزدیک حلال ہی تو اونکے نزدیک حدیث کا یہ مطلب ہی کہ اگر
کتا شکاری و حفاظت کے واسطے نہو تو اوسکی قیمت حرام ہی اور خرچی بالاتفاق حرام ہی اور پچھنی لگانیکا کسب بموجب اس حدیث کے امام احمد کے نزدیک حرام ہی اور اماموں کے نزدیک حرام نہیں
مکروہ ہی کہ نجاست سے خالی نہیں خ انس حبک ایاھا ادخلک الجنۃ یعنی سورۃ الاخلاص بخاری میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ سورۂ اخلاص کی محبت تجھکو
بہشت میں داخل کریگی ف ایک شخص نے حضرتؐ سے کہا کہ یا حضرتؐ میں سورۂ اخلاص یعنی قل ہو اللہ سے بہت محبت رکھتا ہون تب حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی م بریدۃ بن
الحصیب حرمۃ نساء المجاھدین علی القاعدین کحرمۃ امھاتھم وما من رجل من القاعدین یخلف رجلا من المجاھدین فی اھلہ فیخونہ فیھم
الا وقف لہ یوم القیمۃ فیاخذ من عملہ ما شاء ثم التفت الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال فما ظنکم مسلم میں بریدہ بن حصیب
رض سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ غازیونکے بی بیون کی حرمت خانہ نشین لوگون پر ایسی ہی جیسے اونکی ماؤن کی حرمت ہے اور جو خانہ نشین مرد مجاہدین مرد کی گھر بار کی کام خدمت میں
رہے پھر اونمیں خیانت کری تو قیامت کے دن کھڑا کیا جاویگا پھر مجاہد اوسکی نیک عمل سے جو چاہیگا سو لیگا پھر حضرتؐ ہم اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تمہارا کیا گمان ہے

یعنے یرحمک اللہ کہے اور جب وہ بیمار پڑے تو اوسکو جاکر پوچھے اور جب مر جاوے تو اوسکی جنازے کے ساتھ چلے ف پہلی حدیث میں پانچ حق فرمائی اور اس حدیث میں چھہ تو مطلب یہ ہے کہ پانچ
یا چھہ میں منحصر نہیں بلکہ اسلام کی حق بہت ہیں مگر جسکے زیادہ ضرورت دیکھے اوسکو فرما دیا کبھی پانچ کبھی چھہ کم و زیادہ خ ابوھریرۃ حق اللہ علی کل مسلم ان یغتسل فی
سبعۃ ایام یغسل راسہ وجسدہ ویروی للہ علی مسلم حق ان یغتسل فی کل سبعۃ ایام یوما بخاری مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا حق
ہر مسلمان پر یہی ہے کہ ہفتے میں غسل کرے اپنے سر اور بدن کو دہووے اور دوسری روایت یون ہے کہ ہر مسلمان پر خدا کا حق ہے کہ ہر ہفتے میں غسل کرے ایک دن یعنے جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے م جابر من حقہا حلبھا
علی الماء واعارۃ دلوھا واعارۃ فحلھا ومنیحتھا وحمل علیھا فی سبیل اللہ ق لن رجل قال یا رسول اللہ ما حق الابل مسلم مین جابر رض سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اونٹونکا دودھ دوہنا پانی پر اور اون کی ڈول مانگی دینا اور نر اونٹ کو عاریت دینا یعنے اونٹنی کا بہن کرنے کے واسطے اور محتاجونکو اونٹ دینا دودھ پینے کے واسطے
اور اونٹون پر بوجہ رکھنا جہاد میں یعنے غازی کو سوار کرنا یا اسباب لادنا یہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے کہا یا رسول اللہ اونٹ رکھنے کا کیا حق ہے اور کون چیز مالک کو مناسب ہے
ف عرب کا دستور تھا کہ جب تالاب یا کوئی پر اونٹونکو پانی پلاتے تو دودہ دوہتے اور محتاجونکو دیتے ق عبد اللہ بن عمرو حوضی مسیرۃ شھر ماؤہ ابیض
من اللبن وریحہ اطیب من المسک وکیزانہ کنجوم السماء من شرب منہ فلا یظما ابدا بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ میرا حوض کوثر مہینے بھر کی راہ ہے پانی اوسکا زیادہ تر سفید دودہ سے اور اوسکی بو مشک سے زیادہ تر خوشبودار ہے اور اوسکی کوزے اور آبخورے جیسے
آسمان کے تارے یعنے بیشمار جو اوس حوض سے پانی پئے کبھی اوسکو پیاس نہ لگے ف ہر چند پیاس تو ایکبار کی پینے میں جاتی رہیگی لیکن اہل جنت لذت کے واسطے اوسکو پیا کرینگے
م ام الدرداء دعوۃ المرء المسلم لاخیہ بظھر الغیب مستجابۃ عند راسہ ملک موکل کلما دعا لاخیہ بخیر قال الملک الموکل بہ
آمین ولک بمثل مسلم مین ام الدرداء رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کی دعا اپنے بھائی مسلمان کیواسطے پس پشت مقبول ہے اوسکی سر کے پاس ایک فرشتہ مقرر ہے
کہ جب وہ اپنے بھائی مسلمان کے واسطے نیک دعا کرے تو فرشتہ کہتا ہے کہ آمین اور تجھکو بھی اس دعا کے برابر فائدہ ہے یعنے جو کوئی نیک چیز اسکے واسطے مانگی اوسکو بھی ملیگی اور تجھکو بھی ملے گی
م ابوھریرۃ دینار انفقتہ فی سبیل اللہ تعالی ودینار انفقتہ فی رقبۃ ودینار تصدقت بہ علی مسکین ودینار انفقتہ علی اھلک
اعظمھا اجرا الذی انفقتہ علی اھلک مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک دینار تو نے جہاد میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے گردن چھڑانے میں یعنے بردہ آزاد
کرنے میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے محتاج کو خیرات دی اور ایک دینار تو نے اپنے گھر والون پر خرچ کیا ان سب میں بڑا ثواب اوسمیں ہے جو تو نے گھر والون پر خرچ کیا ف جہاد اور آزادی
اور خیرات سے اہل و عیال کا خرچ اسواسطے افضل ہوا کہ یہ فرض عین ہے فرض کا ثواب نفل وغیرہ سے زیادہ ہوا چاہئے اپنے اہل و عیال پر ہر شخص خرچ کرتا ہے لیکن اگر اوسکو خدا کا حکم
جان کر خرچ کرے تو نیت کے سبب سے زیادہ ثواب پاوے م عثمان بن ابی العاص الثقفی ذاک شیطان یقال لہ خنزب فاذا احسستہ فتعوذ باللہ منہ
واتفل علی یسارک ثلثا ق لہ حین قال ان الشیطان قد حال بینی وبین صلوتی وقراتی یلبسھا علی مسلم مین عثمان بن ابی العاص رض سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ شیطان ہے اوسکو خنزب کہتے ہیں سو جب تو اوسکا کھٹکا پاوے تو خدا کی پناہ مانگ اوسکے شر سے اور اپنے بائین طرف تین بار تہتکار دے یہ حضرت نے عثمان
ابی العاص سے فرمایا جب اونے کہا کہ شیطان حائل ہوتا ہے میرے اور میری نماز اور قرات کی اندر مجھکو قرات کے پڑھنے میں شبہہ ڈال دیتا ہے ف یعنے جو شیطان کہ نماز میں شبہہ ڈالتا ہے
اوسکا خنزب لقب ہے پھر اوسکی علاج بتلائی اور حدیث میں آیا ہے کہ جو شیطان وضو میں شبہہ ڈالتا ہے اوسکا ولہان لقب ہے خ عائشۃ ان ذاک لوکان وانا حی فاستغفر لک وادعو لک
بخاری میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یون ہی ہوگا اگر تیرا انتقال ہوا اور میں زندہ رہا تو تیرے واسطے مغفرت مانگونگا اور تیرے حق میں دعا کرونگا ف حضرت عائشہ رض نے
فرمایا کہ یا حضرت میرے انتقال کے بعد میرے واسطے دعا کیجئے گا تب حضرت نے یہ ارشاد فرمائی ق ابوھریرۃ راس الکفر نحو المشرق والفخر والخیلاء فی اھل الخیل والابل والفدادین
اھل الوبر والسکینۃ فی اھل الغنم بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جڑ کفر کی مشرق کی طرف ہے اور بڑائی مارنا اور گھمنڈ کرنا گھوڑے والے اور اونٹ
والون میں ہے اور شور کرنے والون میں جو اونٹ والے ہیں اور غریبی اور غم خوری بکری والون میں ہے ف اکثر فساد مشرق کی طرف سے ہوئی اور دجال بھی اوسی طرف سے نکلے گا پھر فرمایا
کہ جانورونکی صحبت کی بھی تاثیر ہوتی ہے سائیس اور شتربان اکثر بدخلق ہوتے ہیں اور بکری چرانے والے بیشتر مسکین ہوتے ہیں اسیواسطے پیغمبرون نے بکریون کو چرایا م ابوھریرۃ رب اشعث
مدفوع بالابواب لو اقسم علی اللہ لابرہ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہت لوگ پریشان مو غبار آلودہ دروازون پر سے دھکیلے ہوئے اگر خدا کی
کسی بات کی قسم کہا بیٹھیں تو خدا اونکی قسم کو سچا کر دیوے ف یعنے بعضے بندگان خدا ظاہر کی تو ایسی ہے کہ کوئی دروازے پر نہ کھڑا ہونے دیوے اور باطن کی ایسی صفائی ہے کہ خدا کو اونکی
خاطر داری منظور رہتی ہے اس حدیث سے دو فائدے معلوم ہوئے اول یہ کہ کسی مسلمان بظاہر کو حقیر نہ جانے شعر خاکساران جہان را بحقارت منگر ٭ تو چہ دانی کہ درین گرد سوارے
باشد ٭ مگر یہ بھی نہ چاہئے کہ خلاف شرع فقیر کو بھی ولی اور قطب عوام کی طرح اعتقاد کرے اسواسطے کہ حضرت نے اس حدیث میں بعضے پریشان مو خاکسارون کو مقبول فرمایا اور یہ نہیں
فرمایا کہ شراب خوار داڑھی منڈے بھی ایسے ہوتے ہیں دوسرا فائدہ یہ کہ ایمان کے ساتھ خاکساری و گمنامی خدا تعالی کو پسند ہے خ سہل بن سعد رباط یوم فی سبیل اللہ

اسیطرح ہر ناکم اور رئیس و سردار وغیرہ کو لازم ہی کہ جسمین اختیار رکہنا ہو اول او مسلمانون کو مقدم رکہے سرداری اسیکا نام ہی **ق** ابن مسعود سباب المسلم فسوق و
قتالہ کفر بخاری اور مسلم مین حضرت عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا گناہ ہی اور اوسکو ناحق قتل کرنا بے انصافی اور ناشکری ہی
ف اگر قتل حلال جانکر مسلمان کو قتل کرے تو صریح کفر ہی ورنہ نہین تو کبیرہ گناہ ہی **م** انس سبحان اللہ لا تطیقہ او لا تستطیعہ وبروی لا طاقۃ لک بعذاب
اللہ افلا قلت اللہم اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار **فی لمۃ** لرجل عادہ فدعا اللہ بہ فشفاہ مسلم مین
انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ تو عذاب الٰہی کو نہ اوٹہا سکیگا اور دوسری روایت یون ہی کہ تجھکو عذاب خدا کی طاقت نہین تو یون کیون نہ کہا کہ الٰہی
ہمکو دنیا مین بہلائی دے اور آخرت مین بہی بہلائی اور ہمکو بچالے دوزخ کے عذاب سے یہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسکے بیمار پرسی کو تشریف لیگئے تہی پہر اوسنے یہی دعا مانگی
سو خدا نے اوسکو شفا بخشی **ف** حضرت ایک مسلمان کی بیمار پرسی کو تشریف لیگئے وہ نہایت ناتوان ہوگیا تہا جیسے مرغی کا چوزہ سو حضرت نے اوس سے فرمایا کہ تو
کچہہ دعا تو نہین کیا ہی اوسنے کہا ہان مین صحت مین یہ دعا کیا کرتا تہا کہ الٰہی جو تجھکو آخرت مین میرا اوپر عذاب کرنا ہو سو دنیا مین جلد مجہہ پر کرلے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی
آدمی کو عذاب الٰہی کی طاقت نہین نہ دنیا مین طاقت ہی نہ آخرت مین دنیا کی تکلیف تو نے اپنے منہہ سے کیون مانگی پہر اوسکو دین و دنیا کی خیر کی دعا تعلیم کی چنانچہ اوسکو
اوسی دعا سے صحت ہوگئی **خ** ام سلمۃ سبحان اللہ ماذا انزل اللیلۃ من الخزائن ماذا انزل اللیلۃ من الفتن من یوقظ صواحب الحجر رب کاسیۃ
فی الدنیا عاریۃ فی الآخرۃ بخاری مین حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ آج کی رات کیا ہی رحمت کے گنج کے گنج اُترے ہین اور آج کی رات
کیا ہی فتنے اور فساد نازل ہوئے ہین کوئی ہی کہ کوٹہریون والے عورتون کو جگاوے یعنی تا کہ تہجد پڑہین بہت عورتین دنیا مین پوشاک دار ہین اور آخرت مین برہنہ ہین یعنی دنیا مین
باعزت اور آخرت مین گناہ سے فضیحت **ف** حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت ایک رات سو کر جاگے پہر یہ حدیث فرمائی فتوح اسلام اور اس امت کے فساد ہونے والے حضرت کو خواب مین
نمود ہوئی **ق** ابو ہریرۃ سیحان وجیحان والفرات والنیل کل من انہار الجنۃ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سیحون اور جیحون اور فرات اور
نیل ہر ایک بہشت کے نہرین ہین **ف** سیحون و جیحون ترکستان مین ہین اور فرات عراق مین اور نیل مصر مین یعنی ان نہرون کا پانی بہشت کے پانی سے مشابہ ہی یا کہ ان نہرون کے اماد وہان سے ہوتی ہی **خ** شداد بن
اوس سید الاستغفار ان یقول العبد اللہم انت ربی لا الٰہ الا انت خلقتنی وانا عبدک وانا علی عہدک ووعدک ما استطعت اعوذ بک من
شر ما صنعت ابوء لک بنعمتک علی وابوء لک بذنبی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت من قالہا فی النہار موقنا بہا فمات من یومہ قبل ان
یمسی فہو من اہل الجنۃ ومن قالہا من اللیل وہو موقن بہا فمات قبل ان یصبح فہو من اہل الجنۃ بخاری مین شداد ابن اوس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ
استغفار یہ ہی کہ بندہ یون کہے کہ الٰہی تو میرا مالک ہی کوئی لائق بندگی کے نہین سوا تیرے تو نے مجھکو پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون اور مین تیرے قول اور تیرے وعدہ پر ہون یعنی مقدور کے موافق مین تیری پناہ مانگتا ہون
اون کامون کی برائی سے جو مین نے کیے مین اقرار کرتا ہون تیرے احسان کا جو مجہہ پر ہی اور اپنے گناہ کا تجہہ سے اقرار کرتا ہون سو تو مجھکو بخش کیونکہ گناہ کو نہین بخش سکتا سوا تیرے جو یقین سے اسکو دن مین کہے پہر اوسی شام
سے پہلے مرجاوے تو وہ شخص بہشتی ہی اور جو اسکو رات مین یقین کے پہر مرجاوے فجر سے پہلے تو وہ شخص بہشتی ہی **ف** اللہم سے الا انت تک صبح و شام پڑہا کرے رات اور دن دونو آگئے رات مین جب
مرے گا اسکو یہ بشارت ہی یہ افضل ہی اس دعا کو سید الاستغفار کہتے ہین **ق** ابو بکرۃ شہرا عید لا ینقصان رمضان وذو الحجۃ بخاری اور مسلم مین ابو بکرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے
فرمایا کہ دو مہینے عید کے کم نہین ہوتے رمضان اور ذی الحج **ف** امام احمد نے اس حدیث کا مطلب یون سمجہا کہ ایک سال مین یہ دونون مہینے ساتہہ کم نہین ہوتے اگر ایک ونتیس ۲۹ دن کا ہوگا تو دوسرا
تیس ۳۰ دن کا ہوگا اور اسحٰق نے کہا کہ اون دونون مہینے کا ثواب کم نہین ہوتا پورا ملتا ہی اگرچہ دونون شمار مین کم ہون اور یہی قول ٹہیک ہی واللہ اعلم **ھ** عمر صدقۃ تصدق اللہ
بہا علیکم فاقبلوا صدقتہ یعنی القصر فی السفر مع الامن مسلم مین عمر فاروق رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا نماز کا قصر یعنی کم کرنا خدا نے تم پر تصدق کیا ہی سو
اوسکے صدقے کو قبول کرو یعنی امن کی حالت مین بہی نماز کا قصر سفر مین ہی **ف** سفر مین چار رکعت نماز کو دو رکعت پڑہنے کا حکم ہی یہ خدا کی طرف سے تخفیف اور رخصت ہی
تو مناسب نہین کہ خدا کی رخصت کو نہ مانئے اور پوری پڑہئے اور یہی مذہب ہی امام اعظم کا کہ سفر مین پوری نماز پڑہنا درست نہین **ھ** زید بن ارقم صلوۃ الاوابین
اذا رمضت الفصال مسلم مین زید بن ارقم رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ صلوۃ الاوابین اوس وقت ہی جب کہ اونٹ کے بچون کے تلوے جلنے لگین **ف** یعنی چاشت کے وقت زمین
گرم ہوتی ہی بچون کے تلوے جلنے لگتے ہین تو ہر طرف سے بہاگ کے اونٹون کے گرد ہو جاتے ہین مشائخ لوگ مغرب کے بعد چہہ رکعت نماز کو صلوۃ الاوابین کہتے ہین اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ صلوۃ الضحی اور نماز چاشت کا نام صلوۃ الاوابین ہی اوابین اون عابدون کو کہتے ہین جنکا دل عبادت الٰہی کے طرف جہکا رہتا ہی **ھ** ابو ہریرۃ صلوۃ الجماعۃ
افضل من صلوۃ احدکم وحدہ بخمسۃ وعشرین جزءا مسلم مین ابو ہریرۃ رضہ سے روایت ہی کہ جماعت کی نماز تنہا کی نماز سے پچیس ۲۵ حصے افضل ہی **خ** ابن
عمر و ابو سعید صلوۃ الجماعۃ تفضل صلوۃ الفذ بخمسۃ وعشرین درجۃ ہذہ روایۃ ابی سعید وفی روایۃ ابن عمر بسبع و
عشرین بخاری مین عبد اللہ بن عمر رضہ اور ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جماعت کی نماز تنہا آدمی کی نماز سے پچیس ۲۵ حصے فضل ہی یہ ابو سعید کی روایت تہی اور عبد اللہ

ہر قدم پر ثواب پانا اور مسجد کا توقف و انتظار نماز میں داخل ہونا اور فرشتون کا دعا دینا اور مسجد میں طاہر لوٹنا دب بنا فضول کلام اور تکلیف ایذا سے بچنا اس فضیلت و ترقی کا سبب ہی
تنہا نماز پڑھنے مین بے بہرہ حاصل نہین **ف** ابن عمر صلوۃ اللیل مثنیٰ مثنیٰ فاذا خفت الصبح فاوتر بواحدۃ بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ رات
کی نماز دو رکعتیں ہیں پھر جب تو فجر ہو جانے سے ڈرے تو ایک رکعت کی وتر کر **ف** امام شافعی اور ابو یوسف و محمد کے نزدیک تہجد کی نماز دو دو رکعت افضل ہی اور یہی حدیث انکی دلیل ہی
م ابو ہریرۃ صیاح المولود حین یقع نزغۃ من الشیطان مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ چیخنا لڑکی کا جب پیدا ہوتا ہی اور زمین پر گرتا ہی
شیطان کے ٹہوکے کے سبب سے ہی **م** ابو ہریرۃ ضرس الکافر مثل احد وغلظ جلدہ مسیرۃ ثلث مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کافر کی
ڈاڑہ احد کے پہاڑ برابر ہوگا اور اوسکی کہال کی دبازت اور گندگی تین دن کے راہ برابر ہوگی **ف** یعنی دوزخ مین کافر کا قد نہایت لنبا چوڑا ہوگا تاکہ عذاب زیادہ ہو اور اگ
بدن پر بہت سے لپٹے **م** جابر طعام الواحد یکفی الاثنین وطعام الاثنین یکفی الاربعۃ وطعام الاربعۃ یکفی الثمانیۃ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت
نے فرمایا کہ ایک شخص کا کہانا دو کو کفایت کرتا ہی اور دو کا کہانا چار کو کفایت کرتا ہی اور چار کا کہانا آٹہہ کو کفایت کرتا ہی **ف** یعنی مومن کو حرص نچاہیئے اپنی کہانے مین دوسرے
بہوکہے بہائی مسلمان کو شریک کرلے ایک وراسو دگی نہ سہے بقدر ضرورت پر کفایت کرے انصاف سے بعید ہی کہ اپنا تو پیٹ بہر لیوے اور دوسرا مسلمان بہوکہا رہے اور دیکہا
کرے **م** صہیب بن سنان عجبا لامر المؤمن ان امرہ کلہ لہ خیر ولیس ذلک لاحد الا للمؤمن ان اصابتہ سراء شکر فکان خیرا لہ
وان اصابتہ ضراء صبر فکان خیرا لہ مسلم مین صہیب بن سنان رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ طرفہ ماجرا ہی مومن کا معاملہ کہ ہر حال اوسکے واسطے بہتری ہی اور یہ بات
کسیکو حاصل نہین سوائے مومن کی اگر اوسکو خوشی ہو شکر کرے تو شکر گذاری اوسکی حق مین بہتر ہو اور اگر اوسکو رنج اور تکلیف ہو صبر کرے تو بہی اوسکے حق مین بہتر ہو **ف** یعنی مومن کا
کسیطرح نقصان نہین خوشی مین شکر گذار ہے نعمت زیادہ ملے اور ثواب پاوے اور غم مین صبر کی سبب خدا کا مقبول ہو اور بیحساب ثواب ملے اور کافر کو یہ بات حاصل نہین خوشی مین
اوسکے خدا کیطرف نظر ہوتی ہی نہ غم مین **م** جابر بن سمرۃ علی ما تومئون بایدیکم کانہا اذناب خیل شمس وانما یکفی احدکم ان یضع یدہ علی
فخذہ ثم یسلم علی اخیہ من علی یمینہ وشمالہ مسلم مین جابر بن سمرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کس اشارہ کرتے ہو اپنے ہاتہونسے گویا کہ تمہارے ہاتہہ چنچل گہوڑون کے
دمین ہین یعنی جیسے شریر گہوڑا ہر دم اپنے دم اِدہر اُدہر ہلاتا ہی ویسے تم ہلاتے ہو اور آدمی کو تو اتنا کفایت کرتا ہی کہ اپنے ہاتہہ کو ران پر رکھی پہر اپنے مسلمان بہائی کو سلام کرے جو
اوسکے دہنے اور بائین پر ہون **ف** نماز کی اخیر مین بعضے لوگ ہاتہہ اٹہاکر داہنے بائین کے لوگون کو سلام کرتے تہے تب حضرت نے یہہ فرمائی اور نماز مین سلام کے وقت ہاتہہ اٹہانا
منع کیا **ق** ام قیس بنت محصن علام تدغرن اولادکن بہذا العلاق علیکن بہذا العود الہندی فان فیہ سبعۃ اشفیۃ منہا ذات الجنب
یسعط من العذرۃ ویلد من ذات الجنب بخاری و مسلم مین ام قیس بنت محصن رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے عورتون سے فرمایا کہ کیون تالوا ور حلق ملتے ہو اپنی اولاد کا اس کہانسی سے تم
لازم پکڑو اس کوٹ کو سو واسطے کہ اسمین سات بیماریکے شفا ہی اونمین سے ایک ذات الجنب ہی یعنی پانجر کا درد حلق کے ورم مین ناک مین ڈالئے اور ذات الجنب مین حلق کی اندر ڈالئے **ف**
عرب کے عورتین ورم حلق مین ہاتہہ اپنے لڑکونکو گہونستے دیتے تہین حضرت نے اس سے منع کیا اور فرمایا کہ کوٹ کی گہانٹی دیا کرو پہر فرمایا کہ کوٹ مین سات بیماریون کے شفا ہی دو کو بیان کیا یعنی
ورم حلق اور ذات الجنب کو باقی پانچ بیماریون کو نہین مذکور کیا ہی لیکن معلوم کیا چاہیئے کہ کوٹ گرم خشک ہی حیض اور پیشاب کو جاری کرتا ہی اور زہر کو دفع کرتا ہی اور جماع کی قوت زیادہ کرتا ہی
اور پیٹ کے کیڑونکو قتل کرتا ہی جب شہد کے ساتہہ کہائے اور جگر اور معدہ کی ضعف کو دفع کرتا ہی اور تجاری کی بخار کو شفا دیتا ہی اور لڑکون کو اکثر سردی کا خلل ہوتا ہی سو واسطے حضرت نے
یہ دوا تجویز کی اور حدیث عود ہندیکو قسط یعنی کوٹ کہتے ہین لیکن اطبا عود ہندیکو اگر کہتے ہین اگر بہی گرم خشک ہی دماغ اور دل اور معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہی اور ریح کو تحلیل کرتا ہی اور
کہانسی اور دمہ اور غشی اور مرض خفقان کو اور سہل کو اور استسقا کو دور کرتا ہی **ق** ابن عمر علی المرء المسلم السمع والطاعۃ فیما احب وکرہ الا ان یؤمر بمعصیۃ فاذا
امر بمعصیۃ فلا سمع ولا طاعۃ بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد مسلمان پر امام کی اطاعت و فرمانبرداری واجب ہی خواہ اوسکو اچہا
لگے یا برا مگر اوس صورت مین کہ جب گناہ کا امر ہو پہر جب گناہ اور خلاف شرع کا اوسکو حکم ہو تو اوس وقت مین اطاعت اور فرمانبرداری نچاہیئے **ف** خوشی و ناخوشی مین حاکم کی اطاعت واجب ہی
لیکن خلاف شرع کام مین اطاعت نہین **م** ابو ہریرۃ علی انقاب المدینۃ ملئکۃ لا یدخلہا الطاعون ولا الدجال بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینے کی
راہون پر فرشتے مقرر ہین اوسمین وبا اور دجال نہ داخل ہوگا **خ** ابو ہریرۃ عمرو بن لحی بن قمعۃ بن خندف ابو خزاعۃ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ عمرو لحی کا بیٹا قمعہ کا
پوتا خندف کا پرپوتا خزاعہ کا باپ ہی **ف** یعنی خزاعہ کا قوم عمرو بن لحی کی اولاد مین لوگ کہتے ہین مضر کی گروہ مین نہ داخل ہین خزاعہ کی قوم مین کچہہ اختلاف تہا حضرت نے اوسکو بیان کر دیا عرب مین بت پرستی
اور سانڈہ چہوڑنا عمرو بن لحی سے شروع ہوا **م** ابو ایوب غدوۃ فی سبیل اللہ او روحۃ خیر مما طلعت علیہ الشمس وغربت مسلم مین ابو ایوب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ راہ خدا
یعنی جہاد مین صبح یا شام کو کوشش کرنا بہتر ہی اوس سے جسپر آفتاب نے طلوع اور غروب کیا یعنی تمام دنیا سے افضل ہی کہ اوسکا ثواب باقی ہی اور دنیا فانی **م** جابر غلظ القلوب فی اہل المشرق و
الایمان فی اہل الحجاز مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ دلون کی سختی مشرقی لوگون مین ہی اور ایمان حجاز کے لوگون مین ہی **ف** مدینے کی جانب مشرق مضر کے قوم رہتے تہے

ونفسہ ینتہی حیث ینتہی طرفہ فیطلبہ حتی یدرکہ بباب لد فیقتلہ ثم یاتی عیسی بن مریم قوم قد عصمہم اللہ منہ فیمسح عن وجوہہم ویحدثہم بدرجاتہم فی الجنۃ فبینما ہو کذلک اذ اوحی اللہ الی عیسی انی قد اخرجت عبادا لی لا یدان لاحد بقتالہم فحرز عبادی الی الطور ویبعث اللہ یاجوج وماجوج وہم من کل حدب ینسلون فیمر اوائلہم علی بحیرۃ طبریۃ فیشربون ما فیہا ویمر آخرہم فیقول لقد کان بہذہ مرۃ ماء ثم یسیرون حتی ینتہوا الی جبل الخمر وہو جبل بیت المقدس فیقولون لقد قتلنا من فی الارض ہلم فلنقتل من فی السماء فیرد اللہ نشابہم مخضوبۃ ویحصر نبی اللہ عیسی واصحابہ حتی یکون راس الثور لاحدہم خیرا من مائۃ دینار لاحدکم الیوم فیرغب نبی اللہ عیسی واصحابہ فیرسل اللہ علیہم النغف فی رقابہم فیصبحون فرسی کموت نفس واحدۃ ثم یہبط نبی اللہ عیسی واصحابہ الی الارض فلا یجدون فی الارض موضع شبر الا ملاہ زہمہم ونتنہم فیرغب نبی اللہ عیسی واصحابہ الی اللہ فیرسل اللہ علیہم طیرا کاعناق البخت فتحملہم فتطرحہم حیث شاء اللہ ثم یرسل اللہ مطرا لا یکن منہ بیت مدر ولا وبر فیغسل الارض حتی یترکہا کالزلفۃ ثم یقال للارض انبتی ثمرتک وردی برکتک فیومئذ تاکل العصابۃ من الرمانۃ ویستظلون بقحفہا ویبارک فی الرسل حتی ان اللقحۃ من الابل لتکفی الفئام من الناس واللقحۃ من البقر لتکفی القبیلۃ من الناس واللقحۃ من الغنم لتکفی الفخذ من الناس فبینما ہم کذلک اذ بعث اللہ ریحا طیبۃ فتاخذہم تحت آباطہم فتقبض روح کل مومن وکل مسلم ویبقی شرار الناس یتہارجون فیہا تہارج الحمر فعلیہم تقوم الساعۃ۔ (مسلم) نواس بن سمعان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے اوپر دجال کے سوا مجھکو ڈر ہے یعنی دجال کے سوا مجھکو تمہارے حق میں اور فسادوں کا خوف ہے اگر دجال نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود ہوا تو تمسے پہلے میں اوسکو الزام دونگا اور تمکو اوسکے شر سے بچاؤنگا اور اگر وہ نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود نہوا تو ہر مرد مسلمان اپنے طرف سے اوسکو الزام دیگا اور حق تعالی میرا خلیفہ اور نگہبان ہے ہر مسلمان پر البتہ دجال تو جوان گھونگر والے بالوں والا ہے اوسکی آنکھ میں ٹینٹ ہے گویا کہ میں اوسکی مشابہت دیتا ہوں عبد العزی بن قطن کے ساتھ عبد العزی ایک کافر تھا سو جو شخص کہ تم میں سے اسکو پاوے تو چاہیے کہ سورۂ کہف کے سر کی آیتیں اوسپر پڑھے تو وہ نکلیگا شام اور عراق کے درمیان کی راہ سے تو خرابی ڈالیگا داہنے اور فساد اٹھاویگا بائیں اے بندو خدا کے ثابت رہو صحابہ نے کہا یا رسول اللہ اور کسقدر اوسکو زمین میں رہنا اور اقامت ہوگی حضرت نے فرمایا چالیس دن اور ان میں سے ایک دن تو سال کے برابر اور دوسرا دن جیسے مہینا اور تیسرا دن جیسے ہفتہ اور باقی دن جیسے تمہارے دن اصحاب نے کہا یا رسول اللہ سو وہ دن جو سال کے برابر ہوگا کیا ہمکو ایک ہی دن کی نماز کفایت کریگی حضرت نے فرمایا کہ نہیں تم اندازہ کر لیا اوس دن میں بقدر اوسکے یعنی جتنے دیر کے بعد ان دنوں میں نماز پڑھتے ہو وسیطرح وہاں بھی اٹکل کر کے پڑھو اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور اوسکی شتابی زمین میں کیونکر ہوگی حضرت نے فرمایا جیسے مینہ جسکو ہوا پیچھے سے اڑاتی ہے سو وہ ایک قوم پر آویگا تو اونکو کفر کی طرف بلاویگا سو وے اوسپر ایمان لاوینگے اور اوسکی بات مانینگے تو آسمانکو حکم کریگا سو وہ پانی برساویگا اور زمین کو حکم کریگا سو وہ گھاس اور اناج جماویگی تو شام کو اونکے مواشی آوینگے بہ نسبت اگلے کے بہت دراز کوہان ہوکر اور تھن بہت بھر کر اور کوکھیں تن کر یعنی موٹے تازے ہو جاوینگے پھر دجال دوسری قوم پر آویگا تو اونکو کفر کی طرف بلاویگا تو وے اوسکے قول کو اوسپر رد کر دینگے یعنی اوسکی بات نہ مانینگے تو اونکی طرف سے پھر جاویگا تو وے قحط اور خشکی میں گرفتار ہونگے اونکے ہاتھوں میں اونکے مالوں میں سے کچھ نہ باقی رہیگا اور دجال ویران زمین پر نکلیگا تو اوس سے کہیگا کہ اے زمین اپنے خزانے نکال تو وہ مال اور خزانے ظاہر ہوکر اوسکے پاس جمع ہو جاوینگے جیسے شہد کی مکھیاں بڑی مکھی کے گرد ہجوم کرتی ہیں پھر دجال ایک جوان مرد کو بلاویگا اور اوسکو تلوار سے ماریگا سو اوسکو قتل کر کے دو ٹکڑے کر ڈالیگا جیسے نشانہ دو ٹوک ہو جاتا ہے پھر اوسکو زندہ کر کے بلاویگا سو وہ جوان ہنستا آویگا چہرہ چمکتا ہوا اور ہنستا سو دجال اسی حال میں ہوگا کہ ناگاہ حق تعالی عیسی ابن مریم کو بھیجیگا تو عیسی اترینگے سفید مینار کے پاس شہر دمشق کے مشرق کی طرف زرد رنگین جوڑا پہنے اپنے دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے تو جب عیسی اپنا سر جھکاوینگے تو پسینا ٹپکیگا اور جب اپنا سر اٹھاوینگے تو موتی کی بوند بہینگے سو جس کافر پاس عیسی اترینگے اوسکو اونکے دم کی بھاپ لگیگی سو وہ مر جاویگا اور اونکا دم پہنچیگا جہانتک اونکی نظر پہنچیگی پھر عیسی دجال کو تلاش کرینگے یہانتک کہ اوسکو باب لد کے پاس پاوینگے لد شام میں ایک پہاڑ کا نام سو اوسکو قتل کرینگے پھر عیسی بن مریم پاس وہ لوگ آوینگے جنکو خدا نے دجال سے بچایا سو شفقت سے اونکے چہروں کو سہلاوینگے اور اونکو اونکی بہشت کے درجات کی خبر دینگے سو اسی حال میں ہونگے کہ ناگاہ حق تعالی عیسی کو حکم کریگا کہ میں نے اپنے ایسے بندے نکالے ہیں کہ کسیکو اونسے لڑنیکی طاقت نہیں سو پناہ میں لیجا میرے مسلمان بندوں کو طور کی طرف اور خدا بھیجیگا یاجوج و ماجوج کو اور وے ہر ایک بلندی سے نکل پڑینگے تو اونکے پہلے لوگ طبرستان کے دریا پر گذرینگے تو پی جاوینگے جتنا پانی کہ اوسمیں ہوگا اور اونکے پچھلے لوگ جب وہاں آوینگے تو کہینگے کبھی اس دریا میں بھی پانی تھا پھر چلینگے یہانتک کہ اوس پہاڑ تک پہنچینگے جہاں درختوں کی کثرت ہے یعنی بیت المقدس کا پہاڑ تو وے کہینگے البتہ ہم زمین والوں کو تو قتل کر چکے اب آسمان والوں کو قتل کریں تو اپنی تیروں کو آسمان پر مارینگے سو خدا اونکے تیروں کو خون آلودہ کر کے ڈالیگا اور خدا کا پیغمبر عیسی اور اونکے اصحاب گھرے رہینگے یہانتک کہ اونکے نزدیک بیل کا سر افضل ہوگا سو اشرفی سے آج تمہارے نزدیک یعنی کھانے کی نہایت تنگی ہوگی پھر خدا کا رسول عیسی اور اوسکے اصحاب دعا کرینگے سو خدا اون یاجوج ماجوج پر عذاب بھیجیگا اونکی گردنوں میں کیڑا پیدا ہوگا تو صبح تک سب مر جاوینگے ایک جان کا سا مرنا پھر خدا کا رسول عیسی اور اوسکے اصحاب زمین پر اترینگے تو زمین میں ایک بالشت برابر جگہ اونکی سڑاہند اور گندگی سے خالی نہ پاوینگے یعنی تمام زمین پر اونکی مردی لاشیں پڑی ہونگی پھر خدا کا رسول عیسی اور اوسکے اصحاب خدا سے دعا کرینگے تو حق تعالی یاجوج ماجوج پر جانور بھیجیگا جیسے بڑی اونٹوں کی گردنیں سو وے اونکو اٹھا لیجاوینگے اور اونکو پھینک دیوینگے جہاں خدا کو منظور ہوگا پھر خدا ایسا پانی برساویگا کہ کوئی گھر مٹی کا اور اونکا اوس پانی سے باقی نہ رہیگا سو خدا زمین کو دھو ڈالیگا یہانتک کہ زمین کو مثل حوض یا باغ یا صاف عورت کی طرح کر دیگا پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھل جما اور اپنی برکت کو پھیر دے تو اوس دن ایک انار کو ایک گروہ کھاویگا اور اوسکے چھلکے کو بنگلہ سا بنا کر اوسکے سایہ میں بیٹھینگے اور دودھ میں برکت ہوگی یہانتک کہ دودھار اونٹنی آدمیوں کے بڑے گروہ کو کفایت کریگی

حضرت نے فرمایا کہ قصور ہوگا اوسکے گھر والون کے حق مین اور اوسکے مال اور جان اور لڑکی اور ہمسایہ مین اوسکو روزہ اور نماز اور صدقہ اور نیک بات بتلانا اور بری کام سے روکنا دور کرڈالتا ہی **ف** یعنی اگر آدمی سے جان مال جو رو لڑکے ہمسایے کے حق مین کچھ قصور یا نا انصافی ہو جاوگی تو ان عبادتون سے معاف ہو جاویگی **م** عَبْدُاللهِ ابْنُ عُمَرَ وَفِرَاشُ الرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِامْرَأَتِهٖ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک بچھونا مرد کا اور دوسرا بچھونا اوسکی جورو کا اور تیسرا بچھونا مہمان کا اور چوتھا بچھونا شیطان کا **ف** یعنے حاجت سے زیادہ فرش کھنا اور فخر کو شیطانی کام ہی اگر مہمانون کے واسطے جدا رکھا جاوے زیادہ فرش رکھے تو درست ہی منع وہی ہی جو بے حاجت ہو **م** اَبُوْمُوْسٰی وَاَنَسٌ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ مسلم مین ابو موسی اور انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ عائشہ کی فضیلت عورتون پر ایسی ہی جیسی ثرید کی فضیلت باقی کھانون پر **ف** ثرید اوس کھانے کو کہتے ہین کہ روٹی کو شوربے مین بھگویا ہو عرب کے یہہ کھانا بہت پسند تھا سب کھانون سے زیادہ حضرت عائشہ رضی نے علم اور آداب حضرت سے بہ نسبت اور عورتون کے زیادہ سیکھے تھے اسواسطے اونکی فضیلت حضرت نے بیان فرمائی **م** جَابِرٌ كُلُّكُمْ مَغْفُوْرٌ لَهٗ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ **ق** لِمَنْ صَعِدَ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا تو تم مین سے ہر ایک شخص بخشا گیا مگر سرخ اونٹ والا یہہ حضرت نے ثنیۃ المرار پر فرمایا **ف** ثنیۃ المرار ایک ٹیلا تھا حضرت نے فرمایا جو اوس پر چڑھ جاوے اوسکا گناہ بخشا جاوے سب اصحاب اوس پر چڑھ گئے ایک گنوار نہ چڑھا یا سرخ اونٹ تلاش کیا گیا ہوا اوسنے کہا کہ اونٹ کا ملنا میرے نزدیک مغفرت سے زیادہ پیارا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ دنیا کی محبت آخرت کو بگاڑتی ہی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کلونجی ہر بیماری کی دوا ہی سوای موت کے **ف** یعنے سب سرد بیماریون کی کلونجی دوا ہی تی اسکی تفصیل ساتوین باب مین گذری **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى اَجْرٌ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر تشنہ جگر کے پانی پلانے مین ثواب ہی **ف** سراقہ بن مالک نے پوچھا کہ یا حضرت اگر کسیکا بھولا جانور میرے حوض پر آوے اور مین اسکو پانی پلاؤن تو مجھکو اسمین کچھ ثواب ہوگا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہر جانور کے احسان مین ثواب ہی آدمی ہو یا جانور مسلمان ہو یا کافر **م** جَابِرٌ فِيْمَا سَقَتِ الْاَنْهَارُ وَالْغَيْمُ الْعُشُوْرُ وَفِيْمَا سُقِيَ بِالسَّانِيَةِ نِصْفُ الْعُشْرِ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جس کھیت کو دریا اور بدلی سینچے اوسمین دسوان حصہ زکوۃ ہی اور جو کھیت اونٹون پر پانی لاد کر سینچا جاوے اوسمین بیسوان حصہ زکوۃ ہی **ف** جسمین کم محنت تھی اوسمین زکوۃ زیادہ مقرر ہوئی اور جسمین محنت زیادہ تھی اوسکی کم زکوۃ مقرر ہوئی حکمت اسکا نام ہی **م** جَابِرٌ قَاتَلَ اللهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا لعنت کرے یہودیون پر او نہون نے اپنے پیغمبرون کی قبرون کو مسجد ٹھہرایا **ف** اسمین اشارہ ہی کہ امت محمدی ایسا نکرے **ق** اَنَسٌ قَدْرُ حَوْضِيْ كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ وَصَنْعَاءَ مِنَ الْيَمَنِ وَاِنَّ فِيْهِ مِنَ الْاَبَارِيْقِ كَعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے حوض کوثر کا اندازہ اتنا ہی جتنا فرق ہی ایلہ اور یمن کی صنعا مین اور البتہ اوسمین آبخورے ہین آسمان کے تارون کے شمار برابر **ف** ایلہ شام مین ایک بستی کا نام اور صنعا یمن کا بڑا مشہور شہر ہی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ قُرَيْشٌ وَالْاَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَاَسْلَمُ وَاَشْجَعُ وَغِفَارٌ مَوَالِيَّ لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللهِ وَرَسُوْلِهٖ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ قریش اور انصار اور جہینہ اور مزینہ اور اسلم اور غفار میرے دوست اور مددگار ہین اونکا کوئی مددگار نہین سوا خدا اور رسول کے **ف** یہہ قوم حضرت کا ایمان لائے اور حضرت پر جان نثار رہے اسواسطے حضرت نے اونکی فضیلت بیان کی **خ** اِبْنُ عَبَّاسٍ كَاَنِّيْ بِهٖ اَسْوَدَ اَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا بخاری مین عبداللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا گویا کہ مین اوس کعبہ ڈھانے والے سیاہ بھدے کو دیکھتا ہون کہ اوسکے پتھر پتھر کو اوکھاڑتا ہی **ف** قیامت کے قریب ایک حبشی کے ہاتھ سے کعبہ منہدم ہوگا **م** عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ مسلم مین عقبہ بن عامر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ نذر کا کفارہ وہی ہی جو قسم کا کفارہ ہی **ف** یعنی اگر نذر ادا نہو تو قسم کا کفارہ دے اور قسم کا کفارہ یہہ ہی کہ دس محتاجون کو دونون وقت کھانا کھلاوے یا لباس دیوے یا غلام آزاد کرے اور اگر مقدور نہو تو تین روزے رکھے **ق** عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ كِلَاكُمَا قَتَلَهٗ يَعْنِيْ اَبَا جَهْلٍ **ق** لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَمُعَاذِ بْنِ عَفْرَاءَ بخاری اور مسلم مین عبدالرحمن بن عوف رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونون نے اوسکو قتل کیا یعنی ابو جہل کو یہہ حضرت نے معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفرا سے فرمایا **ف** ان دونون نے حضرت کو خبر دی کہ ہمنے ابو جہل کو مارا حضرت نے دونون کی تلوارون کو جو دیکھا تو وہ دیکھکر یہہ حدیث فرمائی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ الشَّمْلَةَ لَتَلْتَهِبُ عَلَيْهِ نَارًا اَخَذَهَا مِنَ الْغَنَائِمِ يَوْمَ خَيْبَرَ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ **ق** لَهٗ لِعَبْدٍ لَهٗ اِسْمُهٗ رِفَاعَةُ وَيُقَالُ لَهٗ مِدْعَمٌ قُتِلَ بِوَادِي الْقُرٰى مَقْفَلَهٗ مِنْ خَيْبَرَ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یون نہین اوسکی قسم جسکے قابو مین محمد کی جان ہی کہ متور کملی تو اوسکے بدن پر بھڑک رہی ہی آگ سے اوسنے کملی کو جنگ خیبر مین تقسیم ہونے سے پہلے لے لیا تھا یہہ حضرت نے اپنے غلام کے حق مین فرمایا جسکا رفاعہ نام تھا اور لقب اوسکا مدعم تھا وہ قتل ہوا تھا وادی القری مین خیبر سے پلٹتے **ف** وادی القری یہودیون کی ایک بستی کا نام تھا جب خیبر فتح کرکے حضرت کا لشکر وہان پہنچا تو حضرت کے غلام یعنے مدعم کی تیر لگا وہ مرگیا اصحاب نے اوسکی تعریف کی کہ اوسکو شہادت نصیب ہوئی تب حضرت نے یہہ

وقت مین پڑہ لیا کیجیو پہر اگر تو جماعت کی نماز اونکے ساتھ پاوے تو اونکے ساتھ بہی پڑہ لیجیو کہ یہہ دوسری نماز تیرے حق مین نفل ہو جاویگی یہہ حضرت نے ابوذر سے فرمایا ف اسلام مین نماز کی سستی اول سلطنت بنوامیہ سے شروع ہوئی خ ابن عمر او عبداللہ بن عمرو کیف انت یا عبد اللہ بن عمرو اذا بقیت فی حثالة من الناس قد مرجت عہودہم و اماناتہم و اختلفوا فصاروا ہکذا و شبک بین اصابعہ قال فکیف اصنع یا رسول اللہ قال تاخذ ما تعرف و تدع ما تنکر و تقبل علی خاصتک و تدعہم و عوامہم بخاری مین عبداللہ بن عمر یا عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ای عبد اللہ بن عمرو تو کیا کریگا جب تو باقی رہ جاویگا کوڑا قص لوگون مین جنکے عہد و پیمان اور امانت داریان بگڑ جاوینگی اور اونمین پہوٹ پڑ جاویگی تو وے لوگ اسطرح ہو جاوینگے تو وے لوگ اسطرح ہو جاوینگے اور حضرت نے اونکے اختلاف کی مثال دی اپنے دونون ہاتہون کے انگلیان قینچی کرکے عبد اللہ بن عمرو نے کہا سو اوسوقت مین یا رسول اللہ کیا کرون حضرت نے فرمایا جو تیری الفت مین اچہی بات ہو اوسکو لیجیو اور بری کو چہوڑیو اور خاص اپنے حال پر متوجہ ہوئیو اور اونکو اونکے حالات پر چہوڑنا ف یعنی جب زمانہ بگڑ جاوے اور بے دیانتی کے سبب لوگون مین اختلاف پڑے اور ہر شخص اپنی عقل پر مغرور ہو تو ایسے وقت مین ہوشیار کو لازم ہی کہ اپنی اصلاح و درستی پر کمر باندہے اور عوام کی خبر نہو خ عمر کیف بک اذا اخرجت من خیبر تعدو بک قلوصک لیلة بعد لیلة قالہ لاحد بنی ابی الحقیق من یہود خیبر فاجلاہم عمر الی تیماء و اریحاء مسلم مین عمر فاروق رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کیسا تیرا حال ہوگا جسوقت تو خیبر سے نکالا جاویگا تجہکو لیجاوینگی تیری اونٹنی راتون کو یعنی سوار ہو کر سفر کریگا یہہ حضرت نے ابو حقیق یہودی کے کسی بیٹے سے فرمایا پہر فاروق رض نے اونکو تیما اور اریحا کی طرف نکال دیا ف خیبر مین یہودی تہے جب خیبر فتح ہوا تو حضرت نے اونکے یہود کو سفر کی محنت مزدوری کے رہنے دیا عمر فاروق نے اپنی خلافت مین چاہا کہ اون کو خیبر سے بدر کرین یہودیون نے کہا تم ہمکو کیونکر نکالو گے حالانکہ تمہارے پیغمبر نے ہمکو یہان قائم رکہا تب عمر فاروق رض نے یہہ حدیث پڑہی یعنی حضرت نے اس حدیث مین تمہارے نکالنے کا اشارہ کیا ہی یہود نے کہا کہ ابو القاسم نے یہہ کلام ٹہٹہے کی راہ سے کہا فاروق نے کہا ای دشمن خدا کے جہوٹ ہی یعنی ٹہٹہا کرنا پیغمبر کی شان نہین پہر اونکو شام کی طرف نکال دیا اون بستیون مین جا بسے جنکا تیما اور اریحا نام ہی م عقبة بن الحارث کیف وقد زعمت ان قد ارضعتکما و نہی و کیف و قد قیل دعہا عنک قالہ لہ حین تزوج ام یحیی بنت ابی اہاب بن عزیز فجاءت امراة سوداء فقالت قد ارضعتکما مسلم مین عقبہ بن حارث رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ کیونکر ہوگا حالانکہ وہ کہتی ہی کہ مین نے تم دونون کو دودہ پلایا اور دوسری روایت یون ہی کہ یہہ تم کیونکر ... کیا اسکا تیسرا خوار لی کی گفتگو ہوئی اوس عورت کو اپنے نکاح سے چہوڑ دی یہہ حضرت نے عقبہ سے فرمایا جب اوسنے ام یحیی بنت ابی اہاب بن عزیز کی بیٹی سے نکاح کیا پہر ایک سیاہ عورت آئی اوسنے کہا کہ مین نے تم دونو جورو خاوند کو دودہ پلایا ف اوس عورت نے یہہ کہا تو عقبہ نے کہا کہ مجہکو معلوم نہین کہ تینے دودہ پلایا ہو پہر بہی دو کے لوگون سے پوچہا اونہون نے بہی انکار کی پہر عقبہ نے حضرت سے بات کہی حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اہل حدیث کا مذہب ہی کہ ایک عورت کے قول سے رضاعت یعنی شیر خوارگی ثابت ہو جاتی ہی لیکن اور اماموں کے مذہب مین ایک عورت کے قول کا کچہہ اعتبار نہین یا دو مرد کہین یا ایک مرد اور دو عورتین تو ہو سکتا ہے نزدیک اس حدیث کا یہہ مطلب ہی کہ حضرت نے یہہ حکم از راہ احتیاط اور تقوی فرمایا نہ از راہ فتوی ق انس کیف یفلح قوم شجوا نبیہم و کسروا رباعیتہ وہو یدعوہم فی الیوم احد علقہ البخاری وسندہ مسلم بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کیونکر بہلا ہوگا اوس قوم کا جنہون نے اپنے پیغمبر کا سر زخمی کیا اور دانت توڑا اور حالانکہ وہ اونکو ٹہیک راہ پر بلاتا ہی یہہ حضرت نے جنگ احد مین فرمایا بخاری نے اس حدیث کی سند بیان نہین کی اور مسلم مین پوری سند بیان کی ق ابن مسعود و انس لکل غادر لواء یوم القیمة یعرف بہ بقدر غدرہ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن مسعود اور انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا قیامت کے دن ہر عہد شکن دغاباز کا ایک جہنڈا ہوگا بقدر اوسکے دغابازی کے ف یہہ اسواسطے ہوگا تاکہ وہ فضیحت ہو م ابن عباس لم الصلوة و یروی لم اصلی فاتوضا ویروی و ما ارید ان اصلی فاتوضا قالہ حین خرج من الخلاء فاتی بطعام فقیل الا تتوضا مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کیون وضو کرون کیا نماز کو اسطے اور ایک روایت یون ہی کسواسطے کیا مجہکو نماز پڑہنا ہی جو وضو کرون اور دوسری روایت یون ہی کہ کیا مین نماز کا ارادہ کرتا ہون جو وضو کرون یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب آپ پاخانے سے نکلے تو آپکے آگے کہانا رکہا گیا سو لوگون نے کہا کہ آپ وضو نہین کرتے ف پورا قصہ یون ہی کہ پہر حضرت نے کہہ لیا اور ہاتہہ مین پانی نہ لگایا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وضو کو نماز کے واسطے واجب ہی کہانیکے واسطے واجب نہین ہر چند کہانے سے پہلے ہاتہہ دہونا مستحب ہی لیکن حضرت نے اسواسطے ہاتہہ نہ دہوئے تا کہ لوگون کو معلوم ہو جاوے کہ اگر ہاتہہ نہ دہون تو دہونا واجب نہین ق ابن عباس لم یکن لہم یومئذ حب ولو کان لہم لدعا لہم فیہ یعنی لاہل مکة حین دعا لہم ابراہیم علیہ السلام بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مکے والون پاس اوس زمانے مین اناج نہ تہا اور اگر اناج ہوتا تو ابراہیم علیہ السلام اونکے واسطے اناج مین بہی دعا مانگتے ف حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکے والون کے واسطے کثرت میوجات کے دعا کی اوسوقت وہان زراعت نہ تہی اگر ہوتی تو اسکی بہی دعا کرتے ق عائشة لیت رجلا صالحا من اصحابی یحرسنی اللیلة بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کاش کوئی نیک مرد میرے اصحاب سے آج کی رات میری نگہبانی کرے ف یہہ حضرت نے لیلة التعریس مین فرمایا پہر سعد بن ابی وقاص ہتہیار باندہے آئے حضرت نے پوچہا تو کیون آیا ہی سعد نے ... عرض کیا ... حضرت سو رہے

حضرت بن ربعی سے روایت ہی حضرت نے فرمایا مومن کو راحت ملتی ہی اور فاجر سے لوگ آرام پاتے ہیں کہا یا رسول اللہ آرام ملنے والا اور آرام دینے والا کیا ہی تو حضرت نے فرمایا کہ بندہ دنیا کے رنج اور مصیبت سے آرام پاتا ہی اور ظالم فاسق بندے سے آدمی اور بستیاں اور درخت اور جانور آرام پاتے ہیں ف حضرت کے سامنے ایک جنازہ نکلا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مومن متقی کے حق میں دنیا قیدخانہ ہی جب مرگیا گویا قید سے چھوٹا ایمان اور عبادت کی برکت سے قبر میں بہشت کی لذت کا نمونہ پانے لگا اور ظالم فاسق بے قید ہوتا ہی اور ایک مخلوق کو ناحق تکلیف دیتا ہی اور اوسکی موت سے عالم کو آرام ہی ق ابو ہریرۃ مطل الغني ظلم واذا اتبع احدکم علی ملی فلیتبع بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مالدار کا ٹالنا ستم ہی اور جب ضرور تمہارے قرض کو کسی مالدار پر اتارے تو مان لینا چاہیئے ف یعنی مالدار ہوکر قرض ادا کرنے کو ٹالے تو بڑا ستم ہی اور اگر محتاج قرضدار کسی مالدار سے اپنا قرض دلاوے تو لازم ہی کہ مانگنے والا زیادہ سنگی نہ کرے م جابر معاذ اللہ ان یتحدث الناس انی اقتل اصحابي ان هذا و اصحابه یقرؤن القرآن لا یجاوز حناجرهم یمرقون من الدین کما یمرق السهم من الرمیة مسلم میں جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ لوگ یہہ چرچا کریں کہ میں اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہوں البتہ یہہ شخص اور اوسکے ساتھی قرآن پڑھتے ہیں کہ اونکے حلق سے نیچے نہیں اترتا یعنی قرآن کی دلمیں تاثیر نہیں ہوتی یہہ لوگ دین سے نکلے جیسے تیر جانور سے پار ہوجاتا ہی ف ذی الخویصرہ ایک منافق تھا اوسنے حضرت سے کہا کہ آپ انصاف سے نہیں تقسیم کرتے حضرت نے فرمایا کہ اگر میں نہ انصاف کرونگا تو کون کریگا عمر فاروق رض نے کہا یا حضرت اگر حکم ہو تو میں اس منافق کو مار ڈالوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر چند یہہ دین لائق قتل کے ہی لیکن بدنامی ہوگی کہ پیغمبر اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہی تو لوگ ملاقات سے وحشت کرینگے اسلام سے محروم رہینگے معلوم ہوا کہ حاکم کو مصلحت کا لحاظ بھی ضرور ہی بعضے جگہہ تال جانا چاہیئے م سلمان بن عامر الضبي مع الغلام عقیقته فاهریقوا عنه دما و امیطوا عنه الاذی مسلم میں سلمان بن عامر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑکا پیدا ہوتے کے ساتھ اوسکا عقیقہ سنت ہی بہا دو اوسکے عوض خون اور دور کرو اوس لڑکے سے تکلیف دینے والی چیز یعنی سر کے بال مونڈو اور غسل دو ف جب لڑکا پیدا ہوا تو دن میں عقیقہ کرے لڑکا ہو تو دو بکریاں اور لڑکی ہو تو ایک بکری ذبح کرے م کعب بن عجرة معقبات لا یخیب قائلهن او فاعلهن دبر کل صلوة ثلث و ثلثون تسبیحة و ثلث و ثلثون تحمیدة و اربع و ثلثون تکبیرة مسلم میں کعب بن عجرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ذکر کی چند الفاظ میں کہ ہر نماز کے بعد آتے ہیں اونکا کہنے والا ایا کرنے والا نقصان نہیں پاتا وے الفاظ یہہ ہیں تینتیس بار سبحان اللہ اور تینتیس بار الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر خ المسور بن مخرمة معی من ترون و احب الحدیث الی اصدقه فاختاروا احدی الطائفتین اما المال و اما السبي و قد کنت استانیت بهم قاله لوفد هوازن حین جاءوه مسلمین فسالوه ان یرد الیهم اموالهم و سبیهم بخاری میں مسور بن مخرمہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا میرے ساتھ یہہ لشکر جو تم دیکھتے ہو اور میرے نزدیک سچی بات پسند ہی سو تم دو باتوں سے ایک بات اختیار کرو یا مال لو یا جو لڑکے اور میں نے تمہاری انتظاری کی تھی یہہ حضرت نے ہوازن کے ایلچیوں سے فرمایا جب کہ وے حضرت پاس مسلمان ہوکر آئے پھر اونھوں نے یہہ سوال کیا کہ حضرت ہمارا مال اور جورو لڑکے پھیر دیں ف جنگ حنین میں ہوازن کی قوم پر فتح ہوئی اونکی جورو لڑکے گرفتار ہوئے اول حضرت نے اونکی انتظار کی کہ اگر مسلمان ہوویں تو اونکے مال اور آدمیوں کو پھیر دیویں جب اونکے آنے میں دیر ہوئی تب حضرت نے اونکی مال اور آدمی لشکر کو تقسیم کر دئے بعد اوسکے وہی لوگ مسلمان ہوکر آئے اور اپنے مال اور آدمی مانگنے لگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر اونھوں نے مال چھوڑا اپنے آدمی لینا اختیار کیا حضرت نے لشکر کو راضی کرکے اونکے جورو لڑکے پھیر دئے خ ابن عمر مفاتیح الغیب خمس لا یعلمها الا الله لا یعلم احد ما یکون في غد الا الله و لا یعلم احد ما یکون في الارحام و لا تعلم نفس ماذا تکسب غدا و ما تدري نفس بای ارض تموت و ما یدري احد متی یجیء المطر بخاری میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کنجیاں غیب کے پانچ ہیں اونکو کوئی نہیں جانتا سوا خدا کے کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا سوا خدا کے اور کوئی نہیں جانتا کہ عورت کے پیٹ میں کیا ہی لڑکی یا لڑکا اور کوئی جی نہیں جانتا کہ کل کیا کریگا اور کوئی جی نہیں جانتا کہ کس زمین پر مریگا اور کوئی نہیں جانتا کہ مینہہ کب آویگا ف یعنے غیب کی بات بالیقین سوا خدا کے کوئی نہیں جانتا غیب کا دروازہ سارے عالم پر بند ہی اسکی کنجی کسیکے پاس نہیں کہ کھولے جب چاہے تب دریافت کرے پیغمبروں کو وحی سے اور اولیا کو الہام سے علم حاصل ہوتا ہی لیکن یہہ غیب دانی نہیں خدا کے بتانے سے معلوم ہوتا ہی علاوہ اسکے وحی اور الہام ہر وقت تابع میں نہیں کہ جب چاہیں دریافت کرلیں نجوم اور رمل اور جفر میں یقین نہیں حاصل ہوتا صرف حساب اور اٹکل ہی ہزار بار مخالف ہوتا ہی کبھی موافق بھی ہوجاتا ہی اور چند علم طب میں حاملہ عورت کی علامات لکھی ہیں کہ پیٹ میں لڑکی ہی یا لڑکا یہہ صرف علامات اور قرائن پر مدار ٹھہرا تو غیب دانی نہوئی علاوہ اسکی اکثر خطا بھی ہوتی ہی اور یہہ تو کبھی نہیں معلوم ہوتا کہ لڑکا گورا ہی یا کالا اور اوسکے اعضا درست ہیں یا ناقص خلاصہ یہہ کہ علم غیب خدا کو مخصوص ہی بالیقین بے تردد کسیکو نہیں معلوم ہوسکتا اور یہی عقیدہ ہی اہل اسلام کا جسکے اس عقادہ میں خلل ہی بالیقین اوسکے ایمان میں خلل ہی م ابو ہریرة من اشد امتي لي حبا ناس یکونون بعدي یود احدهم لو رآني باهله و ماله مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا میری امت سے زیادہ تر میری محبت میں وے لوگ ہیں جو میرے بعد ہونگی کوئی اونمیں سے چاہیگا کہ کاش مجھکو دیکھتا اپنے اہل و عیال اور مال کے بدلے یعنی حضرت کی تمنا دیدار میں اپنے اہل و عیال اور مال فدا کرنے کا آرزومند ہوگا شعر حب احمد ہی سراپا ایمان ✤ جان و مال اوسکے جھلک پر قربان ق عبد الله بن عمرو من الکبائر شتم الرجل والدیه قالوا یا رسول الله و هل یشتم الرجل والدیه قال نعم یسب ابا الرجل فیسب اباه و یسب امه فیسب امه بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا ماں باپ کو گالی دینا بڑے گناہوں سے ہی یہہ گناہ ہی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ

مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی ہِرَقْلَ عَظِیْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَدْعُوْکَ بِدِعَایَۃِ الْاِسْلَامِ وَیُرْوٰی بِدَاعِیَۃِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ یُؤْتِکَ اللّٰہُ اَجْرَکَ مَرَّتَیْنِ وَاِنْ تَوَلَّیْتَ فَاِنَّ عَلَیْکَ اِثْمَ الْاَرِیْسِیِّیْنَ وَیَآ اَھْلَ الْکِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمْ اَنْ لَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰہَ وَلَا نُشْرِکَ بِہٖ شَیْئًا اِلٰی قَوْلِہٖ فَقُوْلُوا اشْھَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ کَتَبَہٗ مَالِیْ اَقْیَصَّی بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے روم کے بادشاہ کو اس مضمون کا خط لکھا کہ یہ خط ہے محمد خدا کے رسول کا ہرقل کے طرف جو روم کا سردار ہے و سلام ہے جو راہ راست پر چلا بعد اسکے میں تجھکو بلاتا ہوں اسلام کی دعوت سے اسلام قبول کر تاکہ تو ... اور تو مسلمان ہو جا خدا تجھکو دوہرا ثواب دیگا یعنی ایک تو اپنے سوی دین قبول کرنیکا اور دوسرا ثواب محمدی ہونیکا اور اگر تو نے اسلام قبول کیا تو تیری اور تیری رعیت و رعایا کا گناہ ... مسلمان ہوا تو رعیت بھی مسلمان ہوگی تو انکی گمراہی کا عذاب تجھپر ہوگا اور اے اہل کتاب آجاؤ اس بات پر جو ہمارے اور تمھارے درمیان برابر ہے وہ بات یہ ہے کہ ہم اور تم خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی چیز کو اوسکے ساتھ شریک نہ ٹھہراویں اور ہم میں سے بعضے آدمی بعضوں کو خدا کے سوا پروردگار نہ بناویں سو اگر اہل کتاب توحید سے منہ موڑیں تو اونسے کہدو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو مسلمان ہیں حکم الٰہی کے مطیع ہیں **ف** صحیح بخاری میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ ابو سفیان نے مجھسے قصہ نقل کیا کہ جب ہم اور حضرت سے حدیبیہ میں صلح ہوئی تو میں شام کے ملک میں آیا اور زمانے میں حضرت نے دحیہ کلبی کے ہاتھ روم کے بادشاہ کو خط بھیجا سو دحیہ کلبی نے روم کے سردار کو خط دیا اوسنے روم کے بادشاہ کو حوالہ کیا ہرقل یعنی روم کا بادشاہ اوس وقت میں آیا تھا ہرقل نے کہا کہ اگر اس شخص کا جو اپنے کو پیغمبر جانتا ہے کوئی اہل قوم ہو تو بلاؤ سو میری طلبی ہوئی مع چند قریش کے ہرقل نے پوچھا کہ تم لوگون میں اس پیغمبر کا رشتہ میں کون شخص زیادہ قریب ہے میں نے کہا کہ میں تو مجھکو لوگون نے بادشاہ کے سامنے بٹھلایا اور میرے ساتھی میرے پیچھے بیٹھے پھر مترجم یعنی وہ بھاشیا طلب ہوا بادشاہ نے کہا میرے ساتھیون سے کہ میں اس شخص سے کچھ پوچھتا ہوں اگر یہ جھوٹ بولے تو تم اسکو جھٹلائیو ابو سفیان نے کہا کہ قسم خدا کی اگر دروغگوئی مشہور ہونیکا ڈر نہو تا تو میں حضرت کے حال میں کچھ جھوٹھ بولتا بادشاہ نے پوچھا کہ اس پیغمبر کا حسب اور نسب کیسا ہے میں نے کہا ہم لوگون میں وہ نہایت شریف اور عمدہ خاندان ہے بادشاہ نے پوچھا کہ اسکے باپ دادا میں کوئی بادشاہ بھی تھا میں نے کہا کہ نہیں بادشاہ نے پوچھا کہ نبوت کے دعوے سے پہلے کبھی جھوٹھ بولنے کی تہمت بھی اسکو لگی ہے میں نے کہا کہ نہیں بادشاہ نے کہا کہ سردار لوگ اوسکے تابع ہوئے ہیں یا غریب لوگ میں نے کہا غریب اوسکے تابع ہوئے ہیں بادشاہ نے کہا اور ساتھی بڑھتے جاتے ہیں یا گھٹتے میں نے کہا نہیں بلکہ بڑھتے جاتے ہیں بادشاہ نے کہا کہ کوئی اون میں سے اوسکے دین سے پھر بھی جاتا ہے ناخوش ہوکر میں نے کہا کہ نہیں بادشاہ نے کہا کہ تم سے اور اوس سے لڑائی بھی ہوتی ہے میں نے کہا ہاں بادشاہ نے لڑائی کا حال پوچھا ایسی ہے کبھی وہ ہم پر غالب ہوتا ہے کبھی ہم اوسپر غالب ہوتے بادشاہ نے کہا کبھی قول کرکے دغا بھی کرتا ہے میں نے کہا کہ نہیں لیکن اب ہمنے اوس سے صلح ہوئی ہے ہمکو نہیں معلوم کہ اب کیا کرنے والا ہے ابو سفیان نے کہا واللہ اس بات کے سوا کوئی اور بات کو میں ملا سکا بادشاہ نے کہا کہ تم لوگون میں اسطرح نبوت کا دعوی کسینے آگے بھی کیا ہے یا نہیں میں نے کہا کہ نہیں پھر بادشاہ نے وہ بھاشیے سے کہا کہ میں نے اوسکا حسب نسب پوچھا تو تونے کہا کہ شریف اور عالی خاندان ہے سو پیغمبر لوگ اسیطرح اپنی قوم میں شریف اور نجیب اور عمدہ خاندان ہوتے ہیں میں نے پوچھا کہ اوسکے باپ دادے میں کوئی بادشاہ تھا تونے کہا نہیں سو اگر کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو میں کہتا کہ یہ شخص نبوت کے پردے میں اپنے باپ دادے کی سلطنت چاہتا ہے اور میں نے اوسکے تابعدارون کا حال پوچھا کہ سردار ہیں یا غریب تونے کہا غریب ہیں سو یہی حال ہے پیغمبرون کا کہ اونکی اول غریب لوگ اطاعت کرتے ہیں یعنی ہر آدمی غرور سے بے نصیب ہیں اور میں نے پوچھا کہ نبوت سے قبل کبھی اوسکی دروغگوئی بھی ثابت ہوئی ہے تونے کہا کہ نہیں تو میں نے جانا کہ جو کبھی آدمیون پر جھوٹھ نہ باندھے گا بھلا وہ خدا پر کیونکر جھوٹھ باندھیگا اور میں نے تجھ سے پوچھا کہ اوسکے لوگ دین سے ناخوش ہوکر پھر بھی جاتے ہیں تونے کہا کہ نہیں سو یہی حال ہے ایمان کے نور کا جب دل میں گیا یعنی ایمان کے ساتھ صحبت کیے اوسکو تغیر نہیں ہوتا اور میں نے تجھسے پوچھا کہ اوسکے لوگ زیادہ ہوتے جاتے ہیں یا کم تونے کہا زیادہ ہوتے ہیں سو یہی حال ایمان کا ہے کہ اوسکو ترقی ہوتی ہے یہانتک کہ کمال کو پہنچتا ہے اور میں نے کہا کہ اوسکی لڑائی کا کیا حال تونے کہا کبھی وہ غالب ہوتا ہے اور کبھی ہم سو یہی سنت ہے پیغمبرون کی کہ اول ایمان والون کی آزمائش ہوتی ہے پھر انجام کو فتح نصیب ہوتی ہے اور میں نے پوچھا کہ وہ دغا بھی کرتا ہے تونے کہا کہ نہیں سو یہی عادت ہوتی ہے پیغمبرون کی کہ وہ ہرگز دغا نہیں کرتے اور میں نے پوچھا کہ ایسا دعوی اوسکی قوم میں کسی اور شخص نے بھی کیا تھا تونے کہا کہ نہیں سو اگر آگے کسینے دعوی کیا ہوتا تو میں یون جانتا کہ یہ شخص بھی اپنی قوم کی راہ پر چلا اگلون کی طرح اسکو بھی ہوس ہوئی پھر بادشاہ نے کہا کہ کیا چیز تمکو بتلاتا ہے میں نے کہا کہ ہمکو نماز اور زکوۃ اور برادر پروری اور پرہیزگاری بتلاتا ہے بادشاہ نے کہا اگر یہ سب باتیں سچیں ہیں تو عنقریب وہ شخص پیغمبر ہے اور میں اگلے سے جانتا تھا کہ اس وقت میں پیغمبر ظاہر ہوا چاہتا ہے لیکن میرا یہہ گمان نہ تھا کہ تم عرب لوگون میں ہوگا اور اگر میں یہہ جانتا کہ میں اوس تک پہنچ سکونگا تو میں اوسکے دیدار کا عاشق ہوتا اور اگر میں اوسکے پاس ہوتا تو میں اوسکے قدم دھوتا اور البتہ اوسکی سلطنت اور حکومت میرے قدم کے نیچے تک پہنچیگی پھر بادشاہ نے حضرت کا یہہ خط منگا کر پڑھا جب وہ خط پڑھ چکا تو اہل دربار میں بہت گفتگو اور نہایت غل اور شور ہوا پھر ہم بموجب حکم کے دربار سے نکالے گئے ابو سفیان نے کہا کہ جب ہمارا اخراج ہوا تو میں نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ محمد کا یہہ رتبہ پہنچا کہ بادشاہ روم اوس سے ڈرتا ہے سو جب سے مجھکو یقین ہو گیا تھا کہ حضرت سب پر غالب ہونگے یہانتک کہ خدا نے مجھکو اسلام میں داخل کیا راوی نے کہا کہ پھر ہرقل نے روم کے سردار اپنے ایک مکان میں جمع کیے اور دروازون میں قفل دیے پھر اون سے کہا کہ اے رومی لوگو اگر قیامت تک اپنی ہدایت اور بہتری چاہتے ہو اور اپنی سلطنت کا قیام چاہتے ہو تو اس پیغمبر کا ایمان لاؤ سو روم کے سردار سب بھڑکے اور گورخرون کی طرح بدکے اور بھاگے لیکن دروازے بند پائے پھر بادشاہ نے اونکو بلایا اور کہا کہ میں نے تمھارے دین کی مضبوطی آزمائی تو سنا ہاں یہ جو بات مجھکو پسند تھی وہی تمنے کی پھر تو ان لوگون نے بادشاہ کو سجدہ کیا اور خوش ہو گئی **ف** ہرقل روم کا بادشاہ نصرانی تھا اپنے دین کا بڑا عالم تھا اوسپر حضرت کی نبوت کی حقیقت ثابت ہوگئی تھی لیکن اپنی قوم کے خوف سے مسلمان نہو سکا ہجری چھٹے سال حضرت نے بادشاہون کو خط لکھے اللہ کی دعوت کے سبب بادشاہون میں سے ایک بادشاہ

کہتے ہیں کہ ایک فساد تو قوم ترک کی خونریزی یعنی چنگیز خان اور ہلاکو کے وقت کا قتل عام و تمرد دجال کا نکلنا تیسرے یاجوج ماجوج کا ظاہر ہونا واللہ اعلم **ق** اَبُوهُرَيْرَةَ نَارُكُمْ جُزْءٌ
مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ قَالُوا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً قَالَ فَاِنَّهَا فُضِّلَتْ عَلَيْهِنَّ بِتِسْعَةٍ وَّسِتِّيْنَ جُزْءًا كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا زَادَ الْبُخَارِيُّ
نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِي يُوْقِدُ ابْنُ اٰدَمَ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہاری آگ ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصے سے صحابہ نے کہا قسم ہے خدا کی یا رسول اللہ جلانے کو
تو یہی آگ کفایت کرتی تھی حضرت نے فرمایا کہ البتہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگ پر سے انہتر حصے زیادتی رکھتی ہے ہر ایک حصے کی گرمی اس آگ کی گرمی کے برابر ہے بخاری نے اتنی روایت زیادہ
کی کہ یہی تمہاری آگ جسکو آدمی جلاتا ہے ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصے سے **ف** یعنے دوزخ کی آگ کے روبرو دنیا کی آگ کی گرمی نہایت کم ہے پھر جب اس آگ کی گرمی کی آدمی کو تاب نہیں تو دوزخ
کا کیا حال ہوگا خدا کی پناہ **ق** لِاُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِي عُرِضُوْا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ مُلُوْكًا عَلَى الْاَسِرَّةِ اَوْ مِثْلَ الْمُلُوْكِ
عَلَى الْاَسِرَّةِ بخاری اور مسلم میں ام حرام بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چند لوگ میری امت کے میرے سامھنے کئے گئے لڑتے خدا کی راہ میں اس سمندر کے اندر سوار بادشاہ بنے تختوں پر یا
جیسے بادشاہ تختوں پر **ف** ام حرام سے روایت ہے کہ حضرت میرے گھر میں سوکر ہنستے جاگے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستے ہیں تب حضرت نے یہہ بات فرمائی خدا نے خواب میں دکھلا دیا کہ تیری امت کی ایسی
ترقی ہوگی کہ جہاز پر سوار ہوکر جہاد کرینگے بادشاہوں کی طرح ام حرام نے کہا یا حضرت میرے واسطے دعا کیجیے کہ خدا مجھکو بھی انہیں میں شریک کرے حضرت نے دعا کی چنانچہ معاویہ کے زمانے
میں جہاز پر سوار ہوکر جہاد ہوا ام حرام بھی غازیوں میں داخل تھیں پھر جہاز سے اترکے سواری سے گر پڑیں اور مرگئیں **ق** اَبُوهُرَيْرَةَ نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ اِذْ قَالَ رَبِّ
اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا لَقَدْ كَانَ يَاْوِيْ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ وَّلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ
طُوْلَ مَا لَبِثَ يُوْسُفُ لَاَجَبْتُ الدَّاعِيَ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ابراہیم سے زیادہ ہم شک کرنیکے لائق ہیں جب ابراہیم نے کہا کہ اے رب مجھکو
دکھلا دے کہ تو مردونکو کیونکر زندہ کرتا ہے خدا نے فرمایا کیا تجھکو اسکا یقین نہیں ابراہیم نے کہا یقین کیوں نہیں لیکن یہہ تمنا اسواسطے ہے کہ دل کو اطمینان ہو جاوے اور خدا رحم کرے لوط پر
اونسے آرزو کی تھی کہ مضبوط مکان میں پناہ پکڑتے اور اگر مجھکو قید خانے میں پڑا رہنا پڑتا اتنی مدت جتنی یوسف کو تو بلانے والے کی بات مان لیتا یعنی انکار نہ کرتا اور اوسکے ساتھ چلا جاتا **ف** حضرت نے
حضرت ابراہیم کا ذکر کرکے ایک شبہہ دفع کیا یعنی اگر کوئی کہے کہ حضرت ابراہیم کو مردہ جلانے میں شک تھی اسواسطے دیکھنے کی درخواست کی اور ہمارے نبی نے کبھی ایسی خواست نہیں کی تو حضرت
نے یہہ شبہہ اسطرح دفع کیا کہ مجھکو تو مردے زندہ ہونے میں کچھہ تردد اور شک نہیں تو ابراہیم کو بطریق اولی نہ تھی اور اگر اونکو شک ہوتی تو ہمکو بھی البتہ ہوتی اور حضرت لوط کا قصہ یہہ ہے
کہ جب کافرون نے حضرت لوط کے مہمانوں کی بےحرمتی چاہی تو حضرت لوط نہایت غمگین ہوئے اور گھبرائے اور یہہ تمنا اوسوقت کی کہ کاش مجھکو دفع کفار کا زور ہوتا یا پناہ کے واسطے
کوئی محفوظ مکان ملتا حضرت نے اس قصے کیطرف اشارہ کیا کہ خدا اونپر رحم کرے کہ غیر خدا پر اعتماد کرنا یعنے محفوظ مکان کی تمنا کرنا شان نبوت کے مناسب نہ تھا اور حضرت یوسف کا قصہ
یہہ ہے کہ جب زلیخا کی مطلب براری حضرت یوسف سے نہوئی تو اوسنے اونکو قید کروا دیا تہمت لگاکر چودہ برس قید رہے جب بادشاہ کے نزدیک حضرت یوسف کا کمال خواب کی تعبیر کہنے سے معلوم ہوا
تو بادشاہ نے اونکو بلایا حضرت یوسف بلانے والے کے ساتھہ نہ گئے چاہا کہ اول بےقصوری ثابت ہو تب قید خانے سے نکلیں چنانچہ بعد تحقیق عصمت اور پاکدامنی کے بادشاہ پاس گئے
حضرت نے اس حدیث میں حضرت یوسف کی تحمل اور صبر کی تعریف کی باوجود طول حبس کے بدون تحقیق قید خانے سے نکلنے میں اسقدر توقف کیا تھا میں نہ کرتا بلانے والے کے ساتھ چلا جاتا **م** اَبُوذَرٍّ
نُوْرٌ اَنّٰى اَرَاهُ **ق** لَهُ حِيْنَ سَاَلَهُ هَلْ رَاَيْتَ رَبَّكَ مسلم میں ابوذر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا نور ہے میں اوسکو کیونکر دیکھتا یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب
ابوذر نے پوچھا کہ حضرت نے اپنے رب کو کیا دیکھا تھا **ف** یعنے اوسکی ذات پاک پر نور جلال کے پردے ہیں دنیا میں آنکھہ کو دیکھنے کی طاقت کہاں **خ** اَبُوْسَعِيْدٍ وَّيْحَ عَمَّارٍ يَدْعُوْهُمْ اِلَى
الْجَنَّةِ وَيَدْعُوْنَهٗ اِلَى النَّارِ بخاری میں ابوسعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس ہے عمار پر وہ تو اونکو بہشت کی طرف بلاویگا اور وے لوگ اوسکو دوزخ کی طرف
بلاوینگے **ف** جب علی مرتضی رض اور معاویہ سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے معلوم ہوا کہ امام برحق کی اطاعت دخول جنت کا سبب ہے اور بغاوت اور نافرمانی دخول دوزخ کا سبب ہے
ق اَبُوْسَعِيْدٍ وَّيْحَكَ اِنَّ الْهِجْرَةَ شَاْنُهَا شَدِيْدٌ فَهَلْ لَّكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَتُعْطِيْ صَدَقَتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تَمْنَحُ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ
قَالَ فَتَحْلُبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَّرَاءِ الْبِحَارِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَّتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا **ق** لِلْاَعْرَابِيِّ سَاَلَهُ عَنِ الْهِجْرَةِ بخاری اور
مسلم میں ابوسعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وائے تیرا حال تو البتہ ہجرت کا امر تو نہایت سخت ہے سو کیا تیرے پاس اونٹ ہیں اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا تو اونکی زکوۃ دیا
کرتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا بھلا اونکو دودھ پینے کے واسطے عاریۃ بھی دیتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا پانی پلانے کے دن اونکا دودھ دوہتا ہے یعنی محتاجوں کو دیتا ہے
اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا تو اسیطرح کیا کر اپنے دیہات میں جو شہروں سے پرے ہے سو بیشک خدا تیرے عمل سے کچھہ نہ گھٹاویگا یہہ حضرت نے ایک دیہاتی عرب سے فرمایا جب اوسنے
ہجرت کا حال پوچھا **ف** قرآن حدیث میں مہاجرین کی فضیلت بہت سنکر اوسکو بھی ہجرت کا شوق ہوا حضرت نے اوسکے استعداد دنیائی نہ وطن چھوڑکے ہجرت کی تکلیفیں
اوٹھا سکے گا اسواسطے ہجرت سے منع کیا اور فرمایا کہ اپنے وطن میں زکوۃ اور خیرات دیا کر حضرت نے نماز روزے کا اوس سے ذکر نہیں کیا اسواسطے کہ جو شخص زکوۃ اور خیرات دیتا ہے
نماز روزہ کہ اسمیں کچھہ مال نہیں خرچ ہوتا ہے بطریق اولی کرتا ہوگا **ق** اَبُوْبَكْرَةَ وَيْحَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ وَيْحَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ **ق** لَهُ
مرارا بخاری اور مسلم میں ابوبکرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹی ہائی تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹی یہہ حضرت نے کئی بار فرمایا **ف** ایک

کہیں خشک رہ گئے تھے وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خرابی ہی کونچون کو دوزخ سے یعنی اگر وضو میں کونچین
بے دہلی رہ جاوینگے تو دوزخ میں جلینگے ف ان دونون حدیثون سے صاف معلوم ہوا کہ تمام قدم کا دہونا وضو میں فرض ہی تھوڑا بھی خشک رہنا ایسا گناہ ہی کہ اوسکا انجام دوزخ ہی ان دونوں
حدیثون سے معلوم ہوا کہ وضو کی آیت سے شیعہ جو قدم کا مسح سمجھتے ہیں سو غلطی ہی قرآن کا مطلب حضرت سے بہتر کون سمجھ سکتا ہی ق زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ
قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَاجُوجَ وَمَاجُوجَ مِثْلُ هٰذِهِ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا فَقَالَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَهْلِكُ
وَفِينَا الصَّالِحُونَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ بخاری اور مسلم میں حضرت زینب بنت جحش رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خرابی ہی عرب کو اوس بلا سے جو نزدیک ہو چلی یاجوج
ماجوج کی دیوار سے آج کہل گیا اسکے برابر اور حضرت نے اپنے انگوٹھے اور کلمہ کی انگلی کا حلقہ بنایا یعنی اس حلقے کے برابر اوس دیوار میں سوراخ ہو گیا تو حضرت زینب نے کہا کہ یا حضرت
کیا ہم مٹ جاوینگے اور حالانکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے حضرت نے فرمایا ہان جب بدکاری غالب ہو جاویگی یعنی جب لواطہ و بدکاری عالم میں کثرت سے ہوئی اور نیک لوگ کم ہو گئے تو نیک
اور بد سب ہلاک ہو جاتے ہین ف حضرت زینب سے روایت ہی کہ حضرت سونے سے جاگے اور چہرہ مبارک خوف سے سرخ تھا فرماتے تھے لا اله الا الله پھر یہہ حدیث فرمائی حضرت کے وقت سے
اوس دیوار میں سوراخ ہوا اور روز بروز اوسکی ترقی ہی یہانتک کہ قیامت کے قریب وہ ہو جاویگی یاجوج ماجوج نکلکر سارے عالم کو تباہ کرینگے ہر چند وہ بلا عالمگیر ہی لیکن حضرت نے عرب کا نام
خاص اسواسطے لیا کہ عرب سے یاجوج ماجوج کو حضرت کے سبب سے زیادہ تر عداوت ہوگی م أَبُو سَعِيدٍ هٰذَا أَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ يَعْنِي الرَّجُلَ
الَّذِي يُجَادِلُ الدَّجَّالَ مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ شخص سب لوگون سے بڑا شہید ہی رب العالمین کے نزدیک یعنی وہ شخص جو دجال سے جھگڑیگا ف صحیح
مین روایت ہی کہ جب دجال ظاہر ہوگا تو ایک مرد ایماندار اوسکے پاس آویگا اور لوگون سے کہیگا کہ یہہ تو دجال ہی جسکا ذکر حضرت کر چکے ہین تو دجال اوس مومن کو خوب زد و کوب کروا کے
بلاویگا اور کہیگا کہ اب بھی تو میرا ایمان لاویگا مومن کہیگا تو مسیح کذاب ہی پھر دجال اوسکے سر پر آرہ رکھوا کر چیر ڈالیگا بعد اوسکے زندہ کریگا پھر کہیگا کہ تو میرا ایمان لا مومن
کہیگا اب تو مجھکو زیادہ تر یقین ہو گیا تیری کذب اور کفر کا یعنی اسکی بھی حضرت خبر دے گئے ہین کہ دجال ایک شخص کو مار کے زندہ کریگا سو معلوم ہوا کہ وہ شخص میں ہون پھر مومن
کہیگا کہ ای لوگو اب میرے بعد اوسکو کسیکے مارنے جلانے کی طاقت نہو گی پھر دجال اوسکو پکڑیگا کہ ذبح کرے سو نہ ذبح کر سکیگا پھر اوسکو آگ میں ڈالدیگا لوگ جانینگے کہ وہ آگ میں
جا اور جلا لیکن وہ باغ میں ہوگا پھر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا کے نزدیک اس مومن کی شہادت نہایت عمدہ ہی خ ابْنُ مَسْعُودٍ هٰذَا الْإِنْسَانُ وَهٰذَا أَجَلُهُ
مُحِيطٌ بِهِ أَوْ قَدْ أَحَاطَ بِهِ وَهٰذَا الَّذِي هُوَ خَارِجٌ أَمَلُهُ وَهٰذِهِ الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْأَعْرَاضُ فَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا وَإِنْ أَخْطَأَهُ
هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا ق لِحِينِ خَطَّ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسَطِ خَارِجًا مِنْهُ وَخَطَّ خُطَطًا صِغَارًا إِلَى هٰذَا الَّذِي فِي الْوَسَطِ بخاری میں عبد الله
بن مسعود رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ آدمی ہی اور یہہ اوسکی موت ہی جو اوسکو گھیری ہی اور یہہ خط جو باہر نکلا ہی سو آدمی کی امید اور تمنا ہی اور یہہ چھوٹے چھوٹے
لکیرین مصیبت اور آفات ہین سو اگر یہہ آفت چوکی تو اوس آفت نے آدمی کو کاٹا اور اگر وہ چوکی تو اسنے کاٹا یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب چوکھنٹی لکیر کھینچے اور ایک لکیر
اوسکے اندر ایسی کھینچی کہ مربع کے باہر نکل گئی اور بیچ والی لکیر سے ملا کر چھوٹی چھوٹی لکیرین کھینچین اس طرح سے ف اس حدیث مین حضرت نے آدمی کی حرص اور حماقت بیان کی
کہ باوجودیکہ موت تو ہر طرف سے گھیری ہی اور صدہا آفات اور مصائب پیش ہین اگر ایک بلا سے بچا تو دوسرے سے نہین بچ سکتا پھر بھی ترک دنیا اور قناعت نہین
کرتا حرص کا یہہ عالم ہی کہ پچاس برس کی عمر نہین لیکن صدہا برس کا سامان کرتا ہی آدمی کمال غافل اور نہایت عاقبت نااندیش ہی ق عائشة هٰذَا الْحِمَالُ لَا حِمَالَ خَيْبَرَ
هٰذَا أَبَرُّ رَبَّنَا وَأَطْهَرُ كَانَ يَتَمَثَّلُ بِهِ عِنْدَ نَقْلِهِ اللَّبِنَ فِي بُنْيَانِ الْمَسْجِدِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ بوجھ ہمارا
افضل ہی کہ خیبر کا بوجھ ای ہمارے رب یہہ نیکتر اور پاکتر ہی حضرت یہہ فرماتے تھے اپنی مسجد کی تعمیر میں اینٹین لاتے وقت ف مدینے کے لوگ خیبر سے خرمے لادلاتے تھے سو فرمایا کہ مسجد کے
واسطے اینٹین لانا خیبر سے خرمے لانے سے بہتر اور افضل ہی کہ اسمین دنیا کی فلاح ہی اور اسمین آخرت کی خ عائشة هٰذَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْمَنْزِلُ قَالَ حِينَ بَرَكَتْ نَاقَتُهُ
عِنْدَ مَوْضِعِ الْمَسْجِدِ بخاری میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر خدا نے چاہا تو یہی رہنے کا مکان ہوگا یہہ حضرت نے اوس وقت فرمایا جب آپکی اونٹنی مسجد کی جگہہ پر
بیٹھ گئی ف حضرت جب مکے سے ہجرت کی اور مدینے میں تشریف لائے تو مدینے کے ہر ایک رئیس نے درخواست کی کہ حضرت ہمارے مکان میں تشریف رکھیں حضرت نے
فرمایا مجھکو اسمین اختیار نہین جہان خدا کی مرضی ہوگی وہین یہہ اونٹنی بیٹھ جاویگی سو جہان حضرت کی اب مسجد ہی وہین اونٹنی بیٹھ گئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
ابو ایوب انصاری کا گھر وہان سے قریب تھا حضرت وہان چند مدت رہے پھر مسجد کی تعمیر کی اور وہین گھر بنایا اور وہین قبر مبارک ہوئی خ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذَا جِبْرِيلُ
آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ وَعَلَيْهِ أَدَاةُ الْحَرْبِ بخاری میں عبد الله بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جبرئیل ہی اپنے گھوڑے کا سر تھامے ہی اور اوپر
لڑائی کی ہتھیار ہین ف حضرت نے جنگ خندق کے بعد جب بنی قریظہ پر چڑھائی کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی باقی اسکا قصہ تیسرے باب میں گذرا م الْعَبَّاسُ بْنُ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هٰذَا حِينَ حَمِيَ الْوَطِيسُ ق له يَوْمَ حُنَيْنٍ مسلم میں حضرت عباس بن عبد المطلب سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ وقت ہی کہ تنور بھڑکا
یعنی تنور جنگ خوب گرم ہوا بہت گھمسان کی لڑائی ہوئی یہہ حضرت نے جنگ حنین کے دن فرمایا ف پھر حضرت نے چند سنگریزے کفار کی طرف پھینکے اور فرمایا کہ کفار بھاگے

شخص ملبث کیا تو اونے کفار قریش سے کہا کہ یہہ لوگ تو زیارت ہی کرنے کو آئے ہیں قربانیان اونکے ساتھہ ہیں یہہ انا قریش نے مکرز بن حفص کو خبر تحقیق کرنیکے واسطے بھیجا
باقی اسکا قصہ کتابوں میں مذکور ہوچکا ق مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ هٰذَا يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ وَلَمْ يَكْتُبِ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ وَأَنَا صَائِمٌ فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ
يَصُوْمَ فَلْيَصُمْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُفْطِرَ فَلْيُفْطِرْ بخاری و مسلم میں معاویہ بن ابو سفیان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا عاشورے کا دن ہے اور خدا نے اسکا
روزہ تم پر فرض نہیں کیا اور میں روزہ دار ہوں سو جو شخص تم میں سے روزہ رکھا چاہے سو رکھے اور جو شخص کہ تم میں سے نہ روزہ رکھا چاہے سو نہ رکھے ف عاشورا محرم کی دسوین تاریخ کا نام
ہے اوسکا روزہ فرض نہیں سنت ہے حضرت نے اوسکے روزے رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیا تاکہ معلوم ہو کہ سنت موکدہ نہیں ق أَبُوْ هُرَيْرَةَ هٰذِهٖ صَدَقَاتُ قَوْمِيْ
يَعْنِيْ بَنِيْ تَمِيْمٍ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ صدقے میری قوم کے ہیں یعنی بنی تمیم کے ف جب قوم بنی تمیم کی زکوۃ کی مال آئی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی بنی تمیم کو حضرت نے اپنا قوم اسواسطے فرمایا کہ وے مضر کی اولاد میں اور مضر حضرت کے اجداد میں ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ حضرت کے ننہال سے بنی تمیم کو قرابت ہے
خ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ سَوَاءٌ يَعْنِي الْخِنْصَرَ وَالْإِبْهَامَ بخاری میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ اور یہہ برابر ہے یعنی
چھنگلی اور انگوٹھا خون بہے میں برابر ہے ف آدمی کا پورا خون بہا ہزار دینار یا دس ہزار درم یا سو اونٹ اور انگلی کا خون بہا دسوان حصہ پوری دیت یعنی سو دینار یا ہزار درم
یا دس اونٹ خلاصہ یہہ کہ دیت سب انگلیون کی برابر ہے چھوٹی ہون یا بڑی ق ابْنُ عَبَّاسٍ هَلَّا أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوْهُ فَانْتَفَعْتُمْ بِهٖ يَعْنِيْ شَاةً
لِمَيْمُوْنَةَ مَيْتَةً بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم نے اوسکی کھال کیون نہ لی سو اوسکو تم پاک صاف کرتے پھر اوسکو اپنے کام میں لاتے یعنی حضرت
میمونہ رض کی مردہ بکری ف حضرت میمونہ کی بکری مر گئی اوسکو گھوڑی پر ڈال دیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مرے جانور کی کھال صاف کرنیکے بعد کام میں لانے کے لائق ہے موت سے کھال
حرام نہیں ہوتی خ أَبُوْ هُرَيْرَةَ هَلَاكُ أُمَّتِيْ وَيُرْوٰى هَلَكَةُ أُمَّتِيْ عَلٰى يَدَيْ غِلْمَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت
کی ہلاکی قریش کی لونڈون کے ہاتھہ سے ہوگی ف صحیح بخاری میں روایت ہے کہ مدینہ میں حضرت کی مسجد کے اندر مروان کے روبرو ابو ہریرہ رض نے یہہ حدیث بیان کی مروان نے کہا خدا اونپر
لعنت کرے کیا وے لونڈے ہونگے ابو ہریرہ نے کہا اگر میں چاہوں تو اونکے نام بھی لے دون کہ فلانا اور فلانا ف یعنی قریش کی قوم سے چند نوجوان خدا ناترس بے عقل حاکم ہونگے مسلمانون کی
بے عزتی اور خونریزی ناحق کرینگے جیسے یزید پلید اور اکثر مروان کی اولاد اور بعضے عباسی بادشاہ یہہ حدیث معجزہ ہے کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا چنانچہ اسکا مفصل حال
تاریخ میں مذکور ہے ق أَبُوْ هُرَيْرَةَ هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِيْ عَلَى الدَّجَّالِ يَعْنِيْ بَنِيْ تَمِيْمٍ بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت میں وے بہت
سخت ہیں دجال پر یعنی بنی تمیم یعنی جب دجال نکلیگا تو بنی تمیم کی قوم پر اوسکا قابو نہ چلیگا ق أَبُوْ ذَرٍّ هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ مَنْ هُمْ قَالَ هُمُ الْأَكْثَرُوْنَ أَمْوَالًا إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ
وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ مَا مِنْ صَاحِبِ إِبِلٍ وَلَا بَقَرٍ وَلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّيْ زَكٰوتَهَا إِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَعْظَمَ مَا كَانَتْ وَأَسْمَنَهُ تَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا
وَتَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا كُلَّمَا نَفِدَتْ أُخْرَاهَا عَادَتْ عَلَيْهِ أُوْلَاهَا حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ بخاری اور مسلم میں ابو ذر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وے
نہایت زیان کار اور بڑی ٹوٹی والے ہیں قسم ہے رب کعبے کی تو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ پر میرے ماں باپ قربان وے زیانکار کون ہیں حضرت نے فرمایا وے بڑے مالدار مگر وہ زیانکار نہیں جو کہ اسطرح اور اسطرح
اور اسطرح اپنے آگے سے اور پیچھے سے اور اپنے داہنے سے اور بائیں سے اور ایسے لوگ تو کم ہیں جو اونٹ اور گائے اور بکری کا مالک اونکی زکوۃ نہ دیگا تو قیامت میں وے جانور دنیا سے بہت بڑے
اور نہایت موٹے ہوکر آوینگے اوسکو کوچنینگے اپنی سینگون سے اور اوسکو روندینگے اپنی ٹاپون سے اور کھرون سے جب پچھلے جانور گذر چکینگے تو پہلے جانور پھر پلٹ آوینگے اسیطرح کو یہی نوبت
کرینگے یہانتک کہ آدمیون میں فیصلہ ہو چکیگا ف ابو ذر رض سے روایت ہے کہ حضرت کعبے کے سایہ میں بیٹھے تھے تو جب مجھکو حضرت نے دیکھا تب یہہ حدیث فرمائی یعنی سخی
مالدار تو کم ہیں اکثر بخیل ہیں جو نہ زکوۃ دیوینگے نہ محتاجون کی خبر لیوینگے جب قیامت کے عذاب میں گرفتار ہونگے تب اونکی زیانکاری ثابت ہوگی خ أَبُوْ هُرَيْرَةَ هُمَا مِنْ طَعَامِ
الْجِنِّ وَإِنَّهٗ أَتَانِيْ وَفْدُ جِنِّ نَصِيْبِيْنَ وَنِعْمَ الْجِنُّ فَسَأَلُوْنِي الزَّادَ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ لَهُمْ أَنْ لَا يَمُرُّوْا بِعَظْمٍ وَلَا بِرَوْثَةٍ إِلَّا وَجَدُوْا عَلَيْهَا طَعَامًا
ق لِلْجِنِّ قَالَ لَا تَأْتِنِيْ بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثَةٍ فَقَالَ مَا بَالُ الْعَظْمِ وَالرَّوْثَةِ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وے دونون یعنی
ہڈی اور لید جن کا کھانا ہے اور اسکا حال تو یون ہے کہ میرے پاس شہر نصیبین کے جنون کے ایلچی آئے اور وے خوب جن ہیں سو لوگون نے مجھسے کھانا مانگا تو میں نے اونکے واسطے خدا
سے مانگا کہ وے جس ہڈی اور لید پر ہوکر نکلیں وہ سب اپنی خوراک پاوین یہہ حضرت نے ابو ہریرہ رض سے فرمایا جب کہ حضرت نے اون سے فرمایا کہ میرے پاس ہڈی اور لید نہ لانا تو ابو
ہریرہ رض نے کہا کہ ہڈی اور لید لانیکا کیا سبب ہے ف ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ میرے واسطے ڈھیلے لا تاکہ میں طہارت کرون اور ہڈی اور لید مت
لا تب میں نے اسکا سبب پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی نصیبین ایک شہر کا نام ہے وہان کے جن مسلمان ہوتے تھے اسواسطے حضرت نے اونکی تعریف کی اور دعا کی حضرت
کی دعا سے ہڈی پر گوشت جم جاتا ہے اسکو جن کھاتے ہیں اور لید گھاس ہو جاتی ہے اوسکو اونکے جانور کھاتے ہیں تو اس سبب سے ہڈی اور لید سے استنجا منع ہوا ق أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ
هُوَ رِزْقٌ أَخْرَجَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فَهَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهٖ شَيْءٌ فَتُطْعِمُوْنَا قَالَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ فَأَرْسَلْنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَكَلَ

اور ہم پر بہوک غالب ہوئی تو سمندر نی ایک مردہ مچھلی باہر ڈالدی ویسی بڑی مچھلی ہمنے کبھی نہ دیکھی تھی اوسکی پسلی لی تی سے گھوڑے کا سوار گذر جاتا تھا
اول اوسکی حلال ہونے میں تردد ہوا بعد اسکی اضطرار کی سبب سے اوسکو کھانا شروع کیا ہم تین سو آدمی تھی مہینہ بھر وہاں رہے اور کھایا کیے جب ہم مدینے میں
آئے تو حضرت سے یہہ قصہ نقل کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی امام اعظم کے مذہب میں اگر مچھلی بے سبب مرجائے اور پانی پر اتر آوے تو حلال نہیں اور اگر کسی
اور سبب سے مرجاوے تو حلال ہے **ف** حسن صغانی اس کتاب کی مصنف نے کہا کہ خدا اسکی امیدوں کو اپنی قدرت سے بر لاوے اور اپنی حجت اور دلیل سے اوسکی قولوں کو سچا کری
کہ میں اپنی فرش پر لیٹا اتوار کی رات شہر ربیع الاول کی گیارہویں تاریخ سن چھہ سو بائیس ٦٢٢ ہجری میں اور میں نے کہا کہ الٰہی مجھکو آج کی رات اپنی پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب
میں دکھلا دے کہ اسکی دیدار کو میرا اشتیاق تو جانتا ہے تو رات کو ایک نیند کے بعد میں نے دیکھا کہ گویا میں اور حضرت ایک بالاخانے پر ہوں اور چند لوگ
تیرہ ساتھ کے ہم سے نیچی بالاخانے کی سیڑھی پاس موجود ہیں تو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیا فرماتے ہیں مردہ مچھلی کی مقدمے میں جسکو سمندر نے باہر ڈالا کیا وہ حلال ہے تو حضرت
نے مسکراتی فرمایا کہ ہاں حلال ہی تو میں نے عرض کی اور جو لوگ کہ سیڑھی کی نیچی ہیں اونکی طرف اشارہ کیا کہ میرا ان ساتھیوں سی فرمادیجی کہ یہ لوگ مجھکو سچا نہیں جانتے
تو حضرت نی فرمایا کہ تونی مجھکو گالی دی اور ان لوگوں نے مجھکو عیب لگایا تو میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ یہ کیوں کری تو حضرت نی کچھہ کلام کیا کہ اوسکی لفظیں مجھکو یاد نہیں ہیں
ولیکن اوسکا مطلب یہی تھا کہ تونی میری حدیث ان لوگوں سے بیان کی جو اوسکو نہیں قبول کرتی یعنی نا اہلوں کی روبرو حضرت کی حدیث نقل کر ناگمان بے ادبی ہی گالی
دینی کی برابر پھر حضرت اُن لوگوں کی طرف متوجہ ہوی اونکو ملامت اور نصیحت کرنی لگی پھر میں نے اس رات کی فجر کو کہا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ اس
کی بعد میں حضرت کی حدیث کو کسی سی بیان کروں مگر اونہیں لوگوں سے کہونگا کہ جو اپنی اختلافات میں حضرت ہی کو حکم اور فیصلہ کرنے والا جانتے ہیں پھر اپنی دلوں
میں حضرت کی حکم اور فیصلے سے کچھہ تنگی اور اُداسی نہیں پاتی اور اپنا کاروبار سب حضرت ہی کو سونپتی ہیں دل سے مان کر **ف** مصنف کی خواب سے بھی معلوم ہوا کہ
ایسی مچھلی حلال ہی اور ثابت ہوا کہ حضرت کی حدیث نا اہلوں کے روبرو بیان کرنا بے ادبی ہی مشتاق دیداری کیے نا اہل کی روبرو ضائع نکری **ق** الْعَبَّاسُ بْنُ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ وَلَوْلَا أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ يَعْنِي أَبَا طَالِبٍ بخاری اور مسلم میں عباس بن عبد المطلب سی
ہی کہ حضرت نی فرمایا کہ وہ یعنی ابو طالب دوزخ کی پایاب یعنی چھچھلی آگ میں ہی اور اگر میں نہ ہوتا تو دوزخ کی نیچی تہ میں ہوتا **ف** ابو طالب نے حضرت کو پرورش کیا اور
ہمیشہ حضرت کی حامی اور مددگار رہی اس واسطے دوزخ میں اون پر کمتر ہلکا عذاب ہوا **ق** أَنَسٌ هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ يَعْنِي لَحْمًا تُصُدِّقَ
بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ بخاری اور مسلم میں انس رض سی روایت ہی کہ حضرت نی فرمایا کہ وہ گوشت اسکے حق میں صدقہ ہی اور ہماری واسطے تحفہ ہی یعنی وہ گوشت جو بریرہ کو صدقہ
ملا تھا **ف** بریرہ حضرت عائشہ رض کی خادمہ تھی اسکو زکوۃ کا گوشت ملا تھا حضرت نے اسکو کھایا اور یہ فرمایا یعنی جب زکوۃ کا اول محتاج مالک ہوا پھر اسنے غنی یا ہاشمی کو
دیا تو درست ہی **م** حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيُّ هِيَ رُخْصَةٌ مِنَ اللهِ فَمَنْ أَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَصُومَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ **قَالَهُ**
لَهُ حِينَ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَجِدُ بِي قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ مسلم میں حمزہ بن عمرو رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سفر
میں افطار کرنا رخصت ہی خدا کی طرف سے سو جو اس رخصت کو لیوے تو اچھا ہی اور جو کہ روزہ رکھا چاہے تو اس پر کچھ گناہ نہیں یہ حضرت نی حمزہ سے کہا جب اونی
کہا تھا کہ یا رسول اللہ میں اپنی اندر سفر میں روزہ رکھنی کی قوت پاتا ہوں سو کیا مجھہ پر گناہ ہی روزہ رکھنی میں **ف** یعنی تخفیف اور آسانی کی واسطی خدا نی روزہ کھانی کی
سفر میں اجازت دی ہی یہ حکم فرض نہیں سفر میں روزہ رکھنی نہ رکھنے میں آدمی کو اختیار ہی **م** أَبُو مُوسَى هِيَ مَا بَيْنَ أَنْ يَجْلِسَ الْإِمَامُ إِلَى أَنْ تُقْضَى
الصَّلٰوةُ يَعْنِي سَاعَةَ الْجُمُعَةِ مسلم میں ابو موسی رض سی روایت ہی کہ حضرت نی فرمایا کہ جمعہ کی مقبول ساعت امام کی بیٹھنی سی نماز کی ادا ہوی تک
ہی **ف** بہت احادیث میں ثابت ہی کہ جمعہ میں ایک ایسی ساعت کہ مسلمان جو دعا کرے سو قبول ہوتی ہی لیکن اسمیں اختلاف ہی کہ وہ ساعت کون
ہی سو دو قول اون میں نہایت صحیح ہیں ایک تو یہ کہ وہ ساعت اوس وقت سی ہی جب امام منبر پر بیٹھے یہاں تک کہ نماز ہو چکی اس قول کی سند یہی حدیث ہی دوسرا قول
یہ کہ وہ ساعت جمعہ کی اخیر ساعت ہی جب آفتاب ڈوبنی لگی چنانچہ عبد اللہ بن سلام سے اس مضمون کی حدیث منقول ہی اکثر علما کی نزدیک دوسرا قول نہایت قوی ہی
چنانچہ اسکی تفصیل صراط المستقیم سفر السعادت کی شرح میں موجود ہی جسکو تحقیق کا شوق ہو او سکو دیکھی **خ** أَبُو هُرَيْرَةَ يَمِينُ اللهِ مَلْأَى لَا تَغِيضُهَا
نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَمِينِهِ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ
وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْقَبْضُ أَوِ الْفَيْضُ يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ بخاری میں ابو ہریرہ رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی قدرت کا داہنا ہاتھ
بھرا ہی خرچ کرنا اسکو کم نہیں کرتا دست قدرت شب و روز فیض ڈالنی والا ہی یعنی ہر دم فیض کا دریا جاری ہی بھلا دیکھو تو کہ جو خدا نے خرچ کیا جبسی کہ آسمانوں اور
زمین کو بنایا کہ اتنی خرچ نے تو اسکے داہنے ہاتھ میں سے کچھ نہیں کم کیا اور حالانکہ یہ فیض اس وقت سے ہی کہ عرش خدا پانی پر تھا یعنی ازل سی اور خدا کی دوسری
ہاتھ میں ہے کمی بیشی یوں فرمایا کہ فیض ہی کسیکو اٹھاتا ہی اور کسیکو جھکاتا ہی **ف** یعنی کشایش اور تنگی دونوں خدا کی صفتیں ہیں **م** أَبُو هُرَيْرَةَ

عوض اوسکو میں بہشت دونگا **ف** دونوں آنکھیں آدمی کو بہت پیاری ہیں انکا بھوٹ جانا یعنی اندھی کا کم ہونا اس پر نہایت شاق ہی جو اسی ایسی سخت مصیبت پر صبر کیا اپنی مالک کا شکوہ نکیا تو اس واسطے اسکا بدلا بہشت کو مقرر کیا **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اَحَبَّ الْعَبْدُ لِقَائِیْ اَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ وَاِذَا كَرِهَ لِقَائِیْ كَرِهْتُ لِقَاءَهُ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سی روایت ہی کہ حضرت نی فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جب بندی نی میرا ملنا دوست رکھا تو میں بھی اسکا ملنا دوست رکھتا ہوں اور جب اسکو میرا ملنا برا لگا تو مجھکو بھی اوسکا ملنا برا لگتا ہی **ف** یعنی ایمان دار کو مرتی وقت مغفرت کی بشارت ہوتی ہی تو وہ موت کا اور خدا کی حضوری کا مشتاق ہوتا ہی اور کافر کو مرتی وقت عذاب نظر آتا ہی تو وہ موت سی اور خدا کی حضوری سی گھبراتا ہی **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا تَلَقَّانِیْ عَبْدِیْ بِشِبْرٍ تَلَقَّيْتُهُ بِذِرَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِیْ بِذِرَاعٍ تَلَقَّيْتُهُ بِبَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِیْ بِبَاعٍ جِئْتُهُ بِاَسْرَعَ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جب میرا بندہ میری آگے بالشت بھر بڑھتا ہی تو میں اسکے آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہوں اور جب وہ میری آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہی تو میں اسکے آگے دونوں ہاتھوں کی پھیلاؤ برابر بڑھتا ہوں اور جب وہ میری آگے دونوں ہاتھوں کی پھیلاؤ برابر بڑھتا ہی تو میں اسکے پاس اس سے بھی زیادہ جلدی بڑھتا ہوں **ف** یعنی جتنا بندہ خدا کی طرف متوجہ ہوتا ہی تو اوس کا دونا چوگنا خدا بندے پر متوجہ ہوتا ہی اسکا مددگار ہوکر دین کی مشکل کام اس پر آسان کردیتا ہی اس حدیث میں نیک کام کی ترغیب ہی جس سے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہی **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا هَمَّ عَبْدِیْ بِسَيِّئَةٍ فَلَا تَكْتُبُوْهَا عَلَيْهِ فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا سَيِّئَةً وَاِذَا هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا فَاكْتُبُوْهَا حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا عَشْرًا مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرشتوں سے فرماتا ہی کہ جب بندہ بدی کا قصد کرے تو اسکو اوس پر مت لکھو اور اگر اوسنے اوس کام کو کیا تو ایک بدی لکھو اور جب اوسنے نیکی کا قصد کیا اور اس پر عمل نکیا تو ایک نیکی لکھو اور اگر اوسنے نیک کام کیا تو دس نیکیاں لکھو **ف** سبحان اللہ کیا اوسکی رحمت اپنے بندوں پر بے حساب ہے کہ بدکام کی قصد کو نہ لکھا دی اور نیک کام کی قصد کو بدون کئے لکھا دے اور بدی کو ایک ہی رکھے اور نیکی کو دس گنا کر ڈالے لیکن اسکو دریافت کیا چاہئے کہ بدی کا قصد البتہ نہیں لکھا جاتا لیکن اگر بدی کی قصد پر عزم مصمم ہوگیا یعنی اسکا ارادہ بزور خوب سل دل میں ٹہن گیا ہو تو اسکے دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ بعد عزم مصمم ہونے کے اوس بد کام کو خوف الٰہی سے عمل میں نلایا اور اوس پر شرمندہ ہوا تو ایک نیکی لکھی جاویگی اسواسطے کہ اوسنے خدا کے واسطے اپنی خواہش نفسانی کو ملا دیا دوسری صورت یہ کہ بدی کا عزم مصمم ہوا خوف الٰہی کے کسی اور سبب سے فرصت نہ پایا تو بیشک ایک گناہ لکھا جاویگا جیسے کسی نے رات کو اپنی دل میں یہ عزم مصمم کیا کہ میں کل فلانے کو قتل کرونگا یا فلانی عورت سے حرام کرونگا اور اسی رات کو وہ مرگیا یا وہ عورت مرگئی تو اس پر قصد قتل اور حرام کا گناہ ثابت ہوا چنانچہ یہ مطلب اور حدیثوں میں صاف مذکور ہی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَعْدَدْتُ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں نے تیار کر رکھا ہی اپنی نیک بندوں کے لئے جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل میں خیال گذرا **ف** یعنی بہشت میں نیکوں کے واسطے ایسے عمدہ نعمتیں ہیں کہ اون کی مانند دنیا میں کوئی چیز نہیں جسکو مثال دیجیے + چہ نسبت خاک را بعالم پاک + **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَكَ فِيْهِ مَعِیَ غَيْرِیْ تَرَكْتُهُ وَشِرْكَهُ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں بہ نسبت اور شریکوں کی نہایت بے پرواہ ہوں ساجھی سے جسنے کوئی ایسا عمل کیا جس میں میرے ساتھ میرے غیر کو ملایا اور ساجھی کیا تو میں اسکو اور اوسکی ساجھی کے کام کو چھوڑ دیتا ہوں **ف** یعنی جو عبادت اور عمل دکھاوے اور ریت کے واسطے ہو وہ خدا کے نزدیک مقبول نہیں معبود وہی خدا اوسی عبادت اور عمل کو مقبول کرتا ہی جو خدا ہی کے واسطے خالص ہو دوسرے کا اس میں کچھ بھی لگاؤ نہو **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَ عَبْدِیْ اِذَا ذَكَرَنِیْ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہی کہ میں اپنے بندے کے گمان اور اٹکل کی پاس ہوں جیسا گمان کہ میرے ساتھ رکھی اور میں اپنے بندے کی ساتھ ہوتا ہوں جس دم کہ مجھکو یاد کرتا ہی **ف** پوری روایت یوں ہی کہ اگر بندہ مجھکو اپنی جی میں یاد کرتا ہی تو میں بھی اوسکو اپنے جی میں یاد کرتا ہوں اور اگر مجھکو مجمع میں یاد کرتا ہی تو میں اسکو اوس مجمع میں یاد کرتا ہوں جو اسکی مجمع سے بہتر ہی یعنی اسکا ذکر فرشتوں اور ارواح انبیا میں کرتا ہوں اس حدیث میں ذکر کی فضیلت ہی اور نیک عمل کی ترغیب ہی جس سے حسن ظن خدا سے حاصل ہو اور یہ نہیں کہ گناہ پر تو اتر جاوے اور یوں کہے کہ خدا مجھکو ضرور بخشیگا اسواسطے کہ اسکا نام رجا اور حسن ظن نہیں بلکہ یہ باطل آرزو اور شیطانی وسواس ہی جیسے کوئی بدون جوتی بونی کے خرمن کی آرزو رکھے تو سودائی اور دیوانہ کہا جاویگا **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنَّ الصَّوْمَ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهِ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ روزہ میرے ہی واسطے ہی اور میں اسکا بدلا دونگا یعنے اوسکا فرشتوں سے بدلا نہ دلاؤنگا خود دونگا **ف** روزے کو خدا نے اپنی طرف اسواسطے نسبت کیا کہ اور عبادت میں جیسے نماز حج میں ریا اور نمود اری کو دخل ہی لیکن روزے میں دخل نہیں کہ اگر روزہ دار ظاہر نہ کرے تو اسکو کوئی نہیں جان سکتا اور دوسرا سبب یہ کہ ہر عبادت میں فرشتے آدمی کی شریک ہیں مگر روزہ میں شریک نہیں اسواسطے کہ انکو بھوکھ پیاس نہیں جسکو روکیں **م** اَنَسٌ اِنَّ اُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ مسلم میں انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ تیری امت کے لوگ ہمیشہ کہتے رہینگے ایسا کیا ہی ایسا کیا ہی یہانتک کہ کہینگے یہ تو خدا ہی جسنے خلق کو پیدا کیا سو خدا

عظمت اور جلال کی سبب سے آج انکو سائے میں رکھونگا اپنی سائے میں جسدن کوئی سایہ نہیں میرے سائے کے سوا **ف** یعنے جو آپس میں فقط محبت رکھتے ہیں اون کی محبت صرف خدا کے واسطے ہی ریا اور طمع دنیا اور خواہش نفسانی سے لوگوں کی محبت پاک ہے وے قیامت کو ایسا عمدہ درجہ پاوینگے کہ خدا کی حمایت اور عرش کے سائے میں ہونگی **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ ثَلٰثَةٌ اَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ اَعْطٰى بِيْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَكَلَ ثَمَنَهٗ وَرَجُلٌ اسْتَاْجَرَ اَجِيْرًا فَاسْتَوْفٰى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِ اَجْرَهٗ بخاری میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ تین شخص کا میں دشمن ہوجاؤنگا قیامت کے دن ایک تو وہ مرد جسنے میرا درمیان دیکر دغا کی اور دوسرا مرد وہ جسنے آزاد آدمی کو بیچا سو اوسکی قیمت کھائی اور تیسرا مرد وہ جسنے کسی مزدور کو مزدوری لگایا پھر اوس سے پورا کام کروالیا اور اوسکی مزدوری نہ دی **ف** خدا کو درمیان دیا یعنے کسی سے قول قسم کی خدا کو درمیان دیکر یا کسی سے قرض لیا خدا کو ضامن دیکر **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَسَمْتُ الصَّلٰوةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ میں نے نماز کو بانٹا اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھوں آدھ اور میرے بندے کے لئے ہے جو مانگے **ف** یعنی بندا یوں ہے کہ جب بندہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعریف کی اور جب الرحمن الرحیم کہتا ہے خدا فرماتا ہے کہ میرے بندے نے میری ثنا اور صفت کی اور جب مالک یوم الدین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری بڑائی بیان کی اور جب ایاک نعبد وایاک نستعین کہتا ہے تو خدا فرماتا ہے کہ یہ آیت میری اور میرے بندے کے درمیان ہے یعنے عبادت خدا کو اور مدد کا فائدہ بندے کو اور جب اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہتا ہے خدا فرماتا ہے یہ میرے بندے کی واسطے ہی ہے یعنے ... فاتحہ میں دو مطلب ہیں ایک حمد و ثنا ... تو حمد و ثنا خدا کے واسطے ہے اور دعا مانگنے کے واسطے بھی سو اسی واسطے فرمایا کہ نماز یعنے سورہ فاتحہ میرے اور میرے بندے کی درمیان آدھوں آدھ ہی **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَذَّبَنِي ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ فَاَمَّا تَكْذِيْبُهٗ اِيَّايَ فَقَوْلُهٗ لَنْ يُّعِيْدَنِيْ كَمَا بَدَاَنِيْ وَلَيْسَ اَوَّلُ الْخَلْقِ بِاَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ اِعَادَتِهٖ وَاَمَّا شَتْمُهٗ اِيَّايَ فَقَوْلُهٗ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَاَنَا الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بخاری میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ آدم کے بیٹے نے مجھکو جھٹلایا اور اسکو یہ لازم نہ تھا اور مجھکو گالی دی اور اسکو یہ لائق نہ تھا سو میرا جھٹلانا تو اسکی اس قول میں ہے کہ کہتا ہے کہ خدا مجھکو کبھی دوسری بار نہ بناویگا جیسی مجھے پہلی بار مجھکو بنایا ہو حالانکہ اول بار کا بنانا مجھ پر بہت آسان نہیں دوسری بار کے بنانے سے یعنے دونوں بار کا بنانا مجھکو برابر ہے اور یہہ نہیں کہ اول بار کا بنانا تو آسان ہو اور دوسری بار کا مشکل اور مجھکو گالی دینا تو اس قول میں ہی کہ بندہ کہتا ہی کہ خدا نے بیٹا لیا اور حالانکہ میں تو ویسا اکیلا پاک ہوں جو نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا اور نہ اسکی جوڑ کا کوئی **ف** خدا نے قرآن میں خبر دی کہ قیامت ہوگی مُردے دوبارہ پیدا ہونگے اور عرب کے کافر اسکی انکار کرتی تھی تو اس واسطے اسکو تکذیب کہا اور گالی سے مراد عیسیٰ کو بیٹا کہنا ہی نصاریٰ کہتے ہیں عیسیٰ خدا کا بیٹا ہی اور یہود عزیر کو بیٹا کہتے ہیں اور عرب کے کافر فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے **م** عِيَاضُ بْنُ حِمَارٍ كُلُّ مَالٍ نَّحَلْتُهٗ عَبْدًا حَلَالٌ وَاِنِّيْ خَلَقْتُ عِبَادِيْ حُنَفَآءَ كُلَّهُمْ وَاِنَّهُمْ اَتَتْهُمُ الشَّيٰطِيْنُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَهُمْ وَاَمَرَتْهُمْ اَنْ يُّشْرِكُوْا بِيْ مَا لَمْ اُنْزِلْ بِهٖ سُلْطَانًا مسلم میں عیاض بن حمار سے روایت ہی کہ حضرت نی فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جو مال کہ میں نے بندے کو دیا سو حلال ہے اور میں نے اپنے سب بندوں کو حقانی پیدا کیا جو باطل دین پر جھکے ہوں البتہ اون کے پاس شیطان آئے سو اونکو اون کی پیدائشی دین سے پھیر ڈالا اور اون پر حرام کیا جو میں نے ان پر حلال کردیا تھا اور شیطانوں نے اون کو تلایا کہ میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹہراویں جس پر میں نے کوئی دلیل نہیں اتاری **ف** یعنے اگر شیطان اور کفار کسیکو نہ بھکاتے تو ہر آدمی اپنی پیدائشی دین پر رہتا یعنے شرک نہ کرتا اور حلال چیز کو بدون حکم الٰہی کے حرام نہ جانتا کفار عرب کا معمول تھا کہ بتوں کی نام پر سانڈ چھوڑتے اور اوسکا کھانا حرام جانتے سو فرمایا کہ یہ شیطانی بات ہی کہ حلال کو حرام کہتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نذر نیاز کے کھانے کو جسکو عورتیں اچھوتا کہتے ہیں بعضے فاتحہ ہوے کھانا یا حضرت فاطمہ کے کھانے کو مردوں کو نہ دینا ہرگز درست نہیں یہ بھی شیطانی بات ہے کہ شرع میں اس کا کچھ حکم نہیں **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ لِّيْ وَيُرْوٰى لِعَبْدِيْ اَنْ يَّقُوْلَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ بْنِ مَتّٰى مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میرے بندے کو لائق نہیں یوں کہنا کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں **ف** حضرت یونس بدون حکم خدا اپنی قوم سے نکل گئے تھے سو اگر کوئی اُن کو بے صبر جان کر اپنے تئیں بہتر کہے تو ہرگز درست نہیں اس واسطے کہ پیغمبروں سے کوئی بہتر نہیں ہو سکتا **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا اَنْعَمْتُ عَلٰى عِبَادِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِهَا كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ الْكَوْكَبُ وَبِالْكَوْكَبِ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی میں اپنے بندوں پر کوئی ایسی نعمت نہیں دیتا جسکی بعضے بندے منکر نہوتے ہیں کہتے ہیں فلانے ستارے نے پانی برسایا اور فلانے تارے کے سبب سے پانی برسا **ف** یعنے مینہہ تو خدا برساتا ہی اور نادان لوگ اوسکو تارے اور نکھت کی تاثیر سے جانکر خدا کا شکر نہیں کرتے **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا زَالَ عَبْدِيْ يَتَقَرَّبُ اِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى اَحْبَبْتُهٗ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ بِهٖ وَيَدَهُ الَّتِيْ

باندھتا ہی اور عبادت دو قسم ہی فرض اور نفل مگر فرض عبادت تو ہر وقت میسر نہیں ہوتی کہ اوسکی وقت مقرر ہیں تو مشتاق بندہ بیچ اون وقتوں میں جو فرض سے خالی ہیں بیشغل اور خالی نہیں رہا جاتا اس واسطے ان خالی وقتوں کو نفل عبادت سے معمور رکھتا ہی جب چند مدت کمال شوق اور خلوص سے اسی طرح نوافل پر مستعد رہا تو بموجب وعدے کے مقبول درگاہ صمدی اور محبوب آلہی ہوکر اسکا یہ حال ہوجاتا ہی کہ ✦ شعر ✦ ہمہ گوشیم تا چہ فرمائی ✦ ہمہ چشیم تا نظر آئی ✦ اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ ایسا عمدہ کمال بدون کثرت نوافل نہیں میسر ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ جو بعضے جاہل بعض خلاف شرع بے نمازی فقیروں کو ایسا کمال ثابت کرتے ہیں سو اونکا غلط گمان ہے اس واسطے کہ نفل کا کیا ذکر ہی وے لوگ تو فرض کو بھی چٹ کر ڈالتے ہیں **خ** اَبُو هُرَيْرَةَ مَا لِعَبْدِي الْمُؤْمِنِ عِنْدِي جَزَاءٌ إِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ إِلَّا الْجَنَّةُ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ بہشت کے سوا ایماندار میرے بندے کا کوئی بدلا نہیں جب میں نے اوسکا اہل دنیا کا پیارا لیا پھر اسنے ثواب کے واسطے صبر کیا **ف** یعنے جب مومن کا دوست جیسے ماں باپ یا جورو یا بیٹا یا بھائی یا استاد مر گیا اور اوسنے صبر کیا تو اوسکا بدلا خدا نے بہشت مقرر کیا **خ** اَنَسٌ وَاَبُو هُرَيْرَةَ مَنْ اَهَانَ لِي وَلِيًّا وَفِي رِوَايَةٍ مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ وَمَا تَرَدَّدْتُ فِي شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ مَا تَرَدَّدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ عَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِيَ الْمُؤْمِنُ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا وَلَا تَعَبَّدَ بِمِثْلِ أَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُهُ عَلَيْهِ بخاری میں انس اور ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ جو میرے دوست کی حقارت اور ذلت کرے اور دوسری روایت یوں ہے جو میرے دوست سے عداوت کرے تو اوسنے البتہ میرے ساتھ لڑائی پر کمر باندھی اور کسی چیز میں جسکا میں کرنے والا ہوں مجھکو تردد نہیں ہوتا جیسے اپنے بندہ ایماندار کی روح قبض کرنے میں تردد ہوتا ہے وہ تو موت کو مکروہ جانتا ہے اور میں اسکے ملول ہونے کو مکروہ جانتا ہوں اور حالانکہ اسکو موت سے کوئی چارہ نہیں یعنے اسکو مرنا ضرور ہے اور میرے بندے ایماندار نے میری نزدیکی نہیں چاہی ترک دنیا کی برابر اور نہ میری بندگی کی فرض ادا کرنے کے برابر **ف** دلی سے مراد متقی مومن ہی جیسے قرآن میں خدا نے فرمایا ہی کہ اولیاء اللہ پر کچھ خوف اور غم نہیں اولیاء اللہ وہ ہیں جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے اور یہہ جو فرمایا ہے مجھکو ایماندار کی موت میں تردد ہوتا ہے کسی چیز میں دیسا تردد نہیں ہوتا خدا تو تردد سے پاک ہے لیکن اس میں مزید رحمت کا بیان ہے یعنے ایمان کی برکت سے اور جوش رحمت سے مومن کی تردد کو خدا نے اپنی طرف نسبت کیا جیسی چوتھی حدیث میں بیماری اور بھوکھ اور پیاس کو اپنی ذات پاک سے نسبت فرمایا پھر فرمایا کہ قرب الٰہی کا کوئی طریقہ ترک دنیا سے بہتر نہیں اور کوئی ادائے فرض سے افضل نہیں یعنے جو اولیاء اللہ کی ایسی عزت چاہے اور انکی برابر ہونیکا مشتاق ہو اوسکو لازم ہے کہ اول دنیا سے بے تعلق ہوجاوے پھر عبادت پر کمر باندھے اور نفل کی نسبت فرض عبادت پر زیادہ تر کوشش کرے اور یہہ نہیں کہ فرض نماز میں تو مرغی کی طرح زمین پر جلدی جلدی چونچیں مارے اور پیر کے وظیفے بتلائے کو دو دو پہر پڑھے **م** جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَنْ ذَا الَّذِي يَتَأَلّٰى عَلَيَّ أَنْ لَا أَغْفِرَ لِفُلَانٍ إِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ وَأَحْبَطْتُ عَمَلَكَ مسلم میں جندب بن عبد اللہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے وہ کون ہی جو مجھ پر قسم کھاتا ہے کہ میں فلانے کو نہ بخشونگا مقرر اسکو تو میں نے بخشا اور تیرا عمل اکارت کیا **ف** جسنے یوں کہا کہ قسم خدا کی کہ فلانے شخص کو خدا ہرگز نہ بخشیگا اوسنے گویا خدا پر حکومت کی اس واسطے اسکی نیک عمل کو خدا نے باد کر ڈالا ہی اور جس پر اسنے قسم کھائی اوسکو اپنی رحمت سے بخش دیا ہے سعادت اور شقاوت اور خاتمہ کی حال سوا خدا کی کسیکا کسیکو نہیں معلوم کیسا ہی بخت کا فر ہو اور کیسا ہی گنہگار مسلمان ہو بالیقین اسکو دوزخی جاننا یا کہنا درست نہیں ہے اس واسطے کہ شاید اوسکا خاتمہ بخیر ہو اور مرنے کے قریب توبہ کرے **م** اَبُو هُرَيْرَةَ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ خَلْقًا كَخَلْقِي فَلْيَخْلُقُوا ذَرَّةً أَوْ لِيَخْلُقُوا حَبَّةً أَوْ لِيَخْلُقُوا شَعِيرَةً مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ اس سے بڑا کون ظالم ہی جو گیا کہ بنادے تصویر کو میری طرح تو چاہئے کہ ایک ذرہ بنادیں یا ایک دانا پیدا کریں یا ایک جو بنادیں **ف** یعنی جاندار کی صورت بنانے والے پیدا کرنے میں خدا کی ساتھ مشابہت کرتے ہیں حالانکہ ایسے عاجز ہیں کہ جاندار تو ایک طرف ہے ذرہ یا جو برابر بیجان حقیر چیز کو بھی نہیں بنا سکتے **م** اَبُو هُرَيْرَةَ يَا ابْنَ آدَمَ أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ اے آدم کے بیٹے مال کو خرچ کیا کر تو میں بھی تجھکو دیا کرونگا **ف** اس حدیث میں سخی کو خدا نے کثرت مال کا وعدہ کیا ہی یہی سبب ہی کہ سخی کو محتاج نہیں دیکھا لیکن اسکو دریافت کیا چاہئے کہ سخاوت خدا کو پسند ہے اور اسراف ناپسند یہی سخاوت یہ کہ شرع کے موافق نیک کاموں میں خرچ کرنا اور اسراف یہ کہ خلاف شرع بیجا کاموں میں مال کو اوڑانا جیسے ناچ رنگ نام و نمود کے مقام میں **م** اَبُو هُرَيْرَةَ يَا ابْنَ آدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أَعُودُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ عَبْدِي فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي عِنْدَهُ يَا ابْنَ آدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أُطْعِمُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ أَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِي يَا ابْنَ آدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أَسْقِيكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ اسْتَسْقَاكَ

اور جان کی ترغیب ہے ہم ابوذر یا عبادی کلکم ضال الا من ھدیتہ فاستھدونی اھدکم یا عبادی کلکم جائع الا من
اطعمتہ فاستطعمونی اطعمکم یا عبادی کلکم عار الا من کسوتہ فاستکسونی اکسکم یا عبادی انکم تخطئون باللیل
والنھار وانا اغفر الذنوب جمیعا فاستغفرونی اغفر لکم یا عبادی انکم لن تبلغوا ضری فتضرونی ولن تبلغوا
نفعی فتنفعونی یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم وجنکم کانوا علی اتقی قلب رجل واحد منکم ما زاد ذلک فی
ملکی شیئا یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم وجنکم کانوا علی افجر قلب رجل واحد منکم ما نقص ذلک من
ملکی شیئا یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم وجنکم قاموا فی صعید واحد فسألونی فاعطیت کل انسان مسألتہ
ما نقص ذلک مما عندی الا کما ینقص المخیط اذا ادخل البحر یا عبادی انما ھی اعمالکم احصیھا لکم ثم اوفیکم
ایاھا فمن وجد خیرا فلیحمد اللہ ومن وجد غیر ذلک فلا یلومن الا نفسہ مسلم میں ابوذر رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے ای میرے بندو تم سب بے راہ ہو مگر جسکو میں راہ بتلاؤں تو مجھ سے ہدایت مانگو کہ تمکو نیک راہ لگاؤں ای میرے بندو تم سب بھوکھے ہو مگر جسکو میں نے کھلایا تو مجھ سے کھانا
مانگو کہ تمکو کھلاؤں ای میرے بندو تم سب ننگے ہو مگر جسکو میں نے پہنایا تو مجھ سے لباس مانگو کہ تمکو پہناؤں ای میرے بندو تم گناہ کیا کرتے ہو دن رات اور میں سب گناہوں کی بخشنے
والا ہوں تو مجھ سے مغفرت مانگو کہ تم کو بخشوں ای میرے بندو تم کبھی مجھکو ضرر نہیں پہنچا سکتے کہ میرا کچھ ضرر کرو اور کبھی مجھکو فائدہ نہیں پہنچا سکتے کہ مجھکو فائدہ پہنچاؤ ای میرے بندو
اگر تمھارے اگلے اور پچھلے اور تمھارے آدمی اور جن تم میں سے ایک شخص کی تری متقی پرہیزگار دل کے برابر ہو جاؤ تو یہ سبکا تقوی اور پرہیزگاری میری سلطنت میں کچھ نہ بڑھاوے ای میرے بندو اگر
تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمھارے آدمی اور جن تم میں سے ایک شخص کی نہایت بڑے گنہگار دل کی برابر ہو جاویں تو یہ سبکا فسق اور گنہگاری میری بادشاہی سے کچھ نہ گھٹا دے ای میرے بندو اگر تمہارے
اگلے اور پچھلے اور تمھارے آدمی اور جن ایک میدان میں کھڑے ہوں اور مجھ سے اپنی اپنی سوال کریں اور میں ہر ہر آدمی کو اوسکی مانگی چیز کو دوں تو ایسا دینا اس سے کچھ نہ گھٹاوے جو میرے پاس ہی
مگر جیسی سوئی گھٹاتی ہے جب اسکو سمندر میں ڈالی یعنے ایسی عطا سے بھی میری قدرت کے خزانے میں کمی نہیں پڑتی ای میرے بندو یہ تمھاری ہی عمل ہیں جنکو تمھارے لئے شمار کرتا رہتا
ہوں پھر تمکو ان عمل کا پورا بدلا دونگا سو جو شخص بہتر بدلا پاوے تو چاہئے کہ خدا کا شکر کرے کہ اوسکی بھلائی کو ضایع نکیا اور جو اسکے سوا برا بدلا پاوے تو وہ اپنی جان کی سوا کسیکو الاہنا نہ دے کہ
جیسا کیا ویسا ہی پایا **ف** اس حدیث میں تمام بندوں کی محتاجی اور عاجزی اور خدا کی شوکت اور شاہنشاہی اور بے پروائی اور کریمی اور عدالت کا بیان ہی یعنے بدون میری التجا کے تمھارا کوئی کام
نہیں چل سکتا نہ دنیا میں راہ پاتی اور طعام اور لباس تمکو مل سکتا ہی نہ آخرت میں گناہوں کی مغفرت بدون میرے ہو سکتی ہی تو میرے آگے گڑگڑانا اور عاجزی کرنا ہر حال میں لازم ہے اور میری بے پروائی کا تو
حال ہے کہ اگر تم سب کے سب محمد کے برابر متقی ہو جاؤ تو اس سے میری سلطنت کی کچھ رونق موقوف نہیں اور اگر تمام جہان ابوجہل اور فرعون کے برابر ہو جاوے تو میرا کچھ نقصان نہیں پھر اپنی
عطا کے حساب کی مثال دی کہ اگر تمام جہان کی طرح طرح کی سوال پوری کیجئے تو بھی یہاں کچھ کمی کا حرف نہیں پھر اپنی عدالت بیان فرمائی کہ آخرت کا ثواب اور عذاب کا سبب تمہاری اعمال ہیں
ہماری طرف سے کچھ ظلم نہیں **ق** ابوھریرۃ یا محمد انی اذا قضیت قضاء فانہ لا یرد وانی اعطیتک لامتک ان لا اھلکھم بسنۃ بعامۃ وان لا اسلط
علیھم عدوا من سوی انفسھم یستبیح بیضتھم ولو اجتمع علیھم من باقطارھا او قال من بین اقطارھا حتی یکون بعضھم یھلک
بعضا وبعضھم یسبی بعضا بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ ای محمد میں جب کسی چیز کا حکم کرتا ہوں تو اسکو کوئی نہیں پھیر سکتا
اور البتہ میں نے تجھکو دیا یعنی تیری امت کے واسطے یہ تجھ پر احسان کیا کہ ان کو میں عالمگیر قحط سے نہ ماروں گا اور ان کی سوا اور کسی دشمن کو ان پر غالب نہ کرونگا اس طرح پر کہ ان کی
جڑ پیڑ کو اوکھاڑ ڈالے اگرچہ ان پر تمام دنیا کی اطراف جوانب کی کافر جمع ہو کر چڑھ دوڑیں کا غلبہ اس واسطے ہوگا تا کہ اس امت کے بعضے لوگ بعضوں کو ہلاک کریں اور بعضے ان کے بعضوں
کو قید کریں **ف** یعنی قضا و قدر میں یہ ٹھہر چکا ہی کہ امت محمدی قیامت تک قائم رہیگی نہ ایسا قحط پڑیگا جس میں سب کے سب مرجاویں نہ ایسی کافر ان پر غالب ہونگے کہ بالکل ان کو نیست
نابود کر ڈالیں ہر چند چنگیز خان اور ہلاکو کی وقت میں لاکھوں بلکہ کروڑوں مسلمان قتل ہوے لیکن بالکل نیست اور نابود نہیں ہوئے ہاں یہ البتہ ہی کہ اس امت میں آپس کا اختلاف اور شور
فساد اور غارت گری اور قتل موقوف نہوگا چنانچہ تاریخ کی کتابوں میں یہ حال ظاہر ہے

الباب الثانی عشر فی جوامع الادعیۃ

بارھویں باب میں حضرت کی دعائیں ہیں جو ہر ایک مطلب کے جامع ہیں یا فضیلت ہی کہ حضرت کی دعائیں یاد کرکے عمل میں لاؤ اسواسطے کہ اول تو یہ کہ کوئی ایسا مطلب دینی
یا دنیاوی نہیں جسکی حضرت نے مجمل یا مفصل دعا نکی ہو دوسری یہ کہ جو دعا حضرت کی زبان مبارک پر گذری بلاشک بابرکت اور مقبول ہی تو ہی حضرت کی دعاؤں کی کیا فرق
الہ اور دعاؤں کو سیکھیں **ق** عائشۃ اذھب الباس رب الناس واشف انت الشافی لا شفاء الا شفاؤک شفاء لا یغادر سقما
کان اذا اشتکی انسان مسحہ بیمینہ ثم قال بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سختی کو لیجا ای آدمیوں کے پالنے والے اور صحت دے
تو ہی شفا دینے والا ہے صحت نہیں مگر تیرے صحت کے ایسی شفا دے جو بیماری کو نچھوڑے حضرت کا معمول تھا کہ جب کوئی آدمی بیمار ہوتا اسکو اپنے داہنے ہاتھ سے سہلاتے پھر یہ دعا
سے شفا تک فرماتے **خ** انس الحمد للہ الذی انقذہ من النار قالہ عند اسلام غلام یھودی عند موتہ وکان یخدمہ بخاری میں

اور ہم اسکو قابو مین نہ کرسکتے اور ہم ہر حال مین اپنے رب ہی کی طرف رجوع لانیوالے ہین الٰہی ہم اپنی اس سفر مین نیکوکاری اور پرہیزگاری تجھسے مانگتے ہین اور وہ کام چاہتے ہین جسمین تو راضی ہو جاوے الٰہی
ہمپر یہ سفر آسان کردے اور اس سفر کی دوری اور درازی کو ہم سے لپیٹ ڈال یعنے جلد ہی سفر کٹ جاوے الٰہی تو سفر مین تو ساتھی ہے اور گھر بار کا خلیفہ ہی یعنے نگہبان الٰہی مین تیری پناہ
مانگتا ہون سفر کی سختی اور بدشکلی سے اور مال اور گھر بار کی بری الٹ پلٹ سے اور عبداللہ بن سرجس نے بھی ایسی ہی روایت کی اور اتنی زیادہ روایت کی ہی کہ الٰہی تیری پناہ تو ٹوٹنے سے جو بعد ہو اور مظلوم کی بددعا سے ف یہ دعا حضرت سفر کرتے وقت فرماتے ق ابن عمر و اذا رجع قالھن و زاد فیھن آئبون تائبون عابدون ساجدون
لربنا حامدون صدق اللہ وعدہ و نصر عبدہ و ھزم الاحزاب وحدہ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے اور جب حضرت سفر سے پلٹتے تو اور
اگلے سفر کے دعا کو پڑھتے اور اوسی دعا مین اتنا اور بڑھاتے کہ ہم سفر سے پھر تو بہ بندگی سجدہ کرنے والے ہم اپنے رب کی ستائش کرنے والے ہین خدا نے اپنا وعدہ سچ کیا اور اپنے بندے یعنے حضرت کی مدد کی
اور کفار کی گروہون کو بھگا یا وہ اکیلا ہی اوسکا کوئی شریک نہیں ف اسمین اشارہ ہی جنگ خندق کی قصے کی طرف کہ عرب کے کفار نے مدینہ گھیر لیا تھا پھر بے مطلب بھاگ گئے
ق انس اللھم اٰتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الاٰخرۃ حسنۃ و قنا عذاب النار کان ھذا اکثر دعائہ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
ہمکو دنیا مین بہتری اور بھلائی دے اور آخرت مین بہتری اور بھلائی اور بچا ہمکو دوزخ کی عذاب سے اس دعا کو حضرت اکثر کیا کرتے تھے ف دنیا کی بہتری صحت اور بقدر حاجت کے روزی
اور ایمان اور نیک عمل کی توفیق اور سب مکروہات سے پناہ اور آخرت کی بہتری ثواب اور ترقی درجات اور دیدار الٰہی علی مرتضیٰ رض سے روایت ہے کہ دنیا کی بہتری نیکبخت عورت اور
آخرت کی بہتری حور ہے اور دوزخ کی عذاب سے مراد کمبخت عورت ہی اس دعا مین دین اور دنیا کی سب مطلب داخل ہین اسواسطے حضرت اس دعا کو اکثر اوقات پڑھا کرتے تھے م زید بن ارقم
اللھم اٰت نفسی تقوٰھا و زکھا انت خیر من زکھا انت ولیھا و مولاھا مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی دے میرے جان کو
اوسکی پرہیزگاری اور اسکو گناہ اور بدخوئی پاک صاف کر ڈال تو ہی اوسکا بہتر پاک کرنے والا ہی اور تو ہی اوسکا کارساز اور مددگار ہی ف جو خیر آخرت مین ضرر
رساں ہے اوس سے بچنے کا نام تقویٰ اور پرہیزگاری ہی باطن کی صفائی بے تقویٰ ممکن نہین اسواسطے حضرت نے اول تقویٰ کی دعا کی پھر صفائی کی خ زید بن ارقم اللھم
اجعل اتباعھم منھم یعنی الانصار بخاری مین زید بن ارقم رض سے روایت ہے کہ حضرت نے انصار کی حق دعا کی کہ الٰہی انکی تابعداروں کو انہین مین کردے ف
انصار نے کہا یا حضرت دعا کیجیے کہ ہماری تابعدار لوگ بھی ہم سے مسلمان ہوجاوین تب حضرت نے یہ دعا کی تابعدار سے مراد حوروں کے اور لونڈی غلام یا شاگرد دوست
ق انس اللھم اجعل بالمدینۃ ضعفی ما جعلت بمکۃ من البرکۃ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مدینے مین برکت
کر اوسکی دوگنی جو تو نے مکے مین برکت کی ہی ف حضرت ابراہیم نے مکے کے واسطے دعا کی اور حضرت نے مدینے کے واسطے برکت سے مراد کشایش رزق یا باطنی فیض ہی ق
ابوھریرۃ اللھم اجعل رزق اٰل محمد قوتا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی محمد کی اہلبیت کے روزی بقدر زیست کر ف یعنے اتنی
روزی دے جسمین حیات کی رمق باقی رہے مال کی بہتایت نہو اسواسطے کہ کشایش رزق مین اکثر غفلت ہوتی ہی اور صبر کا مرتبہ حاصل نہین ہوتا چنانچہ حضرت کی حیات
مین ایسا ہی حال رہا اور حضرت کے بعد حضرت کی بی بیان اور حضرت کی اولاد بھی اختیاری فقر کو لئے رہے شمائل ترمذی مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت کے انتقال تک حضرت کے
اہلبیت کا جو کی روٹی سے دو روز برابر پیٹ نہین بھرا اور اوسی کتاب مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت اور حضرت کی بی بیان بعد دو تین مین رات سورہتے تھے
رات کا کھانا میسر ہوتا تھا اور اوسی کتاب مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے زندگی بھر ایک دن مین دونو وقت روٹی نہ کھائی اور نہ کبھی دونون وقت گوشت کھایا
خ ابن عباس اللھم اجعل فی قلبی نورا و فی بصری نورا و فی سمعی نورا و عن یمینی نورا و عن شمالی نورا و امامی نورا و خلفی نورا و
فوقی نورا و تحتی نورا و اجعلنی نورا بخاری مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میرے دل مین روشنی کر اور میرے کان مین روشنی اور میری آنکھ مین
روشنی اور میرے داہنے روشنی اور میرے بائین روشنی اور میرے آگے روشنی اور میرے پیچھے روشنی اور میرے اوپر روشنی اور میرے نیچے روشنی اور کر ڈال مجھکو سراپا نور ف روشنی
سے مراد حق بات ہی جیسے تاریکی سے باطل بات مراد ہوتی ہی تو مطلب یہ کہ میرے دل اور اعضا کو حق مین مصروف رکھ بلکہ شش جہت سے مجھکو حق سے گھیر لے تا باطل کسی طرف سے
دخل نپاوے خ عائشۃ اللھم ارحم عبادا یعنی عباد بن بشر قالہ حین تھجد فی بیت عائشۃ فرفع صوتہ یصلی فی المسجد بخاری مین
حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی عباد پر رحم کر یعنے عباد بن بشر پر یہ حضرت نے فرمایا جب کہ حضرت نے حضرت عائشہ کے گھر مین تہجد پڑھا تو عباد بن بشر نے اپنی آواز بلند کی اور
مسجد مین نماز پڑھی ف اس حدیث مین ترغیب ہی تہجد کی معلوم ہوا کہ مسجد مین بھی بلند آواز سے نماز درست ہے ق البراء بن عازب اللھم اسلمت نفسی الیک و وجھت
وجھی الیک و فوضت امری الیک و الجات ظھری الیک رغبۃ و رھبۃ الیک لا ملجا و لا منجا منک الا الیک اللھم اٰمنت
بکتابک الذی انزلت و بنبیک الذی ارسلت بخاری اور مسلم مین براء بن عازب رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی مینے اپنی جان تجھکو سونپی اور منہ کو تیرے سامنے
کیا اور اپنا سب کام تیرے حوالے کیا اور اپنی پیٹھ تیرے طرف جھکائی تیری شوق اور تیری خوف سے تجھسے کوئی بھاگنے کی جگہ ہے نہ بچاو کا مکان ہی مگر تیرے ہی طرف الٰہی مین

اور قوم مضر نے حضرت کے ایذا پر نہایت کمر باندہی تب حضرت نے یہ دعا کی یعنے جیسا حضرت یوسف کے وقت مین قحط پڑا تہا ویسا ان پر پڑے تاکہ اپنی شامت و رگمراہی سے خبردار ہون
اور ایمان لاوین چنانچہ ایسا قحط پڑا کہ اونہون نے ہڈی و رمردار کو کہایا آخر کو حضرت سے التجا کی حضرت نے کمال رحمت سے دعا کی تو وہ بلا دفع ہو گئی **م** علی و عائشہ اَللّٰهُمَّ
اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ مسلم
علی مرتضی و حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الہی مین پناہ مانگتا ہون تیری رضامندی کے سبب تیرے غصے سے اور تیری بخشش کے سبب تیرے عذاب سے اور
تیری پناہ مانگتا ہون تجہسے یعنے تیری قہر مین تیری ثنا و رتعریف کو کہہ نہین سکتا تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے اپنی ذات کی خود تعریف کی **ف** مصابیح مین حضرت عائشہ
رض سے روایت ہے کہ ایک رات مینے حضرت کو بستر پر نہ پایا سو مین تلاش کرنے لگی تو میرا ہاتہ حضرت کے تلوون پر پڑا اور حضرت سجدے مین یہ دعا کرتے تہے **م** ابن عباس
اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِيْ اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ يَمُوْتُوْنَ مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ الہی مین پناہ مانگتا ہون بواسطے تیری عزت کی کوئی معبود برحق نہین سوائے تیرے اس سے پناہ مانگتا ہون کہ تو ہمکو گمراہ او رضائع کر ڈالے تو ویسا زندہ ہے جسکو کبہی موت
نہین و رجن و رآدمی مرجاوینگے **ق** انس اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا قالہ فی الاستسقاء بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ الہی ہماری فریاد سن ہم پر مینہہ کو برسا الہی ہم پر مینہہ کو برسا الہی ہمکو پانی دے یہ حضرت نے پانی کی طلب مین دعا کی **ف** ایکبار حضرت کے وقت مین قحط
پڑا حضرت منبر پر جمعہ کا خطبہ پڑہتے تہے کہ ایک گنوار آیا اوسنے کہا یا رسول اللہ جانور مر گئے اور لڑکے بالے بہوکون مرتے ہین دعا کیجیے خدا پانی برسا وے تب حضرت نے ہاتہہ اوٹہاکر
یہ دعا کی تین بار اور آسمان پر کہین بدلی کا نشان نہ تہا تو یکایک پہاڑ کے نیچے سے بادل اوٹہا اور سارے آسمان پر پہیل گیا اور سات دن لگتا ر پانی برسا کہ آفتاب
نظر نہ پڑا حضرت دوسرے جمعہ کا خطبہ پڑہتے تہے کہ وہی گنوار پہر آیا اوسنے کہا یا رسول اللہ جانور پانی کی کثرت سے ہلاک ہوے اور راہین بند ہو گئین دعا کیجیے
کہ خدا مینہہ کو روکے تو حضرت نے ہاتہہ اوٹہاے اور یون دعا کی کہ الہی ہمارے آس پاس پانی برسے ہم پر نہ برسے الہی ٹیلون پر اور پہاڑیون پر اور نالون مین اور جنگل
کے درختون مین مینہہ برسے تو مینہہ اوپر بادل کہل گیا تو ہان کی طرح مدینہ خالی ہو گیا آس پاس برسا کیا یہ معجزہ تہا حضرت کا **م** ام سلمہ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَبِيْ سَلَمَةَ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِي
الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ مسلم مین حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ الہی بخشدے ابی سلمہ کو اور اوسکا ہدایت والون مین درجہ بلند کر اور اوسکے بعد باقی رہے لوگون مین تو خلیفہ بن یعنے اونکا حافظ او رنگہبان رہ اور بخشدے ہمکو اور اوسکو
ای رب العالمین اور اوسکی قبر کو کشادہ کر اور اوسمین روشنی کر دے **ف** ابو سلمہ حضرت ام سلمہ کے پہلے خاوند تہے جب وے مر گئے تو غسل او رکفن سے پہلے حضرت نے اونکے واسطے
یہ دعا کی **م** عائشہ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الہی بقیع الغرقد والے مردون کو بخش **ف**
بقیع الغرقد مدینے کے قبرستان کا نام ہے اس دعا مین بشارت ہے مغفرت کی اونکو جو مدینے مین مر او رو ہان گڑے **ق** ابو موسی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ اَبِيْ عَامِرٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ مِنَ النَّاسِ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى فَقُلْتُ وَلِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهٗ
وَاَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُدْخَلًا كَرِيْمًا بخاری او مسلم مین ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الہی بخشدے ابی عامر کو جسکا عبید نام ہے الہی قیامت کے دن
اوسکو اپنی اکثر خلق سے یا یون فرمایا کہ اکثر لوگون سے اونچا کر ابو موسی نے کہا مینے کہا اور میرے واسطے دعا کیجیے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا کہ الہی عبد اللہ بن قیس کا گناہ بخش او
قیامت کے دن اوسکو عزت والے مقام مین داخل کر **ف** ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے مجہکو ابو عامر کے ساتہہ جنگ اوطاس مین بہیجا تو ابو عامر کی زانو مین تیر لگا اوسی زخم
وے گذر گئے مینے یہ حال حضرت سے بیان کیا او مینے کہا کہ یا حضرت ابو عامر نے مجہسے کہا تہا کہ حضرت میری مغفرت کی دعا کرین تب حضرت نے یہ دعا کی پہر ابو موسی نے اپنے واسطے دعا کروائی
ابو موسی کا نام عبد اللہ بن قیس ہے **ق** زید بن ارقم اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ بخاری او مسلم مین زید بن
ارقم رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الہی مغفرت کر انصار کی او رانصار کی بیٹون کی او رانصار کے پوتون کی **ق** ابو ہریرہ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ بخاری او مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الہی مغفرت کر سر منڈانے والون کی اصحاب نے کہا یا رسول
اللہ او ربال کترانے والون کے واسطے بہی مغفرت مانگیے حضرت نے فرمایا الہی مغفرت کر سر منڈانے والون کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور کترانے والون کے لیے بہی
دعا کیجیے حضرت نے فرمایا الہی مغفرت کر سر منڈانے والون کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کترانے والون کے بہی واسطے دعا کیجیے حضرت نے فرمایا الہی کترانے والون کی بہی مغفرت کر
ف حجۃ الوداع مین حضرت کے ساتہہ قربانی تہی او راکثر اصحاب کے ساتہہ قربانی نہ تہی جب حضرت مکے مین پہنچے تو اصحاب سے فرمایا کہ جسکے ساتہہ قربانی نہو وہ
اپنا احرام کہول ڈالے او راپنا سر منڈاوے جب حج کا وقت آوے تو پہر احرام باندہ کے حج کرے او حضرت نے خود اپنا سر دسویں قربانی کیے ہوے نہ منڈایا تو جنکے ساتہہ قربانی تہی

ف جب جنازہ کی نماز پڑھی اس ... یہ حضرت نے دعا کی ... عذاب سے یا یوں فرمایا کہ دوزخ کے عذاب سے ... اسکو قبر ... اور ... بہتر ... یوں کہا کہ جب حضرت نے اس میت کے واسطے اس تفصیل سے دعا کی تو مجھکو تمنا ہوئی کہ کاش میں ہی اس میت کی جگہ ہوتا **ق** اَبُو مُوسٰی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ هَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطَئِیْ وَعَمْدِیْ وَکُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ بخاری اور مسلم میں ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش دے میری چوک اور میری نادانی کو اور میری زیادتی کو جو مجھسے اپنے حال میں ہوا اور بخش دے اس چیز کو جسکو تو مجھسے زیادہ تر جانتا ہے اور بخش دے میری بیہودگی اور میری گناہ کی کوشش کو اور میری بھول چوک اور میری قصد کو اور یہہ سب میری طرف سے ہے **ف** ہرچند حضرت گناہ سے معصوم تھے لیکن تعلیم امت کے واسطے یا ترک اولی کے خیال سے ایسی دعا کرتے تھے جتنا قرب زیادہ اتنا خوف زیادہ مثل مشہور ہے کہ نزدیکان را بیش بود حیرانی بندگی کے یہی معنی ہیں کہ بندہ اپنے مالک کے روبرو لرزتا کانپتا رہے اور اپنی قصور کا خواہ ہوا ہو خواہ نہوا اقرار کیا کرے **ھر** اَبُو هُرَیْرَةَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ کُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِیَتَهٗ وَسِرَّهٗ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے میری سب گناہ کو خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا خواہ پہلا خواہ پچھلا خواہ کھلا خواہ چھپا **ف** مصابیح میں انس سے روایت ہے کہ حضرت اس دعا کو سجدہ میں پڑھتے تھے **ق** عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی دُعَائِهٖ عِنْدَ وَفَاتِهٖ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش مجھکو اور رحم کر مجھپر اور ملا دے مجھکو بلند رتبہ رفیقوں میں یہ حضرت نے اپنی موت کی وقت دعا کی **ف** رفیق اعلی سے مراد انبیا کی ارواح اور مقرب فرشتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ رفیق اعلی سے مراد خدا ہے **ق** اُمُّ سُلَیْمٍ بِنْتُ مِلْحَانَ اَللّٰهُمَّ اَکْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَبَارِكْ لَهٗ فِیْمَا اَعْطَیْتَهٗ دُعَائُهٗ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بخاری اور مسلم میں ام سلیم بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بہت دے اسکے مال اور اسکی اولاد میں اور اسکے لئے برکت کر جو تو نے اسکو دیا یہ حضرت نے انس بن مالک رض کے واسطے دعا کی **ف** انس بن مالک رض حضرت کے خادم تھے نو برس کی عمر تھی کہ انکی ماں ام سلیم نے انکو حضرت کی خدمت میں دیا مصابیح میں روایت ہے کہ ام سلیم رض نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت اپنے خادم انس کی واسطے دعا کیجئے تب حضرت نے یہ دعا کی بعضے روایتوں میں یوں ہے کہ حضرت اپنے دعا کا بقیہ بھی کہتے تھے لیکن حضرت بھول گئے انس نے اسکو پھر دیا جب حضرت نے اسکو پھرایا تو پوچھا کہ کسنے یہ پھرایا ہے معلوم ہوا کہ انس نے تو حضرت نے انکی عمر درازی اور مال اولاد کی کثرت کی دعا کی چنانچہ انس ایک سو تیس برس تک زندہ رہے اور انکے سو سے زیادہ لڑکے پیدا ہوئے اور بصرہ میں انکے کھجور کے باغ سال میں دو بار پھلتے تھے اور انکے بھیڑ بکری کی اتنی کثرت تھی جسکا شمار نہیں **ق** عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں عالی مرتبہ رفیقوں کی صحبت مانگتا ہوں **ف** حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت حالت صحت میں فرماتے تھے کہ بغیر اختیار دئے کسی پیغمبر کو موت نہیں آتی جب حضرت کو مرض الموت میں غش سے ہوش آیا تو حضرت نے آنکھ کھول کے یہ دعا کی اسوقت میں جانا کہ حضرت ہمکو چھوڑتا اور موت کو اختیار کیا یہ اخیر کلام حضرت کا تھا اسکے بعد حضرت نے کوئی کلام نہ کیا **م** عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تجھکو سچی سلامتی ہے تو ہر عیب اور مکروہات سے سالم ہے اور تیری ہی طرف سے خلق کو سلامتی حاصل ہوتی ہے تو بڑی برکت والا ہے اے جلال اور بزرگی والے **ف** صحیح روایت اتنی ہی ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ بعد منک السلام کی والیک یرجع السلام وادخلنا دار السلام تبارکت ربنا وتعالیت یا ذا الجلال والاکرام زیادہ کرتے ہیں سو اسکی حضرت سے صحیح روایت میں کہیں اصل نہیں پایا **م** عَلِیٌّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ کُلُّهٗ فِیْ یَدَیْكَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَیْكَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ کَانَ یَقُوْلُهٗ بَعْدَ قَوْلِهٖ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ وَاِذَا رَکَعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَکَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَمُخِّیْ وَعَظْمِیْ وَعَصَبِیْ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ قَالَ لَكَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ثُمَّ یَکُوْنُ مِنْ اٰخِرِ مَا یَقُوْلُ بَیْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِیْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ مسلم میں علی مرتضی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو بادشاہ ہے کوئی بندگی کے لائق نہیں سوا تیرے تو میرا رب ہے میں تیرا بندہ ہوں میں نے زیادتی کی اپنی جان پر اور اپنی گناہ کا اقرار کیا سو میرے سب گناہوں کو بخش دے کہ نہیں بخشتا گناہوں کو سوا تیرے اور ہدایت کر مجھکو بہتر خوئیں نہیں ہدایت کرتا بہتر خوؤں کو سوا تیرے اور ہٹا دے مجھسے بری خوؤں کو نہیں ہٹاتا بری خوؤں کو سوا تیرے ... [illegible] ... مغفرت ...

نہیں لاتی اور حالانکہ ان سب کا خالق وہی ہے حقیقی یہ دعائیں نفل نمازیں کرے نہ فرض میں ھ ابن عمر اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ اَمَرَ بِهٖ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ مسلم میں عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو نے میری جان کو پیدا کیا اور تو ہی اسکو ماریگا تیرے ہی واسطے اسکی زندگی اور موت ہے اگر تو نے اسکو زندہ رکھا تو اسکو اپنی امان میں رکھ اور اگر اسکو مارا تو اسکو بخش دیجیو الٰہی میں تجھ سے عافیت اور صحت مانگتا ہوں یہ دعا حضرت نے ایک مرد کو سکھلائی کہ جب لیٹا کرے تو اسکو پڑھا کرے

ق ابو ہریرۃ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ بِمَكَّةَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی نجات دے ولید بن ولید کو اور سلمہ بن ہشام کو اور عیاش بن ربیعہ کو اور مکے کی دبی ہوئی بے زور مسلمانوں کو الٰہی اپنا سخت عذاب ڈال مضر کی قوم پر ان پر سات برس کا قحط ڈال جیسی یوسف کی وقت میں قحط پڑا تھا ف مکے میں چند غریب مسلمان تھے جیسے ولید اور عیاش اور سلمہ اور عمار اور خباب وغیرہ کفار قریش انکو بہت ستاتے تھے سو حضرت نے انکی مخلصی کی دعا کی آخر خدا نے انکو نجات دی اور مضر ایک عرب میں قوم تھی وے بڑے سخت لوگ تھے اس واسطے حضرت نے ان پر بددعا کی

